دنیا بھر کے طبی ماہرین کے تجربات اور مجربات کا نچوڑ

# طبی کرشموں کا انسائیکلوپیڈیا

تالیف
حکیم حافظ طاہر محمود بٹ

دنیا بھر کے طبّی ماہرین کے تجربات اور مجرّبات کا نچوڑ

# طبّی کرشموں
## کا
# انسائیکلوپیڈیا

تالیف


**حکیم حافظ طاہر محمود بٹ**

فاضل الطب والجراحت (گولڈ میڈلسٹ)

ڈی۔ ہوم۔ لندن کالج آف ہوسٹک میڈیسن، انگلینڈ

ممبر دی برٹش ہربل میڈیسن ایسوسی ایشن لندن

ڈسٹرکٹ صدر و آرگنائزر پاکستان ایسوسی ایشن فار ایسٹرن میڈیسن (رجسٹرڈ) لاہور



مشتاق بک کارنر

الکریم مارکیٹ، اُردو بازار، لاہور

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب ◈ طبی کرشموں کا انسائیکلوپیڈیا
تالیف ◈ حکیم حافظ طاہر محمود بٹ
ناشر ◈ مشتاق احمد
اہتمام ◈ سلمان خالد
پروف خوانی ◈ حاجی امان اللہ نیر شوکت
پرنٹرز ◈ اسد نیئر پرنٹنگ پریس، لاہور
ٹائٹل ◈ عاطف بٹ
کمپوزنگ ◈ گل گرافکس
قیمت ◈ 400 روپے



# فہرست ابواب


| باب نمبرز | عنوان ابواب | صفحہ |
|---|---|---|
| | حرفِ آغاز ---------------------------------------- | 11 |
| 1 | دانتوں کی بیماریاں ---------------------------------------- | 13 |
| 2 | مرگی ---------------------------------------- | 19 |
| 3 | دق ---------------------------------------- | 23 |
| 4 | دماغ کی کمزوری ---------------------------------------- | 26 |
| 5 | چہرہ ---------------------------------------- | 30 |
| 6 | لیکوریا ---------------------------------------- | 31 |
| 7 | آتشک ---------------------------------------- | 40 |
| 8 | مردانہ امراض مخصوصہ ---------------------------------------- | 48 |
| 9 | گنٹھیا ---------------------------------------- | 58 |
| 10 | جریان ---------------------------------------- | 59 |

| | | |
|---|---|---|
| 11 | احتلام | 72 |
| 12 | نامردی | 76 |
| 13 | فوطے | 82 |
| 14 | پیشاب کی بیماریاں | 84 |
| 15 | پتھری | 92 |
| 16 | گردہ ومثانہ کی بیماریاں | 94 |
| 17 | جگر کی بیماریاں | 110 |
| 18 | داداور چنبل کا علاج | 123 |
| 19 | جذام (کوڑھ) | 133 |
| 20 | پھوڑے پھنسیاں | 138 |
| 21 | بغل میں گلٹی | 147 |
| 22 | خصیوں کا علاج | 148 |
| 23 | عورتوں کی بیماریاں | 149 |
| 24 | چھیپ (بہق) | 163 |
| 25 | چوٹ | 164 |
| 26 | سر درد کی بیماریاں | 166 |
| 27 | کان کی بیماریاں | 175 |
| 28 | ناک کی بیماریاں | 187 |





| | | |
|---|---|---|
| 29 | سولہ امراض کی ایک لاجواب دوا | 192 |
| 30 | طاقت دینے اور موٹا تازہ بنانے والی دوا | 193 |
| 31 | جانوروں کے کاٹنے کا علاج | 194 |
| 32 | لقوہ | 198 |
| 33 | فالج | 201 |
| 34 | کئی امراض میں کام آنے والی سُرخ دوا | 204 |
| 35 | رعشہ | 205 |
| 36 | آواز بیٹھ جانا | 206 |
| 37 | اپنڈے سائٹس | 208 |
| 38 | بدہضمی | 210 |
| 39 | خناق | 213 |
| 40 | طاعون | 214 |
| 41 | خسرہ | 216 |
| 42 | موٹاپا | 217 |
| 43 | کئی امراض کو دور کرنے والی دوا | 219 |
| 44 | منہ اور زبان کی بیماریاں | 221 |
| 45 | ہونٹ | 229 |
| 46 | مسوڑھے | 232 |

| | | |
|---|---|---|
| 47 | چھالے | 233 |
| 48 | عورتوں کی بیماریاں | 234 |
| 49 | خارش | 244 |
| 50 | قے اور متلی | 250 |
| 51 | نکسیر | 255 |
| 52 | معدہ کی بیماریاں | 257 |
| 53 | عورتوں کے امراض | 265 |
| 54 | بخاروں کی قسمیں | 280 |
| 55 | درد | 296 |
| 56 | خنازیر (کنٹھ مالا) | 305 |
| 57 | دبلا پن | 307 |
| 58 | گلے پڑنا | 308 |
| 59 | نزلہ وزکام | 310 |
| 60 | سکتہ | 317 |
| 61 | زہریلے امراض | 318 |
| 62 | اولاد کی آرزو | 322 |
| 63 | تشنج | 326 |
| 64 | گنج | 328 |





| | | |
|---|---|---|
| 65 | ہاتھی پاؤں | 330 |
| 66 | چھائیاں | 331 |
| 67 | مہاسے | 334 |
| 68 | جوئیں پڑنا | 335 |
| 69 | پاگل پن | 336 |
| 70 | بلغم | 337 |
| 71 | پھیپھڑے | 339 |
| 72 | پسلی | 343 |
| 73 | تپ دق | 345 |
| 74 | کھانسی | 347 |
| 75 | ہچکی | 356 |
| 76 | قبض | 361 |
| 77 | اپھارہ | 370 |
| 78 | سرطان | 372 |
| 79 | مقعد کی بیماریاں | 373 |
| 80 | کانچ نکلنا | 375 |
| 81 | بچوں کی بیماریاں | 377 |
| 82 | ہیضہ | 403 |

| | | |
|---|---|---|
| 83 | کھجلی | 412 |
| 84 | پت دانے | 414 |
| 85 | برص (پھلبہری) | 415 |
| 86 | شب کوری (اندھاپن) | 422 |
| 87 | بال لمبے اور گھنے | 423 |
| 88 | بواسیر | 424 |
| 89 | بادِ گولہ | 444 |
| 90 | چھپاکی (پتی اچھلنا) | 446 |
| 91 | ہائی بلڈ پریشر (خون کے دباؤ کی زیادتی) | 450 |
| 92 | زخم | 454 |
| 93 | ہاتھ پاؤں پھٹنا | 459 |
| 94 | ناسور | 461 |
| 95 | تپ محرقہ | 465 |
| 96 | تپ دق | 467 |
| 97 | ذیابیطس | 468 |
| 98 | غشی | 473 |
| 99 | خراش | 475 |
| 100 | نیند (بے خوابی) | 476 |





| | | |
|---|---|---|
| 101 | حافظہ | 478 |
| 102 | وہم | 479 |
| 103 | کپکپی | 480 |
| 104 | بھوک کا ہوکا | 481 |
| 105 | سرعت انزال | 482 |
| 106 | جنسی بیماریاں اور اُن کا علاج | 491 |
| 107 | دمہ | 523 |
| 108 | سینہ کی بیماریاں | 530 |
| 109 | آنکھ دکھنا کے چیدہ چیدہ نسخے | 532 |
| 110 | ہسٹیریا | 454 |
| 111 | آگ یا گرم پانی سے جل جانا | 550 |
| 112 | جنون | 554 |
| 113 | قولنج | 556 |
| 114 | پیچش | 563 |
| 115 | یادنہ رہنا (نسیان) | 571 |
| 116 | انتڑیوں کی بیماری | 573 |
| 117 | تلی کی بیماریاں | 578 |
| 118 | یرقان | 582 |

| | | |
|---|---|---|
| 119 | دماغ | 586 |
| 120 | پیٹ کا درد | 588 |
| 121 | شریانوں کی سختی | 594 |
| 122 | دل کی بیماریاں | 595 |
| 123 | شکروی | 603 |
| 124 | اُنگلی وبیڑھا | 604 |
| 125 | جسم کی کمزوری | 604 |
| 126 | پانی وات | 606 |
| 127 | چیچک | 607 |




# دیباچہ

موجودہ صدی احیاء وتجدید طب کی صدی ہے۔ دُکھی و بیمار انسانیت فطرت کی آغوش میں پناہ لینے کے لیے تڑپ رہی ہے۔

یہ خوش آئند بات ہے کہ دنیا کے بیشتر ممالک میں نباتات پر تحقیق کا کام زور و شور سے کیا جا رہا ہے اور عالمی سطح پر مختلف ممالک میں سینکڑوں ایسے تحقیقی ادارے قائم ہو چکے ہیں جس میں پیچیدہ، مزمن اور لاعلاج سمجھے جانے والے امراض کا علاج دریافت کرنے کے لیے قدرت کی پیدا کردہ جڑی بوٹیوں اور نباتات پر شب و روز تحقیقی کام جاری و ساری ہے۔

ماضی میں برصغیر پاک و ہند میں اکابر اطباء کرام نے معالجاتی تحقیقات کے جھنڈے گاڑ دیئے تھے اور ہر قسم کے پیچیدہ، مزمن اور لاعلاج قرار دیئے جانے والے امراض کا علاج کامیابی سے کیا جاتا تھا جو حوادث زمانہ کی بناء پر کم ہوتا گیا لیکن تاہنوز اپنے انداز سے تحقیق کا عمل جاری ہے۔

مزید تحقیقات اور ریسرچ کے لیے مستند معیاری لٹریچر کی ضرورت ہوتی ہے۔ ایسا لٹریچر جو طبی میدان میں نووارد طبیب کی مکمل رہنمائی کرے اور آسمان طب کے جگمگاتے طبی ستاروں کی روشنی کو اور زیادہ کردے اور وہ روشنی ہر طرف پھیل کر امراض کی ظلمت کی سیاہی کو مکمل طور پر نہ صرف ختم کردے بلکہ آئندہ کے لیے ایسے حالات پیدا ہی نہ ہونے دے کہ جس سے انسانیت پھر سے دُکھ اور درد میں مبتلا ہو جائے۔

اسی روشنی کی ایک جگمگاتی کرن ”طبی کرشموں کا انسائیکلو پیڈیا“ کے نام سے منصہ

شہود پر آ رہا ہے جو اپنی مثال آپ ہے اس معلوماتی اور پریکٹیکل انسائیکلو پیڈیا کی بہت سی خوبیوں میں سے ایک امتیازی خوبی یہ ہے کہ اس کا تقریباً ہر نسخہ زوداثر اور کراماتی اثرات کا حامل ہے۔ بے ضرر اور سستی ادویہ پر مشتمل ہے جو مارکیٹ سے بآسانی دستیاب ہو سکتی ہیں اور تجربہ کی کسوٹی پر پرکھے گئے تیر بہدف نسخے آپ کو زیر نظر کتاب ہی میں ملیں گے جن سے واقعی کرشماتی اثرات منظر عام پر آئیں گے اور مطب کی مقبولیت میں نہ صرف اضافہ ہوگا بلکہ اسے چار چاند لگ جائیں گے۔

مجھے یقین ہے کہ اس مفید عام اور معیاری نسخہ جات پر مشتمل کتاب سے بھرپور فائدہ اٹھایا جائے گا اور اسے ہاتھوں ہاتھ لیا جائے گا۔ وما علینا الاالبلاغ

حکیم حافظ طاہر محمود بٹ

موبائل: 0333-4208342

0345-4294552

برطانیہ: 0044-7931295830

مطب 4 بجے سے 8 بجے تک

فون مطب: 042-7351971



باب-1

# دانتوں کی بیماریاں

## مسوڑھوں کی سوزش اور خون بند کرنے کا نسخہ

ببول کی چھال 12 گرام، نمک 2 گرام پھٹکری 2 گرام، ببول کی چھال کو جلا کر نمک اور پھٹکری کے ساتھ سفوف بنالیں اور مسوڑھوں پر آہستہ سے ملیں۔

## دافع تعفن اور ورم

کافور، نوشادر ہم وزن باریک سفوف بنالیں۔ سوتے وقت مسوڑوں پر آہستہ سے ملیں۔

## برگ گاؤزبان سے دانت چمکیلے

برگ گاؤزبان بقدر ضرورت جلا کر باریک کرلیں۔ دن میں دو بار آہستہ آہستہ سے ملیں۔

## ہلتے دانت

سنون پوست مغیلاں منجن کی طرح استعمال کریں دانتوں کے ہلنے سے آرام ملے گا۔

## دانتوں کے لیے کافوری منجن

گیرو ایک سیر۔ تمباکو سوختہ 5 تولہ پھٹکری بریاں 2 تولہ۔ مرچ سیاہ ایک تولہ۔ قلفل دراز 3 ماشہ۔ کتھ سفید 3 ماشہ۔ نمک لاہوری 2 تولہ یا حسب ذائقہ۔ پہلے تمباکو کو مٹی

کے کورے برتن میں ٹکڑے بنا کر ڈالیں اور آگ پر چڑھا کر بھون لیں۔ جب سوختہ ہو کر سفوف بنانے کے قابل ہو جائے اتار لیں اور گیرو میں ملا کر دو چار بار چھلنی میں چھان لیں۔

کافور کو چاک مٹی میں ملا کر دانتوں کے منجن کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے (ایک حصہ کافور آٹھ حصہ کھریا مٹی) معروف طریقہ سے تیار کر کے استعمال کریں۔

## دانت درد کے مقام پر لگانے والی دوا

ست الائچی، جنجبر ایسنس، کالی مرچ، روغن لونگ جملہ اجزاء ہم وزن شیشی میں ڈال کر ملا لیں اور شیشی کا منہ بند کر دیں۔

### ترکیب استعمال:

درد کے مقام پر یہ دوا بذریعہ پھایہ روئی لگائیں۔ اگر دانت میں سوراخ ہو تو معمولی سا پھایہ اس دوا میں بھگو کر سوراخ میں دے دیں۔ فوراً درد سے تسکین ملے گی۔

## تیر بہدف منجن

کھریا مٹی، 100 گرام، سنگجراحت 50 گرام، دھاوے کے پھول 50 گرام، پھٹکڑی بریاں 20 گرام، سیندھا نمک 20 گرام، کافور 5 گرام، پیپر منٹ ایک گرام۔

### ترکیب تیاری:

سب چیزوں کو کوٹ کر چھان لیں اور باہم ملا لیں۔ یہ منجن ہر روز صبح انگلی کے ذریعے دانتوں پر ملیں۔ دانت نہایت مضبوط، آبدار اور تندرست ہوں گے۔ مسوڑھوں کا پھولنا دور ہوگا۔ آزمودہ ہے۔

## درد دانت کے لاجواب نسخے

عقرقرحا اور مصطگی ہم وزن لے کر باریک پیس کر بطور منجن استعمال کریں۔

0 پھٹکڑی ۷ ماشہ، نمک ۴ ماشہ، کوٹ کر بطور منجن استعمال کریں۔



مجیٹھ باریک پیس کر بطور منجن استعمال کریں

0 نوشادر 3 ماشہ، ست پودینہ ایک رتی، افیون $\frac{1}{2}$ رتی الگ الگ پیس کر باہم ملا کر شیشی میں محفوظ رکھیں اور بوقت ضرورت بطور منجن استعمال کرائیں، انشاء اللہ چند لمحوں میں درد کافور ہوگا، مجرب ہے۔

0 جامن کی لکڑی کا کوئلہ 50 گرام، مازو 10 گرام سفوف بنا کر اوپر والے نسخہ کے مطابق استعمال کریں۔

0 کھریا مٹی 50 گرام، پھٹکڑی 5 گرام۔ سفوف بنا کر استعمال کریں دانت مضبوط اور چمکدار ہوں گے۔

### دانت درد کا ایک مجرب نسخہ:

ہلتے ہوئے دانتوں کو مضبوط کرنے، دانتوں کے درد کو تسکین دینے اور خون کو روکنے کے لیے مفید ہے۔

چھالیہ، مازوئے سبز، پھٹکڑی بریاں، کتھہ، کافور، ناسپال (پوست انار) سنگ جراحت، الائچی کلاں، سرد چینی، عاقر قرحا، مرچ سیاہ، پوست ببول، پوست ہلیلہ زرد، مصطگی، رال سفید، دم الاخوین ہر ایک ایک تولہ توتیاں بریاں چھ ماشہ، افیون تین ماشہ، سب کو باریک پیس کر چھان کر دانتوں پر ملیں درد سے فوری آرام ملے گا۔

# دانت درد سے آرام کے نسخے

### درد دور کرنے کے لیے زود اثر نسخہ:

برائے درد دنداں بہت مفید اور زود اثر نسخہ ہے کڑوا تمباکو ایک تولہ نمک ۴ ماشہ دونوں کو پیس کر دانتوں پر ملیں۔ درد فوراً دور ہوگا۔

## تازہ مکھن سے درد ساکن:

اگر دانتوں کا درد خشکی کے باعث ہو جس کی پہچان یہ ہے کہ درد کے وقت منہ خشک معلوم ہوگا۔ گلا بھی سوکھا سوکھا محسوس ہوگا۔ زبان پر بھوسی اور چھلکے سے موجود ہوں گے اس حالت میں منہ کے اندر تازہ مکھن رکھ کر پھراتے رہیں۔ انشاء اللہ درد ساکن ہو جائے گا۔

## لہسن سے دانت کے درد کو آرام:

لہسن بھی دانت کے درد کو سکون بخشتا ہے اسے کوٹ کر دردناک دانت پر ملیں مگر یاد رکھیں، یہ سردی کے درد کو نفع دیتا ہے۔

## جلدی صحت کے لیے مرغی کے انڈے کا نسخہ:

اگر سردی لگنے یا ٹھنڈا پانی پینے سے درد لاحق ہو جائے تو مرغی کا انڈا پانی میں ابال لیجئے۔ پھر اس کی زردی نکال کر باریک کپڑے میں باندھئے اور جس طرف درد ہو اس جانب گرم گرم ٹکور کرتے رہیے۔ پوٹلی ٹھنڈی ہو جائے تو توے پر سینک سینک کر ماؤف جانب پھیرتے رہیں جلدی صحت ہو جائے گی۔

## گرمی کا درد:

گرمی کے درد میں دھنئے کا پانی منہ میں رکھیں اور ماؤف جانب کے جبڑے پر خشک دھنیا پانی میں گھوٹ کر لگائیں تسکین پیدا ہو جائے گی۔

## داڑھ کا درد:

بڑ کا دودھ روئی میں لگا کر داڑھ کے سوراخ میں رکھ دیں۔ درد کو آرام ہوگا۔

## ہینگ سے آرام:

درد والے دانت کے سوراخ میں ایک آدھ رتی ہینگ بھر دیں درد جاتا رہے گا۔



## درد دانت کے لیے منجن کا نسخہ:

جو کہ صد ہا بار کا مجرب ہے۔ تخم دھتورہ سیاہ $\frac{1}{2}$ تولہ، نوشادر ایک تولہ، فلفل 2 تولہ، گیری ایک تولہ۔ پیس کر محفوظ رکھیں، درد دانت کے لیے بطور منجن استعمال کرائیں پیٹ درد کے لیے $\frac{1}{2}$ رتی ہمراہ آب نیم گرم۔

ایک پاؤ پانی میں پانچ گرام میٹھا ملا کر کلیاں کریں آرام ہوگا۔

تمباکو کڑوا 20 گرام مرچ سیاہ 5 گرام۔ سفوف بنا کر 2 گرام بوقت ضرورت استعمال کریں اور منہ ڈھیلا چھوڑ دیں پانی نکلے گا اسے گراتے جائیں۔

## ہلتے دانتوں سے فائدہ:

اگر دانت ہلتے ہوں یا ان سے خون نکلتا ہو تو مازو 20 گرام پھٹکری 5 گرام کا سفوف بنا کر دانتوں پر ملیں اور بیس منٹ لگا رہنے دیں پھر نیم گرم پانی سے کلی کریں۔ فائدہ ہوگا۔

## مضبوط دانت:

مازو ایک تولہ، پھٹکری تین ماشہ، دونوں کو باریک پیس کر محفوظ رکھیں، دانتوں پر مل کر پندرہ بیس منٹ کے بعد کلی کریں ہلتے دانتوں کو جمانے، خون بہنے اور مسوڑھوں کی پختگی کو مفید ہے۔

## دانتوں کے امراض کا مفید نسخہ:

تمام امراض دانت مسوڑھوں سے خون آنا کے لیئے مجرب واکسیر کا حکم رکھتا ہے نسخہ کچلہ کا کوئلہ ایک تولہ، نمک سیاہ ایک تولہ، فلفل سیاہ ایک تولہ، توا کی سیاہی ایک تولہ، سب کو علیحدہ علیحدہ نہایت ہی باریک کر کے شیشی میں مضبوط کاک لگا کر حفاظت سے رکھیں، ہوا نہ لگے ہوا سے اس کی تاثیر میں فرق ہو جاتا ہے۔ دوائی بغیر پانی کے لگانے سے استعمال کی جائے دوائی کے استعمال کے بعد ایک گھنٹہ تک پانی استعمال ہرگز نہ کریں، تاکید ہے۔

### دانت مضبوط کرنے کا لاجواب نسخہ:

ریٹھے کا بیرونی چھلکا حسب ضرورت لے کر چھوٹی کڑاہی میں جلا لیں۔ پھر اس میں پھٹکڑی بریاں شامل کر لیں۔ صبح و شام دانتوں پر مل کر کچھ دیر بعد کلیاں کر لیں۔ دانت مضبوط کرنے کے لیے بہترین نسخہ ہے۔

---



## باب۔2

# مرگی (EPILEPSY)

### مرگی کا دورہ

مرگی کا دورہ پڑنے کی حالت میں کپڑے یا روئی کا غلولہ بنا کر منہ میں دے دیں کہ مریض زبان کو نہ چبائے اور ہاتھ پاؤں باندھ دیں کہ اضطراب نہ کرے اور عاقر قرحا گھس کر ناک میں نسوار دیں تاکہ اس کو چھینکیں آئیں اور افاقہ کی حالت میں تنقیہ خلط غالب کا کریں۔ خاص کر چاند کے نقصان نور کے دنوں میں۔

اس کے لیے خاص خاص عمدہ و مفید دوائیں یہ ہیں۔ انسان کی جلی ہوئی ہڈی کی نسوار صرع کے لیے نہایت سودمند ہے۔

### آک کی جڑ کے چھلکا سے درد دور:

آک کی جڑ کا چھلکا بکری کے دودھ میں گھوٹ کر رکھیں اور دورے کے وقت ناک کے اندر دو دو بوندیں ٹپکائیں فوراً درد دور ہوگا۔ اور ہوش آجائے گا۔

### مرگی کا آزمودہ علاج:

جب ایک گھنٹہ دن باقی ہو تو مرگی کے مریض کے تلوؤں پر آک کا دودھ لگا کر مرچ سیاہ باریک پیس کر اوپر چھڑکیں اور آک کے پتے پاؤں کے نیچے (تلوؤں کے نیچے) رکھ کر موزے پہن لیں۔ اسی طرح متواتر چالیس روز تک کریں۔ مگر پاؤں کو نہ دھوئیں۔ اس سے بفضلہ تعالیٰ آرام ہو جاتا ہے۔

### نسوار کا نسخہ:

کائپھل ایک تولہ، تیزپا بوٹی ایک تولہ، پوست ریٹھا ایک تولہ کوٹ چھان کر نسوار تیار کر کے دیں۔

## مرگی کا یونانی علاج

### زود اثر ادویات کا نسخہ:

گل بنفشہ چھ ماشہ زوفہ چار ماشہ، سونف رومی گاؤزبان سونف، اسطوخودوس، بادرنجبویہ، عود صلیب ہر ایک پانچ ماشہ۔ تمام ادویات کو رات بھر تین پاؤ پانی میں بھگو رکھیں، صبح جوش دیں، جب نصف رہ جائے تو دن میں تین بار شہد سے میٹھا کر کے اور تین خوراکیں بنا کر ہر چار گھنٹہ کے بعد ایک خوراک استعمال کریں۔

### عقرقرحا سے مرگی دور:

عقرقرحا دو تولہ، عود صلیب چھ ماشہ کوٹ کر چھان کر تین گنا شہد ملا دیں اور دو ماشہ روزانہ چاٹ لیا کریں مرض میں افاقہ ہوگا۔

### کستوری خالص کے سفوف کا نسخہ:

تخم سرس چھ ماشہ کستوری خالص ایک رتی باریک سفوف بنائیں اور دورہ کی حالت میں بقدر آدھی رتی سے ایک رتی دوا کسی نلکی وغیرہ سے مریض کی ناک میں داخل کریں۔ چند منٹ میں مریض ہوش میں آجائے گا۔

### معجون نجاح سے مرگی کا آرام:

معجون نجاح پانچ ماشہ ہمراہ تازہ پانی صبح کے وقت استعمال کریں متواتر استعمال سے اللہ کی مہربانی سے مرگی کو آرام آجاتا ہے۔



### آملہ خشک سے تیار معجون:

چھلکا ہرڑ زرد، تربد سفید، مصطگی، عود صلیب، اسطوخودوس، ہرڑ سیاہ، آملہ خشک، دارچینی، ہر ایک 12 گرام، گھی گائے 20 گرام میں چرب کر کے 50 گرام خالص شہد ملا کر معجون بنالیں۔ خوراک 5 گرام ہمراہ عرق گاؤزبان 60 گرام دیں۔

### پیٹ کے کیڑوں کا موثر نسخہ:

اگر مریض کا مزاج سرد ہو تو بادرنجبویہ چار ماشہ، شہد 9 ماشہ کے ساتھ کھلائیں۔ یا اسطوخودوس ایک تولہ، مصری ایک تولہ، کوٹ چھان کر بقدر چار ماشہ سے چھ ماشہ چند دن رات کھلائیں۔ اگر مزاج گرم ہو تو جوارش جالینوس کا استعمال کریں۔ پیٹ کے کیڑوں کی وجہ سے ہو تو انہیں دور کریں۔ دماغی پریشانی سے ہو تو اسرول پانچ گرین تازہ پانی سے دیں۔

### شہد خالص سے تیار معجون:

چھلکا ہرڑ زرد (پلی) چھلکا بہیڑہ، آملہ صاف، اسطوخودوس، ہرڑ کالی ہر ایک سات گرام۔ عود صلیب، دارچینی، لونگ ہر ایک ساڑھے تین گرام، عقرقرحا دو گرام، بیج دھنیاں (چھلے ہوئے) گاؤزبان ہر ایک 9 گرام، مویز منقیٰ 60 گرام، شہد خالص دو چند۔ سب ادویہ کو باریک کر کے روغن بادام سے چرب کر کے بطریق مشہور معجون تیار کریں۔ خوراک 50 ملی گرام تا 100 ملی گرام۔ اس قسم کے دورے کے لیے مجرب ہے۔

### مرگی کا مجرب نسخہ

مرگی کے لیے اسرول یا چھوٹی چندن (سرپ گندھا) بھی از حد مفید ہے۔ خوراک 5 گرام سے 10 گرام۔ یا اس قسم کے دورے کے لیے مجرب ہے۔

**عودصلیب سے تیار ادویات کا سفوف:**

جدوار 3 ماشہ، عودصلیب 3 ماشہ، دونوں ادویات کا سفوف بنالیں

**مقدار خوراک:**

ہمراہ خمیرہ گاؤزبان سادہ 6 ماشہ، بالغ مرد وعورت کے لیے۔

سردیوں میں ۴ رتی تک استعمال کریں، بچوں کے لیے 3 ماشہ، خمیرہ گاؤزبان کے ہمراہ عمر کے لحاظ سے ایک رتی یا اس سے کم وبیش، گرمیوں اور سردیوں میں ہمراہ خمیرہ گاؤزبان 3 ماشہ، $\frac{1}{2}$ ایک رتی سے 2 رتی تک صبح اور شام استعمال کرائیں مرگی کا مجرب نسخہ ہے۔



## باب-3

# دق

(TUBER COLOSIS)

**تریاق دق**

خشخاش سفید، 10 گرام، طباشیر، نشاستہ، کتیرا گوند، گوند کیکر ہر ایک 3 گرام، تخم خرفہ، تخم خباری، تخم خطمی ہر ایک 5 گرام، مغز تخم کھیرا، مغز کدو، بہی دانہ ہر ایک سات گرام، سرطان محرق 15 گرام، کافور ایک گرام، سفوف کر کے 6 گرام سے 9 گرام تک شربت خشخاش سے پھنکا دیا کریں۔ دق کے لیے مفید ہے۔

**اکسیر دق**

ست گلو 20 گرام، کشتہ ابرک سیاہ 20 گرام، مغز تخم خربوزہ 10 گرام، الائچی چھوٹی 10 گرام، خاکستر سرطان 8 گرام، سفوف بنالیں اور آدھا سے ایک گرام ہمراہ شہد لیں۔

**مفید کشتہ:**

ابرک سیاہ 50 گرام کو شیر مدار (آک کے دودھ) 100 گرام میں کھرل کریں۔ پھر آب مولی 200 گرام میں کھرل کریں۔ 10 سیر اُپلوں کی آنچ دیں کشتہ تیار ہوگا، ایک رتی ہمراہ شربت خشخاش 2 تولہ دیں۔ تپ دق کے لیے از حد مفید ہے۔

## سل ودق کا یونانی علاج

### شربت نیلوفر سے دق کا مفید علاج:

گدھی کا دودھ سات تولہ میں شربت نیلوفر دو تولہ ملا کر پلائیں اور ایک ایک تولہ ہر روز دودھ بڑھاتے جائیں اس کے بعد بتدریج دودھ کی مقدار کم کرتے جائیں اور آخر میں اسے ترک کر دیں۔

### مغز کنول گٹہ سے تیار عمدہ نسخہ:

صندل ایک تولہ (گلاب میں گھسا ہوا) مغز کنول گٹہ ایک ماشہ چینی سفید 4 ماشہ، کافور 2 ماشہ طباشیر ایک ماشہ زہر مہرہ ایک ماشہ سب کو چنے کے برابر گولیاں بنالیں اور یہ گولیاں ہمراہ شیرہ خرفہ تین ماشہ یا شیرہ مغز تخم کدوئے شیریں 9 ماشہ دیں۔ نہایت عمدہ نسخہ ہے۔

## دق کے لیے اکسیر گولیاں

کشتہ ابرک سفید تولہ، کشتہ مرجان تولہ، ہیرا کیس تولہ، گیری تولہ، ریوند خطائی تولہ، افیون خالص 6 ماشہ، نخود کے برابر گولیاں بنالیں۔ صبح و شام ایک ایک ہمراہ شربت انجبار 2 تولہ۔ سل ودق کے لیے اکسیر ہے۔

## دق کے علاج کے لیے بے نظیر نسخہ

رودنتی سالم پھل کا سفوف 20 تولہ، چھوٹا چندرا (سرپ گندھا) جڑھ کے چھلکے کا سفوف 10 تولہ، ہلدی خام مادہ چھوٹی گانٹھ کا سفوف 5 تولہ، نرکچور سالم گانٹھ کا سفوف 5 تولہ، آک کا دودھ تازہ حاصل کردہ ایک تولہ سورن بسنت مالتی رس عمدہ ایک تولہ۔

سب کو یک جان کر کے سفوف بنالیں۔ مقدار خوراک $\frac{1}{2}$ سے ایک ماشہ دن بھر میں ایک سے چار مرتبہ دودھ کے ساتھ یا کیپسول میں ڈال کر ہر قسم کے تپ دق کے لیے لاجواب ہے۔



## تپ صفراوی خونی دق کے لیے مفید

کدوے تازہ دراز لوکی (یا پنجابی گھیا) کو کپر دٹی کریں اور معتدل تنور میں ایک اینٹ پر رکھیں۔ جب پک جائے تو مٹی یعنی کپر وٹی علیحدہ کر لیں۔ اب لوکی یعنی گھیے میں سوراخ کر کے اس کا پانی لے لیں اور مناسب طریقہ پر سکنجبین یا شربت بنفشہ یا نیلوفر ملا کر پلائیں۔ خونی دق سے شفا ہوگی۔ بفضل باری تعالیٰ۔

## اسہال دقی اور حرارت دق کے لیے اکسیری گولیاں

کافور 2 گرام، طباشیر، مروارید ناسفتہ، صندل سفید، دھنیاں خشک مقشر ہر ایک 9 گرام، مغز بہی دانہ، مغز تخم کدو شیریں اٹھارہ اٹھارہ گرام، گیرو، زہر مہرہ ہر ایک ساڑھے چار گرام، گوند کیکر ایک گرام میں حل کر کے پانی کی مدد سے حب بقدر نخود بنائیں۔ ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ پانی دیں۔ اسہال دقی اور حرارت دق میں مفید ہے۔

**باب۔4**

# دماغ کی کمزوری

## دماغ کی ہر قسم کی کمزوری کا لاجواب علاج:

کھویا، مکھن، بالائی، میدہ، بورا کھانڈ ہر ایک سو گرام، خشخاش، مغز بیج کدو، تخم دال مونگ، دال ارہر، دال ارد، سب دالوں کی پیٹھی پچاس پچاس گرام، پیٹھی گری بادام پچاس گرام، تال مکھانہ، بہمن سرخ، بہمن سفید، موصلی سفید، ثعلب مصری، ثعلب پنجہ ہر ایک 9 گرام، کیسر اصلی ایک گرام، فولاد بھسم، قلعی بھسم تین تین گرام، ورق طلا 12 عدد، ورق چاندی 50 گرام، سونف 50 گرام، ہرڑ چھوٹی 30 گرام، ناریل (کھوپہ) 25 گرام، پستہ، کشمش پچاس گرام، مغز چاروں 100 گرام، کاجو 25 گرام، کھانڈ دیسی ایک کلو۔

صرف بورا کو چھوڑ کر باقی گیارہ دوائیوں کو کسی قلعی والے برتن میں ڈال کر بھونیں۔ بعد میں باقی دوائیوں کو کوٹ چھان کر ڈال دیں۔ اور کھانڈ کی کی چاشنی بنا کر برفی جما دیں۔ بعد میں ٹکڑے کاٹ لیں۔

50 گرام صبح اور 50 گرام رات کو دودھ کے ساتھ استعمال کرنے سے پرانے سے پرانا نزلہ، زکام، جریان دور ہو جاتا ہے۔ دماغ کی ہر قسم کی کمزوری کو دور کرتا ہے۔ دماغی کام کرنے والوں کو تھکاوٹ محسوس نہیں ہوتی، کمزوری کو دور کر کے لاجواب طاقت دیتی ہے۔



## ضعف دماغ کے لیے مفید نسخہ:

ضعف دماغ کے باعث بار بار نزلہ وزکام کی شکایت رہتی ہو۔ درد سر ستاتا ہو یا سر میں چکر آتے ہوں۔ اس کے استعمال سے موقوف ہو جاتے ہیں۔

مغز بادام شیریں مقشر 200 گرام، مغز پستہ 100 گرام، نشاستہ 100 گرام، تخم خشخاش سفید آدھا کلو، مصری و گھی بقدر ضرورت۔

نشاستہ کو پیس کر گھی میں بھونیں اور باقی تینوں چیزوں کو پانی میں بھگو کر چھلکا دور کریں اور اچھی طرح صاف کر کے پانی میں پیسیں پھر مصری باریک شدہ ملا کر پکائیں۔ یہاں تک کہ پانی جل جائے۔ اس کے بعد طباق میں پھیلا کر برفی کی مانند ٹکڑے کاٹ کر رکھیں۔ روزانہ 50 گرام کھائیں۔

## نسیان کے لیے نہایت مفید:

نسیان اور دماغ کی کمزوری میں نہایت مفید ہے، بوڑھے لوگوں کے لیے بہت موافق ہے، موسم سرما میں کھانا چاہیے۔ سوجی یا نشاستہ ایک پاؤ لے کر ڈیڑھ پاؤ گھی میں بھونیں کہ سرخ ہو جائے، پھر اس میں ایک چھٹانک کالی مرچوں کا باریک سفوف ڈال کر دس منٹ تک بریاں کریں بعد ازاں آدھ سیر دانہ کھانڈ آدھ سیر بھینس کے دودھ میں قوام کر کے اس میں ڈالیں اور پندرہ بیس منٹ پکاتے رہیں۔ پھر سرد کر کے مٹی کے روغنی برتن میں رکھ لیں اور صبح کے وقت 3 تولہ کھایا کریں۔ اوپر سے تھوڑا سا دودھ پی لیں تو اور بھی مفید ہے اس کے استعمال سے چند روز میں بچپن کی بھولی ہوئی باتیں یاد آ جاتی ہیں۔

## حریرہ کا نسخہ:

یہ حریرہ دماغ کو قوت دینے اور ترطیب پہنچانے کے لیے بے حد مفید ہے۔ خشکی اور ضعف دماغ کی وجہ سے جو امراض (مثلاً بے خوابی، نزلہ دائمی) پیدا ہو جاتے ہیں۔

## دماغی کمزوری کا مفید نسخہ:

مغز بادام شیریں مقشر 5 دانہ، مغز کدو شیریں 6 ماشہ، مغز تربوز 6 ماشہ، تخم خشخاش سفید 3 ماشہ، دانہ الائچی کلاں 3 ماشہ، سب کو دودھ پاؤ سیر میں پیس کر چھان لیں، اس کے بعد گھی دو تولہ کو دیگچی میں ڈال کر آگ پر چڑھائیں اور اس میں چند لونگ کر سرخ کر لیں تو اس میں مذکورہ دودھ بگھاریں اور جوش دیں، اس کے بعد مصری دونوں ملا کر سرد کر کے نیم گرم پئیں (اگر دودھ موافق نہ ہو تو اس کے بجائے پانی میں پیس کر چھان کر تیار کر سکتے ہیں۔

چاول سونف نیم کوفتہ 10 تولہ، قند سفید باریک شدہ 10 تولہ، باہم ملا لیں کر نسخہ تیار ہے۔

6 ماشہ سے ایک تولہ تک ہمراہ دودھ نیم گرم پاؤ بھر شام کو بعد از طعام، دماغی کمزوری اور بینائی کے لیے مفید ہے۔

## دماغ کی گرمی دور:

کدو کا گودا 5 تولہ، املی دو تولہ، سیر بھر پانی میں جوش دیں۔ جب تقریباً پاؤ پانی باقی رہے تو اتار کر مل چھان کر سرد کر کے ایک ہفتہ پلاتے رہیں۔ دماغ کی گرمی دور ہو کر خون صالح پیدا ہوگا۔

## دماغ کی تقویت کے لیے مجرب نسخہ

خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر والا ایک ماشہ، خمیرہ مروارید 2 ماشہ دواء المسک عنبری جواہر والی ایک ماشہ۔

اس کی ایک خوراک صبح و شام ہمراہ آب تازہ یا دودھ میں استعمال میں لائیں۔ اعصاب اور دل و دماغ کو تقویت دیتی ہے۔ گھبراہٹ کو دور کرتی ہے۔ مفید و مجرب ہے۔

## دل و دماغ کی کمزوری کا نسخہ:

کہربا شمعی، طباشیر، کشتہ مرجان، ورق چاندی، ہر ایک دو گرام، گل بنفشہ



اسطوخودوس، دھنیا، سنبل الطیب، پھول گلاب، اور صندل سفید ہر ایک 4 گرام، مغز بادام شیریں، مغز چلغوزہ اور مغز پستہ ہر ایک تین گرام، سفوف تیار کریں۔ ایک گرام سے دو گرام تک دودھ گائے یا عرق سونف کے ساتھ کھلائیں۔ اللہ نے چاہا تو کمزوری دور ہوگی۔

—✤✤✤—

## باب۔5

# چہرہ

### چہرے کی خوبصورتی:

لیموں کاٹ کر دو ٹکڑے کریں اس پر منہ دھونے کا اچھا سا صابن لگا کر چہرہ پر ملیں۔ چند روز کے عمل سے چہرے کی خوبصورتی میں اضافہ ہوگا۔

### چہرے کے بدنما داغ:

ہلدی پسی ہوئی پانی میں گھول کر دو تین بار داغوں پر لگائیں۔ داغ جلد اچھے ہو جائیں گے۔

## پلکوں کی جڑ میں دانہ

### لونگ کا لیپ:

لونگ 10 عدد تھوڑے پانی میں گھس کر لیپ بنالیں اور دانہ پر لگائیں

### گوہانجنی کی سنکائی سے جڑ میں دانہ ختم:

ہلدی (سفوف) 6 گرام، سہاگہ بریاں 2 گرام، 25 لیٹر پانی میں جوش دے کر چھان لیں۔ کپڑے کا ایک ٹکڑا اس جوشاندہ میں بھگو کر بار بار گوہانجنی کی سنکائی کریں۔ دانہ ختم ہو جائے گا۔

### مازو یا گیرو کے لیپ سے دانہ سے نجات:

چھوہارہ کی گٹھلی یا مازو یا گیرو بقدر ضرورت۔ ان میں سے کسی ایک دوا کو تھوڑے سے پانی میں گھس کر لیپ بنالیں۔ گوہانجنی پر لگائیں۔ دانہ سے نجات ملے گی۔



## باب۔6

# لیکوریا

# (LEUCORRHOEA)

### لیکوریا کا یونانی علاج:

یونانی علاج: پھٹکری بریاں، مازو بریاں ہر ایک دو ماشہ، کتھ سفید چار ماشہ، صاف پانی تین پاؤ میں جوش دے کر چھان کر اس پانی سے اندام نہانی کو دھوئیں یا اقاقیہ، پھول انار، سک (چھلکا) انار، مازو سبز ہر ایک سات ماشہ، پھٹکری، سنبل الطیب ہر ایک تین ماشہ، سب ادویہ کو باریک پیس کر پھر ایک صاف اور ملائم کپڑے کو پانی میں تر کر کے نچوڑ کر اور دوا کے باریک سفوف سے تر کر کے اندام نہانی میں رکھیں۔

### اکسیر سیلان سے لیکوریا دور:

ستاور، کندر، چنیا گوند، مصطگی رومی، ثعلب مصری، الائچی خورد، پھول سپاری، تج طباشیر، موصلی سفید، سنگجراحت، لودھ پٹھانی ہر ایک تین ماشہ، چینی سفید برابر وزن تمام ادویہ کا سفوف بنائیں اور مقدار خوراک 9 ماشہ صبح وشام ہمراہ دودھ گائے نیم گرم سے استعمال کریں۔

### زود اثر نسخہ:

مصطگی رومی، چنیا گوند، پھول دھاوا، جفت بلوط، کمرکس، مائیں خورد، مازو سبز، تج، کندر ہر ایک ایک تولہ چینی سب کے برابر، سفوف بنائیں، مقدار خوراک 9 ماشہ صبح وشام ہمراہ دودھ کھلائیں۔

## سیلان الرحم کے لیے شرطیہ نسخہ:

پھول سپاری، پھول پستہ، گوند ڈھاک ہر ایک چار تولہ، سریالی، اسگندھ ناگوری، اندر جو شیریں، ہر ایک دو تولہ، کشتہ قلعی، کشتہ مرجان ہر ایک تین ماشہ، کشتہ عقیق اڑھائی ماشہ، چینی آٹھ تولہ، کوٹ چھان کر سفوف بنائیں، مقدار خوراک ایک سے دو ماشہ ہمراہ دودھ گائے دیں، یہ سیلان الرحم کے لیے مفید ہونے کے علاوہ محافظ حمل بھی ہے۔ بارہا کا آزمودہ ہے۔

## دوسرا نسخہ:

سپاری چکنی دکنی دس تولہ کوٹ کر دو سیر گائے کے دودھ میں ڈال کر آگ پر پکائیں، پھر اس میں مائیں خورد پانچ تولہ، مائیں کلاں پانچ تولہ، مصری دس تولہ، کرکس پانچ تولہ، سفوف کر کے ملائیں، سرد ہونے پر اتار لیں۔ مقدار خوراک چھ ماشہ صبح و شام کو نیم گرم پانی سے دیں۔ دو ہفتے میں یقیناً آرام آ جائے گا۔

## خارجی (بیرونی) استعمال کا نسخہ:

سپاری ایک تولہ، مغز جامن، موچرس، گوند ڈھاک، مائیں خورد، گل انار، پھٹکری ہر ایک ایک تولہ، اقاقیا تین ماشہ، ماجو دو تولہ، سفوف تیار کریں۔ 6 ماشہ کی ململ کی پوٹلی بنا کر دھاگہ باندھ کر رات کو اندر رکھوائی جاتی ہے۔ یہ دوائی صرف باہر سے استعمال کریں۔

## جوانی واپس لانے کا قدرتی علاج:

مرغی کے انڈوں کے چھلکے نمک کے پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو رکھیں، پھر پانی سے مل کر خوب دھوئیں، تاکہ اندرونی جھلی دور ہو کر چھلکا صاف ہو جائے۔ اس کے بعد ایک چینی کے برتن میں ڈال کر تین انگل اوپر تک لیموں کا رس ڈالیں، جب لیموں کا رس خشک ہو جائے تو کوزہ گلی میں بند کر کے گل حکمت کر کے اور گجپٹ (ایک ہاتھ یعنی دو فٹ چوڑا اور گہرا گڑھا کھود کر) کی آگ دیں۔



مقدار خوراک دو رتی سے تین رتی تک مکھن یا بالائی میں دیں، اوپر سے گائے کا نیم گرم دودھ پلائیں۔

عورت کو سفید پیلا پانی بیماریوں کا گھر ہے۔ پتھر دل اصلی 4 رتی صبح شام آب آملہ سے ایک ماہ تک دیں۔ ہزار دل علاج فیل ہو سکتے ہیں، مگر یہ قدرتی علاج کبھی فیل نہیں ہوتا، بدن میں طاقت، خوبصورتی میں چار چاند لگ جاتے ہیں۔ گویا جوانی واپس آ جاتی ہے۔ آزما کر دیکھ لیں۔

# سفید پانی آنا

## زود اثر نسخہ:

موچرس 25 گرام، ڈھاک کا گوند 25 گرام، اندر جو شیریں 12 گرام، اسگند 2 گرام، مازو جلا ہوا 3 گرام، شکر 75 گرام۔ تمام دواؤں کو پیس کر شکر میں ملا لیں۔ 6 گرام، پانی کے ساتھ دن میں دو بار لیں۔ مرض کے لیے شافی ہے۔

## ببول کی پھلی کا کرشمہ:

ببول کی پھلی بقدر ضرورت خشک کر کے سفوف بنا لیں۔ 6 گرام، پانی کے ساتھ دن میں دو بار لیں افاقہ ہوگا۔

## املی کے بیج کی گری سے علاج:

املی کے بیج کی گری (بھنی ہوئی) 30 گرام باریک سفوف بنا لیں۔ ایک گرام پانی کے ساتھ دن میں دو یا تین بار لیں۔

## سفوف سنگھاڑا:

سنگھاڑا خشک 20 گرام، موصلی سیمبل 20 گرام، شکر 40 گرام۔ باریک سفوف بنائیں اور شکر ملا کر رکھ لیں۔ 6 گرام دن میں دو بار پانی کیساتھ لیں آرام ملے گا۔

لیکوریاں سے چھٹکارا:

صدف سوختہ (سیپ جلی ہوئی) 30 گرام باریک سفوف بنالیں۔آدھا گرام دودھ کے ساتھ دن میں دوبار لیں۔بیماری سے نجات حاصل ہوگی۔

اسقاطِ حمل کے لیے مفید چٹکلہ:

پھول سپاری 25 گرام، گل پستہ، گوند ڈھاک ہر ایک 40 گرام، کشتہ قلعی، کشتہ مرجان ہر ایک تین گرام، کشتہ عقیق ڈیڑھ گرام، چینی 100 گرام۔سفوف بنائیں اور دو دو گرام صبح وشام دودھ گائے کے ساتھ کھلائیں۔یہ سیلان الرحم اور اسقاط حمل کے لیے مفید ہے۔

سیلان الرحم کے لیے گل پستہ کا حلوا:

گل پستہ 6 ماشہ، قند سفید 2 تولہ، روغن زرد 2 تولہ، نشاستہ 2 تولہ ہر روز حلوا بنا کر استعمال کریں، ایک ہفتہ تک ترشی اور گرم اشیاء سے پرہیز کریں۔فائدہ حاصل ہوگا۔

سیلان الرحم کے لیے ایک اور اکسیری نسخہ:

پانی کا جالا جو سبز رنگ کا ہوتا ہے۔لیکر خشک کرکے باریک کرلیں اور قدرے پرانا گڑ ملا کر خوب گھوٹ کر بقدر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔ایک گولی صبح اور ایک گولی شام کو صرف پانی سے دیں۔ایک سے دو ہفتے تک کافی ہے۔یہ نسخہ سیلان الرحم کے لیے اکسیر ثابت ہوا ہے بارہا کا آزمودہ ہے۔

سیلان الرحم کی زود اثر دوا:

کچھوے کی کھوپڑی کو 20 سیر اوپلوں کی بند آگ میں جلالیں، سرد ہونے پر نکالیں۔برنگ سفید نکلے گی۔اگر سفید نہ ہو تو دوبارہ آگ دیں تاکہ سفید شگفتہ ہوجائے پھر باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔سیلان الرحم کے لیے دو رتی ہمراہ شربت صندل صبح وشام موسم سرما میں دودھ کے ساتھ کھلائیں۔پندرہ یا تیس دن تک استعمال کرائیں۔سیلان الرحم کی زود اثر دوا ہے۔



پرانے سے پرانا مرض دور کرنے کی دوا:

کوڑی زرد ایک سیر لیکر ہر کوڑی میں ایک رتی فیون خالص ڈال کر کوڑی کے سوراخ میں سہاگہ خام جو بھیڑ کے دودھ میں حل کیا گیا ہو لگایا جاوے اور قدرے کوڑی کی اردگرد بھی لگادیں۔کوزہ گلی میں گل حکمت کرکے مع الشرائط چار سیر اوپلوں کی آگ دیں۔سرد ہونے پر نکال کر پیس لیں، دوا تیار ہے۔ایک رتی مکھن یا بالائی سے کھلائیں۔سیلان الرحم کے لیے اکسیر سے کم نہیں۔ایک ہفتہ کے استعمال سے پرانے سے پرانا مرض دور ہو جاتا ہے۔انشاءاللہ العزیز۔

لیکوریا کا مرض دور:

اسگند کی جڑ کا سفوف دو چھٹانک، طباشیر تین تولہ، ست گلو ایک تولہ، کہربا شمعی چھ ماشہ۔اسگند کی جڑ کو باریک کرکے چھان لیں اور تمام چیزوں کو کھرل کرکے کپڑ چھان کریں باقی تمام چیزوں کے ہم وزن قند سفید ملائیں۔صبح سویرے نہار منہ 6 ماشہ دودھ کے ساتھ کھائیں لیکن جب دوائی کھائیں تو کھڑے ہوکر کھائیں۔دنوں میں مرض دور ہوگا۔کھٹی، تیل کی اشیاء، بڑا گوشت اور لال مرچ نہ کھائیں۔

لیکوریا کے لیے حلوا کا نسخہ:

سپاری دکنی پانچ تولہ، سونٹھ تین تولہ، دونوں کو کوٹ کر ایک سیر دودھ میں جوش دیں، جب دودھ کا کھویا بن جائے، تو اس کو گھی میں بھونیں، اس کے بعد گیہوں کا آٹا ایک پاؤ، سنگھاڑے کا آٹا دس تولے، گائے کے گھی میں بھونیں، پھر سب کو چینی سفید آدھ سیر کے قوام میں ملا کر حلوا بنائیں، آخر میں مائیں خورد، مائیں کلاں، پھول سپاری گوند ڈھاک، گوند کیکر، تال مکھانہ، گل دھاوا، بیج بند، مغز تخم، املی ہر ایک دو تولہ، مازو سبز دو عدد، جائفل، جاوتری، لونگ، زعفران ہر ایک چار ماشہ کو کوٹ چھان کر شامل کریں۔

خوراک دو تولہ، یہ حلوا بنا کر صبح نہار منہ کھا کر اوپر سے ایک پاؤ نیم گرم دودھ

پئیں۔مجرب نسخہ ہے۔

سیلان کے لیے لاجواب گولیاں:

مغز تخم ہندی، سمندر سوکھ، مازو، تینوں کو خوب باریک کر کے نخود کے برابر گولیاں بنائیں، ایک ایک گولی گائے کے نیم گرم دودھ سے دیں سیلان کے لیے بہت مفید ہے۔

سیلان رطوبت کا سفوف:

گل سپاری، گل پستہ، گوند ڈھاک تخم، سرو الی ہر ایک چار تولہ، اسگندھ ناگوری، اندر جو شیریں ہر ایک دو تولہ، کشتہ قلعی و مرجان ہر ایک تین ماشہ، کشتہ عقیق $\frac{1}{2}$ ایک ماشہ چینی سفید 8 تولہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں، خوراک ایک سے دو ماشہ ہمراہ دودھ گائے صبح شام کھلائیں ہر قسم کے سیلان رطوبت کو روکتی ہے۔استقاط حمل اور بچے پیدا ہو کر مر جانے کے لیے بھی مفید ہے۔آزما کر دیکھ لیں۔

لیکوریا سے دو خوراکوں سے آرام:

کشتہ بیضہ مرغ 4 رتی، کیلشیم لیکٹ ایک ماشہ دن میں دو خوراکیں ہمراہ آب تازہ

ببول کی پھلی کا سفوف:

سپاری چکنی ڈلی دس تولہ کو کوٹ کر دو سیر گائے کے دودھ میں ڈال کر آگ پر پکائیں۔پھر اس میں مائیں خورد پانچ تولہ مرکی کلاں پانچ تولہ، کمرکس پانچ تولہ، مصری دس تولہ سفوف کر کے ملائیں سرد ہونے پر اتار لیں اور چھ ماشہ صبح اور شام گرم دودھ سے دیں۔ دو ہفتہ میں آرام آجاتا ہے۔یا ببول کی پھلی (جس میں بیج نہ پڑا ہو) سفوف بنا کر دو گرام دن میں دو بار لیں۔آرام سے راحت ملے گی۔

سیلان کا آزمودہ نسخہ:

مغز تخم تمر ہندی، کونپل درخت ڈھاک، کونپل درخت کیکر، صندل سفید، مصطگی



رومی، پھول گلاب، ہموزن کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ خوراک 2 سے 3 گرام ہمراہ عرق گلاب دیں۔آزمودہ نسخہ ہے۔

خون کی کمی کا نسخہ:

کمی خون سے ہو تو صبح و شام کشتہ خبث الحدید یا کشتہ فولاد ایک رتی، دواء المسک معتدل جواہر والی 5 گرام میں ملا کر کھلائیں، عصبی کمزوری سے ہو تو صبح و شام کشتہ قلعی دو رتی، معجون سپاری پاک 7 گرام میں کھلائیں۔

کشتہ مرجان خاص:

بڑے ناگپوری سنگترہ کے درمیان میں مرجان دس گرام پیوست کرتے ہوئے بھر دیں اور اوپر لال مٹی سے ایک انچ کی تہ کی کپڑمٹی کر کے گولہ بنا کر خشک کریں۔خشک ہونے کے بعد چار پانچ گولہ مذکور پانچ کلو اپلوں کے بیچ رکھ کر گڑھے میں آنچ دیں۔دوسرے دن صبح کو سرد ہونے پر نکال کر کشتہ پیس کر رکھ لیں۔اس عمل سے سلیٹی رنگ کا کشتہ ہلکا سرمئی حاصل ہوگا۔بمقدار دو چاول تک ایک رتی استعمال کریں۔مفید پائیں گے۔

دوا سیلان الرحم:

سپاری چکنی ڈھلی 100 گرام کو کوٹ کر دو کلو گائے کے دودھ میں ڈال کر آگ پر چڑھائیں اور دھیمی دھیمی آگ پر پکائیں۔جب دودھ خشک ہو کر سفوف باقی رہ جائے۔تو مائیں کلاں، مائیں کورد، کمرکس ہر ایک 50 گرام مصری 200 گرام کوٹ چھان کر آگ پر ہی گرم گرم میں ملائیں اور سرد ہونے پر محفوظ رکھیں۔چھ گرام صبح اور چھ گرام شام ہمراہ دودھ نیم گرم دیں۔اور مریضہ کو علیحدہ کمرے میں سلائیں۔

سیلان کا زود اثر نسخہ:

پھول پستہ، پھول سپاری، چھالکا بیرون پستہ، مجیٹھ، پھول دھاوا ہر ایک 4 گرام، ثعلب، آرد مونگ بریاں، مصطگی رومی ہر ایک 3 گرام، مصری ہموزن، سفوف بنائیں۔دو

گرام ہمراہ عرق گلاب دیں۔

### درخت بکائن کے پھل کی سحر انگیزی:

درخت بکائن کے پھل (دھرکونے) ہم وزن کھانڈ کے ہمراہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور چھ ماشہ صبح ماشہ شام کو لوہا بجھائے ہوئے پانی کے ساتھ استعمال کرائیں، تو رحم سے سیلان رطوبت بند ہو جاتا ہے۔

### جو کے ستو سے رحم کا درد دور

مصری یا گڑ کے شربت میں جو کے ستو گھول کر پلانے سے رحم کا درد دور ہو جاتا ہے۔

### السی کے بیجوں سے علاج:

السی کے بیجوں کا لعاب یا جوشاندہ پلانا درد رحم میں عجیب الاثر ہے اگر السی کو بہت سے پانی میں جوش دے کر مریضہ کو آب زن کرایا جائے یعنی نیم گرم پانی میں کمر تک بٹھایا جائے تو اس درد کا بہت جلد ازالہ ہو جاتا ہے۔

### میتھی کے بیجوں کا کی کرامات:

میتھی کے بیجوں کا جوشاندہ پینا درد رحم ہی کو دور نہیں کرتا بلکہ اس سے حیض و نفاس کا خون بھی کھل جاتا ہے اور اندام نہانی و رحم میں آماس (سوج) پیدا ہو گیا ہو تو وہ بھی تحلیل ہو جاتا ہے۔ درد سے نجات ملے گی۔

### رحم کا تشنج اور اکڑاؤ زائل:

تازہ مکھن رحم میں رکھنے سے بھی درد عموماً ساکن ہو جاتا ہے۔

گھی کو ذرا گرم کر لیں اور اس میں روئی کا پھایہ خوب تر کر کے رحم میں رکھ دیں۔ پھر ہر ایک یا دو گھنٹے بعد پھایے کو بدل دیا کریں اس تدبیر سے بھی درد رفع ہو جاتا ہے۔ اور رحم کا تشنج اور اکڑاؤ زائل ہو جاتا ہے پُراثر دوا ہے۔



### ورم رحم کی شرطیہ دوا

ابتدائے ورم میں مسور مسلم پانی میں پکا کر ذرا سا تیل یا گھی ڈال کر پیس لیں اور بار بار ضماد کرتے رہیں۔ ورم تحلیل ہو جائے گا۔ پُراثر دوا ہے۔

### ہرنولی کے سبز پتوں سے آرام:

رحم کی گردن میں سوزش ہو جاتی ہے اور بعض اوقات وہ اپنی جگہ سے ہٹ جاتا ہے۔ اس کو رحم کا ٹلنا یا طبی نام ورم رحم کے نام سے پکارا جاتا ہے۔ وجہ رحم پر چوٹ لگنا، رحم میں تیز دواؤں کا رکھنا، سوزاک، آتشک زیادہ جماع حیض کے دنوں میں سردی کا لگنا، اسقاط و غیر فطری طریقہ پر جماع کرنا وغیرہ پیڑو اور کمر میں درد بدن میں تھکان چلنے پھرنے اور جماع کے وقت تکلیف رحم سے رطوبت خارج ہوتی ہے۔ شدت مرض میں بخار اور لرزہ و پیشاب رک جاتا ہے۔ ارنڈ یعنی ہرنولی کے سبز پتے کوٹ کر کپڑے میں ڈال کر نچوڑ لیں اور اس میں سے جو پانی نکلے اس میں روئی کا پھایہ تر کر کے اندام نہانی کے اندر رکھوائیں۔ اس سے دو یا تین روز میں آرام ہوگا۔

### برگد کے چھلکے سے ورم رحم کا آسان علاج:

برگد کا چھلکا سایہ میں خشک کر کے باریک پیس لیں۔ اور اس سے نصف دیسی کھانڈ ملا کر رکھیں اور روز صبح و شام چھ چھ ماشہ ہمراہ گرم دودھ دیں۔

## سلارہ کے بیجوں سے خون کا اخراج بند

کئی بار عورتوں کو اتنی کثیر مقدار میں خون کا اخراج ہونے لگ جاتا ہے۔ جس سے اس کی موت تک کا خطرہ ہوتا ہے۔ اس مرض کو استحاضہ یا سیلان خون بھی کہتے ہیں۔ تخم سر والی نہایت چھوٹے چمکیلے چپٹے بیج ہوتے ہیں۔ جسے پنجابی میں سلارہ کہتے ہیں۔ ان کو جلا کر راکھ بنا لیں اور پیس کر رکھ لیں۔ مقدار دو سے چار ماشہ یہ دوا دہی کی لسی یا چھاچھ کے ساتھ صبح و شام کھلائیں۔ مکمل طور پر آرام حاصل ہوگا۔

باب۔7

# آتشک

## آتشک کا یونانی علاج

آتشک کا مواد غلیظ اور زیادہ ہو تو منضج و مسہل ضروری ہے۔ شاہترہ چھ ماشہ، چرایتہ چھ ماشہ، سرپھوکہ، منڈی، ہرڑ سیاہ، صندل سفید موسم گرما میں ورنہ عشبہ مغربی ہر ایک سات ماشہ، عناب پانچ دانہ، رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح مل چھان کر 21 روز تک پلائیں، اس کے بعد مطبوخ ہفت روزہ کا مسہل سات روز دیں۔ بعد ازاں شربت صندل دو تولہ، شربت عناب چار تولہ، عرق مصفی خون دس تولہ میں ملا کر بطور تبرید صبح و شام پلائیں، آتشک کے علاج میں کشتہ سنکھیا یا کشتہ پارہ یا کشتہ شنگرف کا استعمال بھی مفید ہے۔ شفا حاصل ہو گی۔

## لال مرچوں سے پرانی آتشک کا علاج

یہ ترکیب پرانی آتشک میں بہت مفید ہے۔ لال مرچوں کے بیج لے کر کوئلوں پر ڈالیں اور مریض کو برہنہ کر کے اس کی دھونی دیں مگر بخور کرتے وقت اس کے چہرہ ناک اور آنکھوں کو بچائیں۔ اس سے آتشک کا زہر دب جاتا ہے اور دو چار روز میں زخم ٹھیک ہو جاتے ہیں۔

ابتدائے آتشک میں جو کا آٹا ہرے دھنیے کے پانی میں گھول کر (پھنسیوں) پر لیپ کرنا مفید ہے۔ چند روز میں آرام آ جاتا ہے۔

## آتشک کے پراثر نسخہ سے مختلف بیماریوں کا علاج

رسکپور 3 ماشہ، پارچکنا 3 ماشہ، نیلا تھوتھا 3 ماشہ تینوں کو ہم وزن ملا کر لیموں کے عرق 5 تولہ میں کھرل کر کے گولی بنا لیں۔ اور ایک آدھ سیر وزن کا مینڈک لے کر اس



...یں (آلائش سے پاک کر کے) بھر دیں۔ اور اچھی طرح پیٹ کو سی کر اور اس کے اوپر آٹا ...اش کا لیپ کر کے گھی میں تلیں۔ اسی طرح تین چار دفعہ کریں۔

مینڈک کا گوشت پکا ہوا ضائع نہ کریں۔ دوائی کو الگ پیس کر اس میں منقہ ڈال کر مسور کے برابر گولیاں بنا کر رکھیں۔ سویرے حلوہ کھلا کر اوپر سے ایک گولی ہمراہ گھی کھلا دیں۔ تین دن میں تمام زخم صاف ہو جائیں گے اسی طرح وہ گوشت کی گولیاں اس کے بعد دس یوم ہمراہ دودھ کھلاتے رہا کریں اور دیگر خارش۔ چنبل۔ سوزاک۔ سرخ باد۔ رحم کے پھوڑ۔ ورم کے لیے گوشت کی گولیاں مفید ہیں۔ ہر بیماری سے نجات مل جائے گی۔

# آتشک کے چند آزمودہ نسخے

زوداثر کا نسخہ:

جا لگوٹہ مدبر 11 عدد، بھلادہ گلدار 11 عدد، نارجیل کہنہ 2 تولہ، قند سیاہ 2 تولہ کنجد سیاہ 2 تولہ، سیماب 3 ماشہ، اجوائن دیسی تولہ اجوائن خراسانی 2 دو تولہ، ان تمام ادویات کو سوا لاکھ ضرب لگا کر حبوب بمقدار نخود تیار کریں، خوراک ایک گولی ہمراہ آب باسی، یہ نسخہ ایک ہفتہ میں کرشمہ خداوندی دکھائے گا۔

آتشک کے لیے آزمودہ نسخہ:

رسکپور 6 ماشہ، دار چکنہ 6 ماشہ، کتھ سفید ایک تولہ، کمیلہ سرخ ایک تولہ رسوت مصفی 5 تولہ، عرق گلاب 10 تولہ، تمام اشیاء کو عرق گلاب میں کھرل کر کے سفوف بنا لیں، مقدار خوراک ایک چاول احتیاط سے استعمال کرائیں۔ تاکہ دوا دانتوں میں نہ لگنے پائے، غذا صرف بیسن کی روٹی جو کہ گھی سے اچھی طرح مرغن ہو۔

رس کپور سے تیار گولیاں

رسکپور 7 ماشہ، شنگرف 7 ماشہ دونوں کو بھیڑ دودھ پاؤ پختہ میں کھرل کر کے گولیاں

بمقدار کوکن بیر تیار کریں، مقدار خوراک ایک حب بوقت صبح پنیر میں لپیٹ کر نگل لیں اور اوپر سے روغن زرد چھٹانک بھر گرم کر کے نوش کریں، غذا روٹی گندم و روغن زرد، پرہیز از ترشی و شیرینی۔

## مردہ سنگ سے تیار لاجواب گولیاں:

مغز جمالگوٹہ بلا مدبر 5 دانہ، مردہ سنگ 6 ماشہ، قند سیاہ پورانہ بقدر ضرورت اور جمالگوٹہ کے چھلکے اور پتہ علیحدہ کریں، پھر مردہ سنگ پیس کر قند سیاہ میں ملا دیں، تین عدد گولی بنا دیں، ایک گولی ہمراہ قہوہ بنفشہ 7 ماشہ دیویں، پھر ایک یوم درمیان وقفہ کے کر تینوں حب کھلا دیں، غذا، دودھ چاول۔

## تالو میں سوراخ کی پُر اثر دوا:

اجوائن دیسی ایک تولہ، اجوائن خراسانی ایک تولہ، اجمود دو تولہ، مرداسنگ دو تولہ کو تھوڑا سا پانی اٹ سٹ بوٹی کا نکال کے کھرل کریں، جب خشک ہو جائے تو باقی اشیاء خوب کوٹ کر کپڑ چھان کر کے ملا کر قند سیاہ میں مل کے ان سے ادویات کی 8 گولیاں تیار کریں۔ خوراک ایک گولی صبح کھلائیں، چاولوں کی پیچ سے کھانے کے لیے غذا دودھ چاول بلا نمک کے روٹی گندم بلا نمک گھی کر کھلائیں اور مریض کو دن بھر سونے نہ دیویں، اس دوائی سے مریض کے منہ سے رال کی طرح پانی نکل کر بہے گا اور اس پانی سے منہ نہیں آتا اور اگر آتشک سے تالو میں سوراخ ہو گیا ہو تو اس دوائی سے خدا کے فضل و کرم سے بالکل درست ہو جائے گا۔ آزمودہ علاج ہے۔

## گندھک آملہ سار اور آتشک:

پارہ 2 مثقال، گندھک آملہ سار 2 مثقال، عقر قرحا 2 مثقال سم الفار ایک دانگ، اول پارہ اور گندھک کو خوب کھرل کریں۔ بعد میں گولیاں بقدر مونگ تیار کریں۔ استعمال سے دو دن پہلے مسہل جمالگوٹہ کی گولی کا دینا چاہیے، خوب کھل کر مسہل ہوں۔ پھر دو گولیاں



صبح کے وقت شوربہ چوب سے استعمال کریں اور شام کو گوشت بکرا کے ہمراہ استعمال کریں۔ انشاء اللہ آتشک سے جلد آرام ملے گا۔

## عرق عشبہ مرکب سے آتشک کا علاج:

عرق عشبہ مرکب سے آتشک کا علاج:

عشبہ مغربی 30 تولہ، برادہ چوب چینی، برادہ چوب شیشم ہر ایک 20 تولہ، گل نیلوفر گل بنفشہ، گاؤ زبان، گل نیم، گل سرخ، شاہترہ، چرائیتہ، منڈی، سرپھوکہ، خار خسک، منڈلین ہر ایک دس تولہ، چھلکا ہرڑ زرد، چھلکا بہیڑہ، چھلکا ہرڑ کابلی، برگ سناء، برگ مہندی ہر ایک پانچ تولہ۔ سب ادویہ کو پندرہ گھنٹے تک پانی میں رات کو تر کر کے کل پانی کا دو تہائی عرق نکال لیں۔ اس علاج سے آتشک سے چھٹکارا مل جاتا ہے۔

## لاجواب مرہم:

اس مرہم کے لگاتے ہی آتشک و جلن اور خارش وغیرہ دور ہو جاتی ہے۔ اور چند بار لگانے سے زخم بھی دور ہو جاتے ہیں۔۔۔۔ کتھ گلابی، رال سفید ایک ایک تولہ باریک پیس کر پانچ تولہ مکھن گائے میں جو ایک 100 بار دھلا ہوا ہو۔ مرہم تیار کر لیں۔ اور دونوں وقت زخموں پر لگائیں۔

## ستیاناسی بوٹی سے بیماری جڑ سے دور:

چھلکا ستیاناسی بوٹی یعنی ستیاناسی بوٹی کا چھلکا ایک تولہ، مرچ کالی پانچ عدد، آدھ بریانی میں بطور سردائی گھوٹ چھان لیں اور چار تولہ شہد خالص ملا کر پلایا کریں، انشاء اللہ چند دنوں میں ہی بیماری جڑ سے دور ہو جائے گی۔

## مرہم سفیدہ کا عجیب الاثر نسخہ:

آتشک کی جراحت کو مندمل کرنے اور سوزش کی تسکین کے لیے از حد مفید ہے:

سفیدہ کاشغری، مردار سنگ ہر ایک 5 گرام، روغن گل 20 گرام، کتیرا 3 ماشہ، افیون ایک ماشہ، رسونت ایک گرام، کافور 2 ماشہ، موم سفید 5 گرام، لعاب بہدانہ 2 ماشہ، سفیدی

بیضہ مرغ ایک عدد پہلے روغن گل اور موم گلا کر آگ سے اتار لیں پھر دوائیں باریک شدہ داخل کریں اور لعاب بہدانہ اور انڈے کی سفیدی ڈال کر مرہم بنائیں۔

## عظیم نسخہ سے مرض زائل:

رسکپور، کتھ، آملہ سار ہر ایک 2 تولہ تینوں کو جدا جدا باریک کر کے پانچ لیموں کے پانی میں کھرل کریں جب خشک ہو جائے تو ایک دن گھیکوار کے پانی میں کھرل کریں۔ پھر بقدر کناز جنگلی کے گولیاں بنا دیں۔ ایک گولی ہمراہ مکھن یا ملائی کے کھایا کریں۔ انشاء اللہ تیسرے روز تک بین فائدہ نمودار ہوگا ورنہ ہفتہ یا 5 روز تک تو بالکل خدا کے فضل سے مرض زائل ہو جائے گا۔

## جب آتشک کراماتی گولیاں:

شنگرف ایک تولہ پوست کچنال 4 تولہ، پوست ببول دو تولہ، گیرو ایک تولہ سب کو لوہے کے ہاون دستہ میں کوٹ کر گولیاں جنگلی بیر کے برابر بنائیں۔ ایک گولی حقہ میں پلا دیں۔ ایک ہفتہ میں مرض جڑ سے ختم ہوگا۔ گھی روز استعمال کرائیں۔ پرہیز ترشی ہر قسم لال مرچ، دہی، نمک دودھ، مباشرت۔

## آم کے زرد پتوں سے علاج:

اگر مریض آتشک کے تالو میں سوراخ ہے اور کھاتے پیتے وقت آب وغذا ناک کی راہ خارج ہونے لگے تو آم کے زرد پتے توڑ لائیں اور سائے میں خشک کر کے موٹا کوٹ لیں۔ پھر حقے میں تمباکو کی جگہ بھر کے کش لگائیں۔ ایک ہفتہ میں آرام ہو جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ العزیز۔

## ہر قسم کی آتشک سے آرام:

سم الفار سفید ایک تولہ، رسکپور دو تولہ، توتیا سبز چھ ماشہ، کتھ سفید، مصری کوزہ ہر ایک دو تولہ تین دن صلایہ کر کے پانی کی مدد سے کالی مرچ کے برابر گولی بنا کر بعد غذا



ایک گولی صبح اور ایک شام پانی سے دیں، ہر قسم کی آتشک کو مفید ہے۔

## جمال گوٹہ سے مرض دور:

فلفل سیاہ مغز کرنجوہ جمالگوٹہ مدبر، زنجبیل ہر ایک 5 ماشہ بقدر نخود گولیاں بنائیں اور 5 گولیاں ہمراہ آب گرم کے کھائیں اور تیسرے پہر کو کھچڑی ڈال کر کھائیں ایسا ہی تین دن فاصلہ ڈال کر پھر گولیاں کھائیں۔

## مرض کو جڑ سے اکھیڑنے کا نسخہ:

مغز جمال گوٹہ مدبر، نیلہ تھوتھا، کنگی ہر ایک ایک ماشہ تین گولیاں بنا دیں اور ہر روز ایک گولی ہمراہ اچار آم کے کھاویں۔ تین چار دست اور تین چار تے آدیگی اور تین روز تک انشاء اللہ مادہ مرض کا بیخ سے اکھڑ جائے گا اور کسی دوسری دوا کی ضرورت نہ رہے گی۔

## مادہ آتشک کا لاجواب نسخہ:

مغز جمالگوٹہ مدبر کتیرا، گل سرخ، کتھ سفید ہر ایک ایک تولہ سب دواؤں کو ملا کر گولیاں بنا رکھیں۔ حسب مادہ منضج دے کر پہلے دن 4 رتی ہمراہ شربت مصری کے گلاب ملا کر دیں۔ اوپر سے امداد کے لیے عرق گلاب پلائیں۔ دست خوب آئیں گے جب دست بند کرنے مطلوب ہوں تو عرق کیوڑہ پلا دیں اور دوسرے روز تبرید شربت نیلوفر عرق بید مشک سے کریں۔ دو تین روز کے بعد پھر یہی دوا دیں۔ اسی طرح تین چار مسہل کا استعمال کرنے سے مادہ آتشک اللہ کی مہربانی سے دفع ہو جائیگا۔

## آتشک کے لیے مجرب نسخہ:

رسکپور 6 ماشہ، نارجیل دریائی 4 ماشہ، کیلی چکنی 4 ماشہ، کتھ سفید 4 ماشہ، جائفل 4 ماشہ، سب کو سفوف کر کے ٹھنڈے پانی میں بقدر دانہ نخود حبوب بنا کر سایہ میں خشک کریں، اور 2 گولی صبح 2 شام ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔

## آتشک کے آبلہ کا علاج:

دار چکنا 3 سرخ، رسکپور 3 سرخ طباشیر 3 ماشہ، دانہ الائچی خورد 3 ماشہ، زعفران قسم اول 2 ماشہ، سرخ قرنفل 8 عدد۔ کھرل میں باریک پیس کر مویز منقے 5 عدد ملا کر گولیاں بقدر دانہ کرسنہ بنالیں۔ 2 گولی ہمراہ آب تازہ 7 یوم تک استعمال کریں۔ غذا شوربا گوشت ہمراہ نان گندم۔ ترشی، دودھ، دہی اور دال مونگ سے بہتر ہے کہ پہلے کسٹر آئیل پئیں تاکہ طبیعت صاف ہوجائے۔ بعد دوائی کھائیں۔

## آتشک کا قلع قمع:

منضج اور مسہل دے کر دس گیارہ دن بعد گولیاں بنا کر کھلائیں۔ پوست بیج کسوندی، چرائتہ، منڈی گل نیم، سیاہ مرچ، مساوی لے کر کوٹ چھان کر پانی یا پان کے پانی میں گولیاں چنے کے برابر بنالیں، صبح دو گولیاں ہمراہ تازہ پانی یا عرق شاہترہ اور شربت عناب کے دیں۔ انشاء اللہ حکمی فائدہ ہوگا۔ بلا ضرر مجرب المجرب نسخہ ہے۔ آتشک کے واسطے مفید ثابت ہوئی ہے۔

## نیا سوزاک سے آرام:

مولی کوٹ کر پانی نکالیں۔ یہ پانی 3 چھٹانک ہو اس میں 3 ماشہ قلمی شورہ ملا کر مصری سے قدرے میٹھا کر کے صبح و شام ہی لینے سے ایک ہفتہ میں نیا سوزاک ختم ہوجائے گا۔

## جوہر رسکپور سے آتشک کا علاج:

آتشک، جزام، بھگندر، گنٹھیا، بواسیر کے لیے نہایت مفید ہے۔ آتشک کے لیے ایسے بیماروں کو بھی آرام آجاتا ہے۔ جن کی ہڈیاں گلنی شروع ہوگئی ہوں۔ سم الفار، رسکپور، دار چکنا، ہر ایک پانچ تولہ، شراب برانڈی قسم اول میں خوب کھرل کر کے بطریق معروف جوہر اڑائیں، مقدار خوراک آدھ سے ایک چاول۔ یہ جوہر منقی کی گٹھلی کے بجائے رکھ کر



گولی سی بنالیں اور دودھ کے ساتھ بغیر چبائے نگل جائیں تاکہ دوا دانتوں کو نہ لگے۔ بارش سے بھیگنے سے بچیں، گندم کی روٹی چوری اور گھی خوب استعمال کرائیں۔ ترش و بادی اشیاء سے پرہیز کریں۔ ہر ہفتہ استعمال کے بعد دو دن دوا بند رکھیں۔

## اکسیری ریٹھا:

ریٹھا کو کوئلوں میں رکھ دیں۔ جب جل جائے تو آہستگی سے نکال کر کسی برتن میں بند کر دیں۔ جیسا کہ عموماً کوئلوں کو دم کیا جاتا ہے۔ جب سرد ہو جائے تو نکال کر باریک کر کے رکھ لیں۔ مریض کو تین رتی پہلے دن مکھن میں رکھ کر کھلائیں۔ غذا میں نمک نہ دیں، دوسرے دن چار رتی علیٰ ہذا ایک رتی روزانہ بڑھاتے جائیں۔ ایک ماشہ پر پہنچ کر دو تا تم کر دیں۔ آتشک تو چند روز میں ہی دور ہوگا۔ مگر خون کی اصلاح کے لیے کم از کم دو یا چار روز اسی طرح چھوڑیں۔ ناغہ کے دنوں میں کسی دوا سے تنقیہ ضرور کرایا کریں۔ صرف چھلکا کو استعمال میں لائیں۔

## اصلاح خون کے لیے مفید نسخہ:

چھلکا ریٹھا کو دھوپ میں خشک کریں اور سفوف بنالیں، ہر روز ایک رتی مکھن میں دیں۔ ایک ہفتہ میں آتشک کو فائدہ ہوگا۔ اصلاح خون کے لیے مفید ہے۔

## باب۔8

# مردانہ امراض مخصوصہ

### سوزاک کا یونانی علاج: GONORRHOEA

شروع میں مرض میں تخم خیارین، تخم خربزہ، خارخسک تین ماشہ پانی میں بھگو کر شیرہ نکال کر شربت بزوری چار تولہ شامل کرکے پلائیں۔ پوست فالسہ شکری ایک تولہ رات کو پانی میں بھگو رکھیں۔ صبح چار تولہ شربت بزوری ملا کر پلائیں۔ بیرونی طور پر چھلکا ہرڑ زرد، چھلکا بیرو، آملہ خشک ہر ایک چھ ماشہ، رات کو پانی میں بھگو رکھیں، صبح کو نیم گرم کرکے پچکاری کریں۔

### نئے اور پرانے سوزاک کا سفوف:

طباشیر چھ ماشہ، الائچی خورد چھ ماشہ، ست بروزہ چھ ماشہ، کباب چینی چھ ماشہ، چینی تین تولہ، سفوف تیار کریں اور تیل صندل (میسوری) سے چرب کرکے ایک سے دو ماشہ صبح و شام ہمراہ گائے دودھ دیں۔ نئے اور پرانے سوزاک کے لیے مفید ہے۔

### پرانے سوزاک کے لیے شربت بزوری

پرانے سوزاک کے لیے شاہترہ، چرائتہ، سرپھوکہ، منڈی، ہڑ سیاہ، عشبہ مغربی ہر ایک سات ماشہ عناب پانچ دانہ، رات کو گرم پانی میں بھگو کر مل چھان کر شربت بزوری چار تولہ ملا کر صبح پلائیں افاقہ ہوگا۔

### فائدہ مند مجرب نسخہ:

شورہ قلمی، جوکھار، ریوند چینی، سونف ہر ایک دو تولہ، چینی سفید آٹھ تولہ، کوٹ



چھان کر مناسب مقدار میں پلائیں فائدہ حاصل ہوگا۔

### اکسیر ثلاثہ:

آملہ دو تولہ، ہلدی دو تولہ، مصری چار تولہ، کوٹ چھان سفوف بنائیں۔ اس میں سے چھ ماشہ سفوف کھلا کر اوپر سے چار تولہ شربت بزوری پلائیں۔

### سوزاک کے ہر درجہ کے لیے بہترین نسخہ:

سرد چینی، چوب چینی، دانہ الائچی خورد، ریوند چینی، پھلی کیکر خام، لکڑی صندل سفید، دھنیائے چاول، ست بروزہ، قلمی شورہ، جوکھار ہر ایک ایک تولہ، کوٹ چھان کر روغن صندل اصلی دو تولہ ملا کر مقدار خوراک دو سے تین ماشہ ہمراہ دودھ گائے تازہ صبح کو کھلائیں۔ اور گودہ کنوار گندل کا سالن بنا کر کھلاتے رہیں۔ سوزاک کے ہر درجہ کے لیے مفید ہے۔ اور بہت فائدہ مند ہے۔

### اکسیر ستہ

شورہ قلمی، جوکھار، برگ مہندی، دانہ الائچی کلاں، ریوند چینی ہر ایک دس ماشہ، دھنیا خشک چھ ماشہ، سفوف کرکے اٹھارہ پڑیاں بنائیں۔ ایک روزانہ دیں انشاء اللہ شفا ہوگی۔

### پُراثر سرخ دوا:

سوزاک اور پیشاب کی جلن کے لیے مفید ہے۔ گیرہ ایک تولہ، پھٹکڑی سفید ایک تولہ، شکر خام دو تولہ، سفوف بنائیں، خوراک تین ماشہ مناسب بدرقہ سے کھلائیں۔ بے حد مفید نسخہ ہے۔

### سفوف سوزاک:

الائچی خورد، سنگ جراحت، جوکھار ہر ایک ایک تولہ، سفوف بنائیں اور چھ سے نو

ماشہ بکری کے دودھ کی کچی لسی کے ساتھ کھلائیں۔

## سوزاک کے لیے جادو اثر شربت

اینسوں، تخم کرنس ہر ایک سات ماشہ، پرسیاؤشاں، گل بنفشہ، گاؤزبان ڈیڑھ تولہ، خار خسک دو تولہ، کاہنج تین تولہ، مغز تخم خیارین پانچ تولہ، سب دواؤں کو ایک سیر پانی میں بھگوئیں، صبح کو اس قدر جوش دیں کہ آدھ سیر پانی رہ جائے، پھر اس میں شکر سفید آدھ سیر ملا کر شربت تیار کریں۔ مقدار خوراک تین سے چار تولہ پانی ملا کر پییں۔ گردہ و مثانہ کی آلائش کو صاف کرتا ہے اور سوزاک میں بھی مفید ہے اور بتدریج آرام ملے گا۔

## پیشاب کی جلن کا عرق:

سوزاک کے لیے ازحد مفید ہے۔ اس سے پیشاب کی جلن یا پیپ آنے کی شکایت رفع ہو جاتی ہے۔

سبز دھنیا کے پتوں کا پانی دس تولہ (سبز دھنیا نہ ملے تو خشک دھنیا پانچ تولہ رات کو ایک پاؤ پانی میں بھگوئیں، صبح جوش دے کر چھان لیں)، بعد اس میں برانڈی دو تولہ، روغن خالص میسوری چھ ماشہ ملا کر محفوظ رکھیں۔ مقدار خوراک ۹ ماشہ سے ایک تولہ صبح و شام سات دن دیں۔ اس کو تازہ بنا کر دیں۔ دل کو تراوٹ محسوس ہوگی۔

## پرانے سوزاک میں مفید

دال نخود نیم پاؤ بھگو رکھیں۔ جب پھول جائے تو نشاستہ کی طرح رگڑ کر سات سیر پانی میں ملائیں۔ صبح سے پینا شروع کریں اور چہل قدمی کرتے رہیں تا کہ شام تک وہ سات سیر پانی ختم کر لیں۔ رات کو خشکہ پلاؤ دوغ کے ساتھ کھائیں۔ انشاء اللہ صبح تک مرض کو آرام ہوگا۔ اگرچہ پرانا سوزاک ہو۔

## قلعی کشتہ کرنے کی ترکیب:

سلاجیت، لوبان سفید، بہروزہ مصفی ہر ایک ایک تولہ، موصلی سیاہ موصلی سفید



آملہ ہر ایک 6 ماشہ، کشتہ قلعی 3 ماشہ، مصری دو چندان صبح ہر روز ایک تولہ ہمراہ پانی سے کھایا کریں۔ اور قلعی کشتہ کرنے کی ترکیب یہ ہے کہ قلعی کو سات دفعہ آگ پر گائے کی لسی میں بجھائیں۔ پھر سات دفعہ آب برگ نیم میں بجھائیں۔ پھر پتے کر کے باریک کاٹ لیں اور ایک ٹاٹ لیں اور ایک ٹاٹ کی تھیلی میں ڈال کر دو سیر دودھک بوٹی کے نغدے میں داخل کر کے 10 سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ آگ سرد ہو جانے پر نکال کر نگاہ رکھیں۔

## دواء المساکین کا نسخہ:

منقول از مرۃ الشفاء شورہ قلمی نیم پاؤ کڑچھی میں ڈال کر آگ پر چڑھائیں اور نیم ماشہ گوگرد اس میں ڈالیں۔ جب گوگرد جل جائے تو نیم ماشہ اور ڈالیں جب وہ بھی جل جائے تو اتار کر نگاہ رکھیں ایک ماشہ یہ دوا لے کر ایک ماشہ مصری ملا کھائیں اور اوپر سے لسی گائے کی جتنی پی سکیں پی لیں پیشاب بہت آئے گا اور ادرار سے قرحہ صاف ہو جائیگا۔ پھر مندملات کا استعمال کریں بہت فائدہ حاصل ہوگا۔

شاہترہ، کشنیز خشک ہر ایک 9 ماشہ برگ مہندی 3 ماشہ پانی میں بھگو رکھیں۔ صبح صاف کر کے پی لیں۔

## پرانا سوزاک دور:

نسخہ مجرب کوکنار 5 ماشہ رال 7 ماشہ مصری 10 ماشہ باریک کر کے سات پڑیاں بنائیں۔ ایک پڑیہ ہر روز علی الصبح آب تازہ کے ہمراہ کھایا کریں۔ پرانا سوزاک اس سے دور ہو جاتا ہے۔

## پرانے سوزاک کا ایک اور نسخہ:

نقوع مجرب پرانے سوزاک کے لیے کشنیز خشک، بادیان ہر ایک 9 ماشہ، کوکنار، چار ماشہ جوکوب کر کے رات کو مٹی کے برتن میں ایک پاؤ پانی میں ڈال کر بھگو رکھیں صبح زلال لے کر پلائیں۔ 12 روز پینے سے پرانا سوزاک دور ہو جاتا ہے۔

**کم خرچ بالا نشیں:**

نسخہ کم خرچ بالا نشیں تخم خطمی، برنج ساٹھی، تخم بکائن، ہر ایک 2 تولہ مصری کا پھاہ تولہ سفوف کر کے ایک تولہ ہمراہ شیر گائے پیا کریں۔

**عجیب نسخہ:**

نسخہ عجیب شورہ قلمی، ریوند خطائی، الائچی خورد، جوکھار ہر ایک 10 ماشہ باریک کر کے 3 ماشہ شیر گائے کی لسی کے ہمراہ پیا کریں۔

**پرانے سوزاک کا فقیری نسخہ:**

گندہ بہروزہ مصفی 4 رتی، صابون 2 رتی، 6 رتی کی ایک گولی بنا کر کھلائیں۔ اس طرح چار پانچ دن کے استعمال سے پرانا سوزاک دفع ہو جاتا ہے۔ آزمانا ضروری ہے۔

**زود اثر ٹوٹکے:**

دانہ الائچی خورد، کباب چینی، مغز کول ڈوڈہ زیرہ سفید، پاپڑی کتھ، کھریا مٹی، قلمی شورہ ہر ایک 4 ماشہ، ست بہروزہ 9 ماشہ باریک کر کے سات پڑیہ بنائیں۔ ایک پڑی صبح اور ایک شام ہمراہ شیر گاؤ کے پیا کریں۔

طباشیر سفید، چھوٹی الائچی، ست گلو، کباب چینی، ہر ایک 2 ماشہ سفوف کر کے کھائیں۔ اور اوپر گائے کا دودھ پئیں۔ یہ جملہ وزن ایک خوراک ہے۔

**ایک معمولی چٹکلہ:**

دانہ الائچی بڑی 4 تولہ، شورہ قلمی 4 تولہ، دونوں کو خوب باریک پیس کر ملا لیں اور محفوظ رکھیں۔ مقدار خوراک: 9 ماشہ صبح 9 ماشہ شام تازہ پانی کے ساتھ کھلائیں۔ یہی معمولی سا چٹکلہ بارہا نہایت ہی مفید بلکہ اکسیر ثابت ہوا ہے۔



## سرمہ سے پرانا سوزاک دور

برادہ سینگ گائے، برادہ سینگ بھینس ہر ایک دو دو تولہ، ان دونوں برادوں کو ملا کر کپڑے پر پھیلا کر سخت بتی بنا لیں۔ اور پھر اس بتی کو روغن گل یا گل کے تیل سے تر کر کے چراغ میں جلا کر کاجل حاصل کریں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔ صبح و شام تین تین سلائی دونوں آنکھوں میں لگائیں۔ انشاء اللہ نیا اور پرانا سوزاک ایک ہفتہ میں چلا جائے گا۔ بہت مجرب ہے۔

## سوزاک کی عجیب دوا

یہ دوا پیشاب جل کر آنا، بند ہو جانا اور سوزاک کے لیے مفید ہے۔ پیپ آنے میں مفید ہے۔ پھٹکوی بریاں ایک حصہ گیرو مٹی، ایک حصہ مغز الائچی خورد ایک حصہ دیسی کھانڈ، دو حصہ علیحدہ علیحدہ پیس کر ملائیں۔ دو تین ماشہ دوا امراض سوزاک کے شروع میں اور کے پیشاب کی جلن دور کرنے کے لیے اس دوا کو مغز تخم خربوزہ، مغز تخم کھیرہ کو پانی میں گھوٹ کر اس کی سردائی سے کھلائیں۔ یہ عجیب دوا پراثر ہے۔

## دافع سوزاک کہنہ وجدید:

ست سلاجیت، ست گلو، شورہ قلمی، پھٹکوی بریاں کتھ سفید دانہ الائچی کلاں۔ جملہ ہموزن پیس کر محفوظ کر لیں۔ مقدار خوراک 1 ماشہ۔

## پیشاب کی جلن کے لیے بے نظیر دوا:

صفتہ مرجان کو جلا کر راکھ کر لیں۔ اس کی راکھ ایک سرخ پان میں رکھ کر کھلائیں۔ اور اوپر سے پاؤ سیر گائے کا دودھ پی لیا کریں۔

پیشاب کی جلن، ٹیس، خون و پیپ کے لیے بے نظیر ہے، جو آزمائے گا۔ بفضلہ تعالیٰ کبھی ناکام نہ رہے گا۔

### خون و پیپ کے تیر بہدف نسخے:

ست بیروزہ ایک تولہ، طباشیر، کبود ایک تولہ، الائچی خورد ایک تولہ، کباب چینی ایک تولہ، نبات سفید 4 تولہ، روغن صندل 2 تولہ، سے دواؤں کو مانند سرمہ کر کے روغن صندل ملائیں، بس تیار ہے، 2 ماشہ صبح شام ہمراہ شیر گاؤ میں، مناسب پرہیز کرائیں، انشاء اللہ فوری طور پر اکسیر بے نظیر ثابت ہوگا۔

O بیروزہ 2 تولہ مصفی باریک کر کے نرم آگ پر رکھیں، جب پگھل جائے آرد نخود بریاں مقشر ایک تولہ ڈال کر خوب ملائیں اور گولی بقدر چنے کے بنالیں، 2 گولی صبح 2 شام ہمراہ آب دہی دیں۔

O دار ہلد، ریوند چینی، ہلیلہ سیاہ مساوی لے کر سفوف بنائیں خوراک 6 ماشہ، ہمراہ شیر گاؤ، پاؤ پختہ بوقت صبح کھلائیں۔ فائدہ مند نسخے ہیں آزما کر دیکھ لیں۔

### خونی سوزاک کے لیے اکسیر:

اصل السوس مقشر 10 ماشہ، گل ٹیسو 2 ماشہ، برگ حنا 2 ماشہ، زیرہ سفید 2 ماشہ، ست سلاجیت 2 ماشہ، شورہ قلمی 2 ماشہ، جوکھار 2 ماشہ، دانہ الائچی خورد 2 ماشہ، کشتہ قلعی 2 ماشہ، ست بیروزہ 6 ماشہ، دال نخود بریاں 5 تولہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں، مقدار خوراک 9 ماشہ ہمراہ آب سرد۔ بہت فائدہ دے گا۔

## سوزاک کے لیے بے نظیر مجرب نسخے

برادہ نقرہ 2 تولہ، زاج سفید 5 تولہ، عرق گلاب پاؤ پختہ، پھٹکڑی و گلاب ملا کر کھرل میں حل کرنے کے بعد شیشی میں ڈالیں اور برادہ کھرل میں ڈال کر پھٹکڑی و عرق گلاب ملا کر کھرل میں حل کرتے جائیں۔ حتیٰ کہ تمام عرق جذب ہو جائے۔ سفید سفوف تیار ہوگا۔ مقدار خوراک 2 سرخ تا 4 سرخ۔ ہمراہ شیر۔

☆ خرمہرہ زرد، 7 عدد زرد کوڑیاں کو جلا کر پیس لیں۔ ان کی راکھ کی سات پڑیاں بنا



لیں۔ ایک پڑیا اس میں سے صبح کے وقت دہی کے پانی کے ساتھ کھلائیں۔ سات روز برابر اسی طرح کھاتے رہیں۔ غذا میں خشکہ، آب دہی کے ساتھ کھلائیں۔

☆ کباب چینی ایک تولہ، گیرو ایک تولہ دونوں کو باریک پیس لیں صبح کے وقت چھ ماشہ پانی کے ہمراہ پھانک لیا کریں۔

☆ صدف دریائی 5 تولہ، ثعلب مصری 5 تولہ، کوٹ کر گلاب خالص 10 تولہ میں کھرل کریں۔ جب مثل سرمہ کے باریک ہو جائے تو اس میں ایک ماشہ صبح کے وقت ہمراہ شیر گاؤ کھالیں سوزاک آہستہ آہستہ ختم ہو جائے گا۔

### سوزاک کے لیے مفید:

بابچی آدھ پاؤ، ہڑ سیاہ ایک پاؤ، کشتہ نیلا تھوتھا ایک تولہ، سب اجزاء کو دہی کے پانی کی مدد سے کھرل کر کے سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنالیں۔ ایک گولی روزانہ نہار منہ تازہ پانی سے کھلائیں۔ انتہائی مصفی خون ہے۔ ناسور، آتشک، سوزاک کے لیے مفید ہے۔

### پرانا سوزاک دور:

کیکر کے پتے دس ماشہ۔ پھٹکڑی سرخ کچی ڈیڑھ ماشہ سردائی کی طرح دونوں کو گھوٹ کر اور پاؤ بھر پانی ملا کر چھان کر پلائیں۔ چار پانچ روز میں سوزاک خواہ کتنا ہی پرانا ہو رفع ہو جائے گا۔

## سوزاک کے لیے موثر دوا کے چٹکلے

### سوزاک کی موثر دوا:

لوبان کوڑیا اصلی اجوائن دیسی ہموزن باریک کر لیں چار رتی سے ایک ماشہ تک دن میں تین مرتبہ دیں، سوزاک کے لیے اچھی خاصی موثر دوا ہے۔

نیا ہو یا پرانا خواہ کتنی ہی پیپ آتی ہو اور درد ہوتا ہو پہلی ہی خوراک میں فائدہ ہوتا

ہے۔

**روغن صندل:** اجوائن ایک تولہ، کتھا ایک تولہ، مغز چہار 4 تولہ، گیری ایک تولہ، رال 6 ماشہ، روغن صندل دیسی 2 تولہ، خشک ادویات کا سفوف بنا کر روغن ملا کر شیشی میں محفوظ رکھیں، مقدار خوراک 5 ماشہ تا 7 ماشہ ہمراہ دودھ گائے یا بکری بوقت صبح، پرہیز ترش گرم اشیاء۔

**خالص روغن کباب چینی سے تیار روغن:** خالص روغن کباب چینی 10 گرام، خالص روغن بروزہ 10 گرام، خالص روغن صندل 10 گرام، کافور ڈھائی گرام۔ ایک شیشی میں ڈال کر دھوپ میں رکھ دیں، جب کافور تیل میں حل ہو جائے تو روغن تیار ہے۔ مقدار خوراک دس بوند بتاشہ میں ڈال کر کھلائیں۔ اوپر دودھ کی کچی لسی پلائیں۔ صبح و شام دو وقت۔ ایک ہفتہ میں کلی شفا ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ العزیز

## سوزاک کے چیدہ چیدہ نسخے

**سوزاک کا مفید علاج:** کشنیز سبز کا پانی نچوڑ کر بقدر ایک تولہ مصری کے شربت میں ملا کر پلانا سوزاک، سوزش بول میں مگر ابتدائی حالت میں مفید ہے۔

**ہرے دھنیے سے پچکاری:** ہرے دھنیے کا پانی تانبے کے بے قلعی برتن میں ڈال کر ببول کے سبز ڈنڈے سے حل کریں۔ جب قدرے گاڑھا ہو جائے تو پچکاری لیں۔

**جلن اور ٹیس کا علاج:** دھنیا خشک ایک پاؤ، الائچی سبز دو تولہ دونوں کوٹ کے رات بھر چار سیر پانی میں

طبی کرشموں کا انسائیکلو پیڈیا



بھگو دیں۔ صبح چار بوتل عرق کشید کریں اور آدھ پاؤ صبح آدھ پاؤ شام کو بارہ روز تک پیتے رہیں۔ ہر قسم کے سوزاک میں مفید ہے۔ جلن اور ٹیس تو دوسرے ہی روز بند ہو جاتی ہے۔

**ببول کے پتے سے سوزاک دور:**

ببول کے پتے ایک تولہ، کالی مرچ الائچی خورد ہر ایک پانچ عدد۔ دونوں کو پانی میں پیس چھان کر شکر سفید ملا کر پئیں۔ چند روز میں کہنہ سے کہنہ سوزاک دور ہوگا۔ ایک ہفتے تک نمک مرچ اور گرم اشیاء نہ کھائیں۔

**نیم کے پتوں کے رس سے علاج:**

نیم کی تازہ پتیوں کا رس 12 گرام۔ ایک گلا پانی میں نیم کے پتوں کا رس ملا لیں۔ صبح پی لیں۔ کندر، سنگ جراحت، رال سفید، شکر 30 گرام باریک سفوف بنا کر رکھ لیں۔ 6 گرام دودھ کے ساتھ دن میں دو بار لیں۔ افاقہ ہوگا۔

**کباب چینی کا کمال:**

کباب چینی 4 گرام باریک سفوف بنا کر ایک پیالی چھاچھ چھڑک دیں اور پیالی کو ایک کپڑے سے ڈھک کر رات بھر شبنم میں رکھ دیں اور صبح پی لیں۔ مجرب نسخہ ہے۔

**رال سفید سے سوزاک کا خاتمہ:**

رال سفید 15 گرام، شکر 15 گرام باریک سفوف بنا لیں۔

2 گرام سفوف پانی کے ساتھ دن میں دو بار لیں۔

**جریان کے لیے لاجواب سفوف:**

ست گلو، ست سلاجیت، شورہ قلمی، پھٹکڑی سفید بریاں، کتھ سفید، دانہ الائچی کلاں، برگ حنا ہر ایک ہموزن سفوف بنا لیں، صبح و شام نہار منہ تین ماشہ یہ سفوف شربت یا لسی کے ساتھ دیں، جریان کے لیے دودھ کے ہمراہ دیں۔ اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔

## باب۔9

# گنٹھیا (Rhumatism)

## گنٹھیا کا یونانی طریقہ علاج

صبر سقوطری (مصر شدہ) چھلکا ہرڑ زرد، سورنجاں شیریں ہر ایک چار تولہ کوٹ چھان کر گولیاں بنائیں صبح اور شام کو دو سے تین ماشہ تک ہمراہ تازہ پانی استعمال کریں۔

### گنٹھیا سے نجات

حلال جانوروں کی جلائی ہوئی ہڈیاں پانچ تولہ۔ مسور کا آٹا تین تولہ دھنیا خشک دو تولہ۔ دانہ کھانڈ آدھ پاؤ سب کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور ایک ایک تولہ صبح وشام گرم پانی سے کھائیں۔ خدا چاہے تو ہفتہ عشرہ میں گنٹھیا سے نجات مل جائے گی۔

---

## باب۔10

# جریان (Spermatorrioea)

## جریان کا یونانی طریقہ علاج

### جریان کے خاتمہ کا بہترین نسخہ:

تج، تال مکھانہ، بیج بند، گوکھرو خورد، موچرس، بیج اونگن، گوند کیکر ہر ایک 9 ماشہ، سنگھاڑا خشک، آسگندھ ناگوری، چنیا گوند، شقاقل ہر ایک چھ ماشہ، موصلی سفید، موصلی سیاہ ہر ایک ایک تولہ، مصری سب کے برابر کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور چھ ماشہ صبح وشام بھیڑ کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ بہترین نسخہ ہے۔

### سنگھاڑا خشک کا سفوف:

ستاور، موصلی سفید، بیج بند، سمندر سوکھ، سروالی، مغز بیج تمر ہندی، موصلی سنبل، تج، تال مکھانہ، خشخاش سفید، دانہ الائچی کلاں، سنگھاڑا خشک برابر وزن لے کر سفوف بنائیں اور برابر چینی ملا کر صبح وشام ہمراہ دودھ استعمال کرائیں۔

### گوند ناگوری سے مرض کا جڑ سے خاتمہ:

بیج بند، مغز کونچ بیج، پھول انار، بیج اٹنگن، موچرس، بہو پھلی، تج، اندر جو شیریں، تال مکھانہ، سمندر سوکھ، موصلی سیاہ، موصلی سفید، ست گلو، سنگھاڑا خشک، مصطگی رومی، خصیۃ الثعلب، کباب چینی، دانہ الائچی کلاں، طباشیر، خار خسک ہر ایک چھ ماشہ، نشاستہ، گوند ناگوری، لسوڑہ، بیج خشخاش ہر ایک چار ماشہ، چینی سب کے برابر 9 ماشہ سے ایک تولہ صبح و

شام تازہ پانی سے استعمال کریں۔ مفید نسخہ ثابت ہوا ہے۔

**مرض جریان کے خاتمہ کے لیے سفوف:**

اگر مرض جریان پیشاب کی نالی کے زخم کی وجہ سے ہے تو یہ سفوف کھلائیں۔ سلاجیت شدہ دو تولہ، طباشیر دو تولہ، الائچی خورد، سنکھاہولی ہر ایک دو تولہ، بہمن دو تولہ، سفوف بنائیں اور 9 ماشہ ہمراہ تازہ پانی دیں۔

**جریان کے ہر درجہ میں مفید گولیاں:**

مغز بیج املی، ست برگد، بہو پھلی مرکب، موچرس ہر ایک پانچ تولہ، کشتہ سر دھاتو تین تولہ، سب ادویات کو بوہڑ (برگد) کے دودھ کے ساتھ ایک ہفتہ کھرل کر کے نخود کے برابر گولیاں بنائیں، بوقت صبح ایک گولی کھلا کر اُوپر سے دودھ گائے ڈیڑھ پاؤ جس میں مصری دو تولہ، چھلکا اسبغول چھ ماشہ حل کیا ہوا پی لیں، بہت جلدی آرام آجائے گا۔ چالیس دن کے استعمال سے مرض ہمیشہ کے لیے دور ہو جائے۔ یہ گولیاں جریان کے ہر درجہ کے لیے مفید ہیں۔ اُمید سے بڑھ کر ثابت ہوں گی۔

**ست برگد، بہو پھلی سے جریان کا خاتمہ:**

برگد کے نرم و تازہ پتے ایک حصہ، بہو پھلی ایک حصہ، دونوں کو کونڈے میں ڈال کر ڈنڈے سے سردائی کی طرح گھوٹ کر چھان لیں اور آگ پر پکائیں، جب گاڑھا ہو جائے تو کھلے منہ کی شیشی میں رکھیں۔ یہ ست برگد، بہو پھلی ہے۔

**دھات کی خرابی کی اصلاح کے لیے سفوف:**

موصلی سفید، موصلی سیاہ، طباشیر، تال مکھانہ، گوکھرو، ثعلب مصری برابر وزن کوٹ کر سفوف بنائیں، دو ماشہ صبح اور دو ماشہ شام ہمراہ دودھ لیں، دھات کی خرابی کی اصلاح کرتا ہے اور رقت کو نافع ہے۔



**مغلظ منی و مقوی:**

اسگندھ ناگوری، مغز بیج کونچ، شقاقل مصری، تال مکھانہ ہر ایک برابر وزن سفوف بنائیں اور برابر مصری ملا لیں، 9 ماشہ صبح اور شام ہمراہ دودھ گائے دیں۔ مولد منی، مغلظ منی اور مقوی ہے، جن لوگوں کا ہاضمہ خراب ہو، وہ اس دوا کو استعمال کرنے سے پہلے ہاضمہ کی اصلاح کریں۔

**جریان کا خاتمہ:**

قلعی دو تولہ، چھلکا بیضہ مرغ دو تولہ، پہلے قلعی کو سات بار پگھلا کر نیم کے پتوں کے پانی میں سرد کریں (نہایت احتیاط سے کریں، اگر ذرا بھی غلطی ہوئی یا پانی تھوڑا ہوا تو قلعی پانی سے آواز دے کر اُڑے گی اور نقصان کا باعث ہوگی)، پھر چھلکا انڈہ مرغ کو شدہ کر کے ہاون دستہ میں کوٹ کر باریک کریں، ازاں بعد قلعی کو لوہے کے تابہ پر رکھ کر نیچے آگ جلائیں، جب پگھل جائے تو چھلکا بیضہ مرغ کی تھوڑی تھوڑی چٹکی دیتے جائیں اور کسی لوہے کی سلاخ سے ہلاتے جائیں، جب تمام سفوف ختم ہو جائے اور اس کی رنگت سیاہ ہو جائے تو اُتار لیں، پھر ایک پورا دن گھیکوار بوٹی کے رس میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر کوزہ گل میں گل حکمت کر کے پندرہ سیر اپلوں کی آگ دیں، سرد ہونے پر نکال لیں، کشتہ برنگ سفید میدہ کی طرح نکلے گا، کھرل میں پیس کر کسی ریشمی کپڑے سے چھان کر شیشی میں حفاظت سے رکھیں، خوراک ایک رتی ہمراہ مکھن یا بالائی دیں۔ موثر علاج ہے۔ بالکل آرام آجائے گا۔

## جریان کے چیدہ چیدہ نسخے

**جریان کے لیے زود اثر نسخہ:**

کیکر کا گوند 10 گرام، کیکر کی کچی کونپل سایہ میں خشک کی ہوئی 10 گرام، کیکر کی بنا بیج کی کچی پھلی سایہ میں خشک کی ہوئی 10 گرام۔ ان سب کو باریک کوٹ پیس کر

کپڑے سے چھان لیں۔ پھر اس سفوف میں سب کے برابر چینی سفید ملا لیں۔ تین گرام، صبح وشام تین گرام گائے کے دودھ سے جس میں چینی ملائی گئی ہو سے دیں۔

**جریان سے فائدہ کے لیے پڑیاں:**

تخم لاجونتی، ستاور، موصلی سفید، ثعلب مصری، کوزہ مصری، ہر ایک پچاس گرام، قلعی بھسم 10 گرام۔

اب سب کو کوٹ چھان کر 32 پڑیاں بنائیں اور ایک پڑیا صبح، ایک شام کو دودھ کے ساتھ استعمال کرنے سے جریان، احتلام اور سیلان کو فائدہ ہوتا ہے اور خوب افاقہ ہوگا۔

## جریان کے لیے لاجواب نسخے

**فائدہ ہی فائدہ:**

تودری سرخ 10 گرام، تال مکھانہ 10 گرام، چھلکا اسبغول 10 گرام، گوند ببول (کیکر) 10 گرام، الائچی خورد 10 گرام، ثعلب پنجہ 10 گرام، چینی سفید 50 گرام، سب اجزاء کو باریک کوٹ کر سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک 6 گرام صبح نہار منہ ہمراہ دودھ گائے دیں۔ جریان کے لیے بہت فائدہ مند ہے۔

**جریان کے لیے مجرب نسخہ:**

جریان کے لیے مجرب ہے۔ گوند کیکر، گوند کتیرا، تخم بالنگو، مغز تمر ہندی، مصطگی رومی، موصلی سفید وسیاہ، تال مکھانہ، بیج بھنگ، بوپھلی، چھلکا اسبغول، قلمی شورہ، سنگھاڑا۔ سب کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کرلیں، صبح وشام تین گرام ہمراہ شیر گاؤ دیں۔

**سنگھاڑہ خشک کا سفوف:**

ستاور، سنگجراحت، سنگھاڑا خشک ہر ایک سو، سو گرام، مصری 300 گرام، سفوف بنا



لیں۔ صبح وشام 6 گرام، یہ سفوف نیم گرم دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**زود انزالی......اور جریان کا خاتمہ:**

موچرس سات گرام، گوند کیکر، ست گلو، دانہ الائچی خورد، ثعلب مصری، طباشیر اور تال مکھانہ ہر ایک چھ گرام، کشنیز (دھنیا) پانچ گرام۔

ان سب ادویہ کا سفوف تیار کرنے کے بعد اس سفوف کے مساوی وزن مصری سفید ملا کر رکھیں۔ آٹھ گرام ناشتہ سے پہلے تازہ پانی سے کھلائیں۔ خوشگوار نتائج حاصل ہوں گے۔

**بداری قند سے علاج:**

اسگندھ ناگوری 50 گرام، بداری قند 50 گرام، مصری ہموزن 100 گرام۔ سفوف بنالیں۔ اس کی تین تین گرام کی پڑیاں بنالیں۔ ایک ایک پڑیا صبح، دوپہر اور شام دودھ یا پانی کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**سفوف ثعلب:**

ثعلب مصری 6 گرام، تال مکھانہ 6 گرام، موصلی سفید 6 گرام، موصلی سیاہ 6 گرام، بہمن سفید 6 گرام، بہمن سرخ 6 گرام، کشتہ قلعی 3 گرام، کشتہ صدف 3 گرام، کشتہ عقیق 6 گرام، طباشیر اصلی 6 گرام، الائچی چھوٹی 6 گرام، تودری سفید 6 گرام، شقاقل مصری 6 گرام، ستاور 6 گرام، چھلکا اسبغول 6 گرام، مصری کوزہ 75 گرام۔ ان سب کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔ 12 گرام صبح و 12 گرام شام ہمراہ دودھ کھانا کھانے سے پہلے دیں۔ مرض میں اکسیر ثابت ہوگا۔

**لاجواب ادویات کا سفوف:**

غلہ ماش، غلہ جو، بھکوا، مغز بیج کونچ، موصلی سفید، جملہ ادویات ہم وزن لے کر

ایک تولہ، بڑ کے دودھ میں کھرل کر کے دانہ نخود کے برابر گولیاں بنائیں دو گولیاں تازہ پانی کے ہمراہ رات کو سوتے وقت استعمال کریں۔ نسخہ اکسیر ثابت ہوگا۔

## برائے جریان ورقت منی

ست سلاجیت، ست ریش برگد، کافور بھیم سینی، دانہ الائچی خورد ورق طلا ہموزن لے کر پہلے دانہ الائچی خورد کھرل میں ڈال کر ورق طلا ایک ایک ملا کر کھرل کریں، جب ایک ورق حل ہو جائے تب دوسرا ورق ڈالا کریں، جب تمام ورق حل ہو جائیں دیگر ادویہ ڈال کر کھرل کریں، خوراک 4 رتی سے ایک ماشہ تک ہمراہ آب تخ ترب، انشاء اللہ بیماری دور ہو جائے گی۔

### نادر سفوف کا چٹکلہ:

تج بند۔ موصلی سیاہ۔ موصلی سفید تالمکھانہ۔ سمندر سوکھ۔ سریالہ چھال سیمبل۔ چھال مولری۔ گوند سیمبل۔ تخم اٹنگن۔ لسوڑہ۔ بھپلی۔ تج۔ میدہ چوب ہر ایک ایکدام پھلی ببول گوکھڑو ہر ایک دوام باریک کر کے چینی کھانڈ ملا کر ہر صبح ایک کفدست ہمراہ شیر گاؤ کے کھایا کریں۔

### ضعفِ جگر کے لیے اکسیر نسخہ:

نسخہ عجیب خبث الحدید کو آگ میں تپا کر سرخ کریں پھر دوپینا سے پکڑ کر تلوں کے تیل میں بجھادیں اسی طرح پانچ دفعہ بجھادیں پھر کڑاہی میں ڈال کر سرکہ داخل کریں اور آہنی دستہ سے رگڑیں ایک ہفتہ میں مثل غبار کی ہو جائے گا خوراک 3 رتی یا 4 رتی حسب مزاج وطبیعت کے دیویں اور یاد رکھیں کہ یہ نسخہ ضعف جگر کے لیے نہایت مفید ہے۔

### جریان کے دو تیر بہدف نسخے:

بڑ کی تازہ جڑھیں جو شاخوں سے ماہ ساون میں نکلیں 3 تولہ لے کر مقراض سے باریک کتر کر 3 مرتبہ بڑ کی دودھ میں تر کر کے خشک کریں پھر طباشیر ایک تولہ۔ الائچی خورد



ایک تولہ۔ ثعلب مصری ایک تولہ۔ شقاقل ایک تولہ سب کو باریک کر کے کالپی مصری ایک تولہ ملا کر سفوف بنا رکھیں مقدار خوراک 2 ماشہ ہمراہ شیر مادہ گاؤ۔

جریان منی اور مذی کے لیے تیر بہدف ہے۔ موصلی خورد۔ موصلی کلاں۔ بھنگرہ سلیجہ۔ تال مکھانہ۔ کمرکس۔ کنجد سیاہ۔ خشخاش۔ میدہ لکڑ۔ کتیرا۔ موچرس۔ سمندر سوکھ۔ دودھک ہر ایک 6 ماشہ سنگھاڑہ۔ ثعلب مصری۔ فوفل سرخ ہر ایک ایک تولہ سنگ جراح جو بھنگل بوٹی میں کشتہ کیا گیا ہوا ایک تولہ مصری 15 تولہ سفوف تیار کر لیں مقدار خوراک ایک تولہ ہمراہ شیر گاؤ کے۔ یہ نسخے اکسیر کا درجہ رکھتے ہیں۔

## جریان دور کرنے کے لاجواب ٹوٹکے

### جریان کی شکایت دور

ماش کی دال ایک تولہ لے کر رات کو دودھ میں بھگو دیں۔ صبح گھوٹ کر مصری ملا کر چاٹ لیں۔ ایک ہفتہ استعمال کرنے سے دھات پڑنے کی شکایت دور ہوگی احتلام کو بھی فائدہ پہنچے گا اور مادہ تولید گاڑھا ہو جائے گا۔

امراض مذکورہ میں چنے کی دال بھی فائدہ دیتی ہے۔ اسے بھی رات بھر دودھ میں تر رکھیں۔ صبح مصری ملا کر گھوٹ لیں اور تناول کریں اس سے جریان واحتلام ہی دور نہیں ہوتا بلکہ قوت بھی بڑھتی ہے۔

### احتلام اور اصلاح مادہ منویہ:

عمدہ اور فربہ گیہوں کو چکی میں دل کر دلیہ بنا لیں۔ اس میں سے ایک تولہ دلیا لے کر بکری کے پاؤ بھر دودھ میں شب بھر تر رکھیں۔ صبح مداہنی سے بلو کر گھی کا بگھار لگائیں اور میٹھا ملا کر پی لیں۔ جریان، احتلام، رقت وغیرہ میں مفید ہے۔ جس شخص کی منی آتشک، سوزاک وغیرہ کے زہر سے جل گئی ہو اس کے لیے بمنزلہ اکسیر ہے۔

**منی کم کرنے کا چٹکلہ:**

جس آدمی میں مادہ تولید بکثرت پیدا ہو گیا ہو اور وہ مجرد رہتا ہو یا غیر شادی شدہ ہو۔ اگر وہ مسور یا مونگی کی دال بغیر لال مرچ کے چند روز کھائے تو اس کی منی کم ہو جائے گی۔

**منی کی پیدائش میں اضافہ:**

آلو کو چھیل اور کتر کر دودھ میں پکائیں اور ساتھ ہی میٹھا ڈال دیں تا کہ کھیر کی مانند ہو جائے۔ اس کو کھانے سے منی بکثرت اور گاڑھی پیدا ہوتی ہے جس سے رقت، سرعت اور جریان کو بہت فائدہ پہنچتا ہے۔

**جریان دنوں میں دور:**

اروی ایک مشہور ترکاری ہے جسے گھوئیاں بھی کہتے ہیں۔ اس کو سکھا کر آٹا بنا لیں اور ہموزن کھانڈ ملا کر ایک ایک تولہ صبح وشام دودھ سے کھایا کریں بے حد غلظت پیدا ہوگی۔ جریان واحتلام ایسا مرض دو چار دنوں میں دور ہو جائے گا۔ نسخہ بے حد فائدہ مند ہے۔

## جریان خون کے لیے لاجواب دوا

باجرہ ایک حقیری چیز ہے۔ انسانوں کے بجائے مرغی اور بٹیروں کو استعمال کرایا جاتا ہے۔ اس کو اگر بھگو لیا جائے اور اس میں انگور نکل آئیں۔ تو اسے کچا ہی کوٹ کر اور مصری ملا کر کھلا دیا جائے تو یہ ایک طرف تو یہ سودیشی کیلشیم کا کام دیتا ہے، (جو اُبالنے سے ضائع ہو جاتی ہے) اور اس کے ساتھ ہی اُگنے سے یہ وٹامن ای سے بھرپور ہو جاتا ہے لہٰذا یہ زیادہ جریان خون (پیڑا) کے لیے لاجواب دوا ہے، جہاں قیمتی انجکشن فیل ہو جائیں، وہاں پر کام کرے گی۔ باجرہ کی جگہ گندم، جوار، مکی، مونگ، موٹھ، چنے بھی اُگنے پر آئیں، تو استعمال کر کے قدرتی کیلشیم اور وٹامن ای حاصل کی جا سکتی ہے۔ چاول کو بھگو کر اور دوسرے روز کوٹ کر استعمال کرنا بہترین سودیشی نعم البدل ہے۔

## جریان کا شافی علاج

ستاور، بنگجراحت مکہ ایک تولہ، شکر تری دو تولہ سبوس اسبغول چار تولہ، کشتہ قلعی 3 ماشہ، کوٹ چھان کر صبح وشام چھ ماشہ شیر مادہ گاؤ کے ہمراہ استعمال کریں۔

## اکسیر جریان

اس دوا سے دہ سالہ جریان ہفتہ عشرہ میں دور ہو جاتا ہے قلعی ایک تولہ، جست ایک تولہ، دونوں اشیاء کو کٹھالی میں چرخ دے کر سیماب ایک تولہ میں ڈال کر کھرل کریں، پھر برادہ آہنی میں ڈال کر ڈوڈہ پوست 2 تولہ کی چٹکیاں دیتے جائیں اور لوہے کی سلائی سے ہلاتے جائیں۔ جب پوست ختم ہو جائے، دہی میں کھرل کر کے کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے دس سیر اُپلہ کی آگ دیویں، تین آنچ کے بعد کام میں لائیں، مقدار خوراک ایک رتی مکھن میں رکھ کر لیں۔ جریان کے امکان کو بہت کم کر کے دنوں میں فائدہ دیتا ہے۔

## جریان کا ٹوٹکہ

**بہت مفید نسخہ:**

پانی کا سبز جالا اتار کر اور نچوڑ کر سایہ میں خشک کریں۔ پھر باریک کر کے بقدر چار ماشہ روزانہ پانی سے صبح وشام دیں، چند روز کے استعمال سے جریان کا قلع قمع ہوگا۔ بارہا کا آزمودہ ہے۔

## جریان کی مفید دوا

سیماب مدبر 6 ماشہ، قلعی ایک تولہ، میٹھا تیلیہ 2 ماشہ، فلفل سفید وکنی 2 تولہ، قلعی کو پگھلا کر سیماب میں ملائیں اور کھرل کریں، پھر باقی ادویہ کو علیحدہ علیحدہ پیس کر اس میں شامل کریں، 2 سے 4 چاول ہمراہ بالائی یا کسی دوسرے مناسب بدرقہ کے ہمراہ استعمال کریں، رطوبات کی زیادتی سے جو جریان کی شکایت پیدا ہو جاتی ہے اس کے لیے یہ دوا بہت مفید ہے۔ اور جلد فائدہ دیتی ہے۔

## جریان کے لیے معجون کا لاجواب نسخہ

بلغمی اور سوداوی مزاج والے کے لیے نافع نہیں، صفراوی و دموی مزاج والے کے لیے بہت مفید ہے۔ منی کو گاڑھا کرنے میں خاص کام کرتا ہے۔ تخم بالنگاں، تخم ریحاں، سمندر سوکھ، گوند کتیرا، دار چینی، خولنجاں، ہموزن لے کر خوب باریک کوٹ کر سفوف بنالیں۔ اس سفوف سے چار گنا شہد میں معجون بنائیں، بعدہٗ چھلکا اسبغول نسخہ کے وزن کا سولہواں حصہ ملا کر زعفران ایک تولہ کھرل کر کے ملائیں۔ ورق نقرہ اور ورق طلاء 6۔ 6 ماشہ بھی ملا لیں۔ نسخہ تیار ہو گیا۔ مریض کو شوق سے کھلائیں۔ افاقہ ہونا شروع ہو جائے گا۔

مقدار خوراک 6 ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان یا عرق بادیان عرق گلاب سے دیں۔

## بادام کے حلوا سے جریان دور

مغز بادام شیریں گائے کے ایک سیر دودھ میں باریک پیس کر شیرہ نکالیں اور گھی گاؤ آدھ سیر شکر سفید ایک سیر چھلکا اسبغول 10 تولہ، اضافہ کر کے کوئلوں کی آنچ پر پکائیں، حتیٰ کہ قوام غلیظ ہو جائے۔ مقدار خوراک ایک تولہ ہمراہ شیر مادہ گاؤ۔ نسخہ نہایت مفید ثابت ہو گا۔

## صفراوی جریان کے لیے بے مثال ٹوٹکہ

گھیکوار کا گودا آدھ سیر، گھی ایک پاؤ، دونوں کو کڑاہی آہنی میں ڈال کر نرم آگ پر پکائیں۔ جب گھیکوار پختہ ہو جائے تو اس میں یک پاؤ پختہ نشاستہ آمیز کر کے خوب اچھی طرح سے بھون لیں۔ بعد ازاں آدھ سیر کھانڈ ملا کر بقدر دو، 2 تولہ کے لڈو بنالیں، خالی پیٹ ایک یا دو لڈو نیم گرم دودھ سے استعمال کرنے سے جریان خصوصاً صفراوی جریان کو یقیناً فائدہ ہوتا ہے اور مرض جڑ سے ختم ہو جاتا ہے۔

## جریان کے لیے زود اثر سفوف

تال مکھانہ، تج، ستاور، بیج بند، گوکھرو، موچرس، تخم اوٹنگن، گوند کیکر ہر ایک 9 گرام سنگھاڑا خشک، آسگندھ ناگوری، چینا گوند، شقاقل مصری، ہر ایک 6 گرام، مصری



تمام ادویہ کے برابر سفوف بنا کر چھ گرام روزانہ صبح ہمراہ بکری استعمال کرائیں۔ صحت میں بہتری آئے گی۔

## جریان خون میں بے حد مفید دوا

سنگ جراحت 20 تولے۔ صدف مرواریدی 10 تولے، سرمہ سفید 10 تولے یشب سبز 5 تولے۔ زہر مہرہ 5 تولے۔ عقیق 5 تولے۔ خرمہرہ زرد 5 تولے، سب کو باریک پیس کر آب برگ نیم میں 10 یوم کھرل کریں اور ٹکیہ بنا کر خشک کر کے ایک من اُپلوں کی آنچ دیں سرد ہونے پر نکال کر پھر آب برگ نیم میں پانچ یوم کھرل کر کے حسب سابق کوزہ گلی میں گل حکمت کو بیس سیر اُپلوں کی آنچ دے کر نکالیں اور طباشیر کبود 5 تولے، کہربا شمعی 5 تولے، ورق نقرہ 5 تولے، دانہ ہیل خورد 2 تولے کو باریک پیس کر مذکورہ کشتہ میں ملا کر عرق گلاب درجہ اول میں تین یوم کھرل کر کے آخری روز ست پودینہ 6 ماشہ ملا کر محفوظ رکھیں مقدار خوراک 2 سے 3 ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسب۔ یہ دوا اکسیر کا درجہ رکھتی ہے۔

## جریان کے لیے تیر بہدف نسخے

برگد (بڑ) کا دودھ 3 تا 5 قطرے برگد کا دودھ بتاشہ یا شکر میں ڈال کر روزانہ صبح لیں۔

1. کشتہ قلعی ہمراہ معجون ثعلب 250 ملی گرام، 6 گرام سوتے وقت لیں۔
2. سفوف مؤلف 3 گرام دودھ کے ساتھ سوتے وقت لیں۔
3. سفوف ثعلب 3 گرام دودھ کے ساتھ سوتے وقت لیں۔
4. معجون اسپند سوختنی 6 گرام دودھ کے ساتھ سوتے وقت لیں۔ انشاء اللہ فائدہ ہو گا۔

## باب۔11

# احتلام

## احتلام کا علاج

"دھنیا خشک" کا استعمال بہت مفید ہے، مندرجہ ذیل مجربات احتلام کے لیے خاص طور پر مفید ہیں۔

1۔ دھنیا خشک، شکر سفید ہموزن سفوف بنا کر چھ ماشہ روزانہ ہمراہ پانی دیں۔ پُر اثر نسخہ ہے۔

2۔ دھنیا خشک ڈیڑھ تولہ، بیج خرفہ تین تولہ، اسبغول سالم دو تولہ۔ دھنیا اور خرفہ کوٹ کر اسبغول سالم میں ملا لیں، خوراک چار ماشہ ہمراہ دودھ گائے یا تازہ پانی دیں۔ گرم مزاج مریضوں کو جو جوانی میں احتلام، جریان کا شکار ہوتے ہیں اور معمولی سی حرکت سے جوش میں آ کر منی نکل جاتی ہے کے لیے از حد مفید ہے اور طبیعت میں بہتری آئے گی۔

3۔ کشتہ قلعی (برگ بھنگ والا) ایک رتی ہمراہ مکھن یا بالائی میں رکھ کر دیں، مجرب ہے۔

4۔ بیج کاہو، بیج خرفہ، بیج کاسنی، بیج دھنیا ہر ایک سات ماشہ، شیرہ پانی سے نکال کر شربت نیلوفر دو تولہ ملا کر ہر روز شام کو پلائیں۔ فوری فائدہ ہوگا۔

5۔ بہمن سرخ، بہمن سفید ہر ایک ایک تولہ، چھلکا اسبغول پانچ ماشہ، گوند کیکر چھ ماشہ، مغز بیج تمر ہندی (ریاں) ایک تولہ، ثعلب مصری ایک تولہ، کوٹ چھان کر چینی ملا کر صبح و شام چھ سے نو ماشہ تک ہمراہ دودھ گائے استعمال کریں، مجرب ہے۔ چند دنوں بعد مرض ختم ہو جائے گا۔



6۔ بیج کاہو (چھلے ہوئے) تین ماشہ، بیج خشخاش چھ ماشہ، دھنیا خشک ایک تولہ، سفوف کر کے برابر چینی ملا کر 9 ماشہ کی مقدار میں رات کو کھلائیں، گرم مزاجوں کے لیے مفید ہے۔ کارآمد نسخہ ہے۔

7۔ صندل سفید تین ماشہ، جوز مائل شدہ تین ماشہ، افیون ایک ماشہ، عقرقرحا تین ماشہ، گوند کیکر تین ماشہ، پوٹاشیم برومائید ایک تولہ، باریک کر کے گولیاں بقدر چھوٹے نخود کے برابر بنا لیں۔ ایک گولی شام کو ہمراہ دودھ گائے نیم گرم دیں۔ اسے متواتر استعمال نہ کریں۔

8۔ دھنیا خشک، بیج بھنگ، مغز سیتا سپاری، انار کے پھول برابر وزن لے کر گولیاں بقدر نخود بنائیں۔ ایک سے دو گولی صبح اور شام ہمراہ پانی استعمال کریں۔ گولیاں بے حد فائدہ دیں گی۔

## احتلام کی تیر بہدف دوا

گیرو ایک تولہ، کافور ایک تولہ، افیون خالص ایک تولہ، تینوں چیزوں کو خوب باریک پیس لیں پھر گھیکوار کے رس میں کھرل کر کے بقدر دانہ ماش گولیاں تیار کریں اور ایک گولی صبح اور ایک گولی شام تازہ پانی یا تازہ دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں، کسی بھی دوا سے نہ ہٹنے والا احتلام پہلے ہی روز رفع دفع ہو جاتا ہے۔ ہفتہ عشرہ استعمال کرائیں۔ بے حد شافی نسخہ ہے۔

**نوٹ:** شدید ضرورت کے تحت ہی یہ نسخہ استعمال کرائیں اور زیادہ استعمال نہ کرائیں۔

## احتلام کی دیرینہ شکایت رفع

کتیرا چھ ماشہ باریک کر کے رات کو پاؤ بھر دودھ خام میں بھگو دیں اور صبح نہار منہ میٹھا ڈال کر پی لیں۔ دو ہفتہ کے استعمال سے احتلام کی دیرینہ شکایت رفع ہو جائے گی۔ صفراوی مزاجوں کے لیے خاص طور پر مفید ہے۔

## احتلام کے لیے نہایت مجرب

کندر تولہ، بلوط تولہ، گلنار تولہ، تخم قنب تولہ، باریک کر کے رکھو، خوراک ایک ماشہ، دن میں تین بار دیں۔ کمزوری دور ہو جائے گی۔

## احتلام روکنے والی لاجواب گولی

(6) ایک رتی کافور میں $1\frac{1}{4}$ (سوا) رتی افیون ملا کر ایک گولی بنا کر رات کو کھا لینے سے مریض کو احتلام نہیں ہونے پاتا۔ کافور جریان میں بھی مفید ہے۔ بارہا کی آزمودہ گولی ہے۔

## احتلام کے لیے لاجواب حبوب

تخم سرس، مغز تخم تر ہندی مقشر، ثعلب مصری ہر ایک ہموزن شیر برگد بقدر ضرورت میں حبوب بقدر کنار دشتی بنالیں خوراک 3 تا 4 حب دن میں دو مرتبہ ہمراہ دودھ گرم۔ احتلام کے لیے بہت مفید ثابت ہوئی ہیں۔

## احتلام کے لیے مجرب گولیاں

گوند کیکر و برگ ولونگ اور پوست و پھلی کیکر دیسی ہر ایک ایک تولہ، زعفران 3 ماشہ مصری ایک تولہ کوٹ چھان کر شہد میں چنے کے برابر گولیاں بنائیں، مجرب ہے۔

## احتلام کے لیے جڑی بوٹیوں کا کمال

ڈوڈہ پوست نیم خام و نیم بریاں 2 تولہ، سمندر سوکھ 2 تولہ، صمغ عربی بریاں ایک تولہ، بیج بند ایک تولہ، آرد سوڑہ 2 تولہ، بھوسی اسپغول 2 تولہ، مصطگی رومی ایک تولہ عمدہ، کھانڈ دیسی، کل اشیاء کا سفوف بنائیں ہفتہ بھر مسلسل ہمراہ عرق گاؤزبان یا دودھ مقدار خوراک 6 ماشہ صبح 6 ماشہ شام،

**نوٹ:** خوراک میں دودھ، چاول، ساگ پالک اور سرد تر اشیاء کا استعمال رکھیں گرم نفاخ اشیاء سے پرہیز کریں۔ آزما کر فائدہ حاصل کریں۔



## احتلام کے لیے بے حد مفید نسخہ

زردی بیضہ مرغ ایک تولہ، سبوس اسبغول تین ماشہ، کھانڈ دو تولہ، ایک پیالہ میں پہلے شکر ڈالیں، پھر زردی بیضہ، چھلکا اسبغول اس پیالی میں ڈال دیں اور چمچہ سے ہلاتے رہیں، سرد ہونے پر کھائیں۔ موذی مرض سے نجات حاصل ہوگی۔

## دافع کثرت احتلام

عود بسک ایک ماشہ، چرس خالص 6 ماشہ، جائفل 6 ماشہ، زعفران عمدہ 6 ماشہ، ایک تولہ کچلہ مدبر کے چاول کتر کر 5 چھٹانک پانی میں جوش دے کر صاف کر کے اس پانی میں ادویہ کو کھرل کر کے حبوب بقدر نخود بنائیں۔

مقدار خوراک ایک حب سے دو حب تک ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔ بہت مجرب نسخہ ہے۔

## باب۔12

# نامردی

## عضو مخصوص کی کجی دور

جند بید ستر، عقرقرحا، دارچینی ہر ایک 7 ماشہ تینوں کو شراب برانڈی دو آثار میں خوب کھرل کریں، جب یکذات ہو جائیں تو اول عضوِ مخصوص کو قدرے گرم شدہ روغن کچھ سے خوب مالش کریں، جب رگیں خوب گرم ہو جائیں تو ضماد مذکور کو کپڑے پر ضماد کر کے عضو پر چسپاں کر دیں اور تار ریشم سے نرم نرم باندھ دیں، اسی طرح متواتر تین راتیں یہ عمل کریں، اس سے کجی دور ہو جاتی ہے، نامرد مرد بن جاتا ہے۔ کمال استعمال کرنے پر معلوم ہوتا ہے۔

## مردانہ طاقت کا طوفان

نسخہ خاص:

مال کنگنی ایک پاؤ لے کر گائے کے گھی میں بھون لیں اور مصری ملا کر رکھیں 6 ماشہ بھر گائے کے دودھ کے ساتھ کھائیں۔ ایک ماہ با پرہیز کھانے سے جسم میں طاقت کا طوفان کھڑا ہو جائے گا۔ یہ نسخہ جنرل کمزوری کے لیے جادو کا اثر رکھتا ہے۔

## زبردست قوت باہ پیدا کرنے والی گولیاں

نسخہ خاص: کیسر کشمیری خالص، کستوری خالص، افیون، برنے کے بیج ہر ایک ایک تولہ لے کر آدھ سیر برگد کے دودھ میں کھرل کرتے رہیں۔ حتیٰ کہ گولیاں بنانے کے قابل ہو جائے تب کالی مرچ کے برابر گولیاں بنالیں۔



یہ گولیاں زبردست قوت باہ پیدا کرتی ہیں۔ امساک سرعت انزال جریان کو دور کرتی ہیں۔ ایک گولی دو گھنٹہ پیشتر کھلانے سے بے حد انتشار اور امساک پیدا ہوتا ہے۔ صدہا بار کی مجرب اور آزمودہ گولیاں ہیں۔

## کارآمد طلاء

اعلیٰ درجہ کا مقوی باہ اور بڑھاپے کا سہارا ہے ایک گلاس نما لوہے کے برتن میں ایک پاؤ گلیسرین خالص ڈال کر اس میں ایک ایک تولہ گندھک اور سم الفار باریک کر کے ڈال دیں اور نرم آگ پر رکھیں۔ گندھک اور سم الفار اس میں حل ہو جائیں گے اس میں شنگرف 5 تولہ کی چند ڈلیاں ڈال دیں اور پکنے دیں ایسا انتظام کریں کہ دس دن لگاتار آگ جلتی رہے۔ کسی لیمپ نما چولہے سے یہ کام بہ آسانی ہو سکتا ہے۔ اس عرصہ میں اگر گلیسرین خشک ہونے لگے تو اور ڈال دیں، خالص گلیسرین خشک نہیں ہوا کرتی۔ اس کے بعد شنگرف نکال کر باریک کریں۔ مقدار خوراک $\frac{1}{2}$ رتی ہمراہ مسکہ بوقت صبح استعمال کریں۔ گلیسرین کا یہ محلول نہایت کارآمد طلاء ہے۔ خاص طور پر اثر دکھاتا ہے۔

## جسمانی طاقت وقوت مردمی کی دوا

مرغی کے انڈے کی زردی وسفیدی نکال کر پھینٹ لیں۔ اب گھی۔ پیاز کا رس۔ گاجر کا رس ہر چیز خالی انڈے کے برابر لے کر تمام دواؤں کو ملا کر گرم کر کے ہر صبح چالیس یوم تک پیتے رہیں۔ ان ایام میں مباشرت سے پرہیز کریں۔ اس سے غضب کی جسمانی طاقت اور شہوت پیدا ہوتی ہے۔ مادہ تولید بہت زیادہ مقدار میں پیدا ہوتا ہے۔ چہرہ اور جسم کا رنگ سرخ ہو جاتا اور وزن بڑھ جاتا ہے اور انسان ہر روز جماع کرنے کے قابل رہتا ہے۔ یہ دوا جادو کا اثر رکھتی ہے۔

## بڑھاپا دور کرنے والا نسخہ

افیون ایک تولہ، سم الفار ایک تولہ، کتھ سفید دو تولہ، برگ بنگلہ پان ایک سو عدد، اول افیون اور سم الفار کو آٹھ دن تک خشک کھرل کریں، یہاں تک کہ پچاس باقی ماندہ پان

اس مجموعہ میں کھرل ہو جائیں اس کے بعد مرچ سیاہ کے برابر گولیاں بنالیں، ضعف باہ، کمزوری اور سرعت کے عارضہ کو دفع کرنے میں مجرب ہے، بڑھاپا بھی اس کے استعمال سے دور ہو جاتا ہے۔ چہرے پر تازگی اور رونق سی آ جاتی ہے۔

## نامردی دور کرنے والی دوا

نسخہ خاص: سم الفار ایک تولہ۔ شنگرف ایک تولہ۔ اونٹ کٹارہ کی جڑ 2 تولے۔ رتن جوت ایک تولہ سب کو پانچ سیر دودھ میں اتنی دیر ابالیں کہ دواؤں کا مکمل اثر دودھ میں آ جائے۔ اب اس کو ضامن لگا کر دہی بنا کر بلو کر مکھن نکال کر اس کا گھی بنالیں۔ یہ گھی پانچ قطرے مکھن یا حلوہ میں ڈال کر یا دودھ میں ملا کر کھائیں۔ دوران استعمال گھی دودھ کا بکثرت استعمال کریں۔ یہ دوا نامردی کو دور کرتی ہے۔ محرک و مقوی باہ ہے۔ جسم کو طاقتور اور فربہ بناتی ہے بھوک لگاتی ہے اور چہرہ سرخ ہو جاتا ہے سردیوں میں استعمال کر کے کرشمہ دیکھیں اور زندگی کے بار بار مزے لوٹیں۔

## جادو اثر مجرب نسخہ

نسخہ خاص:

بیٹھ کبوتر صحرائی 6 ماشہ، مشک خالص ایک رتی، کالی کھرچھی کا پتہ ایک عدد، کاکڑل ایک عدد، عطر گلاب 6 ماشہ، افیون 6 ماشہ۔

ترکیب:

پہلے سب پینے والی چیزوں کو کھرل کریں بعد میں مشک خالص ملا کر کھرل کریں۔ آخر میں عطر گلاب ملا کر کھرل کریں بس تیار ہے۔ یہ نسخہ بڑھاپے کو روک دیتا ہے۔

استعمال:

ضرورت سے ایک گھنٹہ پہلے حشفہ اور سیون کو چھوڑ کر احتیاط سے لگائیں بہت ہی مفید اور بہت ہی مجرب اور خاص چیز ہے۔ استعمال کرنے میں دیر نہ کریں۔



## نامردوں کے لیے مقوی اور اکسیری دوا

مسکہ، شہد، کوزہ مصری، مغز بادام، حب الخضراء ہر ایک نصف سیر۔

ترکیب:

مغز بادام اور حب الخضراء کا باریک سفوف کریں۔ پھر ایک مستعمل جمونی (جس میں دودھ بلویا جاتا ہو) میں ان سب چیزوں کو ملا کر خوب زور سے بلوئیں جب بلونا مشکل ہو جائے تو نیچے آگ رکھ دیں اور پھر بلونا شروع کر دیں جب موم کی طرح ہو جائے تو بلونا بند کر دیں۔

خوراک:

بوقت شب ایک چھٹانک تا نصف پاؤ حسب برداشت روزانہ استعمال کریں اوپر سے ایک سیر دودھ گرم کر کے پی لیا کریں، تمام دوائی استعمال کریں اور قدرتِ ایزدی کا کرشمہ دیکھیں، اکسیر ہے۔

کمزوروں کے لیے عصا اور نامردوں کے لیے ایام جوانی کی واپسی کی گارنٹی ہے۔
ایک ہفتہ میں ہی نظام جسمانی میں حیاتِ تازہ اور شگفتگی و بالیدگی پیدا کرنے والی اکسیر ہے۔

## نامردی کے لیے اکسیری دوا

میٹھا تیلیہ ایک تولہ، شنگرف رومی 2 تولہ، زعفران اصلی 4 تولہ، کرن پھل یعنی لونگ 8 تولہ، ان چاروں ادویات کو باریک کریں۔ پان کے پتوں سے نکلا ہوا پانی 10 تولہ ہر روز اس میں کھپائیں 8 روز تک خوب کھرل کریں اور ہر روز پان کا پانی ڈالیں رگڑیں اور خشک کریں بس تیار ہے۔ اب استعمال میں لائیں۔

## درخت پیپل سے مردانہ کمزوری دور

پیپل کے نرم پتے، کونپلیں، یا پھل دو چھوٹے چمچے دودھ میں اُبال کر اور کھانڈ ملا کر دن میں ایک دو بار پیتے رہنے سے مردانہ کمزوری دور ہو جاتی ہے۔ استعمال سے فائدہ

کمی ہوگی۔

## نامردی دور کرنے کا نا قابل یقین نسخہ

افیون مصری پارہ، شنگرف رومی، سم الفار، مساوی الوزن 20 یوم کھرل کریں۔ سرخی مائل سفوف ہو جائے گا نگاہ رکھیں، ایک چاول مرغن میں ملفوف کر کے سات یوم استعمال کریں۔ سات یوم پہلے استعمال سے مسہل کریں اور دنوں میں کرشمہ دیکھیں۔

## نامردی کا تیر بہدف نسخہ

صفتہ بیر بوٹی تریا 3 یا 4 تولہ، ماہ ساون میں تازہ پکڑ کر شیشی میں ڈال دیں پھر شیشی کا بند کر دیں، دو تین یوم دھوپ میں رکھنے سے روغن برآمد ہوگا، تولہ ڈیڑھ تولہ، چاول سابتی، شنگرف چھ ماشہ اسی شیشی میں ڈال کر منہ پر خوب کاگ لگا دیں، بعد تین ہفتہ گزرنے کے خوراک بقدر ایک رتی مکھن یا بالائی میں رکھ کر دو ہفتہ استعمال کریں۔ عضو تناسل میں زبردست ایستادگی پیدا ہوگی۔

پرہیز: ترش اشیاء اور قبض اشیاء، دیگر۔

## طاقت کا برقی پاؤڈر

خراطین مصفیٰ خشک خوب اچھی طرح باریک پیس لیں اور اس کے ہموزن مصری ملا کر سفوف تیار کر کے محفوظ رکھیں۔ مقدار خوراک چار ماشہ رات کو گرم دودھ سے استعمال کریں۔ طاقت مردی کے لیے نہایت بے نظیر چیز ہے۔ اس کے استعمال کے دوران مرغن غذائیں کھائیں۔ پاؤڈر میں مقناطیسی اثر ہے۔

## قوت باہ کے لیے لاجواب نسخہ

کسی مٹی کے برتن میں ایک انڈا کوئی انچور دس تولہ، سنکھیا سفید چار رتی ڈالیں اور اس میں پانی اتنا ڈالیں کہ ایک انچ اوپر رہے۔ رات کو شبنم میں رکھیں۔ صبح چولہے پر رکھ کر ہلکی ہلکی آنچ دیں اور پھر تیز کر دیں جب انڈے کا چھلکا گل جائے تو آگ ہلکی کر دیں۔ تاکہ



انڈا پھٹ نہ جائے۔ انڈا باہر نکال کر دھو لیں۔ حلوہ یا بالائی وغیرہ میں ملا کر کھائیں، کوئی انچور ایک کھائی ہے جسے مارواڑی لوگ زیادہ استعمال کرتے ہیں۔ یہ نسخہ بارہا کا آزمودہ ہے۔

## عجیب کیمیاوی علاج

سنکھیا سفید دو رتی لے کر دہکتے ہوئے کوئلوں پر رکھ کر اور مناسب درجہ کے گلاس میں ڈھانپ دیں، جب دھواں گلاس میں جمع ہو جائے تو جلدی جلدی گلاس میں دودھ ڈال کر پی لیں۔ ایک ہفتہ استعمال کریں۔ عجیب کیمیاوی علاج ہے۔ نامردی دور کرنے کا عجیب و غریب نسخہ ہے۔

## بے پناہ طاقت والے کباب

خراطین مصفیٰ خشک چھ ماشہ، قیمہ نر بکرا آدھ پاؤ، نمک سلطانی چار رتی گائے کے گھی میں بھون کر کباب بنا کر یا بطور قیمہ استعمال کریں۔ عضو تناسل میں بے پناہ طاقت پیدا ہوتی ہے۔

## نامرد جوان کرنے کا مجرب المجرب نسخہ

نر چڑا ایک عدد لے کر اس کو ذبح کر کے صاف کریں اور لکڑی میں پرو کر زرد زنبور (بھڑ، ڈمبو) کے چھتے کے پاس لے جائیں تاکہ وہ اسے خوب کاٹیں۔ پھر اسے گائے کے گھی اور مصالحہ میں خوب بھون کر کھائیں اسی طرح ایک ایک چڑا روزانہ سات یوم تک کھائیں۔ نامرد جوان مرد ہوگا مجرب المجرب ہے۔ یہ نسخہ زبردست تاثیر رکھتا ہے۔

## باب۔13

# فوطے

(Hydro Cele)

## فوطوں میں پانی اُترنا

**علاج:**

مندرجہ ذیل مجربات اس مرض کا موثر علاج ہیں۔

1۔ کشتہ فولاد آدھی رتی، کشتہ پوست بیضہ مرغ ایک رتی، معجون فلاسفہ سات ماشہ میں ملا کر کھلائیں۔ زود اثر ہے۔

2۔ دو بڑے حنظل لے کر ان کے ٹکڑے ٹکڑے کریں اور تلوں کے تیل آدھ سیر، کنوئیں کے پانی ایک سیر میں ملا کر سب کو جوش دیں، جب پانی جل کر تیل رہ جائے تو اس کو صاف کر کے مقام ماؤف پر لگاتے رہیں۔ اکسیر اور مجرب ہے۔

3۔ موم زرد ڈیڑھ تولہ، زفت، اشق ہر ایک ساڑھے تین ماشہ، پھٹکوی سفید اڑھائی ماشہ، پہلے اشق کو قدرے گرم پانی میں حل کریں، بعدہ موم اور زفت کو تیل زیتون تین تولہ میں پگھلائیں اور پھٹکوی پیس کر باہم ملالیں اور پھٹکوی باریک پیس کر باہم ملالیں اور کھرل میں آپس میں ملا کر مرہم بنالیں اور فوطوں پر لگاتے رہیں، مجرب ہے۔ فائدہ دے گا۔

4۔ ہلدی باریک پیس کر بقدر چھ ماشہ صبح وشام پانی سے کھلاتے رہیں، مفید ہے۔

5۔ نوشادر ایک ڈرام، شراب ایک اونس، پانی آٹھ اونس آپس میں ملا کر مقام ماؤف پر بار بار لگائیں۔ انشاء اللہ بہت فائدہ کرے گا۔



**ہومیو پیتھک علاج:**
آیوڈم، پلسٹلا، گریفائیٹس، برائی اونیا بہترین ادویات ہیں۔

**غذا و پرہیز:**
پانی کا کم سے کم استعمال کریں، سبزیاں بھی خشک استعمال کریں۔

## فوطوں کی سوجن کا علاج

**پہلا نسخہ:**

نوشادر ایک گرام، شراب 60 ملی لیٹر، نوشادر کو پیس کر شراب میں گھول لیں۔ اس میں روئی کا پھایہ بھگو کر فوطوں پر بار بار لگائیں۔ انشاء اللہ شفا ہوگی۔

**دوسرا نسخہ:**

1۔ برشعشا 3 گرام سوتے وقت لیں۔
2۔ حب سورنجان 2 گولیاں پانی کے ساتھ سوتے وقت لیں۔
3۔ معجون عشبہ 9 گرام پانی کے ساتھ سوتے وقت لیں۔
4۔ اطریفل شاہترہ 9 گرام پانی کے ساتھ سوتے وقت لیں۔ بفضل باری تعالیٰ سوج ختم ہو جائے گی۔

**تیسرا نسخہ:**

دھتورہ کے پتے ایک عدد، دھتورہ کے پتے پر تل کا تیل لگا کر گرم کریں اور فوطوں پر رکھ کر "T" قسم کی پٹی باندھیں۔ نسخہ بارہا کا آزمودہ ہے۔

—— ❖❖❖ ——

## باب.14

# پیشاب کی بیماریاں

### سوتے میں پیشاب نکل جانے کے چند لاجواب نسخے

**نسخہ:**

سنگھاڑا خشک شکر ہموزن سنگھاڑے کا باریک سفوف بنا کر شکر ملا لیں۔ 10 گرام دن میں دو بار لیں۔ اللہ کے فضل سے دو ہی روز میں پیشاب کی شکایت دور ہو گی۔

گلنار، مائیں چھوٹی گوند ببول، دھنیا بھنا ہوا، کالے تل۔ گڑ بقدر ضرورت پانچ دواؤں کا باریک سفوف بنا لیں اور اس کے ہموزن گڑ ملا لیں۔ 6 گرام سوتے وقت لیں۔

**نسخہ:**

آملہ کا چھلکا 10 گرام، زیرہ سیاہ 10 گرام، شہد 60 گرام، پہلی دو دواؤں کا باریک سفوف بنا لیں اور شہد ملا لیں۔ 6 گرام سوتے وقت لیں۔ انشاء اللہ مرض جاتا رہے گا۔

### سوتے میں پیشاب نکل جانا کا یونانی علاج

بچہ کو کروٹ کے بل سلانا چاہیے اور کولہے کے نیچے گدی یا تکیہ دے کر قدرے اونچا رکھیں، سونے سے پہلے پیشاب کرا دینا چاہیے، جب رات کو بچہ دو گھنٹے تک سو چکے اسے جگا کر پیشاب کرا دیں۔ چھوٹے بچوں کو دن کے وقت ہر تین گھنٹے بعد پیشاب کرانے کی عادت ڈالیں۔ عام حالات میں تل کی ریوڑیاں، تل کی گزک اور تل کے لڈو کھانے سے



کی بیماریاں دور ہو جاتی ہے۔ بطور دوا مندرجہ ذیل ادویات مفید ہیں۔

**کشتہ بیضہ مرغ:** سیلان منی دودی، سیلان الرحم اور سلس البول کے لیے نافع ہے۔ مرغی کے انڈوں کے چھلکے نمک کے پانی میں 24 گھنٹے تر رکھیں، پھر ہاتھوں سے خوب مل کر دھوئیں تاکہ اندرونی جھلی دور ہو کر چھلکا صاف ہو جائے۔ اس کے بعد ایک چینی کے برتن میں ڈال کر سرکہ انگوری اتنا ڈالیں کہ تین انگل اوپر رہے، جب سرکہ خشک ہو جائے تو نکال کر کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے خشک ہونے پر اینٹ یا چونے کی بھٹی میں رکھ کر ٹھنڈا ہونے پر نکال لیں اور پیس لیں۔ مقدار خوراک ایک رتی بڑوں کو استعمال کرائیں۔ اینٹ یا چونے کی بھٹی کے علاوہ اپلوں کی آگ میں بھی کشتہ تیار کر سکتے ہیں۔ چھوٹے بچوں کو نہ دیں۔ جلد افاقہ ہو گا۔

**مختلف بیماریوں کے لیے زود اثر معجون:**

سونٹھ، مرچ سیاہ، پیپل، دار چینی، آملہ مدبر، چھالکا بہیرہ، شیطرج ہندی، زراوند مدحرج، خصیۃ الثعلب، مغز چلغوزہ، بیج بابونہ ہر ایک تین تولہ، بیج بابونہ ڈیڑھ تولہ، مویز منقی 9 تولہ۔ ان دواؤں کو کوٹ کر چھان لیں اور تین گنا شہد خالص کے قوام میں معجون تیار کریں۔ خوراک چھ ماشہ صبح کو پانی یا دودھ سے دیں۔ بوڑھوں یا سرد مزاج مریضوں کو موافق ہے۔ دودھ گائے سے اس کا مضر اثر دور ہو جاتا ہے، کیونکہ گرم مزاجوں کے لیے مضر ہے۔ ہاضمہ کو درست کرتی ہے، بھوک لگاتی ہے۔ جوڑوں کے درد، درد کمر، نسیان، بار بار پیشاب آنے کو مفید ہے۔ مولد منی اور مقوی بھی ہے۔ منہ کی بدبو زائل کرتی ہے۔ معجون ہر بیماری کے لیے جادو کا اثر رکھتا ہے۔

**لاجواب سفوف:**

پھول انار، مائیں چھوٹی، گوند کیکر، دھنیا بھنا ہوا، تل کالے، گڑ، بقدر ضرورت پہلی پانچ دواؤں کا سفوف بنا لیں اور گڑ بقدر ضرورت ملا لیں۔ بمقدار چھ گرام استعمال کرائیں۔

جلد افاقہ ہوگا۔

**مفید اور کار آمد نسخے:**

سنگھاڑہ خشک، چینی برابر، چھ ماشہ، دن میں دو بار دیں۔

انار کی چھال سفوف بنا کر تین ماشہ رات کو سوتے وقت استعمال کرائیں۔

علاوہ ازیں معجون کندر پانچ ماشہ یا جوارش جالینوس چھ ماشہ ہمراہ عرق سونف آدھ تولہ کھلائیں۔ بڑوں کے لیے یہ نسخے بہت ہی مفید ہیں۔ پیشاب سے جلد آرام ہو جائے گا۔

## پیشاب میں خون آنے کا علاج

1۔ دم الاخوائن ایک تولہ، گل ارمنی دو تولہ، سنگ جراحت دو تولہ، گیرو ایک تولہ سب کا سفوف بنا کر رکھیں اور تین ماشہ پانی کے ساتھ ہر دو گھنٹہ بعد دیں۔

2۔ انار کی کلیاں دو یا تین عدد رگڑ کر اور کھانڈ ملا کر دیں۔

3۔ کتھ گلابی سفوف بنا کر دو ماشہ کی مقدار میں ہمراہ دہی ایک چھٹانک دیں۔ انشاءاللہ یقینی فائدہ ہوگا۔

**خونی پیشاب کی دوا:**

گل ارمنی، سنگ جراحت، ہموزن لے کر کھرل کر کے محفوظ رکھیں،

مقدار خوراک:۔ ایک ماشہ ہمراہ پانی، خونی پیشاب و کثرت ایام کے لیے نہایت مفید ہے۔

**دوسرا خاص نسخہ:**

پھول پلاس ساڑھے چار تولہ کو رات بھر ظرف گلی میں بھگو دیں اور صبح آب زلال لے کر تھوڑی مصری ملا کر پئیں، آرام ہوگا۔



**مختلف بیماریوں کا لاجواب کشتہ:**

عقیق سرخ کو آگ میں گرم کریں اور دھماسہ بوٹی کے رس میں یہاں تک سرد کریں کہ ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے، پیس کر دھماسہ کے رس میں کھرل کر کے ٹکیہ بنائیں اور دس سیر اُپلوں کی آگ دیں۔ یہ عمل سات بار کریں، عقیق کا کشتہ تیار ہوگا۔

فوائد: خونی پیشاب، خونی دست، کثرت ایام، خونی قے، پھیپھڑے سے خون آنا وغیرہ کے لیے مفید ہے، معدہ اور جگر کو تقویت دیتا ہے۔ یہ کشتہ جادو کا اثر رکھتا ہے۔

## خونی پیشاب آنے کا علاج

- مثانہ سے خون آتا ہو تو پھٹکڑی دو رتی سرد پانی پانچ تولہ میں ملا کر پچکاری کریں۔
- دم الاخوائن چھ ماشہ گل ارمنی ایک تولہ سنگ جراحت ایک تولہ گیرو چھ ماشہ سفوف بنائیں اور دو سے تین ماشہ ہمراہ ہر تین گھنٹہ بعد دیں۔
- کتھ گلابی ایک ماشہ دن میں تین خوراک ہمراہ پانی استعمال کرائیں۔
- سفوف جڑ انجبار دس ماشہ ہمراہ تازہ پانی دیں۔ سفوف بارہا کا تجربہ شدہ ہے۔

## پیشاب کی نالی کے زخم

ریوند چینی، پھٹکڑی بریاں اور گیرو ہر ایک ہموزن، سفوف تیار کریں اور سفوف کے مساوی وزن شکر خام شامل کریں، ایک گرام شربت عناب کے ہمراہ کھلائیں۔ آزمائش شرط ہے۔

**کچے پارہ کو بذریعہ پیشاب خارج کرنا:**

اگر کسی مریض کو پارہ کھلا دینے کی وجہ سے تکلیف ہو تو آک کی جڑ کو جلا کر کوئلہ بنائیں اور مصری ہموزن ملا کر رکھیں اور اس میں سے چھ ماشہ روزانہ پانی سے کھلایا کریں۔ اس سے کچا پارہ پیشاب کے راستہ خارج ہو جائے گا۔ مریض کو سکون محسوس ہوگا۔

## پیشاب کا بار بار آنا

0 جاوتری، شکر، ہموزن باریک سفوف بنالیں۔ ایک گرام دن میں دو بار لیں۔

0 جاوتری، ناگرموتھا، کندر، بھنگ کے بیج ہموزن باریک سفوف بنالیں۔ 2-2 گرام پانی کے ساتھ دن میں دو بار لیں۔ مفید اور مجرب سفوف ہے۔

## پیشاب کا بند ہو جانا کا علاج

گل ٹیسو پانی میں جوش دے کر نیم گرم پیڑو پر نطول کریں۔ مولی کا نمک دو رتی، ملے تو مولیوں کو کاٹ کر پانی نکالیں اور دو سے تین تولہ دن میں دو یا تین بار دیں، پیشاب کھولنے کے لیے نہایت کامیاب علاج ہے یا نوشادر پھلی پانچ رتی، ایک اونس پانی میں گھول لیں، چار خوراک بنائیں اور ہر تین گھنٹہ بعد ایک ایک خوراک دیں، پہلی یا دوسری خوراک سے پیشاب کھل جائے گا۔ ضرور آزمائیں۔

## چند فائدہ مند مجربات

1۔ جوکھار، نمک مولی، قلمی شورہ، نوشادر پھلی، ریوند چینی ہر ایک چھ ماشہ، مصری دو تولہ، مقدار خوراک چار سے چھ ماشہ تک صبح و شام ہمراہ پانی دیں، پیشاب جاری کرنے کے لیے نہایت مفید علاج ہے۔

2۔ جوکھار، نمک مولی، قلمی شورہ، برابر وزن لے کر ڈیڑھ سے دو ماشہ تک بکری کے دودھ کے ساتھ کھلائیں، پیشاب کھولنے کے لیے مفید ہے۔

3۔ نوشادر پھلی پانچ رتی ایک اونس پانی میں گھول لیں، چار خوراک بنائیں اور ہر تین گھنٹہ بعد دیں۔ جلد آرام آ جائے گا۔ انشاءاللہ تعالیٰ العزیز۔

4۔ شورہ قلمی دو رتی، چینی چھ ماشہ پانی کے ساتھ دیں۔

5۔ جوکھار، ریوند چینی، شورہ قلمی، سونف، نمک مولی، ہر ایک ایک تولہ، مصری چار تولہ ملا کر سفوف بنائیں، خوراک چار ماشہ صبح و چار ماشہ شام ہمراہ تازہ پانی استعمال کریں۔

6۔ شورہ قلمی چھ ماشہ کو پیس کر پانی میں حل کر کے ایک کپڑے کی گدی بنا کر اس میں تر کر



کے پیڑو پر رکھیں۔ جلد پیشاب کی شکایت رفع ہو گی۔

### پیشاب کی رکاوٹ دور کرنے کا سفوف:

شورہ قلمی، ریوند چینی ہر ایک سات ماشہ، جوکھار چھ ماشہ، زیرہ سفید ایک تولہ، چینی بارہ تولہ، سب دوائیں کوٹ چھان کر پسی ہوئی کھانڈ ملا لیں، خوراک چھ ماشہ ہمراہ لسی دودھ گائے یا بکری دیں، مدر بول ہے، پیشاب کی رکاوٹ دور کرتا ہے، پیشاب کی نالی کے زخموں کو دھو کر صاف کرتا ہے، بہت ہی انوکھا اور فائدہ مند ٹوٹکہ ہے۔

### قبض کشا معجون:

مغز تخم ترطم، مغز بادام چھلے ہوئے، پھول گلاب، سناء کے صرف پتے ہر ایک چھ تولہ، سفوف سونٹھ ہر ایک دو تولہ، دار چینی ایک تولہ، دانہ الائچی چھوٹی و بڑی ہر ایک ایک تولہ، انجیر ولایتی، مویز منقی ہر ایک 40 عدد۔

### ترکیب تیاری:

مغز تخم ترطم اور مغز بادام کو تھوڑا سا پانی ڈال کر علیحدہ علیحدہ پیسیں اور انجیر و منقی کو دھو کر اس طرح علیحدہ پیسیں، باقی ادویہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور تین گنا خالص شہد میں پہلے مغزیات، انجیر، منقی کا شیرہ شریک کر کے قوام بنائیں، بعد ازاں بقیہ دواؤں کا سفوف ملا کر معجون تیار کریں۔ خوراک 9 ماشہ ہمراہ عرق سونف دیں۔ مدر بول اور قبض کشا ہونے کے علاوہ معدہ کو تقویت دیتی ہے اور فوراً فائدہ حاصل ہوتا ہے۔

### پتھری کے لیے مفید شربت:

آلو بالو آدھ سیر لے کر دو سیر پانی میں رات کو بھگو دیں، صبح کو جوش دے کر مل چھان کر چینی سفید دو سیر ملا کر قوام بنائیں اور ٹھنڈا ہونے پر بوتلوں میں بھر لیں۔ مقدار خوراک دو سے چار تولہ ہمراہ عرق انناس دس تولہ یا پانی میں حل کر کے پلائیں۔ مدر بول ہے پتھری گردہ و مثانہ کے لیے مفید ہے۔ شربت جلد اثر دکھاتا ہے۔

**پیشاب کھولنے والا شربت:**

تخم کاسنی، سونف، تخم کرفس ہر ایک ایک تولہ، موٹا موٹا کوٹ کر ڈیڑھ سیر پانی اور چھ تولہ سرکہ انگوری خالص میں رات کو بھگو دیں۔ صبح کو چینی سفید ایک سیر کے ساتھ قوام بنائیں۔ خوراک دو سے چار تولہ تک صبح کو عرق گاؤزبان بارہ تولہ کے ساتھ پلائیں، پیشاب کھول کر لاتی ہے اور جگر و تلی کے فضلوں کو خارج کرتی ہے، بخار میں بھی مفید ہے۔ دنوں میں طبیعت بحال کرتا ہے۔

**شربت اناس کا کرشمہ:**

اناس کا پانی ایک سیر، چینی سفید ڈیڑھ سیر، بطریق معروف شربت تیار کریں، مقدار خوراک چار تولہ پانی میں ملا کر پئیں۔ دل کو فرحت دیتا ہے اور پیشاب کھول کر لاتا ہے۔ یہ شربت دل کو تقویت بھی دیتا ہے۔

**مختلف بیماریوں کا کھار جو سے علاج:**

جو کے سالم پودوں کو سایہ میں خشک کر کے بطریق معروف کھار حاصل کریں۔ جو کے سبز پودے اس وقت کاٹے جائیں، جب سٹہ لگ چکا ہو اور بیج نہ پڑا ہو، خوراک آدھا سے ایک ماشہ۔ مدر بول اور مخرج بلغم ہے، کمزوری ہضم، یرقان، پتھری گردہ و مثانہ کے لیے از حد مفید ہے۔ جلدی فائدہ ہوگا۔

**پیشاب کی رکاوٹ دور:**

سونف چار ماشہ، مغز خربوزہ، مغز کھیرا، مغز ککڑی، گوکھرو چھوٹا ہر ایک تین ماشہ۔ پانچ تولہ پانی میں جوش دے کر چھان لیں اور چھ ماشہ شکر ملا کر لیں۔ پیشاب کھل کر آئے گا۔

**پیشاب کی سوزش:**

مرغی کا کچا انڈا پیا جائے تو پیشاب کی سوزش دفع ہوتی ہے۔ اگر پیشاب میں خون



آتا ہوں تو وہ بھی بند ہو جاتا ہے۔ آزما کر دیکھیں۔

**پیشاب کی جلن دور:**

گائے کی میٹھی لسی پی جائے تو پیشاب کی جلن، قلت اور خراش دور ہوتی ہے۔ نیز خونی پیشاب کو نفع ہوتا ہے۔

**پیشاب کھولنا:**

نمک کو باریک پیس لیں اور پانی میں گاڑھا گاڑھا گھول کر اس میں روئی یا کپڑا تر کر مقعد میں رکھیں۔ انشاء اللہ پیشاب کھل جائے گا۔

باب۔15

# پتھری

## پتھری کا شافی علاج

خربوزے کا چھلکا نصف کلو پانی میں اُبالیں۔ جب پانی 250 گرام رہ جائے تو میٹھا ملا کر درد گردہ کے مریض کو پلائیں، بلکہ ایسی ہی خوراکیں ایک ایک گھنٹہ کے بعد دیتے رہیں۔ خدا نے چاہا تو تڑپتا ہوا مریض آرام پائے گا، پتھری ریزہ ریزہ ہو کر براستہ پیشاب خارج ہو جائے گی۔ مریض سکھ کا سانس لے گا۔

## پتھری کا ریت بن کر نکلنا

مہندی کے پتے و لکڑی تین تولہ رات کو دس تولہ پانی میں بھگو کر صبح کے وقت اس کا نتھرا ہوا پانی لے کر علیحدہ رکھیں اور پہلے مریض کو جوکھار اصلی، بقدر تین ماشہ لے کر مکھن میں لپیٹ کر کھلائیں اور اوپر سے پانی مذکور پلائیں۔ چند دنوں کے مسلسل استعمال سے پتھری براہ پیشاب ریت بن کر نکل جاتی ہے۔ بہت ہی سادہ اور آزمودہ علاج ہے۔

## پتھری کا گل کر نکلنا

سہاگہ چوکیہ ایک ڈلی لے کر بڑے پیاز کو چیر کر اندر سے خالی کر کے ڈلی رکھ دیں۔ پیاز کو گل حکمت کرنے کے بعد نرم بھوبھل میں بھرتہ کریں۔ اسی طرح تین پیاز میں عمل کریں۔ اس کے بعد پیس لیں۔ یہ دوا بقدر 2 رتی کھا کر اوپر سے دودھ جس میں گھی ملا ہوا ہو نوش کریں۔ چند روز کے استعمال سے پتھری گل کر نکل جاتی ہے۔ دو تین روز میں طبیعت



بہت بہتر ہو جاتی ہے۔

## پتھری توڑ نسخہ

گاجروں کا پانی پاؤ بھر نکال کر اس میں تین ماشہ قلمی شورہ ملا کر پلایا کریں۔ اگر پتھری معمولی ہوئی تو چند روز میں شرطیہ ٹوٹ کر نکل جائے گی۔

## پتھری خارج کرنے کا ٹوٹکہ

مولی کے بیج باریک پیس لیں اور تین ماشہ صبح اسی قدر شام کو پانی سے کھالیا کریں چند روز میں پتھری خارج ہو جائے گی۔ آزما کر دیکھ لیں۔

❖❖❖

## باب۔16

# مثانہ و گُردہ کی بیماریاں

## ورم مثانہ کا علاج

مقام مرض پر بابونہ سے ٹکور کریں یا بنفشہ، خطمی، خبازی ہر ایک پانچ تولہ، دو سیر پانی میں جوشا کر پھر اس میں پندرہ سیر پانی گرم ملا کر اس میں مریض کو بٹھائیں یا روغن بنفشہ کی پیڑو پر مالش کریں، درد مثانہ میں بیج کھیرا چھ ماشہ، بیج سوئے پانچ ماشہ، سونف پانچ ماشہ، دھنیا 9 ماشہ، سب کو پانی میں پیس کر شربت بزوری دو تولہ ملا کر پلائیں، موسم سرد ہو تو جوارش جالینوس چھ ماشہ صبح و شام ہمراہ عرق گاؤزبان دس تولہ دیں، جوارش زرعونی اور جوارش زنجبیل (سونٹھ) کا استعمال بھی مفید ہے۔ ورم مثانہ میں پھول بابونہ پندرہ تولہ، پانی پندرہ سیر میں پکا کر آبزن کرائیں، اونٹنی کا دودھ پلائیں۔ مثانہ کا ورم جلد ختم ہو جائے گا۔

## گردہ و مثانہ کے لیے طاقت کی دوا

ایک تولہ بنولے لے کر پانی میں ان کا شیرہ نکالیں اور نوش کریں۔ صبح و شام اس پر عمل کریں۔ چند روز کی مداومت سے مرض دور ہو گا۔

علاوہ بریں ان کے استعمال سے گردہ و مثانہ میں خوب قوت آتی ہے اور بوڑھے لوگوں کو جو بار بار پیشاب آتا ہے وہ بھی اعتدال پر آ جاتا ہے۔ بہت فائدہ مند دوا ہے

## مثانہ میں درد کا علاج

درد و تکلیف کی حالت میں گل ٹیسو جوش دے کر سیون اور مثانہ کے مقام پر ٹکور کریں اور بطور دوا گل بنفشہ، سونف ہر ایک چھ ماشہ، مویز منقی 9 دانہ، جڑ کاسنی، مکوہ خشک، بیج ترخم، بیج خطمی ہر ایک چھ ماشہ جوش دے کر صاف کر کے شربت بزوری چار تولہ ملا کر پلائیں



مریض کو چاہیے کہ وہ کامل آرام و سکون میں رہے اور ملاپ سے قطعاً پرہیز رکھے۔

غذا و پرہیز: گوبھی، دہی، چھاچھ جیسی دیر ہضم اغذیہ سے سخت پرہیز کرائیں، غذا زود ہضم اور مقوی دیں۔

## مثانہ کی پتھری کا نسخہ

سر پھوکہ $1\frac{3}{4}$ گرام، نمک سیندھا 3 گرام، کلتھی کی بیج 9 گرام، سب کو $\frac{3}{4}$ کلو پانی میں جوش دیں، جب آدھا حصہ رہ جائے، تو چھان کر دن میں پلائیں۔ پیشاب کو کسی صاف برتن میں کراتے رہیں۔ دوسرے روز پیشاب ملاحظہ کریں۔ انشا اللہ تین چار روز میں تمام پتھری بلا تکلیف ریزہ ریزہ ہو کر نکل جائے گی۔ اگر اس نسخہ کے ساتھ ہی کشتہ حجر الیہود ایک رتی دیں، تو آئندہ کے لیے پتھری پیدا ہونے کا خطرہ بھی نہیں رہے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ العزیز۔

## گردہ کی پتھری کا علاج

کلتھی 6 گرام، گوکھرو 6 گرام، کاکنج 3 گرام، کوٹ کر 375 گرام پانی میں جوش دیں۔ پانی آدھا رہ جانے پر چھان کر اس کے 3 حصے کر لیں اور صبح، دوپہر اور شام کو پلائیں۔

کچھ دیر متواتر استعمال کرنے سے گردہ و مثانہ کی پتھری ریزہ ریزہ ہو کر نکل جاتی ہے۔ موذی مرض سے نجات مل جائے گی۔

## گردہ و مثانہ کی پتھری کا کشتہ

حجر الیہود 50 گرام شورہ قلمی 10 گرام، مولی کے پتوں کا رس دو کلو، ایک مٹی کے برتن میں پہلے شورہ رکھیں، اس پر حجر الیہود اور بعد میں شورہ۔ اس پر مولی کے پتوں کا پانی نصف کلو ڈال کر برتن کو گل حکمت کر کے دس اُپلوں کی آگ دیں۔ جب سرد ہو جائے تو نکال

لیں، پھر آدھ کلو مولی کے پتوں کا پانی ڈال کر بدستور آگ دیں۔ اس طرح چار بار کریں۔ تیار ہوگا۔

مقدار خوراک دو چاول۔ اگر اس کے ساتھ دو چاول جوکھار بھی شامل کر لی جائے تو فوائد بڑھ جاتے ہیں۔

گردہ مثانہ کی پتھری کو ریزہ ریزہ کر کے نکال دیتا ہے۔ آزما کر دیکھ لیں۔

## گردہ کی کمزوری کا علاج

جند بیدستر خالص ایک ماشہ، جائفل پانچ ماشہ جلوتری پانچ ماشہ لونگ پانچ ماشہ دارچینی پانچ ماشہ حرمل پانچ ماشہ تل سیاہ مقشر پانچ تولہ حسب ضرورت شہد ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں دو گولی صبح دو گولی شام ہمراہ دودھ گائے یا بھینس نیم گرم سے استعمال کریں۔ کمزوری گردہ کے لیے مفید ہے پیشاب کی زیادتی رک جاتی ہے اور کمزوری کے لیے بھی مفید ہے۔ بفضل باری تعالیٰ جلد شفا نصیب ہوگی۔

## دردِ گردہ کے نادر نسخے

خواہ گردہ خواہ مثانہ میں پتھری ہو ذیل کے نسخہ جات مفید ہیں۔

1۔ تخم کوٹ در پارچہ بستہ 5 ماشہ، عرق مکو 5 تولہ، عرق سونف 5 تولہ، عرق کاسنی 5 تولہ، عرق گلاب 5 تولہ، الماس ایک تولہ، سنا مکی 3 ماشہ، بادام روغن 6 ماشہ مصری 3 تولہ سب کو ابال کر ہمراہ سفوف ذیل بقدر 3 ماشہ دن میں 2 یا 3 مرتبہ حسب ضرورت ہیں۔

2۔ مغز تخم خیارین 3 ماشہ، مغز تخم تربوز 3 ماشہ، مغز تخم خربوزہ 3 ماشہ حجر الیہود 3 ماشہ، حب کاکنج 3 ماشہ، تخم کرفس 6 ماشہ، انیسون 3 ماشہ، جوکھار 2 ماشہ، شورہ قلمی 3 ماشہ، زیرہ سفید 6 ماشہ۔ بے حد مفید ہے۔

3۔ سنگ یہود 2 تولہ، سنگ سرماہی ایک تولہ، سنگ مقناطیس ایک تولہ، قلمی شورہ ایک تولہ، سب کو پیس کر آب معمولی پانچ سیر آگ پر پکائیں۔ جب گاڑھا ہو جائے کوزہ گلی میں ڈال کر بالا ادویات ڈال کر گل حکمت کر کے پانچ سیر کی آگ دیں خوراک کشتہ 1/4



رتی، موسم سرد میں کاتھی ایک تولہ کا کاڑھا کے ساتھ دیں موسم گرما میں لسی کے ساتھ دیں۔ گردوں کی کمزوری دور ہوگی۔

زیرہ سفید 6 ماشہ کے شیرہ میں قدرے زبیبی گھس کر دو تین دفعہ پلائیں اور درد کی جگہ

6۔ فلفل گرد ایک ماشہ، مغز کونج 2 ماشہ باریک پیس کر زردی بیضہ مرغ میں حل کر کے کپڑا پر لگا کر چسپاں کر دیں، فوراً درد کافور ہوگا۔ انشاءاللہ تعالیٰ العزیز

## درد گردہ کے چند نسخے

مکئی کے بھٹے کے بال 25 گرام $\frac{1}{2}$ لیٹر پانی میں جوش دے کر چھان لیں۔ اس پانی کو دن میں تین چار بار لیں۔

کاتھی 25 گرام $\frac{3}{4}$ لیٹر پانی میں جوش دے کر چھان لیں۔ اس کی تین خوراکیں بنا کر دن میں تین بار لیں۔

**لیپ کمر درد:**

کالی مرچ 5 عدد، انڈے کی زردی ایک عدد، کالی مرچ کا سفوف بنا لیں اور اس کو انڈے کی زردی میں اچھی طرح ملا لیں اور تھوڑی سی ہلدی بھی ملا لیں۔ یہ لیپ کمر پر درد کی جگہ پر لگائیں۔

**موم کچے کی گولیاں:**

موم کچا بقدر ضرورت مٹر کے برابر گولیاں بنا لیں۔ ایک گولی ہلکے گرم پانی کے ساتھ دن میں دو بار لیں۔

**چٹنی کا نادر نسخہ:**

جوکھار، لوٹا کھار، سہاگہ سفید، نوشادر، مرچ سیاہ، نمک سیندھا، نمک سفید، ہینگ

سفید، قلمی شورہ ہر ایک 3 گرام، سرکہ تیز ولایتی حسب ضرورت۔ سب دواؤں کو باریک کر کے سرکہ میں ملا کر چٹنی تیار کریں۔

## پیپل کے دودھ کا ٹوٹکہ:

درد گردہ سے مریض خواہ کتنا ہی لاچار کیوں نہ ہو اس کے لیے پیپل کا دودھ عجیب و غریب چیز ہے۔ بوقت ضرورت دس قطرے پیپل کے دودھ کے، تولہ بھر پودینہ کے پتوں میں ملا کر اور تمباکو کی طرح ٹکیہ بنا کر چلم میں رکھ کر بطور تمباکو پلائیں۔ فوراً ہی درد بند ہو جاتا ہے۔

## ارنڈی کے تیل کا نسخہ:

سونف، انیسوں، زیرہ سیاہ، اجوائن، تخم کرفس، پودینہ، نمک سنگ ہر ایک 14 گرام، آٹا ماش 375 گرام، ہینگ ایک گرام۔

تمام اجزاء کو باریک کر کے آٹے میں ملا کر گوندھ کر روٹی بنا کر ایک طرف سے توے پر سینک کر خام طرف ارنڈی کا تیل چپڑ کر مقام درد پر باندھیں۔ درد فوری دور ہوگا اور آرام ملے گا۔

## گردے کی کمزوری کا علاج

مغز نارجیل، مغز فندق، مغز پستہ، مغز چلغوزہ، مغز اخروٹ، مغز بادام ہر ایک دس گرام، شہد 120 گرام، معجون بنائیں۔ دس دس گرام صبح و شام کھا کر اوپر سے دودھ نیم گرم گائے 250 گرام پلائیں۔ کمزوری رفع ہوگی۔

## گردہ کی کمزوری کے لیے لاجواب گولیاں:

جند بیدستر خالص ایک ماشہ، جائفل پانچ ماشہ، جلوتری پانچ ماشہ، دار چینی پانچ ماشہ، جزل پانچ ماشہ، تل سیاہ چھلے ہوئے پانچ تولہ، کوٹ چھان کر حسب ضرورت شہد ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں، دو گولی صبح، دو گولی شام کو ہمراہ دودھ گائے یا بھینس نیم گرم ۔



استعمال کرائیں، گردہ کی کمزوری کے لیے مفید ہے۔ پیشاب کی زیادتی رک جاتی ہے اور کمزوری کے لیے مفید ہے، اگر یہ عارضہ عصبی کمزوری کے سبب سے ہو تو خمیرہ گاؤزبان عنبری پانچ ماشہ، عرق عنبر سات تولہ، عرق گاؤزبان 7 تولہ دیں، اگر کمزوری خون وغیرہ کے سبب سے ہو تو کشتہ فولاد و کشتہ سونا یا دواء المسک معتدل جواہر والی پانچ ماشہ صبح و شام ہمراہ عرق گاؤزبان دیں یا سلاجیت شدہ ایک ماشہ، لبوب صغیر چھ ماشہ ملا کر کھلائیں، مقوی ادویات مغزیات کا استعمال بھی مفید ہے۔

## دوائے کمزوری گردہ:

ساٹھی چاول، بہمن سرخ، بہمن سفید، تودری زرد، تودری سرخ، دار چینی، مغز اخروٹ، مغز پستہ ہر ایک تین ماشہ، مغز بادام شیریں چھلے ہوئے سات عدد کو بھیڑ کے دودھ دس تولہ میں چھان کر آگ پر پکائیں، جب وہ گاڑھا ہو جائے تو مصری دو تولہ سے میٹھا کر کے پلائیں، کمزوری گردہ کے لیے از حد مفید ہے۔

## گردہ و مثانہ کے لیے مفید ٹوٹکہ:

گوکھر وخشک کو کوٹ کر چھلنی سے چھان لیں، پھر تازہ گوکھرو کا رس نکال کر اس میں اتنا ڈالیں کہ تر ہو جائے، پھر خشک ہونے پر اور ڈال دیں، اس طرح تین بار کریں۔ اگر یہ دس تولہ ہو تو اس میں ایک تولہ سونٹھ شامل کر لیں۔ چھ ماشہ دونوں وقت دودھ گرم میں میٹھا ڈال کر کھایا کریں۔ کمزوری گردہ و مثانہ کے لیے از حد مفید ہے۔ بہت فائدہ ہوگا۔

## گردے سے ٹانگ میں سفید ورم کا علاج

سونف، مکو خشک، تخم خربزہ، پرسیاؤشاں ہر ایک سات ماشہ، بیج قرطم پانچ ماشہ، مویز منقی 9 دانہ، عناب پانچ دانہ۔

عرق مکو میں جوش دے کر صاف کریں اور شربت بزوری دو تولہ ملا کر خاکسی تین ماشہ چھڑک کر پلائیں اور بیرونی طور پر روغن گل و روغن بابونہ یا روغن زیتون کی مقام ماؤف

پر مالش کریں اور جب تک مرض میں تخفیف نہ ہو موٹھ سالم یا مونگ سالم کا پانی یا گیہوں کا نمکین دلیہ دیتے رہیں اور بادی و ثقیل چیزوں سے سخت پرہیز کریں۔ یہ علاج بہت اثر رکھتا ہے اور سفید ورم سے بتدریج آرام آ جاتا ہے۔

## گردہ کا ورم کا علاج

مریض کو پسینہ لانے کی کوشش کریں، منشیات سے پرہیز کریں، گردوں کو صاف کرنے کے لیے ہلکی پیشاب آور ادویات دیں، مریض کو گرم کپڑے پہنا کر گرم مکان میں بستر پر لٹائیں، شدید حالات میں سوائے دودھ کے اور کوئی خوراک نہ دیں، دودھ میں ساگو دانہ ملا کر بھی دے سکتے ہیں۔

بطور دوا مغز بیج خربوزہ پانچ ماشہ، مغز بیج کدوئے شیریں تین ماشہ، بزرالبنج تین ماشہ، بیج کرفس تین ماشہ، بیج خرفہ تین ماشہ، بیج خطمی تین ماشہ، مغز بادام مقشر تین دانہ، گوند کتیرا تین ماشہ، ست ملٹھی تین ماشہ، گل ارمنی تین ماشہ، بیج خشخاش تین ماشہ، سب کو پانی میں پیس کر لعاب بہی دانہ بقدر حاجت ڈال کر دو ماشہ کی مقدار کی ٹکیاں تیار کریں، دو گولیاں ہمراہ عرق گاؤزبان و عرق سونف دس تولہ دن میں تین چار بار دیں، مرض دور ہونے پر کمزوری کے لیے کشتہ فولاد آدھی رتی ہمراہ دواء المسک معتدل جواہر والی پانچ ماشہ کھلائیں مقام درد پر گرم پانی کی بوتل سے ٹکور کرنا مفید ہے۔ انشاءاللہ گردہ کا ورم دور ہو جائے گا۔

## گردہ کی پتھری وریت نکالنے کی دوا

کبوتر کی بیٹ جلا کر راکھ بنالیں اور اس کو بارہ گنا پانی میں ملا کر کڑاہی میں ڈال کر رکھ دیں۔ دن میں کئی بار ہلا دیا کریں تا کہ راکھ کا تمام اثر پانی آ جائے۔ 24 گھنٹے بعد پانی کو قلعی شورہ کڑاہی میں ڈال کر آگ پر اتنا پکائیں کہ تمام پانی اڑ جائے۔ اب کڑاہی میں سے سفید نمک کو کھرچ کر رکھ لیں۔

**مقدار خوراک:**

دو رتی گرم پانی کے ساتھ درد گردہ میں کھلائیں پتھری وریت خارج کرنے کے لیے دو رتی یہی دوا مولی کے 5 تولہ رس سے کھلاتے رہیں۔ بڑی زود اثر دوا ہے۔



## گردہ کے کامیاب علاج کے لیے تیر بہدف نسخے

**معجون لبوب کبیر کا نادر نسخہ:**

مغز فندق۔ مغز بادام۔ مغز پستہ۔ مغز حب السمنہ۔ خشخاش سفید۔ کنجد مقشر۔ مغز حب القلقل۔ مغز جبتہ الخضراء۔ دار چینی۔ خولنجان۔ موچرس ہر ایک 3 ماشہ تودری کلاں تودری خورد بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ دانہ الائچی کلاں۔ دانہ الائچی خورد ہر ایک 4 ماشہ کشمش۔ مویز منقیٰ ہر ایک 6 ماشہ خرما ایک تولہ۔ شقاقل مصری۔ تخم کرفس۔ لسان العصافیر۔ مصطگی رومی۔ طباشیر سفید تالمکھانہ۔ کباب چینی۔ بسباسہ۔ زنجبیل۔ درونج عقربی۔ پودینہ۔ دار فلفل۔ پوست اترج۔ بھکوا۔ قرنفل۔ تخم زردک۔ تخم ہلیون۔ تخم شلغم۔ مغز تخم کونچ۔ زرنباد۔ ہر ایک 2 ماشہ سنبل طیب ایک ماشہ۔ چوب چینی 2 دام۔ مجیٹھ 2 ماشہ۔ قند سفید 14 دام۔ ترنجبین سفید نیم پاؤ۔ عسل سفید 14 دام۔ زعفران ایک ماشہ بدستور معجون بنائیں اور استعمال میں لا کر شفا حاصل کریں۔

**پتھری کا علاج:**

جوارش کمونی 9 ماشہ یا جوارش مصطگی کھا کر اوپر سے شیرہ انیسون۔ شیرہ زیرہ سفید ہر ایک 4 ماشہ بادیان۔ پودینہ ہر ایک 9 ماشہ الائچی کلاں 5 دانہ۔ شہد چار تولہ ملا کر پلائیں۔ پتھری ریزہ ریزہ ہو کر پیشاب کے راستے نکل جائے گی اور سکون محسوس کریں گے۔

**روغن شبت کی مالش!**

یہ دوا نہایت مفید ہے۔ بادیان۔ انیسون۔ تخم کشوث ہر ایک 3 ماشہ گلقند 4 ماشہ شیرہ نکال کر پلائیں اور اگر درد گردہ کے ہمراہ پیٹ میں درد اور نفخ و قبض ہو تو پہلے کاسر ریاح دوائیں پلائیں پھر منضج دے کر مسہل دیں اور پیٹ پر روغن شبت کی مالش کریں۔

## پرانا درد گردہ کا عرق:

منضج۔ گاؤزبان 3 ماشہ۔ مویز منقیٰ 7 دانہ۔ لسوڑیاں ایک تولہ کرفس 3 ماشہ انیسون 9 ماشہ۔ گلقند 4 تولہ اور مسہل یہ ہے۔ سنا کی ایک تولہ۔ پودینہ 3 ماشہ۔ گاؤزبان 6 ماشہ۔ بنفشہ ایک تولہ۔ لسوڑیاں ایک تولہ۔ کرفس 3 ماشہ انیسون 9 ماشہ۔ گلقند 3 تولہ پانی میں جوشا کر صاف کر کے اس سفوف کے ہمراہ پلائیں۔ "آرد تربد 8 ماشہ۔ آرد حب الحنظل [illegible] ماشہ۔ زنجبیل 2 ماشہ کوٹ چھان کر روغن بادام سے چرب کر کے استعمال کریں۔ تنقیہ کے بعد اس عرق کا دینا جو مولف کا آزمودہ ہے نہایت مفید ہے۔" بادیان۔ پوست بیخ بادیان۔ کاسنی۔ بیخ کاسنی۔ گل سرخ۔ کرفس۔ بیخ کرفس۔ منڈی۔ اجوائن۔ بیخ اذخر۔ برگ گاؤزبان۔ انیسون ہر ایک نیم پاؤ بدستور عرق تیار کریں اس عرق سے پرانا درد گردہ جو رہ گئی ہو دور ہو جاتا ہے اور اس بیماری کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔

## حریرہ درد گردہ:

گردہ کا درد اس کا سبب یا ریح ہوتی ہے یا ضعف یا پتھری یا قروح جو گردہ میں پڑتے ہیں۔ علاج کا قاعدہ سبب کا ازالہ ہے۔ "یہ حریرہ درد گردہ کے لیے مجرب ہے۔" مغز حب القرطم ڈیڑھ تولہ اس کے برابر شکر ملا کر حریرہ پکائیں اسی قدر تازہ پکا کر ہر روز تازہ کھلایا کریں۔ بہت زیادہ افاقہ ہوگا۔

## پیڑو کا درد:

یہ دوا اس درد کے لیے جو پیڑو کے اوپر اور دائیں بائیں بھی پھرتی ہو بہت مفید ہے۔ مغز تخم بارتنگ۔ مغز تخم خربوزہ۔ خارخسک ہر ایک 5 ماشہ بادیان 7 ماشہ۔ قند سفید 6 ماشہ ہفتہ تک دو وقت رگڑ کر پلایا کریں۔ درد دوسرے دن کافور ہو جائے گا۔ بارہا کا آزمودہ ہے۔



## سنگ مثانہ کو توڑنے کا نسخہ:

کشتہ حجر الیہود سنگ گردہ اور سنگ مثانہ کو توڑتا اور ریت کو بے مشقت نکالتا ہے جس کی ترکیب یہ ہے۔ حجر الیہود ایک پاؤ لے کر 3 سیر مولی کے پانی میں کھرل کریں جب خشک ہو جائے تو مٹی کے برتن میں گل حکمت کر کے آگ دیں پھر نکال کر اتنے ہی آب ترب میں کھرل کریں جب پانی جذب ہو جائے تو اسی طرح آگ دیں پھر نکال کر تیسری دفعہ بھی ایسا ہی کریں تاکہ 12 سیر مولی کا پانی اس میں خرچ ہو جائے جب تیسری دفعہ آگ دے چکیں تو پیس کر محفوظ رکھیں مدر ادویات کے شیروں کے ہمراہ بقدر ایک ماشہ کے کھلایا کریں نہایت عجیب نسخہ ہے۔ فوری فائدہ کے آثار ظاہر ہوتے ہیں۔

## سنگ گردہ کے لیے کشتہ مرجان:

کشتہ مرجان سنگ گردہ کے لیے مفید ہے۔ مرجان سالم ایک تولہ لے کر تازہ گلاب کے پھولوں کی دو ٹکیہ بنا کر ایک مٹی کے سکورہ میں ایک قرص اوپر اور ایک قرص نیچے رکھ کر پانچ سیر پاچک سیر دشتی کی آگ دیں شگفتہ ہو جائے گا۔ برگ پان میں ایک رتی رکھ کر سات روز تک کھلائیں انشاءاللہ فائدہ کامل ظاہر ہوگا۔ از حد مفید اور زود اثر نسخہ ہے۔

## حبس بول کے لیے عجیب ٹوٹکہ:

ترکیب خاکستر عقرب سنگ گردہ سنگ مثانہ اور حبس بول کے لیے جو پتھری میں ہوتا ہے نہایت مفید ہے ایک بڑا بچھو سیاہ رنگ زندہ پکڑ کر مرغی کا انڈا خالی کر کے اس میں ڈالیں اور کس قدر مولی کے بیج بھی اس میں بھر کر اوپر سے دوسرا خول انڈے کا چڑھا دیں اور باریک کپڑے سے لپیٹ کر گل حکمت کریں اور خشک کر کے پاچک دشتی کی آگ دیں جب آگ سرد ہو جائے نکال کر دو چانول کے برابر کھا کر ایک پیالہ مولی کا پانی اوپر سے پی لیں نہایت عجیب الخاصیت ہے۔

## پتھری پھوڑنے کے لیے معجون:

معجون حجر الیہود بھی پتھری کے پھوڑنے میں سریع الاثر ہے۔ جس کی ترکیب یہ ہے مغز تخم کدو۔ مغز تخم خیارین۔ تخم خربوزہ۔ تخم کاسنی ہر ایک 5 درم حجر الیہود اصلی 50 درم باریک پیس کر شہد حسب ضرورت ملا کر معجون بنائیں خوراک 2 درم ہمراہ شیرہ تخم خیارین و تخم خربوزہ کے دیں۔ معجون عجیب و غریب اثر رکھتا ہے۔

## درد گردہ و ریحی کا آسان علاج:

پھٹکڑی سفید 5 تولہ کو ایک سیر مولی کے پانی میں آگ پر پکائیں۔ جب پھٹکڑی پھول جائے تو باریک پیس کر رکھ لیں۔ 3 رتی ہمراہ عرق سونف دیں۔ درد گردہ و ریحی کی آسان اور کوڑیوں کی دوا ہے۔ درد سے تڑپتے ہوئے مریض کو صرف ایک ہی خوراک سے آرام ہو جاتا ہے۔ آزما کر دیکھ لیں۔

## روغن برائے درد ریحی و اعصابی

مٹھا تیلیہ مدبر 3 ماشہ کچلہ مدبر 6 ماشہ، عقرقرحا ایک تولہ، قرنفل ایک تولہ، تخم حرمل ایک تولہ، مالکنگنی ایک تولہ، زعفران 3 ماشہ اجوائن خراسانی ایک تولہ، زنجبیل ایک تولہ، جاوتری ایک تولہ، سب دوائیں کوٹ کر رات کو آدھ سیر پانی میں بھگو دیں۔ جب نصف رہ جائے تو چھان کر اس میں روغن کنجد 15 تولہ ملا کر دوبارہ نرم آنچ پر پکائیں جب پانی جل کر صرف تیل رہ جائے اتار لیں اور جس قدر تیل ہو اس نصف حصہ ٹنکچر آیوڈین ملا کر بوقت ضرورت مالش کر کے روئی باندھ دیں، اس میں یہ وصف ہے کہ جسم میں جذب ہو جاتا ہے اور چکناہٹ سے مبرا ہے۔ ریحی کے درد میں اس روغن کی خصوصیت بہت نمایاں اثر رکھتی ہے۔

## مثانہ سے پیپ کا خاتمہ

سہاگہ کھاری ہونے کے سبب مثانہ سے پیپ آنے کو خشک کرتا ہے اور مثانہ میں



جراثیم کو ہلاک کرتا ہے۔

## زخم مثانہ کی شکایت

جس شخص کو زخم مثانہ کی شکایت ہو۔ اگر وہ چند روز تازہ مکھن کھاتا رہے تو صحت ہو جائے گی۔

## مثانہ کی خارش:

مرغی کا شوربا جو خوب گھی ڈال کر بنایا ہو۔ پیا جائے تو مثانہ کے زخم اور خارش کو فائدہ ہوتا ہے اور اسے طاقت ملتی ہے۔ جلد خارش کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔

## مثانہ میں خون جمنا:

مثانے میں خون جم جائے تو گرم پانی کے ساتھ تھوڑی سی ہینگ کھلائیں تحلیل ہو جائے گا۔

## مثانہ کی صفائی کا مجرب نسخہ

حجر الیہود ایک ماشہ گوگرد 6 ماشہ، اساروں 3 ماشہ، مرچ سیاہ 20 عدد، نمک طعام ایک رتی، سب کو پاؤ بھر پانی میں پیس کر چھان کر دن میں 2 مرتبہ پلائیں، بہت افاقہ ہو گا۔

## مثانہ کی بیماریاں اور چیدہ چیدہ نسخے

## مقام ماؤف پر گھی کی مالش:

اگر مثانہ میں سردی پیدا ہو جائے تو گھی کو گرم کریں اور مقام ماؤف پر ہلکے ہاتھوں سے مالش کرتے رہیں۔ چند روز میں شکایت رفع ہو جائے گی۔

## جو کے پانی سے بندش بول کا خاتمہ:

مثانے کے گرم امراض میں ماء الشعیر یعنی جو کا پانی پلانا از حد مفید ہے۔ اس سے نہ صرف ان کی حرارت زائدہ بجھتی ہے۔ بلکہ ورم حار، خراش، سوزش، قلت و بندش بول ایسی

شکایتوں کو بھی فائدہ ہوتا ہے۔

**السی کے بیج سے سرد ورم تحلیل:**

السی کے بیج 9 ماشہ سے ایک تولہ تک ماء العسل یا کھانڈ کے شربت سے سالم ہی نگل لیے جائیں تو ان اعضاء کے سرد ورموں کو تحلیل کرتے ہیں۔ نیز ان کی جلن اور خراش بھی رفع ہو جاتی ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا۔

## مثانہ کی پتھری کے نسخے

**چند مرکبات سے مثانہ کی پتھری دور:**

سرپھوکہ 12 گرام 120 ملی لیٹر پانی میں جوش دے کر چھان لیں، صبح لیں۔

1- کشتہ حجر الیہود 250 ملی گرام معجون حجر الیہود 7 گرام میں ملا کر سوتے وقت لیں۔
2- معجون عقرب 7 گرام سوتے وقت لیں۔
3- معجون سنگ سرماہی 7 گرام سوتے وقت لیں۔
4- شربت بزوری معتدل 30 ملی لیٹر پانی کے ساتھ لیں۔
5- حب کاکنج 2 گولیاں پانی کے ساتھ دن میں دو بار لیں۔
6- بنادق البزور 4 گولیاں پانی کے ساتھ سوتے وقت لیں پتھری ریزہ ریزہ ہو کر نکلے گی۔

**پتھری ریزہ ریزہ کرنے کا نسخہ:**

کلتھی 6 گرام، مولی کا رس 25 ملی لیٹر 12 ملی لیٹر پانی میں جوش دے کر چھان لیں، صبح لیں۔ بہت افاقہ ہوگا۔

**مکمل آرام کے لیے چٹکلہ**

کھیرے کے بیج 3 گرام، ککڑی کے بیج 3 گرام، خربوزہ کے بیج 6 گرام، گوکھرو چھوٹا 4 گرام، کلتھی 4 گرام ان دواؤں کو کوٹ کر 180 ملی لیٹر پانی میں جوش دے کر شکر



سے میٹھا کریں۔ دن میں 2 بار لیں۔ مکمل آرام آ جائے گا۔ انشاء اللہ۔

## گردہ کی پتھری خارج کرنے کے چند ٹوٹکے

**دوائے پتھری گردہ:**

کشتہ حجر الیہود چار رتی، سفوف شورہ دو رتی، سوڈا بائی کارب دو رتی، جوکھار کا سفوف دو رتی، سفوف ریوند خطائی دو رتی۔ تمام ادویات کو باریک پیس کر ملا لیں اور دو خوراکیں بنا لیں، صبح و شام گائے کی چھاچھ سے ایک ایک خوراک دیں، چند یوم میں گردہ کی پتھری خارج ہوگی، کمزور مریضوں کو نصف خوراک دیں۔ انشاء اللہ شفا نصیب ہوگی۔

**جوشاندہ کا ٹوٹکہ:**

سینڈھا نمک تین ماشہ، کلتھی دو تولہ، دونوں کا جوشاندہ تیار کر کے پلائیں، چند بار میں پتھری پیشاب میں بہہ کر چلی جائے گی۔ طبیعت بحال ہوگی۔

**روغن بابونہ کا لیپ:**

ہینگ، نوشادر، سہاگہ، برابر وزن پیس کر دو رتی ہمراہ عرق سونف کھلائیں، بیرونی سونٹھ، سونف، روغن بابونہ میں پیس کر نیم گرم گردوں پر لیپ کریں۔ اس میں پتھری کا توڑ ہے۔

**چار مرکب کا جادو اثر نسخہ:**

مغز بیج کھیرا تین ماشہ، مغز بیج ککڑی تین ماشہ، مغز بیج خربوزہ چھ ماشہ، گوکھرو چھوٹا چار ماشہ، کلتھی چار ماشہ، سب کو 100 گرام پانی میں بھگو کر جوش دے کر چھان لیں اور چینی سے میٹھا کریں، اس کی دو خوراک بنا لیں، دن میں دو بار لیں۔ ہر درجہ میں زود اثر ہے۔

**مولی کے رس کا مرکب:**

کلتھی چھ گرام، مولی کا رس بارہ گرام، کلتھی کو 25 گرام پانی میں جوش دے کر چھان لیں اور مولی کا رس ملا لیں، کھانا کھانے کے $1\frac{1}{2}$ گھنٹہ بعد لیں۔ انشاء اللہ جلدی

فائدہ ہوگا۔

**سرپھوکہ کا پر اثر ٹوٹکہ:**

سرپھوکہ دس گرام 30 گرام پانی میں جوش دے کر چھان کر پلائیں۔

## درد گردہ کا ایک اور نسخہ علاج

**درد گردہ کا بہترین علاج:**

گردہ کے مقام پر ٹکور کریں یا رائی کا پلستر لگائیں، جب پلستر چبھنے لگے تو اتار دیں، درد گردہ کے لیے بہترین علاج ہے، درد گردہ کے لیے آبزن کرانا بھی مفید ہے، ایک سیر گرم پانی میں کسی قدر سن لائٹ صابن ملا کر اور ایک اونس کیسٹر آئیل ملا کر حقنہ کریں، پتھری کے اخراج کے لیے کلتھی چھ ماشہ، سونف سات ماشہ، پتھر پھوڑی بوٹی چار ماشہ، گل داؤدی پانچ ماشہ، سب کو پانی میں پیس کر چھان کر پلائیں۔ اگر سب دوائیں نہ ملیں تو جو میسر ہوں وہی استعمال کریں، شدت درد میں "برشعثا معجون" کا استعمال بھی مفید ہے۔ گردہ کے درد سے مکمل افاقہ ہوگا۔

مندرجہ ذیل مجربات درد گردہ و پتھری کے لیے مفید ہیں۔

**جوشاندہ درد گردہ:**

گوکھرو چھ ماشہ، سونف رومی پانچ ماشہ، پوہلیاں پانچ ماشہ، مغز کھیرا چھ ماشہ، گل قند تین تولہ، تمام ادویات کو گھوٹ کر پانی ملا کر چھان کر سردیوں میں گرم اور گرمیوں میں ویسے ہی پلا دیں، پندرہ منٹ میں آرام آجائے گا۔ اگر درد گردہ پتھری سے ہے تو مفید ہے۔ مریض کو سکون محسوس ہوگا۔

**درد گردہ کے لیے سفوف:**

جوکھار، لونا کھار، سہاگہ خام، نوشادر پھلی، کالی مرچ، نمک سینڈھا، نمک طعام،



ہیرا ہینگ، قلمی شورہ، تمام ادویات برابر لے کر سفوف بنالیں اور قدرے سرکہ انگوری ملا کر لوق تیار کریں، بقدر تین ماشہ پندرہ منٹ بعد چٹائیں، دوسری یا تیسری خوراک سے درد گردہ کو آرام آجائے گا۔ دوائیں تازہ تیار کر کے استعمال کریں۔ انشاء اللہ درد گردہ سے نجات مل جائے گی۔

## درد گردہ کے چند مزید ٹوٹکے

**موثر کشتہ:**

کشتہ سنگ یہود 10 گرام، نمک مولی 10 گرام، قلمی شورہ 10 گرام، جوکھار 10 گرام، نوشادر 10 گرام۔

جملہ ادویات کو باریک پیس کر ہم وزن چینی ملا کر رکھیں۔ خوراک ایک ایک گرام ہمراہ شربت بزوری 25 گرام تین بار دن رات میں استعمال کرائیں۔ دوائیں جلد اثر دکھائیں گی۔

**لاجواب سفوف:**

پچال کبوتر 2 تولہ، کشتہ سنگ یہود تولہ، قلمی شورہ 6 ماشہ سفوف بنائیں مقدار خوراک 2 رتی تک ہے۔ بہترین علاج ہے۔ درد جلد ختم ہوجائے گی۔

باب۔17

# جگر کی بیماریاں

## جگر کے درد کا علاج

0 مریض کو آرام سے لٹائیں، پوست خشخاش دو تولہ، عرق گلاب پانچ تولہ میں جوش دے کر اس سے نیم گرم ٹکور کریں، خوردنی عرق سونف کا استعمال مفید ہے۔

0 روغن زیتون ایک تولہ، عرق سونف دس تولہ ملا کر پلائیں۔

0 سونف پانچ سونف رات کو بھگو دیں، صبح جوشاندہ بنا کر شہد دو تولہ ملا کر پلانا مفید ہے، قبض نہ ہونے دیں۔ اللہ کے فضل سے جگر کے درد سے جلد آرام ہو جائے گا۔

## جگر پھونکنا

جگر کے پھونکے جانے کی علامت یہ ہے کہ دائیں طرف کی پسلیوں کے پنجرے نیچے درد نمود کے ساتھ پیدا ہوتا ہے۔ تپ اور بوجھ کچھ نہیں ہوتا اور ہضم غذا کے بعد نفخ زیادہ ہو جاتا ہے۔

علاج جوارش کمونی اور شربت دینار مفید ہے اور نہار منہ حمام میں جانا اور ٹکور کرنا اگر حاجت نہ ہو تو مسہل اور مدرات کا استعمال کرنا چاہیے اور بادشکن ادویہ کھلائیں اور سفوف کرفس نہایت مجرب ہے۔ بارہا کا تجربہ شدہ ہے۔

## جوڑوں کے درد کا علاج

نوشادر 20 گرین، جوشاندہ عشبہ ایک اونس۔ یہ ایک خوراک ہے۔ امراض جو



مرض جوڑوں کے درد کو نہایت مفید ہے۔ آزمائش شرط ہے۔

## ورم جگر کا علاج

ورم جگر محدب (ابھرے ہوئے) میں پیشاب آور ادویات کا استعمال بہت مفید ہے اور مقعر (دبے ہوئے) میں قبض کھولنے والی (ملین) ادویات دی جاتی ہیں، ابھرے ہوئے ورم جگر میں سبز کاسنی کا پانی (آگ پر پھاڑا ہوا) مکو سبز کا پانی (آگ پر پھاڑا ہوا) ہر ایک پانچ تولہ، شربت بزوری تین تولہ ملا کر صبح و شام پلائیں۔ دنوں میں فوراً فائدہ ہوگا۔

### دبے ہوئے ورم کا نسخہ:

دبے ہوئے ورم جگر میں جڑ کاسنی چھ ماشہ، جڑ سونف چھ ماشہ، برنجاسف چھ ماشہ، افسنتین چھ ماشہ، مکو خشک پانچ ماشہ، جوش دے کر شربت بزوری یا شربت دینار تین تولہ ملا کر پلائیں۔ نسخہ کا فوراً اثر ہوگا۔ جلدی فائدہ کے اثرات ظاہر ہوں گے۔

## لاجواب مجربات

### جگر کے لیے حب کبد نوشادری:

نوشادر پھلی، نمک (کھانے والا) نمک سیاہ، سہاگہ بریاں، نمک لاہوری، نرکچور، چھلکا ہرڑ کابلی، ہرڑ سیاہ، باؤبڑنگ، مرچ سیاہ، سونٹھ ہر ایک برابر برابر وزن کوٹ کر عرق گلاب میں نخود کے برابر گولیاں بنائیں، خوراک دو سے تین گولی تک کھانا کھانے کے بعد ہمراہ عرق سونف یا پانی کھائیں، امراض جگر کے لیے مفید ہے۔ غذا کو ہضم کرتی ہے، قبض کو دور کرتی ہے۔

### مقام درد کے لیے لیپ

ورم جگر، ورم طحال وغیرہ کو تحلیل کرتا ہے، بیرونی استعمال کرنے سے خناق کو بھی فائدہ مند ہے۔

بال چھڑ، تگر، مصطگی ہر ایک سات ماشہ، بادام کڑوے، بیج کرفس، اجوائن ہر ایک

9 ماشہ، اکلیل الملک، برنجاسف ہر ایک تین تولہ۔

تمام ادویات کو سبز سونف کے پانی یا سونف کے جوشاندہ میں پیس کر روغن گل ۱۰ تولہ، سرکہ ایک تولہ ملا کر لیپ بنائیں اور مقام درد پر بیرونی نیم گرم لگائیں۔ یہ خاص [illegible] ہے آزما کر دیکھ لیں۔

**کمزوری جگر کا کرشماتی نسخہ:**

شورہ قلمی ایک تولہ، نوشادر ٹھکری ایک تولہ، ریوند خطائی پانچ تولہ، سنبل الطیب ایک تولہ، ساذج ہندی ایک تولہ، فلفل گرد ایک تولہ، سب کو کوٹ پیس کر سفوف بنائیں، مقدار خوراک چار رتی سے ایک ماشہ، ہمراہ مطبوخ جڑ کاسنی، ورم جگر، جگری بخار، کمزوری جگر اور بڑھی ہوئی تلی کے لیے مفید ہے۔ یہ نسخہ بہت جلد فائدہ دیتا ہے۔

**جگر کے لیے سفوف:**

ریوند چینی پانچ تولہ، نوشادر ٹھکری پانچ تولہ، ہر دو کو سفوف بنالیں اور ایک سے دو ماشہ تک حسب ضرورت استعمال کرائیں۔ بے حد فائدہ ہوگا۔

**نوشادر ٹھکری سے علاج**

افسنتین چار ماشہ، نوشادر ڈلی آدھا ماشہ، پانی میں پیس کر آگ پر رکھیں، جب پھٹ جائے تو صاف کر کے پلائیں۔ جگر کو تقویت پہنچے گی۔

**اجوائن دیسی کی ترکیب:**

اجوائن دیسی چھ ماشہ سے نو ماشہ کو مٹی کے کورے برتن میں رات کو ڈال کر بھگو دیں، صبح اس کا نتھار مریض کو پلائیں، ورم جگر اور پرانے بخار کے لیے مفید ہے۔ انشاء اللہ یہ نسخہ کارگر ثابت ہوگا۔



**گھیکوار بوٹی سے ورم جگر کا علاج:**

گھیکوار کا پٹھا لے کر اس کو درمیان سے چیر کر نوشادر ٹھکری صاف پانچ تولہ سفوف کر کے تھوڑا تھوڑا ڈال دیں اور لٹکا دیں، جو پانی نکلتا رہے، اس کو شیشی میں حفاظت سے رکھیں، دو سے دس بوند پانی میں ڈال کر پلائیں، ورم جگر و عظم طحال کے لیے از حد مفید ہے۔ بھوک بڑھانے اور ہضم کو طاقت دینے میں بھی مفید ہے۔ زود اثر علاج ہے۔

**ورم جگر میں نافع:**

قرص زرشک کبیر ورم جگر اور بلغمی تپوں اور استسقا میں نافع ہے۔ عصارہ زرشک مغز تخم خربوزہ ہر ایک 3 درم۔ گل سرخ۔ ترنجبین ہر ایک 6 درم۔ تخم کشوث۔ رب السوس۔ طباشیر۔ تخم کاسنی۔ مصطگی۔ سنبل الطیب۔ عصارۂ غافث۔ فوہ لک مغسول۔ ریوند چینی ہر ایک 2 درم۔ زعفران باریک کر کے ترنجبین کے پانی سے قرص بنائیں۔

**ورم جگر کے لیے اجوائن دیسی کا نتھار:**

افسنتین چار ماشہ، نوشادر ٹھکری چار رتی۔ پانی میں پیس کر آگ پر رکھیں جب پھٹ جائے تو صاف کر کے پلائیں یا اجوائن دیسی ایک تولہ کو مٹی کے کورے برتن میں رات کو ڈال کر بھگو دیں۔ صبح اس کا نتھار مریض کو پلائیں۔ ورم جگر اور پرانے بخار کو مفید ہے باہر سے خاص طور پر السی کی پلٹس باندھیں۔ زود اثر اور کامیاب نسخہ ہے۔

## کمزوری جگر کا علاج

جگر (کلیجی) بکرا لے کر خوب کوٹیں۔ پھر اس میں دس قطرے پانی کے ڈالیں۔ اس کے بعد موٹے کپڑے سے نچوڑ کر اس میں سنگترے یا مالٹا یا انار کا رس ملا کر تھوڑا سا نمک اور مرچ سیاہ چھڑک کر صبح کو روزانہ پلائیں، تقویت جگر و خون پیدا کرنے کے لیے بہت مفید ہے۔ کشتہ فولاد آدھی سے ایک رتی ہمراہ مکھن دیں۔ تقویت کے لیے بہت فائدہ مند ہے۔

**کمزوری جگر میں مفید:**

کلیجہ بکری دس تولہ روزانہ لے کر لنگری میں باریک کوٹ لیں، ٹماٹر کا رس نصف پیالی (چائے والی) اور قدرے نمک، کالی مرچ شامل کرکے صبح کے وقت خالی پیٹ استعمال کرائیں، بھس، انیمیا، کمزوری جگر اور کمی خون میں ازحد مفید ہے۔ کمزوری جگر کے لیے اکسیر ہے۔

**تلی کی تقویت کے لیے کشتہ فولاد:**

برادہ فولاد مدبر، جامن کے پھل کے رس میں اس طرح بھگوئیں کہ پانی برادہ سے دو انگل اوپر رہے۔ پھر برتن دھوپ میں رکھ دیں، روزانہ دو تین بار ہلا دیا کریں، پانی خشک ہو جائے گا، خشک ہونے پر اور ڈال دیں۔ یہاں تک کہ برادہ فولاد کی سختی دور ہو کر راکھ ہو جائے۔ پھر ترش دہی ملا کر پکائیں کہ گاڑھا ہو جائے، بعد ازاں کوزہ گلی میں بند کر کے دس سیر اپلوں کی آگ دیں۔ جگر، معدہ، گردے اور تلی کی تقویت کے لیے ازحد مفید ہے۔ مقدار خوراک آدھی سے ایک رتی ہمراہ مکھن دیں۔ بے حد فائدہ دیتا ہے اور جلد آرام آ جاتا ہے۔

**جگر کی اصلاح کے لیے نادر نسخہ:**

ریوند خطائی، نوشادر، ٹھکری ہر ایک ایک تولہ، قلمی شورہ دو تولہ، کشتہ فولاد چھ ماشہ، سب کو سفوف بنا کر خوراک ایک رتی ہمراہ عرق گاؤزبان دیں، جگر کی اصلاح کرتی ہے، پرانے بخار اور ان امراض کے لیے جو جگر کی خرابی سے ہوتے ہیں، کے لیے مفید ہے۔ خاطر خواہ فائدہ حاصل ہوگا۔

**کمزوری جگر کے لیے پھلوں کا رس**

گاجر کا رس $1\frac{1}{4}$ تولہ، سنگترہ کا رس $1\frac{1}{4}$ تولہ، شہد خالص ایک تولہ، فیری ایٹ ایمونیا سائٹریٹ اس ایک سے دو رتی تک چاروں چیزیں ملا کر ایسی خوراک صبح و شام بعد از غذا



دو گھنٹہ بعد پلائیں، کمزوری جگر کے لیے ازحد مفید ہے آزما کر دیکھ لیں جگر کی کمزوری نابود ہوگی۔

**خون کی کمی دور:**

ایک سو دانے کالی داکھ (کشمش بڑی) تین یا چار بار پانی سے دھو ڈالیں، اب سنگترے کا رس 250 گرام نکال کر اس میں شام کو کالی داکھ کے دانے ڈال دیں۔ دوسرے دن صبح اس داکھ کو اسی رس میں مسل کر اس کو ٹھیک طرح سے نچوڑ کر بیج پھینک دیں۔ اس رس کو صبح ہی خالی پیٹ پی جائیں، چالیس روز تک متواتر استعمال کرنے سے خون کی کمی دور ہو جاتی ہے، دودھ، مکھن اور پالک وغیرہ خوب استعمال کریں۔ عجیب الاثر ہے۔

**کشتوں کا سفوف:**

کشتہ مونگا، کشتہ فولاد، طباشیر اصلی، الائچی خورد، کوزہ مصری برابر لے کر سفوف بنائیں، چار رتی ہمراہ دودھ دیں۔

**پھول گلاب سے علاج:**

سونف، پھول گلاب، پودینہ ہر ایک چھ گرام، 50 گرام پانی میں جوش دیں اور چھان لیں، دن میں دو بار دیں۔ جلد افاقہ ہوگا۔

**اجوائن کا ٹوٹکہ:**

اجوائن 9 ماشہ، 24 گھنٹے 30 گرام پانی میں بھگوئیں، دن کو سایہ میں اور رات کو شبنم میں رکھیں اور چھان لیں، صبح ناشتہ سے پہلے پی لیں۔ جگر کی کمزوری کے لیے بے حد طاقتور ہے۔

## جگر کا سکڑ جانا

بیج کاسنی پانچ ماشہ، بیج کشوث پانچ ماشہ، بیج کرفس پانچ ماشہ، خار خسک پانچ ماشہ،

یہ تمام ادویات علیحدہ علیحدہ ویا سب ملا کر شیرہ نکال کر یا مطبوخ بنا کر شربت بزوری دو تولہ ملا کر استعمال کریں۔ فوراً جگر کی اصلاح ہوگی۔

## جگر کی خرابی کا علاج

جب یہ عارضہ جگر کی خرابی سے ہو تو ایسی صورت میں جلاب دینے کا فائدہ ہوتا ہے، تازہ کریلہ کا پانی سات تولہ، شہد دو تولہ ملا کر روزانہ پلائیں، اس سے دو تین دست ہو کر مادہ مرض کا اخراج ہوتا ہے۔ کمزوری کے لیے دواء المسک معتدل جواہر والی چھ ماشہ کھلائیں۔ جگر کی خرابی دور ہوگی۔

### جگر کے سُدوں کے لیے شربت دینار:

بیج کاسنی، پھول گلاب ہر ایک چھ تولہ، چھلکا جڑ کاسنی نو تولہ، گل نیلوفر، گاؤزبان ہر ایک تین تولہ، کوٹ کر آدھ سیر پانی میں جوش دیں اور اس میں آٹھ تولہ بیج کشوث پوٹلی میں بندھا ہوا لٹکا رکھیں، بعدہٗ چھان کر چینی سفید ایک سیر شامل کر کے شربت تیار کریں، شربت تیار ہونے پر آگ سے نیچے اُتار کر اس میں ریوند چینی $3\frac{3}{4}$ تولہ سفوف بنا کر شامل کریں، خوراک تین سے چار تولہ ہمراہ پانی استعمال کریں۔

استسقاء اور سوء القنیہ کے لیے نافع ہے، پیشاب کھول کر لاتا ہے، جگر کے سدوں کو کھولتا ہے، قبض دور کرتا ہے، بچہ دانی کے امراض کو مفید ہے۔ بہت ہی انوکھا زود اثر علاج ہے۔

### کھار چرچٹہ کا بے نظیر نسخہ:

چرچٹہ (پُٹھکنڈہ) کے سالم پودہ کو سایہ میں خشک کر کے مٹی کے بڑے برتن میں ڈال کر جلائیں اور بہ ترکیب معروف کھار بنالیں، مقدار خوراک آدھے سے ایک ماشہ، استسقاء کے لیے مفید ہے آزما کر دیکھ لیں۔



### دوائے استسقاء کا شرطیہ علاج:

عصارہ ریوند مدبر ایک ماشہ، قلمی شورہ تین ماشہ دونوں کو کھرل کریں، یہ ایک خوراک ہے، ہمراہ عرق سونف استعمال کریں، صرف ایک خوراک روزانہ ایک ہفتہ دیں، پاخانہ کے ذریعہ پانی خارج ہوگا، کمزور مریضوں کو نصف خوراک دیں۔ کلی شفا حاصل ہوگی۔

دیگر: استسقاء کی جملہ اقسام کے لیے اونٹنی کا دودھ سات تولہ، گل قند چار تولہ ملا کر پلائیں تین روز کے بعد ایک ایک تولہ دودھ کی مقدار بڑھاتے جائیں، حتیٰ کہ 45 تولہ ہو جائے، پھر ایک ایک تولہ کم کرتے جائیں کہ پہلی مقدار آ جائے، اس سے پاخانہ کے ذریعہ پانی خارج ہوگا بہت افاقہ ہوگا طبیعت پھر سے سنبھل جائے گی۔

## جگر کی گرمی

کشنیز 2 تولہ، الائچی خورد ایک تولہ، کاسنی 5 تولہ، صندل سفید 2 تولہ، نیلوفر 5 تولہ گاؤزبان 2 تولہ، گل قند بنفشہ 2 تولہ، ملٹھی 2 تولہ، عناب 2 تولہ، کل اجزاء: 9 ہیں۔ بطریق معروف عرق کشید کریں۔ مقدار خوراک 5 تولہ صبح، 5 تولہ شام۔ جگر کی گرمی خشکی گلے پڑنے کو بہت مفید ہے۔ مرض میں اکسیر ثابت ہوگا۔

## ورم بالکل درست

جگر کے بلغمی ورم کو دور کرنے میں سونٹھ بھی عجیب الاثر ہے۔ اس کو تین ماشہ کی مقدار میں آب نیم گرم سے کھلایا بھی جاتا ہے اور پانی میں پیس کر جائے ماؤف پر اس کا لیپ بھی کرتے ہیں جس سے درد و ورم میں بھی جلدی افاقہ ہو جاتا ہے۔ مریض سکون محسوس کرتا ہے۔

## جگر اور تلی کی سوجن درد

سوئے کے بیج چار ماشہ پانی میں پیس کر پلائیں اور ان کے ساتھ مولی کے بیج ملا

کر لیپ تیار کریں اور مقام ورم پر لگائیں تو جگر اور تلی کی سوجن جاتی رہے گی۔ یہ نسخہ جادو کا اثر رکھتا ہے۔

## جگر کی سوزش

جگر کے گرم مزاج مریضوں کو چھاچھ بہت موافق آتی ہے۔ چنانچہ ترش لسی پینے سے جگر کی سوزش اور گرمی بجھ جاتی ہے اور اس میں کچھ طاقت بھی پیدا ہوتی ہے۔ چند ہی دنوں میں آرام ہو جائے گا۔

## جگر کے صفراوی امراض

جگر کے گرم اور صفراوی امراض میں دہی کا پانی بھی فائدہ مند ہے اور اس کو بطور لسی استعمال کرنا بھی مفید ہے۔ لسی اور توز کو طبیعت چاہے تو مصری یا کھانڈ سے میٹھا کیا جا سکتا ہے۔

## جگر و معدہ کے لیے مجرب

ریوند خطائی ایک تولہ، نوشادر ٹھکری ایک تولہ، بالچھڑ $2\frac{1}{2}$ تولہ۔ تیز پات $2\frac{1}{2}$ تولہ۔ برنجاسف ایک تولہ، افسنتین ایک تولہ، شورہ قلمی ایک تولہ۔ سب کو باریک کوٹ چھان کر محفوظ رکھیں۔ 3 تا 4 ماشہ بہ ہمراہ عرق سونف، عرق مکو، شربت بزوری، شربت دینار، شربت سکنجبین۔ عظم وصلابت جگر، معدہ و امعاء کی تبخیرات کے لیے مجرب ہے۔ علاج جادو کا اثر رکھتا ہے۔

## ضعف جگر کے لیے جوارش دار چینی کا نسخہ

دار چینی 21 ماشہ۔ عود ہندی ایک ماشہ۔ راسن ایک ماشہ۔ قرنفل 17 ماشہ۔ دار فلفل 17 ماشہ۔ سیاہ فلفل 17 ماشہ۔ سنبل طیب 17 ماشہ۔ اسارون 17 ماشہ۔ زنجبیل 35 ماشہ۔ لفتاح 28 ماشہ۔ چھوٹی الائچی 17 ماشہ۔ کباب چینی 7 ماشہ۔ انیسون 10 ماشہ۔ مصطگی 10 ماشہ۔ تج 10 ماشہ کوٹ چھان کر تین چند شہد میں قوام کر کے معجون بنائیں مقدار خوراک معجون سے انشاءاللہ یقینی فائدہ ہوگا۔



## ضعف جگر کے لیے آزمودہ سفوف

سفوف۔ ضعف جگر کے لیے کمال مفید ہے۔ لک مغسول۔ ریوند چینی ہر ایک 3 درم عصارہ غافث۔ بادیان تخم سر بق ہر ایک 5 درم افسنتین رومی 6 درم۔ تخم کاسنی ا درم۔ تخم کوٹ 8 درم۔ تخم کرفش 4 درم خوراک 2 درم۔ یہ دوا بھی ضعف جگر کے لیے آزمودہ ہے حب الحدید نیم پاؤ۔ گل ارمنی 6 ماشہ۔ کباب چینی 6 ماشہ۔ چھڑ 6 ماشہ۔ زنجبیل 6 ماشہ۔ دار فلفل 6 ماشہ۔ فلفل گرد 6 ماشہ دواؤں کو باریک کر کے علیحدہ رکھیں اور مویز 7 تولہ علیحدہ کوٹ رکھیں پھر 15 تولہ مصری کا قوام کر کے سرد کریں اور دوائیں ملا کر گولیاں بنائیں۔ ایک گولی ہمراہ جغرات کے کھایا کریں اور بادی ترشی و گرم چیزوں سے پرہیز رکھیں۔ ضعف جگر سے فوری فائدہ حاصل ہوگا اور جگر میں زبردست قوت پیدا ہوگی۔

## ضعف جگر کے لیے مولی کی پھانکیں

مولی کو چیر کر چار قاشیں بنائیں اور چینی کی رکابی میں رکھ کر اوپر چھ ماشے نوشادر پیس کر چھڑک دیں۔ رات کو شبنم میں رکھیں صبح جو پانی نکلتا ہو پی لیں اور اُوپر سے مولی کی پھانکیں کھا لیں چند روز کے استعمال سے ضعف جگر دور ہو جائے گا۔ یہ پُراثر نسخہ ہے۔

## ضعف جگر کے لیے عجیب مقوی علاج

بڑی آسان نہایت سادہ بہت مفید و موثر تدبیر ہے جگر کا ضعف (بھس) اور اس وجہ سے پیدا ہونے والے جملہ عوارض و اسقام کو دور کرتی ہے۔ بدن میں خون کی لہر دوڑا دیتی ہے۔

تدبیر یہ ہے کہ دو تین سیر یا کم و بیش تازہ و سادہ پانی لے کر اس میں لوہے کی ٹوم پانچ دفعہ بجھالیں اور جب پیاس لگے۔ وہی پانی پئیں۔ ذرا گرم اور ثقیل اشیاء سے پرہیز کر کے دو تین ہفتے استعمال کریں۔ اس کے فوائد آپ کو خود معلوم ہو جائیں گے۔ اکسیر اعظم علاج ہے۔

## جگر کی کمزوری کا علاج

جگر (کلیجی) بکرہ کو لے کر خوب کوٹیں پھر اس میں دس قطرے پانی کے ڈالیں۔ اس کے بعد موٹے کپڑے سے نچوڑ کر اس میں سنگترے یا مالٹے کا یا انار کا رس ملا کر تھوڑا سا نمک، مرچ سیاہ چھڑک کر روزانہ صبح کو پلائیں۔ تقویت جگر اور خون پیدا کرنے کے لیے بہت مفید ہے۔ کشتہ فولاد آدھی سے ایک رتی مکھن میں دینا موثر علاج ہے۔ جگر کے لیے تیر بہدف کی حیثیت رکھتا ہے۔

## جگر کی کمزوری کے دیسی نسخے

**جگر کی اصلاح کے لیے ہیرا کسیس کا نسخہ:**

انار کا رس یا لیموں کا رس 1.25 لیٹر ہیرا کسیس 60 گرام ہیرا کسیس کو رس میں حل کر کے شیشے کی بوتل میں محفوظ کر لیں۔ 10 قطرے آدھ کپ پانی کے ساتھ دن میں دو بار لیں۔ جگر کی اصلاح ہوگی۔

**چند مرکبات جن کے استعمال سے جگر کی کمزوری دور:**

1۔ معجون دبید الورد 6 گرام سوتے وقت لیں۔

2۔ دواء الکرکم 6 گرام سوتے وقت لیں۔

3۔ قرص کشتہ خبث الحدید ایک گولی دواء المسک سادہ 6 گرام کے ساتھ صبح لیں۔

4۔ شربت فولاد 25 ملی لیٹر عرق برنجاسف 50 ملی لیٹر کے ساتھ صبح لیں۔

5۔ جوارش جالینوس 6 گرام دن میں دو بار بعد غذا لیں۔

6۔ نوشدارو 6 گرام دن میں دو بار بعد غذا لیں۔

ہلکی اور جلد ہضم ہونے والی غذائیں لیں۔ چکنائی سے پرہیز کریں، صبح سیر کریں۔ جگر کے لیے زود اثر نسخہ ہے۔ جلد فائدہ کے آثار ظاہر ہوتے ہیں۔



**ترپھلہ سے آرام:**

ترپھلہ (سفوف) 25 گرام، سرکہ 60 ملی لیٹر سفوف ترپھلہ کو سرکہ میں 24 گھنٹے تک بھگو کر خشک کر لیں۔ 3 گرام پانی کے ساتھ صبح لیں۔ انشاء اللہ فوری طور پر آرام ہوگا۔

**تین دواؤں کا زود اثر سفوف:**

ناگرموتھا 20 گرام، تج 20 گرام، بڑی الائچی 20 گرام، شکر 60 گرام پہلی تین دواؤں کا باریک سفوف کر کے شکر ملا لیں۔ 6 گرام دن میں دو بار لیں۔ اللہ مہربانی کرے گا۔

**سونٹھ کا کامیاب نسخہ:**

سونٹھ 20 گرام، بالچھڑ 20 گرام، دارچینی 20 گرام، شکر 60 گرام پہلی تین دواؤں کا باریک سفوف بنا کر شکر ملا لیں۔ 6 گرام دن میں دو بار لیں۔ زود اثر اور کامیاب نسخہ ہے۔

## مقوی جگر کے لیے شربت زرشک

معدہ اور جگر کا مقوی ہے۔ تخم کاسنی۔ گل سرخ ہر ایک 2 درم عود۔ مصطکی۔ سنبل الطیب۔ دارچینی۔ چھوٹی الائچی۔ صندل سفید ایک درم زرشک 4 درم گلاب میں تر کر کے جوش دیں اور صاف کر کے قند سفید اور شربت انار شیریں دواؤں کے وزن سے سہ چند ڈال کر قوام کریں خوراک 2 تولہ عرق گلاب و عرق کاسنی کے ہمراہ کھلائیں۔ معدہ اور جگر کا کامیاب علاج ہے۔

## جگر میں درد کے لیے لیپ

آب گرم سے خرقہ تر کر کے جگر پر رکھیں اور سنبل و مصطکی لیپ کریں اور آب گرم جگر کی جگہ پر کسی ٹونٹی سے گرا دیں اگر تدبیر میں غلطی واقع ہو تو ایسی حالت میں فوراً استقا ہو

جاتا ہے۔

### جگر کی بیماریوں کے لیے سونف کا ٹوٹکہ:

جگر کی بیماریوں میں سونف بھی بہت قیمتی فوائد رکھتی ہے۔ اس سے جگر کے سدے خارج ہوتے ہیں۔ اس کا دورہ ساکن ہوتا ہے۔ اسے قوت ملتی ہے اور ضعف وغیرہ کے باعث سوء القنیہ یا استسقاء کی سی علامات نمودار ہو جائیں، تو وہ بھی دور ہو جاتی ہیں۔ سونف کو یا تو پانی میں بھگو کر غذائی کے طور پر پئیں یا پانی میں پکا کر بطور جوشاندہ کام میں لائیں۔ مفید اور مجرب علاج ہے۔



باب۔18

# داد اور چنبل کا علاج

## خراب داد کا علاج

بیرونی طور پر رال سفید تین تولہ، قلمی شورہ، پھٹکڑی سفید دو تولہ، نوشادر پھلی دو تولہ تمام اجزاء کو باریک پیس کر گولیاں بقدر کنار دشتی بنائیں اور گائے کے دودھ کے ساتھ مقام داد پر گھس کر لیپ کریں۔ دن میں ایک دو بار ضماد کرنا کافی ہے، کسی قدر خراب داد یا چھاجن ہو، ایک ہفتہ میں آرام آجائے گا۔ بہت مفید ثابت ہوا ہے۔

### مقام داد کی جادو اثر دوا:

صابن دیسی، گندھک آملہ سار، برابر وزن کی ٹکیہ بنا کر محفوظ رکھیں، مقام داد پر پانی میں گھس کر لگائیں۔ بہت افاقہ ہوگا اور آہستہ آہستہ داد کے نشانات ختم ہو جائیں گے۔

### داد کے لیے پُر اثر تیل:

دو بھاری لوہا جس پر لوہے کو تپا کر ہتھوڑوں سے کوٹتے ہیں، پر چند دانے صاف گندم کے رکھ کر اس سے دبائیں، جو تیل نکلے، اس کو علیحدہ کر کے داد والی جگہ پر لگائیں، آرام آجائے گا۔

### رس لیموں کا نسخہ:

گوگل، گندھک آملہ سار، سہاگہ بریاں ہر ایک ایک تولہ، عرق لیموں میں پیس کر گولیاں یا ضماد بنائیں، بقدر ضرورت رس لیموں میں گھس کر داد پر لگائیں۔ انشاء اللہ بہت جلد مرض سے نجات حاصل ہوگی۔

**داد کا بے ضرر علاج:**

گندھک آملہ سار، پارہ، مردار سنگ، گوند کیکر برابر لے کر خوب کھرل کر کے پانی کے ساتھ گولیاں بنائیں، ایک گولی پانی یا عرق لیموں میں گھس کر داد کی جگہ پتلا سا لیپ کریں، صبح و شام دو وقت، خارش تو پہلے دن ختم ہو جائے گی۔ دو تین دن میں مکمل آرام آ جاتا ہے۔ آزما کر دیکھ لیں۔

**داد کے لیے گولیاں:**

سفیدہ کاشغری، گندھک آملہ سار، سہاگہ کچا، پھٹکڑی سفید، رال سفید، بھیڑ کے دودھ میں پیس کر گولیاں بنا کر باسی پانی سے لگائیں۔

**داد کے لیے مفید آئل:**

کاربالک ایسڈ دو ماشہ، کافور ایک تولہ، تیل تارپین ایک اونس، کاربالک ایسڈ و کافور کو ملا کر دھوپ میں رکھیں۔ جب حل ہو جائے، تب تیل تارپین ملا کر حل کریں، دو تین مرتبہ مقام داد پر لگائیں، ہر قسم کے داد کے لیے از حد مفید ہے۔ چند دنوں میں ہی داد سے فائدہ پہنچتا ہے۔

## داد کے لیے روغن پاچکدستی

ہر قسم داد کے لیے مجرب ہے۔ پاچکدستی ایک سیر۔ ہڑتال 5 دام۔ روغن کنجد ایک سیر ہڑتال کو تیل میں حل کر کے پاچکوں پر لیپ کریں اور ایک گلی برتن میں تہ بتہ رکھ کر گل حکمت کر کے بطریق پتال جنتر کے روغن ٹپکائیں اس روغن سے داد پر مالش کرنے سے تیسرے دن مرض دور ہو جاتا ہے۔ از حد مفید روغن ہے۔

**داد کے لیے پتوں کا نسخہ:**

سیم پھلی کے پتے اور گل عباسی کے پتے نمک میں رگڑ کر لگانا مفید ہیں۔



**گولیوں کے پانی سے لیپ:**

رال۔ سہاگہ۔ شورہ قلمی۔ گندھک مساوی لے کر پانی میں رگڑ کر گولیاں بنا رکھیں اور لیموں کے پانی میں گھس کر داد کو ذرا کھرچ کر لیپ کریں۔

**لیموں کے پانی سے لیپ**

تخم پنواڑ ایک تولہ۔ بچ 2 تولہ۔ سہاگہ 3 تولہ۔ جوکھار 5 تولہ لیموں کے پانی میں گھس کر لیپ کریں۔

**داد پر مالش**

سیماب۔ تخم پنواڑ دونوں کو خوب گھس کر داد پر مالش کریں۔

**نافع اور مجرب نسخہ:**

قوبا کے لیے نہایت نافع اور مجرب۔ تخم پنواڑ 4 تولہ۔ گندھک۔ مردار سنگ۔ کتھ۔ سہاگہ ہر ایک ایک تولہ پانی میں رگڑ کر لیپ کریں۔

## داد کی عمدہ دوا

کاربالک ایسڈ ایک ڈرام، سیلی سلک ایسڈ دو ڈرام، آئنٹ منٹ آف ٹائٹریٹ آف مرکری 2 اونس، چربی صاف شدہ 6 اونس سب چیزوں کو اچھی طرح ملا لیں اور ٹین کے بکسوں میں ڈال کر رکھیں، مجرب ہے۔

**ضروری نوٹ:**

ہر قسم کی دوائیں استعمال کرتے وقت هُوَ الشَّافِیْ پڑھنے سے دوا زیادہ فائدہ دے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ العزیز۔

## داد کے چیدہ چیدہ ٹوٹکے

ترش دہی کو دھدر پر بار بار لگاتے رہیں۔ پھر گیہوں کے چھان سے دھوئیں۔

بہت مفید ہے۔ آرام ملے گا۔ بہت گرم پانی سے داد کو دھوتے رہنا بھی نفع بخش ہے۔

**دھدر پر شہد کا لیپ:**

لہسن کو چھیل کر کوٹ لیں اور قدرے شہد ملا کر دھدر پر لیپ کر دیں۔ آدھ گھنٹہ کے بعد پہلا ضماد گرم پانی سے دھو دیں اور دوسرا لگا دیں اس طرح روزانہ لیپ کرتے رہیں تو حیرت انگیز فائدہ ہوگا۔

**مولی کا پانی دافع داد**

مولی کا پانی تنہا یا قدرے شہد آمیز کر کے لگاتے رہنا بھی دافع داد ہے۔

**مقام داد پر پھریری:**

کاربالک ایسڈ 2 گرام، کافور 12 گرام، تیل تارپین 30 گرام۔ کاربالک ایسڈ اور کافور کو ملا کر دھوپ میں رکھیں۔ جب حل ہو جائے تو روغن تارپین ملا کر محفوظ رکھیں۔ مقام داد پر دو تین بار پھریری سے لگائیں۔

## تلسی کے پتوں کا خارش والی جگہ پر لیپ

تلسی کے پتے 12 گرام پانی میں پیس کر لیپ بنا لیں۔ خارش کی جگہ پر لگائیں۔ مہندی کے تازے پتے گندھک ہموزن پانی میں پیس کر لیپ بنا لیں۔ خارش کی جگہ پر لگائیں۔ ہر درجہ میں زود اثر ہے۔

**داد کی پر اثر دوا:**

مدار (آک) کا دودھ 5 ملی لیٹر ناریل کا تیل یا مکھن 10 گرام اچھی طرح ملا کر ایک بوتل میں رکھ لیں۔ داد کو صاف ستھرے کھردرے کپڑے سے رگڑ کر یہ دوا لگائیں۔



**مرہم قوبا سے آرام:**

معجون مصفی 7 گرام پانی کے ساتھ سوتے وقت لیں۔ مرہم قوبا داد پر لگائیں۔

## داد کا ایک اور مجرب علاج

رال سفید تین تولہ، قلمی شورہ دو تولہ، پھٹکڑی سفید دو تولہ، نوشادر ٹھکری دو تولہ، تمام اجزاء کو باریک پیس کر گولیاں بقدر کنار دشتی بنائیں اور دودھ گائے کے ساتھ مقام داد پر گھس کر لیپ کریں۔ دن میں ایک دو بار ضماد کرنا کافی ہے کس قدر بھی خراب داد یا چھاجن ہوا ایک ہفتہ میں آرام آ جائے گا۔ علاج اکسیر ثابت ہوگا۔

## داد کے لیے مرہم

پتی اچھلنے۔ گرمی کے دانوں (پت) پستانوں کی پھنسی میں زخم ہو جانے اور دوسرے جلدی امراض میں اس کا لوشن اور مرہم استعمال کر کے ان امراض کو کامیابی سے دور کر سکتے ہیں۔ زخموں کی پیپ تر کھجلی کے مواد کو خشک کرنے کے لیے اس کو بصورت مرہم استعمال کیا جاتا ہے۔ سہاگہ کو لیموں کے رس میں لیپ بنا کر داد اور چنبل پر لگانے سے یہ مراض دور ہو جاتا ہے۔ ضرور آزمائیں۔

## پاؤں کا داد

پارہ دس گرام، مرچ سیاہ، کمیلہ ہر ایک چھ گرام، گھی خالص 40 گرام، زردی بیضہ مرغ ایک عدد کھرل کر کے مرہم بنائیں اور بقدر مناسب لگائیں۔ مکمل شفا ہو گی۔

## طلا برائے داد

سہاگہ چوکیا تولہ، نوشادر دیسی ایک تولہ، عرق گلاب 5 تولہ کو نیم گرم کر کے ہر دو ادویہ کو باریک پیس کر حل کر دیں دو سے چار بار یومیہ لگانے سے جدید 3 یوم میں پرانا 8 یوم تک جاتا رہے گا۔

## مقام داد پر لیپ کی دوا

رال، گندھک، سہاگہ خام، مصری ہر ایک ایک تولہ سب کو پانی میں کھرل کر کے چوب بقدر کنار دشتی بنالیں وقت ضرورت ایک حب پانی میں گھول کر یا گھس کر مقام داد پر لیپ کر دیں۔ سوزش نہیں ہوگی بہت جلد موذی مرض سے چھٹکارا مل جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

## اکسیر داد

نوشادر ایک تولہ، گندھک ایک تولہ، چونہ ایک تولہ، سفوف بنا کر آب ترب میں ملا کر داد پر لگا دیں دو ہفتہ استعمال کافی ہے۔

## داد کے لیے ایک اور مرہم

ثابت مرچ سرخ بیج نکال دیں، صرف پوست تولہ بھر لے کر تیل سرسوں خالص اک چھٹانک میں ملا دیں، کڑاہی آہنی میں ڈال کر آگ پر بالکل جلا لیں اور خوب گھوٹیں اور $1\frac{1}{2}$ تولہ گندھیروزہ شامل کر کے گرم گرم گھوٹ کر مرہم بنائیں، تیار ہے داد پر حسب ضرورت لگائیں۔ یہ مرہم زیادہ فائدہ مند ثابت ہوا ہے۔

## داد پر لیپ کا ایک پُر اثر نسخہ

گل ارمنی تولہ، زیرہ سفید تولہ، گندھک آملہ سار 6 ماشہ، تمام کو کوٹ چھان کر چار پڑیاں بنالیں اور ایک پڑیا کو آٹے میں گوندھ کر روٹی پکا کر کھلائیں۔ ایک پڑیا کو گھی میں ملا کر مالش کرائیں اور چار گھنٹہ بعد دریا کے پانی سے نہلائیں۔ دو روز میں ہی صحت ہوگی۔ پہلے جلاب دینا اس میں ضروری ہے۔ نسخہ یہ ہے۔ مجور اور سندھیا نمک پانی میں پیس کر داد پر لیپ کریں۔ بفضلہ بہت جلد شفاء ہو جائے گی۔

## داد پر طلا کرنے کے لیے روغن

رسکپور 6 ماشہ، دار چکنا 2 ماشہ، روغن کنجد 5 تولہ، جملہ اجزاء کو آہنی برتن میں ڈال



کر کوئلوں کی نرم آنچ پر رکھ دیں۔ آنچ تیز نہ ہو، ورنہ آگ روغن میں بھڑک جائے گی۔ اگر ایسا ہو بھی جائے تو فوراً برتن کا منہ کسی برتن سے ڈھانپ دیں، تاکہ شعلہ بجھ جائے، اس عمل سے روغن غلیظ اور سیاہ ہو جائے گا۔ اس کو داد پر طلا کریں اور سکون حاصل کریں۔

ہلدی گرہ دار 20 تولہ کو نیم کوب کر کے آتشی شیشی میں بطریق معروف روغن حاصل کریں، حاصل شدہ روغن میں کاربالک ایسڈ فی تولہ ایک ماشہ اضافہ کریں۔ مقام ماؤف پر دن میں دو بار طلا کریں۔ داد کا جلد خاتمہ ہوگا۔

## چنبل کا علاج

بیرونی طور پر درخت شیشم سیاہ دس تولہ، چھلکا ناریل دس تولہ، گندم 25 تولہ، نوشادر دس تولہ، جملہ ادویہ کا بطریق پتال جنتر تیل نکالیں، روئی کے پھایہ سے مقام ماؤف پر لگایا کریں، خشک ہونے پر دھوپ میں بیٹھیں، چنبل، داد کو دُور کرنے کے لیے مفید ہے۔ بہت فائدہ ہوگا۔

**روغن چنبل و داد:**

کاربالک ایسڈ چھ ماشہ، کافور ایک تولہ، تیل تارپین $2\frac{1}{2}$ تولہ۔ کاربالک ایسڈ اور کافور کو ملا کر دھوپ میں رکھیں، جب حل ہو جائے تو تیل تارپین ملا کر ہلا لیں، دن میں دو بار مقام چنبل یا داد پر لگائیں۔ نہایت مفید ہے۔

**عرق مصفی خون:**

عناب پانچ تولہ، شاہترہ پانچ تولہ، سرپھوکہ پانچ تولہ، برادہ شیشم پانچ تولہ، منڈی پانچ تولہ، برگ مہندی پانچ تولہ، بسفائج پانچ تولہ، ہرڑ سیاہ پانچ تولہ، چرایتہ دو تولہ، صندل سرخ دو تولہ، الائچی کلاں دو تولہ، گاؤزبان دو تولہ، پرسیاؤشاں دو تولہ، عشبہ مغربی دس تولہ، کاسنی دس تولہ، مکو خشک دس تولہ، سولہ سیر پانی میں رات کو تر کریں، صبح آٹھ سیر عرق نکالیں۔ مقدار خوراک تین تولہ ہمراہ شربت عناب دو تولہ استعمال کریں۔ چنبل دور ہو جائے گی۔

**روغن چنبل کے ٹوٹکے:**

کچور ایک ماشہ، نوشادر ایک ماشہ، کمیلہ پانچ ماشہ، مہندی دو ماشہ، کالی زیری

1- ایک تولہ، سفوف بنا کر کڑوے تیل میں ملا کر مقام ماؤف پر لگائیں۔

2- اجوائن دیسی دس تولہ کو آک کے دودھ بیس تولہ میں خوب کھرل کر کے ٹکیاں بنائیں اور تلوں کے تیل آدھ سیر میں جلالیں، پھر چھان کر یہ روغن لگائیں۔ چنبل کا خاتمہ ہو جائے گا۔

3- آملہ سار گندھک، نوشادر، سہاگہ خام، لیموں کے رس میں گھس کر لیپ کریں۔

4- سرسوں کے تیل ایک سیر میں تھوڑا سا ڈنڈا تھوہر ڈال کر تیل کو آگ پر رکھیں، جب ڈنڈا جل کر کوئلہ ہو جائے تو لوہے کے دستہ سے تیل کے اندر رگڑیں اور حل کریں، پھر وہ تیل شیشی میں رکھیں، صبح و شام لگائیں، چند روز میں چنبل دُور ہو جائے گی اور دوبارہ نہ ہوگی۔ آزما کر دیکھ لیں۔

## چنبل کا کامیاب علاج

**اندرونی فائدہ کے لیے ٹھنڈائی:**

پت پاپڑہ پانچ تولہ، ہرن کھری بوٹی پانچ تولہ، کالی مرچ پانچ دانے، ٹھنڈائی بنا کر شہد پانچ تولہ ملا کر استعمال کرائیں، اس ٹھنڈائی سے اندرونی طور پر فائدہ ہوگا، زبردست مصفی خون ہے۔

**حیرت انگیز مرہم:**

آدھی چھٹانک سرسوں کے تیل کو خوب گرم کریں اور چھ سرخ مرچ بمعہ ڈنڈی سالم ڈال دیں، جل جانے پر اُتار کر لوہے کے دستہ سے رگڑ کر مرہم بنائیں۔ نیم کے جوشاندہ سے چنبل کے زخموں کو صاف کر کے یہ مرہم ہلکی مقدار میں لگائیں، اکثر مریضوں کو حیرت انگیز طور پر فائدہ دیتا ہے۔



**چنبل کے لیے ایک اور مرہم کا نسخہ:**

9- کتھ گلابی، ہرڑ کالی برابر وزن، دونوں کو باریک پیس کر کپڑ چھان کر کے ویزلین حسب ضرورت میں ملا کر مرہم تیار کریں اور چنبل والی جگہ پر لگائیں۔ انشاء اللہ بہت فائدہ ہوگا۔

## پرانے چنبل کا آزمودہ نسخہ

اس دوا سے پرانے سے پرانا چنبل ٹھیک ہو جاتا ہے۔ ڈھاک کے بیج پیس کر دہی یا چھاچھ میں گھوٹ کر چنبل پر لیپ کر دیا کریں۔ بہت مجرب ہے۔

## چنبل کے لیے اکسیر

رسکپور 6 ماشے، کافور اصلی $1\frac{1}{2}$ تولہ، تیل مٹی 4 تولے، رتن جوت 1 ماشہ۔ اول رسکپور اور کافور کو یک جا کھرل کریں، رتن جوت اور تیل مٹی شامل کر کے شیشی میں محفوظ کر لیں۔ دن میں دو تین مرتبہ چنبل پر روئی سے لگائیں۔ 3 یا 4 دن لگانے سے اور ہفتہ بھر لگانے سے انشاء اللہ کلی آرام آ جاتا ہے۔

## چنبل کا جادو اثر ٹوٹکہ

کتھا سرخ، کالی مرچ، نیلا تھوتھا، بکری کی پشم کی راکھ تمام ہموزن باریک پیس کر ملائیں۔ اگر داد یا چنبل خشک ہو تو پہلے کسی چیز سے خوب کھجا کر جب خون نکلنے کے قریب ہو جائے تو مکھن گائے ایک سو ایک بار دھلا ہوا لگا کر اوپر اس سفوف کو چھڑک دیں، ہاں اگر داد چنبل تر ہو تو کھجانے کی ضرورت نہیں۔ ویسے ہی مکھن لگا کر اُوپر سفوف بُرک دیا کریں۔ سفوف کے اثر سے بیماری سے نجات مل جائے گی۔

## تیل کا نسخہ برائے چنبل

اجزاء و ترکیب: شیشم کی کالی لکڑی، پیلو کی لکڑی، زیتون کی لکڑی، بنولہ، گندم، پہلی چار

چیزوں یعنی لکڑیوں کا برادہ کرکے برتن میں ڈال دیں اور برتن کی تہ میں سوراخ کرکے اس کے نیچے برتن رکھ کر زمین میں گڑھا کرکے برتن برادہ والا کو نصف زمین میں دبا دیں اور اس برتن کا منہ اچھی طرح بند کرکے اس کے اردگرد اوپلے رکھ کر آگ لگا دیں، اس طریقے سے نیچے والے برتن میں تیل برآمد ہوگا وہ تیل کام میں لائیں۔ مجرب اور آزمودہ ہے۔



## باب۔19

# جذام (کوڑھ)

## جذام کا علاج

جذام کے مریضوں کو آبادی سے دُور رکھیں، اس کے زخموں پر پٹی باندھ دیں۔ تاکہ مواد جسم کے دوسرے حصوں پر نہ لگنے پائے۔

بطور دوا مندرجہ ذیل نسخہ جات میں سے کسی ایک کا استعمال کرائیں۔

1۔ براہم ڈنڈی تازہ ایک تولہ، مرچ سیاہ سات دانہ پانی میں پیس کر کچھ عرصہ پلائیں۔

2۔ ہڑ سیاہ ایک تولہ ہفتہ میں ایک بار چالیس دن تک کھلائیں، جذام کے شروع میں مفید ہے۔

3۔ چھلکا ہڑ کابلی، چھلکا بہیڑہ، آملہ، سرپھوکہ، مجیٹھ، برادہ شیشم، صندل سرخ، صندل سفید ہر ایک دو تولہ، کوٹ کر رکھ دیں اور اس میں سے دو تولہ جوش دے کر صاف کریں اور شہد خالص دو تولہ ملا کر پلائیں۔ بہت فائدہ ہوتا ہے۔

**جوہر رسکپور:**

جذام اور آتشک کے لیے جب ہڈیاں تک گلنے لگی ہوں، نہایت مفید ہے۔

سم الفار، رسکپور، دار چکنا ہر ایک ایک تولہ، شراب برانڈی خالص میں خوب کھرل کرکے بطریق معروف جوہر اُڑائیں، خوراک آدھے سے ایک چاول کیپ شولز میں یا منقیٰ (گٹھلی نکال کر) میں ملا کر بغیر چبائے کھلائیں، خالص گھی کا خوب استعمال کیا جائے، گندم کی روٹی کی چوری گھی میں ڈال کر لی جائے، ترش اور بادی چیزوں کا پرہیز کیا جائے، ہر ہفتہ استعمال کے بعد دو دن بند رکھیں، ضروری ہے۔ فصد کرنا اور جلاب دے کر بدن کا تنقیہ کرنا

بھی قدیم یونانی علاج میں مروج ہے۔

علاوہ ازیں چال موگرا کا روغن نہایت مفید دوا ہے، پہلے ایک ماشہ کی مقدار میں شروع کر کے آہستہ آہستہ بڑھایا جا سکتا ہے۔

## جذام کے لیے تیر بہدف ٹوٹکے

**مرغی کی مرغن یخنی**

مجذوم (جسے جذام کوڑھ ہو) کو مرغی کی مرغن یخنی پلاتے رہیں اور عرصہ دراز تک اس پر مداومت کرائیں تو شفا ہو جاتی ہے۔

**مالش سے آرام:**

کوڑھی کے بدن اور گانٹھوں میں درد ہوتا ہو، تو کھانے کا نمک باریک پیس لیں اور گھی میں ملا کر گرم کریں پھر اسے آگ کے پاس بٹھا کر اس سے خوب مالش کریں۔

**عجیب الاثر بکری کا دودھ:**

بکری کا دودھ گھٹا بڑھا کر پلانا کوڑھ میں عجیب الاثر ہے۔ اس کم از کم تین کورس پورے کرنا چاہئیں۔ یعنی ایک بار پلا کر ہفتہ بھر ناغہ کریں۔ پھر ایک کورس پلائیں اور سات یوم کا وقفہ دیں۔ اس طرح تین مرتبہ پلائیں۔ بکری کے دودھ کو چینی یا مصری کی جگہ شہد سے شیریں کیا جائے تو زیادہ مفید ہے۔

**کدو کا پانی:**

کدو کا پانی جس کے تیار کرنے کا طریقہ سر کی بیماریوں میں درج ہے۔ مجذوم کو پلانے سے بے حد فائدہ ہوتا ہے۔ اگر پانی کی جگہ آب کدو ہی پلاتے رہیں اور گرم خشک، غلیظ و فساد انگیز اشیاء سے پرہیز کرائیں تو محض اسی کے استعمال سے قیمتی فوائد ظہور میں آتے ہیں۔



**آش جو کا نسخہ:**

آش جو پلاتے رہنا بھی اس دردناک بیماری میں نہایت مفید ہے۔ اگر اس میں گائے کا دودھ ڈال کر پلایا جائے تو بہت نفع ہوتا ہے۔

**فلفل سیاہ کا مرہم**

فلفل سیاہ پانچ تولہ کو ایک پاؤ تازہ مکھن میں ملا کر آگ پر رکھیں۔ جب جھاگ بند ہو جائے تو اسی میں پیس کر مرہم بنا لیں اور جذامی کی گلٹیوں پر لگاتے رہیں خدا کے حکم سے تحلیل ہو جائیں گی۔

**ہینگ میں شفا:**

کوڑھی کو ہینگ خالص کھلانے سے بھی شفا ہو جاتی ہے۔ وہ اس طرح کہ ایک ماشہ ہینگ گھی اور شہد بقدر مناسب میں حل کر کے رات کو سوتے وقت پلائیں۔ پھر دو راتیں چھوڑ کے چوتھی رات کو دیں۔ اس طرح ہر چوتھی رات کو پلاتے رہیں دس یا حد پندرہ مرتبہ پلانے سے انشاء اللہ صحت ہو جائے گی۔ نیز ہینگ کو گھی میں حل اور گرم کر کے بدن پر ملنا اور گانٹھوں پر لگانا بھی مفید ہوتا ہے۔

**جو کا مفید آٹا:**

جو کا آٹا دودھ میں گھول کر کوڑھی کے جسم پر ملتے رہنا ہی گانٹھوں اور ابھاروں کو تحلیل کرتا اور بدن میں تری پہنچاتا ہے۔

**بکری کے مکھن کا ٹوٹکہ:**

اگر بکری کا مکھن میسر آ سکے تو مجذوم کو مصری کے ساتھ صبح نہار منہ کھلاتے رہیں اور پیاس کے وقت بکری یا گائے کی لسی پلائیں اور عرصہ تک یہ سلسلہ جاری رکھیں تو صحت ہو جاتی ہے۔

**آدے کی مٹی کا کرشماتی نسخہ:**

اطبا کا تجربہ ہے کہ جس آدے میں اینٹیں پکائی جائیں اگر اس کی مٹی 9 ماشہ روزانہ پانی کے ساتھ کھلاتے رہیں اور چالیس روز تک یہ عمل کراتے رہیں تو خدا چاہے مجذوم شفا پا جائے گا۔

## دو مصفیٰ خون بوٹیاں

ہرن کھری اور برہم ڈنڈی دونوں بوٹیاں خون کو صاف کرنے کے لیے ہیں کیونکہ ان سے جذام تک کو آرام آجاتا ہے۔ یہ ہے کہ ہرن کھری ایک تولہ، برہم ڈنڈی ایک تولہ۔ مرچ سیاہ سات عدد پانی پاؤ بھر میں گھوٹ کر پلا دیں۔ خون کی تمام خرابیوں کو دور کر کے بالکل صاف کر دیتی ہیں۔ ایک سے دو ہفتہ تک پلائیں۔

## کوڑھ کے لیے جڑی بوٹی

کوڑھ (جذام) کی نہایت آزمودہ کامیاب دوا ہے۔ برھمی بوٹی کا سفوف متواتر کئی ماہ تک استعمال کرنا ضروری ہے۔ دو سے چار رتی برہمی بوٹی کا خشک سفوف دودھ کے ساتھ مریض کو کھلاتے رہنے اور مقامی طور پر اس کا تیل بنا کر کوڑھ کے زخموں پر لگانے سے یہ خطرناک مرض دور ہو جاتا ہے، نہایت مجرب ہے۔

## کوڑھ کے لیے آزمودہ گولیاں

ایک سیاہ سانپ مار کر اس کے سر کو دور کر کے گوشت بغیر ہڈی نکال کر اس میں 3 ماشہ سنکھیا ملا کر گھول دیں تا کہ سیاہ ہو جائے۔ پھر سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنا کر مکھن میں ملا کر تین روز تک متواتر کھلائیں اور غذا سوائے جو کی روٹی کے اور کچھ نہ دیں۔

نوٹ: اونٹنی کا دودھ نیم سیر، آکاس بیل سبز 5 تولہ، لکڑی انجیر جنگلی (پنجابی پھگوڑا) مرکب سے پھاڑ کر جذام کے مریض کو ساتھ ساتھ پلاتے رہیں۔

اگر یہ اکیلا نسخہ بھی پلاتے رہیں تو تین ماہ میں صحت کی اُمید ہو سکتی ہے۔



## کوڑھ کے لیے زود اثر دوا

پوست بیخ کنیز اور کالی مرچ کی پیس کر گولیاں بنا لیں، بعد مسہل و تبرید کے ایک گولی صبح ایک شام دودھ سے یا عرق مرکب مصفیٰ خون سے 40 دن استعمال کرائیں۔ اللہ تعالیٰ کلی طور پر صحت ہو جائے گی۔

—❖❖❖—

باب 20

# پھوڑے پھنسیاں

## پھوڑے پھنسیوں کے لیے زود اثر نسخے

☆ ان بجھا چونا 3 گرام، چربی 12 گرام اچھی طرح ملا کر پھوڑوں پر لگائیں۔ پھوڑا بغیر نشتر لگائے پھٹ جائے گا۔

☆ السی بقدر ضرورت پانی میں پیس کر لیپ کریں اور پھوڑوں پر لگائیں۔ پھوڑا بغیر نشتر لگائے پھٹ جائے گا۔

☆ آنبہ ہلدی، صابن، ارنڈ کے بیج کی گری، گوگل ہموزن پانی میں پیس کر لیپ بنا لیں۔ پھوڑے کے ابتدائی درجہ پر لگائیں۔

☆ نیم کے پتے 25 گرام، تل کا تیل 250 ملی لیٹر، موم 6 گرام نیم کے پتوں کو پانی میں پیس کر ایک ٹکیہ بنالیں اور تیل میں اتنا پکائیں کہ بالکل جل جائے۔ پھر موم ملالیں۔ جب موم پگھل جائے تو آگ سے اتار کر مرہم بنالیں۔ یہ مرہم پھٹے ہوئے پھوڑوں پر لگائیں۔ اور شفا پائیں۔

یہ مرہم ہر قسم کے زخموں کے لیے بھی مفید ہے۔

## چند مرکبات سے پھوڑے پھنسیوں کا علاج

1۔ اطریفل شاہترہ 7 گرام پانی کے ساتھ سوتے وقت لیں۔
2۔ معجون چوب چینی 7 گرام پانی کے ساتھ سوتے وقت لیں۔
3۔ شربت عناب 30 ملی لیٹر پانی میں ملا کر سوتے وقت لیں۔
4۔ ضماد مخلل پھوڑوں پر لگائیں۔



5۔ مرہم سفیدہ کاشغری پھوڑوں پر لگائیں۔
6۔ مرہم کافور پھوڑوں پر لگائیں۔

## کالی مرہم کا پھایہ

تلوں کا تیل ایک پاؤ، سندھور اصلی آدھ پاؤ، رال سفید، گندہ بیروزہ ہر ایک ایک تولہ، موم سفید 9 ماشہ، مردار سنگ 6 ماشہ، نیلا تھوتھا ایک ماشہ، اول تلوں کے تیل اور سندھور کو ملا کر کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب سندھور کا رنگ سیاہی مائل ہو جائے تو باقی ماندہ اشیاء بھی ملا دیں اور سلاخ آہنی سلاخ سے خوب چلاتے رہیں۔ جب تیل کا رنگ سیاہ ہو جائے تو اتار کر گرم گرم حالت میں کسی کشادہ منہ کے ڈبہ میں ڈال رکھیں۔ ذرا سی مرہم کپڑے پر لگا کر اور آگ پر ذرا سینک دے کر زخم یا پھوڑے پر چپکائیں۔ یہ مرہم ہر قسم کے پھوڑا، پھنسی، دنبل، زخم اور آگ سے جلے ہوئے مقام پر لگانے سے بہت جلد شفا بخشتی ہے۔ پکانا، پھوڑنا اور پھر زخم کو بھرنا سب امور اسی مرہم سے سرانجام پاتے ہیں۔ زخم اچھا ہونے پر پھایہ اترتا ہے۔

## انار کی کلیوں کا حیرت انگیز نسخہ

انار کی کلیاں سات عدد سالم اس طریقے سے نگل لیں کہ ہاتھ نہ لگنے پائے۔ اس طریقے سے ان شاء اللہ ایک سال تک پھوڑے پھنسیاں نہ نکلیں گی۔ پھر دوسرے سال یہ عمل کر لیں۔ پھوڑے پھنسیوں سے نجات مل جائے گی۔

## عرق مصفی خون

خرابی خون کے تمام امراض کو بفضلہٖ مفید ہے۔ نیم کے پھول، نیم کا پھل، نیم کے پتے، نیم کی چھال، ہموزن کوٹ کر آٹھ گنا پانی میں بھگو دیں۔ صبح عرق کشید کر لیں اور پانچ تولے عرق لے کر قدرے شہد ملا کر روزانہ پلاتے رہیں نہایت اعلیٰ مصفی خون ہے، پھوڑے پھنسیوں کو بھی فائدہ پہنچاتا ہے۔ چالیس روز استعمال کرائیں اور قدرت کا کرشمہ دیکھیں۔

## پھوڑے پھنسیاں مندمل

بورک ایسڈ یا سہاگہ ایک حصہ کو نو گنا ویسلین میں ملا کر مرہم بنا لیں۔ زخموں پھوڑے پھنسیوں کی مندمل کرتی ہے۔

## پھوڑوں، زخموں کے لیے کالے رنگ کی مرہم

یہ مرہم پھوڑے پھنسیوں پر لگانے سے ان کو پکا کر پھاڑ دیتی ہے۔ گندے زخموں کو صاف کر کے ان کو جلد بھرتی ہے۔

نسخہ: سرسوں کا تیل 15 تولہ۔ سیندور 5 تولہ۔ نیلا تھوتھا ایک ماشہ۔ لوہے کی کڑاہی میں تیل ڈال دیں۔ جب تیل جلنے لگے۔ تو اس میں سیندور اور نیلا تھوتھا کو باریک پیس کر ملا لیں اور لوہے کی چھڑی سے ہلاتے رہیں۔ کالے رنگ کی مرہم بن جانے پر اتار لیں۔ کپڑے کا گول پھاہا کاٹ کر اس پر مرہم پھیلا کر پھوڑے پر لگا دیں۔ یہ سختی سے چپک جاتی ہے اور پھوڑے کو ٹھیک کر کے اترتی ہے۔ آزما کر دیکھ لیں۔

## پھنسی پھوڑا کا علاج

پھوڑے کو پکانے کے لیے السی یا ان چھنے آٹے کی پلٹس بنا کر باندھیں یا کائن یا نیم کے پتوں کی بھجیا باندھیں یا صابن ریوند چینی، مین پھل اور گوگل برابر وزن لے کر پانی میں گھس کر پھوڑے پر لیپ کریں، پھوڑا پھوٹ جائے تو مندرجہ ذیل مجربات اس مرض کا مؤثر علاج ہیں۔

## پھوڑے کا زخم تحلیل

بیر کے سبز پتے 50 گرام، مرچ سرخ کے پتے سبز 30 گرام، مجیٹھ 20 گرام، پتوں کو سایہ میں خشک کریں۔ خشک ہونے کے بعد انہیں نیم کوفتہ کریں اور مجیٹھ 20 گرام، پتوں کو سایہ میں خشک کریں اور مجیٹھ کو بھی نیم کوفتہ کریں۔ جس قدر ان کا وزن ہو، اس سے دس گنا ریکٹی فائیڈ سپرٹ میں بھگوئیں اور اوپر سے اچھی طرح ڈھانپ کر محفوظ رکھیں۔ چار روز کے بعد چھان کر شیشی میں رکھیں۔



ہر قسم کے پھوڑے پر لگانے سے ان کو تحلیل کر دے گا اور جو قابل تحلیل نہ ہو اس کو پکا دیتا ہے۔

**ضماد مفجر کا نشتر:**

ضماد مفجر جو نشتر کا کام کرتا ہے۔ چونہ آب نا دیدہ۔ پوست درخت بڑ سوختہ دونوں ساوی ملا کر جس پھوڑے کو چیرنا چاہیں لعاب دھن سے لیپ کر دیں۔

**مرہم دنبل کا زخم:**

مرہم دنبل کے زخم کو چھوڑانے کے لیے مجرب و معمول ہے۔ روغن کنجد ایک پاؤ آگ پر سخت گرم کر کے سیندور ایک چھٹانک اس میں ڈال کر جلائیں جب سیاہ ہو جائے تو موم سفید 7 ماشہ، نیلا تھوتھا مردار سنگ ہر ایک 2 چھٹانک ڈال کر خوب ملائیں اور آگ سے اتاریں۔

**مرہم عجیب:**

مرہم عجیب یہ مرہم زخموں کے اندمال میں عجیب خاصیت رکھتی ہے۔ پرانی جوتی کا چمڑا جلا کر اس کی خاکستر 2 تولہ۔ سفیدہ کاشغری ایک تولہ۔ نیلا تھوتھا 6 ماشہ۔ رسکپور۔ رال ہر ایک 4 ماشہ سب کو تلوں کے تیل میں ڈال کر آگ پر تپائیں جب آمیز ہو جائیں تو اتار کر مرہم بنائیں اور زخم کے برابر کپڑا کاٹ کر اس پر لگائیں اور زخم پر چپکائیں۔

## پھوڑوں کے لیے لال روغن

یہ نسخہ، زخم، پھوڑا، پھنسی اور گنج کے لیے فائدہ مند ہے۔ علاوہ ازیں بالکل آسان نسخہ ہے۔

سرسوں کا تیل خالص 20 تولہ کو آگ پر گرم کریں، پھر نیچے اتار کر جب قدرے ٹھنڈا ہو جائے تو خاص کمیلہ (مٹی والا نہ ہو) $2\frac{1}{2}$ تولہ ڈال کر کسی لکڑی سے ہلا لیں، لال

روغن تیار ہے۔

## پھنسی کے لیے اکسیر مصفی گولیاں

مصفی گولیاں جو پھوڑے پھنسی کے لیے اکسیر ہیں، بوٹی جل نیم 5 تولہ، گندھک ایک تولہ کوٹ کر گولیاں بمقدار چنا بنائیں۔ ایک گولی صبح ایک دوپہر ایک شام بعد از غذا ہمراہ آب تازہ دونوں کو پانی میں پیس کر ذرا گرم کریں اور پھوڑے پر لگاتے رہیں وہ بہت جلد پک جائے گا۔

پلٹس جو پھوڑوں کو پکاتی اور پکے ہوئے کو پھوڑتی ہے السی کا آٹا، گیہوں کا آٹا، گڑ، دیسی تیل سب ہموزن لے کر پانی میں پکائیں اور پھوڑوں پر نیم گرم باندھیں۔

صابن کے پانی کا نسخہ:

صابن کو پانی میں گھوٹ کر پھوڑوں پر نیم گرم ضماد کریں۔ اگر کچے ہوں گے تو بیٹھ جائیں گے پکے ہوں گے تو پھوٹ جائیں گے۔

## راج پھوڑا کا یونانی علاج (Carbuncle)

پھوڑے کو سینک کریں، جب پھوڑے کا درمیانی حصہ نرم ہو جائے تو سیسے کو بڑی سوئی کے پانی اور مرہم کے میں گھس کر مقام ماؤف پر لگائیں۔

## پھوڑا اموگی

یہ پھوڑا اکثر بازوؤں یا پیٹھ پر نکلتا ہے اس میں چھوٹی چھوٹی مینخیں نظر آتی ہیں۔ بہت پھیل بھی جاتا ہے جہاں اس کی رس لگتی ہے وہاں بھی ایسا ہی دنبل نکل آتا ہے۔ غرض یہ بڑے خبیث مادہ کا پھوڑا ہوتا ہے جو دو سال بلکہ اس سے زیادہ تک بھی رہتا ہے۔ نیلا تھوتھا، قند سیاہ، قوم تینوں مساوی کوٹ کر دنبل پر لگائیں اس سے درد اور سوزش ہو گی اور پانی بکثرت جاری ہو کر مادہ فاسد خارج ہو جائے گا اگر بیمار کو سوزش کی تاب نہ ہو تو پہلے گھی سے مقام پھوڑے کو چرب کر لیں۔ جب مادہ کے نکلنے سے دنبل صاف ہو جائے تو یہ مرہم



لگائیں۔ رال۔ زرد چوب۔ مغز تخم کونچ۔ نیلا تھوتھا ہر ایک 3 ماشہ ہلدی کو آگ میں جلا کر کوئلہ کر کے دوسری دواؤں میں باریک کر کے ملائیں اور چار تولہ گھی کو کڑچھی میں ڈال کر آگ پر رکھیں جب خوب تپ جائے تو دوائیں ڈال کر نیچے اتاریں اور اچھی طرح ملا کر مرہم بنائیں۔ تین دفعہ لگانے سے زخم مندمل ہو جائے گا اور پھر دوبارہ یہ پھوڑا نہیں نکلے گا۔

## پھوڑے کے لیے نیم کا تیل

نیم کا تیل: بہترین مصفی خون ہے، مقدار خوراک ایک بوند ہمراہ دودھ خالص اسے استعمال کرنا چاہیے۔

## بچوں کے پھوڑے کے لیے رسوت وٹی

رسوت شدہ پانچ تولہ، گھی خالص ایک تولہ، گیرو تین ماشہ ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں، آدھی سے ایک گولی ماں کے دودھ میں گھس کر دیں۔ بچوں کے پھوڑے پھنسی کے لیے زود اثر ہے۔ بڑوں کے لیے ایک سے دو گولی صبح و شام استعمال کرائیں۔

## پلٹس برائے پھنسی

السی، گندم کا آٹا، نیم کے پتے ہر ایک تین تولہ کو پانی میں پیس کر اور پلٹس بنا کر باندھیں یا رسوت اور نیم کی اندرونی چھال پانی میں گھس کر پھنسی پر لگائیں۔

## پھوڑے پھنسی کے لیے مفید گولیاں

ست چرائتہ (چرائتہ ایک پاؤ لے کر دو سیر پانی میں جوش دیں، جب آدھا حصہ رہ جائے تو اتار کر مل چھان کر پانی کو پھر آگ پر رکھیں اور اس قدر پکائیں کہ گولی بنانے کے لائق ہو جائے۔ ست چرائتہ تیار ہے، اسی طرح چھال نیم کا ست تیار کریں،) ریوند خطائی، رسوت شدہ اصلی، ست نیم، چاروں ادویہ برابر وزن لے کر چھوٹے چنے کے برابر گولیاں بنائیں اور ایک گولی صبح و ایک شام ہمراہ پانی کھلائیں۔ یہ نسخہ اعلیٰ درجہ کا مصفی خون ہے پھوڑے، پھنسیوں، خارش، جذام اور زہریلے زخموں کے لیے مفید ہے۔

## پلٹس برائے پھوڑا

یہ مرہم پھوڑے کو پکاتی ہے۔ السی، میتھی ہر ایک ایک تولہ، پیاز سفید ایک عدد، ریوند چینی، نمک خوردنی، نیم کے پتے ہر ایک چھ ماشہ، گوگل چھ ماشہ، گندم کا آٹا پانچ تولہ، بدستور پلٹس بنا کر گرم گرم پھوڑے پر باندھیں۔

## ملتان کی مشہور کالی مرہم

تلوں کا تیل $\frac{1}{2}$ سیر، سندھور $\frac{1}{4}$ سیر، دیسی موم 2 تولہ، کافور ایک تولہ، نیلا تھوتھا دو ماشہ، بروزہ تر دو تولہ، تیل میں سندھور ڈال کر پکائیں، جب سیاہ رنگ ہو جائے، تو ماسوائے کافور باقی ادویہ سفوف شدہ ڈال دیں، کافور نیچے اُتار کر ملائیں۔ مرہم تیار ہے۔

## گندے زخموں کے لیے لاجواب مرہم

رسونت $2\frac{1}{2}$ حصہ، سندھور $1\frac{1}{4}$ حصہ، تیل تل 5 حصہ، نیلا تھوتھا $\frac{1}{2}$ حصہ، موم ایک حصہ۔ تمام ادویات کو لے کر مرہم بنائیں، گندے سے گندے زخموں کو اچھا کرنے میں لاجواب ہے۔

## ناسور کے لیے آک کے پتوں کا سفوف:

تیل سرسوں 5 تولہ، سندھور 2 تولہ، نیلا تھوتھا 4 رتی، آک کے پتوں کا سفوف 6 ماشہ۔ تیل میں سندھور اور آک کے پتوں کا سفوف ڈال کر نرم آگ پر پکائیں۔ جب قدرے گاڑھا ہو جائے، تو نیلا تھوتھا پیس کر ملائیں اور نیچے اُتار لیں۔ کپڑے پر حسب ضرورت لگا کر پھوڑے پر لگائیں، ہر قسم کے پھوڑے، گندے زخموں، خنازیر اور ناسور کے لیے مفید ہے۔

## سیاہ رنگ کی مرہم کا مفید نسخہ:

سندھور 4 تولہ، تلوں کا تیل دس تولہ، نیلا تھوتھا ایک ماشہ۔ تیل کو کڑچھی میں ڈال کر آگ پر خوب گرم کریں، جب خوب گرم ہو جائے تو سندھور ڈال دیں، بار بار جوش اُٹھے گا۔ جو دوا باہر کو نکلنے لگے، فوراً کڑچھی کو آگ سے اُتار لیا کریں، جب جوش سرد ہو جائے تو پھر آگ پر رکھ دیا کریں۔ جب تیل کا رنگ سیاہ ہو جائے تو نیلا تھوتھا سفوف کیا ہوا ملا دیں، کڑچھی کو آگ سے اُتار کر سرد جگہ پر رکھیں اور لوہے کی سیخ سے کچھ دیر ہلاتے رہیں۔ سرد ہونے پر سیاہ رنگ کی مرہم تیار ہوگی۔

پھوڑے پھنسی پر لگائیں، نہایت مفید مرہم ہے، ہر قسم کے پھوڑے پھنسی، بال توڑ زخم وغیرہ کے لیے آزمودہ ہے۔

## پھوڑے کا یونانی علاج

شاہترہ، چرائیتہ، سرپھوکہ، منڈی ہر ایک تین ماشہ، عناب پانچ عدد۔ پانی میں بھگو رکھیں۔ پھر جوش دے کر چھان کر چینی ملا کر استعمال کریں۔

بیرونی تلوں کا تیل $\frac{1}{4}$ سندھور دس تولہ، رال سفید ایک تولہ گندہ بروزہ خشک ایک تولہ، موم سفید 9 ماشہ مردہ سنگ چھ ماشہ نیلا تھوتھا ایک ماشہ دار چکنا (زہر ہے) ایک رتی۔

تلوں کے تیل اور سندھور کو ملا کر کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور لوہے کے موصل سے ہلاتے رہیں، جب سندھور کا رنگ سیاہی مائل ہو جائے تو ادویہ جو باریک کر کے رکھی ہوں اور موم بھی کڑاہی میں ڈال دیں اور خوب گھوٹیں مرہم تیار ہے۔ تھوڑی سی مرہم کپڑے پر لگا کر سینک کر زخم یا پھوڑے پر چپکا دیں۔ ہر قسم کے پھوڑے پھنسی، زخم، دنبل، کھرا اور آگ سے جلے زخموں کو تھوڑے عرصہ میں ٹھیک کر دیتی ہے اور دوبارہ پھوڑا نکلنے کے آثار نہیں رہتے۔

## پھوڑے پھنسی اور زخم کے لیے کار آمد چیز

موم 80 گرام، سیندور 100 گرام، مردہ سنگ 10 گرام، رال 20 گرام، رتن جوت 30 گرام، تیل کنجد (تلوں کا تیل) 280 گرام، چھلکا ہڑ زرد، چھلکا بیہڑہ، چھلکا آملہ، مہندی ہر ایک 50 گرام، پانی تازہ ایک کلو۔

چھلکا آملہ، ہرڑ، بہیڑہ اور مہندی کو کوٹ کر ایک کلو پانی میں رات کو بھگو دیں۔ صبح آگ پر جوش دے کر پانی نکالیں اور چھان کر اس میں روغن کنجد (تلوں کا تیل) ملا لیں اور آگ پر رکھ دیں۔ جب پانی جل کر صرف تیل باقی رہ جائے تو موم اس میں شامل کر کے پگھلا لیں۔ پھر سیندور چٹکی چٹکی اس میں ڈالتے رہیں اور زور سے ہلاتے رہیں۔ جب اس کی چمک مفقود ہو جائے اور سیندور تیل میں یک جان ہو جائے تو باقی ادویات کا سفوف باری باری ڈالتے جائیں اور ہلاتے جائیں۔ جب تمام اجزاء یک جان ہو جائیں اور ہلاتے ہلاتے سیاہی مائل رنگت ہونے لگے تو اُتار کر ٹھنڈا ہونے دیں۔ مرہم کی پختگی کا ثبوت اس طرح سے کریں کہ ایک بوند پیپل کے پتہ پر ڈال کر دیکھیں، اگر انگلی لگانے سے مرہم سمیت پتہ اوپر اٹھ آئے تو مرہم پختہ سمجھیں اور اگر نہ اُٹھے تو دوبارہ اسے آگ پر رکھ دیں اور خوب پکائیں۔ یہ مرہم ہر قسم کے پھوڑے پھنسی اور زخم وغیرہ کو 24 گھنٹے میں مندمل کر دیتی ہے۔
اسے آزمائیں نہایت کارآمد چیز ہے۔ مرہم میں بڑے اثرات ہیں۔

## پھوڑے پھنسیوں کے لیے شربت مصفی

پھوڑے پھنسیوں کے لیے مفید ہے۔ عناب 5 تولہ، برادہ صندل سرخ، برادہ صندل سفید، سرپھوکہ، مہندی کے پتے، شاہترہ، نیلوفر کے پھول، مکوہ خشک، بیج کاسنی، شیشم کی لکڑی کا برادہ، منڈی بوٹی کے پھول ہر ایک $1\frac{1}{2}$ تولہ۔ سب دواؤں کو رات کے وقت آٹھ گنا پانی میں بھگو دیں، صبح کو جوش دیں۔ جب تہائی رہ جائے تو تین گنا چینی ملا کر شربت کا قوام بنائیں، خوراک دو دو تولہ صبح و شام پئیں۔ پھوڑے پھنسیاں تحلیل ہو جائیں گی۔



باب۔21

# بغل میں گلٹی

## بغل میں گلٹی کے زخم کے لیے مرہم

یہ اس نامراد بیماری کا نام ہے جو بغل میں گلٹی کی طرح نمودار ہوتی ہے۔ اس کا درد تکلیف دہ ہوتا ہے۔ اس کے لیے دھتورے کے پتوں کو میٹھے تیل سے چپڑ کر گرم گرم باندھنا اور جب ذرا ٹھنڈے ہو جایا کریں تو بدلتے رہنا ازحد مفید ہے۔ اس سے درد تو بہت جلد بند ہو جاتا ہے اور اگر تحلیل ہونے کے لائق ہوتی ہے تو تحلیل ہو جاتی ہے ورنہ پھوٹ جاتی ہے۔ اگر پھوٹ جائے تو زخم پر کالی مرہم لگائیں جلد اچھا ہو جائے گا۔

## زخموں یا گلٹیوں پر لگانے کا نسخہ

اگر زخم تر ہوں تو یہ نسخہ استعمال کریں موم زرد ایک تولہ، کولتار یعنی قطران ایک تولہ میٹھا تیل یعنی روغن کنجد 5 تولہ، گرم کر کے ملائیں اور زخموں پر جگہ کے مطابق لگا کر اس پر نیم کے پتوں کا بھرتا باندھیں، زخم چند یوم میں اچھے ہو جائیں گے اگر زخم خشک ہوں یعنی صرف گلٹیاں ہی پھولی ہوئی ہوں تو اس پر یہ دوائی لگائیں، کالی زیری کو سیاہ گائے کا پیشاب میں رگڑ کر ذرا گرم کر کے لگا دیا کریں گلٹیاں تحلیل ہو جائیں گی اور مریض کو سکون محسوس ہوگا۔

## بغل سے بُو کا علاج

سیم مشہور ترکاری ہے۔ اس کی پھلیوں کی ترکاری پکا کر کھائی جاتی ہے۔ اس میں "بغل گندہ" جس میں بغل سے بو آتی ہے کو دور کرنے کی تاثیر ہے۔ پتے یا پھلیوں کو پیس کر بغل میں ایک ہفتہ برابر لگاتے رہنے سے بغل گندہ بہت جلد دور ہو جاتا ہے۔ آزمانے میں دیر نہ کریں اور تکلیف سے نجات حاصل کریں۔

باب.22

# خصیوں کے امراض کا علاج

(Nevralgia of The Testicles)

## خصیوں کے درد کا علاج

**علاج:**
اگر درد بہت زیادہ ہو تو برشعشا کا استعمال کرائیں، بیرونی طور پر مکوہ سبز کا بھرتہ روغن گل شامل کر کے خصیوں پر باندھیں اور آب مکوہ سبز مروق میں شربت بزوری ملا کر پلائیں۔

## خصیوں کے ورم کا علاج

سب کا تدارک کریں، قبض ہو تو اسے دُور کریں، زیادہ درد ہو تو گل ٹیسو، پوست خشخاش ہر ایک دو تولہ پانی میں جوش دے کر نکور کریں اور اس کے پھوگ یا بھنگ کے پتوں کو پیس کر گرم کر کے اس پر ارنڈ کا پتہ رکھ کر باندھیں، خوراکی طور پر عرق مصفی خون و شربت عناب پلائیں اور بیرونی طور پر مقام ورم پر گل بابونہ، اکلیل الملک، بیج خطمی، جدوار شیریں ہر ایک چھ ماشہ ہری مکو کے پانی میں پیس کر اور روغن گل ایک تولہ اضافہ کر کے نیم گرم لیپ کریں۔

## خصیوں کی خارش دور

گل چنبیلی ایک تولہ، مسکہ گاؤ صد بار شستہ ملا کر خوب سائیدہ کریں بعدہٗ بوقت صبح خصیوں پر مالش کر کے بعد چار گھنٹہ کے غسل آب سرد سے کریں، تین دفعہ کے استعمال سے خارش جاتی رہے گی اور دوبارہ خارش نہیں ہوگی۔



باب.23

# عورتوں کی بیماریاں

## ایام کی تنگی کا علاج

**بندش ایام کی گولیاں:**

مصبر شدہ دو تولہ، ہیرا کسیس دو تولہ، مرکی دو تولہ، ہینگ خالص دو تولہ ہمراہ پانی گولیاں نخود کے برابر بنائیں اور بوقت ضرورت ایک گولی ہمراہ عرق سونف یا گرم پانی دیں، بندش ایام کے لیے مفید ہیں۔

**سفوف بندش ایام:**

ریوند چینی، شورہ قلمی، جوکھار، زیرہ سفید ہر ایک ایک تولہ، شکر تری ہموزن ادویہ، سب کو کوٹ چھان کر سفوف بنالیں، مقدار خوراک چھ ماشہ ہمراہ پانی دن میں دو بار قبل از ایام ایک ہفتہ شروع کریں، ایام جاری کرنے کے لیے مفید سفوف ہے۔

**ایام کے لیے گولیاں:**

صبر سقوطری شدہ چھ ماشہ، ہیرا کسیس تین ماشہ، زعفران خالص تین ماشہ، باریک پیس کر گولیاں چھوٹے چنے کے برابر تیار کریں، مقدار خوراک ایک ایک گولی ہمراہ عرق سونف کھلائیں۔ بہت فائدہ ہوتا ہے۔

**حب بندش ایام:**

مصبر، ریوند خطائی، افسنتین، زعفران ہر ایک تین ماشہ، ہیرا کسیس دو ماشہ، تمام

اشیاء کو باریک کر کے چنے کے برابر گولیاں بنائیں، مقدار خوراک ایک گولی صبح وشام ہمراہ شربت بزوری دیں۔

**جوشاندہ بندش ایام:**

بیج قرطم، سونف، گاؤزبان، پرسیاؤشاں، تخم خربزہ ہر ایک چھ ماشہ، سب کو تین پاؤ پانی میں جوش دیں۔ جب تہائی رہ جائے تو مل چھان کر شربت بزوری معتدل چار تولہ ملا کر پلائیں، از حد مفید ہے۔ شکایت جاتی رہے گی۔

**فرزجہ بندش ایام:**

زعفران، لونگ، عود شیریں، ناگرموتھا ہر ایک ایک ماشہ، مشک عنبر ہر ایک ایک رتی، پیس کر عرق گلاب میں حل کریں اور ریشمی کپڑے میں لتھیڑ کر فرزجہ بنا کر دایہ سے بارے رکھوائیں۔

**حب خاص سے ایام جاری:**

صبر سقوطری زرد ایک تولہ، ہیرا کسیس تین ماشہ، زعفران خالص چھ ماشہ، کستوری خالص ایک ماشہ، سب دواؤں کو کوٹ کر چھان لیں اور چنے کے برابر گولیاں بنالیں، ایک گولی صبح وایک گولی شام ہمراہ عرق سونف دیں، چار یا پانچ دن کے استعمال سے ایام جاری ہو جاتے ہیں۔

**حب ایام سپیشل سٹرانگ:**

مصبر، زعفران ہر ایک دو ماشہ، شورہ قلمی، گودہ حنظل، ہیرا کسیس، جوکھار ہر ایک ایک ماشہ، لعاب گھیکوار میں چنے کے برابر گولیاں بنائیں، ایک گولی ہمراہ سونف چار ماشہ، گاؤزبان چار ماشہ، مغز خربوزہ، بیج قرطم چار ماشہ، سونٹھ چار ماشہ، گڑ پرانا دو تولہ کو عرق سونف میں جوش دے کر صاف کر کے پلائیں، اسی طرح ایک گولی صبح اور ایک گولی شام کو دیں۔



**ہینگ کا آسان نسخہ:**

مصبر ایک رتی، ہینگ ایک رتی کھرل کر کے گولیاں بنائیں، یہ ایک خوراک ہے، دودھ یا چائے کے ساتھ دن میں دو بار استعمال کرائیں۔

**بیج قرطم سے شربت بزوری کا چٹکلہ:**

بندش ایام بلغمی کے لیے نہایت مفید ہے۔ بیج قرطم پانچ ماشہ، سونف، گاؤزبان، بیج خربزہ، پرساؤشاں ہر ایک سات ماشہ، چھلکا املتاس 9 ماشہ، سب کو تین پاؤ پانی میں جوش دیں، جب $\frac{3}{4}$ حصہ رہ جائے، چھان کر شربت بزوری چار تولہ ملا کر نیم گرم پلائیں۔ لاجواب نسخہ ہے

**املتاس کے چھلکے کا نسخہ:**

سونف چار ماشہ، بیج قرطم چار ماشہ، گاؤزبان چار ماشہ، مغز خربوزہ چار ماشہ، املتاس کا چھلکا چار ماشہ، ایک پاؤ پانی میں جوش دے کر آدھا رہنے پر چھان کر گڑ ملا کر ایام آنے سے تین روز قبل پلائیں۔ بارہا کا تجربہ شدہ ہے۔

**ایام کی باقاعدگی کا ٹوٹکہ**

دارچینی 30 گرام، مصبر شدہ 15 گرام، ہیرا کسیس خالص 5 گرام، شہد کے ساتھ دو دو رتی کو گولیاں بنائیں۔ خوراک دو گولی صبح، دو گولی شام ہمراہ پانی دیں، بے قاعدگی ایام کے لیے مفید ہے۔

**ایام کے درد کا سفوف:**

مولی کے بیج، گاجر کے بیج، میتھی، سویا برابر وزن لے کر سفوف (چورن) بنا کر تین تین گرام دن میں تین بار دینے سے بے قاعدگی ایام اور درد کو فوراً آرام ملتا ہے۔ مجرب ہے۔

**بندش ایام کی پُر اثر گولیاں:** کل سیاہ، پُرانا گڑ برابر کوٹ لیں اور مٹر کے دانہ کے برابر گولیاں بنائیں۔ جب حیض شروع ہوئے ایک دو دن ہوئے ہوں یا داغ لگے تو ایک گولی ہر روز صبح گرم پانی سے دیں۔ تین چار گولی سے آرام ہوگا۔ اس سے زیادہ نہ دیں ثقیل اور ٹھنڈی چیزوں سے پرہیز لازمی ہے۔ سائنٹیفک علاج ہے۔

## بندش ایام کا علاج

مصبر شدہ دو تولہ، ہیرا کسیس دو تولہ، مرکی دو تولہ، ہینگ خالص دو تولہ ہمراہ پانی گولیاں بقدر نخود بنائیں بوقت ضرورت ایک گولی ہمراہ عرق سونف یا گرم پانی دیں بندش ایام کے لیے مفید ہے۔ جلدی فائدہ ہوگا۔

## شربت انجبار برائے کثرت حیض

حب آلاس 9 ماشہ، بیخ انجبار ایک تولہ، گل آنار 9 ماشہ، گل دھاوا ایک تولہ، موچرس ایک ماشہ، کرکس 6 ماشہ، صمغ عربی 6 ماشہ، کتیرا 6 ماشہ، مغز خستہ انب 9 ماشہ، مغز جامن 9 ماشہ، کشتہ قلعی ایک تولہ، کشتہ مرجان 6 ماشہ، مغز کنول گٹہ 6 ماشہ، بیلگری 9 ماشہ، کوزہ مصری 5 تولہ خوب باریک کرکے رکھ لیں، خوراک 2 ماشہ ہمراہ شربت انجبار کے دیں۔ مجرب و آزمودہ ہے۔

نوٹ: شربت انجبار میں برگ ببول ضرور ڈالیں، پھر فائدہ ہوگا۔

## بندش حیض کا قلع قمع

پوست ریٹھہ 5 تولہ، صبر زرد 8 ماشہ، گڑ پرانا 3 تولہ، مرکی ایک تولہ، زعفران کشمیری ایک تولہ، نوشادر 2 تولہ، داڑھی درخت پیپل 2 تولہ، کچور 6 ماشہ، زردی بیضہ مرغ ایک عدد جملہ اشیاء کو کوٹ پیس کر گولی بمقدار دانہ مٹر کے بنائیں۔ 1-1 گولی صبح شام ہمراہ پاؤ بھر دودھ جس میں 2 تولہ گھی ڈالا گیا ہو۔



ہینگ خالص لے کر نصف ماشہ صبح نصف ماشہ شام کو جوشاندہ سونف یا نیم گرم پانی سے کھلاتے رہیں اور کچھ عرصہ اس پر مداومت کرائیں تو بندش حیض کا قلع قمع ہوتا ہے۔

**کرشمے دکھانے والی دوا:** عاقر قرحا کو باریک پیس کر کپڑے سے چھان کر اس میں سوڈا بائی کارب یعنی بڑیوں میں ڈالا جانے والا سوڈا دگنی مقدار میں ملا لیں۔ یہ دوا بندش حیض جیسے مرض کو دور کرتی ہے۔ کرشمے دکھلانے والی دوا ہے اگر دس سال سے بھی حیض بند ہو تو اس دوا میں ایک رتی پوٹاشیم پرمینگنیٹ ملا کر کھلانے سے حیض جاری ہو جاتا ہے۔ دوا کا فوری اثر ہوتا ہے۔

## کثرت ایام کا علاج

بیج سروالی تین سے پانچ ماشہ سوختہ تنہا سفوف کرکے دہی کے ساتھ صبح وشام دیں از حد مفید ہے، مریضہ کو آرام سے لٹائے رکھیں۔

**سفوف مفرح سے مؤثر علاج:** صندل سفید، کہربا، طباشیر، دانہ الائچی خورد، زہر مہرہ، ناریل دریائی، دھنیا خشک ہر ایک ایک تولہ، گل گاؤزبان، گاؤزبان ہر ایک تین ماشہ، کشتہ مرجان، کشتہ عقیق، کشتہ سنگ یشب ہر ایک ساڑھے چار ماشہ، ورق چاندی پچاس عدد، تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر باریک سفوف بنا کر ورق ملا لیں، خوراک ایک سے دو ماشہ ہمراہ پانی استعمال کریں۔ کثرت ایام، اسہال خونی، پھیپھڑے سے خون آنا، نکسیر کے لیے مفید ہے، علاوہ ازیں گرمی، گھبراہٹ، اُبکائی و بخاروں کے لیے بھی مفید ہے۔ جلد فائدہ حاصل ہوتا ہے۔

**کثرت ایام کے تین چٹکلے:**

1- سنگ جراحت خام اور گیرو ہموزن کا سفوف بنا کر بقدر تین ماشہ ہمراہ شربت انجبار دیں۔ فوراً خون بند ہو جائے گا۔

2- مازو سبز چھ ماشہ پیس کر ہمراہ دہی کھلائیں، مفید ہے۔

کچھ گلابی سفوف بنا کر حسب برداشت مریض دو سے تین ماشہ دن میں تین بار
3۔ دہی یا پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

### کشتہ سنگ جراح:

سنگ جراح ایک پاؤ کو دودھ گائے ایک سیر کے ساتھ خوب کھرل کر کے آدھ آدھ چھٹانک کے گولے بنا کر خشک کر لیں اور سرد ہونے پر پیس لیں، خوراک دو ماشہ ہمراہ شربت انجبار استعمال کریں، مفید ہے اور فوری فائدہ دیتا ہے۔

### سفوف کثرت ایام:

برگ مورد دس تولہ کوٹ چھان کر مصری ملا کر خوراک ایک تولہ صبح ایک تولہ شام ہمراہ تازہ پانی دیں۔

### حب کثرت ایام:

پھٹکڑی سفید، چنیا گوند ہموزن پیس کر شربت انجبار ملا کر گولیاں بقدر نخود بنائیں، دو گولی ہمراہ پانی دیں۔ ایام میں بہتری پیدا ہوگی۔

### فرزجہ کثرت ایام:

چھلکا انار، مازو سبز، پھٹکڑی بریاں تینوں کو باریک پیس کر ملائیں اور صاف ملائم کپڑے کے ایک ٹکڑے کو پانی میں تر کر کے اور اس میں دوائے مذکور لت پت کر کے یونی میں رکھیں۔

### پھٹکڑی کی راکھ سے علاج:

پھٹکڑی سفید 20 گرام، نیم کے تازہ پتے 100 گرام لے کر درمیان میں پھٹکڑی رکھ کر آہنی توا پر رکھ کر کشتہ کر لیں سرد ہونے پر پھٹکڑی کو راکھ سے الگ کر کے باریک کر کے رکھ لیں۔ دو رتی ٹھنڈے پانی سے استعمال کرائیں۔ علاج سے بہتری آئے



گی۔

### سنگ جراحت کا زود اثر نسخہ:

سنگ جراحت 20 گرام کو 100 گرام نیم کے پتوں یا گودا گھیکوار میں بند کر کے آگ دیں۔ سرد ہونے پر سنگ جراحت کو باریک پیس لیں۔ دو دو رتی صبح و شام خالی معدہ ٹھنڈے پانی سے دیں۔ اس سے فوراً آرام ہو جاتا ہے۔

### سفوف سے طمث کا خاتمہ:

سنگ جراحت، طباشیر، دانہ الائچی خورد، ہر ایک تین گرام، چینی 12 گرام، سفوف بنائیں تین گرام صبح اور تین گرام شام ہمراہ دودھ گائے نیم گرم دیں۔

### پرانی سپاری کا سفوف

طباشیر، کتھا، چھلکا انار، پرانی سپاری ہر ایک چھ گرام، سفوف بنائیں، خوراک ایک ایک گرام ہمراہ تازہ پانی دیں۔

### مربہ آملہ سے علاج:

گل ارمنی، طباشیر، الائچی خورد، دم الاخوین ہم وزن لے کر باریک سفوف بنا لیں۔ مقدار خوراک ایک گرام ہمراہ شیرہ مربہ آملہ دیں۔ سفوف پُر اثر ہے۔

## حبوب مدر حیض

مجرب و آزمودہ، صبر سیاہ 6 ماشہ، زعفران 3 ماشہ، زراوند مدحرج 3 ماشہ، افسنتین 3 ماشہ، کاہی سرخ 3 ماشہ، چنے کے برابر گولیاں بنائیں، خوراک ایک حب ہمراہ شیر گرم۔

### پہلا چٹکلہ:

کپاس کے پتے اور کپاس کے پھول ہر ایک چار تولہ، دونوں کو ایک سیر پانی میں جوشائیں۔ جب پانی چوتھا حصہ رہ جائے تو اس کو چھان کر اس میں بقدر دو تولہ تا چار تولہ گڑ ملا

کر پھر روز پلائیں۔ خون حیض جاری ہو جائے گا۔ طبیعت میں بہتری آئے گی۔

**دوسرا چٹکلہ:**

مغز بادام ۹ تولہ، کشمش سبز دس تولہ، ناریل سات تولہ، چھوہارے آٹھ تولہ۔ سب کو اچھی طرح پیس کر بحفاظت رکھیں اور حیض کے دنوں میں مریضہ کو کھلاتے رہیں بفضلہ رکاوٹ دور ہو کر حیض جاری ہو جائے گا۔

**تیسرا چٹکلہ:**

جب حیض نہ آتا ہو یا سیاہ خون آتا ہو تب جونک کو لے کر دونوں اطراف سے کاٹ کر درمیانی حصہ گرم راکھ میں بھون لیں پھر اس کی تین خوراکیں بنا کر ایک خوراک گرم پانی سے دیں۔ حیض جاری ہو جائے گا۔ انشاء اللہ۔

## بچہ دانی کی بواسیر کا علاج

**بواسیر کا خاص علاج:**

گندنا کو کوٹ کر اس کا پانی نکالیں اور اس پانی کے ساتھ اس کا $\frac{1}{4}$ حصہ تلوں کا تیل ملا کر نرم آگ پر جوش دیں، جب پانی جل جائے اور تیل باقی رہے، اس کو صاف کر کے شیشی میں رکھ دیں، یہ روغن بطور مالش مفید ہے، اگر اس کو بتی کے ذریعے رحم میں رکھوائیں تو بہت مفید ہے۔ بواسیر کا خاص علاج ہے۔

**گوگل مدبرہ سے تیار گولیاں:**

گوگل مدبر، نرکچور، چھلکا ہرڑ زرد، رسونت ہموزن پیس کر ککروندہ یا مولی کے پانی میں کھرل کر کے گولیاں نخود کے برابر بنائیں اور ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ پانی کھلائیں۔ بواسیر کا شافی علاج ہے۔



**بواسیر سے نجات کی گولیاں:**

چاکسو شدہ، رسونت، برابر وزن، آب برگ گل داؤدی میں پیس کر گولیاں بقدر چھوٹے نخود کے بنائیں، ایک گولی صبح و شام ہمراہ پانی استعمال کرائیں۔ بواسیر سے نجات مل جائے گی۔

بھنگ کے پتے، اُونٹ کی کوہان کے بال، برابر وزن لے کر جلائیں، اس کا دھواں پہنچائیں، درد دُور ہوگا بواسیر سے مکمل افاقہ ہوگا۔ گرم و ترش چیزوں سے پرہیز کرائیں، غذا زود ہضم و مقوی دیں۔

## بچہ دانی کا ٹل جانا کا علاج

جس طرف بچہ دانی ٹل گئی ہو، اس کے دوسری طرف تیل چنبیلی میں قدرے کستوری حل کر کے اور کپڑے میں لت پت کر کے بطور فرزجہ دایہ سے رکھوائیں۔ دایہ کو ہدایت دیں کہ وہ انگلی کو صاف کر کے ویزلین یا تلی کے تیل میں چکنی کر کے بچہ دانی کو سیدھا کر دے، بعد ماش کی روٹی ایک طرف سے کچی پکا کر اور اس پر گل روغن چپڑ کر نیم گرم ناف پر باندھیں، دل کی کمزوری کے لیے دواء المسک معتدل جواہر والی تین ماشہ صبح اور تین ماشہ شام کو ہمراہ دودھ گائے نیم گرم دیں۔ بڑی زود اثر اور کامیاب دوا ہے۔

## بچہ دانی کی پھنسیوں کا علاج

بچہ دانی کی پھنسیوں، زخم و سوجن کی صورت میں عرق مصفّی خون چار تولہ ہمراہ شربت عناب ڈیڑھ تولہ دیں، علاوہ ازیں گلو، چرائتہ، عشبہ، پاپڑہ وغیرہ کا استعمال بھی مفید ہے، اگر یونی کی پھنسیاں سادہ ہوں اور ان میں زہریلا مادہ نہ ہو تو ان کو نیم کے پتوں کے جوشاندہ سے دھو کر مرہم کیلا لگائیں۔

## بچہ دانی کا باہر نکل آنے کا علاج

بچہ دانی کو اصلی حالت پر لا کر اوپر پٹیاں باندھ دیں، ہلکے قابضات کی پچکاری

کریں، بچہ دانی میں برانڈی ایک حصہ آلیو آئیل ایک حصہ ملا کر فرزجہ کریں۔
اس سے پہلے گل روغن اور عرق گلاب میں صاف روئی کی گدی تر کر کے یونی میں
رکھیں اور لنگوٹ کس دیں اور مریضہ کی کمر کے نیچے تکیہ رکھ کر چوبیس گھنٹہ تک اسی طرح آرام
سے لٹائے رکھیں، ہلنے جلنے سے منع کریں، کھانسی اور چھینک بھی نہ آئے تو بہتر ہے، دوسرے
روز لنگوٹ کھول کر یونی سے گدی نکال کر رحم کے اندر سے پھیپھڑے بذریعہ پچکاری صاف
کریں اور نئی گدی روغن گل و گلاب میں بھگو کر پھر یونی میں رکھیں اور لنگوٹ باندھ دیں، یونی
کے اردگرد قابض دوائیں مثلاً مازو سبز یا پھٹکری سفید یا جفت بلوط پیس کر شراب میں ملا کر
لگاتے رہیں، تقویت کے لیے دواء المسک معتدل جواہر والی چار ماشہ صبح اور چار ماشہ شام
ہمراہ دودھ نیم گرم استعمال کرائیں۔ فوری طور پر آرام ملے گا۔

## بچہ دانی کی بدبو کا علاج

### پوست درخت ببول کا نسخہ:

پوست درخت ببول ایک سیر نیم کوفتہ کر کے دس سیر پانی میں دو رات دن تک تر رکھیں اس کے بعد اس قدر جوش دیں کہ نصف رہ جائے تو بوتلوں میں پُر کر کے رکھ دیں۔ ایام میں پیشاب کے بعد اس پانی سے استنجا کرتی رہیں۔

### کونپل پلاس سے مکمل آرام:

کونپل پلاس (نرم) ایک سیر سایہ میں خشک کر کے باریک پیس لیں اور برابر چینی ملا کر ہر روز صبح کے وقت کھائیں، اکیس یا چالیس دن کے استعمال سے مکمل آرام آجاتا ہے۔

### بے نظیر ٹوٹکہ:

پھول سپاری، مازو، مولسری، مائیں چھوٹی، پھلی ببول برابر پیس کر پوٹلی میں باندھ کر یونی میں رکھیں۔



## بچہ دانی کے ناسور کا یونانی علاج

### مجرب ادویہ کا مرکب:

1- ہلدی، مردار سنگ ہر ایک تین حصہ، گل روغن دو حصہ، موم زرد ایک حصہ، تمام ادویہ کو پیس کر روغن اور موم کے ہمراہ پانی میں پکائیں، جب پانی جل جائے اور ادویہ مرہم کی طرح ہو جائیں تو استعمال کریں اور فائدہ اُٹھائیں۔

2- بلی کے سینہ کی ہڈی کو چھلکا ہرڑ، بہیڑہ، آملہ کے نقوع میں گھس کر پکائیں۔

3- جلے ہوئے کپڑے کی خاک، کتھ سفید، سنگ جراحت، موم، ہر ایک برابر پیس کر گھی گائے (سو بار پانی سے دھویا ہوا) میں ملا کر مرہم بنائیں اور استعمال کریں۔ ناسور کا خاتمہ ہوگا۔

## بچہ دانی کے گھاؤ کا علاج

تلوں کا تیل پانچ تولہ میں نیم کے تازہ پتے جلائیں، پھر ان کو نکال کر تیل میں موم زرد ڈیڑھ تولہ گلائیں، پھر اس میں کمیلہ شدہ دو تولہ ڈال کر خوب جوش دیں۔ اس کے بعد اچھی طرح حل کر کے سرد ہونے پر چھان لیں، تاکہ تلچھٹ اور میل نہ آئے، اسے بدستور استعمال کریں بڑا زود اثر علاج ہے۔

### بچہ دانی کی سوجن کے لیے مرہم:

بچہ دانی کی سوجن اور سختی کو دور کرتی ہے، روغن زیتون کہنہ (پرانا) بارہ تولہ، مردار سنگ چھ تولہ، بیج خطمی، بیج مرلو، بیج السی، بیج اسبغول، میتھی ہر ایک دو تولہ۔ بیجوں کو رات کے وقت پانی میں بھگوئیں، صبح مل چھان کر لعاب نکال لیں، اب مردار سنگ کو باریک پیس کر روغن زیتون میں شامل کریں اور آگ پر پکائیں، مردار سنگ کو لکڑی سے ہلاتے رہیں، بعد ازاں لعاب تھوڑا تھوڑا شامل کر کے پکاتے رہیں۔ جب محض روغن رہ جائے تو چھان کر محفوظ رکھیں۔ ہری کاسنی کا پانی، ہری مکو کا پانی بقدر ضرورت ملا کر اس میں روئی کا پھایہ تر کر کے

رات کو سوتے وقت رحم میں رکھوائیں۔ خاطر خواہ فائدہ حاصل ہوگا۔

## بچہ دانی کا چھوٹا ہو جانا کا علاج

مریضہ کو مقویات کا استعمال کرائیں، بطور دوا حریرے، حلویات اور مفرحات وغیرہ کا زیادہ استعمال کرائیں۔

## بچہ دانی کی اندرونی سوجن کا علاج

پیڑو کے اوپر گرم سینک کریں، انٹی سپٹک لوشن سے اندام نہانی کو دھوئیں اور بچہ دانی کے اندر ڈوش کرنا مفید ہے۔ اس سلسلہ میں پھٹکڑی تین ماشہ کو دس چھٹانک گرم پانی میں حل کر کے اس سے اندام نہانی کو دھوئیں، پینے کے لیے گل نیلوفر، گل خطمی، گل سرخ ہر ایک ساڑھے چار ماشہ، ان ادویہ کو عرق مکو، عرق کاسنی ہر ایک پانچ تولہ میں جوش دے کر صاف کریں اور اس میں شیرہ مغز بیج ہندوانہ (تربوز) چھ ماشہ، گل قند دو تولہ ملا کر خاکسی چار ماشہ چھڑک کر پلائیں، چوتھے روز جلاب دیں۔ سوجن ختم ہو جائے گی۔

## بچہ دانی کی جلن کے لیے پھٹکڑی

بچہ دانی کو پھٹکڑی کے ہلکے لوشن سے دھوتے رہنا بھی جلن نہانی کو نفع مند ہے۔
ایک ماشہ پھٹکڑی کو ایک سیر پانی میں حل کر لیں، تو ہلکا لوشن بن جاتا ہے۔

## زیادہ خون حیض کو بند کرنے کے لیے تین نسخے

نسخہ نمبر 1: سنگ جراحت۔ گیرو ہم وزن لے کر باریک پیس لیں اور علی الصباح چھ ماشہ ہمراہ پانی سے پھانکیں۔

نسخہ نمبر 2: ہارسنگار کی کونپل سات عدد۔ مرچ سیاہ سات عدد پانی میں پیس کر چھان لیں اور



استعمال کرائیں یا صرف رال باریک پیس کر شکر کے ہمراہ سفوف بنا کر کھائیں۔
خون حیض بند ہو جائے گا۔

نسخہ نمبر 3: اسگند باریک کوٹ چھان لیں اور ہم وزن مصری ملا لیں۔ مقدار خوراک ایک تولہ۔ پانی تازہ کے ہمراہ نوش کریں۔ آزمودہ علاج ہے۔

## کثرت حیض کی دوا

یہ دوا حیض بہت زیادہ مقدار میں آنے اور زیادہ دن تک آتے رہنے کے لیے بہت مجرب ہے۔ سپاری ایک عدد، مازو دو عدد، منقیٰ بغیر بیج 5 عدد، سب دوائیں علیحدہ علیحدہ پیس کر چنے کے برابر گولیاں تیار کر لیں۔ دو گولی صبح و شام کھلائیں۔ پُراثر دوا ہے۔

## کثرتِ حیض کی دوسری دوا:

انڈوں کے چھلکے جھلی سے صاف کر کے گھی میں بھون لیں۔ جب سرخ ہو جائیں تو سرمے کی طرح باریک پیس لیں۔ یہ کثرت حیض کی دوا ہے۔ ترکیب استعمال یہ ہے کہ ایک ماشہ صبح مکھن میں رکھ کر کھلا دیں اور اسی قدر شام کو دودھ کے ہمراہ دیں۔ بہترین علاج ہے۔

## حیض کا زیادہ آنا

کیکر کی پھلیاں خشک، کیکر کے پھول، کیکر کی چھال، تینوں ہموزن باریک کر کے دو ماشہ باسی پانی سے استعمال کرائیں۔ دن میں تین بار دیں ضرورت ہو تو دوسرے دن بھی دیں ورنہ نہیں۔

## خون جلد بند ہونے کا نسخہ:

کابلی لسوڑھے کے تنے کا چھلکا سائے میں خشک کر کے سفوف بنائیں اور اس میں مصری ہموزن شامل کریں۔ بوقت ضرورت ایک تولہ کی مقدار میں استعمال کرائیں۔

انشاءاللہ خون فوراً بند ہوگا۔

## نسخہ درد حیض

زیرہ سفید 6 ماشہ، گل گلاب عمدہ 6 ماشہ کوٹ پیس کر 3۔3 ماشہ کی چار پڑیاں بنا لیں۔ گودہ املتاس 5 تولہ، پرانا گڑ 5 تولہ کو ایک سیر پانی میں ڈال کر جوشاندہ بنائیں اور جوشاندے کے چار حصے کر لیں۔ ایک پڑیا مذکورہ ہمراہ جوشاندہ 2۔2 گھنٹہ کے وقفہ سے ہر چار خوراک ہمراہ جوشاندہ کھلائیں۔ انشاءاللہ ایک دن میں آرام ہوگا۔



## باب۔24

# چھیپ (بہق) (Pityriasis)

### مقام مرض کے لیے لیپ کا نسخہ

زمس چھ ماشہ، تخم باقلا چھ ماشہ، بیج خشخاش چھ ماشہ، مغز بیج خربوزہ چھ ماشہ، مغز بادام چھ ماشہ، زعفران ایک ماشہ، سب کو پیس کر اس میں سے تھوڑا سا لے کر پانی میں ملا کر لیپ کریں، دو گھنٹہ بعد مہندی اور بیسن سے منہ دھو کر تیل چنبیلی چہرہ پر مل لیں۔ نوشادر چھ ماشہ، پیاز کے رس میں قدرے پیس کر مقام مرض پر لیپ کریں، چھیپ (بہق) کے لیے بہت مفید ہے۔

### بہق کے لیے شرطیہ آزمودہ نسخے

☆ مولی کے بیج پانی میں پیس کر ضماد کرنے سے بہق کو آرام ہو جاتا ہے۔

☆ نیز پیاز کا ضماد کرنا یا اس کا پانی ملنا بھی مفید و مجرب ہے۔

☆ لہسن کو پیس کر اس میں تھوڑا سا چنے کا آٹا ملائیں اور پانی میں حل کر کے بہق پر لیپ کرتے رہیں صحت ہو جائے گی۔

☆ ہینگ کو گاڑھا گاڑھا طلا کرتے رہنے سے بہق کو فائدہ ہو جاتا ہے۔ بہت مجرب نسخے ہیں۔

باب۔25

# چوٹ (Bruise)

## چوٹ لگنا

مقام ماؤف پر سینک کریں، ہلدی، آٹا گندم، سہاگہ ملا کر پانی میں ملا کر آگ پر پکائیں، جب گاڑھا ہو جائے تو چوٹ کی جگہ پر نیم گرم باندھیں یا ہلدی دو تولہ، صابن ایک تولہ، ایک پاؤ پانی ڈال کر آگ پر رکھیں، جب پانی کا قوام گاڑھا ہو جائے تو مقام ماؤف پر ضماد کریں، معمولی چوٹ پر سرکہ پانی میں ملا کر لگانا بھی مفید ہے۔ چوٹ کا درد کم ہوگا۔

## دیسی ٹنکچر آیوڈین سے فوری فائدہ:

شراب خالص ایک پونڈ، کمیلہ دس تولہ۔ کمیلہ کو شراب دیسی میں ڈال کر چار روز تک مضبوط کارک لگا کر بوتل کو دھوپ میں رکھیں، اس کے بعد کھدر کے کپڑے سے چھان کر محفوظ رکھیں، زرد رنگ کا سودیشی ٹنکچر آیوڈین تیار ہے، اگر شراب کی جگہ سپرٹ میتھی لیٹڈ ڈال دیں تو بھی پورا فائدہ ہوتا ہے۔

پھوڑے پھنسیاں، چوٹ، تازہ زخم اور پرانے زخم پر لگائیں، زخم کا خون بند کرنے کے لیے ٹنکچر سٹیل سے بھی زیادہ سریع الاثر ہے۔

## سخت چوٹ آنا

بھلانوہ 20 تولہ، حرل 20 تولہ، جائفل 5 تولہ، لونگ 5 تولہ، لوبان 5 تولہ ان سب کو ہانڈی میں سوراخ کر کے بذریعہ پاتال جنتر تیل نکالیں، ان سب کو گرم کر کے روغن بیضہ مرغ ملالیں۔ پھر موم بوزن پانچ ڈال دیں، بعد ازاں تین ماشہ سلاجیت لے کر ڈالیں



اور خوب گھوٹیں، جب گاڑھا ہو جائے تو ٹکیہ تیار کر لیں، خوراک 4 رتی سے ایک ماشہ تک پرانے دردوں، سخت چوٹ لگنے کو مفید ہے۔

## گر پڑنے میں چوٹ لگنا

پھٹکری بھی چوٹ لگنے اور گر پڑنے میں نہایت مفید ہے۔ اس کو باریک پیس کر دو ماشہ اس قدر شام کو گرم گرم دودھ میں کھلایا کریں اور اسی کو گرم گھی میں ملا کر مقام ضرب پر طلا کرتے رہیں۔ انشاء اللہ جلد آرام آ جائے گا۔

باب 26

# سر درد کی بیماریاں

## سر درد کا علاج

**ببول کے پھول سے مرض دور:**

ببول کے پھول، دھنیا کدو کے بیج کی گری ہر ایک دس گرام باریک سفوف بنائیں۔ 3 گرام پانی کے ساتھ دن میں دو بار لیں۔ تین دن باقاعدگی سے استعمال پر مرض ہمیشہ ہمیشہ کے لیے جاتا رہے گا۔

**دار چینی سے تیار نسخہ:**

بابچی 6 گرام، دار چینی، سونٹھ ہر ایک 6 گرام 120 ملی لیٹر پانی میں اُبال کر چھان کر شکر سے میٹھا کر لیں۔ حسب مزاج ٹھنڈا کر لیں صبح خالی پیٹ لیں۔ دو روز کے استعمال سے روگ جاتا رہے گا۔

## سر درد کو دور کرنے والی نسوار

پرانی جوتی کا تلا یعنی نیچے کا چمڑا لے کر آگ میں رکھیں۔ جب کوئلہ ہو جائے تو باریک کر لیں اور ناک میں پھونکتے رہیں۔ نسوار لیتے وقت منہ کو زور سے بند کر لینا چاہیے۔

**انسان کے بالوں سے سر درد دور:**

انسان کے بال جلا کر باریک پیس لیں اور ناک میں نفوخ کریں، یہ عمل صرع کے لیے بھی مفید ہے۔ ان ہی جلے ہوئے بالوں کو پانی میں پیس کر ماتھے پر لگانا بھی درد سر کو ساکن کر دیتا ہے۔



## درد سر کا یونانی علاج (Headache)

عناب 5 عدد، بہی دانہ 3 ماشہ، مغز کدو شیریں 4 ماشہ، عرق گاؤزبان 12 تولہ میں لعاب بنا کر شربت صندل دو تولہ ملا کر پلائیں۔

**تبرید برائے درد سر گرم:**

لعاب بہی دانہ 3 ماشہ، شیرہ عناب 5 دانہ، شیرہ تخم کاہو مقشر 3 ماشہ، سرد پانی یا عرق گاؤزبان دس تولہ میں نکال کر شربت نیلوفر دو تولہ ملا کر پلائیں اور بیرونی طور پر ماتھے پر دھنیا خشک، صندل سفید، پھول گلاب، کافور ہر ایک دو ماشہ، عرق گلاب 6 ماشہ میں حل کر کے ماتھے پر لیپ کریں۔ اگر درد سر سردی سے ہو تو بیرونی طور پر دار چینی، سونٹھ ہر ایک تین تین ماشہ، اجوائن خراسانی دو ماشہ، زردی بیضہ مرغ میں ملا کر ماتھے پر لیپ کریں یا امرت دھارا (ست پودینہ، کافور، ست اجوائن، ہم وزن ملا کر دھوپ میں رکھیں تیار ہے) کی ایک پھریری پیشانی اور کنپٹیوں پر لگائیں۔ درد سر جلد دور ہو جائے گا۔

## درد اور جلن دور

☆ اگر شہد کی مکھی کاٹ کھائے تو دبا کر ڈنک نکال دیں اور وہاں نمک کو تھوک میں حل کر کے لگا دیں۔ درد اور جلن موقوف ہو جائے گی۔

☆ بھڑ، بچھو، مکھی وغیرہ کے کاٹنے پر دیا سلائی کا مصالحہ بھی خوب کام دیتا ہے۔ اسے پانی میں پیس یا گھس کر لگائیں، ٹھنڈ پڑ جائے گی۔

## درد کی شکایت دور

☆ کوئی شخص گر پڑے تو شکر اور نمک پانی میں گھول لیں اور بار بار پلاتے رہیں درد وغیرہ کی شکایت دور ہو جائے گی اور وہ ٹھیک طرح سے چلنا شروع کر دے گا۔

## سردی کا درد دور

انڈے کی زردی میں تلوں کو پیس کر ضماد کریں تو سردی کا درد دُور ہو جاتا ہے۔

## اکثر قسم کا سر درد رفع

پیاز کو خوب باریک پیس کر گھوٹیں اور اچھی طرح باریک ہونے پر پاؤں کے تلووں پر لیپ کر دیں۔ اس سے اکثر قسم کا سر درد رفع ہو جاتا ہے۔

## درد کمر کا عجیب نسخہ

سونٹھ 125 گرام کو پانی میں بھگو دیں، ہر بارہ گھنٹے کے بعد پانی بدل دیا کریں۔ تین دن ایسا ہی کریں۔ چوتھے روز اسے خشک کر کے باریک پیس لیں۔ یہ سفوف دس گرام، سورنجان شیریں (سفید) 100 گرام، چینی سفید 200 گرام ہر روز رات کو سوتے وقت 6 گرام دوا دودھ سے استعمال کریں۔ اس کے استعمال سے بہت طاقت پیدا ہوتی ہے۔ درد کمر کے لیے مفید نسخہ ہے۔

## سر کی گرمی کا تیر بہدف علاج

جو کے ستو بھی بدن اور سر کی گرمی کو دور کرتے ہیں اور صفراوی درد سر میں مفید ہیں۔ بہترین ترکیب یہ ہے، کہ چھاچھ کو مصری یا چینی سے میٹھا کر کے اس میں ستو گھول لیں اور نہار منہ پی لیں۔

اگر کدو کا تازہ چھلکا تالو پر لگایا جائے تو سر کی گرمی دور ہوتی ہے لو اور گرمی کا اثر جاتا رہتا ہے۔

کدو کے خشک یا تازہ بیج پانی میں پیس کر سر اور ماتھے پر لگاتے رہیں تو سر کی گرمی کو بہت فائدہ پہنچتا ہے۔

## سر چکرانا کا علاج

مربہ آملہ ایک عدد دھو کر ورق چاندی ایک عدد باہم ملا کر کھلائیں، کمزوری دل ہو تو خمیرہ مروارید پانچ ماشہ کھلائیں، قبض سے سر میں بخارات یا ریاح پیدا ہونے سے ہو تو فروٹ سالٹ یا سٹرپوڈر کا استعمال کریں۔ اطریفل کشنیزی کا استعمال بھی مفید ہے۔



## آدھے سر کے درد کا علاج

**دوائے درد شقیقہ:**

اسطوخودوس تین ماشہ، مرچ سیاہ سات عدد، دھنیا خشک چار ماشہ، پانی ڈیڑھ چھٹانک۔ تینوں چیزوں کو رات کو پانی میں بھگو دیں۔ صبح گھوٹ چھان کر چھ سات بتاشہ کھلا کر سورج نکلنے سے پہلے پلا دیں۔ پہلے دن ہی فائدہ معلوم ہوگا۔ دو تین دن کے استعمال سے آرام آ جائے گا۔ اگر درد کو کلی آرام نہ ہو تو چند روز تک اطریفل صغیر کا استعمال کریں۔

**ریوند چینی سے تیار سفوف:**

اسطوخودوس، سونف، ریوند چینی، دھنیا خشک، نمک سیاہ، نوشادر ہموزن سفوف بنا کر ایک تا دو ماشہ ہمراہ چائے دیں۔

**پانی سے لینے کا سفوف:**

دھنیا خشک تین گرام، اسطوخودوس تین گرام، کالی مرچ چھ عدد، باریک سفوف بنائیں، صبح سورج نکلنے سے پہلے تین، چار بتاشے کھا کر پانی سے لیں اور ایک گھنٹہ آرام کریں۔

**مرکبات کا نسخہ:**

مرکبات میں اطریفل اسطوخودوس چھ گرام یا اطریفل کشنیز سونے سے پہلے ہمراہ دودھ نیم گرم لیں۔ بہت مفید علاج ہے۔

## آدھے سر کے درد کی دوا

آدھے سر کا درد سخت موذی مرض ہے۔ اعصابی کمزوریوں سے یہ دردیں ہوتی ہیں۔ یہ نسخہ بہت مفید ہے۔ دھنیا خشک دو تولہ۔ اسطوخودوس تین ماشہ۔ کالی مرچ 36 عدد پیس لیں 8 رتی سے 10 رتی دوا سورج نکلنے سے پہلے پانی کے ہمراہ کھلا دیں۔ انشاء اللہ دوا کا فوری اثر ہوگا۔

## پرانا سر درد

ایک سیب کو چاقو سے چھیل کر نمک لگا کر نہار منہ کھلائیں۔ تین چار روز کے استعمال سے پرانے سے پرانے درد سر کو آرام ہو جائے گا۔

## جادو سرمہ سے سر درد غائب

یہ سرمہ عجیب جادوئی تاثیر رکھتا ہے۔ گیرو چھ ماشہ، سونٹھ تین ماشہ باریک پیس کر کپڑ چھان کر لیں۔ اگر سر میں درد ہو تو دونوں آنکھوں میں بطور سرمہ لگائیں، پانی جاری ہو گا اور درد سر غائب ہو جائے گا۔

## سر درد گرمی سے ہو

مہندی کے پھول پانی میں گھس کر پیشانی پر لیپ کریں۔ درد سر گرمی کو مفید ہے۔

## سردی سے درد

عمدہ موٹے چنے لے کر مصالحہ، پیاز، گھی وغیرہ کے ساتھ پکائیں ان کا شوربا تو مریض کو پلا دیں اور دانوں کو پیس کر درد کی جگہ پر ضماد کر دیں، سردی سے عارض ہونے والے دردوں کو بے انتہا فائدہ پہنچے گا۔ آزمودہ نسخہ ہے۔

## درد سے گردن میں بل پڑنے کا علاج

**روغن قسط کی مالش کا نسخہ:**

قسط تلخ دو تولہ، تیل سرسوں آٹھ تولہ، قسط کو موٹا موٹا کوٹ کر تیل سرسوں میں جلا لیں اور مقام مرض پر نیم گرم مالش کر کے اوپر سے گرم روئی رکھ کر پٹی باندھ دیں اور سینک کریں، آرام آ جائے گا۔

## کمر درد کا علاج

کمر پر روغن قسط کی مالش کریں، خوراکی طور پر سورنجاں یا اطریفل صغیر استعمال



کرائیں، شہد خالص دو تولہ، عرق سونف دس تولہ میں ملا کر نیم گرم پلانا بھی مفید ہے۔ معجون فلاسفہ کا استعمال بھی درد کمر کے لیے فائدہ مند ہے۔

## کمر درد کے دو زود اثر نسخے

1- دیسی صابن لے کر اس کے نصف وزن کے برابر پسی ہوئی مہندی ملائیں اور پانی میں پکا کر لیپ تیار کریں۔ درد کمر کے لیے بھی مفید ہے۔ ذرا دیر تک لگانا پڑتا ہے۔

2- میتھی کے بیج پانی میں پکا کر چھان لیں اور شکر سفید ڈال کر پلائیں۔ نیز پھوک میں قدرے گائے کا گھی ڈال کر گھوٹیں اور درد کے مقام پر نیم گرم لیپ کر دیں۔ درد کمر کو دور کرتا ہے اور طبیعت بحال ہو جاتی ہے۔

## سر کے چکروں کے چار نسخے

**پہلا نسخہ:**

مہندی کے بیج 4 گرام، شہد 10 گرام مہندی کے بیجوں کا باریک سفوف بنائیں اور شہد میں ملا کر چٹنی بنا لیں۔ دن میں دو بار لیں۔ چکر آنا بند ہو جائیں گے۔

**دوسرا نسخہ:**

آملہ مربی ایک عدد، چاندی کا ورق ایک عدد آملہ مربی کو چاندی کے ورق میں لپیٹ کر صبح ناشتہ سے پہلے لیں۔

**تیسرا نسخہ:**

املی کا گودا 25 گرام، شکر 6 گرام گودے کو 120 ملی لیٹر پانی میں ایک گھنٹہ تک بھگوئیں۔ اس کے بعد نتھار کر حسب ضرورت ملا لیں۔ دن میں دو بار لیں۔ تین یومیہ استعمال مرض کی شفا کے لیے کافی ہے۔

**چوتھا نسخہ:** گرمی کی وجہ سے سر چکرائے یا آنکھوں تلے اندھیرا چھا جائے تو خشک دھنیا 6 ماشہ اور چھوٹی الائچی 5 عدد دونوں کو ذرا کوٹ کر رات کو پانی میں بھگو دیں، صبح نتھار کر مصری یا کھانڈ سے میٹھا کر کے پئیں۔ تین روز پینے سے شکایت رفع ہو جائے گی۔

## درد سر کے عجیب الاثر نسخے

**گیہوں کے چھان سے علاج:**

گیہوں کا چھان جو آٹا چھاننے کے بعد نکلتا ہے اور ہر جگہ دستیاب ہوتا ہے، ایک چھٹانک لے کر چھ سات سیر پانی میں پکائیں جب پانچ چھ جوش آ جائیں تو اس گرم پانی میں بیمار کے پاؤں رکھ دیں اور گھٹنوں سے لے کر ٹخنوں تک اوپر سے نیچے کو آہستہ آہستہ ملیں انشاء اللہ پندرہ منٹ میں تکلیف دور ہو جائے گی۔

**کھانے کے نمک کا چٹکلہ:**

درد سر میں نہایت موثر ہے اور یوں تیار کیا جاتا ہے کہ کھانے کا نمک چھٹانک بھر لے کر پانچ سیر پانی میں پکائیے کہ دو چار ابال آ جائیں۔ اب اوپر کی ترکیب کے مطابق کام میں لائیے، بحکم خدا شفا ہو جائے گی۔

**گل نیلوفر کا لیپ:**

ہر قسم کے سر کے دردوں کو ایک لحظ میں سکون دیتا ہے صفتہ، فلفل سیاہ پانی میں پیس کر لیپ کریں۔ جس قدر لیپ خشک ہوگا درد زائل ہوتا رہے گا لیکن صداع صفراوی میں بعد کو کچھ گرمی ضرور محسوس ہوتی ہے۔ اس کے واسطہ یہ مناسب ہے کہ گل نیلوفر کو پانی میں پیس کر فوراً لیپ کر دیا جائے۔ درد سر سے نجات مل جائے گی۔

**دودھ سے سر درد دور:**

دودھ گائے کا ہو یا بکری کا اور چاہے بھینس کا ہی کیوں نہ ہو مگر تازہ ہو اس میں



روئی بھگو کر سر پر رکھیں اور خشک نہ ہونے دیں تو درد سر سوداوی کو بہت نفع ہوتا ہے۔ اور سکون ملتا ہے۔

**تلوں کے سبز پتوں کا نسخہ:**

درد سر کو خصوصیت سے نفع دیتا ہے۔ تلوں کے سبز پتے اور پھول جو ساون سے لے کر اسوج تک مل سکتے ہیں۔ پانی میں پیس کر پیشانی پر ضماد کریں۔

**مولی کا بیج:**

دوا برائے درد سر بارد و بلغمی۔ مولی کے بیج بقدر 3 ماشہ پانی میں پیس کر پی لیں۔ نیز یہی بیج آب گرم میں گھوٹ کر پیشانی پر لیپ کریں۔

**خشک دھنیا سے درد سر کا علاج:**

خشک دھنیا کوٹ کر بقدر 4 ماشہ ٹھنڈے پانی سے پھانکنا اور اسی کو پانی میں پیس کر ماتھے اور تالو پر لگانا درد سر دموی کا علاج ہے۔

**صفراوی درد سر کو نفع:**

بکری کا دودھ ہاتھ پاؤں پر ملیں اور سر پر دوہیں یعنی سر پر دودھ کی دھاریں ڈالیں تو صفراوی درد سر کے کو نفع ہوتا ہے۔

**کھیرے کا زود اثر پانی:**

کھیرا ایک عام چیز ہے۔ عربی نام خیار ہے۔ بیساکھ سے مگھر تک بہت ملتا ہے۔ گرمی کی وجہ سے درد سر ہو تو اس کو گھوٹ کر سر اور ماتھے پر لگا دیں اور اس کا پانی نچوڑ کر ناک میں ٹپکائیں۔

**ہرے دھنیے کے تیل سے آرام:**

ہرے دھنیے کا تیل بھی بنتا ہے، جو صفراوی اور گرم درد سر کو دور کرتا ہے۔ بالوں کو بڑھاتا، ان کو قوت دیتا۔ نزلہ و زکام کو روکتا اور دماغ کو لو لپٹ سے بچاتا ہے، یہ تیل یوں بنایا

جاتا ہے کہ سبز دھنیا کوٹ کر اس کا پانی نکال لیں، پھر اس میں ہموزن تلوں کا تیل یا سرسوں کا تیل ڈال کر اس قدر پکائیں کہ سارا پانی جل جائے، اسے صاف کر کے بوتل میں بھر لیں اور بوقت ضرورت سر میں لگایا کریں، درد سر کی حالت میں اس تیل کے دو چار قطرے ناک میں ڈالنا بھی مفید ہوتا ہے۔

**خشک سبز دھنیے کا لیپ:**

سبز دھنیے کا موسم گزر چکا ہو تو خشک بھی کام میں لایا جا سکتا ہے۔ چنانچہ اس کو پانی میں پیس کر پیشانی اور کن پٹیوں پر لیپ کریں، ہر بیس منٹ بعد پہلا لیپ اتار کر دوسرا لگاتے رہیں۔ تین بار لگانے سے گرم و صفراوی درد سر دُور ہو جائے گا اور سکون محسوس ہوگا۔

**دردِ سر کے لیے آزمودہ نسخہ:**

دردِ سر کے لیے بارہا آزمودہ ہے۔ جو کا آٹا۔ کشنیز سبز، برگ بید، برگ خرفہ، کاہو پانچ صندل سرخ باریک گھوٹ کر سر پر اور ماتھے پر لیپ کریں اور اگر تلیین کی حاجت پڑے تو ہلیلہ زرد، ہلیلہ کابلی آلو بخارا 20 دانہ لسوڑیاں 15 دانہ عناب 20 دانہ زرشک 4 ماشہ بنفشہ 4 ماشہ تخم کاسنی 4 ماشہ گل سرخ 4 ماشہ گل نیلوفر 4 ماشہ۔ رات کو بھگو کر صبح صاف کر کے ترنجبین یا شیر خشت 7 ماشہ، مغز فلوس خیار شنبر 5 تولہ مل کر صاف کر کے روغن بادام 6 ماشہ ملا کر پلائیں۔

---



باب۔27

# کان کی بیماریاں

## کان کے درد کا علاج (Otalgia)

**تلوں کے تیل سے درد کافور:**

تلوں کا تیل اڑھائی تولہ، کافور چھ ماشہ، افیون دو ماشہ، سب کو ملا کر رکھیں اور بوقت ضرورت دو تین بوند نیم گرم حالت میں کان میں ڈالیں، فوراً درد دُور ہوگا۔

**گھی گائے کے نیم گرم قطروں سے درد دور:**

گھی گائے ایک تولہ، کافور تین ماشہ ملا کر دھوپ میں رکھیں اور اس میں سے دو تین قطرے نیم گرم کر کے کان میں ڈالیں۔

**مولی کے پانی سے فوری آرام:**

مولی کا پانی پانچ تولہ، پیاز کا پانی پانچ تولہ، لہسن دو تولہ، تلوں کا تیل پانچ تولہ، آگ پر جوش دیں، جب صرف تیل رہ جائے تو چھان لیں اور چند قطرے نیم گرم کان میں ٹپکائیں۔ فوراً آرام آ جائے گا۔

**بنفشہ کی ٹکور**

کمو دگودا املتاس بھجیا سی بنا کر نیم گرم کان پر باندھیں یا بنفشہ کی ٹکور کریں۔

**بہرے پن کی دوا:**

ہومیو پیتھک دوا مولین آئیل (Mullion-Oil) ایک یا دو قطرے درد والے کان میں ڈالتے رہیں، بہت جلد تکلیف رفع ہو جائے گی۔ ہومیو پیتھک طریقہ علاج

میں نہ صرف درد کان بلکہ بہرہ پن و کان بہنے کے لیے بھی یہ دوا مشہور ہے۔

روغن بادام کے چند قطروں سے آرام:

عورت کا دودھ کان میں ٹپکائیں یا روغن بادام تلخ کے چند قطرے نیم گرم کان میں ڈالیں۔

درد کان کے لیے سفید پیاز کا رس:

سفید پیاز کا رس نکال کر کان میں ٹپکانا بھی درد کان کے لیے بہت مفید ہے۔

تلی کے تیل سے درد ختم:

کافور $\frac{1}{2}$ رتی، افیون $\frac{1}{4}$ رتی، تلی کا تیل دو بوند، سب کو ملا کر گرم کر کے دو تین بوند کان میں ڈالیں۔ تھوڑی دیر بعد افاقہ ہو جائے گا۔

دھتورہ کے پتوں کا رس:

دھتورہ کے پتوں کا رس نکال کر گرم کر کے ایک دو قطرے کان میں ڈالیں۔

مولی کے تازہ پتوں کے رس سے فوری آرام:

مولی کے تازہ پتوں کا رس دس تولہ نکالیں اور پانچ تولہ تلی کے تیل میں جلائیں، دو تین قطرے گرم کر کے کان میں ڈالیں۔

لہسن اور تلی کا زود اثر تیل:

لہسن بارہ گرام، تلی کا تیل سو گرام، لہسن کو تیل میں جلا لیں، دو قطرے ہلکا گرم کر کے کان میں ڈالیں۔ جلد آرام آئے گا۔

## درد کان کے لیے آسان نسخہ

دودھ پیتے لڑکے کا پیشاب نیم گرم کان میں ٹپکائیں۔ کان کے درد کو تسکین ہوگی۔



## کان کے درد کی دوا

بھیڑیا بکری کا پتہ کسی قصائی سے مل جائے گا۔ اس کا پانی ہموزن شہد میں ملائیں۔ یہ کان کے درد کی دوا۔ ضرورت کے وقت اس کی دو چار بوندیں درد والے کان میں ڈال دیا کریں، فوراً آرام ہو جائے گا۔

## روغن درد گوش

برگ نیم سبز ایک تولہ، برگ مدار سبز ایک تولہ نیم کوفتہ کر کے ٹکیہ بنا کر روغن سرشف میں جلا لیں اور صاف کر کے چند قطرے کان میں ٹپکائیں اور سو جائیں۔ درد گوش ختم ہو جائے گا۔

## درد گوش کا ایک اور ٹوٹکہ

عصبی ہو یا سوزش و شور سے ہو۔

کاسٹرائیل 4 ڈرام، کاربالک ایسڈ 5 ڈرام، کلورل ہیڈریٹ 10 گرین، کافور 10 گرین، خوب ملا لیں، دو تین قطرے کان میں ٹپکائیں، اکسیر ہے۔

## کان کا ورم دور

☆ جو ورم گوش کو پکاتا اور پکے ہوئے کو پھاڑتا ہے۔ گیہوں کا آٹا ایک چھٹانک، گڑ دو تولہ دونوں کو پانی میں پیس کر گرم کریں اور بار بار لگاتے رہیں۔ پُر اثر علاج ہے۔

دھنیے کے پانی سے درد دور:

ورم گوش بالکل نیا ہو، تو اس پر دھنیے کا پانی لگاتے رہیں۔ اس سے سوجن بھی رفع ہوگی اور درد کو بھی تسکین ہو جائے گی۔

انڈے کی سفیدی کا طلا:

انڈے کی سفیدی کا طلا کرتے رہنا بھی تازہ ورم میں بہت مفید ہے۔ اگر آپ کشنیز اور سفیدی بیضہ کو ملا کر لگا [illegible] تو بہت جلد فائدہ

ہوتا ہے۔

## بہرہ پن کے لیے عجیب نسخہ

صرف سفید کتھا باریک کر کے کپڑے میں چھان لیں اور نیم گرم پانی میں ملا کر پچکاری کے ذریعہ کان میں ڈالیں اور بعد میں کان کو صاف کر دیں۔ اسی طرح چند یوم کرنے سے بہرہ پن دور ہو جاتا ہے۔ یا صرف گیرو اور دودھ چند یوم کان میں ڈالیں۔ بہرہ پن دور ہو جائے گا۔

## کان کا بہرہ پن دور

تلوں کا تیل دو تولہ۔ دھتورے کے پتوں کا پانی 4 تولہ۔ دونوں کو ملا کر آگ پر جوش دیں۔ جب جلنے کے قریب ہو تو اس میں درخت مدار یعنی آک کے پانچ پتے ڈال دیں۔ جب یہ پتے جل کر کوئلہ ہو جائیں۔ تو تیل کو نیچے اتار کر چھان لیں اور شیشی میں ڈال لیں۔ وقت ضرورت ایک دو بوند کان میں ڈال دیں۔ تمام شکایات مندرجہ بالا کے لیے مفید ہے۔

### نیم کی نبولی کے تیل سے بہرہ پن دور:

نیم کی نبولی کا تیل بذریعہ کولھو نکال کر چار پانچ بوند روزانہ کان میں ڈالیں۔ چالیس روز ڈالنے سے کان کا بہرا پن دور ہو جاتا ہے۔

## کم سُنائی دینا

گائے کا گھی پانچ تولہ لے کر مغز بادام 14 عدد اور لہسن کی پوتھیاں 7 عدد ڈال کر آگ پر رکھیں جب ہر دو دوا جل جائیں۔ تو چھان کر شیشی میں رکھیں۔ چند قطرے نیم گرم کان میں ڈالیں۔ چند روز میں کم سنائی دینا ٹھیک ہو جائے گا اور آپ سب کی باتیں خوب سُن سکیں گے۔



## کان کے بہرہ پن کے لیے روغن

کان کے بہراپن کے لیے بہت مفید ہے۔ مولی کا پانی نچوڑ کر اس میں ہم وزن سرسوں یا تلوں کا تیل ڈالیں اور آگ پر رکھ کر پکائیں جب پانی جل جائے تو تیل کو صاف کر کے رکھ لیں اور پانچ سات بوندیں ذرا گرم کر کے کان میں ڈالتے رہیں۔ بہرہ پن بہت جلد دور ہو جائے گا۔

## کان بجنا

قلمی شورہ آدھ ماشہ باریک پیس کر شہد چھ ماشہ کے ساتھ ملا دیں اور تھوڑے سے گرم پانی میں حل کر کے کان میں ٹپکائیں۔ اس سے کان کا بجنا بند ہو جائے گا۔ آزمودہ نسخہ ہے۔

## کان میں میل ہونا کا علاج

### روغن بادام کے قطروں سے علاج:

کان کی میل دُور کرنے کے لیئے رات کو گلیسرین یا تلوں کا تیل نیم گرم کان میں ڈالیں صبح گرم پانی کا بھپارہ دیں اور سلائی کے ذریعہ میل نکال دیں، پھر بادام روغن 60 بوند تیل تارپین 10 بوند ملا کر شیشی میں رکھیں اور ایک دو قطرے نیم گرم کان میں ڈالیں۔

### تلوں کے تیل سے کان کی میل دور:

تلوں کا تیل پانچ تولہ، مولی کا پانی بیس تولہ، دھیمی آگ پر پکائیں، جب پانی جل جائے تو اس تیل کو صاف کر کے شیشی میں رکھیں اور ایک دو قطرے نیم گرم کان میں ڈالیں۔

### زوداثر دواؤں کا مجرب نسخہ:

اُسطخدوس رومی ایک تولہ، ہلدی، لہسن مقشر، قسط تلخ، مغز بادام ہر ایک دو تولہ، اجوائن، سونٹھ، ملٹھی، بورہ ارمنی، ہینگ، تُمہ کا گودا، عقرقرحا ہر ایک چھ ماشہ، پیاز سفید دو عدد،

ان دواؤں کو نیم کوب کر کے رات کو آب مرزنجوش، آب برگ کریلا، آب مولی ہر ایک اڑھائی تولہ، سرکہ انگوری پانچ تولہ میں تر کریں، صبح پندرہ تولہ تلوں کا تیل ملا کر جوش دیں، جب دوائیں جل جائیں تو چھان کر محفوظ رکھیں، صرف ایک قطرہ نیم گرم کر کے کان میں ڈالیں۔ کان کے کیڑوں کو مارتا ہے۔ سخت سوزش کے لیے مفید ہے، پھنسیوں کو دفع کرتا ہے، کان کے درد کو دور کرنے کے علاوہ بہرہ پن کو مفید ہے، بشرطیکہ پیدائشی نہ ہو، درد کان کے لیے مفید ہے، نیم گرم کر کے استعمال کریں۔

## حریرہ مقوی دماغ:

کمزوری دماغ سے یہ عارضہ ہو تو "حریرہ مقوی دماغ" کا استعمال کرائیں، جنرل کمزوری کی حالت میں وٹامن کے مرکبات اور مقوی اغذیہ دیں۔ اس سلسلہ میں وٹامن اے، بی، سی، ڈی اس کے لیے خاص طور پر مفید ہیں۔

## کان کے درد کے لیے پیاز کا پانی:

پیاز کا پانی (پیاز سفید رنگ کا ہو) پودینہ کے پتوں کا پانی، ہر ایک چار تولہ، تلوں کے تیل اڑھائی تولہ میں پکائیں، جب پانی جل جائے اور صرف تیل باقی رہ جائے تو صاف کر کے دو تین قطرے کان میں ٹپکائیں۔ کا کے درد سے سکون ملے گا۔

## سفیدہ کاشغری کا مرہم:

نیم کے پتوں کے جوشاندہ کے نیم گرم پانی سے دھو کر ٹکور کر کے سفیدہ کاشغری کا مرہم لگانا بہت مفید ہے۔ خوراکی طور پر شربت عناب اور عرق مصفی خون کا استعمال یا اطریفل شاہترہ کا استعمال کرنا بہت مفید ہے، کچھ دن مرہم سفیدہ کاشغری میں ہی گندھک کی معمولی مقدار ملا کر مرہم لگانا بہت مفید ہے۔ گندم کی روٹی، مونگ کی دال، پالک، کدو، پیٹھا وغیرہ زود ہضم اغذیہ کے ساتھ دیں اور بادی و دیر ہضم، تیل کی چکنی اور ترش چیزوں سے پرہیز کریں۔



## کان میں شدید سوجن کا علاج

خوراکی طور پر گل بنفشہ گاؤزبان اسطوخودوس شاہترہ ملکو، ہر ایک تین ماشہ، عناب تین دانہ، رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح مل چھان کر عناب ایک تولہ، اگر قبض ہو تو شربت عناب کی طرح گل قند ڈیڑھ تولہ ملا کر پلائیں۔ چار پانچ روز پلانا کافی ہے۔ بیرونی بنفشہ ملکو، رسونت صندل سرخ، برگ خطمی، مغز املتاس سب کو آب ملکو سبز میں پیس کر نیم گرم ضماد کریں۔

## کان بہنا کے چند آزمودہ نسخے

### عرق لیموں کے قطرے

سہاگہ بریاں، عرق لیموں بقدر ضرورت سہاگہ کا باریک سفوف بنا لیں۔ ایک چٹکی سفوف کان میں ڈال کر اوپر سے دو تین قطرے عرق لیموں ڈالیں۔

### نیم کے پتوں کا رس:

سمندر جھاگ ایک گرام، شہد 6 گرام، نیم کے پتوں کا رس 6 ملی لیٹر سمندر جھاگ کو نیم کے پتوں کے رس میں پیس کر شہد ملائیں اور چھان لیں۔ 2 قطرے کان میں ڈالیں۔

### روغن کمیلہ سے علاج:

رسکپور 250 ملی گرام، بڑ (برگد) کا دودھ 12 گرام رسکپور کو بڑ کے دودھ میں حل کر لیں۔ دو تین قطرے کان میں ڈالیں۔ روغن کمیلہ دو تین قطرے کان میں ڈالیں۔

### لاجواب دوائی:

سپرٹ ریکٹی فائیڈ ایک اونس، زنک اوکسائیڈ 10 گرین بور ایسڈ 10 گرین۔ سب کو آپس میں ملا لیں۔ بس دوا تیار ہے۔

پہلے کان کو اندرونی طرف سے ہائیڈروجن پر اوکسائیڈ سے صاف کر لیں اور مندرجہ بالا دوا کی چند بوندیں کان میں ڈالیں، اس کے ساتھ سیپٹران کھانے کے لیے دیں۔ ہفتہ عشرہ میں انشاء اللہ بالکل آرام ہو جائے گا۔ کان بہنے کا کامیاب علاج ہے۔

## کان میں کچھ پڑ جانا کا علاج

اگر مچھر وغیرہ کان میں چلا گیا ہو تو آڑو کے پتے کچل کر رس نکال کر اور چھان کر کان میں ٹپکائیں

- کریلے کا پانی نچوڑ کر کان میں ڈالیں
- پودینہ خشک کا جوشاندہ لے کر چھان کر اس پانی کی پچکاری کریں
- کان میں پچکاری ہمیشہ ٹیڑھی کرنی چاہیے، تاکہ پانی سیدھا کان کے پردہ کو نقصان نہ پہنچا سکے۔
- اس سلسلہ میں شہد 9 ماشہ، شراب خالص چھ ماشہ، گل روغن چار ماشہ، ہر سہ کو ملا کر ایک دو قطرے نیم گرم کان میں ڈالنے سے کان میں داخل شدہ مچھر ایک دو روز میں نکل جائے گا۔

**نوٹ:** عام سادہ خوراک استعمال کرائیں، کان کو کریدنے وغیرہ سے سخت پرہیز کریں۔ تاکہ زیادہ تکلیف نہ ہو۔

## کان کا درد گرمی کے باعث

کان کا درد گرمی کے باعث ہو تو یوں کریں کہ لڑکی والی عورت کے دودھ میں کدو کا پانی یا کدو کا تیل ملا کر نیم گرم ٹپکا دیں۔ افاقہ ہوگا۔

## کان میں زخم کی وجہ سے درد

اگر خالص شہد میں لڑکی والی عورت کا دودھ ملا کر کان میں نیم گرم ڈالتے رہیں تو اس سے کان خوب صاف ہو جاتا ہے۔ زخم کو آرام پہنچتا ہے۔ پیپ اور آلائش نکل جاتی ہے اور پھنسی، ورم یا زخم کے سبب سے درد عارض ہو تو اسے سکون ملتا ہے۔ آزمائش شرط ہے۔

## کان میں پیپ

میتھی کے بیج کوٹ کر پانی میں بھگو دیں۔ جب خوب پھول جائیں تو لعاب نکال کر اس میں قدرے عورت کا دودھ ملائیں اور کان میں نیم گرم ٹپکاتے رہیں۔ اس سے



خارش، پیپ اور سوجن کو بے حد فائدہ پہنچے گا اور کان کا زخم صاف ہو جائے گا اور سکون محسوس ہوگا۔

## کان میں کیڑے پڑ جانا کا نسخہ

ایلوا پانی میں حل کر کے اس کے پانی کو کان میں بھر دیں اور دیر تک پڑا رہنے دیں۔ جب کیڑے مر جائیں تو کان کو جھکا دیں۔ تاکہ تمام پانی نکل جائے۔ اسی طرح تین چار دن کریں۔ انشاء اللہ تمام شکایت جاتی رہے گی اور فائدہ کلی حاصل ہوگا۔ بہت مجرب ہے۔

## کان میں سردی سے درد

تھوم کی ایک تری چھیل کر سرسوں کے تیل میں پیسیں۔ پھر کپڑے میں چھان کر ذرا گرم کریں اور چار قطرے کان میں ڈال دیں۔ اس سے سردی کے درد کو آرام پہنچے گا۔

### کڑوے تیل کا نسخہ:

پیاز کا پانی نچوڑ کے کان میں ڈالیں تو سردی کے درد گوش کو بہت فائدہ ہوتا ہے۔ اگر اس میں ذرا سا میٹھا یا کڑوا تیل بھی ملا لیں تو اور بھی مفید ہے۔ بعض لوگ پیاز کے پانی میں عورت کا دودھ شامل کر لیتے ہیں۔ یہ بھی اچھی تدبیر ہے اور فائدہ مند ہے۔

## کان کے پرانے ورم کے لیے روغن

آب پیاز پانچ تولہ، روغن سرسوں دس تولہ، تھوم کا پانی دو تولہ، سب کو ملا کر آگ پر رکھیں۔ جب پانی جل جائے تو صاف کر کے کان میں ڈالا کریں۔ بسا اوقات اس سے ثقل سماعت بھی دور ہو جاتا ہے۔ نیز کان کے پرانے ورموں کو تحلیل کرنے میں بھی یہ تیل بہت موثر ہے۔ انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

## کان درد کا علاج

افسنتین ایک تولہ، سرکہ انگوری 15 تولہ، روغن بادام تلخ 15 تولہ، افسنتین کو سرکہ

میں بھگو کر جوش دیں اور چھان لیں پھر بادام روغن داخل کر کے سرکہ کو جلائیں جب تیل باقی رہ جائے تو تیار ہے ایک دو قطرہ نیم گرم کان میں ڈالیں درد کان اور ورم کان کے علاوہ بہرہ پن اور کان سے پیپ آنے کو بھی مفید ہے۔

## کان میں درد کے آزمودہ نسخے

**لڑکی والی عورت کے دودھ کا نسخہ:**

لڑکی والی عورت کا دودھ کان کی اکثر بیماریوں میں بہت مفید پڑتا ہے۔ چنانچہ کان میں درد چاہے کسی سبب سے ہو۔ اس دودھ کے چند قطرے سیپی میں نیم گرم کریں اور کان میں ڈال دیں۔

**آم کے سبز پتوں کا عرق:**

آم کے سبز اور شاداب پتے لے کر ان کا عرق نچوڑ لیں پھر قدرے نیم گرم کر کے چند قطرے کان میں ٹپکائیں۔ درد پہلی دفعہ ہی بند ہو جائے گا۔ ورنہ دوبارہ پھر یہی عمل کریں۔ بہت افاقہ ہوگا۔

**تل کا تیل مفید:**

تل کے تیل 50 گرام میں 6 گرام کیکر کے پھول جلا کر چھان کر محفوظ رکھیں۔ ایک سے دو قطرہ نیم گرم کان میں ڈالنے سے کان کا درد اور کان بہنے کو مفید ہے۔

**دھتورہ کے پتوں کا پانی:**

دھتورہ کے پتوں کا پانی کوٹ کر نکال لیں اور اس کو ذرا نیم گرم کر کے جس طرف کی آنکھ میں درد ہو دوسری طرف کے کان میں ڈالیں شرطیہ آرام ہوگا۔ دیکھئے کیسا حیران کر دینے والا ٹوٹکہ ہے۔

اجوائن دیسی، سہاگہ، سندھور مساوی الوزن سائیدہ کر کے میں رکھیں، بوقت ضرورت دوائی کان میں ڈال کر تین قطرہ نیم گرم روغن زرد کے ڈالیں۔



**روغن بادام سے علاج:**

ہلیل کا پانی کان میں ٹپکائیں، روغن ذیل بھی نہایت اکسیر ثابت ہوا، افسنتین دو ماشہ، آب پیاز 3 ماشہ، آب لہسن کو سرکہ تند میں پکائیں پھر روغن بادام تلخ ڈال کر چند قطرے کان میں ڈال لیا کریں۔

**تسکین دینے والا نسخہ**

روغن کنجد نصف چھٹانک، لہسن 7 عدد، افیون ایک ماشہ، 6 ماشہ لہسن کو روغن میں جلا کر افیون حل کر کے نیم گرم کان میں ڈالیں، فی الفور تسکین ہے، یہ نسخہ نہایت ہی مفید اور مجرب ہے۔

**سہاگہ بریاں کا ٹوٹکہ:**

کان میں درد ہونے۔ پیپ آنے پر روئی کی بتی شہد میں بھگو کر اس پر سہاگہ بریاں چھڑک کر کان میں دبا دیں۔ پیپ خشک ہو جاتی ہے۔ کان میں کیڑے پڑ جانے پر سہاگہ کو تھوڑے سرکہ میں حل کر کے کان میں ڈال دیں۔

**بھاپ سے درد کان کا علاج:**

شلغم جو مشہور ترکاری ہے۔ پانی میں پکائیں۔ جب ابلنے لگے تو اس کی بھاپ درد والے کان کو پہنچائیں۔ تسکین ہو جائے گی۔

## کان میں کرم

مولی کے بیج پانی میں پیس لیں اور ذرا گرم کر کے کان میں ڈالتے رہیں تمام کرم مر کر نکل جائیں گے۔

**سفید پیاز کا پانی**

سفید پیاز، جو عام مل جاتا ہے۔ کوٹ کر پانی نچوڑیں اور کان میں نیم گرم قطور کریں

میں بھگو کر جوش دیں اور چھان لیں پھر بادام روغن داخل کر کے سرکہ کو جلائیں جب تیل باقی رہ جائے تو تیار ہے ایک دو قطرہ نیم گرم کان میں ڈالیں درد کان اور ورم کان کے علاوہ بہرا پن اور کان سے پیپ آنے کو بھی مفید ہے۔

## کان میں درد کے آزمودہ نسخے

### لڑکی والی عورت کے دودھ کا نسخہ:

لڑکی والی عورت کا دودھ کان کی اکثر بیماریوں میں بہت مفید پڑتا ہے۔ چاہے کان میں درد چاہے کسی سبب سے ہو۔ اس دودھ کے چند قطرے سیپی میں نیم گرم کریں اور کان میں ڈال دیں۔

### آم کے سبز پتوں کا عرق:

آم کے سبز اور شاداب پتے لے کر ان کا عرق نچوڑ لیں پھر قدرے نیم گرم کر کے چند قطرے کان میں ٹپکائیں۔ درد پہلی دفعہ ہی بند ہو جائے گا۔ ورنہ دوبارہ پھر یہی عمل کریں۔ بہت افاقہ ہوگا۔

### تل کا تیل مفید:

تلی کے تیل 50 گرام میں 6 گرام کیکر کے پھول جلا کر چھان کر محفوظ رکھیں۔ ایک سے دو قطرہ نیم گرم کان میں ڈالنے سے کان کا درد اور کان بہنے کو مفید ہے۔

### دھتورہ کے پتوں کا پانی:

دھتورہ کے پتوں کا پانی کوٹ کر نکال لیں اور اس کو ذرا نیم گرم کر کے جس طرف کی آنکھ میں درد ہو دوسری طرف کے کان میں ڈالیں شرطیہ آرام ہوگا۔ دیکھئے کیسا حیران کر دینے والا ٹوٹکہ ہے۔

اجوائن دیسی، سہاگہ، سندھور مساوی الوزن سائیدہ کر کے میں رکھیں، بوقت ضرورت دوائی کان میں ڈال کر تین قطرہ نیم گرم روغن زرد کے ڈالیں۔



### روغن بادام سے علاج:

بلبل کا پانی کان میں ٹپکائیں، روغن ذیل بھی نہایت اکسیر ثابت ہوا، افسنتین دو ماشہ، آب پیاز 3 ماشہ، آب لہسن کو سرکہ تند میں پکائیں پھر روغن بادام تلخ ڈال کر چند قطرے کان میں ڈال لیا کریں۔

### تسکین دینے والا نسخہ

روغن کنجد نصف چھٹانک لہسن 7 عدد، افیون ایک ماشہ، 6 ماشہ لہسن کو روغن میں جلا کر افیون حل کر کے نیم گرم کان میں ڈالیں، فی الفور تسکین ہے، یہ نسخہ نہایت ہی مفید اور مجرب ہے۔

### سہاگہ بریاں کا ٹوٹکہ:

کان میں درد ہونے۔ پیپ آنے پر روئی کی بتی شہد میں بھگو کر اس پر سہاگہ بریاں چھڑک کر کان میں دبا دیں۔ پیپ خشک ہو جاتی ہے۔ کان میں کیڑے پڑ جانے پر سہاگہ کو تھوڑے سرکہ میں حل کر کے کان میں ڈال دیں۔

### بھاپ سے درد کان کا علاج:

شلغم جو مشہور ترکاری ہے۔ پانی میں پکائیں۔ جب ابلنے لگے تو اس کی بھاپ درد والے کان کو پہنچائیں۔ تسکین ہو جائے گی۔

## کان میں کرم

مولی کے بیج پانی میں پیس لیں اور ذرا گرم کر کے کان میں ڈالتے رہیں تمام کرم مر کر نکل جائیں گے۔

### سفید پیاز کا پانی

سفید پیاز، جو عام مل جاتا ہے۔ کوٹ کر پانی نچوڑیں اور کان میں نیم گرم قطور کریں

تو اس سے بھی کیڑے نکل جاتے ہیں۔

## گرمی کا درد

گرمی کے درد میں انڈے کی سفیدی بھی خوب نفع دیتی ہے اسے نکال کر ذرا چھان لیں کہ باریک چھیچھڑے الگ ہو جائیں۔ پھر کان میں ڈال دیں مگر گرم نہ کریں۔ درد تھم جائے گی۔

## کان بہنا

مغز املتاس ایک تولہ، پانی چار تولہ آگ پر جوش دیں، کاڑھا بنا دیں۔ یہ کاڑھا نیم گرم کان میں ڈالیں۔ کان بہنا بند ہو جائے گا اور سکون محسوس ہوگا۔



باب۔28

# ناک کی بیماریاں

## ناک کے کیڑے

ناریل دریائی کو جلا کر باریک پیس کر دن میں تین مرتبہ صبح، دوپہر اور شام نسوار دینے سے ایک دن کے عمل سے ہی تمام کیڑے مر کر نکل جاتے ہیں اور مریض ناک کے کیڑوں سے نجات پا کر تندرست ہو جاتا ہے۔ بہت ہی فائدہ مند نسخہ ہے۔

## ناک کی پھنسیوں کے چند نسخے

پہلا نسخہ:

کمیلہ 5 گرام، تل کا تیل 12 ملی لیٹر کمیلہ کو تیل میں جوش دیں اور ٹھنڈا کر لیں۔ دو تین قطرے ناک میں ڈالیں۔

دوسرا نسخہ:

رسوت 2 گرام، روغن گل 6 گرام، عرق گلاب 13 ملی لیٹر رسوت کو عرق گلاب میں حل کر کے روغن گل ملا لیں۔ دو تین قطرے ناک میں ڈالیں۔ آرام محسوس ہوگا۔

تیسرا نسخہ:

مکھن بقدر ضرورت مکھن کو 21 بار پانی سے دھوئیں۔ پھنسیوں پر لگائیں۔ عطرِ حنا ایک قطرہ ناک میں ڈالیں۔ ہر درجہ میں زود اثر ہے۔

چوتھا نسخہ:

کدو کا تیل ناک میں ٹپکاتے رہیں تو اس کی پھنسیاں تحلیل ہو جاتی ہیں۔

**پانچواں نسخہ:**

اگر ناک اندر پھنسیاں ہوں تو میٹھے انار کا رس نکال کر ٹپکانے سے ناک کی پھنسیاں بیٹھ جاتی ہیں۔

## بادام روغن سے ناک کی خارش دور

ناک میں بال لمبے ہوں گے۔انہیں اکھاڑ دیجئے اور بادام روغن ناک کے اندر لگائیں آرام ہوگا۔

## ناک سے بدبو کا آنا

کڑوے کدو کا پانی نچوڑ کر ناک میں ڈالیں۔ناک کی بدبو دور ہو جائے گی۔

## ناک سے کسی قسم کی بو نہ آنا

سوہانجنہ کے پتوں کو کچل کر نچوڑ لیں۔جس قدر رس نکلے اس سے نصف وزن تل تل ملا کر آگ پر پکائیں۔جب تیل باقی رہ جائے تب چھان کر محفوظ رکھیں۔اس تیل کی نسوار لینے سے گئی ہوئی قوت سامعہ واپس آجائے گی۔

## ناک کی اندرونی رسولی نابود

بیسن حقے کے پانی میں گھس کر لگائیں،ناک کے اندر جو رسولی ہوتی ہے نیست نابود ہو جاتی ہے۔

## ناک میں زخم ہو

ناک کے اندر زخم ہو تو تازہ برگد کا دودھ ٹپکا دیں یا روئی کی پھریری سے لگائیں۔ زخم بہت جلد اچھا ہو جائے گا۔آزمودہ نسخہ ہے۔

## ناک سے خون بہنے کے چند نسخے

**پہلا نسخہ:**

گل منڈی 4 گرام، دھنیا 4 گرام، مویز منقیٰ 7 عدد 120 ملی لیٹر پانی میں رات بھر



ٹھنڈا کر کے چھان لیں۔دن میں دوبار لیں۔

**دوسرا نسخہ:** خرفہ سیاہ کے بیج، کاہو کے بیج ہر ایک 6 گرام 60 ملی لیٹر پانی میں پیس کر چھان لیں۔دن میں دوبار لیں۔آزما کر ضرور دیکھیں۔

**تیسرا نسخہ:** کندر، پھٹکڑی ہموزن باریک سفوف بنالیں۔نسوار کی طرح ناک میں چڑھائیں۔

**چوتھا نسخہ:** پنڈول یا چکنی مٹی بقدر ضرورت پانی چھڑک کر سونگھیں۔

1. خمیرہ خشخاش 6 گرام صبح لیں۔
2. قرص گلنار 2 عدد دن میں دوبار لیں۔
3. قرص کہربا 2 عدد دن میں دوبار لیں۔
4. شربت نیلوفر 25 ملی لیٹر دن میں دوبار لیں۔ناک سے خون نہیں آئے گا۔

## ناک میں کیڑوں کی نسوار

چٹکی بھر نسوار ناک میں سونگھنے سے ناک کے تمام کیڑے مر جاتے ہیں اور ناک میں کیڑے ہونے کے سبب ہونے والے سر درد کو آرام آجاتا ہے۔

## پرانی نکسیر کا علاج

کہربا شمعی کا سفوف بقدر ایک ماشہ ہمراہ آب سرد دیں۔ایک دو خوراکوں میں خون بند ہو جاتا ہے یا تخم ریحان 9 ماشہ دودھ لسی کے ساتھ پھانک لیں پرانی سے پرانی نکسیر کا موثر علاج ہے۔

بیرونی گل ملتانی (گاچنی) تھوڑے سے پانی میں پیس کر پیشانی پر لیپ کریں مفرد دیسی ادویات میں حب کہربا یا حب گلنار دو عدد میں دوبار دیں اگر بلڈ پریشر کی وجہ سے

یہ عارضہ ہو تو چھوٹی چندن کا سفوف چھرتی ہمراہ دودھ گائے دیں انشاء اللہ آرام ہو جائے گا۔

## نسوار برائے نکسیر

پھٹکڑی بریاں کو کیلا کے پانی میں بھگو دیں اور پھر سایہ میں خشک کر کے بعد ازاں اونٹ کے بال قدرے جلا کر اس میں ملا دیں اور باریک کر کے بحفاظت رکھیں بوقت ضرورت نسوار دے کر چت لٹائیں، اللہ کے فضل سے ایک ہی روز میں آرام ہو جائے گا۔

## نکسیر پھوٹنا

آم کے درخت کے پھول یعنی بور خشک لے کر باریک پیس کر شیشی میں رکھیں۔ بوقت ضرورت مریض کو سونگھائیں اس سے نکسیر بند ہو جائے گی۔

## خونی نکسیر فوراً بند

دھنیا خشک کو لوہے کے توے پر رکھ کر نرم نرم بھونیں۔ پھر میدے کی طرح باریک کر کے نسوار کے طور پر ناک میں پھونکیں تو اس سے بھی خون نکسیر فوراً بند ہو جاتا ہے۔

## چھینکیں بند کرنے کے چار پُر اثر نسخے

اگر چھینکیں بہت آتی ہوں تو کان کی جڑوں، کن پٹیوں اور جبڑوں پر کڑوے تیل یا گائے کے گھی کی آہستہ آہستہ مالش کریں بند ہو جائے گی۔

☆ روغن کدو ناک میں ٹپکانا اور سر میں لگانا چھینکوں کو بند کر دیتا ہے۔

☆ دھنیا بھی چھینکیں بند کرنے میں نہایت موثر ہے۔ اگر تازہ و سبز مل جائے تو اس کا پانی نکال کر سر ماتھے اور ناک میں ملیں۔ کچھ ناک میں بھی سڑک دیں۔ تازہ نہ ملے تو خشک ہی کو ٹھنڈے پانی میں پیس کر لگائیں۔ نیز دھنیے کو پانی میں گھوٹ کر اس کا نقوع نوش کرنا بھی نہایت مفید ہے۔

☆ اگر کوئی چیز نہ ملے تو نیم کے پانی سے سر اور منہ دھوئیں پھر اسی پانی سے بند مکان



میں غسل کریں اس ترکیب سے بھی چھینکیں بند ہو جائیں گی۔

## کثرت سے چھینک آنا

پان کی جڑ کو پیس کر پوٹلی میں باندھ لیں اور اس پوٹلی کو دن میں کئی مرتبہ سونگھا کریں۔ زیادہ چھینکوں کا آنا بند ہو جاتا ہے۔ آزمائش شرط ہے۔

## سونگھنے کی زائل شدہ قوت

مرغ مرغی کا گوشت گھی، مصالحہ اور پیاز وغیرہ ڈال کر بھونیں۔ بھونتے وقت اس کی بھاپ ناک کو پہنچائیں پھر یہی گوشت خوب چبا چبا کر کھائیں۔ اس ترکیب سے بھی سونگھنے کی زائل شدہ قوت عود کر آتی ہے۔

## نکسیر کی دوا برنگ سفید

سرمہ سفید، گودنتی، سنگجراحت ہر ایک 20 گرام، 20 گرام کو باریک پیس کر ہری دھنیا کے پانی میں آٹھ روز کھرل کریں۔ بعد ازاں ٹکیاں بنا کر خشک کر کے کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے پانچ کلو اُپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر اسی طرح ایک مرتبہ گلو سبز کے پانی میں اور دوسری مرتبہ ہری کاسنی کے پتوں کے پانی میں کھرل کر کے آگ دیں۔ دوا برنگ سفید تیار ہوگی۔ نکسیر کے لیے مفید ہے۔ خمیرہ خشخاش یا مناسب بدرقہ کے ساتھ دو دو رتی دن میں تین مرتبہ کھلائیں۔ بہت ہی فائدہ مند علاج ہے۔

---❖❖❖---

باب۔29

# سولہ امراض کی ایک لاجواب دوا

ہڑتال گودنتی 10 تولہ۔ اسگندنا گوری دس تولہ۔ اسگند کو ہڑتال کے نیچے اوپر کے ایک کوزہ گلی میں ڈال دیں اور گل حکمت کر کے ایک گڑھا میں بیس سیر اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں اور محفوظ کریں۔

## ترکیب استعمال:

پرسوت زنان: کشتہ مذکور ایک جائفل دورتی کے ہمراہ دن میں دو مرتبہ دیں۔

تپ سودای: پان مصالحہ دار پر ایک رتی ڈال کر کھلائیں۔

تپ بلغمی: برگ تلسی ایک عدد کے ہمراہ ایک چاول صبح شام دیں۔

فالج ولقوہ: ایک چاول ہمراہ مربہ زنجبیل۔

تشنج: ایک چاول ہمراہ مربہ زنجبیل دیں۔

وجع المفاصل ونقرس: ایک چاول عقرقرحا سفوف ایک ماشہ کے ہمراہ دیں۔

تپ لرزہ: پان کے پتہ کے ہمراہ ایک چاول۔

قوت باہ: سفوف ترپھلہ 9 ماشہ کے ہمراہ دیں۔

اسہال ہر قسم: سفوف لونگ 4 رتی کے ساتھ ایک چاول۔

اشوب چشم: ہمراہ سفوف لونگ۔ آتشک اور خنازیر۔ تنقیہ کے بعد ہمراہ برگ دودھی ایک چاول۔ سوزاک۔ ایک چاول ہمراہ پتاشہ۔ بواسیر ہمراہ رسوت۔ پیچش ہمراہ رب انار۔ ذات الجنب ہمراہ جلوتری۔ بہت ہی زود اثر اور کرشماتی دوا ہے۔

—◆◆◆—



باب۔30

# طاقت دینے اور موٹا تازہ بنانے والا فوڈ سپلیمنٹ

نسخہ: 5 تولہ باداموں کا چھلکا دور کر کے پیس کر گھی میں بھون لیں۔ اب دس تولہ منقے کے بیج نکال کر نصف سیر دودھ میں پکائیں یہاں تک کہ تمام دودھ جذب ہو جائے۔ اب باداموں اور منقوں کو ملا کر گھی میں بریاں کر لیں اور اب آدھ سیر مصری کی چاشنی بنا کر اس میں ڈال کر رکھ دیں۔ ایک تولہ دوا رات کو سوتے وقت دودھ کے ساتھ کھا لیا کریں۔ اس دوا سے انسان موٹا تازہ ہو جاتا ہے۔ چہرے کا رنگ سرخ ہو جاتا ہے۔ قبض بھی دور ہو جاتی ہے۔

—◆◆◆—

**باب۔31**

# جانوروں کے کاٹنے کا علاج

## سانپ کاٹے کا علاج

لہسن ایک پوتھیا ایک پاؤ دودھ گائے میں پیس کر فوراً مار گزیدہ کو پلائیں، مریض صحت یاب ہو جائے گا۔ اگر مریض بے ہوش ہو جائے تب نوشادر پیس کر سرمہ کی طرح آنکھوں میں لگائیں اور جب بیدار ہو تب دوبارہ لہسن پلائیں۔ بہت حد تک صحت یابی حاصل ہوگی۔

**جوشاندۂ عجیب:**

یہ جوشاندہ کلورومائی سین اور آریومائی سین کی طرح زوداثر ہے ہر قسم کے میعادی بخاروں میں مفید ہے۔ موتی جھرا میں دینے سے دانے نکالتا ہے۔

نسخہ: گل گاؤزبان، سونف، خوب کلاں ہر ایک 6، 6 ماشہ، عناب ایرانی، مویز منقی ہر ایک 5، 5 دانہ جملہ ادویہ کو ایک سیر پانی میں جوش دیں اور چھان کر صبح، دوپہر اور شام تین بار پلائیں۔ بہت جلد شفا حاصل ہوگی۔

## سانپ کاٹے کی دوا

درخت پیپل کی $\frac{1}{2}$ لکڑی موٹی 4 انچ لانبی تازہ بنا کر رکھ لیں اور مار گزیدہ کے دونوں کانوں میں لگا رکھیں چند منٹ میں تمام فاسد زہر و خون چوس لیں گے اور مریض دیکھتے ہی دیکھتے صحت یاب ہو جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ العزیز۔

## سانپوں کا زہر

سانپوں کے زہر کے لیے مفید ہونے کے علاوہ تمام وبائی امراض کے لیے نہایت



...بت ہوا ہے۔ ہیضہ وبائی اور تپ وبائی میں اس کے برابر کوئی کم نسخہ ہوگا۔ مصبر زرد دو ...لا کھا بول۔ زعفران ہر ایک ایک جزو گلاب میں کھرل کر کے گولیاں بقدر نخود کے باندھیں۔ خوراک دو حب ہمراہ گلاب کے نسخہ زوداثر ہے۔

## کیڑوں کے کاٹنے کے موثر نسخے

**پہلا نسخہ:**

کلونجی 4 گرام سفوف 30 ملی لیٹر پانی کے ساتھ دن میں ایک یا دو بار لیں۔

**دوسرا نسخہ:**

برادہ صندل، برادہ صندل سرخ، مردار سنگ ہر ایک 6 گرام تھوڑے سے پانی میں پیس کر لیپ بنالیں۔ کاٹے کی جگہ پر لگائیں۔ درد سے آرام ملے گا۔

**تیسرا نسخہ:**

رسوت 6 گرام، روغن گل 12 ملی لیٹر دونوں کو ملا کر رکھیں۔ کاٹے کی جگہ پر لگائیں۔

**چوتھا نسخہ:**

گل ارمنی، کافور ہر ایک 2 گرام سرکہ میں پیس کر لیپ بنالیں۔ کاٹے کی جگہ پر لگائیں۔

**پانچواں نسخہ:**

نارجیل دریائی تھوڑے سے پانی میں گھس کر کاٹے کی جگہ پر لگائیں۔

**چھٹا نسخہ:**

مٹی کا تیل۔ ترکیب استعمال: کیڑے کے کاٹے کی جگہ پر لگائیں۔

## باؤلے کتے کا کاٹا

سرسوں کے تیل کے استعمال سے باؤلے کتے کا کاٹا بہت جلد صحت پا جاتا ہے۔ ایسی حالت میں جب مریض کو تشنج کے دورے پڑتے ہوں۔ وہ چیختا اور چلاتا ہو، اٹھ اٹھ کر دوڑتا اور مرنے مارنے پر آمادہ ہو۔ اس وقت اسے سرسوں کا خالص تیل پلانا شروع کیجئے۔ جتنا دو گے مریض غٹ غٹ پیتا جائے گا۔ جب پینے سے انکار کرنے لگے تو سمجھ لیں کہ صحت یاب ہوگیا ہے۔

## دیوانہ کتے کا کاٹا

سگ دیوانہ کے کاٹے ہوئے کو ایک حالت مثل مالیخولیا کے عارض ہوتی ہے اگر یہ حالت زیادہ ہو جائے تو زندگی کی امید نہیں زخم پر شہد لگائیں اور زخم چھوٹے نہ دیں سینگی لگا کر خون چوس لیں اور غذا میں پیاز بہت کھلائیں۔ جس وقت کتا کاٹے اسی وقت بادیان سرخ کو قینچی سے باریک باریک کاٹ کر قند سیاہ میں ملائیں اور مریض کو کھلا دیں۔ ان شاء اللہ زہر دور ہو جائے گا۔

## مچھروں کو بھگانے تیر بہدف علاج

آئل سنٹرونیلا $1\frac{1}{2}$ اونس۔ آئل کوکونٹ 2 اونس آئل کیروسین ایک اونس، اسنز کاربالک 20 بوند آئل یوکلپٹس 30 بوند ایک شیشی میں ڈال کر ملا لیں، بوقت ضرورت ہاتھ اور منہ اور بدن پر مل لیں۔ درد بہت جلد دور ہو جائے گا۔

## بچھو کے کاٹنے کا جادو اثر ٹوٹکہ

نمک خوردنی ایک ماشہ کو تولہ بھر پانی میں حل کرکے اس پانی کی دو دو بوند اس کی آنکھوں میں ڈالیں۔ دو چار منٹ کے اندر درد دور ہو کر آرام محسوس ہوگا۔ بعد ازاں ہر آدھ گھنٹے کے بعد دو یا چار دفعہ استعمال کریں۔ بڑا مجرب ٹوٹکہ ہے۔



## بچھو کے زہر کی دوائیں

(1) پیاز کا رس کپڑے کی گدی میں بھگو کر ڈنک پر رکھنے سے جلن اور درد کو آرام آجاتا ہے۔

(2) پسی ہلدی کو کوئلوں پر ڈال کر ڈنگ پر اس کا دھواں پہنچانے سے درد جلن اور ورم دور ہو جاتا ہے۔

(3) املی کے بیج کو پانی میں پیس کر ڈنگ پر لیپ کردیں۔ یہ لیپ زہر کو چوس لیتا ہے۔

(4) ریٹھہ کا لیپ کرنے سے زہر کا اثر دور ہو جاتا ہے۔

## بچھو کے کاٹے کا درد رفع

یہ دوا بچھو کے کاٹے ہوئے کو نہایت مفید ہے۔ مٹھ تیلیہ۔ افیون ہر ایک 3 ماشہ کچلہ یا 2 تولہ تینوں کو باریک کرکے تنگ دہن برتن میں ڈال کر نیم چھٹانک آک کا دودھ اس میں ڈالیں اور گل حکمت کرکے لکڑی کے انگاروں پر اتنی دیر رکھیں کہ اوپر سے سرخ رنگ ہو جائے پھر نکال کر بوتل میں ڈال رکھیں کاٹی ہوئی جگہ پر دو رتی یہ دوا دو ڈرام پانی میں حل کرکے لگائیں فوراً درد دفع ہوگا۔

### بچھو کا زہر اثر روغن

بچھو کو روغن زرد یا کسی تیل میں ڈال کر آگ پر جلائیں پھر کاٹی ہوئی جگہ پر باندھیں نہایت مفید ہے۔

### جلے والے تیل سے لیپ:

تیل جو جلانے والے چراغ میں باقی رہتا ہے اُس میں قدرے نمک اور موم ملا کر لیپ کریں۔

### نمک اور مولی کا مجرب نسخہ:

برگ پنبہ گھی میں گھس کر آگ پر گرم کرکے باندھیں۔ نمک اور مولی کا پانی اور کان کا پانی لیپ کریں۔ بسم اللہ پڑھ کر دم کرنا بھی مجرب ہے۔

باب۔32

# لقوہ

## لقوہ کے لیے مجرب، حبِ بیش

فالج اور لقوہ کے لیے معمول اور مجرب ہے مسہلات کے بعد تعدیل مزاج کے لیے استعمال کریں۔ عاقر قرحا۔ فلفل گرد۔ دار فلفل ہر ایک 3 ماشہ۔ پپلا مول 6 ماشہ۔ زنجبیل بیش ہر ایک ایک تولہ باریک کر کے قند سیاہ اور روغن زرد کے ہمراہ حسب ضرورت ملا کر مونگ کے برابر گولیاں بنائیں۔ مقدار خوراک ایک گولی نہایت دو گولی۔

## فالج اور لقوہ کے لیے گولیاں:

فالج اور لقوہ و ریاح کے ہر اقسام کو مفید ہے۔ بچھناک ایک تولہ۔ فلفل۔ زنجبیل بسباسہ۔ جوز بوا ہر ایک ایک تولہ باریک کر کے لیموں کے پانی میں کالی مرچ کے برابر گولیاں بنائیں۔ خوراک 2 گولی نہایت 3 گولی۔

## لقوہ کے لیے پُر اثر چٹکلہ

ذیل کے سنیاسی چٹکلے سے لقوہ جیسی خطرناک مرض کو آرام آجاتا ہے۔ اس مرض میں مریض کا منہ ٹیڑھا ہو جاتا ہے۔ یہ مرض فالج کی ایک قسم ہے ریٹھا کا چھلکا پیس کر برابر گڑ ملا کر مٹر کے برابر گولیاں تیار کرلیں۔ غذا کے بعد ایک ایک گولی صبح و شام کھلائیں۔

## لاجواب گولیاں برائے لقوہ

یہ شربت ایک ہفتہ تک پئیں۔ عود صلیب۔ شونیز۔ بادیان۔ تخم کرفس۔ ہر ایک 3 تولہ۔ ملٹھی ایک درم۔ انجیر زرد 10 عدد۔ اسطوخودوس 5 تولہ۔ بادرنجبویہ 2 تولہ۔ سکنجبین عسلی 15 درم ایک سیر پانی میں جوش دیں تا کہ ثلث تک پہنچے پس صاف کر



کے نصف اس کا صبح اور نصف اس کا شام کو پلائیں پھر اس حب سے تنقیہ کریں۔ ریوند خطائی۔ ایارج فیقرا۔ تربد حب النیل۔ ہر ایک 4 مثقال۔ زنجبیل 3 مثقال پانی سے گولیاں بنائیں اور بقدر ایک درم کے آب گرم کے ہمراہ پلائیں اور تنقیہ کئی دفعہ کریں تا کہ تمام دوا کھائی جائے پھر تنقیہ کے بعد غرغرہ اور سعوط کا استعمال کریں غذا شوربا کبوتر کا بچہ گرم مصالحہ سے پکا کر کھلایا کریں۔

سم الفار، جائفل، لونگ، عقرقرحا، جلوتری، شنگرف، میٹھا تیلیہ، خوب اچھی طرح باریک کر کے ایک بوتل ادرک کے پانی میں خوب گھوٹیں پانی آہستہ آہستہ ڈال کر خشک کریں پھر دانہ ماش کے برابر گولیاں بنائیں۔ ایک گولی صبح دودھ کے ساتھ روزانہ کھائیں۔ بہت جلد آرام ہو جائے گا۔

## لقوہ کے نسخے سے آرام

گھیکوار کا گودہ ایک تولہ، نمک پٹھ کنڈا ایک تولہ، سفوف مغز کچلہ مدبر 3 ماشہ شبت بھنی ہوئے ایک تولہ، ربّ شاہترا ایک تولہ، سب کو باریک پیس کر ایک رتی صبح اور ایک رتی شام ایک تولہ شہد میں ملا کر چٹا دیا کریں اور لقوے کی جگہ پر روغن بابونہ کی مالش کر کے اس پر روئی باندھا کریں، سات سے لے کر اکتیس یوم تک آرام ہو جائے گا۔ انشاءاللہ۔

## لقوہ کے لیے نہایت مجرب دوا

لقوہ (منہ ٹیڑھا ہو جانا) جیسی خطرناک مرض کے لیے یہ دوا نہایت مجرب ہے۔

نسخہ: میٹھا تیلیہ مصفا۔ جائفل۔ پیپلی۔ اجوائن۔ کالی مرچ۔ سونٹھ جاوتری۔ ہر دوا کا سفوف تین تین ماشہ۔ پرانا گڑ دو تولہ چار ماشہ۔ دواؤں کو گڑ میں ملا کر خوب کوٹ کر اور ادرک کے رس میں گھوٹ کر چنے کے برابر گولیاں تیار کرلیں۔

مریض کو دو دو گولیاں صبح و شام ماء العسل نصف چھٹانک یا گرم پانی سے کھلاتے رہیں۔ سرد و ریح پیدا کرنے والی دواؤں سے پرہیز ضروری ہے۔ احتیاط بہت فائدہ دے گی۔

## لقوے کا مریض صحت یاب

مرغی کے چوزے عام گھروں میں نکلوائے جاتے ہیں۔ان کی یخنی بھی بہت فائدہ مند ہے۔لقوے کا بیمار اس سے بڑا نفع اٹھاتا ہے لیکن شرط یہ ہے کہ چوزے بڑے نہ ہوں چھوٹے چھوٹے ہوں۔یہی کوئی دو دو تین مہینے کے!ضروری مصالحے کے ساتھ شوربا بنا کر پلاتے رہیے پر گھی نہ ڈالیے۔لقوے کا مریض جلد صحت یاب ہوگا۔

## لقوہ کے لیے یخنی

جنگلی کبوتر پکڑ لیجیے اور ذبح کر کے یخنی بنا لیجیے، بے شک گرم مصالحہ ڈال دیجیے مگر گھی اور لال مرچ ہرگز نہ ڈالیے،لقوہ میں مفید ہے، مریض کو بجائے غذا کے اسی پر قناعت کرائے، جلد ہی شفا پائے گا۔آزما کر دیکھ لیں۔

## لقوہ کے لیے ہینگ خالص

چودہ روز ماء العسل پلانے کے بعد مریض لقوہ کو ایک ایک رتی صبح و شام ہینگ خالص اسی شربت سے کھلانی شروع کریں یہ بیماریاں چونکہ بڑی ہٹیلی ہوتی ہیں اس لیے دیر تک کھلاتے رہیں اور گھبرائیں نہیں۔خدا شفا دے گا۔

———❖❖❖———



باب.33

# فالج

## فالج کا علاج

ابتدا میں چار سے سات روز تک آب و غذا کے بجائے صرف ماء العسل (شہد خالص دو تولہ، عرق گاؤزبان بارہ تولہ میں جوش دے کر) پلائیں۔پانچویں یا آٹھویں دن جنگلی کبوتر کا شوربا بلا روغن پلائیں اور پانچویں یا آٹھویں روز منضج و مسہل دے کر مادہ مرض کا تنقیہ کریں۔بعد تنقیہ ہینگ ایک ماشہ ماء العسل کے ساتھ روزانہ کھانا یا جند بیدستر ایک ماشہ آب شہد کے ہمراہ کچھ عرصہ متواتر کھلانا یا مربہ سُنڈھ (سونٹھ) روزانہ ایک تولہ کی مقدار میں کھانا یا معجون فلاسفہ یا معجون کچلہ شدہ کا استعمال بہت مفید ہے۔جلد فائدہ ہوگا۔

## حبوب برائے فالج

سم الفار سفید ایک تولہ کو عرق ادرک ایک پاؤ میں خوب کھرل کریں پھر جمالگوٹہ مدبر ایک تولہ ملا کر کھرل کریں جب خشک ہو جائے تو سنا مکی مصفا ایک تولہ، پوست ہلیلہ زرد ایک تولہ، زنجبیل، فلفل سیاہ، چوکیا سہاگہ خام، پھٹکوی سفید ہر ایک تولہ تولہ کو خوب باریک کوٹ چھان کر اور سب کو ملا کر خوب اچھی طرح کھرل کریں۔بقدر دانہ نخود گولیاں بنا کر سایہ میں خشک کریں گولی رات کو سوتے وقت دودھ گھی کے ساتھ کھلائیں پیاس لگنے پر دودھ پلائیں۔اللہ جلد شفا دے گا۔

## روغن برائے فالج

رتن جوت اصل السوس ہر ایک 3 تولہ، دار ہلد 3 تولہ، دود تنور 3 تولہ، ڈیڑھ سیر پانی میں پکائیں، جب نصف سیر رہ جائے، تین پاؤ روغن سرشف ملا کر پھر پکائیں، یہاں

تک کہ پانی جل جائے اور تیل رہ جائے۔ کام میں لائیں۔

## خالص شہد سے فالج دور

خالص شہد فالج میں بھی خوب فائدہ بخشتا ہے۔ مریض کو سات سے چودہ روز تک آب وغذا کے بجائے شربت شہد یعنی ماءالعسل پلایا جاتا ہے۔ اس کو بنانے کا طریقہ بالکل آسان ہے۔

ایک پاؤ خالص شہد لے کر آدھ سیر پانی میں گھولیں۔ پھر قلعی دار برتن میں ڈال کر بہت مدہم آگ پر پکائیں اور جھاگ اتارتے رہیں۔ جب ایک پاؤ پانی جل جائے اور ایک پاؤ باقی رہے تو اسے چھان کر سات تولہ سے بارہ تولہ تک دن میں تین چار مرتبہ پلاتے رہیں۔ بہت فوائد ظہور میں آئیں گے۔ انشاءاللہ۔

## چھلے ہوئے تھوم سے فالج کا علاج

چھلے ہوئے تھوم کو بقدر ایک پاؤ لے کر دو سیر شیر میں پکائیں، جب کھویا بن جائے تو آدھ سیر کھانڈ ملا کر دو دو تولہ کے لڈو بنالیں۔ ایک لڈو صبح ایک شام کھایا کریں۔ یہ نسخہ فالج کے لیے مفید ہے۔

## حب کچلہ فالج کے لیے نہایت مفید

فالج کے لیے نہایت مفید ہے اور درد کمر وریاح کے لیے بہت نافع ہے۔ کچلہ 15 عدد پانی میں تر رکھیں اور ہر تیسرے دن، پہلا پانی نکال کر نیا ڈالتے رہیں یہاں تک کہ نرم ہو جائیں چھلکا اتار کر کڑچھی میں ڈال کر جلائیں یہاں تک کہ دھواں ان کا دور ہو جائے سرد کر کے گھس لیں اور برابر ان کے کالی مرچ ملا کر باریک کریں اور کالی مرچ کے برابر گولیاں بنائیں ایک گولی صبح اور ایک گولی شام کو کھائیں۔ بہت ہی مفید نسخہ ہے۔

## فالج کے لیے روغن کے دو اور نسخے

فالج کے لیے اکسیر بے نظیر ہے۔ اس کی بیس روز مالش کرنے سے یہ پہلا مرض



دور ہو جاتا ہے۔ صفت۔ چھلا ہوا تھوم آدھ سیر، کوٹی ہوئی کالی مرچ 5 تولہ، سونٹھ 1 تولہ۔ لال مرچ 1 تولہ، ہینگ چھ ماشہ تمام چیزوں کو پیس کر غدہ سا بنالیں اور رات کو دو سیر گرم پانی میں بھگو چھوڑیں۔ صبح اس میں بکری کا دودھ آدھ سیر۔ تلوں کا تیل تین پاؤ۔ گائے کا گھی ایک پاؤ ڈال کر تانبے کے برتن میں نرم نرم پکائیں اور چمچہ سے ہلاتے رہیں۔ جب تمام اشیاء جل کر سیاہ ہو جائیں اور صرف روغن باقی رہ جائے تو صاف کر کے رکھ لیں۔ ضرورت کے وقت اس کی نیم گرم مالش کرنی چاہیے۔ سردیوں میں دھوپ میں بٹھا کر ملنا مناسب ہے۔ بہت عمدہ نسخہ ہے۔

## فالج کے لیے مجرب روغن زرنیخ:

فالج کے لیے مجرب ہے۔ زرنیخ زرد۔ زرنیخ سرخ ہر ایک ایک تولہ۔ سنکھیا چوتھائی تولہ۔ گندک آدھا تولہ برگ چنبیلی کے پانی میں خوب کھرل کر کے ٹکیہ باندھیں اور سایہ میں خشک کریں اس کے بعد ایک پاؤ روغن کنجد آہنی برتن میں ڈال کر قرص مذکور کے سمیت جوش دیں یہاں تک کہ روغن آدھا رہ جائے نیچے اتار کر صاف کر کے فالج کے مقام پر مالش کریں اور اگر قضیب کی سستی پر استعمال کرنا چاہیں تو مالش کر کے پان کے پتے باندھیں۔ ایک ماہ کے علاج کے بعد عضو تناسل میں ایستادگی پیدا ہو جائے گی۔

———❖❖❖———

باب-34

# کئی امراض میں کام آنے والی سُرخ دوا

نسخہ: مرچ سیاہ، نوشادر، دیسی گیرو ہر دوا الگ پیس کر ہموزن ملا لیں، مقدار خوراک ایک سے دو رتی پانی کے ساتھ کھائیں۔

(1) سر درد، نزلہ، زکام، بے ہوشی میں ایک رتی دوا بطور نسوار سونگھا کریں۔

(2) دانت میں درد ہونے، کیڑا لگ جانے۔ دانت ہلنے پر اس کو مثل منجن استعمال کریں۔

(3) بدہضمی، پیٹ درد، اپھارہ کے لیے دو رتی دوا عرق سونف کے ساتھ کھلائیں۔

(4) دھند، جالا، پھولا، رات کو نظر نہ آنا کے لیے اس دوا میں چار حصے سرمہ ملا کر آنکھوں میں بطور سرمہ لگائیں۔

(5) اسہال پیچش میں گلقند میں کھلائیں۔

(6) بھڑ، مکھی وغیرہ کے کاٹے پر یہ دوا ڈنگ مارنے کی جگہ پر پانی میں ملا کر لیپ کریں۔

◆◆◆



باب-35

# رعشہ

## رعشہ دور کرنے کے لیے کشتہ شنگرف

شنگرف ایک تولہ کو شراب 90 درجہ کی ایک بوتل میں کھرل کریں، لیکن متواتر اس کے بعد تھوم اور بھنگ کے نغدہ میں 20 سیر اُپلوں کی ہوا سے محفوظ جگہ میں آگ دیں سفید رنگ کا کشتہ نکلے گا، خوراک 2 چاول ہمراہ مسکہ، رعشہ کے لیے حسب ضرورت و مناسب بدرقہ۔ انشاء اللہ رعشہ دور ہو جائے گا۔

## رعشہ دور کرنے کے لیے زود اثر دوا

بچوں کی بیماریوں کے لیے ہینگ بہت ہی مفید و زود اثر ہے۔ اگر اسے 2 رتی صبح نہار پیٹ ماء العسل کے ساتھ کھایا جائے تو رعشہ دور ہوتا ہے۔

## رعشہ نہایت شدید درد

زاج ابیض و پھٹکڑی سفید ایک تولہ، مسکہ گاؤ 5 تولہ، بیضہ مرغ 2 عدد، سب کو ایک کوزہ میں بند و گل حکمت کر کے ایک من کی آگ دیں۔ سرد کر کے پیس کر ایک رتی ہمراہ بدرقہ مناسب۔ بنفشہ۔ ملٹھی۔ تخم خطمی۔ بیخ بادیان۔ بیخ کاسنی۔ کاکنج۔ مانج۔ قنطوریون دقیق۔ مازریون سفید ہر ایک 6 ماشہ گاؤزبان۔ اسطخودوس۔ بسفائج فستقی ہر ایک 7 ماشہ۔ مویز منقی 2 تولہ۔ انجیر زرد 5 دانہ۔ سنا مکی 10 تولہ۔ گل سرخ ایک تولہ۔ مغز تخم قرطم 10 تولہ رات کو عرق شاہترہ ایک پاؤ اور عرق گاؤزبان ایک پاؤ اور عرق عنب الثعلب ایک پاؤ میں بھگو رکھیں صبح جوش کر صاف کر کے مغز املتاس 6 ماشہ شکر سرخ چار تولہ روغن گاؤ 6 ماشہ ملا کر دیں۔ اس علاج سے شدید درد میں رعشہ دور ہو جائے گا۔

باب۔36

# آواز بیٹھ جانا

## جو کے پانی سے آواز درست

جو 12 گرام جو کو بھون لیں اور دن میں دو تین بار چبائیں۔

## یخنی آواز بہتر کرنے میں لاجواب

سردی کے باعث یا برف کا بہت ٹھنڈا پانی پینے کے سبب سے آواز خراب ہو جائے تو مرغی کا نیم گرم شوربا پئیں لیکن اس میں لال مرچ نہ ڈالیں صرف نمک اور کالی مرچ شامل کریں اور گھی اول تو ڈالیں ہی نہ ڈالنا ہو تو بہت تھوڑا۔ یخنی سب سے بہتر چیز ہے اسے استعمال میں لائیں اس سے بڑا فائدہ ہوتا ہے۔

## کباب چینی کا باریک سفوف

کباب چینی ایک گرام، شہد 6 گرام کباب چینی کا باریک سفوف بنا کر شہد میں ملا لیں۔ چٹنی کی طرح دن میں کئی بار استعمال کریں۔ آواز بہتر ہو جائے گی۔

## خولنجاں چبانے اور چوسنے سے آواز صاف

خولنجاں ایک گرام دن میں دو تین بار چبائیں اور چوسیں۔ آواز صاف ہو جائے گی۔

## شربت توت سیاہ

1۔ حب بحۃ الصوت ایک گولی دن میں تین چار بار لیں۔
2۔ شربت توت سیاہ 25 ملی لیٹر دن میں دو بار لیں۔



## ست اجوائن سے آواز صاف

ست اجوائن 15 ملی گرام (ایک چاول) پان میں رکھ کر چبائیں اور چوسیں۔

## آواز کھولنے کے لیے کھانے کا نمک

آواز بند ہونے کے لیے۔ کھانے کا نمک لے کر آگ میں رکھیں جب سرخ ہو جائے تو صاف پانی میں بجھائیں اس طرح تین مرتبہ کریں پھر یہ پانی مریض کو گھونٹ گھونٹ پلائیں آواز کھل جائے گی۔ آزمودہ علاج ہے۔

———❖❖❖———

**باب۔37**

# اپنڈے سائیٹس (Appendicitis)

## اپنڈے سائیٹس کا علاج

تین بڑی آنتوں میں سے پہلی آنت جس کا نام اعور یا کانی آنت ہے، کیونکہ آنکھ کی طرح ایک سوراخ ہوتا ہے، اس آنت کے پچھلے حصہ سے ایک لمبا اُبھار یا زائدہ نکلا رہتا ہے، جس کی لمبائی تین انچ سے چھ انچ تک ہوتی ہے، اس کو دودیہ کہتے ہیں، زائد دودیہ میں اگر ورم ہو جائے تو اس کو اپنڈے سائیٹس کے نام سے پکارتے ہیں۔ اس کا علاج قبض کو دور کرنے کے ساتھ تحلیل ورم ہے۔ چنانچہ آب مکو سبز مروق، آب کاسنی سبز مروق میں مغز املتاس حل کر کے نیم گرم پلانا نہایت مفید ہے۔ سوئے کے سبز پتوں کا پانی نکال کر آگ پر چڑھا کر پھاڑ دیں اور چھان کر آٹھ تولہ پانی میں شربت دینار چار تولہ ملا کر صبح اور شام پلائیں یا حب تنکار دو عدد ہر تیسرے روز رات کو سوتے وقت کھلائیں، ماش کا آٹا پاؤ بھر بکری کے دودھ میں گوندھ کر کھانے کا نمک، سونٹھ، بچ سویہ، ہینگ ہر ایک ایک ماشہ باریک پیس کر ملائیں۔ ٹکیہ کو ایک طرف سے پکائیں اور دوسری طرف سے خام رکھیں، خام (کچی) طرف کو کیسٹر آئیل سے چپڑ کر ذرا نیم گرم باندھیں، غذا دودھ اور یخنی کے سوا کچھ نہ دیں، دو چار دنوں میں آرام آجائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ العزیز آزمودہ نسخہ ہے۔

### حب کبد نوشادری:

غذا کو ہضم کرتی ہے، قبض کو دور کرتی ہے اور گرانی شکم کو کھو دیتی ہے، جگر سخت ہو جائے یا بڑھ جائے یا زیادتی بلغم سے عروق و مجاری میں سدے پڑ جائیں تو بہت مفید ہے؛ نوشادر، نمک طعام، نمک سیاہ، سہاگہ بریاں، نمک لاہوری، ہڑ کچور، چھلکا ہڑ کابلی، ہڑ زیا



ادرک، مرچ سیاہ، سونٹھ ہر ایک برابر وزن کوٹ چھان کر عرق گلاب میں ملا کر گولیاں بقدر نخود بنائیں۔
خوراک دو سے چار گولی تک بعد طعام ہمراہ عرق سونف یا پانی کھلائیں۔ اللہ شفا دے گا۔

حب تنکار:
بھوک لگاتی ہے، دائمی قبض رفع کرتی ہے اور پیٹ کو بڑھنے سے روکتی ہے، سہاگہ ... ماشہ، اجوائن خراسانی پونے نو ماشہ، مرچ سیاہ ساڑھے تین تولہ، مصبر شدہ چار تولہ، ... ماشہ شیرہ گھیکوار میں چنے کے برابر گولیاں بنائیں، خوراک ایک سے تین گولی تک سوتے وقت یا کھانے کے بعد دونوں وقت پانی کے ساتھ کھلائیں۔ یہ دوا قبض کو دور کر کے ورم کو تحلیل کر دیتی ہے۔

———❖❖❖———

## باب۔38

# بدہضمی

## بدہضمی کا علاج

**سفوف ہاضمہ:**

سوڈا بائیکارب پانچ تولہ، ریوند خطائی اڑھائی تولہ، سونٹھ اڑھائی تولہ، فلفل دراز اڑھائی تولہ، نمک سیاہ اڑھائی تولہ، نوشادر پھلی اڑھائی تولہ، پودینہ خشک اڑھائی تولہ، اجوائن اڑھائی تولہ، سب کو سفوف بنالیں، خوراک ایک سے دو ماشہ تک ہمراہ تازہ پانی دیں۔ ہاضمہ درست ہو جائے گا۔

**ہسٹیریا کے لیے مفید نسخہ:**

ہینگ خالص ایک تولہ، نوشادر پھلی ایک تولہ، نمک خوردنی ایک تولہ، صاف گرم پانی (ابلتا ہوا) چھ اونس، پہلے بوتل میں ہینگ، نوشادر اور نمک پیس کر ڈال دیں، اوپر سے پانی ڈالیں، خوراک ایک ایک چمچہ دن میں تین بار، بدہضمی، اپھارہ، درد معدہ اور ہسٹیریا کے لیے مفید ہے۔

## ہاضمہ کی کمزوری کے لیے اکسیر ہاضم

ہاضمہ کی خرابی کو دور کر کے بھوک کو تیز کرتا ہے۔ جو کھائیں ہضم کرتا ہے۔ تیز شدید درد ہو فوراً دور کرتا ہے۔

ہینگ ایک تولہ، زیرہ سفید، نوشادر، نمک سیاہ، مرچ سیاہ ہر ایک 4 تولہ، تیزاب گندھک ایک تولہ، جملہ ادویہ کھرل کر کے یکجان کریں اور بقدر $\frac{1}{2}$ ماشہ دن میں دو تین بار



دیں۔ درد سے بے حال مریض کے لیے لاجواب نسخہ ہے۔

## بدہضمی کے لیے نادر سفوف

سونٹھ، زیرہ سیاہ، کالی مرچ، چھوٹی الائچی، ہینگ، اجوائن، کالا نمک، کھانے کا نمک اور لیموں کا رس۔

سب چیزیں برابر وزن لے کر سب سے پہلے زیرہ کو نرم آگ پر، ہینگ کو گھی کے ساتھ ملا کر آگ پر بھون لیں۔ پھر سب چیزوں کا چورن (سفوف) بنا کر لیموں کے رس سے گیلا کر کے خشک کر کے شیشی میں رکھیں۔

مقدار خوراک ڈیڑھ گرام سے 3 گرام ہمراہ نیم گرم پانی دن میں 2 سے 3 بار دیں۔ دست، بدہضمی، سنگرہنی، پیچش میں چھاچھ سے دیں۔ بدہضمی سے افاقہ ہوگا۔

## ہاضمو مکسچر

عرق لیموں 100 گرام، نمک سیندھا 40 گرام، نوشادر ٹھیکری 4 گرام، نمک لاہوری 10 گرام، نمک سیاہ 20 گرام، پیپل 50 گرام۔

تمام ادویات ایک شیشی میں ڈال کر دھوپ میں رکھیں کہ خشک ہو جائے۔ پانچ یوم کے بعد جب سرخی پر آجائے، تو نکال کر سایہ میں سکھا کر ایک پیپل کھانا کھانے کے بعد دیں۔ کھانا ہضم کرے گا اور بھوک لگائے گا۔

**نوٹ:** مسلسل استعمال منع ہے۔ احتیاط ضروری ہے اور بلڈ پریشر والے کو منع ہے۔

## نمک سلیمانی سے بدہضمی دور

مقدار خوراک چار رتی سے ایک ماشہ استعمال کرائیں یا ہینگ خالص ایک تولہ نوشادر پھلی ایک تولہ نمک خوردنی ایک تولہ صاف گرم پانی چھ اونس پہلے بوتل میں ہینگ نوشادر نمک پیس کر ڈالیں۔ اوپر سے گرم ابلتا ہوا پانی ڈالیں خوراک ایک ایک چمچہ دن میں تین بار۔ بدہضمی، درد معدہ اور عورتوں کے ہسٹیریا کے لیے مفید ہے۔ نمک سلیمانی اس مرض کا

کامیاب علاج ہے۔

## بدہضمی کا زود اثر سفوف

سوڈا بائی کارب 3 تولہ، پودینہ 2 تولہ، اجوائن دیسی ایک تولہ، نمک سیاہ 3 ماشہ

اجوائن خراسانی ایک تولہ۔

ان تمام ادویہ کو آپس میں ملالیں اور باریک سفوف بنالیں۔

یہ سفوف ہاضم ہے۔ بدہضمی میں نہایت مفید و مجرب ہے۔

شدید حالتوں میں تین پڑیاں ایک ایک گھنٹہ کے بعد دیں۔ ایک پڑیہ میں 3 ماشہ خوراک ہو۔ کھانا کھانے کے بعد بھی دے سکتے ہیں۔ یہ دوا ہمراہ آب تازہ استعمال میں لائیں۔ زود اثر سفوف ہے اور بے فائدہ مند ہے۔

—❖❖❖—



باب.39

# خناق (Diphtheria)

## خناق کے لیے غرغرہ کشنیز کا نسخہ

غرغرہ کشنیز خناق کے لیے مجرب ہے۔ کشنیز خشک ایک تولہ۔ کانچ مانچ ایک تولہ۔ ملٹھی مقشر ایک تولہ۔ گوکنار 2 عدد۔ حب آلاس ایک تولہ۔ برگ شہتوت 5 تولہ۔ بیخ کنار زنخ 5 تولہ دو سیر پانی میں جوشا کر اس پر پھٹکوی چھڑک کر آٹھ بار دن میں غرغرہ کریں اور یہ ضماد تحلیل ورم خناق کے لیے مجرب ہے۔ بابونہ۔ تخم کتان۔ حلبہ ہر ایک تین تولہ آرد جو 2 تولہ باریک کر کے بکری کے دودھ سے ملا کر نیم گرم لیپ کریں۔ آزمودہ ہے۔

—❖❖❖—

## باب۔40

# طاعون (PLague)

## طاعون کا علاج

وبا کے دوران میں پپیتا بطور حفظ ماتقدم گھس کر پلائیں۔ بیرونی طور پر املتاس ایک تولہ جدوار خطائی۔ کالی زیری ہر ایک چھ ماشہ مکو سبز کے پتے پانی میں پیس کر گلٹی پر لیپ کریں۔

## طاعون کے بخار کا علاج

وبا کے دنوں میں پپیتا ولایتی چار رتی پانی میں گھس کر صبح کو پی لیا کریں۔ گلٹیوں کو تحلیل کرنے کے لیے مغز املتاس ایک تولہ، جدوار چھ ماشہ، کالی زیری چھ ماشہ، ہری کو بقدر حاجت پانی میں پیس کر نیم گرم ضماد کریں، اگر گلٹی تحلیل نہ ہو تو پلٹس باندھیں۔

### ننکچر جل دھنیا:

جل دھنیا ایک حصہ، ریکٹی فائیڈ سپرٹ دس حصہ، دونوں کو ملا کر ایک شیشی میں ڈال دیں اور مضبوطی سے بند کر دیں۔ تین روز کے بعد فلٹر کر کے چھان لیں۔ طاعون کے بخار میں اس ننکچر کی پانچ سے دس بوندیں ایک اونس پانی میں ملا کر گھنٹہ گھنٹہ کے وقفے دینے سے طاعون کا بخار اُتر جاتا ہے۔ آزمودہ علاج ہے۔

## سفوف احمر برائے طاعون

صندل سرخ 5 تولہ، زہر مہرہ 2 تولہ، گیرو 2 تولہ، کافور 4 ماشہ، باریک کر کے شیشی میں رکھیں۔ خوراک ایک رتی سے 2 رتی تک دن میں تین بار سفوف سے شکایت جاتی رہے گی۔ مرض سے نجات مل جائے گی۔



## حب طاعون

... نجح عقربی 5 تولہ، مغز کرنجوہ 5 تولہ، نوشادر چھ ماشہ ... نہایت مفید ہے۔ صفتہ، دردنج عقربی ... ب کو باریک پیس کر گلاب خالص یا پانی میں چنے برابر گولیاں بنالیں ان میں سے تندرست ... دوران العمر کو بطور حفظ ماتقدم ایک گولی صبح اور ایک گولی دوپہر اور ایک گولی شام کھلوائیں اور مریض طاعون کو دو گولیاں ہر ایک گھنٹہ کے بعد کھلا دیں۔ اللہ بہتری کرے گا۔

## طاعون کے مریض کے لیے گھی

طاعون کے مریض کو گھی پلانا شروع کر دیجئے اور اسی کو گرم کر کے گلٹی پر لگاتے رہیں خدا تعالیٰ کے حکم سے نجات ہو جائے گی۔ ہاں ان اغراض کے لیے گھی گائے کا ہونا چاہیے۔

**نوٹ:** بھینس وغیرہ کا گھی اتنا موثر نہیں ہوتا۔

**ضروری نوٹ:** ایام وباء میں لہسن کی ایک دو پوتھیاں کھا لی جائیں تو باذن اللہ اس سے حفاظت رہتی ہے۔

## سفوف برائے طاعون

پپیتا 6 ماشہ، بتاشیہ 8 ماشہ، الائچی سفید 2 تولہ، جدوار 2 تولہ، زہر مہرہ خطائی ایک تولہ، زعفران 6 ماشہ، مشک کافور ایک تولہ، کمیلہ ایک تولہ، دردنج عقربی 6 ماشہ، خوراک 2 رتی ہمراہ عرق گاؤزبان، بید مشک، کیوڑہ و عرق نیلوفر۔ سونف بہت پُر اثر ہے۔

———⁂———

## باب۔41

# خسرہ (Measles)

### خسرہ کا علاج

پانچ سال کے بچے کو یہ نسخہ دیں...... عناب تین دانے، مویز منقیٰ 3 دانے، ملٹھی چھلی ہوئی دو ماشہ، لسوڑیاں دو ماشہ، خوب کلاں دو ماشہ، انجیر ایک عدد۔ ایک پاؤ پانی میں جوش دے کر جب نصف رہ جائے تو شربت عناب ایک تولہ یا مصری شامل کر کے پلائیں۔ بڑے آدمی کو اس نسخہ کی دگنی مقدار دیں۔ اس نسخہ میں گاؤزبان کا اضافہ بھی کیا جا سکتا ہے، کمزوری دل کی حالت میں خمیرہ مروارید تین ماشہ چٹائیں۔ اگر دانے اچانک نکلنے بند ہو جائیں تو گرم پانی سے نہلائیں، یا ورق سونا ایک عدد، کیسر اصلی آدھی رتی، کستوری اصلی آدھی رتی، مروارید اصلی دو رتی، عرق گاؤزبان سات تولہ، عرق کیوڑہ تین تولہ میں گھول کر چمچہ چمچہ بھر ہر آدھا گھنٹہ بعد پلائیں۔ اس مرض میں اگر دست آنے لگیں تو بہی دانہ، اسبغول ہر ایک تین ماشہ کا لعاب لے کر شربت صندل ایک تولہ یا شربت عناب ایک تولہ ملا کر صبح و شام پلائیں۔ آرام ہونے کے بعد مریض کو کسی قسم کی بد پرہیزی نہ کرنے دیں۔ دانوں کو باہر نکالنے کے لیے انجیر بہت عمدہ دوا ہے۔ استعمال کرنا بہت فائدہ مند ہے۔

اگر دانے سیاہ برآمد ہوں تو مریض کو عناب دو دانہ، مویز منقیٰ تین دانہ کا جوشاندہ، خاکسی ایک ماشہ چھڑک کر پلائیں۔ بہت افاقہ ہوگا۔

عناب 5 دانہ، مویز منقیٰ 5 عدد، خاکسی دو ماشہ، چینی دو تولہ، پانی میں جوش دے کر چھان کر پلائیں، اگر کمزوری ہو تو خمیرہ مروارید دو ماشہ کھلائیں اگر دست آنے لگیں تو زہر مہرہ ایک ماشہ سچے موتی اصلی 5 عدد کہربا شمعی ایک ماشہ تخم بارتنگ ایک ماشہ کا سفوف کھلا کر اوپر سے شیرہ حب آلاس، شیرہ جڑ انجبار دو ماشہ، شربت حب آلاس دو تولہ ملا کر پلائیں پیاس کی شدت کے لیے گرمیوں میں تازہ پانی اور سردی میں عرق گاؤزبان دوکو پلائیں۔ پُر اثر علاج ہے۔



## باب۔42

# موٹاپا (Obesity)

### موٹاپا کا مؤثر علاج

1- ہڑ سیاہ گھوٹ کر چار ماشہ کی مقدار میں استعمال کرنا بھی موٹاپے کو کم کرتا ہے۔

2- جب کبد نوشادری جس کا نسخہ حسب ذیل ہے، موٹاپا دور کرنے کے لیے نہایت مفید ہے..... نوشادر، نمک طعام، نمک سیاہ، سہاگہ بریاں، نمک لاہوری، نرکچور، چھلکا ہڑ کابلی، ہڑ سیاہ، بادیرنگ، مرچ سیاہ، سونٹھ ہر ایک برابر وزن کوٹ چھان کر عرق گلاب میں ملا کر بقدر نخود گولیاں بنائیں۔ موٹاپا بتدریج کم ہوتا جائے گا۔ دو سے چار گولی کھانا کھانے کے بعد عرق سونف یا پانی سے استعمال کرائیں۔

### موٹاپا دور کرنے کی دوا

تندرست بکری کا غدہ درقیہ لے کر اس کو چھری سے صاف کریں۔ پھر باریک کاٹ کر ہلکی آنچ پر خشک کریں، لیکن جلنے نہ پائے۔ اس کو تین گھنٹے شہد خالص میں ملا کر رکھیں، روزانہ ایک ماشہ کی مقدار میں دیں، نمی سے محفوظ رکھیں، یہ دوا موٹاپا دور کرنے کے لیے مفید ہے۔

زود ہضم و مقوی غذا دیں اور مریض کو آرام سے لٹائیں۔

### لیموں کے رس سے موٹاپا کا علاج

0 لاکھ صاف کیا ہوا ایک گرام پانی کے ساتھ صبح لیں۔

0 لیموں کا رس 5 ملی لیٹر لیموں کا رس 120 ملی لیٹر پانی میں ملا کر صبح خالی پیٹ لیں۔

**موٹاپا دور کرنے کے لیے آزمودہ دوائیں:**

1۔ جوارش کمونی کبیر 6 گرام دن میں دو بار بعد غذا لیں۔

2۔ معجون مہزل 6 گرام سوتے وقت لیں۔

3۔ معجون مقل 6 گرام سوتے وقت لیں۔

4۔ جوارش قرطم 6 گرام سوتے وقت لیں۔

مٹھائیوں اور چکنی چیزوں سے پرہیز کریں۔ ہلکی ورزش کریں۔ سیر کو جائیں۔ موٹاپا بہت جلد دور ہو جائے گا۔ آزمودہ اور زود اثر دوائیں ہیں۔

❖❖❖



باب۔43

# کئی امراض کو دور کرنے والی دوا

پھٹکری سفید دس تولہ، گودنتی ہڑتال دس تولہ، ہر دوا کو پیس کر آک کے دودھ میں تر کر کے سایہ میں خشک کر لیں۔ خشک ہو جانے پر دھتورہ کے پتوں کا رس ڈال کر گیلا کر کے سایہ میں خشک کر لیں۔ اب اس کو مٹی کے پیالہ میں ڈال کر اس کے اوپر دوسرا پیالہ الٹا رکھ کر جوڑوں کو گیلی مٹی سے اچھی طرح بند کر لیں۔ مٹی خشک ہو جانے پر ہوا سے محفوظ گڑھے میں 20 سیر اپلوں کے درمیان پیالہ رکھ کر آگ لگا دیں۔ جب آگ جل کر راکھ ہو جائے پیالے بالکل ٹھنڈے ہو جائیں تو پیالوں کو کھول کر سفید رنگ کی دوا کو نکال کر پیس کر کپڑے سے چھان لیں۔ اس میں معمولی مقدار میں گیرو مٹی ملا کر رگڑیں تاکہ ہلکے لال رنگ کی دوا بن جائے۔ اس کی مقدار خوراک ایک سے تین رتی فی خوراک ہے۔ بچوں کو عمر کے لحاظ سے مناسب مقدار میں دی جائے۔

**فوائد:**

1۔ نیا پرانا بخار یا ملیریا میں دن میں تین بار دو دو رتی عرق گلاب، عرق گاؤزبان، شربت بنفشہ یا دودھ سے دیں۔ نیا پرانا بخار بہت جلد دور ہو جائے گا۔

2۔ بواسیر خونی و بادی تین رتی دوا صبح شام دہی کی ملائی سے کھلائیں۔ بواسیر کا خاتمہ ہوگا۔

3۔ جریان احتلام۔ تین رتی دوا رات کو مکھن یا ملائی میں کھالیا کریں۔

اگر اس میں ثعلب مصری پیس کر ملا لیں تو بہت زیادہ فائدہ کرتی ہے۔ جریان سے خاطر خواہ فائدہ حاصل ہوگا۔

4۔ سیلان الرحم۔ لیکوریا کے واسطے بھی اسی طرح کھلائیں۔ یہ دوا طلسمی تیر ہے۔

5۔ امساک۔ چار رتی چار بوند برگد کے دودھ میں ملا کر تیسرے پہر یا ملائی سے کھائیں۔

6۔ دمہ و کھانسی تر شہد سے چٹائیں۔ کھانسی خشک ہو تو مکھن یا لعاب بیدانہ سے دیں۔ درد سے چھٹکارا حاصل ہوگا۔

7۔ بچوں کا بخار و کھانسی۔ دو چاول سے ایک رتی شہد میں ملا کر چٹائیں۔ بچوں کا بخار دور ہوگا۔

8۔ کالی کھانسی۔ الائچی و مصری کے سفوف میں ملا کر دیں۔ کالی کھانسی کا خاتمہ ہوگا۔

9۔ درد گردہ۔ شربت بزوری میں ملا کر دیں یا مغز کھیرا مغز خربوزہ کی سردائی کے ساتھ دیں۔ درد گردہ سے نجات مل جائے گی۔

10۔ گٹھیا و بادی بلغمی امراض۔ ترپھلہ کے پانی میں شہد ملا کر۔ ہر قسم کے بلغمی امراض سے آرام ملے گا۔

11۔ خونی اسہال و پیچش۔ آب انار یا انار دانہ کے پانی کے ساتھ کھلائیں۔ پیچش سے یقینی فائدہ ہوگا۔

12۔ یرقان و بھس۔ چھاچھ سے کھلائیں۔ یرقان کو آرام ہو جاتا ہے۔

13۔ نکسیر۔ مکھن یا دہی کی ملائی کے ساتھ دیں۔ تھوڑی سی دوا بطور نسوار سنگھائیں۔ نکسیر آنا بند ہو جائے گی۔

14۔ پیشاب، پاخانہ، ناک سے خون آنے میں شربت انجبار کے ساتھ۔

15۔ کثرت حیض۔ چاول کے دھوون سے دیں۔ کثرت حیض میں بہت فائدہ ہے۔

غرضیکہ سینکڑوں امراض کو فائدہ پہنچاتی ہے۔

❖❖❖



باب۔44

# منہ اور زبان کی بیماریاں

## منہ کی بدبو

دانتوں میں درد اور مسوڑھوں میں ورم ہوتا ہے۔ پیپ نکلتی ہے۔ منہ سے بدبو آتی ہے۔ یہ نسخہ آزمائیں، بہت فائدہ ہوگا۔

### لاجواب نسخہ:

نیلا توتیا بریاں 2 گرام، پھٹکری بریان 2 گرام، نمک 2 گرام، سرکہ 25 ملی لیٹر سب دواؤں کو ملا کر 250 ملی لیٹر پانی میں ملا لیں۔ دن میں دو بار کلی کریں۔ دانتوں کے درد کے لیے بے حد مفید ہے۔

### ہلدی کے سفوف سے منہ کی بدبو ختم:

ہلدی کو جلا کر سفوف بنا لیں۔ مسوڑوں پر دن میں دو بار آہستہ آہستہ ملیں۔

### سنون تمباکو کا مجرب نسخہ:

سنون زرد چوب منجن کی طرح استعمال کریں۔ سنون تمباکو منجن کی طرح استعمال کریں۔ بہت مجرب ہے۔ مسوڑوں میں ورم ختم ہو جائے گا۔

### درد سے افاقہ کے لیے چند مرکبات سے علاج:

باچھڑ بقدر ضرورت باریک سفوف بنا کر دو گرام پانی کے ساتھ دن میں دو بار لیں۔

1۔ جوارش بسباسہ 6 گرام دن میں دو بار بعد غذا لیں۔

2۔ جوارش جالینوس 6 گرام دن میں دو بار بعد غذا لیں۔

3۔ سفوف کشنیز 3 گرام دن میں دو بار بعد غذا لیں۔ درد سے مکمل طور پر افاقہ ہوگا۔

## منہ کی بدبو دور کرنے کا چٹکلہ:

عرق لیموں 25 ملی لیٹر عرق لیموں 120 ملی لیٹر پانی میں ملا لیں۔ 5 گرام ابلے پانی کے ساتھ دن میں دو بار لیں۔

## دانتوں کا درد دور کرنے کا سفوف:

سونف 10 گرام، زرکچور 10 گرام، بڑی الائچی 10 گرام، زیرہ سفید 10 گرام، بالچھڑ 15 گرام، شکر 50 گرام دواؤں کا باریک سفوف بنا کر شکر ملا لیں۔ 5 گرام پانی کے ساتھ دن میں دو بار لیں۔ دانتوں کا درد ختم ہوگا اور وہ چمکیلے ہو جائیں گے۔

## مازو سبز سے تیار منجن:

کتھ سوا تولہ۔ پھٹکری بریاں چھ ماشہ۔ نیلا طوطیا بریاں تین ماشہ۔ مازو سبز چھ ماشہ۔ باریک پیس کر رکھ لیں۔ صبح و شام دانتوں پر مثل منجن استعمال کریں۔ یہ بہترین منجن دانتوں کو سفید اور چمکدار بناتا ہے۔

## داڑھ کے درد سے آرام کا ٹوٹکہ:

سوڈا بائی کارب 2 ڈرام۔ پوٹاشیم کلوراس دو ڈرام۔ سوڈیم کلورائیڈ۔ میگنیشیم کارب ایک ڈرام۔ مینتھول آٹھ گرین۔ سب ادویہ کو باریک کر کے ملا لیں اور کسی بند شیشی میں حفاظت سے رکھیں تیار ہے۔ صبح شام دن میں دو مرتبہ استعمال کیا کریں۔ بفضلہ چند روز میں مکمل آرام ہوگا اور تمام عمر دانت مضبوط رہتے ہیں۔

## منہ کی خراب رطوبت دور کرنے کا منجن

منہ کی خراب رطوبت وغیرہ کے لیے یہ منجن بھی بہت مفید ہے اور اس کے اجزاء عام طور پر گھر سے ہی مل سکتے ہیں۔ ہلدی، پھٹکری، کالی مرچ ہر ایک 4 ماشہ نمک دیسی دو ماشہ سب کو باریک کر کے دانتوں پر ملیں اور لعاب نیچے گراتے رہیں۔ فوراً تسکین ملے گی۔



## منہ کے زخم

☆ لال دوا (پوٹاشیم پرمینگنیٹ) ایک گلاس پانی میں آدھا گرام ڈال کر کلیاں کریں۔ منہ کے زخم ٹھیک ہو جائیں گے اور درد سے بھی مکمل افاقہ ہوگا۔

☆ گرمی کی وجہ سے منہ میں زخم یا آبلے ہو جائیں تو یوں کریں کہ جو کا آٹا لے کر بکری یا گائے کے دودھ گھول لیں اور اس کو ساعت بساعت منہ میں رکھتے رہیں۔ اس کا استعمال بہت مفید ہے۔

## منہ آنا کے پُر اثر نسخے

**پہلا نسخہ:** برگ گاؤزبان، الائچی کے دانے ہموزن برگ گاؤزبان کو جلا کر چھوٹی یا بڑی الائچی کے دانوں کے ساتھ زبان پر چھڑکیں۔

**دوسرا نسخہ:**

1۔ جوارش آملہ 6 گرام دن میں دو بار بعد غذا لیں۔

2۔ سفوف کشنیز 3 گرام دن میں دو بار بعد غذا لیں۔

3۔ سفوف طباشیر 3 گرام دن میں دو بار بعد غذا لیں۔

4۔ خمیرہ گاؤزبان سادہ 6 گرام صبح لیں۔

5۔ ذرور قلاع زبان پر چھڑکیں۔ چند روز کے استعمال سے منہ ٹھیک ہو جائے گا۔

**تیسرا نسخہ:**

ارنڈ یعنی ہرنولی کے پتے حسب ضرورت لے کر سایہ میں خشک کر رکھیں اور وقت ضرورت دو تولے پتے لے کر سیر بھر پانی میں جوش دیں اور پاؤ بھر پانی باقی رہنے پر چھان کر غرارے کرائیں اس سے جلد آرام ہوگا۔ آزما کر دیکھ لیں۔

## منہ کے پکنے کی دوا

پھٹکڑی کو توے پر کھیل کر کے دس گنا شہد میں ملالیں اور منہ میں طلا کرتے رہیں یہ دوا منہ کے پکنے، جلنے اور گلنے سڑنے میں نہایت مفید و مجرب ہے۔

### منہ پکنے کا گھریلو نسخہ:

منہ پکنے کا گھریلو نسخہ یہ ہے کہ بکائن جسے ڈیک اور دھریک بھی کہتے ہیں اور جس کے درخت عام طور پر ہر جگہ ملتے ہیں۔ اس کی ٹہنیاں لے کر جلائیں کہ خاکستری بن جائے۔ اس کو باریک کر کے منہ میں چھڑکیں۔ خدا چاہے تو زخم اور آبلے ٹھیک ہو جائیں گے۔ انشاء اللہ۔

## منہ کی سوجن کا علاج

پھٹکڑی دو رتی، سہاگہ دو رتی ایک چھٹانک نیم گرم پانی میں گھول کر بنا کر کلیاں کرائیں اور سہاگہ بریاں چار رتی شہد میں ملا کر روئی کی پھریری سے منہ میں لگائیں۔

## منہ سے پانی بہنا

منہ سے پانی بہتا ہو تو کالی مرچ کو پانی میں پکائیں پھر اس پانی سے کلیاں کرتے رہیں۔ استعمال کرنا بہت ہی مفید ہے۔

### منہ سے رطوبت بہنے کا نسخہ:

الائچی کے جوشاندے سے کلیاں کرنا بھی منہ سے رطوبت بہنے کو مفید ہے۔ الائچی بڑی ہو یا چھوٹی اس کی کوئی قید نہیں۔ جس قسم کی گھر میں موجود ہو۔ اسے پانی میں ابال لیجئے اور کلیاں کرتے رہیے۔ منہ سے پانی بہنا بند ہو جائے گا۔

## منہ کے پرانے زخم کا علاج

منہ کے پرانے زخموں کا یہ علاج بہت کارگر ہے کہ تھوڑی سی مصری یا چینی منہ میں ڈال کر آہستہ آہستہ چوستے رہیں۔ اس سے زخم جلدی مندمل ہو جاتے ہیں اور کلی طور پر صحت



ہو جاتی ہے۔

## منہ کے چھالوں سے فائدہ

خشک دھنیا 6 ماشے مسور سالم 2 تولہ کو پانی میں پکا کر اس سے بار بار کلیاں اور غرارے کرائیں۔ منہ کے چھالوں کو بے حد فائدہ پہنچے گا۔

## منہ میں چھالے

منہ میں چھالے یا پک جانا یا بھور کا نکل آنا کے لیے از حد زود اثر ہے۔ پھٹکڑی سفید تولہ، کافور ایک ماشہ۔ پھٹکڑی سفید اور کافور دونوں کو ملا کر اس کی چار پڑیاں بنا دیں یعنی دوائی کا گھونٹ منہ میں لے کر اچھی طرح منہ میں گھمائیں۔ اگر شیر خوار بچہ کا منہ پک جائے تو اس کے لیے پھریری بنا کر اور دوائی میں ڈبو کر منہ میں لگائیں یعنی بڑے یا چھوٹے دن میں چار مرتبہ استعمال میں لائیں، انشاء اللہ پہلے دن ہی افاقہ ہوگا، اس کے مدمقابل گلیسرین کا کوئی مقام نہیں۔

### منہ اور زبان کے چھالوں کے لیے بہترین دوا:

ایک حصہ سہاگہ 20 حصہ پانی کے محلول سے غرارے کرنے سے منہ و زبان کے چھالوں اور ورم کو آرام آ جاتا ہے۔

ایک حصہ سہاگہ کو آٹھ گنا شہد میں ملا کر منہ زبان کے چھالوں اور زخموں کے لیے بہترین مجرب دوا ہے۔ روئی کی پھریری سے یہ دوا لگا دیں۔

### کیکر کے پیلے پھولوں سے علاج:

کیکر کے پیلے پھول سائے میں سکھا کر اس کا سفوف بنا کر شہد کے ساتھ بقدر چنے کے گولیاں بنالیں ایک گولی منہ میں رکھ کر زبان پھراتے جائیں اور تھوکتے جائیں اگر دوا کا رس حلق میں چلا جائے تو بھی کوئی نقصان نہ ہوگا۔ دو تین دن کے استعمال سے یہ روگ ہٹ جائے گا۔

## منہ کی باچھیں پھٹنا

بعض عورتوں مردوں اور بچوں کی باچھیں پھٹ جاتی ہیں یا گل جاتی ہیں یہ صرف ایک نفرت انگیز بیماری ہے بلکہ چھوت دار مرض بھی ہے۔ اس کا آسان علاج یہ ہے کہ آنکھوں کا سرمہ جو ہر گھر میں تھوڑا بہت ضرور ہوتا ہے ذرا سا کاغذ پر ڈال کر انگلی سے باچھوں پر لگاتے رہیں یہ گندگی جلد رفع ہو جائے گی۔ اکسیری علاج ہے۔

## پرانی ٹھیکریوں سے شقاق دور

کنوئیں یا پانی پر پرانی ٹھیکریاں عام مل جاتی ہیں۔ ان کو ٹھنڈے پانی میں گھس کر باچھوں یعنی لبوں کے کونوں پر لگایا جائے تو ان کا شقاق جلد مٹ جاتا ہے۔

## منہ سے خون

منہ سے خون آتا ہو تو خشک دھنیا لے کر توے پر بھون لیں اور باریک پیس کر سات تولہ صبح اسی قدر شام کو ٹھنڈے پانی سے پھانکیں۔ دوسرے ہی روز خون تھوکنا بند ہو جائے گا۔

## چولہے کی اکسیری مٹی:

چولہے کی مٹی جو سرخ رنگ کی ہوتی ہے۔ کوٹ پیس کر بقدر دو ماشہ سرد پانی سے کھانا نفث الدم میں اکسیر ہے۔ اکثر دیکھا گیا ہے کہ پہلی ہی خوراک میں خون بند ہو جاتا ہے۔

## تنور کی مٹی کا نسخہ:

تنور کی مٹی بھی خون تھوکنے میں عجیب الاثر ہے۔ اسے کوٹ کر نہیں پھانکنے۔ پانی میں بھگو دیجئے اور زلال لے کر قدرے میٹھا ملا کر پلا دیجئے۔

## منہ سے رال ٹپکنا

بہیڑہ کو پیس چھان کر اس کے برابر کھانڈ ملا کر 5-5 ماشہ کی مقدار میں کھلائیں۔



اس سے رال ٹپکنا جلد بند ہو جائے گا۔

## منہ سے پیپ آنا

دانتوں سے خون آنا۔ پیپ آنا وغیرہ سب موقوف ہو جاتا ہے۔

چھلکا ہرڑ زرد 2 تولہ، کتھا سرخ ایک تولہ، ہیرا کسیس ایک تولہ، مصطگی رومی ایک ذرہ نہایت باریک پیس چھان کر منجن بنالیں اسے دانتوں پر ملیں اور دیر بعد نیم گرم پانی سے کلیاں کریں۔ چند روز کے متواتر استعمال سے آرام ہوگا۔

## زبان کی لکنت

شہد میں سہاگہ بریاں ملا کر دونوں وقت زبان کی جڑ پر لگانا مفید ہے اور دار چینی قلمی دراز کا چبانا بھی مفید ہے۔ زبان کی لکنت ٹھیک ہو جائے گی۔

## زبان کا تتلاپن

سونف چھ ماشہ، آدھ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب تین چھٹانک کے قریب باقی رہ جائے تو چھان کر ایک تولہ مصری اور پاؤ بھر دودھ گائے ملا کر پلائیں۔ اس طرح دونوں وقت دیتے رہیں اس سے زبان کا تتلاپن دور ہو جائے گا۔ انشاء اللہ۔

## زبان کی خشکی

گاؤزبان۔ بسفائج۔ سپستان۔ گاؤزبان کے عرق میں جوش دے کر بادرنجبویہ کے شربت میں حل کر کے پلائیں اور عنبر و مشک سونگھائیں جب مادہ پک جائے تو حبوب منقی سوداء سے بدن کو پاک کریں۔

حب منقی سودا۔ شحم حنظل۔ غاریقون۔ بسفائج۔ افتیمون۔ سقمونیا ہر ایک حسب عادت لیں اور باریک کر کے آب کاسنی سے گولیاں بنا کر استعمال کریں۔ زبان کی خشکی دور ہو جائے گی۔

## زبان کا پکنا

بکری کے دودھ کے غرارے کرنے سے اس مرض کو بہت جلد آرام ہو جاتا ہے۔

## زبان کی جلن

السی کے بیج بھی منہ کی بیماریوں میں عجیب نفع دیتے ہیں ان کے استعمال سے زبان کی جلن کو بے انتہا فائدہ ہوتا ہے۔ تولہ بھر تخم السی تھوڑے پانی میں بھگو دیں، جب پھول جائیں تو مل چھل کر لعاب نکالیں اور گھڑی گھڑی اس سے منہ کو تر کرتے رہیں۔ کلیاں کرنا اور بھی مفید ہے۔ جلن بھی دور ہو جائے گی۔

## زبان کا ڈھیلا اور بھاری پن کے دو نسخے

زبان بھاری اور ڈھیلی ہو جائے تو اسے درست کرنے کی یہ تدبیر بڑی مفید ہے کہ سونٹھ کو پیس کر پانی میں گھول دیں اور کلی بھر کر دیر تک منہ میں رکھیں۔ اسی طرح بار بار کلیاں بھریں اور پانچ پانچ دس دس منٹ منہ میں رکھ کر پھینک دیں۔ زبان کا ڈھیلا پن ختم ہو جائے گا۔

کالی مرچ کو ہلکا ہلکا کوٹ لیں پھر پانی میں جوش دے کر کلیاں اور غرغرے کریں۔ زبان کا ڈھیلا اور بھاری پن جاتا رہے گا۔

———◆◆◆———



باب 45

# ہونٹ

## ہونٹ پکنا

ہونٹ پک جائیں اور ان سے لہو یا پیپ جاری ہو جائے تو سالم مسور کو لوہے کے برتن میں جلا کر باریک پیس لیں اور لبوں پر دھوڑتے رہیں، ٹھیک ہو جائے گا۔

## ہونٹوں کا ورم

ورم نمودار ہوئے چند روز گذر چکے ہوں تو یوں کریں کہ گندم کے چند دانے صبح سویرے منہ میں ڈالیے اور خوب چبا کر ہونٹ پر لگا دیں دو تین روز میں بالکل درست ہو جائے گا۔

**پیپل کی لکڑی کی راکھ:**

پیپل کی لکڑی کو جلا کر راکھ بنا دیں۔ یہ راکھ تل کے تیل میں حل کر کے لگائیں۔ ایک دو روز میں ورم اُتر جائے گا۔

## ہونٹوں کی سوجن

پانی میں ذرا سا نمک ملائیں پھر اسے قدرے گرم کر کے ہونٹوں کو بار بار دھوتے رہیں یا کپڑے کی گدی تر کر کے ان پر رکھتے رہیں تو اس تدبیر سے ان کی سوجن تحلیل ہو جاتی ہے۔

## ہونٹوں کی خشکی کا علاج

ہونٹ پھوٹ جائیں تو اس کے لیے یہ علاج نہایت کارگر اور موثر ہے کہ گھی میں

ذرا سا نمک ملالیں اور ناف پر بار بار ملتے رہیں۔ ان شاء اللہ ہونٹوں کی خشکی اور پھٹن جاتی رہے
گی۔

ماءالشعیر (آش جو) پینا اور ہونٹوں پر لگانا ان کی خشکی اور شگفتگی کو مفید و مجرب ہے
گھی گائے، نمک لاہوری قدرے ملا کر ناف پر لگائیں تو ہونٹوں کی خشکی دور ہو
جائے گی۔

## ہونٹ پھٹنا

### ہونٹ پھٹنے کا نسخہ:

موم 2 گرام، ناریل کا تیل 12 گرام تیل کو گرم کر کے موم ملا کر رکھ لیں۔ دن میں دو تین بار ہونٹوں پر لگائیں۔ ہونٹوں کا پھٹنا بہتر ہو جائے گا۔

### روغن گل سے ہونٹ خوبصورت:

روغن کدو یا روغن گل ہونٹوں پر لگائیں۔

### ماکیان کی چربی سے ہونٹوں کو فائدہ:

ہونٹوں کا پھٹنا اس کے لیے یہ قیر وطی نہایت مجرب ہے۔ طباشیر سفید 4 ماشہ کتھ سفید 6 ماشہ۔ چھوٹی الائچی 2 ماشہ۔ کافور ایک ماشہ موم اور ماکیان کی چربی کو روغن زرد میں گلا کر ادویہ مذکورہ گھس کر آہنی برتن میں لوہے کے دستہ سے ایک پہر تک خوب رگڑیں اور پھر ہونٹوں پر لگائیں۔ ہونٹ پھٹنے میں بہت فائدہ دیتا ہے۔

### ہونٹ پھٹنے میں بکری کے دودھ کا نسخہ:

بکری کے تازہ دودھ سے لبوں کو تر کرنا اور اسی دودھ کو ہضم کے مطابق پینا بھی ہونٹ پھٹنے میں بہت سودمند ہے۔



### خشکی کے لیے بیضہ مرغ کی سفیدی:

بیضہ مرغ کی سفیدی لگانے سے بھی ہونٹوں کی خشکی اور شقاق (پھٹنے) کو بڑا نفع ہوتا ہے۔

### ہونٹوں کے پھٹنے کا عجیب چٹکلہ:

گائے کے گھی کو نیم گرم ناف پر لگانے سے ہونٹوں کا پھٹنا موقوف ہو جاتا ہے۔ آزما کر دیکھ لیں۔ عجیب چٹکلہ ہے۔

## ہونٹوں کا سفید رہنا

اگر ہونٹوں پر سرخی کے بجائے سفیدی ہو تو سمجھ لیں کہ معدے میں ضعف اور سردی ہے اس کے ازالہ کے لیے تازہ انار کا لگاتار استعمال کرتے رہنا مفید ہے۔ اس سے ہونٹوں پر سرخی آجاتی ہے۔ آزما کر دیکھ لیں۔

## خشک لب کا عارضہ

تازہ مکھن یا گھی سے ہونٹ چپڑتے رہنا بھی یبوست و شقاق میں بہت نفع مند ہے۔ نیز مکھن اور گھی بافراط کھانے سے بدن میں نرمی پیدا ہو کر شقاق اور خشکی لب کا عارضہ دور ہو جاتا ہے۔

## اختلاج لب کی شکایت

قے کرانے کے بعد تخم میتھی 7 ماشہ کو ذرا سا کوٹ کر پانی میں پکائیں اور صاف کر کے مصری یا چینی ملا کر پلائیں تو اختلاج لب کی شکایت دور ہو جائے گی۔

باب۔46

# مسوڑھے

## مسوڑھوں کی تکلیف کا علاج

نیلا تھوتھا بھنا ہوا 2 گرام، پھٹکری بھنی ہوئی 2 گرام، سفید نمک 3 گرام۔ ان کا سفوف ایک گلاس نیم گرم پانی میں حل کریں اور صبح شام کلیاں کریں۔ مسوڑھوں کی تکلیف کے لیے خوب ہے۔

## مسوڑھوں کے ورم کے لیے ٹوٹکہ

گندم کے دانے منہ میں رکھیں جب پھول جائیں نکال کر بدل لیں۔ دن میں 4 دفعہ کریں آرام ہوگا۔

## مسوڑھوں سے خون آنا بند

مسور مسلم (ثابت مسور) کو توے پر جلائیں۔ پھر پیس کر دانتوں اور مسوڑھوں پر ملیں تو خون آنا بند ہو جاتا ہے۔

## مسوڑھے کے زخم کے لیے مفید نسخہ

پھٹکری ایک پاؤ لے کر لوہے کے برتن میں ڈال کر آگ پر رکھیں جب پگھلنے لگے تو ذرا ذرا پسی ہوئی ہلدی ڈالتے اور ہلاتے رہیں۔ یہاں تک کہ نصف چھٹانک ہلدی صرف ہو جائے اب اسے باریک پیس کر دانتوں اور مسوڑھوں پر ملا کریں اس سے دانت اور مسوڑھے خوب مضبوط ہو جاتے ہیں۔ مسوڑھے کے زخموں میں بھی نہایت مفید ہے اور خون آنے کو روکتا ہے۔



باب۔47

# چھالے

## زخموں میں پیپ

دودھ خصوصاً بکری کے تازہ دودھ سے کلیاں کرنا بھی قلاع میں عجیب النفع ہے۔ اگر زخموں میں پیپ پڑ گئی ہو تو دودھ میں قدرے شہد حل کر لیں۔ زخم صاف ہو جائیں گے۔

## زخم اور آبلوں کا علاج

کاغذ کس گھر میں نہیں ہوتے۔ ہمیں کورے کاغذ نہیں چاہئیں۔ پرانے اور ردی بیکار ہیں۔ ان کو جلائیے کہ راکھ بن جائے، پھر پیس کر منہ میں چھڑکتے رہیے۔ زخم اور آبلے جاتے رہیں گے۔

## چھالے کا علاج

0 عرق عشبہ بہترین مصفی خون ہے، $2\frac{1}{2}$ تولہ ہمراہ شربت عناب استعمال کریں

0 سار پریلا کا استعمال بھی مفید ہے، آبلہ پھوٹنے کے بعد زخم کو اچھا کرنے کے لیے کیلا، سفیدہ کاشغری سیندور، مردار سنگ ہر ایک تین ماشہ، سب ادویہ کو باریک پیس کر موم سفید ایک تولہ کو گھی گائے تین تولہ میں پگھلا کر سفوف ملا کر مرہم بنائیں اور لگائیں۔ چھالے ٹھیک ہو جائیں گے۔

باب۔48

# عورتوں کی بیماریاں

## کمزوری کی شکایت کے لاجواب نسخہ جات

1۔ اگر اونٹنی کا دودھ بقدر ہضم بیس روز تک پیتے رہیں تو اس سے قوت پیدا ہوتی ہے۔

2۔ اگر ملاپ سے آٹھ گھنٹہ پہلے پنیر شتر مایہ اعرابی بقدر دانہ نخود تین چھٹانک عرق گلاب میں حل کر کے پی لیں تو تقویت کے لیے نہایت مفید ہے۔ آزمائش شرط ہے

3۔ بیج اونٹگن چار ماشہ انگور کے رس کے ساتھ کھانا مقوی ہے۔

4۔ گاجر کا مربہ شہد میں بنا کر کھانا مقوی ہے۔

5۔ انڈے کی زردی گھی میں بھون کر اس میں سونٹھ ایک ماشہ سفوف بنا کر ملا کر کھانا بہترین مقوی ہے۔

6۔ جڑ پان $3\frac{1}{2}$ ماشہ کا سفوف ہمراہ دودھ کھائیں، مقوی ہے۔

7۔ ثعلب مصری چھ ماشہ ہمراہ شہد پیس کر کھانا مفید ہے۔

8۔ سونٹھ تین تولہ، پپلی ایک تولہ شہد کے ساتھ معجون بنا کر چار ماشہ گرم پانی سے کھانا مفید ہے۔

9۔ کچلہ مدبر $\frac{1}{2}$ چاول، بالائی میں ملا کر اوپر سے دودھ پی لیں۔ بہترین مقوی اعصاب، مقوی ہے۔ انشاءاللہ کمزوری کی شکایت دور ہوگی۔

10۔ مغز بادام و چرونجی بوقت صبح ہمراہ دودھ استعمال کریں۔ طاقت کے لیے مفید ہے۔

## کمزوری کے لیے مفرد ادویہ کا استعمال

شکتی پلز:

بسباسہ، لونگ، جائفل، دارچینی، ثعلب، کشتہ قلعی، زعفران ہر ایک ایک تولہ، کچلہ



مدبر 6 ماشہ۔ مشک نیپالی چار ماشہ، افیون چار ماشہ، عنبر اصلی ایک ماشہ۔ گوند ملا کر حبوب کنار دشتی بنا لیں۔ ایک گولی ہمراہ دودھ صبح و شام تین ماہ کھلانا بہت سود مند ثابت ہوتا ہے۔ اعضاء رئیسہ کو طاقت دیتی ہے۔ مرد عورت دونوں کے لیے مفید ہے۔ وہ عورتیں جنہیں کمزوری کی شکایت ہو۔ ان گولیوں کے استعمال سے ان کی کمزوری دور ہو جاتی ہے۔ استعمال کے دوران میں ہر ہفتہ کے بعد دو دن ناغہ کر لیا کریں۔

## کمزوری کے لیے جڑی بوٹیوں کا استعمال

اونٹ کٹارا بوٹی کی جڑ ایک تولہ، پوٹلی باندھ کر ڈیڑھ سیر دودھ میں جوش دیں، اس میں ایک سیر پانی اور چار عدد چھوہارے بھی ڈال دیں، جب پانی خشک ہو جائے اور دودھ باقی رہ جائے تو آگ سے اُتار کر پی لیں، کمزوری کے لیے مفید ہے۔ اور بہت فائدہ مند ہے

### قوت میں اضافہ کے لیے حلوا:

مرغی کا انڈہ ایک عدد توڑ کر اس کی زردی اور سفیدی کسی برتن میں ڈالیں، پھر پیاز کا پانی، ادرک کا پانی، گاجر کا پانی اور گھی گائے اس خول کے اندر بھر کر اور سب کو پھینٹ کر حلوا بنائیں۔ یہ حلوا ہر روز تیار کر کے کھانے سے قوت میں اچھا اضافہ ہوتا ہے، اگر قوت برداشت ہو تو مرغی کے انڈے اور دوسری ادویہ کی مقدار دُگنی کر سکتے ہیں۔

### چاندی سے تیار مقوی نسخہ:

لاجونتی بوٹی کے پتے تین ماشہ، روپیہ خالص چاندی شدہ کے نیچے اور اُوپر دے کر ارد گرد ایک سفید کپڑا لپیٹ کر دو سیر اُپلوں کی آگ دیں، سرد ہونے پر نکال لیں، کشتہ سالم الحروف تیار ہوگا، ایک چاول مکھن میں دیں، بے حد مقوی و اعضائے رئیسہ ہے۔

## شادی سے پہلے یا بعد کی کمزوری کا علاج

حب خاص جنرل ٹانک ہے، ہر مرض کے بعد کی کمزوری کو دور کرتا ہے اور مقوی

ہے۔ کشتہ فولاد، کشتہ سونا، کچلہ مدبر، جدوار، جند بیدستر، بہمن سفید، عنبر اشہب، کستوری خالص، کیسر کشمیری...... تمام ادویات برابر وزن لے کر پان کے رس میں کھرل کر کے مونگ کے دانہ کے برابر گولیاں بنائیں، ایک گولی بعد از غذا دیں۔

## حب عنبر مومیائی

قوت کے لیے مخصوص ہے، کمزوری اور سستی کو دور کرتی ہے۔

پنیر مایہ شتر اعرابی تین ماشہ، کستوری خالص ایک ماشہ، مصطگی رومی ایک ماشہ، لونگ ایک ماشہ، عنبر اشہب دو ماشہ، خصیۃ الثعلب دو ماشہ، جڑ پان دو ماشہ۔

سب کو کوٹ چھان کر گولیاں چھوٹے نخود کے برابر بنالیں۔ ایک گولی رات کو سوتے وقت یا صبح کھا کر اُوپر سے نخود خام کا پانی یا دودھ پی جائیں، جو چینی سے میٹھا کر لیا گیا ہو۔

## عورتوں کی کمزوری کے لیے حبِ مقوی

جاوتری، لونگ، کیسر، جائفل، طباشیر، دارچینی، ثعلب مصری، کشتہ قلعی ہر ایک چھ ماشہ، کچلہ مدبر تین ماشہ، افیون، کستوری خالص ہر ایک دو ماشہ، کوٹ چھان کر گوند کے پانی سے گوندھ کر گولیاں بقدر چھوٹے نخود کے بنالیں۔ خوراک ایک گولی ہمراہ دودھ کھانا کھانے کے ڈیڑھ گھنٹہ بعد لیں اور ہر سات دن کے بعد دو دن دوائی بند رکھیں۔

کمزوری کے لیے مفید ہے، مادہ کو گاڑھا کرتی ہے، جن عورتوں کو کمزوری کا عارضہ ہو، اُن کے لیے مفید ہے۔ یہ دوائی احتلام کے مریضوں کے لیے نقصان دہ ہے۔

## موسم سرما کا بے نظیر تحفہ

بیضہ مرغ (مرغی کے انڈے) 24 عدد لے کر پانی میں جوش دے کر انڈوں کی زردیاں نکال لیں اور خالص گھی گاؤ پاؤ سیر میں اس قدر بھونیں کہ خستہ ہو جائے، پھر مصری یا چینی آدھ سیر کا قوام بنا کر زردیاں بریاں شدہ ڈال دیں، بعد ازاں جائفل، جاوتری ہر ایک پانچ ماشہ، کوٹ چھان کر اور مغز بادام میٹھے آدھ پاؤ، پستہ تولہ کو گرم پانی میں بھگو کر چھلکا اُتار کر چٹنی بنا کر ملا دیں اور سب سے آخر میں کیسر تین ماشہ، روح گلاب یا روح بید مشک میں حل کر کے ملا دیں، خوراک دو تولہ بوقت صبح بطور ناشتہ استعمال کریں، اُوپر سے گرم دودھ پی لیں۔

بدن کو موٹا کرتا ہے، کمزوری کو مفید ہے، موسم سرما کا بے نظیر تحفہ ہے۔

## دوائے کمزوری

ایک انڈے کی سفیدی و زردی لے کر گھی خالص، پیاز کا پانی، گاجر کا پانی، ایک ایک انڈے کا خول بھر لیں اور پانچوں کو آگ پر نیم گرم کر کے پئیں۔ مغزیات کا استعمال کریں اور تیل کی ترش چیزوں سے پرہیز کریں، کمزوری کو دور کرتی ہے، بدن موٹا اور ویرج زیادہ پیدا کرتی ہے۔

## سرد مزاجوں کے لیے مقوی نسخہ

عقر قرحا، لونگ، سونٹھ ہر ایک تین تولہ، زردی بیضہ مرغ 20 عدد، شہد خالص 35 تولہ، معجون بنائیں، کستوری خالص ایک ماشہ، کیسر تین ماشہ پیس کر اضافہ کریں اور ہر روز غذا سے پہلے 9 ماشہ کھاتے رہیں۔ موسم سرما میں سرد مزاجوں کے لیے بہترین مقوی ہے۔

## اعصاب کی طاقت کے لیے گولیاں:

کستوری خالص، جڑ پان، جاوتری، درونج عقربی، جند بیدستر، ہموزن کوٹ کر بکری کے دودھ یا شہد خالص میں گولیاں بقدر دانہ مونگ بنائیں، دو گولی صبح و شام دودھ نیم گرم سے استعمال کریں، کمزوری دل اور اعصاب کی تقویت کے لیے نہایت مفید ہیں۔

## جسمانی طاقت بڑھانے کا بے نظیر نسخہ

برادہ سونا شدہ ایک تولہ کو تلسی بوٹی کے رس میں اس قدر کھرل کریں کہ ایک پاؤ رس جذب ہو جائے، پھر ٹکیاں بنا کر مٹی کے سکوروں میں رکھ کر گل حکمت کریں اور دس سیر

اُپلوں کی آگ دیں، ایک چاول ہمراہ مکھن یا بالائی دیں، مقوی ہے، جسمانی طاقت بڑھانے کے لیے بے نظیر ہے۔

**اعضائے رئیسہ کی تقویت کے لیے کشتہ:**

خالص ورق سونا ایک تولہ، شہد خالص پانچ تولہ میں خوب حل کر کے ڈالیں۔ کشتہ تیار ہے۔ خوراک دو چاول، دواء المسک معتدل جواہر والی میں دیں، اعضائے رئیسہ کو تقویت دینے میں نہایت مفید ہے۔

**مقوی کی گولیاں:**

کشتہ چاندی ساڑھے چار ماشہ، جاوتری، کیسر، ریگ ماہی ہر ایک ڈیڑھ تولہ، جائفل 9 ماشہ، سمندر سوکھ 9 ماشہ، زہر مہرہ $1\frac{1}{4}$ ماشہ، کستوری خالص $1\frac{1}{2}$ ماشہ۔

کستوری و کیسر کو روح گلاب میں حل کریں، باقی دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف بنالیں اور رس پان میں جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔ ایک گولی ہمراہ دودھ $\frac{1}{4}$ سیر کھلائیں، اُوپر سے میٹھا پان چبائیں۔

## قوت کا مفید نسخہ

زعفران، دار چینی، جائفل، افیون، مشک، عقر قرحا، شنگرف، قرنفل (لونگ) سوائے کستوری کے باقی تمام ادویات تین تین ماشہ، کستوری ایک ماشہ، عرق گلاب کے ساتھ پندرہ دن کھرل کریں، آدھی رتی ہمراہ مکھن یا بالائی ایک تولہ میں لپیٹ کر کھلائیں، دن میں ایک بار، رات کو نیم گرم دودھ سے پلائیں، اگر مزاج گرم ہو تو ہر روز ایک تولہ سالم اسبغول پانی سے پھانک لیں، قوت کا یہ مفید نسخہ بلغمی مزاج کے مریضوں کے لیے از حد مفید ہے اور سینہ کا راز ہے...... صفراوی مزاج والوں کو موافق نہیں آتا۔ اسے موسم سرما میں استعمال کرنا چاہیے۔ بہت فائدہ مند ہے۔



## حبِ ریگ ماہی

ریگ ماہی، دار چینی، زعفران، عقر قرحا، کباب چینی، جڑ پان ہر ایک ایک تولہ، ...ب کو پیس کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔ روزانہ ایک گولی ہمراہ دودھ دیں۔

## قوت کا آسان نسخہ

مغز بادام آٹھ عدد، مغز بنولہ کا آٹا 9 ماشہ، آرد سنگھاڑہ 9 ماشہ، خشخاش 9 ماشہ، ان ...ب کو باریک کر کے دودھ میں پکا کر حریرہ بنا کر کھلائیں، اس سے تقویت بھی ہوتی ہے اور ...نی بھی خوب پیدا ہوتی ہے نیز یہ ایک آسان اور گھریلو علاج ہے۔

**اعضائے رئیسہ کے لیے مقوی گولیاں:**

بسباسہ، لونگ، جائفل، دار چینی، ثعلب، کشتہ قلعی، زعفران ہر ایک ایک تولہ، کچلہ ...ر چھ ماشہ، مشک نیپالی چار ماشہ، افیون چار ماشہ، عنبر اصلی ایک ماشہ۔

گوند ملا کر حبوب بقدر کنار دشتی بنالیں، ایک گولی ہمراہ دودھ صبح و شام تین ماہ کھلانا ...بہت سودمند ثابت ہوتا ہے۔ اعضائے رئیسہ کو طاقت دیتی ہے، مرد اور عورت دونوں کے لیے مفید ہے، وہ عورتیں جنہیں کمزوری کی شکایت ہو، ان گولیوں کے استعمال سے اُن کی کمزوری دُور ہو جاتی ہے، استعمال کے دوران ہر ہفتہ کے بعد دو دن ناغہ کر لیا کریں۔

**...ب مقوی کا نسخہ:**

کچلہ مدبر دو تولہ کو پوٹلی میں باندھ کر دو سیر گائے کے دودھ میں پکائیں، جب ...دودھ کھویا سا بن جائے تو نکال کر مقشر کریں اور پتہ نکال کر صاف کر لیں اور روغن زرد گاؤ ...میں بریاں کریں، روغن صرف اس قدر ہو کہ بریاں کرتے کرتے کچلہ میں جذب ہو جائے، ...مگر کچلہ جلنے نہ پائے، جب سرخ ہو جائے تو کوٹ لیں، پھر اس میں بسباسہ، زعفران، جوز ...بوا، قرنفل ہر ایک تین ماشہ، سلاجیت خالص عمدہ ایک تولہ، ریگ ماہی عمدہ ایک تولہ، باریک کر کے خوب ملائیں اور کھرل کر کے شہد خالص ملا کر نخود سے ذرا کم مقدار میں گولیاں بنالیں

نصف سے ایک گولی صبح و شام کھانا کھانے کے بعد مکھن، حلوہ یا بالائی میں، استعمال کے دوران روغن زرد اور دودھ کا استعمال بہت ضروری ہے۔

## موسم سرما کے لیے بے نظیر تحفہ

چالیس عدد چھوہاروں کو شیر مادہ گاؤ میں ایک رات تر کریں اور صبح کو گٹھلی نکال کر ہر ایک چھوہارہ میں دو ماشہ لونگ اور دو ماشہ مصطگی رومی اصلی بھر کر اُوپر سنگھاڑوں کا آٹا لگا کر علیحدہ علیحدہ غلولہ بنالیں اور روغن زرد میں بریاں کرلیں۔ ہر صبح ایک چھوہارہ دودھ میں پکا کر کھایا جاتا ہے یا ایک چھوہارہ چار ماشہ چینی لگا کر بوقت شب کھائیں۔ اُوپر سے دودھ آدھ سیر نیم گرم دیں۔ موسم سرما کے لیے بے نظیر تحفہ ہے۔ قوت پیدا کر کے کھوئی طاقت کو بحال کرنے کے لیے لاجواب گھریلو چیز ہے، بعض طبیعتوں میں تو صرف سات چھوہارے کھانے سے ہی غیر معمولی طاقت پیدا ہوتی ہے۔ بسم اللہ پڑھ کر آزمائیں۔

## حبِ عنبری کا آزمودہ نسخہ

جو حد درجہ مقوی ہونے کی وجہ سے چھ گھنٹے کے بعد اپنا اثر دکھاتا ہے، آزمودہ نسخہ ہے۔

مشک خالص، مصطگی رومی، لونگ ہر ایک ساڑھے چار ماشہ، عنبر اشہب، ثعلب مصری، خولنجاں ہر ایک آٹھ ماشہ، پنیر شتر مایہ اعرابی ایک تولہ سب کو باریک کر کے حب بقدر نخود بنائیں، خوراک ایک سے تین گولی ہمراہ عرق ماء اللحم یا آبِ انگور یا دودھ سے دیں۔

## حب مقوی کا کرشماتی چٹکلہ:

تال مکھانہ، بیج اوٹنگن ہر ایک اڑھائی تولہ کو کوٹ کر مغز نارجیل سالم میں ڈال دیں اور ناریل کو بوہڑ (برگد) کے دودھ سے پُر کر دیں اور اس کے بعد ناریل کا ٹکڑا اوپر رکھ کر مونج کا بان اس قدر لپیٹ دیں کہ ناریل نظر نہ آئے، اس کو بیس دن تک غلہ گندم میں دفن کر دیں اور اس کے بعد نکال کر بان اُتار لیں اور گندم کے آٹا آدھ پاؤ میں لپیٹ کر خالص گھی گائے آدھ سیر میں بریاں کریں، جب آٹا سرخ سیاہی مائل ہو جائے تو اسے نکال لیں اور



[illegible] اتار کر مغز نارجیل کو معہ اندرونی دوا کے ڈنڈے کونڈے سے پیس لیں اور شہد ملا کر 80 گولیاں بنائیں، قوت اور ویرج کو گاڑھا کرنے کے لیے ایک گولی ڈیڑھ پاؤ بکری کے دودھ کے ساتھ شام کو لیں، پانچ روز کے بعد جسم پر چیونٹیاں چلتی معلوم ہوں گی، ایک ہفتہ کے بعد قوت کا ظہور ہوگا، کامل چالیس روز کے استعمال سے بہت طاقت پیدا ہوگی، اگر مریض برداشت کر سکے تو دو گولی روزانہ صبح و شام دی جائیں، دورانِ استعمال تیل کی ترشی اور ملاپ سے پرہیز ضروری ہے۔

## عسرت ولادت کا علاج

دودھ گائے آدھ سیر، گھی خالص پانچ تولہ، شکر سرخ پانچ تولہ ملا کر نیم گرم پلائیں، عورت تیس قدم جلد جلد چلے، پھر پاؤں کے بل بیٹھ کر سانس کو بند کر کے نیچے کو زور کرے، اگر ولادت میں دیر ہو تو لعاب بیج کتان و بیج حلبہ کو تیل کتان میں ملا کر نیم گرم بچہ دانی کے منہ پر زور سے مالش کریں، جب سر کے علاوہ بچہ کے جسم کا کوئی اور حصہ پہلے نکلنے والا ہو، تب حاملہ کو فوراً کسی زنانہ ہسپتال میں پہنچا دینا چاہیے یا لیڈی ڈاکٹر کو بلا لینا چاہیے تاکہ غیر طبعی حالت کو درست کر سکے۔

## عسر ولادت کے لیے مجرب دوا

مشکطر مشیع، پرسیاؤشاں، نخود سیاہ ہر ایک چھ ماشہ، پھلی املتاس کا چھلکا، گڑ ہر ایک ایک تولہ، پانی میں جوش دے کر پلائیں۔

مردہ جنین: گل شفتالو ایک ماشہ پیس کر حمول کریں، مردہ جنین کو نکالنے میں مجرب ہے۔

## بچہ آسانی سے پیدا کرنے کا نسخہ

زعفران خالص، ہینگ خالص، دونوں برابر وزن باریک کر کے شہد کے ساتھ گولیاں نخود کے برابر بنائیں، بوقت ضرورت ایک گولی ہمراہ دودھ استعمال کرائیں۔ بچہ آسانی سے پیدا ہو جاتا ہے۔

دوسرا نسخہ:

صرف زعفران خالص چار رتی پیس کر پھنکا دیں یا صرف دارچینی ایک ماشہ پانی میں پیس کر زیر ناف لیپ کریں اور دارچینی ایک ماشہ کا سفوف گرم پانی سے دیں۔

تیسرا نسخہ

زعفران پانچ رتی گڑ میں ملا کر کھلانے سے بچہ جلد پیدا ہو جاتا ہے۔

چوتھا نسخہ:

املتاس کی پھلی کا سیاہ چھلکا دو تولہ، ڈیڑھ پاؤ پانی میں جوش دے کر نصف رہنے پر چھان کر پلائیں، گڑ ڈال کر میٹھا کر لیں۔ بچہ بغیر تکلیف کے پیدا ہوگا۔

## مردہ بچہ نکالنے کے لیے مفید دوا

چھلکا املتاس دو تولہ، زیرہ کرمانی تین ماشہ، تخم خربزہ چھ ماشہ، افسنتین چار ماشہ، شاہترہ چھ ماشہ جوش دے کر صاف کریں اور گل قند تین تولہ حل کر کے پلائیں، مردہ بچہ نکالنے کے لیے بہت مفید ہے۔

نوٹ: حاملہ کے لیے اس دوائی کا استعمال سخت منع ہے۔

## بچہ آسانی سے پیدا ہونے کے لیے روغن بادام

جس عورت کے بچے رکاوٹ اور تکلیف سے پیدا ہوتے ہوں۔ اس عورت کو چاہیے کہ حمل کے نویں ماہ کے آغاز سے روزانہ بوقت صبح چھ ماشہ روغن بادام پی لیا کرے اور وضع حمل تک پیتی رہے اس کے استعمال سے انشاء اللہ بلا تکلیف نہایت آسانی سے بچہ پیدا ہوگا۔

## بچہ آسانی سے پیدا ہونے کی دوا

جب عورت کو بچے کی دردیں شروع ہو چکی ہوں۔ تو یہ دوا کھلا دینے سے دردیں زور پکڑ کر بچہ آسانی سے اور جلد پیدا ہو جاتا ہے۔ پوست بیضہ مرغ چار عدد، مجیٹھ ایک تولہ دونوں



کو پیس کر رکھ لیں۔ چھ ماشہ دوا پانی کے ہمراہ کھلائیں۔ بچہ آسانی سے پیدا ہوگا۔

## پہلا چٹکلہ

جس عورت کے حمل کو نقصان پہنچ جاتا ہو اس کو چاہیے کہ دھتورہ کی جڑ کو کمر پر باندھ لے۔ انشاء اللہ حمل ضرور بالضرور قائم رہے گا اور بچہ تندرست، پوری مدت گزرنے پر پیدا ہوگا۔ جب مدت حمل پوری ہو جائے تو جڑ کو کھول ڈالنا چاہیے۔

## دوسرا چٹکلہ

پرانے مٹی کے دیئے جن کو تیل میں لتھڑا ہوا دیکھیں ان کو کوئلوں کی انگیٹھی میں جلا لیں۔ جب جل کر سرخ ہو جائے تو ٹھنڈا کر کے باریک پیس لیں اور مریضہ کو چار ماشہ پانی کے ساتھ دیں اس کی ایک ہی خوراک کافی ہوا کرتی ہے۔

## دردزہ کے لیے لاجواب نسخہ

دردزہ کے وقت آدمی کے سر کے بالوں کی دھونی دشواری ولادت کو آسان کرتا ہے۔ آزمودہ نسخہ ہے۔

## تشنج زچہ کے لیے یونانی علاج

یونانی علاج میں بیرونی طور پر روغن قسط، روغن زعفران کی پشت و گردن کے مہروں پر نیم گرم مالش کریں یا زعفران (کیسر) ایک ماشہ، کستوری دو رتی کو روغن بابونہ دو رتی میں حل کر کے ملیں اور جائفل سالم منہ میں رکھ کر اس کا عرق چوسیں اور کھانے کے لیے حیض و نفاس کو جاری کرنے والی دوائیں دیں، اس سلسلہ میں جاؤ شیر دو سے چار ماشہ پیس کر شہد میں ملا کر چٹائیں یا شربت پودینہ دو تولہ ہمراہ عرق سونف دس تولہ دیں۔ اس علاج سے نتائج فوری طور پر سامنے آتے ہیں۔

**باب۔49**

# خارش

## خارش کا علاج

خوراکی طور پر شاہترہ، چرایتہ، منڈی، سرپھوکہ، صندل سفید، ہرڑ سیاہ ہرایک پانچ ماشہ، عناب سات دانہ، سب ادویہ کو $1\frac{1}{4}$ پاؤ پانی میں بھگو کر صبح مل چھان کر اور شربت عناب دو تولہ ملا کر پلائیں اور بیرونی طور پر گندھک آملہ سار ایک تولہ، پارہ ایک تولہ، بابچی ایک تولہ، کمیلہ ایک تولہ، مردہ سنگ ایک تولہ، نیلا تھوتھا چھ ماشہ، مرچ سیاہ چھ ماشہ۔

پہلے پارہ و گندھک کی کجلی بنائیں، پھر دوسری ادویات ملا کر سفوف بنائیں اور $1\frac{1}{4}$ پاؤ مکھن گائے (جسے تین بار دھولیا گیا ہو) میں مرہم بنائیں۔ تھوڑی سی مرہم جسم پر مل کر چند منٹ بعد بھینس کا گوبر مل کر صابن و نیم گرم پانی سے نہالیں اور جسم پر سرسوں کا تیل مل لیں، دو تین دن میں مکمل آرام آجائے گا۔

## خارش کے لیے مالش کی مفید دوا

گندھک 90 گرام، پھٹکری 20 گرام، بورک ایسڈ 30 گرام، سب کو کھرل کرکے تین تین گرام کی پڑیاں بنالیں۔

مکھن 25 گرام میں 3 گرام مندرجہ بالا دوائی ملالیں اور چند روز مالش کریں۔ بہت ہی مفید دوا ہے۔ اللہ کے فضل سے جلد آرام آجائے گا۔

## خارش کے لیے مہندی کا ٹوٹکہ

مہندی کو گائے کے گھی میں ملا کر حمام یا گرم کمرے میں بدن پر ملیں اور کچھ دیر نیم



گرم پانی سے نہالیں۔ اسی طرح تین دن عمل کرتے رہیں، انشاء اللہ صحت ہوجائے گی۔

## خارش کے لیے زود اثر روغن

پارہ، رال سفید ہر ایک 12 گرام، طوطیا ڈیڑھ گرام، تلوں کا تیل 60 گرام، پارہ اور رال کو پہلے اچھی طرح کھرل کریں۔ آخر میں روغن ملا کر کھرل کریں۔ جب اچھی طرح مل جائے تو تھوڑا تھوڑا پانی ملا کر کھرل کریں، حتیٰ کہ پانی جذب ہونا بند ہوجائے۔ مقام خارش پر لگائیں۔ جلد خارش دور ہوجائے گی۔

## اندام نہانی کی خارش کا مجرب علاج

ذرا سی پھٹکری لے کر باریک پیسیں اور انڈے کی سفیدی میں ملالیں۔ پھر اس میں روئی آلودہ کرکے حمول کرائیں۔ اندام نہانی کی خارش میں مفید و مجرب ہے۔

## خارش تر کو جلد آرام

مسور کا آٹا جو چھلکے سمیت پیسا ہوا لے کر کشنیز سبز کے پانی میں گوندھیں اور بدن پر ملتے رہیں تو خارش تر کو بہت جلد آرام ہوتا ہے۔

## شرمگاہ کی خارش کا علاج

کافور تین ماشہ، ویزلین سفید بارہ تولہ میں ملا کر مرہم بنا کر یونی میں لگائیں، خارش کو فوراً آرام ملے گا یا بالوں وغیرہ کو صاف کرکے یونی پر گل روغن یا روغن بنفشہ یا کافور عرق گلاب میں گھس کر لگائیں، پینے کے لیے پھول نیلوفر، گل خطمی، پھول گلاب، شاہترہ، عنب الثعلب، بیج کاسنی ہر ایک پانچ ماشہ، عناب پانچ دانہ، سب کو بھگو کر اور صاف کرکے شربت نیلوفر دو تولہ ملا کر پلائیں۔

## پھنسیوں کے لیے مفید چٹکلہ

یہ نسخہ عورتوں کی شرمگاہ پر خارش یا پھنسیوں کے لیے مفید ہے۔ مریضہ کو چاہیے کہ کپڑا جو کہ بالکل صاف ہو چار تہہ کرکے کچے دودھ میں بھگو کر اوپر رکھے۔ اسی طرح دن میں

تین مرتبہ پابندی سے کرے۔ اس سے دن بدن خارش مٹتی جائے گی اور چار چھ روز کے
استعمال سے خدا کی مہربانی سے پوری پوری صحت ہو جائے گی۔

## خارش ختم کرنے کا علاج

اگر بوجہ جراثیم رحم میں خارش ہو تو ایک مولی چھیل کر کسی دایہ سے اندر رکھوا لی
جائے۔ خارش جاتی رہتی ہے۔ یہ عمل تین دن کیا جائے دو گھنٹہ کے بعد نکال دیا کریں۔

## شرمگاہ کی پھنسیاں

گھی جس قدر پرانا مل سکے لے کر اس سے پھنسیوں کو دن میں دو تین مرتبہ چپڑا
جائے بعد آرام ہو جاتا ہے۔ مگر شرط یہ ہے کہ آتشک نہ ہو۔

## ہٹیلی خارش کے لیے دوسرا چٹکلہ:

گندھک آملہ سار چھ ماشہ، نیلا تھوتھا دو ماشہ، بابچی چھ ماشہ، سب کو باریک پیس
چھان کر کے مکھن پانچ تولہ (مکھن ایک سو ایک بار پانی سے دھویا گیا ہو) میں ملا کر اور تھوڑا
سا لے کر دس بجے دن کو مالش کریں، ایک گھنٹہ بعد نیم گرم پانی و لائف بوائے صابن سے
غسل کریں، بعد از غسل تیل سرسوں کی مالش کر کے صاف کپڑے پہنیں، پہلے دن دوا ذرا
جسم کو لگے گی، دوسرے دن کم، تیسرے دن بالکل کم، آنکھوں و دیگر نازک حصوں پر نہ لگنے
دیں۔ ہٹیلی خارش کے لیے مفید ہے۔

## تر خارش کے لیے لاجواب نسخہ:

کتھ سفید ایک تولہ، رال ایک تولہ، مردہ سنگ چھ ماشہ، توتیا چھ ماشہ، کافور تین
ماشہ، پارہ تین ماشہ، سب سے پہلے توتیا، کافور، پارہ کو اس قدر کھرل کریں کہ ایک ذات ہو
جائیں۔ اس کے بعد باقی دوائیں ملا کر اس میں ملائیں اور روغن تلخ (کڑوا تیل) اضافہ کر
کے خوب حل کریں اور تمام رات رکھ کر صبح باسی پانی سے 21 مرتبہ خارش زدہ مقام کو دھو کر
اس دوائی کا ہلکا لیپ کریں، آنکھوں پر نہ لگے۔ تر خارش کے لیے از حد مفید ہے، خارش و
سوزش کو فوراً آرام ملتا ہے، گندے مواد سے پاک کر کے جلد کو صاف کر دیتا ہے۔



## خارش کے لیے مکھن

ایک سیر دودھ بھینس میں ایک تولہ سفوف گندھک ملا کر جامن لگا کر دہی بلو کر
مکھن نکالیں۔ یہ مکھن بدن پر ملیں۔ تین روز میں آرام ہوگا۔ انشاء اللہ۔

## سفوف خارش خشک و تر

گندھک آملہ سار چھ ماشہ، بابچی چھ ماشہ، مردار سنگ چھ ماشہ، ہلدی چھ ماشہ، کتھ
چھ ماشہ، سنگ جراحت چھ ماشہ، طوطیا تین ماشہ۔ سب کو پیس کر سفوف بنا لیں۔ اس میں سے
حسب ضرورت لے کر کڑوے تیل میں کھرل کر کے رات کو خارش پر ملیں، صبح گرم پانی سے
غسل کریں، تین سے پانچ دن میں آرام ہوگا۔

## انتڑیوں میں خراش کا جلاب

اگر انتڑیوں میں خراش اور سدوں کی تکلیف محسوس ہو تو مربہ ہڑ میں اسپغول کا
چھلکا ملا کر استعمال کریں ایسے مریض کے لیے کسٹر آئل کا جلاب ہی بہتر ہے۔

## مولی کے پانی سے خارش دور

مولی کا پانی نکالیں اور گرم کمرے میں بیٹھ کر بدن پر طلا کریں تا کہ خود بخود خشک
ہو جائے۔ انشاء اللہ خارش دور ہو جائے گی۔

## خارش اور جملہ امراض جلد

کبریت آملہ سار تولہ، روغن کنجد مقشر 120 تولہ، روغن کو آگ پر گرم کریں اور
کبریت کا سفوف کر کے روغن میں شامل کرتے جائیں۔ لکڑی کے دستہ سے ہلاتے رہیں،
کبریت روغن میں حل ہو جائے گی اور روغن کا رنگ سرخ ہوگا، آگ سے اتار کر شیشی میں
محفوظ رکھیں، اس روغن کو خارش اور جلد کے بثورات پر لگانا مؤثر بقدر 5 قطرہ مناسب بدرقہ
سے خوردنی طور پر استعمال کرنا فساد خون اور اس کے متعلقہ امراض میں بہترین شفا بخش مؤثر
ہے، مقامی اثرات یعنی بیرونی استعمال کے لیے کبریت کی مقدار کو موجودہ وزن سے دو چند

حل کرنا زیادہ مفید ہے۔

## جوشاندہ خارش

چھلکا جڑ نیم، برادہ لکڑی شیشم، پھول نیم ہر ایک چھ ماشہ، پانی میں جوش دے کر چھان کر شہد ایک تولہ ملا کر پلائیں۔ اگر پیاس و گرمی زیادہ لگے تو شہد نہ ڈالیں۔ بہت مفید جوشاندہ ہے۔

**خارش کا دوسرا نسخہ:**

شاہترہ، چرائیتہ، سرپھوکہ، پھول مُنڈی ہر ایک چار ماشہ، عناب پانچ دانہ، چینی چھ ماشہ، دس تولہ پانی میں جوش دے کر چھان لیں اور چینی ملا کر میٹھا کر کے دن میں دو بار دیں۔

## معجون مصفی خون

چھلکا ہرڑ زرد دس تولہ، چھلکا ہرڑ کابلی ساڑھے سات تولہ، چھلکا بہیڑہ پانچ تولہ، آملہ صاف پانچ تولہ، سناء کی اڑھائی تولہ، پھول گلاب ڈیڑھ تولہ، شاہترہ ساڑھے بارہ تولہ، شہد خالص بارہ چھٹانک، مصری بارہ چھٹانک تمام ادویات کو علیحدہ علیحدہ کوٹ کر چھان لیں اور شہد و مصری کا قوام بنائیں، ادویات ملا کر معجون قوام میں لے آئیں، جن لوگوں کا خون خراب ہو گیا ہو یا آتشکی مادہ جسم میں کسی حد تک موجود ہو، بعد مسہل اس معجون کو استعمال کریں، خوراک چھ ماشہ ہمراہ عرق سونف چار تولہ و عرق شاہترہ چار تولہ ہر روز کھائیں، زبردست مصفی خون ہے۔ بہت فائدہ مند معجون ہے۔

## دوائے مصفی خون

بیج کاسنی، نیلوفر، چھلکا ہرڑ زرد، شاہترہ، چرائیتہ ہر ایک پانچ ماشہ، رات کو گرم پانی میں تر کریں، صبح صاف کر کے شربت عناب دو تولہ ملا کر پلائیں۔

## روغن تمباکو سے خارش دور

ہرے تمباکو کے پتے، پانی و تلوں کا تیل برابر ملا کر آگ پر جوش دیں، جب پانی



جل جائے تو تیل چھان کر بدن پر ملیں، خارش کے لیے مفید ہے، علاوہ ازیں اطریفل شاہترہ سات ماشہ صبح و سات ماشہ شام ہمراہ عرق مصفی خون دینا یا عرق عشبہ خالص کا استعمال ہمراہ شربت عناب دینا نہایت مفید ہے۔ خارش جلد دور ہو جاتی ہے۔

## خارش کے لیے کراماتی پڑیا

یہ سفوف خارش کے لیے واقعی ایک لاثانی اور فوری اثر چیز ہے۔ بفضلہ خارش صرف ایک ہی دن میں دور ہو جاتی ہے۔

## خارش یا کھجلی کی الگ الگ دوا

خارش کی دو قسمیں ہیں۔ خشک و تر یعنی ایک تو وہ خارش جس میں کھجانے سے کچھ نہیں نکلتا اور دوسری وہ، جس میں خون یا پیلا پانی نکلا کرتا ہے۔ جو خارش خشک ہو اس کے لیے روغن بادام ایک لاجواب دوا ہے۔ رات کے وقت ذرا ہوا سے بچا کر خوب مالش کرنی چاہیے انشاء اللہ جس کی نسبت مشہور ہے کہ یہ بڑی ہٹیلی بیماری ہے اور کسی طرح نہیں جایا کرتی۔ محض روغن بادام سے دنوں میں دور ہو جائے اور بدن ریشم کی طرح صاف نکل آئے گا۔

## خارش کے لیے بے نظیر نسخہ

برائے ناسور اور صفائی خون، خارش، پھنسی اور اندرونی قروح۔

پھٹکری 2 تولہ، سنگ جراحت دو تولہ، سندھور 3 ماشہ بالکل باریک کر کے تابے پر رکھ کر آگ پر چڑھائیں، جب پانی خشک ہو تو پھر الٹا دیں، دس منٹ بعد اتار کر رکھ دیں، ٹھنڈا ہونے پر کھرل میں باریک کر کے حفاظت سے رکھیں۔ اکسیر تیار ہے، خارش کی خرابی والے کو ایک رتی سکہ سوا تولہ میں لپیٹ کر نگلوائیں اور نہار منہ دیں۔ زود اثر نسخہ ہے۔ نمک اور لال مرچ سے سخت پرہیز ہے۔

---

باب۔50

# قے اور متلی

## متلی کا علاج

اصل سبب مرض کا تدارک کریں۔ صفرا کی زیادتی ہو تو گنگنا پانی کر کے اس میں سکنجبین چار تولہ ملا کر پلائیں اور قے کرائیں تا کہ معدہ اچھی طرح صاف ہو جائے، لیموں کاٹ کر اس پہ قدرے نمک اور کالی مرچ خوب باریک کر کے چھڑک کر چوسیں۔ متلی دور کرنے کے لیے مجرب ہے۔

**چٹورالعوق:**

دریائی ناریل دو رتی ہمراہ عرق سونف دینا یا طباشیر زرورد، دھنیا خشک، سماق، انار دانہ بریاں ہر ایک ایک ماشہ، سب کو باریک پیس کر شربت انار شیریں ایک تولہ ملا کر لعوق بنائیں اور چٹائیں۔ متلی سے آرام ملے گا۔ انشاءاللہ۔

## قے کے لیے آزمودہ دوا

نارجیل دریائی، زہر مہرہ خطائی، طباشیر اصلی ہر ایک ایک تولہ، سب کو باریک کپڑ چھان کر کے روح گلاب اور رُوح کیوڑہ ہر ایک تین تولہ میں کھرل کر کے خشک ہونے پر محفوظ رکھیں۔ مقدار خوراک۔ ایک رتی سے دو رتی ہمراہ تازہ پانی۔ صرف ایک دو خوراکوں سے ہر قسم کی متلی اور قے بند ہو جاتی ہے۔ آزمودہ ہے۔

**متلی کے مریض کے لیے نسخہ:**

پیپل کی لکڑیاں جلا کر جب ادھ جلی ہو جائیں تو دو یا تین سیر اُبلے ہوئے پانی میں



ڈال کر بجھائیں۔ پھر اس پانی کو محفوظ رکھیں۔ مریض کو ہدایت دیں کہ وہ اس پانی کو پیاس لگنے پر پیئے۔ ضرور فائدہ ہوگا۔ متلی کے مریض کو تسلی کے لیے ساتھ کوئی دوائی دے سکتے ہیں۔

**قے کے لیے گھیکوار کا گودا:**

گھیکوار کا گودا دس گرام، نوشادر ٹھلی ایک گرام، دونوں کو ملا کر چار دن تک رکھ دیں۔ پھر چھان کر محفوظ رکھیں۔ پانچ چھ قطرے دو تولہ پانی میں ملا کر پلائیں۔

**الائچی پودینہ کا نسخہ:**

سونف ایک ماشہ، بڑی الائچی کے دانے ایک ماشہ، پودینہ ایک ماشہ کو اڑھائی تولہ پانی میں جوش دیں۔ چھان کر پی لیں۔ دن میں دو سے تین بار لیں۔

## قے اور متلی کے لیے شربت کا قوام

جو متلی اور قے صفراوی کا مسکن اور مقوی قلب اور پیاس کو بجھانے والا ہے اور حرارت جگر کے لیے نہایت مفید ہے۔ آب بہی شیریں۔ آب انار ترش۔ آب انار شیریں ہر ایک نیم سیر پوست بیرون پستہ۔ پوست سنگترہ۔ پوست ترنج۔ حب آلاس۔ زرشک۔ مصطگی۔ گل سرخ۔ عود۔ الائچی کلاں۔ الائچی خورد ہر ایک مثقال۔ سنبل الطیب نیم مثقال خشک ادویہ سب کوٹ کر ایک پوٹلی میں باندھیں اور ہمراہ پانیوں کے جوش دیں اور پوٹلی کے ادویہ کو خوب ملتے رہیں تا کہ ان کا رس تمام نکل کر پانی میں آ جائے پھر آدھ سیر قند سفید ڈال کر قوام شربت کا پکائیں۔ قے اور متلی کے لیے پُر اثر شربت ہے۔

## قے اور متلی کے لیے شربت انار

قے اور متلی کی تسکین اور اسہال صفراوی کو روکنے کے لیے مجرب ہے۔ آب انار ترش نیم سیر۔ قند سفید 3 پاؤ پودینہ سے نچوڑا ہوا پانی ایک پاؤ سب کو ملا کر شربت کا قوام پکائیں۔

## قے اور متلی کے لیے تیارشدہ دوائیں

### چٹنی کا نسخہ

گردساق، انار دانہ، زرورد، زرشک، طباشیر، چھوٹی الائچی کے دانے ہر ایک ایک گرام پانی میں پیس کر چٹنی بنالیں دن میں دوبار لیں۔ افاقہ ہوگا۔

### جوارش انارین کا چٹکلہ:

1۔ جوارش تمر ہندی 5 گرام دن میں دوبار کھانے سے پہلے لیں۔
2۔ جوارشِ انارین 5 گرام دن میں دوبار کھانے سے پہلے لیں۔
3۔ شربت انار ترش 25 ملی لیٹر دن میں دوبار لیں۔
4۔ قرص پودینہ 2 قرص دن میں دوبار لیں۔
5۔ سکنجبین 25 ملی لیٹر دن میں دوبار لیں۔

### گھیکوار کا پانی:

گھیکوار کا گودا 10 گرام، نوشادر ایک گرام دونوں کو ملا کر چار دن تک رکھ دیں۔ پھر چھان کر محفوظ کرلیں۔ 5 قطرے آدھی پیالی پانی میں ملا کر پی لیں۔ اس پانی کو تھوڑا تھوڑا دن میں کئی بار لیں۔

### املی کے گودا کا ٹوٹکہ:

املی کا گودا 6 گرام 120 ملی لیٹر پانی میں دو گھنٹے تک بھگو کر چھان لیں اور پییں۔

### پودینہ کا مجرب نسخہ:

سونف، بڑی الائچی کے دانے، پودینہ ہر ایک ایک گرام 120 ملی لیٹر پانی میں پیس کر چھان لیں اور چھان کر پی لیں ضرورت ہو تو دن میں کئی بار لیں۔ قے سے آرام آجائے گا۔



## خون کی قے کا علاج (Hema Temesis)

خون بند کرنے والی ادویات خالی معدہ میں اثر کرتی ہیں۔ اگر معدہ میں غذا ہو تو اثر نہیں ہوتا۔ مریض کو آرام سے بستر پر لٹائیں، مندرجہ ذیل مجربات خونی قے کے لیے از حد مفید ہیں۔

1۔ کہربا شمعی پیس کر دو سے تین رتی ہمراہ شربت انجبار دیں۔ نہایت مفید ہے۔
2۔ دم الاخوائن، کہربا شمعی، سنگ جراحت، گیرو سونف، گیرو ہموزن سفوف بنائیں۔ خوراک آدھے سے ایک ماشہ ہمراہ ثابت انجبار دیں۔
3۔ دم الاخوائن، کندر، گل نار فارسی، گل ارمنی، گوند کیکر ہر ایک ایک ماشہ، شربت انجبار ایک تولہ میں ملا کر چٹائیں۔ از حد مفید ہے۔
4۔ کہربا شمعی تین ماشہ، دم الاخوائن تین ماشہ، طباشیر اصلی تین ماشہ، حب آلاس تین ماشہ، جڑ انجبار پانچ ماشہ، نشاستہ 9 ماشہ، سب کا سفوف بنا کر رکھیں اور تین سے چار ماشہ سفوف شربت انجبار دو تولہ میں ملا کر عرق گاؤزبان یا پانی کے ساتھ کھلائیں۔
5۔ زہر مہرہ چار رتی، طباشیر چار رتی، کہربا شمعی دو رتی کو باریک پیس کر مربہ آملہ بنارسی ایک عدد میں ملا کر کھلائیں۔ بارہا کا تجربہ شدہ ہے۔
6۔ ہاتھ پیروں کا کس کر باندھنا اور پنڈلیوں پر خالی سنگیاں کھچوانا بھی مفید ہے۔
7۔ کہربا شمعی باریک پیس کر دو رتی سے تین رتی ہمراہ شربت انجبار دیں۔

## مولی کے بیج دوائے قے

مولی کے بیج باریک کوٹ کر چھ ماشہ کے وزن سے گرم پانی کے ساتھ پھنکا دیں۔ گندا مواد خارج ہو کر بوس جاتا رہے گا۔

### سوئے کے بیج بے ضرر دوا:

سوئے کے بیج باریک کر کے بقدر ایک تولہ ہمراہ آب گرم کھلا دیں تو کھل کر قے ہوتی ہے۔ یہ دونوں بے ضرر قے آور دوائیں ہیں۔ جب ضرورت پڑے انہی کو برتنا

چاہیے۔

## قے کی زیادتی کا لاجواب نسخہ

مغز کنول گٹہ 20 گرام، طباشیر، نارجیل دریائی ہر ایک 10 گرام، تخم الائچی خورد 5 گرام، سب کا سفوف بنا کر پوٹلی میں باندھ دیں۔ اس پوٹلی کو کدو میں رکھ کر سوراخ بند کر کے بھٹی میں رکھ دیں۔ جب کدو پک جائے، تو اس میں سے ادویہ کی پوٹلی نکال لیں اور ادویات کو عرق گاؤزبان میں کھرل کر کے شیشی میں رکھیں۔ بوقت ضرورت شربت انار یا شربت لیموں یا عرق گاؤزبان کے ساتھ $1\frac{1}{2}$ گرام تک کھلائیں۔ ہر قسم کی قے بند ہو جاتی ہے۔

## قے بند ہونے کی گولیاں

بھنگ ایک تولہ، کافور ایک تولہ، کھرل کر کے دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنائیں ضرورت کے وقت ایک ایک گولی، تین تین گھنٹہ کے بعد پانی سے کھلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ایک دو خوراک سے ہی کمی ہوگی۔ قے بند ہوگی خواہ وہ کسی وجہ سے آ رہی ہو۔

## خون کی قے کا ایک اور علاج

کہربا شمعی دو سے تین رتی ہمراہ شربت انجبار دینا از حد مفید علاج ہے یا دم الاخوین، کہربا شمعی، سنگ جراحت، گیرو ہموزن سفوف بنائیں خوراک $\frac{1}{2}$ سے ایک ماشہ ہمراہ شربت انجبار استعمال کرائیں۔ انشاء اللہ خاطر خواہ فائدہ حاصل ہوگا۔



باب۔51

# نکسیر (Epistaxis)

## نکسیر کا یونانی علاج

1۔ کشتہ سنگ جراحت (نیم کے پتوں میں تیار شدہ) چار سے چھ رتی تک صبح و شام مربہ آملہ میں دیں، نہایت مفید ہے۔

2۔ کہربا شمعی چار سے چھ رتی ہمراہ تازہ پانی یا شربت انجبار دیں۔ کامیاب علاج ہے۔

3۔ کہربا، طباشیر، سنگ جراحت ہر ایک چھ رتی باریک سفوف بنا کر مربہ آملہ میں ملا کر پہلے کھلائیں، اوپر سے لعاب بہی دانہ، شیرہ مغز کدو، شیرہ تخم خرفہ ہر ایک تین ماشہ، شیرہ عناب پانچ ماشہ، عرق گاؤزبان اڑھائی تولہ میں نکال کر شربت نیلوفر دو تولہ ملا کر پلائیں۔ نکسیر بند ہو جائے گی۔

4۔ گیرو دو تولہ لے کر باریک پیس کر پانی ملا کر ماتھے پر لیپ کرنے سے بعض اوقات نکسیر فوراً بند ہو جاتی ہے۔

5۔ گرمی و خشکی سے ہو تو روغن کدو، روغن بادام سر پر ملنا اور ناک میں ٹپکانا کامیاب ہے۔

6۔ تالو کے بال اُسترے سے صاف کر کے ملتانی مٹی ایک تولہ، برادہ صندل سفید تین ماشہ، دھنیا خشک تین ماشہ، کافور ایک ماشہ، تمام ادویات کو پانی میں یا کسی مناسب عرق میں پیس کر تالو پر لیپ کریں، اوپر کھدر کے کپڑے کی گدی بنا کر رکھ دیں اور پانی سے تر کریں، کامیاب علاج ہے۔ آزمودہ ہے۔

## پرانی سے پرانی نکسیر کو آرام

صرف تخم ریحان 9 ماشہ دودھ کی لسی سے پھانک لیں، پرانی سے پرانی نکسیر کو دو

تین دن میں آرام آجاتا ہے۔

## شربت بنفشہ سے نکسیر بند

شربت بنفشہ دو تولہ، عرق گاؤزبان پانچ تولہ میں ملا کر دیں اور دو تولہ گیرو کو پانی میں پیس کر پیشانی پر لیپ کریں۔ نکسیر بند ہو جائے گی۔

## عادتی نکسیر کا کامیاب علاج

عادتی نکسیر کے لیے اسبغول سالم ایک تولہ، شربت نیلوفر پانچ تولہ اور عرق بید مشک پانچ تولہ سے روزانہ دو ہفتہ دیں، کامیاب علاج ہے۔

## کشتہ سنگِ جراح

برگ نیم سبز 250 گرام کے بھرتہ میں سنگ جراح 60 گرام رکھ کر اور کپڑ مٹی کر کے اور ہوا سے بچا کر دس کلو اپلوں کی آگ دیں، سرد ہونے پر نکال کر سیاہ یا مٹیالے رنگ کا نرم چمکدار کشتہ برآمد ہوگا۔ اسے استعمال کرائیں۔ نکسیر کا کامیاب علاج ہے۔

مقدار خوراک: دو رتی سے چار رتی تک، خونی نکسیر، اسہال خونی، کثرت ایام میں مفید ہے۔

———❖❖❖———



باب۔52

# معدہ کی بیماریاں

## دردِ معدہ کا علاج

امرت دھارا (ست پودینہ ست اجوائن اور کافور ہموزن گھول بنالیں) دو سے تین قطرے چینی یا بتاشہ میں ملا کر کھلائیں۔

0 سدھا اجوائن ایک ماشہ ہمراہ آب کھلائیں۔

0 نمک سلیمانی دو سے تین ماشہ کھانا کھانے کے بعد کھلائیں۔

## معدہ کے درد کے لیے تیار شدہ دوائیں

**ہینگ کا لیپ:**

ہینگ ایک گرام تھوڑے سے پانی میں پیس کر لیپ بنالیں۔ ہلکا گرم کر کے پیٹ پر لگائیں۔

**تیار مرکب ادویہ:**

1. جوارش کمونی 6 گرام دن میں دو بار بعد غذا لیں۔
2. جوارش بسباسہ 5 گرام دن میں دو بار بعد غذا لیں۔
3. حب کبد نوشادری 2 گولیاں دن میں دو بار بعد غذا لیں۔
4. نمک جالینوس 2 گولیاں دن میں دو بار بعد غذا لیں۔
5. نمک سلیمانی ایک گرام دن میں دو بار بعد غذا لیں۔

سونف کے پانی کا نسخہ:

سونف، نرکچور، دارچینی ہر ایک ایک گرام اعلیٰ لیٹر پانی میں جوش دے کر چھان لیں دن میں دو بار بعد غذا لیں۔

اجوائن کا سفوف:

سونف، اجوائن، کالا نمک ہموزن باریک سفوف بنالیں ایک گرام ہلکے گرم پانی کے ساتھ دن میں دو بار بعد غذا لیں۔

کالے نمک کا سفوف:

کالا نمک بقدر ضرورت باریک سفوف بنالیں۔ 50 ملی گرام ہلکے گرم پانی کے ساتھ دن میں دو بار بعد غذا لیں۔

معدہ کے درد کا موثر علاج:

ہینگ دو رتی کو مویز منقیٰ (دانے نکال کر) میں رکھ کر گولی بنا کر مریض کو کھلائیں، بہت جلد درد معدہ بند ہو جاتا ہے۔ نیز بعض اوقات فم معدہ کا درد بہت شدید ہوتا ہے۔ درد کی شدت کی وجہ سے مریض نڈھال ہو کر کمزور ہو جاتا ہے، بعض اوقات مریض بے ہوش ہو جاتا ہے۔ اس کے لیے یہ علاج خاص طور پر مفید اور موثر ثابت ہوا ہے۔

درد معدہ کے لیے روٹی کا نسخہ:

روٹی درد معدہ اور قولنج ریحی کے لیے نہایت مفید ہے۔ مغز تخم بید انجیر۔ نمک سنگ۔ میدہ چوب ہر ایک ایک تولہ۔ آرد گندم نیم پاؤ دوائیں باریک کر کے آٹے میں ملا کر گوندھیں اور روٹی بنا کر ایک طرف سے پکائیں اور کچی طرف سے درد کی جگہ پر باندھیں۔ درد جلد کافور ہو جائے گا۔ انشاء اللہ۔

## معدہ میں ورم کا علاج

اگر معدے میں ورم ہو جائے تو ابتدا سے انتہا تک مریض کو شہد چٹاتے رہیں۔



انشاء اللہ تحلیل ہو جائے گا۔ یہ ورم پک گیا ہو تو شہد اسے پھاڑ دیتا ہے پھوٹنے کے بعد شہد کو پانی میں گھول کر پلایا جائے تو پیپ و آلائش وغیرہ صاف ہو جاتی ہے۔

## معدہ کی تیزابیت کی مجرب دوا

(معدہ میں تیزابیت ترشی) زیادہ ہو جانا۔ کھٹی ڈکاریں آنا۔ سینہ میں جلن ہونا۔ پیٹ میں گڑگڑاہٹ۔ نفخ شکم میں یہ دوا بہت مجرب ہے۔

پودینہ خشک کا نسخہ:

سونف۔ ہڑ زرد۔ گل سرخ۔ پودینہ خشک ہر دوا کا سفوف برابر برابر کھانڈ مطابق مٹھاس ملالیں۔ تین چار ماشہ دوا صبح و شام غذا کے بعد کھلائیں۔

## معدہ انتڑیوں کی رطوبت کی دوا

یہ دوا معدہ اور آنتوں کی غیر ضروری رطوبت کو چوس لیتی ہے۔ جس سے پیٹ میں گیس بننے کے سبب نفخ شکم۔ ریاح پیدا ہونا خمیری بدہضمی۔ معدہ اور آنتوں کی تیزابی سوزش دست و پیچش اور غذائی زہریلا پن جیسی امراض دور ہو جاتی ہیں۔

نہایت مجرب نسخہ:

کیکر کی لکڑی کا کوئلہ۔ ریوند چینی۔ طباشیر اصلی۔ سب دواؤں کا سفوف ہم وزن ایک ماشہ یہ دوا دن میں دو بار پانی کے ہمراہ کھلائیں۔ نہایت مجرب ہے۔

## معدہ میں جلن کا مفید علاج

اگر طعام غلیظ کے کھانے سے ہو تو مولی کے بیج اور شہد و نمک پلا کر قے کرائیں گرم مزاج میں شربت انار میں 4 تولہ گلاب اور لعاب اسبغول و تخم مرو ملا کر پلائیں اور سرد مزاج کے لیے زنجبیل مربیٰ۔ عرق سونف۔ دانہ الائچی اور پودینہ ملا کر دیں اور سونف منہ میں چبا کر اس کا رس چوسنا مفید ہے اور غذا میں پرندوں کا گوشت کھلائیں اور بلغم خام میں بلغم کے مقیات سے قے بتکرار کرائیں اور بلغم کے مسہل سے تنقیہ کریں اور مقویات معدہ سے

ہضم کی تجدید کریں اور جوارش مصطگی و جوارش عود کا استعمال کرائیں اور آملہ مربی و زنجبیل اور مانند اس کی اور سفوف بادیان مفید ہے۔

## معدہ کی قوت کے لیے حب ترش

مرد مزاج کے معدہ کو قوت دینے اور بھوک بڑھانے میں عجیب التاثیر ہے۔

آملہ منقی۔ پوست ترنج بادیان۔ گل سرخ۔ چھوٹی الائچی۔ صندل سفید۔ زیرہ سفید۔ پودینہ خشک ہر ایک 2 ماشہ۔ کشنیز مقشر۔ طباشیر ہر ایک 3 ماشہ نمک لاہوری 9 ماشہ نمک سیاہ 6 ماشہ انار دانہ ترش 4 تولہ زرشک پوست ساق ہر ایک 4 ماشہ باریک کر کے 6 عدد لیموں کاغذی کے پانی میں گوندھ کر نخود کے برابر گولیاں بنائیں اور پانچ چھ گولیاں ہر روز کھایا کریں۔

## معدے کے درد کے لیے جوارش عود

بھوک لاتی اور طعام کو ہضم کرتی اور معدہ کو قوت دیتی ہے۔ شربت سیب شیریں۔ شربت بہی ہر ایک ایک پاؤ۔ اب لیموں کاغذی 4 دام۔ عود۔ مصطگی ہر ایک 6 ماشہ۔ صندل سفید۔ پوست بیرون پستہ ہر ایک 3 ماشہ قوام کر کے پلائیں۔ معدہ کے درد سے آرام حاصل ہوگا۔

## تبخیر معدہ کے لیے مقوی

اجوائن 10 تولہ، نمک سیاہ 5 تولہ، نمک طعام 5 تولہ، نوشادر $2\frac{1}{2}$ تولہ، مرچ سیاہ $2\frac{1}{2}$ تولہ، میٹھا سوڈا $2\frac{1}{2}$ تولہ، زنجبیل $2\frac{1}{2}$ تولہ، حنظل 5 تولہ، مصبر $1\frac{1}{2}$ تولہ، نخودی گولیاں بنائیں۔ ایک ایک گولی صبح و شام تازہ پانی سے کھلائیں۔ فم معدہ کے درد، تبخیر معدہ کو مفید ہے۔

## معدہ کے بلغمی درد کے لیے نسخہ

درد معدہ اور نفخ معدہ کے دور کرنے اور ہضم طعام کی اعانت میں نہایت عمدہ نسخہ



ہے۔ نمک لاہوری نوشادر۔ فلفل سیاہ ہر ایک تولہ۔ دار فلفل 6 ماشہ۔ نمک سیاہ۔ سوہاگہ بریاں ہر ایک 4 ماشہ ہینگ بریاں 2 ماشہ باریک کر کے رکھیں وقت حاجت کے 2 ماشہ کھایا کریں۔ معدہ کے درد سے نجات مل جائے گی۔ انشاء اللہ۔

## معدہ کا ڈھیلا ہونا کا علاج

جوارش مصطگی یا جوارش آملہ کا استعمال کریں، اس سلسلہ میں روغن زیتون کا خوردنی استعمال بطور دوا غذا مفید ہے، زیادہ تیزابیت پیدا کرنے والی اغذیہ و ادویہ سے سخت پرہیز کرائیں۔

## درد معدہ کے لیے ٹکور

ٹکور۔ جو درد معدہ کے لیے نافع ہے۔ کنجد سیاہ۔ نانخواہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ نمک شور باریک کر کے سرکہ میں گوندھ کر پوٹلی باندھیں اور گرم کر کے پیٹ پر ٹکور کریں۔

**ٹکور کا دوسرا نسخہ:**

ریٹھہ۔ زنجبیل۔ نانخواہ۔ نمک سیاہ۔ زیرہ سیاہ۔ افسنتین۔ پودینہ خشک ہر ایک بقدر مناسب باہم ملا کر ٹکور کریں۔

## معدہ میں گرانی کا علاج

نوشادر، الائچی خورد ہر ایک دس گرام، مرچ سیاہ، نمک سیاہ ہر ایک پانچ گرام سب کو پیس کر شیشی میں رکھیں، خوراک دو رتی ہمراہ پانی۔

عام طور پر جب معدہ میں گرانی ہو۔ رطوبات فضلیہ کی وجہ سے یہ ان کو تحلیل کر دیتا ہے۔

## درد معدہ ساکن

آدھ پاؤ گرما گرم پانی میں تین تولہ مصری یا چینی ملائیں اور بطور چائے گھونٹ بھر بھر کے پئیں۔ انشاءاللہ درد معدہ ساکن ہو جائے گا۔

## تبخیر معدہ کے لیے لاجواب گولیاں

قشر لیموں، مصطگی رومی، الائچی خورد ہر ایک ایک تولہ، گلقند 4 تولہ، سب کو یکجان کر کے کوکن بیر کے برابر گولیاں بنالیں۔ ایک گولی صبح و شام پانی کے ساتھ کھلائیں۔ تبخیر معدہ کو تقویت ملے گی۔

## معدہ کی کمزوری کے چند نسخے

### عرق لیموں کا نسخہ:

نمک سیندھا 12 گرام، آبِ ادرک 60 ملی لیٹر عرق لیموں 60 ملی لیٹر تینوں کو اچھی طرح حل کر کے ایک صاف شیشی میں محفوظ کر لیں اور تین چار دن تک دھوپ میں رکھیں۔ ایک چائے کا چمچہ آدھ پیالی پانی میں ملا کر دن میں دو بار بعد غذا لیں۔

### معدہ کی کمزوری کے لیے سفوف:

لونگ 3 گرام، سنگدانہ مرغ 12 گرام باریک سفوف بنالیں۔ ایک گرام پانی کے ساتھ دن میں دو بار بعد غذا لیں۔

### عرق لیموں کی لاجواب گولیاں:

اجوائن، کالا نمک، ہموزن عرق لیموں کے ساتھ یا سرکہ کے ساتھ پیس لیں اور چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ دو گولیاں دن میں دو بار بعد غذا لیں۔



### گنوار گندل کے رس کا سفوف:

اجوائن دیسی کو ادرک کے رس میں، پھر لیموں کے رس میں، پھر گنوار گندل کے رس میں تر و خشک کر لیں اور سفوف بنائیں، خوراک 4 گرام۔ تمام امراض معدہ کا کامیاب علاج ہے۔

## معدہ کی سختی کے لیے عرق گھیکوار کا مجرب نسخہ

معدہ کی سختی اور کھردرا پن کے لیے مجرب ہے۔ مغز گھیکوار پچیس سیر۔ قند سیاہ آٹھ سیر۔ پوست ہلیلہ زرد۔ آملہ مقشر۔ نانخواہ۔ زنجبیل۔ فلفل سیاہ۔ سنبل الطیب۔ سعد کوفی ہر ایک نیم سیر۔ سہاگہ تیلیہ ایک پاؤ۔ قند سیاہ کا پانی میں شربت گھول کر دوائیں کوٹ کر ایک گھڑے میں ڈالیں اور گڑھا کھود کر اردگرد گھوڑے کی لید سے بھر دیں جب خوب جوش کھا جائے تو عرق نکالیں اور بار دیگر اسی کو دو آتشہ کریں اور بقدر 4 تولہ ہر روز پیا کریں۔

## معدہ کے اکثر امراض کے لیے سفوف مفید

سونف بریاں، دھنیا بریاں ہر ایک 200 گرام، ہرڑ زرد، ہرڑ سیاہ ہر ایک 100 گرام، نمک سیاہ 50 گرام، سب کو علاوہ نمک نیم کوفتہ کر کے گھی میں بریاں کریں۔ پھر نمک ملا کر سفوف تیار کریں۔ ایک ایک گرام بعد از کھلائیں۔ معدہ کے اکثر امراض کے لیے مفید ہے۔ بارہا کا آزمودہ ہے۔

## امراض معدہ کے لیے گولیاں

ہینگ اصلی، سہاگہ بریاں، سونٹھ، نمک لاہوری، ہر ایک 50 گرام، ہری مولی کے پتوں کا پانی پھاڑا ہوا 400 گرام کے ساتھ نخود کے برابر گولیاں بنائیں۔ ایک سے دو گولی ہمراہ پانی دیں۔ امراض معدہ و انتڑیوں کی تکلیف کا کامیاب علاج ہے۔

## اجوائن امراض معدہ میں مفید

اجوائن 12 گرام، نمک سیندھا 9 گرام، حنظل (تمہ) تازہ ایک عدد۔ اجوائن اور نمک ملا لیں اور اسے تمہ میں ڈال دیں، پھر اسے سایہ میں رکھیں اور خشک کر لیں۔ پھر اجوائن نکال کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔ یہ امراض معدہ میں مفید ہے اور مقوی معدہ ہے۔



باب۔53

# عورتوں کے امراض

## دودھ کی کمی کا یونانی علاج

**دودھ کی کمی:**

بعض اوقات زچہ کے پستانوں میں دودھ کی اس قدر کمی ہوتی ہے۔ کہ بچے کے لیے کافی نہیں ہوتا، دودھ کو بڑھانے کے لیے زچہ کو عمدہ اور مقوی غذا کھلائیں، خاص طور پر دودھ، مکھن، بالائی، میوہ جات، گیہوں کا دلیہ وغیرہ دیں۔

یونانی علاج میں مندرجہ ذیل نسخے اس مرض کا مؤثر علاج ہیں۔

**روغن زیتون کی مالش کا نسخہ:**

ارنڈ کے پتوں کو چھاتیوں پر باندھیں یا ارنڈ کا تیل (کیسٹر آئیل) کی چھاتیوں پر مالش کریں یا ارنڈ کے پتوں کی بھجیا پکا کر گرم گرم پستانوں پر باندھیں یا روغن زیتون کی چھاتیوں پر مالش کریں، نہایت مفید ہے۔

**ارنڈ کے پتوں کی پستانوں پر ٹکور:**

ارنڈ کے پتوں کو جوش دے کر اور اس میں صاف کپڑا بھگو کر پستانوں پر اس کی ٹکور کریں، دودھ بڑھ جائے گا۔

**ستاور کا نسخہ:**

ستاور مناسب مقدار میں دودھ گائے میں جوش دے کر چینی ملا کر پلائیں۔

### تودری سرخ سے علاج:

تودری سرخ 9 ماشہ ہمراہ دودھ گائے نیم گرم دیں۔

### سفوف کا نسخہ:

ستاور $\frac{1}{2}$ تولہ، سفوف $\frac{1}{2}$ تولہ، سفوف بنائیں، یہ سفوف پہلے کھلائیں، اوپر سے نخود تین تولہ ایک پاؤ دودھ گائے میں بھگو کر صاف کر کے یہ دودھ پلائیں۔

### زیرہ سفید کا چٹکلہ:

زیرہ سفید برابر چینی ملا کر ایک تولہ کی مقدار میں پانی سے کھلائیں۔

## دودھ کم پیدا ہونے کے چٹکلے

### سفوف کا نسخہ:

ستاور 25 گرام، زیرہ سفید 25 گرام، شکر 50 گرام پہلی دو دواؤں کا باریک سفوف بنالیں اور شکر ملالیں۔ 10 گرام ایک پیالی دودھ کے ساتھ دن میں دو بار لیں۔

### گاجر کے بیج کا سفوف:

سونف 30 گرام، گاجر کے بیج 30 گرام باریک سفوف بنالیں۔ 6 گرام ایک پیالی دودھ کے ساتھ دن میں دو بار لیں۔

### بنولہ کی گری سے علاج:

بنولہ کی گری 10 گرام باریک پیس کر 250 ملی لیٹر دودھ میں بقدر ضرورت شکر ملا کر کھیر بنالیں اور صبح لیں۔

### تیار ادویہ سے دودھ جاری:

1۔ لبوب اعظم 6 گرام سوتے وقت لیں۔

2۔ سفوف مزید شیر 3 گرام دن میں دو بار لیں۔



3۔ معجون ثعلب 6 گرام سوتے وقت لیں۔ پستانوں سے دودھ زیادہ جاری ہوگا۔

### دودھ کی افزائش کے لیے بہترین دوا:

مغز بنولہ ایک تولہ لے کر ایک پاؤ دودھ میں کھیر تیار کر کے مناسب میٹھا ڈال کر کھانا افزائش دودھ کی بہترین دوا ہے۔ چند روز استعمال کرائیں۔

### چٹکلہ:

زیرہ سفید 3 ماشہ ہمراہ دودھ کے دو وقت کھانا بہت مفید ہے اور کثرت سے دودھ پیدا فائدہ مند ہے۔

## پستانوں سے دودھ اُترنے کا نسخہ:

کئی عورتوں کو بچوں کو پلانے کے لیے کافی دودھ نہیں اترتا۔ ایسی حالت میں ان کی چھاتیوں پر ارنڈ کے پتے تیل سے چپڑ کر باندھ دیں اور پستانوں پر ارنڈ کے تیل کی مالش کرتے رہیں۔ سینکڑوں بار آزمانے پر سنیاسی نسخہ اتنا مجرب ثابت ہوا ہے۔ کہ اگر کنواری لڑکی کی چھاتیوں پر یہ عمل کیا جائے تو اس کو بھی دودھ پیدا ہونے لگ جائے گا۔ اس نسخہ سے پستانوں میں بچہ کی ضرورت سے بھی زیادہ دودھ پیدا ہو جاتا ہے۔

## دودھ کی زیادتی

جب دودھ پستانوں میں اس قدر پیدا ہو جائے کہ اس کی پرورش بدنی سے زیادہ ہو تو اس حالت میں دودھ پستانوں کی طرف دورانِ خون تیز ہو کر اس میں ورمی مادہ پیدا ہو جاتا ہے۔

اگر بچہ کا دودھ چھڑانے کے سبب سے ہو تو ایک بوتل میں تیز گرم پانی ڈال کر بوتل کو خالی کر دیں اور فوراً سر پستانوں سے لگا دیں تو اس طریقہ سے پستانوں سے دودھ نکال لیں اور اگر اس تدبیر سے آرام ہو تو مندرجہ ذیل لیپ لگائیں۔

## پستانوں سے دودھ خشک کرنا

بوقت ضرورت پستانوں پر دھتورے کے پتے گرم کر کے باندھیں۔ صرف دو تین بار کے باندھنے سے دودھ خشک ہو جاتا ہے۔ بالکل آسان ترکیب ہے۔

## دودھ کا رُک جانا

نمکین گرم پانی سے پستانوں کو دھونا از حد مفید ہے۔ نمک دو تولہ کو پانی ایک سیر میں جوش دے کر دیگر گرم گرم ٹکور کریں آرام ہوگا۔

## پستانوں پر پھٹکڑی کا لیپ

مردار سنگ، زیرہ سیاہ، میتھی، مسور، سرکہ، تمام ادویات ہموزن پیس کر سرکہ سے لیپ بنالیں۔ پستانوں سے دودھ دھو کر اس کو لگا دیا کریں۔ آٹھ پہر میں دو دفعہ۔ اسی طرح پھٹکڑی پستانوں پر لگانا بھی یہی حکم رکھتی ہے۔

## پستان کا ورم دور کرنے کے نسخے

**پہلا نسخہ:**

ٹیسو کے پھول 25 گرام آدھا لیٹر پانی میں جوش دے کر چھان لیں۔ اس پانی سے پستان کی ٹکور کریں۔ ورم آہستہ آہستہ کم ہو کر ختم ہو جائے گا۔

**دوسرا نسخہ:**

1۔ مرہم جدوار پستان پر لگائیں۔
2۔ ضماد جالینوس پستان پر لگائیں۔ ورم تحلیل ہو جائے گا۔

**تیسرا نسخہ:**

1۔ گرم پانی سے ٹکور کریں۔
2۔ اگر ورم پستان میں دودھ جمع ہو جانے کی وجہ سے ہو تو دودھ کو بریسٹ پمپ سے یا ہاتھ سے نکالیں اور بچہ کو متاثرہ جانب سے دودھ نہ پلائیں۔ ورم سے افاقہ ہوگا۔



**چوتھا نسخہ:**

عرق گلاب، اسپغول کی بھوسی، سرکہ بقدر ضرورت اسپغول کی بھوسی کو سرکہ اور عرق گلاب میں ملا کر پستان پر لگائیں۔

**پانچواں نسخہ:**

جدوار بقدر ضرورت تھوڑے سے پانی میں پیس کر پستان پر لگائیں۔

جب کسی وجہ سے زچہ کی چھاتیوں سے دودھ نہیں نکالا جاتا تو ان میں تناؤ پیدا ہو جاتا ہے اور پھر یہی تناؤ آہستہ آہستہ بڑھ کر ورم کی شکل اختیار کر لیتا ہے اور کبھی کبھی چھاتیوں پر چوٹ لگنے سے چھاتیاں سوج جاتی ہیں۔ بہر حال سوجی ہوئی چھاتیوں سے بچہ کو دودھ نہ پلائیں۔ البتہ پستانوں سے دودھ ضرور نکالیں اور یہ لیپ کریں۔

**خشک میووں کے لیپ کا نسخہ:**

منقا گٹھلی نکالی ہوئی دو تولے، مغز بادام دو تولے، کشمش دو تولے تینوں کو سل بٹہ پر پیس کر ہلکا گرم لیپ کریں۔

## گوکھرو کا لیپ

کوہ۔ گل خیرا۔ گوکھرو۔ زربی۔ افیون ہر ایک ایک ماشہ گھس کر نیم گرم لیپ کریں اور برگ نیم و برگ بکائن رگڑ کر باندھنا نافع ہے اور شیشم کے پتے اُبال کر اُن کے پانی سے ورم کو دھوئیں اور پتے گرم گرم ورم پر باندھیں۔

## پھوڑا پستان

میدہ گندم میں بیضہ مرغ کی زردی ملا کر دو تین دفعہ لگانے سے پھوڑا پھوٹ جاتا ہے، پھوٹ جانے پر یہی پلٹس لگائیں، زخم بھر جائے گا۔ انشاءاللہ۔

## عورت قابل اولاد

برگ نیم خشک، برگ مہندی، کشنیز، دھماسہ، کتھ سفید، کچور، چاکسو، زیرہ سفید، زیرہ سیاہ، صندل سفید، صندل سرخ، جدوار، گردساق، ریوند چینی، عصارہ ریوند، ریوند خطائی اجوائن خراسانی، اجوائن دیسی، اجوائن وَل، فلفل دراز، گیرو۔

سب ہم وزن کوٹ چھان کر آبِ گودہ کنوار میں تین سیر کھرل کر کے کنار دشتی گولیاں بنادیں۔ خوراک ایک گولی صبح نہار منہ ایک گولی شام ہمراہ آبِ تازہ۔ رحمی عوارض کو ختم کر کے عورت کو قابلِ اولاد بناتی ہیں۔

## جن عورتوں کے ہاں لڑکیاں پیدا ہوں

نرینہ: آک کے پھولوں کا زیرہ چھ ماشہ، زعفران چھ ماشہ، دونوں کو کھرل کر کے گولی دو دو رتی کی تیار کریں۔ آخر دوسرے ماہ اور اوّل تیسرے میں پندرہ دن کھلائیں اور قدرت خداوندی کا کرشمہ دیکھیں۔

## عورتوں کا بانجھ پن اور اس کا علاج

ایک سہل چٹکلہ:

جن عورتوں کے بچے تکلیف سے پیدا ہوتے ہوں ان کے لیے چاہیے کہ دردِزہ کے وقت دھنیا کے سبز پتے یا اس کی جڑ لا کر ران پر باندھ دیں اس کے باندھنے سے خدا کی عنایت سے بچہ بہت آسانی سے پیدا ہو جاتا ہے۔

حیرت انگیز ٹوٹکہ:

سنگِ مقناطیس کا ٹکڑا بوقت ولادت عورت کے ہاتھ میں دیں۔ حیرت انگیز ٹوٹکہ ہے۔

مردہ بچہ:

بچہ اندر ہی اندر مر جائے تو اسے جلد باہر لانا اشد ضروری ہے۔ کیونکہ عورت کی



جان کا خطرہ ہے۔ پھکنڈا کی جڑ کوٹ کر بتی بنا کر رحم میں رکھوائے۔

پھکنڈا کی جڑ کا لیپ:

زیادہ دیر ہو تو پھکنڈا کی جڑ پیس کر ناف کے نیچے لیپ کریں۔

بچہ تولد ہوگا:

پھکنڈا کا پودا معہ جڑ اکھاڑ لائیں اور عورت کے سر کی جانب سے آہستہ آہستہ پیٹ کی طرف لے جائیں۔ ناف کے قریب پہنچ کر کے یکدم آگے لے جائیں بچہ تولد ہوگا۔ یہ عمل ایک عجوبہ کرشمہ اور شانِ قدرت ہے۔

## بانجھ پن کی دوا

دندان فیل سوختہ، ریش برگد، ریش پیپل ہر ایک ایک تولہ، ماذو سبز، بذرالبنج ہر ایک 6 ماشہ، باریک کوٹ چھان کر شیر پیپل بقدر ضرورت میں حبوب بقدر کنار دشتی بنائیں خوراک 2 حب دن میں 3 مرتبہ ہمراہ دودھ تازہ بعد طہارت شروع کریں۔ صرف ایک ہفتہ ہر دفعہ مقاربت کے بعد تجربہ کریں۔ خدا تعالیٰ کامیابی دے گا۔ بانجھ پن کے لیے کامیاب دوا ہے۔

## بانجھ پن لونگ سے دور

لونگ مشہور چیز ہے، گرم مسالے میں پڑتے ہیں۔ خوشبو کے لیے ہنڈیا پلاؤ وغیرہ میں ڈالتے ہیں۔ ان کے استعمال سے بانجھ پن دور ہو جاتا ہے۔

## آسان عجیب وغریب نسخہ

اس دوا کے استعمال سے بانجھ پن مطلقاً نہیں رہتا۔ نہایت آسان عجیب وغریب نسخہ ہے۔ برگد کی داڑھی یعنی ریش کو سایہ میں خشک کر کے باریک پیس کر کپڑ چھان کر لیں۔ چار چار ماشہ صبح وشام دودھ کے ساتھ بانجھ عورت کو حیض سے فارغ ہونے کے بعد سات دن کھانا اس کو بامراد کردے گا۔ معمولی چیز سمجھ کر فائدہ نہ اٹھانا بے عقلی ہے۔

## حمل قرار پانے کا عجیب نسخہ:

سونف پاؤ بھر، ریش پیپل پاؤ بھر، شکر سرخ پاؤ بھر باریک پیس کر ملا دیں اور جس روز حیض شروع ہو اسی روز سے میاں بیوی دونوں ہی صبح و شام ایک ایک تولہ کے حساب سے گرم دودھ کے ہمراہ استعمال کرنا شروع کریں اور دس روز استعمال کر کے گیارھویں شب مباشرت کریں۔ اُمید غالب ہے کہ اسی رات حمل قرار پائے گا۔ نہایت عجیب و غریب اور بہترین نسخہ ہے۔ ریش پیپل میں سونف کا اضافہ ایک بیش بہا اور سونے پر سہاگہ ہے بنائیں اور آزمائیں۔

## بانجھ عورتوں کو حمل ٹھہرانے والا نسخہ

اصلی نیپالی کستوری، کیسر، جائفل، سپاری دکھنی ہر ایک دوا دس ماشہ۔ پرانا گڑ جو کم از کم دس سال پرانا ہو۔ 13 ماشہ بھنی ہوئی بھنگ دو ماشہ۔ لونگ چار عدد۔ سفید کنڈیاری کی جڑ (ستیاناسی کی جڑ) سوا تولہ، سب دواؤں کے سفوف کو کھرل میں ڈال کر 24 گھنٹے تک کھرل کریں اور پانی کی مدد سے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالیں۔ یہ گولیاں عورت کو کھلاتے رہنے سے رحم (بچہ دانی) کے نقص دور ہو کر عورت کو حمل ٹھہر جاتا ہے۔ ایک ایک گولی گائے کے میٹھے دودھ کے ساتھ صبح شام تین دن تک کھلانے سے حمل ٹھہر جاتا ہے۔

## حمل قرار پانے کا چٹکلہ

تخم درخت پیپل بقدر 4 ماشہ کھیر دودھ گاؤ میں قبل از دو یوم شروع ایام حیض سے کھایا شروع کریں اور ایک ہفتہ بوقت صبح نہار منہ استعمال کریں، بعد میں ہم بستر ہوں انشاء اللہ حمل قرار پائے گا۔

## حاملہ کے دست

زیرہ بھونا ہوا، سونف، دھنیاں برابر کپڑ چھان کر کے 3 گرام تازہ پانی سے دیں۔ چار خوراک روزانہ دینے سے آرام ہوگا۔ اور دستوں سے آرام ملے گا۔



## حاملہ عورت کے بخار کا علاج

سرخ صندل۔ خس۔ سرسوں سفید۔ کنول کی جڑ۔ ملٹھی ہم وزن لے کر کاڑھا بنا لیں اور بعد میں شہد اور مصری ملا کر چار تولہ پلائیں۔ بخار اُتر جائے گا۔ انشاء اللہ

## حاملہ نہ ہونے کی دوا

چنبیلی کی ایک کلی اگر عورت نگل لے تو ایک سال حمل نہ رہے۔ اسپند نا گوری جلا کر کھانا مانع حمل ہے۔

### زنجور کا نسخہ:

کالی زیری۔ تخم بلیلہ کابلی۔ ناگیسر۔ زنجور۔ کلونجی کا پھل ہر ایک پانچ درم کوٹ چھان کر گولیاں بنائیں۔ حالت حیض میں سات یوم تک ایک ایک گولی کھلائیں۔ حمل نہیں ہوگا۔

### مینڈک کی ہڈی کا چٹکلہ:

مینڈک کی ہڈی پاس رکھنے سے عورت حاملہ نہ ہوگی۔ یا سانپ کے دانت اپنے پاس رکھے۔ دو سال تک حمل نہیں ٹھہرے گا۔ آزمالیں۔

## حمل قرار پانے کی شرطیہ دوا

یہ دوا بانجھ عورتوں کو کافی عرصہ تک کھلاتے رہنے سے ان کو حمل قرار پا جاتا ہے آسان مجرب راز ہے۔ درخت پیپل کی داڑھی۔ ناگ کیسر۔ اسگندنا گوری۔ مصری ہر دوا کو الگ الگ پیس کر برابر وزن میں ملائیں، ایک ماشہ دوا صبح کے وقت تازہ پانی کے ساتھ کھلاتے رہیں۔ انشاء اللہ حمل ساقط نہ ہوگا اور تندرست و توانا بچہ پیدا ہوگا۔

## ماہواری کا درد کے ساتھ آنا

### ہینگ کا نسخہ:

ہینگ 500 ملی گرام، گڑ 6 گرام ہینگ کو گڑ میں ملالیں اور ماہواری کے دنوں میں

5 سے 7 دنوں تک روزانہ صبح لیں۔

**مرکی سے پُراثر علاج:**

مرکی 6 گرام، ابہل 6 گرام 120 ملی لیٹر پانی میں جوش دے کر چھان لیں۔ ماہواری بند ہونے کے بعد 7 سے 10 دن تک روزانہ صبح لیں۔

**بائبڑنگ کی دوا:**

سونٹھ، بائبڑنگ، گڑ ہر ایک 6 گرام 180 ملی لیٹر پانی میں جوش دے کر چھان لیں۔ ماہواری بند ہونے کے بعد 7 سے 10 دن تک روزانہ صبح لیں۔ ماہواری درد سے نہیں آئے گی۔

**ریوند چینی کا سفوف:**

ریوند چینی 10 گرام باریک سفوف بنا لیں۔ ماہواری بند ہونے کے بعد 7 سے 10 دن تک روزانہ صبح لیں۔ ماہواری معمول کے مطابق آئے گی۔

## ماہواری کا رُک جانا

**سویا کے بیج کا نسخہ:**

گوگل، سویا کے بیج، نمک سینڈھا، مویز منقیٰ ہموزن پہلی تین دواؤں کا باریک سفوف بنا کر بقدرِ ضرورت مویز منقیٰ میں بھر دیں۔ فرزجہ کی طرح مہبل میں سوتے وقت رکھیں اور صبح نکال دیں۔

**مرکب ادویہ سے علاج:**

1۔ معجونِ قرطم 7 گرام سوتے وقت لیں۔

2۔ جوارش قرطم 7 گرام سوتے وقت لیں۔

3۔ حبِ مدر ایک گولی ہلکے گرم پانی کے ساتھ دن میں دو بار لیں۔



**مرکب اجزاء کا پُراثر پانی:**

سوئے کے بیج، مولی کے بیج، گاجر کے بیج، میتھی کے بیج ہر ایک 3 گرام 250 ملی لیٹر پانی میں اتنا جوش دیں کہ پانی آدھا رہ جائے۔ پھر چھان لیں۔ دن میں دو بار لیں۔

**کاسنی کے بیج کا نسخہ:**

گوکھرو، خربوزہ کے بیج، ککڑی کے بیج، کھیرے کے بیج، پرسیاؤشاں، کاسنی کے بیج، ابہل ہر ایک 4 گرام 250 ملی لیٹر پانی میں اتنا جوش دیں کہ پانی آدھا رہ جائے۔ پھر چھان لیں۔ دن میں دو بار لیں۔ ماہواری وقت پر آئے گی۔ انشاء اللہ۔

## حمل نہیں ہوگا

ایک ایسا روغن جس کے طلا کرنے سے حمل نہیں ہو سکتا وہ روغن بنولہ ہے، جس کو اگر بوقت مجامعت استعمال کیا جائے تو حمل نہیں ہوتا۔

## حمل کا گر جانا کا علاج

مغز کرنجوہ سات دانہ سرخ ریشمی ڈورے میں پرو کر حاملہ عورت کی کمر میں باندھیں۔ اسقاط سے محفوظ رہے گی یا تخم شونگلی پختہ چاندنی یکشن میں لے کر اور عورت کے سایہ سے بچا کر سایہ میں خشک کریں روزانہ تین دانہ صبح باسی پانی سے دیں اور اولاد نرینہ صاحب عمر پیدا ہوگی۔

## اولاد نرینہ کے لیے معجون کا نسخہ

شربت بالنگو اور ماء الاصول و شربت بزوری پلائیں اور مصالح دار پلاؤ کھلایا کریں اور دو تین دفعہ قے اچھی زور کی کرائیں ضرورت کے وقت حب ایارج سے تنقیہ کریں دواء المسک کھلانا نافع ہے اور رحم کو خوشبودار غالیہ اور روغن خلوق و روغن زنبق سے حقنہ کریں اور یہ معجون نہایت نافع ہے۔ زرنباد۔ درونج ہر ایک 2 تولہ مروارید ناسفتہ کہربا۔ عود ہر ایک 3 تولہ اشنہ۔ سنبل ہر ایک نیم تولہ باریک کر کے شہد میں معجون بنائیں اور ایک 6 ماشہ ہر روز کھلایا

کریں۔

### معجون جوارش لولو:

جوارش لولو محافظت جنین کے لیے نہایت نافع ہے۔ مروارید ناسفتہ عاقر قرحا ہر ایک 2 تولہ زنجبیل۔ مصطگی ہر ایک 4 تولہ زرنباد۔ درونج۔ تخم کرفس۔ شیطرج۔ قاقلہ۔ جوز بوا۔ بسباسہ۔ تج ہر ایک 2 تولہ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ فلفل دراز۔ فلفل گرد ہر ایک 3 تولہ دار چینی 5 تولہ شکر سفید 2 چند ڈال کر بدستور معجون بنائیں خوراک 6 ماشہ۔ یہ رحم اور معدہ دونوں کی اصلاح کرتا ہے اور اسقاط کی محافظت کے لیے حمل ٹھہرنے کے ایام سے بچہ جننے تک کھلاتے رہیں بشرطیکہ طبیعت میں حرارت شدید نہ ہو۔

### اسقاط کے لیے نافع سفوف:

سفوف بھی اسقاط کے لیے نہایت نافع ہے۔ جند بیدستر نیم درم۔ تخم کرفس۔ بادیان۔ انیسون۔ نانخواہ۔ صعتر، انجدان۔ خولنجان ہر ایک 3 تولہ سفوف بنا کر ایک 3 ماشہ کھایا کریں۔

### روغن زنبق کی مالش:

اگر باد غلیظ رحم میں اسقاط کا باعث ہو تو روغن زنبق وخیری اور چنبیلی سے کنج ران اور پیڑو پر مالش کریں اور نخود آب شیرہ خشک دانہ میں پکا ہوا اور گوشت کبک اور تیتر کا کھلائیں اور اس معجون کا استعمال کریں۔ زرنباد۔ درونج۔ حلتیت۔ جند بیدستر۔ مازو۔ طباشیر ہر ایک ایک تولہ زنجبیل 2 تولہ کستوری آدھا ماشہ شہد کف گرفتہ میں معجون بنائیں۔

### اولاد نہ ہونے کا مجرب نسخہ:

گائے کے پتہ کا پانی جس نے ابھی بچہ نہ دیا ہو۔ کسی شیشی میں سنبھال رکھیں اور بعد از فراغت حیض تین روز دو دو قطرے دونوں کانوں میں علی الصبح ڈال دیں۔ انشاء اللہ تمام عمر اولاد نہ ہوگی یہ نسخہ مجرب ہے۔



### کریر کے پھول سے حمل ساقط:

یہ دوا سہل الحصول اور بے ضرر ہے کریر کے پھول جو سفید ہوتے ہیں (جو عموماً جنگل میں پایا جاتا ہے، جس کے پھل کا اچار بناتے ہیں) جسے پنجابی میں ڈیلے کہتے ہیں۔ اس کے پھول خواہ خشک ہوں یا تازہ بقدر 3 تولہ گھی وغیرہ ڈال کر بھوجی بنا کر ایام ماہواری کے فارغ ہونے سے تین دن کھلائیں۔ اس سے بھی ایک سال حمل نہیں ہوتا، پھر دوسرے سال بھی اس سے یہی فائدہ اُٹھائیں۔ دوسرے سال بھی حمل نہیں ٹھہرے گا۔

### کوڑیاں زرد سے حمل کئی سال ساقط:

عورت جتنے سال تک حمل روکنا چاہے اتنی کوڑیاں زرد جو باریک زردی مائل بقدر دانہ چنے کے برابر ہوں، حیض سے فراغت کے بعد غسل کر کے فوراً اتنی کوڑیاں نگلوا دیں شام کو اسی کے ہمراہ روٹی بھی کھلا دیں بحکم خدا اتنے سال حمل نہ ہوگا۔ آزمودہ نسخہ ہے۔

### رحم میں حمل کی استعداد:

حرمل دس ماشہ، تین روز متواتر کھلائیں۔ رحم کے وہ تمام فضول مادے مانع حمل خارج ہو کر رحم میں حمل کی استعداد پیدا ہوگی۔ اس کی تاثیرات کی علامت یہ ہے کہ اس کے استعمال کے تیسرے دن عورت کو قے ہو جائے گی۔

### حمل ٹھہرانے کا زود اثر نسخہ:

قلب الحجر 4 رتی، طباشیر ایک ماشہ، مویز 2 عدد ملا لیں، یہ ایک خوراک ہے۔ حمل ٹھہرنے کے بعد اسے شروع کر دیں، پہلے ماہ صبح شام ایک ہفتہ تک دیں، پھر بند، اسی طرح دوسرے تیسرے ماہ تک دیں ہمراہ دودھ یا پانی تازہ، جب چوتھا مہینہ شروع ہو تو قلب الحجر والا نسخہ صبح و شام دیں، مگر 4 دن تک، پانچویں، چھٹے ماہ تک جاری رکھیں، جب ساتواں ماہ شروع ہو صرف 2 دن آٹھویں نویں مہینے تک دیں، حمل مکمل ہو کر طاقتور تندرست بچہ پیدا ہوگا۔

## حمل نہ ٹھہرنے کا علاج:

چترک کی جڑ کا سفوف ایک تولہ کالی مرچ دو ماشہ، سہاگہ بریاں دو ماشہ، ہلدی ایک ماشہ ان ادویات کو لے کر کوٹ پیس کر اور چھان کر سفوف بنالیں، پھر اس کی 16 خوراکیں کریں اور جس دن سے ایام جاری ہو، اُسی دن سے ایک ایک خوراک صبح وشام تازہ پانی سے لے لیا کریں، آٹھ دن لگا تار استعمال کریں، اس سے حمل نہیں ٹھہرے گا۔

## چلبہ کے پتوں سے عورت حاملہ نہ ہونے کا چٹکلہ:

چلبہ کے جتنے پتوں کو رات کو پانی میں بھگو کر صبح اسی پانی سے ان پتوں کو گھوٹ کر ماہواری کے دنوں میں عورت پی لے تو اُسے سال تک عورت حاملہ نہ ہوگی۔

## جائفل کا نسخہ:

جائفل کو پیس کر تین سال کے پرانے گڑ کے ساتھ ایام کے دنوں میں استعمال کرنے سے عورت حمل قبول نہیں کرتی۔

## حمل نہ ہونے کے چند مزید نسخے

پہلا نسخہ: کایا پھل کی چھال کا سفوف، ناگ کیسر، کچور، چھوٹی ہرڑ، کلونجی، کالا زیرہ ہر ایک برابر وزن لیں، ان کو کوٹ پیس کر اور چھان کر پانی کی مدد سے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔ ایک گولی ہر روز صبح دودھ سے سات دن تک لیں۔ اس سے حمل نہ ہوگا۔

دوسرا نسخہ: عورت کو بعد فراغت حیض گھونگچی شدہ ایک عدد کھلانے سے ایک سال تک حمل نہیں ہوتا ہے۔

تیسرا نسخہ: حیض سے فراغت کے بعد چار ماشہ ہلدی روزانہ صبح تازہ پانی سے ایک ہفتہ تک استعمال کرانا مانع حمل ہے۔

چوتھا نسخہ: عضو مخصوص پر میٹھا تیل یا کیسٹر آئیل اچھی طرح لگا کر ملاپ کرنا مانع حمل ہے۔



پانچواں نسخہ: نیم کی نمولی شدہ ایک کھلانے سے ایک سال، دو کھلانے سے دو سال تک حمل قرار نہیں پاتا۔

چھٹا نسخہ: مغز تخم ارنڈ شدہ سالم ایک عدد کھانے سے ایک سال اور دو سے دو سال تک حمل قرار نہیں پاتا۔

ساتواں نسخہ: سرمہ سفید کو بھیڑ کے دودھ میں دو روز کھرل کریں اور دو پیالوں میں بند کر کے دس بارہ سیر اُپلوں کی آنچ دیں، ٹھنڈا ہونے پر باریک پیس کر رکھیں، ماہواری ختم ہونے کے بعد ایک رتی کی مقدار میں روزانہ چار پانچ دن کھلائیں، اس سے حمل قرار نہیں پاتا ہے۔

باب۔54

# بخاروں کی قسمیں

## پرسوت کا بخار اور اس کا علاج

بیج خطمی، سونف، عنب الثعلب، ملٹھی چھلی ہوئی، چھلکا جڑ کپاس، بیج خربوزہ ہر ایک چھ ماشہ، ان سب ادویات کو ڈیڑھ پاؤ پانی میں جوش دیں اور مل چھان کر اس میں خمیرہ بنفشہ دو تولہ مل کر اور صاف کر کے پلائیں، تقویت کے لیے خمیرہ گاؤزبان و بید مشک دیں یا مشکطرامشیع ایک تولہ، چھلکا املتاس 9 ماشہ، پوست خربوزہ سونف، پرسیاؤشاں ہر ایک سات ماشہ، سب کو تین پاؤ پانی میں جوش دیں، جب تہائی رہ جائے تو صاف کر کے موسم سرما میں گڑ چار تولہ ملا کر اور موسم گرما میں شربت بزوری دو تولہ ملا کر تین روز تک بجائے آب دانہ کے تھوڑا تھوڑا پلاتے رہیں، اس سے بند نفاس جاری ہو جاتا ہے۔

## لہردار بخار کا علاج

0 مروارید ناسفتہ 20 عدد، مویز منقیٰ 3 عدد، جاوتری 4 ماشہ پیس کر گولیاں بقدر نخود بنائیں اور اُوپر ورق سونا چڑھائیں، ہر چار گھنٹہ بعد ایک گولی کھلا کر اُوپر سے یہ مطبوخ پلائیں۔

0 مویز منقیٰ 5 عدد، لسوڑیاں 7 عدد، ملٹھی چھلی ہوئی 6 ماشہ، خوب کلاں مدبر 5 ماشہ، گل گاؤزبان 3 ماشہ، عناب 5 دانہ، انجیر ایک دانہ جوش دے کر پلائیں۔

0 خمیرہ مروارید 5 ماشہ کھلا کر اُوپر سے عناب ولایتی 7 عدد، مویز منقیٰ 5 عدد، انجیر ولایتی ایک عدد، گاؤزبان 3 ماشہ، تخم خیارین 6 ماشہ، خاکسی 5 ماشہ، سب ادویہ کو ایک پاؤ پانی میں جوش دے کر صاف کر کے مصری ملا کر پلائیں۔



## برف کے ٹکڑے سے مریض کا علاج:

اگر مریض کو قے زیادہ آتی ہو تو برف کے ٹکڑے چسوائیں یا زہر مہرہ تین ماشہ، ہار جیل دریائی تین ماشہ، عرق گلاب اور عرق بید مشک سے پیس کر بار بار پلائیں۔

## چوہا کاٹے کے بخار کا علاج

جس جگہ چوہے نے کاٹا ہو، اس مقام پر سینگیاں کھچوائیں، پھر سرکہ کے محلول سے دھودیں، کھانے کے لیے لہسن و پیاز کا استعمال کریں، سم الفار کے مرکبات اس مرض میں نہایت مفید ہیں۔

## شدید بخار کا شربت انارین سے علاج:

شدید بخار کو دُور کرنے کے لیے قرص کافور تین ماشہ، شربت انارین ایک تولہ میں ملا کر کھلائیں، اُوپر سے آب کاسنی تازہ مروق ہر ایک سات تولہ، سکنجبین سادہ تین تولہ میں ملا کر پلائیں اور کشتہ سم الفار $\frac{1}{2}$ چاول مویز منقیٰ میں رکھ کر کھلائیں۔

## کالا بخار کا علاج

کشتہ سم الفار ایک رتی، کونین، نوشادر، مرچ سیاہ، مغز تخم کرنجوہ ہر ایک تین ماشہ، سب ادویہ کو پیس کر لیموں کے رس سے کھرل کر کے گولیاں بقدر $\frac{1}{8}$ رتی بنائیں، خوراک ایک سے دو گولی صبح و شام ہمراہ شربت بنفشہ و عرق گلاب دیں۔

## باری کا بخار ختم

اقاقیا، مرچ سیاہ، تخم دھتورہ سیاہ، افیون برابر وزن کوٹ کر چنے برابر گولیاں بنا لیں۔ ایک گولی باری سے 2 گھنٹہ پہلے گرم پانی سے دیں۔ تین دنوں میں باری کا بخار ختم ہو جائے گا۔ برگ بوٹی ہلہل 3 یا 4 عدد مل کر باری کے دن کلائی پر باندھیں، باری رک جائے گی، مجرب ہے۔

## بلغمی بخار کی دوا

ہڑتال گودنتی ایک پاؤ، ابرک سیاہ 10 تولے، ناقوس 5 تولے، سبز کاہی ایک تولہ سب کو آب برگ دودھی خورد، آب کنائی، آب برگ مدار، آب برگ دھتورہ ہم وزن میں ایک ہفتہ کھرل کریں اور ایک ٹکیہ بنا کر ایک من اُپلوں کی آگ دیں۔ پھر نکال کر عرق گاؤ زبان میں دو روز کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

خوراک: ایک سے چار رتی تک ہمراہ شربت بزوری، شربت صندل وغیرہ سرد مزاج والوں کو دودھ یا چائے سے دن میں تین مرتبہ یہ دوا بلغمی بخاروں کے مقابلہ کا اثر رکھتی ہے۔

## قحط کے بخار کا علاج

حب سم الفار یا جوہر سم الفار مناسب مقدار میں استعمال کریں۔ قرص طباشیر کافوری کا استعمال بھی مفید ہے۔ کمزوری کے لیے خمیرہ مروارید یا خمیرہ گاؤ زبان عنبری 5 ماشہ کا استعمال کریں، علاوہ ازیں ملیریائی بخاروں میں دی جانے والی تمام ادویات اس مرض میں مفید ہیں۔

## ملیریا بخار کی تریاق گولیاں

مغز کرنجوہ 2 تولہ، مگھاں، کیکر کے پتے، زیرہ سفید، پھٹکڑی سفید ہر ایک $2\frac{1}{2}$ تولہ، کشتہ ہڑتال گودنتی نیم ملا $1\frac{1}{2}$ تولہ پیس کر گوند کیکر کے لعاب میں چنے کے برابر گولیاں بنالیں، ملیریا بخار میں قبض دُور کر کے دو گولیاں سادہ پانی سے دیں۔ ہر قسم کے بخاروں کے لیے تریاق ہے۔

### ابرک سفید کا مجرب نسخہ:

ملیریا کے لیے نہایت مفید و مجرب ہے۔ ابرک سفید 50 گرام لے کر بھوکاٹ کے پانی میں کھرل کریں پھر اسی کے نغدہ میں رکھ کر دس کلو اُپلوں کی آگ دیں، کشتہ برگ سونا ہوگا۔ ایک سے دو رتی ہمراہ شربت سکنجبین استعمال کرائیں۔



## دوا مجرب بخار ملیریا

پھٹکڑی بریاں 2 تولہ، کوڑ 2 تولہ دونوں کو کوٹ کر باریک کر لیں، تین ماشہ صبح، تین ماشہ شام، شربت بزوری 4 تولہ، عرق گاؤ زبان 5 تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔ ملیریا بخار کا خاتمہ ہو جائے گا۔

## ملیریا بخار اُتارنے کا ٹوٹکہ

نمک لاہوری کو دو گنی کھانڈ میں پیس کر ملا لیں۔ دوا تیار ہے۔ دو تین ماشہ دوا چڑھے ہوئے بخار میں گرم دودھ یا پانی سے دیں۔ اسی وقت بخار اُتر جائے گا۔ اگر بخار کی شکایت رہے تو اس طرح کی ایک دو خوراکیں تین تین گھنٹے بعد دیں۔ سینکڑوں دفعہ کی آزمودہ ہے۔

## چڑھے ہوئے بخار کی دوا

بخار اتار دینے کے علاوہ یہ دوا مریض کے جسم کو طاقت بھی پہنچاتی ہے۔ سہاگہ بریاں اڑھائی تولہ، پھٹکڑی بریاں اڑھائی تولہ، فلفل دراز دو تولہ، مغز تخم کرنجوہ دو تولہ، کچلہ مصفا کا سفوف ایک تولہ، پہلے تمام دواؤں کے سفوف لے کر ملا لیں۔ تب کچلہ مصفا کو کھرل میں ڈال کر یہ ادویات تھوڑی تھوڑی مقدار میں کھرل کرتے جائیں۔ اس طرح لگاتار دس گھنٹہ تک کھرل کریں۔ مقدار ایک سے تین رتی کیپسول میں ڈال کر بخار چڑھنے سے تین گھنٹہ پیشتر دیں۔ بخار نہیں چڑھے گا۔ یہ دوا چڑھے ہوئے بخار کو پسینہ لا کر اتار دیتی ہے۔

## نمونیہ اور کھانسی کے لیے کامیاب نسخہ

جو ملیریا، نمونیہ اور کھانسی کے لیے مفید ہے۔ ہڑتال گئودنتی 80 گرام، اجوائن دیسی 40 گرام، نوشادر 10 گرام، پھٹکڑی سفید 10 گرام، گودہ گھیکوار (کنوار گندل) 4 کلو، ہانڈی مٹی پختہ ایک عدد، اُپلے 15 کلو۔

نسخہ کی تیاری:

ہانڈی میں پہلے دو کلو گھیکوار کا گودہ ڈالیں۔ اس کے درمیان میں گوز تی رکھ کر آدھی اجوائن بچھائیں اور پھر نوشادر و پھٹکوی کی ٹکڑیاں بنا رکھیں اور اوپر سے بقایا اجوائن ڈال کر باقی آدھا گودہ گھیکوار ڈال دیں اور ہانڈی کے منہ کو مٹی سے گل حکمت کر کے زمین کے اندر گڑھا کھود کر 15 کلو اپلوں کی آگ دیں۔ ہڑتال کے ٹکڑے بالکل پھولے ہوئے نکلیں گے۔ باریک پیس کر شیشی میں سنبھال رکھیں۔ خوراک ایک رتی سے ڈیڑھ رتی تک ہمراہ عرق سونف دیں۔ ملیریا کا کامیاب نسخہ ہے۔

## دافع ملیریا بخار کا حیرت انگیز سرمہ

مغز تخم نیم، زیرہ سفید، فلفل دراز ہموزن لے کر کریلے کے پانی سے دو گھنٹہ کھرل کر کے خشک کریں اور پھر دوسری مرتبہ اسی طرح کریلے کے پانی سے کھرل کر کے خشک کریں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔ سرمہ میں بہت تاثیر ہے۔

ترکیب استعمال: سرمہ کی طرح استعمال کریں۔

نسخہ کی تیاری:

چڑھے ہوئے بخار میں ایک ایک سلائی آنکھوں میں ڈالیں اس عجوبہ کی سلائی آنکھ میں ڈالنے سے گرم گرم پانی نکل کر بخار اُتر جاتا ہے۔

## ملیریا بخار کا طلسمی سرمہ

چیل کا ایک عدد (انڈا) سرمہ سیاہ ایک تولہ، انڈے کا تھوڑا سا چھلکا کاٹ کر انڈے کے اندر اسی سوراخ سے سرمہ بھر دیں اور نکالا ہوا چھلکے کا ٹکڑا اسی جگہ رکھ کر بند کر دیں اور اس انڈے کو اکیس روز تک کسی محفوظ جگہ میں رکھیں ازاں بعد پھر انڈے سمیت سرمہ کو کھرل میں ڈال کر باریک گھوٹ لیں۔ خوب باریک ہونے پر مندرجہ ذیل ادویات کو پیس کر سرمہ سا تیار کر لیں۔ سرد چینی ماشہ، دانہ الائچی چھوٹی ایک ماشہ، طباشیر ایک ماشہ، کافور ایک رتی گھٹ جانے پر اوپر کی چیزیں ملا کر پھر باریک پیس لیں۔



نسخہ کی تیاری:

تانبے یا سیسے کی سلائی سے یہ سرمہ آنکھوں میں لگائیں۔ کتنا ہی ملیریا بخار کیوں نہ ہو۔ اس کے لگانے سے فوراً اُتر جاتا ہے۔

## موسمی بخار کا یونانی علاج

مؤثر مجوہ باری کے بخار میں مفید دوا:

یہ طب قدیم میں کثیر الاستعمال ہے، باری کے بخار میں یہ دوا بہت مفید پائی گئی ہے۔ اس کو مرچ سیاہ کے ساتھ ملا کر دیں۔ خوراک 15 گرین ( $7\frac{1}{2}$ رتی ) سے 30 گرین (پندرہ رتی) تک۔

انیس کا نسخہ:

خاص کر باری کے بخاروں کے لیے زیادہ استعمال ہوتا ہے اور عام طور پر کونین کے مقابلہ کا فائدہ حاصل ہوتا ہے، خوراک پانچ گرین سے دس گرین تک دن میں دو سے تین بار دیں۔

چرائتہ کا لاجواب جوشاندہ:

یہ جاڑے سے شروع ہونے والے باری کے بخار اور معیادی بخاروں میں بھی مفید ہے۔ ترکیب یہ ہے۔

ایک اونس چرائتہ کو موٹا موٹا کوٹ کر گرم پانی دو اونس میں چھ گھنٹہ بھگو رکھیں، پھر چھان لیں، خوراک دو سے تین اونس تک دن میں تین بار۔ اگر اس میں ایک ڈرام پسی ہوئی لونگ یا دار چینی ملا دیں تو اس کا ذائقہ و اثر بڑھ جاتا ہے۔

گلو ایک مقوی دوا:

باری کے بخاروں میں اس کے استعمال سے بڑا فائدہ دیکھا گیا ہے۔ اس کی ایک

اونس کی چھلی ہوئی شاخوں کو دس اونس سرد پانی میں بھگو کر چھان لیں۔ اس کی خوراک ڈیڑھ سے تین اونس تک دن میں دو سے تین بار دیں۔ ملیریائی بخاروں کے لیے نہایت موثر علاج ہے۔

## کشتہ سنکھیا کا پر اثر فائدہ:

ملیریائی بخاروں میں سنکھیا سے فائدہ ہوتا ہے۔ یہ مانع مرض اور شافی مرض دونوں فوائد کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ اگرچہ اس کا فائدہ کونین سے کم ہے۔ مگر بعض پرانے ملیریائی امراض میں جب کونین موافق نہ ہو، سنکھیا سے بہت فائدہ ہوتا ہے، بقدر مزاج مناسب مقدار میں استعمال کر کے فائدہ اُٹھایا جا سکتا ہے۔

## کثیر الاستعمال کشتہ ابرک:

ابرک سفید ہو یا سیاہ، اس کا کشتہ اقسام بخار کے لیے طب قدیم میں کثیر الاستعمال ہے، بلکہ سل ودق میں بھی مفید ہے، خوراک ایک سے دو رتی تک۔

## کشتہ گؤدنتی:

یہ بالکل سہل الحصول اور بے ضرر دوائی ہے اس سے بہت فائدہ ہوتا ہے، خوراک دو رتی تک۔

## پھٹکڑی کی کھیل کا حیرت انگیز فائدہ:

سیاہ مرچ کے ساتھ اس کا سفوف ملیریائی بخاروں میں بکثرت مستعمل ہے اس کو اپنے مطب میں نہایت فخر کے ساتھ دیتے ہیں، مرکب سفوف کی مقدار آدھے سے ایک ماشہ تک ہے، بعض اوقات حیرت انگیز فائدہ ہوتا ہے۔

## نیم کی چھال بیش قیمت دوا:

باری کے بخاروں میں ایک بیش قیمت دوا ہے۔ جب بخار لرزہ کا حملہ ہونے والا ہو، اسے پہلے دو دو گھنٹہ کے وقفہ سے اس کا جوشاندہ پلانا مناسب ہے، طریقہ مندرجہ ذیل ہے۔



ہے۔ نیم کی چھال کا اندرونی حصہ دو اونس کوٹ کر تیس اونس پانی میں آدھا گھنٹہ تک جوش دیں۔ جب سرد ہو تو دو اونس یا تین اونس پلائیں۔

## ملیریا بخار کی گولیاں:

ست گلو، کونین ہر ایک ایک تولہ، گوند کیکر، طباشیر ہر ایک دو تولہ، سب کو پیس کر مونگ کے برابر گولیاں بنالیں، ایک گولی صبح و ایک شام ہمراہ دودھ دیں، اگر نوبت سے پہلے دیں تو بخار نہیں ہوگا۔

## چھلکا جڑ آک کی خاص گولیاں:

چھلکا جڑ آک (سایہ میں خشک کردہ) ایک تولہ، مرچ سیاہ ایک ماشہ، گائے کے دودھ میں چھ گھنٹہ تک کھرل کریں اور چنے کے برابر گولیاں بنائیں، بخار چڑھنے سے ایک گھنٹہ پہلے ایک گولی ہمراہ پانی یا دودھ دیں۔ مانع بخار ہے۔

## زود اثر کشتہ سفید:

ہڑتال گؤدنتی پانچ تولہ کو گلو سبز بیس تولہ کے پانی میں کھرل کر کے ٹکیاں بنائیں اور گلو کے نغدہ میں رکھ کر پانچ سیر اُپلوں کی آگ دیں، کشتہ سفید رنگ کا تیار ہوگا۔ بخار کی باری آنے سے پہلے دو سے تین رتی ہمراہ شربت نیلوفر و بنفشہ دیں، بخار نہ ہوگا۔

## مغز کرنجوہ کی گولیاں:

مغز کرنجوہ ایک ماشہ، مرچ سیاہ سات عدد پانی میں پیس کر گولیاں چنے کے برابر بنائیں، ایک گولی صبح، ایک گولی دوپہر اور ایک گولی شام کو دیں۔

## پرانا موسمی بخار کا نسخہ:

اجوائن دیسی ایک تولہ کو کورے کوزے میں $1\frac{1}{2}$ چھٹانک پانی میں بھگو دیں، گھوٹ چھان کر قدرے نمک ملا کر پلائیں، روزانہ ایک بار پلانے سے پرانا موسمی بخار

ڈور ہو جائے گا۔ کمزور مریضوں کو نصف خوراک دیں۔

## پرانا بخار کے لیے مفید چٹکلہ:

چرائتہ شیریں 9 ماشہ، گلو سبز کچلی ہوئی 9 ماشہ، خاکسی 9 ماشہ رات کو پانی میں بھگو کر کپڑے سے ڈھانپ دیں اور شبنم میں رکھیں، صبح نتھار کر پلائیں، اس میں ملٹھی چھلی ہوئی چھ ماشہ کا اضافہ کر کے بھی پلاتے رہیں، پرانے بخاروں کے لیے از حد مفید ہے۔

## حب نخودی کی گولیاں:

سکنجبین سادہ تین تولہ، عرق گاؤزبان 12 تولہ ملا کر پلائیں فلفل دراز، مغز تخم کرنجوہ ہر ایک ایک تولہ زیرہ سفید برگ ببول ہر ایک 6 ماشہ سب کو پانی کے ساتھ پیس کر حب نخودی بنائیں اور ایک ایک گولی صبح اور شام کھلائیں یا مغز کرنجوہ ایک ماشہ، مرچ سیاہ سات عدد پانی میں پیس کر حب نخودی بنائیں اور ایک ایک گولی صبح، دوپہر اور شام کو دیں۔

## تلسی کے پتوں کا ٹوٹکہ

نئے اور پرانے بخار کے واسطے بہت مفید ہے۔ سیماب مصفی، گندھک آملہ سار مدبر، کوڑ، پوست ہلیلہ زرد، پوست بیخ آک شدھ۔ مرچ سیاہ، مگھاں، کچلہ مدبر، مغز جمالگوٹہ مدبر یہ نو چیزیں کوٹ پیس کر دھتورہ کے رس سے آٹھ پہر کھرل کر کے ایک ایک رتی کی گولیاں بنا کر تلسی کے پتوں میں لپیٹ کر کھائیں۔

## ہر قسم کے بخار کا علاج

مغز کرنجوہ 2 تولہ، چرائتہ ایک تولہ، افسنتین ایک تولہ، زیرہ سفید 2 تولہ، کوڑ 10 تولہ، کہربا شمعی ایک تولہ، پھٹکڑی سفید ایک تولہ، ست گلو عمدہ خانہ ساز (اگر یہ میسر نہ ہو تو آرد گلو اس کے عوض ڈالیں) تخم کاسنی 2 تولہ، کشنیز 2 تولہ، الائچی سفید ایک تولہ، گل ارمنی 2 تولہ ہمہ را کوفتہ بیختہ در شیشی نگاہ دارند خوراک 2 رتی سے 3 رتی تک ہمراہ مناسب بدرقہ ہر ایک قسم کے بخار پر استعمال کریں۔



## خونی پیشاب سے آنے والے بخار کا علاج

سوڈا بائیکارب 30 گرین، گلوکوز چھ ڈرام کو آدھا پائینٹ پانی میں گھول کر چمچہ چمچہ پلائیں، آش جو دودھ ملا کر دیں۔ مریض کو آرام سے لٹائیں اور پائنتی کی طرف سے چارپائی کو اونچا رکھیں۔ اس مرض میں کھاری ادویات نہایت مفید ہیں۔

## جاڑے کا بخار کے لیے کالی مرچ کا نسخہ

جاڑے کے بخار کو روکنے میں یہ تدبیر بھی بہت پر اثر ہے کہ کالی مرچ کو باریک پیس کر گھی میں ملائیں اور مریض کے بدن پر نیم گرم مالش کر دیں۔ اس سے امالہ ہو کر کپکپی جاتی رہے گی۔

## وبائی بخار کا توڑ

وبائی بخاروں میں تازہ ٹھنڈا پانی شکم سیر پلایا جائے تو زہریلی حرارت بجھ جاتی ہے۔ اس کو تھوڑی مقدار میں ہرگز نہ پلائیں۔ ورنہ کوئی فائدہ نہ ہوگا اور حرارت زیادہ بھڑکے گی۔ جب پیاس لگے مریض کو خوب سرد پانی پلائیں۔

## گھی سے مہلک قسم کے بخار کا علاج

گھی کس گھر میں نہیں برتا جاتا مگر یاد رکھیئے کہ یہ صرف غذاؤں ہی کو لذیذ نہیں بناتا اس سے بعض مہلک قسم کے بخار دور ہوتے ہیں۔ چنانچہ ایام وباء میں اسے کھلاتے رہیں تو اس کا اثر نہیں ہوتا۔ اثر ہو گیا ہو تو زائل ہو جاتا ہے۔

## چوتھیا بخار دور

سونف کے سبز پودے مل جائیں تو ان کو کوٹ کر پانی نچوڑیں اور بقدر ایک چھٹانک یا کم و بیش مریض کو پلاتے رہیں۔ اس سے چوتھیہ بخار دور ہو اور صفرا کٹ جاتا ہے۔

## لرزہ بخار دور کرنے کے چٹکلے

### گرم چائے سے جاڑا دور:

لرزہ بخار میں تپ کی آمد کے وقت گرم گرم چائے پلا دینی چاہیے تو جاڑا نہیں لگتا اور اس کا اثر بہت کم ہو جاتا ہے۔

### گرم پانی میں نمک سے علاج:

گرم پانی میں قدرے نمک ملا کر قہوے کی طرح پینے سے بھی لرزہ کم ہو جاتا ہے۔

### لرزہ اور سردی سے چڑھنے والا بخار:

ذیل کے چٹکلہ سے لرزہ اور سردی سے چڑھنے والا بخار دور ہو جاتا ہے۔ بخار چڑھنے سے دو گھنٹہ پیشتر یہ دوا کھلا دینے سے بخار نہیں چڑھتا۔ کالی مرچ کو پیس کر دھتورہ کے پتوں کے رس میں خوب کھرل کر کے مونگ کے برابر گولیاں بنائیں اور بخار چڑھنے سے دو گھنٹہ پیشتر ایک دو گولیاں مریض کو کھلا دیں۔

### نوبتی بخار کے لیے نسخہ:

کوڑ باریک شیشی میں محفوظ رکھیں۔ بخار چڑھنے سے ایک گھنٹہ پیشتر ایک ماشہ دوائی بتاشہ میں ڈال کر کھالیں۔ پانی کے نزدیک نہ جائیں۔ اوّل تو پہلے ہی دن بخار رک جائے گا۔ ورنہ بالکل معمولی چڑھے گا۔ دو تین روز میں قطعی رفع ہو جائے گا۔ ہر قسم کے نوبتی بخاروں کے لیے نہایت مفید ہے۔

## کپکپی سے چڑھنے والا بخار

کپکپی سے چڑھنے والے بخار کے لیے یہ جادو اثر دوا ہے۔ تخم دھتورہ مصفا 3 تولہ۔ ریوند چینی دو تولہ۔ سونٹھ ایک تولہ۔ گوند کیکر ایک تولہ۔ گوند کو تھوڑے پانی میں حل کر کے لعاب بنا کر چھان لیں۔ تب اس میں باقی ادویہ کا باریک سفوف ملا کر چنے کے برابر گولیاں تیار کر لیں۔ ایک سے دو گولی دن میں ایک یا دو بار تازہ پانی کے ساتھ کھلائیں۔



## صفراوی بخار کا نسخہ

کافور ایک تولہ، گیرو ایک تولہ، طباشیر 6 ماشہ، دانہ الائچی خورد 6 ماشہ تمام ادویہ کو باریک پیس کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔ مقدار ایک ماشہ سے تین ماشہ۔

### سوداوی بخار کا نسخہ:

پوکھر مول، نمک سیاہ، سونٹھ ہلیلہ خورد، ہینگ بریاں ہر ایک ایک تولہ نہایت باریک پیس کر ملا لیں۔ مقدار خوراک 1 ماشہ سے 3 ماشہ تک گرم پانی کے ہمراہ دن میں تین چار مرتبہ دیں۔ یہ نسخہ خاص کر سوداوی بخار کی اس حالت میں فائدہ کرتا ہے جبکہ بخار کے ساتھ اپھارہ، پیٹ درد، کمر درد اور اعضا شکنی وغیرہ عوارض بھی ہوں۔

### صفراوی بخار کا تیر بہدف نسخہ:

صفراوی بخار اس کے لیے تیر بہدف ہے۔ طباشیر، کافور، گیرو ہر ایک ایک تولہ۔ دانہ الائچی چھوٹی 6 ماشہ، ست گلو، کشتہ ابرک سفید ہر ایک 3 ماشہ باریک کر کے سفوف بنا لیں۔ خوراک 2 رتی ہمراہ شربت نیلوفر تین تولہ، عرق گاؤزبان 3 تولہ ملا کر دیں۔ ہر دو گھنٹہ کے بعد چند بار دینے سے جملہ عوارض رفع ہو جائیں گے اور بخار اتر جائے گا۔ مقدار خوراک 2 رتی ہمراہ عرق گلاب یا ٹھنڈے پانی سے بحالت بخار ایک ایک گھنٹہ کے وقفہ سے دیں۔ بخار کم ہو جائے گا اور مریض ہوش میں آ جائے گا۔

### تپ صفراوی کے لیے نخودی گولیاں:

طباشیر، پھول گلاب ہر ایک 50 گرام، صندل سفید، مغز تخم کدو، مغز تخم کھیرا، ست ملٹھی، زرشک، گوند کیکر، کتیرا، ترنجبین ہر ایک 20 گرام۔

سب کو باریک کر کے نخود گولیاں تیار کریں۔ دو دو گولی صبح، دوپہر اور شام کو دیں۔ تپ صفراوی، موی اور تشنگی کے لیے مفید ہے۔

**صفراوی درد کا توڑ:**

گرم صفراوی درد دہی کا پانی یا اس کا توڑ پینے سے بھی رفع ہو جاتا ہے۔ اسے بھی نمک یا میٹھا ملا کر پینا چاہیے۔

## تورکی بخار کا سفوف

کشتہ ابرک تولہ، کشتہ زرنیخ (نیم سے بنا ہوا) لوبان کوڑیہ تولہ، کشتہ طرزون کلاں تولہ باریک کر کے ایک مرکب سفوف بنا کر شیشی میں رکھو، ہر قسم کے بخار کے لیے خصوصاً بخار تورکی کے لیے ازحد مفید ثابت ہوگا۔

## ہڈی توڑ بخار کا علاج

تسکین حرارت کے لیے پہلے تبرید دیں۔

تمر ہندی (املی) تین تولہ، آلو بخارا سات دانہ، رات کو پاؤ بھر پانی میں بھگوئیں، صبح کو اس کا نتھار لیں اور عرق مکو، عرق بید سادہ، عرق شاہترہ ہر ایک پانچ تولہ میں بیج کاسنی، مغز کدو ہر ایک چھ ماشہ کا شیرہ نکال کر لعاب بی دانہ تین ماشہ، شربت بنفشہ دو تولہ ملا کر پلائیں تین روز تک یہ تبرید پلا کر پانچ روز تک منضج دیں۔

گل بنفشہ، گل نیلوفر، پھول گلاب، گاؤزبان ہر ایک چھ ماشہ، اصل السوس، بیج کاسنی، عنب الثعلب، شاہترہ ہر ایک پانچ تولہ، عناب 9 دانہ، تمر ہندی دو تولہ، سب ادویہ کو رات کو ڈیڑھ پاؤ پانی میں بھگو رکھیں، صبح مل چھان کر دو تولہ گل قند ملا کر پلائیں۔ سات روز کے بعد بخار اُتر جانے پر اسی نسخہ میں سناء مکی ایک تولہ، مغز املتاس پانچ تولہ، روغن بادام چھ ماشہ اضافہ کر کے جلاب دیں، بعد جلاب ایسی ادویہ دیں، جو بخار کے زہریلے اثرات کو دور کرنے والی ہوں یا جب بخار میں کمی ہو تو یہ نسخہ دیں۔

زہر مہرہ، طباشیر، دانہ الائچی خورد، ست گلو ہر ایک چھ ماشہ، کونین ڈیڑھ ماشہ، لعاب اسبغول کے ہمراہ گولیاں بقدر نخود بنائیں، ایک ایک گولی دن میں تین بار دیں۔ ہڈی



توڑ بخار کا خاتمہ ہو جائے گا۔

## پرانا بخار اُتارنے والا ٹوٹکہ

اجوائن دیسی 6 ماشہ، گلو تین ماشہ دونوں کو رات کے وقت پانی میں بھگو دیں اور صبح سویرے گھوٹ چھان کر نمک ملا کر پی لیں۔ اس سے معمولی بخار تو تین دن میں اور پرانا بخار ایک ہفتہ میں اتر جاتا ہے۔ آزمایا ہوا ٹوٹکہ ہے۔

## پرانے بخار کا ایک اور نسخہ

سنکھ پانچ تولہ کو ایک کوزگلی میں بند کر کے 15 سیر اُپلوں کی آگ دے کر کشتہ کر لیں۔ خوراک ایک رتی بتاشہ میں ڈال کر کھلائیں اور اوپر سے عرق مرکب مکوہ، پودینہ، سونف، گاؤزبان ہر ایک دو دو تولہ، شربت عناب، لال شربت ولایتی دس تولہ ملا کر رکھ لیں اور ہر خوراک کے ساتھ 2 تولہ پلائیں۔ یہ دوا دستوں کو روکتی ہے نفع شکم نہیں ہونے پاتا اور بخار بخیریت اُتر جاتا ہے۔

اگر مریض کا منہ اور زبان خشک ہو تو اسے صرف سیال غذا، دودھ یا گلوکوز، رس دار پھلوں کا پانی دیں۔ اگر منہ اور زبان خشک نہ ہو تو اسے ساگودانہ بھی دے سکتے ہیں۔

## پرانے بخار اور گرم تپ کے لیے نسخہ

شاہترہ۔ دھنیا۔ گلو۔ ملٹھی ہم وزن نیم کوفتہ کر لیں اور پھر کاکڑا سنگی تلخ۔ خس۔ صندل سرخ۔ برگ نیم۔ تخم خربوزہ ہم وزن نیم کوفتہ کریں اور روزانہ دو درم لے کر آدھ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب چوتھائی رہ جائے مل کر چھان کر نوش کریں۔

## عام بخار کے چند نسخے

**ملیریا کے بخار کے لیے گولیاں:**

تلسی کے تازہ پتے 25 گرام، کالی مرچ 1 گرام پانی میں پیس کر چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ ایک گولی پانی کے ساتھ دن میں دو بار لیں۔ یہ ملیریا کے بخار میں خاص طور

پر فائدہ کرتی ہے۔

**گلو کا نسخہ:**

گلو 12 گرام، شکر 6 گرام گلو کو آہستہ سے کچل لیں۔ 250 ملی لیٹر پانی میں اتنا جوش دیں کہ آدھا رہ جائے۔ پھر چھان کر شکر سے میٹھا کر لیں۔ دن میں دو بار لیں۔

**نیم کی کونپل کا نسخہ:**

نیم کی کونپل 6 گرام 180 ملی لیٹر پانی میں جوش دے کر چھان لیں اور شکر سے میٹھا کر لیں۔ دن میں دو بار لیں۔

**خاکسی کا نسخہ:**

خاکسی 6 گرام 120 ملی لیٹر پانی میں جوش دے کر چھان لیں۔ دن میں دو بار لیں۔

**افستین کا نسخہ:**

افسنتین 5 گرام 120 ملی لیٹر پانی میں جوش دے کر چھان لیں۔ دن میں 2 بار لیں۔

## موسمی بخار کے چند اور نسخے

**موسمی بخار کے لیے اجوائن:**

اجوائن 6 ماشہ کو پانی میں پکا کر صاف کریں اور چینی ملا کر پلاتے رہیں۔ موسمی بخاروں میں یہ جوشاندہ تپ کی آمد سے گھنٹہ پیشتر پلانا چاہیے۔

**آٹھ پہری اجوائن کا نسخہ:**

آٹھ پہری اجوائن بلغمی بخاروں میں نہایت مفید و مجرب ہے۔ اس سے تھوڑے دنوں میں تپ اتر جاتا ہے۔



**اجوائن دیسی کا چٹکلہ:**

اجوائن دیسی ایک تولہ لے کر مٹی کے کوزے میں بھگو چھوڑیں آٹھ پہر (چوبیس گھنٹے) بعد پن چھان کر نمک اور میٹھا ڈالے بغیر پلا دیں۔ اسی طرح روزانہ پلاتے رہیں۔

**صندل سرخ کا سفوف:**

پدماکھ، صندل سرخ، نیم کے پتے، گلو کا آٹا، دھنیاں خشک ہموزن باریک پیس کر سفوف بنا لیں۔ ایک گرام پانی کے ہمراہ کھلائیں۔

**ناگر موتھا نیم کے پتوں کا نسخہ:**

کرنجوہ کے پتے، اتیس، کتھا، رسونت مصفی، اڑوسہ (بانسہ) کے پتے، ناگر موتھا نیم کے پتے، گلو ہر ایک ایک گرام، کھولتے ہوئے پانی میں بھگوئیں اور چھان کر مریض کو پلائیں۔

**تلسی کے پتوں کی نخود گولیاں:**

تلسی کے پتے، مرچ سیاہ ہم وزن، باہم کھرل کر کے بقدر نخود گولیاں بنائیں، ایک یا دو گولی ہمراہ پانی کھانا کھانے کے ڈیڑھ گھنٹہ بعد دیں۔ موسمی بخار، سردی لگنے کے بخار مفید ہیں۔

## باب۔55

# درد

## کمر کا درد کا آزمودہ نسخہ

دھتورہ کے پتوں کا رس 200 گرام، آک کے پتوں کا رس 200 گرام، ارنڈ کے پتوں کا رس 200 گرام، تلوں کا تیل ایک کلو ملا کر خوب پکائیں، جب رس جل کر تیل رہ جائے تو چھان لیں اور نیم گرم مالش کریں، کمر درد، گردن درد، کسی اعضاء کے مارے جانے اور ہر قسم کے دردوں پر نیم گرم مالش کریں۔ آزمودہ ہے۔

## سینہ کا درد کے نسخے

**تل کے تیل کا نسخہ:**

گل مدار (آک کے پھول) سونٹھ، اجوائن خراسانی، تل کا تیل ہر ایک 12 گرام پہلی تین دواؤں کو تیل میں اتنا پکائیں کہ ان کا رنگ سرخ ہو جائے۔ یہ تیل ہلکا گرم سینہ پر ملیں۔

**زود اثر مرکبات کا نسخہ:**

1۔ حب اذاراتی ایک گولی سوتے وقت لیں۔
2۔ معجون جوگراج گوگل 6 گرام سوتے وقت لیں۔
3۔ عرق عجیب 5 قطرے روغن السی 6 ملی لیٹر میں ملا کر درد کی جگہ ملیں۔
4۔ روغن بابونہ 6 ملی لیٹر درد کی جگہ ملیں۔

**میتھی کے بیجوں کا تیل:**

میتھی کے بیج 12 گرام، شہد 12 گرام میتھی کے بیجوں کو 120 ملی لیٹر پانی میں



جوش دے کر چھان لیں اور شہد ملا لیں۔ یہ تیل ہلکا گرم سینہ پر ملیں۔

**زر کچور کا سفوف:**

زر کچور 12 گرام، کالا نمک 6 گرام دونوں دواؤں کو الگ الگ سفوف بنا کر ملا لیں۔ ایک گرام دن میں دو بار لیں۔

## جسم کے درد کے دو اکسیری نسخے

**درد کافور کا نسخہ:**

اندر جو شیریں، کندر گوند، سفیدہ کاشغری، شہد خالص آپس میں یکجان کر کے فلالین کے کپڑا پر لگا کر درد کی جگہ پر چسپاں کریں اور سینک کریں۔ پانچ منٹ میں درد کافور ہوگی۔

**صاف موم اصلی کا نسخہ:**

تارپین کا تیل 340 گرام، کمیلہ 10 گرام، صاف موم اصلی 200 گرام، کافور 40 گرام۔ نہایت مدھم آنچ پر تیل کو گرم کریں اور موم ڈال کر حل کریں۔ جب اسے آگ سے اتاریں، ابھی نیم گرم ہو، تو اس میں کافور باریک شدہ اور کمیلہ حل کریں۔ بالکل حل ہونے پر شیشوں میں بھر لیں۔

جسم کے ہر قسم کے دردوں، وجع المفاصل اور ہر قسم کے ورموں میں بہت مفید ہے۔

## پسلیوں اور پٹھوں کے درد کا علاج

سونٹھ، جائفل، لونگ ہر ایک چھ ماشہ، تلوں کا تیل پانچ تولہ میں جلا کر درد کی جگہ مالش کر کے سینک کرنا مفید ہے۔

## جوڑوں کا پتھرا جانا کا علاج

اصل سبب کا علاج کریں، مریض کو گرم بستر پر لٹائیں، مقام ماؤف کو گرم پانی

میں نمک ملا کر یا جوشاندہ پوست سے ٹکور کریں، خوراکی طور پر حب سورنجاں اور بیرونی طور پر روغن سورنجاں یا روغن گل آک کی مالش کریں۔

## روغن گل آک کی مالش:

گل آک، برگ بھنگ، سورنجاں تلخ، سونٹھ ہر ایک ایک تولہ، تلوں کا تیل دس تولہ میں جوش دے کر چھان لیں اور مقام درد پر نیم گرم مالش کر کے اُوپر پرانی روئی باندھ دیں۔ جوڑوں کے درد، کمر، پنڈلیوں کے درد کے لیے بہت مفید ہے۔

## روغن سُرخ دردوں کے لیے مفید:

سونٹھ، جائفل، لونگ، عقر قرحا، حرمل (اسپند سوختنی) ہر ایک ایک تولہ، کوٹ کر رات کو پانی میں بھگو دیں، صبح جوش دے کر چھان لیں۔ اس میں تلوں کا تیل دس تولہ ملا کر دوبارہ پکائیں، جب پانی خشک ہو جائے تو آگ سے اُتار کر تھوڑا سا رتن جوت کا رنگ ملا دیں۔ تیل کو چھان کر محفوظ رکھیں، مقام ماؤف پر نیم گرم مالش کریں، جوڑوں کے درد، نقرس، عرق النساء اور کولہوں کے دردوں کے لیے مفید ہے۔

## جوڑوں کے درد کی کراماتی گولیاں

جدوار خطائی، کونین سلفاس، کشتہ فولاد، کچلہ مدبر ہموزن لے کر باریک کریں اور نخودی گولیاں بنائیں۔ ایک ایک گولی صبح و شام پانی سے کھلائیں ہر قسم کے جوڑوں کے دردوں کے لیے مفید ہے۔

## جوڑوں کے درد کی تیار شدہ دوائیں

## دواؤں کے باریک سفوف کا نسخہ

اجوائن خراسانی، کالی مرچ، ایلوا، سہاگہ (بھنا ہوا) ہر ایک 20 گرام، مغز گھیکوار بقدر ضرورت پہلی چار دواؤں کا باریک سفوف بنا کر مغز گھیکوار میں ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ چار گولیاں پانی کے ساتھ دن میں دو بار لیں۔



## معجون سورنجاں کا نسخہ:

1- حب مقل ایک گولی پانی کے ساتھ دن میں تین بار لیں۔

2- قرص مفاصل ایک قرص پانی کے ساتھ دن میں تین بار لیں۔

3- معجون سورنجاں 7 گرام پانی کے ساتھ سوتے وقت لیں۔

کھٹی اور مصالحہ دار چیزوں سے پرہیز کریں۔ صبح کو سیر کریں۔ سردی سے بچیں۔

## سفوف پودینہ کا نسخہ:

سونٹھ 30 گرام، زیرہ سیاہ 30 گرام، کالی مرچ 15 گرام، پودینہ 30 گرام سب دواؤں کا باریک سفوف بنالیں۔ چار گرام پانی کے ساتھ دن میں دو بار لیں۔

## امراض جوڑوں کا مجرب نسخہ:

گوگل مصفا 5 تولہ کو روغن بادام اصلی چھ ماشہ سے چرب کر کے خوب باریک کوٹیں بعد ازاں اس میں سناء مکی چھ ماشہ، ہینگ چھ ماشہ اور ترپھلہ تولہ کا سفوف باریک شدہ ملا کر کوٹیں یک جان ہو جانے سے نخودی گولیاں بنالیں ایک سے دو گولی تک عرق سونف عرق مکو یا بدرقہ مناسبہ کے ساتھ ریحی امراض جوڑوں کے درد بادی بواسیر، ریح اور گیس کے لیے نہایت ہی مفید اور مجرب ہے۔

## کالی موری کی گولیوں کا نسخہ:

وجع المفاصل جوڑوں کے درد کے لیے نہایت ہی مفید ہے۔

**ھوالشافی:** کالی موری 6 ماشہ، ہرمل تولہ دونوں چیزیں باریک کر کے منقی (بیج نکال کر) تولہ کے ساتھ رگڑ کر گولیاں بنالیں۔ گولی بقدر دانہ ماش بنائیں۔ ایک گولی صبح ایک گولی شام۔

**نوٹ:** گولی زبان پر نہ رکھیں، بلکہ حلق میں ڈال کر ایک گھونٹ پانی سے نگل لیں۔

چھلکا ہرڑ زرد کا نسخہ:

سورنجاں شیریں 25 گرام، سناء مکی 12 گرام، چھلکا ہرڑ زرد 12 گرام، تربد سفید، مغز بادام ہر ایک 9 گرام، سناء کے پتے 6 گرام، زعفران ایک گرام، چینی سفید 40 گرام باریک پیس کر سفوف بنالیں۔ مقدار خوراک دس گرام سے پندرہ گرام تک دیں۔

تازہ جڑ سرسوں کا نسخہ:

سہانجنہ چھوٹے درخت کی جڑ کا جوشاندہ پلانے سے وجع المفاصل کا درد رفع ہوتا ہے۔ اسی طرح اس کی تازہ جڑ سرسوں اور ادرک کے ہمراہ پیس کر مفاصل پر لیپ کرنے سے درد کو آرام ہو جاتا ہے۔

جوڑوں کے درد کے لیے اجوائن دیسی کا نسخہ:

اجوائن دیسی کو پانی میں پیس لیں اور ذرا گرم کر کے لیپ کریں تو جوڑوں کا درد کو آرام ملتا ہے۔

## جوڑوں کے درد کی پر اثر دوا

سرسوں کے تیل میں تھوڑی مقدار میں کافور حل کر لیں۔ اس کو گرم کر کے مالش کرنے سے جوڑوں کا درد اور تمام جسم کی عضلاتی دردوں کو آرام آ جاتا ہے۔ یہ دوا بڑا اثر رکھتی ہے۔

## چھوٹے جوڑوں کے درد کا علاج

عارضی طور پر درد کو تسکین دینے کے لیے معجون برشعشا چار رتی کھلائیں، بیرونی طور پر روغن قسط یا روغن سرخ کی مالش کریں۔ مندرجہ ذیل نسخہ جات اس مرض میں نہایت مفید علاج ہیں۔

سفوف سورنجاں کا نسخہ:

سورنجاں تلخ ایک تولہ، سونٹھ ایک تولہ، ہرڑ زرد دو تولہ، پھول گلاب دو تولہ، سونف



دو تولہ سب کا سفوف بنا کر چھ ماشہ روزانہ پانی سے کھلائیں۔

نمک اور شہد کا نسخہ:

نمک کو باریک پیس لیں اور شہد خالص میں ملا کر نیم گرم طلا کرتے رہیں تو (چھوٹے جوڑوں کا درد) دور ہوتا ہے۔

## دردوں کے لیے اکسیر تیل

کچلہ مدبر 2 تولہ، لونگ 3 ماشہ، مغز اخروٹ تلخ 3 ماشہ، روغن کنجد ایک پاؤ میں بطریق معروف تیل بنالیں اور دردوں کی جگہ پر مالش کریں۔

تیل سرسوں آدھ سیر کو خوب جوش دیں جب جھاگ رفع ہو چکیں تو اس میں آک کے بیج ایک چھٹانک، جائفل ایک تولہ، لہسن تازہ ایک تولہ کوٹ کر ڈالیں؛ جب تمام چیزیں جل کر کوئلہ ہو جائیں تو اس میں تیل کو سرد کر کے چھان لیں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔ گنٹھیا، ریاحی درد، وجع المفاصل کا درد اور ہر قسم کے دردوں کے لیے اکسیر ہے۔ رات کو معمولی گرم کر کے مالش کر کے اوپر روئی وغیرہ لپیٹ دیں اوپر لحاف اوڑھائیں چند روز میں جوڑ کھل جائیں گے۔

## درد شقیقہ اور تیار شدہ دوائیں

درد شقیقہ کی دوا:

اسطوخودوس 6 ماشہ، مرچ سیاہ 6 عدد، مغز کشنیز 6 ماشہ صبح سویرے گھوٹ کر بغیر میٹھا دئے پلائیں، ایک ہفتہ تک پلاتے رہیں مدتوں کا درد شقیقہ دور ہو جائے گا، قبض کا رفع کرنا بے حد ضروری ہے۔

ریوند چینی کے سفوف کا نسخہ:

اسطوخودوس 20 گرام، سونف 20 گرام، کشنیز (دھنیا) پانچ گرام، ریوند چینی 20 گرام، نوشادر 5 گرام، قلمی شورہ 20 گرام، باریک سفوف تیار کریں۔ دو گرام پانی کے

ساتھ دن میں دو بار دیں۔

دردِ سر، دردِ شقیقہ، دردِ آنکھ، نزلہ اور زکام کی وجہ سے دماغ کا بند ہو جانا کے لیے مفید ہے۔

**اسطوخودوس کا نسخہ:**

اسطوخودوس اعلیٰ قسم کا سفوف کر کے شہد کے ساتھ حبوب بقدر نخود بنائیں، ایک سے دو گولی ہمراہ پانی استعمال کرائیں، نہایت فائدہ مند ہے۔

**ہلدی اور سرسوں تیل کا طلا:**

ہلدی کو سرسوں کے تیل میں پیس لیں اور پیشانی پر طلا کریں۔ نیز دو بوند ناک میں بھی ٹپکا دیں۔ بہت جلد آرام ہوگا۔

**صفراوی اور گرم دردِ سر کا نسخہ:**

شقیقہ اور عام دردِ سر میں بعض عورتیں چھاچھ میں مہندی گھول کر سر میں لگاتی مفید چیز ہے۔ خصوصاً صفراوی اور گرم دردِ سر میں تو واقعی نہایت نفع دیتی ہے۔

**بسکھپرا سفید کے پتوں کے رس کا نسخہ:**

بسکھپرا سفید کے پتے بقدر ضرورت کچل کر رس نکالیں۔ دو قطرے ناک میں ٹپکائیں۔

**ریٹھہ کے چھلکوں کے جھاگ کا چٹکلہ:**

ریٹھہ کا چھلکا ایک عدد 60 ملی لیٹر پانی میں اتنا ملیں کہ جھاگ پیدا ہو جائے۔ دو قطرے ناک میں ٹپکائیں۔

**سر درد کے روگ کا سفوف:**

دھنیا 3 گرام، اسطوخودوس 3 گرام، کالی مرچ 5 عدد باریک سفوف بنائیں صبح



سورج نکلنے سے پہلے لیں اور آدھ گھنٹہ بستر میں آرام کریں۔ اس کے تین روز استعمال سے روگ ہمیشہ کے لیے جاتا رہے گا۔

**دردِ شقیقہ کے پر اثر نسخے:**

1۔ اطریفل زمانی 10 گرام سونے سے قبل لیں۔
2۔ اطریفل کشنیزی 7 گرام سونے سے قبل لیں۔
3۔ خمیرہ گاؤزبان عنبری 7 گرام صبح ناشتہ سے پہلے لیں۔
4۔ قرص مثلث ایک قرص تھوڑے پانی میں گھس کر پیشانی پر لگائیں۔

رائی ایک گرام 25 ملی لیٹر پانی میں پیس کر چھان لیں ایک یا دو قطرے ناک میں ٹپکائیں۔ مرض جاتا رہے گا۔

## دردِ شقیقہ کا علاج

اسطوخودوس چھ ماشہ، مرچ سیاہ سات دانہ، دھنیا خشک چھ ماشہ ان سب چیزوں کو لے کر سورج نکلنے سے پہلے تین چھٹانک پانی میں سردائی کی طرح گھوٹ کر چھان لیں اور بغیر مصری یا نمک ملائے مریض کو چھ یا سات بتاشے کھلا کر اوپر سے پلا دیں۔ پانچ دن روزانہ سورج نکلنے سے پہلے دیں یقیناً آرام ہوگا۔

## ورم کا درد

سوئے کے بیج ورموں اور دردوں کو زائل کرنے میں بہت موثر ہیں۔ چنانچہ چار ماشہ کی مقدار میں باریک پیس کر نیم گرم پانی سے کھاتے رہیں اور ان ہی کو پانی میں پکا کر مقام ماؤف پر ضماد کرتے رہیں۔ ورم کے درد سے افاقہ ہوگا۔

## درد و سوزش کو آرام

کوئی زہریلی مکھی یا بھڑ وغیرہ کاٹ کھائے تو ایک خانگی مکھی پکڑ کے اس کا سر دور کریں اور باقی کو ڈنک کے مقام پر اچھی طرح مل دیں خدا چاہے تو تمام درد، سوزش وغیرہ کو آرام ہو جائے گا۔

## درد پہلو کا علاج

بہی دانہ تین ماشہ، عناب پانچ دانہ، لسوڑیاں 9 دانہ، تخم خطمی سات ماشہ پانی میں جوش دے کر صاف کر کے اور شیرہ تخم کاہو تین ماشہ، شربت بنفشہ دو تولہ اضافہ کر کے خاکسی سات ماشہ چھڑک کر پلائیں، اگر مادہ زیادہ رقیق ہو تو اس جوشاندے میں گل نیلوفر سات ماشہ، عنب الثعلب سات ماشہ، گاؤزبان پانچ ماشہ، تخم خبازی سات ماشہ اضافہ کر سکتے ہیں۔ اگر حرارت زیادہ ہو تو شیرہ تخم خرفہ اور شیرہ مغز کدو ہر ایک تین ماشہ بڑھائیں، کھانسی کی شدت میں لعوق سپستان چٹائیں، مقام درد پر گندم کی روٹی ایک طرف سے پکا کر دوسری طرف تلوں کا تیل لگا کر گرم گرم باندھیں۔ مقام درد پر روغن پھول آک یا روغن سرخ نیم گرم ملنا بھی مفید ہے۔



باب۔56

# خنازیر (کنٹھ مالا)

## خنازیر کا دھنیئے کے پانی سے علاج

جو کا آٹا سبز دھنیا کے پانی میں گھول کر ضماد کرتے رہیں تو کنٹھ مالا کو شفا ہو جاتی ہے۔ بارہا کا آزمودہ ہے۔

## خنازیر کی گلٹیوں کی دوا

نیلا تھوتھا 3 ماشہ، مہندی کے پتے ایک تولہ، کالی مرچ چھ ماشہ سب کو باریک پیس کر کپڑے سے چھان کر تین تولہ سفید ویزلین میں رگڑ کر مرہم تیار کر لیں اور خنازیر (کنٹھ مالا) کی گلٹیوں پر لگائیں۔ بہتی ہوئی گلٹیاں اچھی ہو جاتی ہیں۔

## خنازیر کا کامیاب علاج

شنگرف رومی، مردہ سنگ ہر ایک 6 گرام، سنگ جراحت 12 گرام، رسکپور ایک گرام، کافور 3 گرام، سفیدہ کاشغری 9 گرام۔

ان ادویہ کو باریک کھرل کریں اور ویزلین دو اونس میں ملائیں، خنازیر پر لگائیں کامیاب علاج ہے۔ اس مرض کا جلد خاتمہ ہو جاتا ہے۔

## کنٹھ مالا کو نیست و نابود کرنے والا تیل

کچنال کا چھلکا دو سیر رات کو سولہ سیر پانی میں بھگو کر صبح کو نرم آنچ پر پکائیں جب دو سیر رہ جائے تو مل چھان کر تیل بنولہ دو سیر ملا کر دوبارہ پکائیں۔ ساتھ ہی کچنال کے پتوں کی چٹنی آدھ سیر بھی ڈالیں۔ جب پانی جل جائے اور صرف تیل رہ جائے تو اتار کر چھان لیں۔ ہر روز مریض کنٹھ مالا کو ایک ایک تولہ تیل دودھ میں ڈال کر پلائیں۔ اگر کنٹھ مالا کی

گلٹیاں پھوٹ گئی ہوں تو ان پر بھی تیل لگاتے رہیں۔ بیس روز میں مرض نیست و نابود ہو جائے گا۔

## کنٹھ مالا سے شفا سبز دھنئے کے پانی سے

سبز دھنئے کے پانی میں ملا کر لیپ کرتے رہیں تو گلٹیاں دور ہو جاتی ہیں۔ اس کو بار بار لگانا چاہیے۔ جب ایک لیپ خشک ہو جائے تو اسے اتار کے دوسرا لگا دیں۔ جلد شفا حاصل ہوگی۔

## کنٹھ مالا کا ہلدی سے علاج

ہلدی کو پانی گھس کر دن میں دو تین بار لیپ کر دیا کریں اور صبح و شام چھ چھ ماشے باریک پسی ہوئی ہلدی پانی کے ساتھ کھلاتے رہیں چند روز کے استعمال سے مکمل آرام ہوگا۔

## گلٹیاں نابود کرنے کا نادر چٹکلہ

جلد پر نمودار ہونے والی اُن گلٹیوں کے لیے طب یونانی کا یہ نادر چٹکلہ انتہائی ارزاں سہل اور ممکن العمل ہے۔

بیر بہوٹیاں لے کر انہیں اس قدر باریک کھرل کریں کہ اس کا لیس دار تیل سا بن جائے اس تیل کو انگلی سے ان گلٹیوں پر ہلکا ہلکا ضماد کریں۔ انشاء اللہ العزیز صرف تین ہفتوں میں تمام گلٹیاں بلا اپریشن خود بخود نابود ہو جائیں گی۔

—❖❖❖—



باب۔57

# دُبلا پن (Lean Ness)

**دبلا پن کا علاج:**

اسگندھ، موصلی سفید برابر کوٹ کر چینی ملائیں اور قدرے ادرک کا اضافہ کر کے ہر روز دو تولہ کھا کر اُوپر سے دودھ پیا کریں۔ چند دنوں ہی میں جسم سڈول ہو جائے گا۔

## مغز بادام سے دُبلا پن دور

1- مغز بادام، نشاستہ، کتیرا، چینی برابر لے کر سفوف بنائیں اور بقدر ایک تولہ کھلا کر اُوپر سے دودھ گائے پی لیا کریں۔ دُبلا پن جلد دور ہو جائے گا۔

2- نخود ساڑھے چار تولہ، ایک دن رات دودھ میں تر کریں اور خشک کر لیں، چاول، گندم، جو (سب صاف ہوں) ہر ایک چار تولہ، مغز بادام چھلے ہوئے، تخم خشخاش، میدہ ہر ایک ساڑھے چار تولہ، چینی تین پاؤ پیس کر ملائیں اور ہر روز سات تولہ تازہ دودھ میں ملا کر نوش کریں۔ جسم جلد ہی بھرنا شروع ہو جائے گا۔

## چیکو یا پختہ کیلا سے دُبلا پن دور

چیکو یا پختہ کیلا کا استعمال بھی مفید ہے۔

**مجرب اور تیر بہدف نسخہ:**

کھیرا کو جھاگ سے صاف کر کے دھو کر چھلکے سمیت کاٹ لیں اور 3-4 نرم کھجوریں دن میں کسی وقت کھا لیا کریں اور رات کو سادہ چاول دودھ اور چینی ملا کر کھا لیں ایک ماہ کافی ہے۔

—❖❖❖—

باب۔58

# گلے پڑنا

## نمک اور شہد سے گلے کا علاج

اکثر گرم غذا کھانے سے گلے پڑ جایا کرتے ہیں اور انہیں عورتیں انگلی یا لکڑی سے ٹھیک کیا کرتی ہیں جن سے مریض کو بہت تکلیف ہوا کرتی ہے۔ اگر نمک کو شہد میں ملا کر مقام لہات (کوے کی جگہ) پر لگا دیا جائے تو خود بخود ورم اُتر کر آرام ہو جاتا ہے۔

## سہاگہ کی ڈلی سے گلے کی خراش دور

بورک ایسڈ یا کھیل کیے سہاگہ کی چھوٹی سی ڈلی منہ میں رکھ کر چوسنے سے بیٹھا ہوا گلا و آواز کھل جاتی ہے۔ گانے والے اس کا استعمال کر کے گلے بیٹھنے سے بچ سکتے ہیں۔ اس سے گلے کی خراش اور ورم بھی دُور ہو جاتا ہے۔

## گلے کا درد

لیموں کا رس نیم گرم کر کے اس میں قدرے شہد ملا لیں اور وقت ضرورت اس میں سے دن میں تین مرتبہ چٹایا کریں۔ تقریباً گلے کی تمام بیماریوں کے ازحد مفید ہے اور لیموں کا رس ایک حصہ، پانی چار حصے ملا لیں اور اس سے غرارے کرنے کی مریض کو ہدایت کر دیں اس سے جلد آرام ہو جائے گا۔ انشاءاللہ۔

## کوا گرنا کے یونانی نسخہ جات

### کوے کی سوج دور

اگر کوا سوج جائے تو فکر نہ کریں صرف گرم پانی سے درست ہو جائے گا وہ اس طرح کہ سادہ پانی کو ذرا گرم کر کے اس سے بار بار غرغرے کرتے رہیں بعد ازاں چائے کی



طرح ہی پانی گھونٹ گھونٹ پی لیں۔ کوا کی سوج جلد دور ہو جائے گی۔

### کوے کے لٹکنے میں نافع

پھٹکڑی کو پھول کر کے سات آٹھ گنا شہد میں آمیز کریں اور روئی کی پھریری سے کوے پر لگاتے رہیں اس کے سوجنے اور لٹکنے میں نافع ہے۔

### کوے کے ورم کے لیے مفید:

ترش بیری کے پتے پانی میں پکائیں۔ جب خوب گل جائیں تو صاف کر کے اس جوشاندے سے غرغرے کریں کوے کے ڈھیلا ہونے اور ورم وسقوط و گرنے کے لیے بے حد مفید ہے۔

### کوے کی سوجن کا علاج

سالم مسور لے کر پانی میں خوب ابالیں کہ نرم ہو جائیں اب اس پانی کو چھان کر غرغرے کرتے رہیں اس سے بھی کوے کی سوجن اور ڈھیلا پن کو فائدہ پہنچتا ہے۔

### گلے کے خناق کا خاتمہ:

توت کا درخت بڑا مشہور اور عام ہے اگر کالے توت کا درخت مل جائے تو بہت اچھا ہے ورنہ جیسا بھی ملے اس کے پتے توڑ لائیں اور پانی میں پکائیں جب دو چار اُبال آ جائیں تو اس میں قدرے شہد ملا کر غرغرے کریں گلے کا ورم اور خناق دفع ہو جائے گا۔

### خشک دھنیا خناق میں مفید

خشک دھنیا ایک تولہ مسور سالم ایک مٹھی دونوں کو پانی میں پکا لیں پھر چھان کر بطور غرغرہ استعمال کریں خناق میں مفید ہے۔

❖❖❖

باب۔59

# نزلہ و زکام

## نزلہ و زکام کے لیے گولیاں

نزلہ و زکام اور بند شدہ نزلہ کو مفید ہے درد شقیقہ اور درد عصابہ میں بھی مفید ہے۔

جوز ماثل سیاہ 3 تولہ، سونٹھ، ریوند چینی ہر ایک دو تولہ، صمغ عربی 4 تولہ سب دوائیں باریک پیس کر ایک گھنٹہ تک کھرل کر کے آب خالص سے گولیاں بقدر مرچ سیاہ تیار کریں۔

خوراک ایک گولی صبح ہمراہ شربت بنفشہ اور ایک رات کو سوتے وقت صرف پانی کے ساتھ۔ نزلہ و زکام سے جلد آرام آ جائے گا۔

## چنے بھاڑ والے زکام میں مفید

چنے کو بھاڑ میں بھون لیں اور گرم گرم دانے کپڑے میں باندھ کر بار بار سونگھیں۔ جب گرمی ذرا کم ہو جائے تو ماتھے، کن پٹیوں اور سر پر اس سے ٹکور کریں۔ زکام میں بہت مفید ہے۔

## سردی سے نزلہ کا علاج

شلغم کو پانی میں پکائیں اور اس کی بھاپ ناک اور سر کو پہنچائیں تو جو نزلہ سردی سے لاحق ہو، وہ رفع ہو جائے گا۔ انشاءاللہ۔

## پرانا زکام کے لیے ٹکور

عمدہ اور فربہ گیہوں کو بھاڑ میں بھنا کر سونگھنا اور ٹکور کرنا مفید ہے لیکن جب دانے ٹھنڈے ہو جائیں تو ان کو پیس کر دلیہ بنائیں اور گڑ و گھی ڈال کر پکائیں اور نیم گرم کھائیں۔



بلغم آسانی سے خارج ہونے لگتا ہے چند دنوں میں پرانے زکام کو بھی بہت نفع ہوتا ہے۔

## بند زکام کے لیے کالے چنوں کا شوربہ

تھوڑے سے کالے چنے پانی میں پکائیں۔ پھر گھی اور مصالحہ ڈال کر شوربہ تیار کیجے اور چائے کی طرح گھونٹ گھونٹ نوش فرمائیے۔ اس سے بند زکام کھل جاتا ہے۔ کالی مرچ ضرور ڈالیں۔ بہت فائدہ ہوگا۔

## برسوں کا پرانا نزلہ رفع

گیہوں کی بھوسی (آٹے کا چھان) ڈیڑھ تولہ لے کر ڈیڑھ پاؤ پانی میں نرم نرم جوش دیں۔ جب تین ابال آ جائیں تو چھان کر ایک تولہ گھی کا بگھار لائیں پھر میٹھا ڈال کر چائے کی طرح گرم گرم پئیں۔ جما ہوا بلغم خارج ہونے لگتا ہے۔ اگر چند روز اس پر مداومت کی جائے۔ تو برسوں کا پرانا نزلہ رفع ہو جائے گا۔ مجرب ہے۔

## پرانے نزلہ و زکام کی لاجواب دوا

لونگ 5 تولہ کو چینی کے پیالہ میں ڈال کر ان پر پیاز کا رس ڈال کر ڈھک کر رکھ دیں۔ جب تمام رس خشک ہو جائے تو ان کو پیس لیں اب کچلہ ایک تولہ کو خالص گھی میں اتنا بریاں کریں کہ کچلہ لال ہو جائے۔ تب اس کو گرم گرم حالت میں کوٹ کر کپڑے سے چھان لیں اور لونگ کے سفوف میں ملا کر ایک ایک رتی کی گولیاں تیار کر لیں۔ یہ گولیاں پرانے نزلہ زکام کو دور کرتی ہیں۔ دماغ کو طاقت دیتی ہیں۔ جسم میں نئی طاقت پیدا کرتی ہیں۔

## نزلہ بند کے لیے انڈے کی سفیدی

برائے صداع وشقیقہ و نزول الماء، صفتہ، مرکی 2 ماشہ، اقاقیا 2 ماشہ، دم الاخوین 2 ماشہ، گل ارمنی 2 ماشہ، بزرالنج سفید 2 ماشہ، صمغ عربی 2 ماشہ، کتیا سفید 2 ماشہ، زعفران ایک ماشہ، افیون خالص ایک ماشہ سب کو باریک پیس لیں، پھر ان پسی ہوئی دواؤں کو انڈے کی سفیدی یا لعاب اسپغول مسلم میں ملا کر روپیہ برابر گول کاغذ تراشے ہوئے پر اس دوائی کو لگا

کر کنپٹیوں کے دونوں طرف لگائیں۔ مگر اس کاغذ کو سوئی سے چھید لیا جائے۔

## قند کے قوام سے نزلہ اور کھانسی دور

لعوق شمعون گرم نزلہ اور کھانسی کے لیے مجرب ہے اور بلغم کو پکا کر بسہولت نکالتا ہے اور ہمارا معمول ہے۔ کتیرا، صمغ عربی۔ نشاستہ۔ مغز تخم کدو۔ مغز بادام ہر ایک دو تولہ قند سفید نیم رطل دواؤں کو باریک کر کے قند کا قوام گاڑھا لعوق کے مناسب کر کے دوائیں ملائیں۔ نزلہ اور کھانسی دور ہو جائے گی۔

## نزلہ، زکام کے لیے حب خاص

جوز ماثل سیاہ، مرچ سیاہ، کچلہ مدبر ہر ایک ایک تولہ، گوند کیکر حسب ضرورت میں فلفل سیاہ کے برابر گولیاں بنائیں ایک گولی پانی سے کھلائیں، نزلہ، بخار کے لیے بھی مفید ہے۔

## سخت سے سخت زکام کے لیے لیموں کا رس

دو لیموں کا رس اُبلتے ہوئے پانی کے ایک گلاس میں ڈال کر اور شہد سے بقدر ضرورت میٹھا کر کے سوتے وقت پینا جادو کا اثر رکھتا ہے۔ آزمائش شرط ہے۔

## نمونیہ کے لیے سفوف

2 رتی یہ سفوف نصف ماشہ گل ارمنی ملا کر نیم گرم چائے کے ساتھ پلائیں فوراً پسینہ آ کر درد رُک جائے گا۔ لیکن چار پانچ یوم یہ دوا استعمال کراتے رہیں۔ نمونیہ جلد دور ہو گا۔

## انفلوئنزہ کا علاج

بی دانہ چھ ماشہ، عناب 5 دانہ، لسوڑیاں 9 دانہ، شربت بنفشہ دو تولہ دواؤں کو جوش دے کر صاف کر کے شربت ملا کر پلائیں اگر بخار تیز ہو تو خاکسی 5 ماشہ کا اضافہ کریں۔



## نزلہ وزکام کے لیے دیسی چائے

گورکھ پان بوٹی 5 گرام، برہمی بوٹی 50 گرام، گل بنفشہ 50 گرام، ملٹھی 5 گرام، سونف 20 گرام، سبز چائے 20 گرام، برگ تلسی 20 گرام۔

## نزلہ کا مجرب نسخہ

ریوند چینی، سرد چینی، چوب چینی، قرنفل، پلنگ توژ ہر ایک ایک تولہ، زعفران ایک ماشہ، خالص 5 رتی عنبر ایک رتی، عسل خالص کی آمیزش سے حبوب نخودی بنا کر شیشی میں محفوظ رکھیں، ایک حب ہمراہ آبِ تازہ صبح ایک دوپہر ایک شام، پرہیز ایک چار، چھاچھ اور بادی و ترش اشیاء سے۔ یہ نسخہ اللہ کی مہربانی سے نزلہ وزکام کو دور کر دیتا ہے۔

## اکسیر نزلہ کے لیے شربت صدر

دار چینی 3 گرام 120 ملی لیٹر پانی میں جوش دے کر چھان لیں اور شکر سے میٹھا کر کے دن میں دو بار لیں۔

1. لعوق معتدل 10 گرام 120 ملی لیٹر پانی میں ملا کر سوتے وقت لیں۔
2. شربت صدر 25 ملی لیٹر 60 ملی گرام ہلکے پانی میں ملا کر سوتے وقت لیں۔
3. شربت بنفشہ 25 ملی لیٹر 60 ملی لیٹر ہلکے گرم پانی میں ملا کر سوتے وقت لیں۔
4. تریاق نزلہ 7 گرام صبح لیں۔
5. عرق گاؤزبان 120 ملی لیٹر صبح لیں۔
6. عرق مکو 120 ملی لیٹر صبح لیں۔ اکسیر نزلہ کے لیے مجرب نسخے ہیں۔

## دائمی نزلہ وزکام کے لیے جوشاندہ پوست

ملٹھی (چھلی ہوئی) ریوند چینی ہموزن باریک پیس کر جوشاندہ پوست میں بقدر نخود گولیاں بنائیں۔

ایک گولی صبح و ایک گولی شام چار بجے کے قریب یا رات کو سوتے وقت ہمراہ پانی استعمال کرائیں۔ دائمی نزلہ وزکام سے جلد افاقہ ہو گا۔ کمزوری دماغ و نزلہ کی وجہ سے چھینکیں

آتی ہوں تو مفید ہے۔

## نزلہ و زکام کے لیے سفوف

سفوف دار چینی، سفوف الائچی کلاں، سفوف ملٹھی (چھلی ہوئی) ہر جز کو پہلے باریک کر کے وزن کرتے جائیں۔ پھر تمام ادویات کو کھرل میں ڈال کر یک جان کریں خوراک دو گرام ہمراہ سادہ پانی۔ فوراً تکلیف کو دور کر کے صحت بخشتا ہے۔

کاکڑا سنگی، درچ، مگھاں، مصری، ہینگ عمدہ، سہاگہ بریاں، جکھار، برابر وزن لے کر سفوف بنائیں اور برابر شہد ملالیں، تین سے چھ گرام ہمراہ تازہ پانی دیں۔

## نمونیہ، نزلہ و زکام کے لیے چیدہ چیدہ دوائیں

**لاجواب معجون:**

شاخ گوزن تولہ، صدف اصیل تولہ، مرجان تولہ، بُسد تولہ، سنکھ تولہ ان پانچوں ادویات کو علیحدہ علیحدہ جو کوب کر کے علیحدہ علیحدہ سکوروں میں ڈال کر اوپر سے اتنا شیر گاؤ ڈالیں، کہ خوب تر ہو جائیں۔ بعد ازاں گل حکمت 20 سیر پختہ اُپلوں کی آنچ دیں، سرد ہونے پر نکال لیں پھر مغز بادام شیریں 10 تولہ مغز کدو شیریں، خشخاش سفید 10 تولہ، مغز چلغوزہ 10 تولہ، مغز پیٹھ 10 تولہ، مغز کاہو 2 تولہ، گوند کیکر ایک تولہ، گوند کتیرا ایک تولہ، ملٹھی مقشر ایک تولہ، روغن زرد پاؤ پختہ، شہد خالص آدھ سیر ان تمام ادویہ کی معجون تیار کرلیں۔ خوراک ایک تولہ ہمراہ عرق گاؤزبان 5 تولہ۔ نزلہ و زکام کے لیے لاجواب معجون ہے۔

**درد کی جگہ پر مالش کا نسخہ:**

ذات الجنب وغیرہ اوجاع الصدر رد بہ اطفال، کشتہ گئودنتی ایک چاول سے 2 رتی تک حسب برداشت و عمر و طاقت مریض کے صفراوی میں ہمراہ شربت بنفشہ اور بلغمی میں ہمراہ چائے شیریں یا شربت شفا اور دموی میں ہمراہ شربت نیلوفر کے کھلائیں۔ درد کی جگہ پر عطر گلاب دو چار قطرے مالش کریں، منٹوں میں درد ساکن اور طبیعت بحال ہو جاتی ہے۔



**انگور کے پانی سے نمونیہ دور:**

ایک پودے کے پتے کا پانی نکال کر پلانے سے نمونیہ کا حملہ دور ہو جاتا ہے۔ وہ پودا انگور ہے۔ اس کے آٹھ دس پتے اچھی طرح رگڑ کر چمچہ بھر پانی نکال کر مریض کو پلانے سے فی الفور نمونیہ دور ہو جاتا ہے۔

**روغن بادام کی مدد سے پر اثر گولیاں:**

تربد سفید (شدہ)، صبر زرد (شدہ) ملٹھی (چھلی ہوئی) کتیرا، ہموزن دونوں باریک پیس کر روغن بادام کی مدد سے چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ دو دو گولی کی مقدار میں کھلائیں۔ نزلہ، کھانسی، قبض، درد شکم، درد سر اور شقیقہ وغیرہ میں مفید و مجرب ہے۔

**زکام اور کھانسی کے لیے مفید سفوف:**

سونٹھ 40 گرام، زیرہ سیاہ 30 گرام، مرچ کالی 20 گرام، دار چینی 20 گرام، زعفران (کیسر) 5 گرام سفوف بنادیں۔ خوراک ایک سے دو رتی ہمراہ پانی۔ ہر قسم کے درد نزلہ، زکام اور کھانسی کے لیے مفید ہے۔

**کافور کو نسوار میں ملا کر سونگھنے کا نسخہ:**

کافور کو نسوار میں ملا کر یا ویسے ہی سونگھنے سے نزلہ زکام جس میں چھینکیں بہت آتی ہوں کو آرام آ جاتا ہے اس کے ساتھ ہی سپرٹ کیمفر 5 قطرے پندرہ منٹ بعد کھلاتے رہیں۔

**خمیرہ بنفشہ کا نسخہ:**

گل بنفشہ پر سیاؤ شاں سات سات گرام، مویز منقی 9 دانہ، ملٹھی (چھلی ہوئی) 5 گرام رات کو گرم پانی میں بھگو رکھیں۔ صبح خمیرہ بنفشہ 40 گرام ملا کر پلائیں۔

**لسوڑیوں کے دانوں سے درد نزلہ دور:**

بہی دانہ 3 گرام، عناب 5 دانہ، لسوڑیاں 9 دانہ، مصری 20 گرام۔ پانی 50

گرام۔ دو تین جوش دے کر صاف کر کے نیم گرم پلائیں۔

## کشتہ مرجان کی پُر اثر گولیاں:

جدوار خطائی 2 ماشہ، لونگ 2 ماشہ، مومیائی 2 ماشہ، اجوائن خراسانی 4 ماشہ، افیون 4 ماشہ، کشتہ مرجان 4 ماشہ کشتہ ابرک سفید 4 ماشہ، دانہ مسور کے برابر گولی ہمراہ شربت صدر استعمال کریں۔

## بیج خطمی کا نسخہ:

بہی دانہ 3 گرام، گاؤزبان 3 گرام، عناب 5 دانہ، لسوڑیاں 9 دانہ، بیج خطمی 5 گرام، چینی 20 گرام پانی میں جوش دے کر صاف کر کے پلائیں۔

## انفلوئنزا کا ایک اور علاج

بہی دانہ تین ماشہ، عناب پانچ دانہ، لسوڑیاں 9 دانہ، شربت بنفشہ دو تولہ دونوں کو جوش دے کر صاف کر کے شربت ملا کر پلائیں۔ اگر بخار تیز ہو تو خاکسی پانچ ماشہ کا اضافہ کریں۔ اگر ناک بکثرت بہتی ہو تو گوند کیکر، گوند کتیرا، ست ملٹھی، شکر تیغال ہر ایک ایک ماشہ پیس کر خمیرہ خشخاش ایک تولہ میں ملا کر پہلے کھلائیں، اوپر سے بیج خطمی، بیج خبازی، گل بنفشہ ہر ایک چھ ماشہ، گاؤزبان تین ماشہ، گل گاؤزبان تین ماشہ، جوش دے کر صاف کر کے شربت بنفشہ دو تولہ ملا کر دیں۔ انفلوئنزا سے جلد آرام مل جائے گا۔

---



باب۔60

# سکتہ

## سکتہ کا یونانی علاج (Apopleksy)

دورہ مرض مریض کے سر کے نیچے تکیہ وغیرہ رکھ کر اسے قدر اونچا کریں، گلے اور سینہ کے بند ڈھیلے کر دیں۔ تریاق فاروق ایک ماشہ عرق گاؤزبان میں حل کر کے حلق میں قطرہ قطرہ کر کے ٹپکائیں۔ مرض کی زیادتی کی حالت میں اسے کسی نزدیکی ہسپتال میں پہنچائیں، قبض کی صورت میں حقنہ کریں۔ موسم کے مطابق سر پر پٹی گلاب یا صندل یا کافور کو سرکہ میں گھس کر سر پر رکھیں۔

## سکتہ کے لیے دواالمسک معتدل جواہر والی

دواء المسک معتدل جواہر والی پانچ ماشہ کا استعمال بھی مفید ہے۔ دموی سکتہ میں فصد کھولنے نیز پنڈلیوں پر پچھنے لگوانا یا سنگھیاں کھچوانا بھی بہت فائدہ مند ہے

باب۔61

# زہریلے امراض

## زخم، زہریلے امراض کے لیے مرہم

رس کپور ایک گرام، شنگرف ایک گرام، سفید کاشغری ایک گرام، مردار سنگ ایک گرام، سندور ایک گرام، کشتہ خرمہرہ زرد ایک گرام، موم عمدہ 10 گرام، روغن چنبیلی خالص 30 گرام سب کی مرہم بنا کر زخموں پر لگائیں۔ آرام ہوگا۔

## سنکھیا سفید کا زہر دور کرنا

پھٹکڑی کچی تولہ، دودھ گائے یا بھینس سیر (جس میں گھی دس تولہ ملایا گیا ہو) پلانے سے خوب کھل کر قے ہوگی، پھر پلائیں زہر اُتر جائے گا۔ انشاءاللہ۔

## انڈے کی سفیدی سے زہر اُتارنا

مغز بنولہ 5 تولہ لے کر ڈیڑھ پاؤ پانی میں ملا کر سردائی کی طرح گھوٹ کر پلانے سے سنکھیا کا زہر دور ہو جاتا ہے۔ انڈے کی سفیدی جتنی ہو سکے پلاتے جائیں نہایت نفیس اور مجرب علاج ہے۔ انشاء اللہ زہر کا اثر جاتا رہے گا۔

## سبز کریلے کے پانی سے زہر کا اثر زائل

سبز کریلے کوٹ کر پانی نکالیں۔ یہ پانی دس تولہ سے بیس تولہ تک پلایئے۔ اس سے بھی سنکھیا کا زہر کا اثر زائل ہو جاتا ہے۔ اور مرض سے شفا ہوگی۔

## انجیر سے زہر کا اثر دور

انجیر دس عدد لے کر پانی میں جوش دیں آدھ آدھ پاؤ پانی میں ایک ایک تولہ شہد ملا



کر پلائیں تو سنکھیا کا اثر ختم ہو جائے گا۔ مرض جاتا رہے گا۔

## زہر کے تریاق کے لیے زود اثر نسخے

### چنے کے مرغن شوربے کا نسخہ:

جالینوس کا تجربہ ہے کہ چنے کا مرغن شوربا جو مصالحہ وغیرہ ڈال کر پکایا گیا ہو۔ پینے سے عام قسم کے زہر اثر نہیں کرتے اور زہر کی حالت میں اس کا پلانا تریاقی قوت رکھتا ہے۔

### مولی کے بیجوں سے کاٹے کا علاج:

تمام قسم کے زہریلے جانوروں کے کاٹے کو مولی کے بیج باریک کر کے بقدر تین ماشے کھلائے جائیں تو سمیت کا اثر باطل ہو جاتا ہے۔

### لعاب دہن کا لیپ:

ان ہی بیجوں کو پانی یا لعاب دہن میں پیس کر ڈنک کے مقام پر لیپ کیا جائے تو زہر باطل ہو کر صحت ہو جاتی ہے۔

### ٹھنڈے زہروں کے لیے تھوم کا نسخہ:

اگر تھوم کو شہد یا پانی میں گھوٹ کر پینا ٹھنڈے زہروں کا اتارا ہے اور سمی (زہریلے) جانور کے کاٹے پر اسے کوٹ کر باندھ دیا جائے تو بہت نفع ہوتا ہے۔

### زہر باطل کرنے کا مکھن سے علاج:

اگر مسموم (جس کو زہر کا اثر ہو) کو بہت سا مکھن کھلاتے رہیں، تو خدا کے حکم سے زہر باطل ہو جائے گا۔ کیونکہ قدرت نے اس میں شفائی اثر ودیعت فرمایا ہے۔

### زہریلے جانور کے کاٹے سے شہد کا نسخہ:

خالص اور عمدہ شہد کھلاتے رہنا اور اسی کو زہریلے جانور کے کاٹے ہوئے مقام پر لگانا پُراثر ہے۔

## گائے کے گھی سے زہر کا اثر دور:

خالص گھی خصوصاً گائے کا گھی نیم گرم پلاتے رہنے اور مقام لدغ پر لگانے سے مشروبہ و ملدوغہ زہروں کا اثر جاتا رہتا ہے۔ یہاں تک کہ اس کا استعمال سخت زہریلے سانپ کے کاٹنے میں بھی پر تاثیر ہے اور سنکھیا و بچھناگ کے ایسے مہلک سمیات میں بھی اس کا پلانا بہت فائدہ مند ہے۔

## مولی کا جادو اثر پانی:

مولی کھانے سے سانپ کا زہر اتر جاتا ہے۔ اگر مولی کو شہد کے ہمراہ کھایا جائے تو اور بھی مفید ہے۔ نیز یہ بچھو کے زہر کو بھی باطل کرتی ہے۔ چنانچہ جہاں بچھو کاٹے وہاں مولی کا چھلکا پیس کر ضماد کریں مفید رہے گا۔ اور مولی کا پانی بچھو پر ڈالا جائے تو وہ فوراً ہلاک ہوجاتا ہے۔

## افیون کا زہر دور کرنے کا مفید علاج

اگر کوئی شخص افیون کھالے اور افیون کھائے ہوئے دیر ہوچکی ہو اور اس نے اپنا زہریلا اثر کردیا ہو، تو گری بنولہ 40 گرام پانی میں گھوٹ کر چھان کر پلائیں یا ہینگ ایک ایک گرام پانی میں گھول کر دو تین بار پلائیں۔ افیون کے زہر کو دور کرنے کے لیے تریاق ہے۔ اس کے بروقت استعمال سے مریض کی جان بچ جاتی ہے۔ اگر شیر خوار بچے کو افیون دی گئی ہو اور اس پر افیون کا زہر اثر کر جائے تو اسے جتنی افیون کھلائی گئی ہو۔ اتنی ہی ہینگ دودھ یا پانی میں گھول کر پلانی چاہیے۔ اگر ایک مرتبہ کے پلانے سے فائدہ محسوس نہ ہو، تو ایک ایک گھنٹے کے وقفے سے دو مرتبہ اور استعمال کریں۔ افیون کا زہر دور کرنے کے لیے مفید علاج ہے۔

## شنگرف کا زہر دور کرنا

راڑی جو کہ گندم میں ہوتی ہے دلے کر سفوف بنا کر ایک تولہ روزانہ ہمراہ پانی کھانے سے شنگرف کا زہر دور ہوجاتا ہے۔ دودھ اور گھی پلانے سے بھی شنگرف کا اثر زائل



ہوجاتا ہے۔ روغن گل گائے کے دودھ میں ملا کر پلانے سے شنگرف کا زہر ختم ہوجاتا ہے۔

## میٹھا تیلیہ کا زہر

اس زہر کو دور کرنے کے لیے گائے کے دودھ میں گھی ملا کر بار بار پلائیں اور قے کرائیں اور پھر جدوار کو باریک پیس کر اس کا سفوف 2 گرام دودھ گھی ملا کر ایک ایک گھنٹے کے وقفہ سے تین چار مرتبہ پلائیں۔ زہر کا اثر جلد دور ہوجائے گا۔

## جمال گوٹہ کے زہر کا یونانی علاج

دہی کی چھاچھ ڈیڑھ پاؤ، دھنیا تین ماشہ، مصری دو تولہ یہ ایک خوراک ہے، اسی طرح چھ بار پلانے سے مریض کو چین ہوکر جمال گوٹہ کا زہر دور ہوجاتا ہے۔ آزمودہ ہے۔

## کچلا کے زہر کا علاج کے تین نسخے

- دودھ، گھی حسب ضرورت مصری ملا کر پلانے سے کچلہ کا زہر دور ہوجاتا ہے۔
- ناریل دریائی پانی میں پیس کر پلانے سے کچلہ کا زہر کافور ہوجاتا ہے۔
- مغز تخم بنولہ چار تولہ بطور سردائی گھوٹ کر اس میں دس تولہ پانی ڈال دیں اور چار تولہ گھی ملا کر دیگچی میں خوب گرم کر کے مصری ملا کر پلائیں۔ مجرب ہے۔

باب.62

# اولاد کی آرزو

## روغن زرد کا سائنٹفک نسخہ

سونٹھ، مرچ سیاہ، ناگ کیسر ہم وزن باریک پیس کر ایک گرام ہمراہ روغن زرد کھلائیں۔ سائنٹفک نسخہ ہے۔

## معاون اولاد کی آرزو کا علاج

اصل سبب کو دور کریں، عام کمزوری ہو تو وٹامن والی اغذیہ وادویہ دیں، موٹاپے کی وجہ سے ہو تو فاقے رکھوائیں اور ورزش کرائیں۔ اگر مریضہ کے صحت مند ہونے کے باوجود حمل نہیں ٹھہرتا تو مندرجہ ذیل معاون حمل مجربات میں سے کسی ایک کا استعمال کرائیں۔

**لاجواب دوا:**

تخم شونگی (چاندنی پکش) افیون، بھنگ، جائفل، جاوتری، کستوری خالص، برادہ ہاتھی دانت اصلی، لونگ، سپاری ہر ایک تین ماشہ، پرانا گڑ ایک تولہ سب دوائیں تازہ اور اصلی لے کر کوٹ چھان کر چھوٹے سے چنے کے برابر گولیاں بنائیں، اول پہلے، ورنہ دوسرے حد تیسرے ماہ ضرور کامیابی ہوگی۔

**تخم شونگی کا سفوف:**

داڑھی درخت پیپل سفید، تخم شونگی (چاندنی پکش) ایک تولہ سفوف بنا کر خوراک ایک ماشہ ہمراہ دودھ گائے دیں۔



**چھاکا جڑ سنبل کی طاقتور دوا:**

موصلی سیاہ، موصلی سفید، گوکھرو، بیج اونٹکن، چھاکا جڑ سنبل ہر ایک دو تولہ کوٹ پیس کر بعد فراغت ایام مرد و عورت ایک ایک تولہ ہمراہ دودھ گائے پانچ دن کھلاتے رہیں، اس کے بعد مباشرت کریں۔

**معجون موچرس کا نسخہ:**

بچہ دانی کی جملہ خرابیوں کو درست کر کے اولاد کی آرزو پوری کرتی ہے، بشرطیکہ کوئی پیدائشی نقص نہ ہو اور ایام بے قاعدگی سے آتے ہوں۔

مشک دورتی، افیون، کیسر ہر ایک ایک ماشہ، جائفل ایک عدد بھنگ $1\frac{1}{2}$ ماشہ، چھالیہ تین عدد، لونگ چار عدد، پرانا گڑ $5\frac{1}{2}$ ماشہ سب دواؤں کو کوٹ چھان کر گڑ ملا کر نخود کے برابر گولیاں بنائیں، خوراک ایک گولی صبح و شام ہمراہ دودھ یا معجون موچرس چھ ماشہ دیں اور ہر مہینے ایام کے بعد سات دن کھلائیں۔

**لاجواب سفوف:**

گل دھاوا، گل نیلوفر، جڑ پیابانسہ، جڑ آسگندھ سب برابر وزن لے کر کوٹ چھان کر سفوف بنائیں، بعد فراغت ایام یہ سفوف 9 ماشہ کی مقدار میں گائے کے دودھ کے ساتھ بلاناغہ استعمال کریں۔

**ملاپ کے لیے زود اثر نسخہ:**

داڑھی درخت برگد ڈیڑھ تولہ کو باریک پیس کر پانچ تولہ پیڑا کھویا میں ملائیں اور ایام سے فراغت ہونے کے بعد کھلائیں۔ اگر خواہش ہو تو کھانے کے لیے اور کھوئے کے پیڑے دیں، اس کے سوا اور کوئی غذا نہ دیں، رات کو ملاپ کرائیں، اگر اُمید ہو جائے تو بہتر ورنہ ایام سے فراغت کے بعد دوسرے و تیسرے ماہ بھی عمل کریں۔

## اولاد کی آرزو کے لیے آسان مجربات

- ناگ کیسر اصلی باریک کر کے بعد غسل چار ماشہ سے چھ ماشہ تک ہمراہ دودھ گائے سات دن استعمال کریں دودھ گائے میں گھی بھی شامل کر لیں۔
- ہم بستری کے وقت اپنی رانوں کی جڑ میں خوشبو لگائے اور کمر کے نیچے تکیہ رکھے تاکہ سر نیچا ہو۔ اس عمل کے ساتھ ساتھ رفیقہ حیات کو اچھی طرح راغب کر لینا چاہیے۔ طاقت کی لہریں محسوس ہوں گی۔
- عورت بعد ملاپ لمبے لمبے سانس سے نطفہ اپنی جانب کھینچے اور کچھ دیر اسی طرح چت لیٹی رہے۔
- داڑھی درخت پیپل سفید ایک تولہ، تخم شولنگی (چاندنی پکش) ایک تولہ سفوف خوراک ایک ماشہ ہمراہ دودھ دیں۔ اولاد کی آرزو ضرور پوری ہوگی۔
- آسگندھ چھ ماشہ پیس کر مصری تین ماشہ ملائیں، گھی گائے ساڑھے تھے ماشہ ملا کر شروع ایام سے ہر روز کھاتے رہیں۔ غذا دودھ خشکہ دیں۔ بعد ایام مباشرت کریں۔ فائدہ ہوگا۔ اندرونی کمزوری دور ہوگی۔
- کائے پھل باریک پیس لیں۔ برابر چینی ملائیں اور چار سے چھ ماشہ کی مقدار میں تین دن استعمال کریں۔ غذا میں چاول استعمال کرائیں اور بعد ایام کریں۔ بہت شہوت پیدا ہوگی اور حمل ٹھہر جائے گا۔

## اولاد نرینہ کا نادر نسخہ

مروارید اصلی 3 ماشہ، کہربا 3 ماشہ، بسد 3 ماشہ، طباشیر اصلی 3 ماشہ، مازو سبز 3 ماشہ، صدف مرواریدی 3 ماشہ، گل ارمنی 3 ماشہ، دانہ الائچی خورد 3 ماشہ، یشب سبز 3 ماشہ یہ نسخہ برابر حمل کے دوران استعمال کریں۔



### اولاد نرینہ جلد ہو جانے کا نسخہ:

نمک سیاہ، نوشادر، مصبر، ریٹھے ہر ایک ہموزن لے کر کوٹ چھان کر بقدر کنار دنی گولیاں بنائیے، ایک گولی کسی ململ کی پوٹلی میں باندھ کر دھاگا لمبا رکھیں اور پوٹلی رحم میں رکھوائیے اور دھاگا باہر لٹکا رہے روزانہ ایک گولی استعمال کرائیں ایک ماہ تک انشاءاللہ اولاد نرینہ ہوگی۔

### بچہ جلدی ہونے کے لیے معجون موچرس کا نسخہ:

مشک خالص دو رتی، جائفل ایک عدد، زعفران ایک گرام، بھنگ کے پتے 2 گرام، افیون ایک رتی، پرانا گڑ ایک گرام، چھالیہ 3 عدد، لونگ 4 عدد سب ادویات کو کوٹ چھان کر گڑ کے ہمراہ بڑے نخود کے برابر گولیاں بنالیں۔

ایام سے فارغ ہونے کے بعد روزانہ صبح و شام ایک ایک گولی معجون موچرس 6 گرام میں رکھ کر ہمراہ دودھ نیم گرم کھلائیں۔ انشاءاللہ اولاد جلدی ہوگی۔

## باب۔63

# تشنج

## تشنج کا علاج

### تشنج کے لیے لاجواب نسخے:

اگر امتلاء اور کثرتِ بلغم باعثِ مرض ہو تو مثل فالج کے علاج کریں اور بعد تنقیہ معجون فلاسفہ کھلائیں اور بیرونی روغن قسط کی مالش کریں یا جند بید ستر، ہینگ ہر ایک دو سے چار رتی تک باریک پیس کر شہد خالص چھ ماشہ میں ملا کر صبح و شام چٹائیں، اگر تشنج خشکی کی وجہ سے عارض ہو تو تری پیدا کرنے والی چیزیں استعمال کرائیں۔ اور بیرونی طور پر خالص تلوں کے تیل کی مالش کریں یا روغن لبوب سبعہ کا استعمال کرائیں، تشنج ایذائی میں جب کہ آتشک سے ہو تو اطریفل افتیمون چھ ماشہ ہمراہ عرق شاہترہ چھ تولہ، عرق عشبہ چھ تولہ، شربت عناب دو تولہ ملا کر صبح و شام پلائیں، تشنج ریحی میں انیسول پانچ ماشہ، صعتر فارسی پانچ ماشہ، عرق سونف چھ تولہ، عرق پودینہ چھ تولہ میں ملا کر جوش دے کر شربت دینار دو تولہ ملا کر پلائیں یا مرچ سیاہ پانچ دانے، ہرن کھری ایک تولہ رات کو گرم پانی میں تر کر کے صبح اس کا نتھار لے کر استعمال کریں۔

## تشنج اطفال کا علاج

### بچوں کے تشنج کے لیے پُر اثر نسخے

تشنج دور کرنے کے لیے جند بید ستر کو روغن گل میں حل کر کے ہ پاؤں پر مالش کریں یا قدرے کافور تلوں کے تیل میں حل کر کے نیم گرم ملیں، بخار کی تسکین کے لیے شیر



ت چھ ماشہ ایک تولہ عرق سونف میں حل کر کے پلائیں تا کہ بچہ کا پیٹ صاف ہو جائے، ر پر بکری کا دودھ دوہیں یا اس میں کپڑا تر کر کے سر پر رکھیں اور مندرجہ ذیل نسخہ پلائیں۔
گاؤزبان، ملٹھی چھلی ہوئی، پھول گلاب ہر ایک ایک ماشہ، مویز منقیٰ دو دانہ پانی میں جوش دے کر اس میں ترنجبین چھ ماشہ ملا کر پلائیں اگر پیٹ میں کیڑے ہوں اور اس مرض باعث ہوں تو کمیلہ، بابڑنگ وغیرہ کے ذریعہ علاج کریں، اگر بچہ کمزور ہو تو اسے مرکبات فولاد روغن جگر ماہی (کاڈلور آئیل) وغیرہ کا استعمال کرائیں۔

مندرجہ ذیل مجربات اس مرض کا مؤثر علاج ہیں:

- خفیف مقدار میں عود صلیب عرق گاؤزبان میں گھس کر پلائیں۔
- معمولی مقدار میں جدوار خطائی ماں کے دودھ میں گھس کر پلائیں۔
- جند بید ستر، کستوری، عود صلیب ہر ایک دو ماشہ عرق سونف کے ہمراہ گولیاں بقدر مرچ سیاہ بنائیں، دودھ پیتے بچوں کو آدھی سے ایک گولی ماں کے دودھ میں حل کر کے دیں۔ بڑے بچے کو ایک سے دو گولی تک ہمراہ دودھ دیں۔

### بچوں کی مرگی کے لیے گولیاں:

جائفل، جلوتری، ہینگ خالص، مصبر شدہ ہر ایک چھ ماشہ، کیسر خالص تین ماشہ سب کو عرق سونف میں پیس کر سرسوں کے دانہ کے برابر گولیاں بنائیں اور ایک گولی صبح اور ایک گولی شام کو دیں، بچوں کی مرگی کے لیے بہت مفید ہیں۔

### زبانِ اطفال:

پودینہ خشک، تربد سفید مجوف، چھلکا ہرڑ زرد ہر ایک ایک تولہ سفوف بنا کر روغن بادام سے چرب کریں خوراک جانور سے چھ رتی فی سال رات کے وقت پانی سے کھلائیں۔

باب۔64

# گنج (Favos)

## گنج کا علاج

مرہم سے علاج:

بالوں کو اُکھاڑ کر اور مقام ماؤف کو خوب صاف کر کے یہ مرہم لگائیں، بیج پنواڑ، سہاگہ، گندھک، مردار سنگ، کات سفید ہر ایک تین ماشہ، رسکپور دو رتی سب ادویہ کو باریک پیس کر مرہم سادہ $2\frac{1}{2}$ تولہ میں ملائیں اور لگائیں، خوراکی طور پر مصفی خون ادویہ دیں یا گندھک آملہ سار ایک ڈرام ویزلین $1\frac{1}{2}$ اونس میں ملا کر مرہم بنا کر لگاتے رہیں۔ سر پر دنوں میں بال نکل آئیں گے۔

## گنج کے لیے روغن بیضہ مرغ

انڈوں کو پانی میں جوش دے کر سخت شدہ زردی نکال کر کسی آہنی کڑچھی میں آگ پر خوب بریاں کریں اور تیل $\frac{1}{2}$ میں اور مقام ماگرف پر لگائیں، گنج کے لیے مفید ہے۔ بہت جلدی سر پر بال اُگ آتے ہیں۔

## روغن کمیلہ سے گنج کا شرطیہ علاج

سرسوں کا تیل 2 تولہ کو آگ پر گرم کریں، پھر ٹھنڈا ہونے پر $2\frac{1}{2}$ تو کمیلہ شدہ



ملا کر لکڑی سے ملائیں اور لگائیں زخموں اور گنج کے لیے مفید ہے۔

## گنج اور بالچر کو شفا

- مرغی کے انڈوں کا تیل لگانے سے گنج اور بالچر کو شفا ہو جاتی ہے۔
- لہسن (تھوم) کا پانی نکال لیں اور ہموزن شہد میں ملا کر آگ پر رکھیں کہ ذرا گاڑھا ہو جائے اس کو گنج اور بالچر پر چپڑتے رہیں تو بال دوبارہ پیدا ہو جاتے ہیں۔

❖ ❖ ❖

## باب ۔65

# ہاتھی پاؤں (Fleahantiasis Filariasis)

## ہاتھی پاؤں فیل پاء کا علاج

### مقام ماؤف پر لیپ کا نسخہ:

سونٹھ، بسکھپرا، رائی برابر وزن لے کر گئو موتر میں پیس کر مقام ماؤف پر لیپ کریں، مرض کی پرانی حالت میں معجون عشبہ یا معجون چوب چینی کا استعمال مفید ہے اور بیرونی طور پر بکری کی مینگنی کی راکھ، لکڑی درخت انگور (جلی ہوئی) دونوں کو سرکہ میں ملا کر لیپ کریں۔

**نوٹ:** اس مرض کا علاج طویل عرصہ تک کرنا پڑتا ہے۔



## باب ۔66

# چھائیاں

## چھائیاں کا علاج

### سمندر جھاگ لیموں کے رس کا نسخہ

0 چھائیاں دور کرنے کے لیے سمندر جھاگ لیموں کے رس میں گھس کر لگائیں۔

0 حسن یوسف باریک پیس کر تیل چنبلی میں ملا کر لگائیں۔

### لیموں کے رس سے موثر علاج:

ایک عدد لیموں کا رس، گلیسرین ایک اونس، عرق گلاب چار اونس میں ملا کر گھول بنائیں اور چہرہ پر لگائیں۔ چھائیوں کے لیے نہایت مفید ہے۔

### تیل چنبیلی کا ٹوٹکہ:

سنگترہ کے چھلکے دو تولہ، تل کالے ایک تولہ، ہلدی زرد، صندل سفید، بال چھڑ، ناگرموتھا، چھڑیلہ، مغز بادام ہر ایک چھ ماشہ میدہ گندم دو تولہ، تیل چنبیلی ایک تولہ، باریک پیس کر پانی میں ملا کر رات کو چہرہ پر ملیں، صبح کسی انٹی سیپٹک صابن سے منہ دھولیا کریں۔

### چہرہ گلاب کی طرح کرنے کا لاجواب چٹکلہ:

سنبل الطیب کالے تل، سرسوں، لودھ پٹھانی ناگرموتھا، صندل سرخ، صندل سفید، ہلدی، مجیٹھ، کافور، مغز بادام ہر ایک ایک تولہ، سوڈا بائی کارب تین تولہ، زعفران خالص تین ماشہ، لکس سوپ پانچ تولہ تمام چیزوں کو پیس کر گائے کے دودھ میں تھوڑا سا

سفوف ملا کر چہرے پر آہستہ آہستہ ملیں اور ایک گھنٹہ بعد نیم گرم پانی سے دھو کر اور تولیے سے رگڑ کر خشک کر کے روغن بادام مل لیا کریں، پندرہ دن تک چہرہ گلاب کے پھول کی طرح ہو جائے گا۔

## اُبٹنوں کے سائنٹفک نسخے اُبٹنا بہارِ شباب

خشخاش، کچور، ناگر موتھا، انبہ ہلدی، صندل سرخ سب کو ہموزن ملا کر سفوف تیار کر لیں، اس میں نارنگی کے چھلکے کا سفوف ہم وزن ملا لیں تیار ہے، بوقت ضرورت جسم پر مالش کر کے غسل کر لیا کریں، جلد اور بدن نرم، ملائم، چمکیلا اور خوبصورت ہو جائے گا، خوشبو کی لہریں دماغ کو معطر کر دیں گی۔ بڑا خوبصورت نسخہ ہے۔ حسن پر نکھار آ جائے گا۔

## شباب کی تشہیر کرنے والا اُبٹنا

بابڑنگ، باپچی، خشخاش، انبہ ہلدی، کچور، ناگر موتھا، پاپڑی، پوست، ترنج، صندل سفید یا سرخ تمام اشیاء، ہموزن سفوف کر لیں، اس میں حسب پسند خوشبویات ملا لیں، بوقت ضرورت جسم پر مالش کریں، شباب کی تشہیر کرے گا اور اُسے چار چاند لگا دے گا۔

## رشکِ حُور نظر آنے کا لاجواب نسخہ

گل سرس، لودھ، صندل ناگ کیسر ہموزن کوٹ چھان کر سفوف بنا لیں، ایک تولہ سفوف لے کر دہی میں ملا کر چہرہ و جسم پر ملیں، کچھ دیر بعد دھو ڈالیں، چہرہ نہایت خوبصورت نکل آئے گا۔ داغ، چھائیاں وغیرہ دور ہو جائیں گے۔ جسم نرم اور ملائم ہو گا۔

## گل روئی سے چھائیاں دور

برگ نیم، بلیلہ، ہلیلہ، صندل سفید پوڈر، لودھ، کچور، آردجو ہموزن لے کر کوٹ چھان کر سفوف بنا لیں، کڑوے تیل میں حسب ضرورت ملا کر چہرہ اور جسم پر ملیں، چمک رنگ دو چند ہو جائے گی، چھائیاں وغیرہ دور ہو جاتی ہیں۔



## چہرہ خوبصورت کرنے کا جادو اثر نسخہ

گٹھلی آم، چھالکا آم، ہرڑ ہر ایک ایک تولہ، چھالکا جامن، صندل سرخ، جٹا ماسی، کچور، ناگر موتھا، انبہ ہلدی، چھالکا سنگترہ دو دو تولہ جملہ اشیاء کو کوٹ پیس کر سفوف بنا کر روغن گلاب یا عرق کیوڑہ میں پیس کر ٹکیاں بنا لیں، ضرورت کے وقت قدرے لے کر پانی میں ملا کر جسم اور چہرہ پر ملیں۔ ایک گھنٹہ کے بعد غسل کریں اور نرم کپڑے سے جسم کو پونچھیں اور قدرے تیل ناریل چہرہ پر ملیں، چہرہ مثل بدر منیر چمک اُٹھے گا۔ تجربہ شرط ہے۔

## باب۔67

# مہاسے (Acne)

## مہاسوں کا علاج

تخم مولی ایک تولہ، مغز تربوز ایک تولہ، باقلا کا آٹا، سرکہ انگوری عمدہ بقدر ضرورت میں پیش کر مغز چرونجی چھ ماشہ، مغز بادام تلخ چھ ماشہ، قسط شیریں چھ ماشہ، اکلیل الملک چھ ماشہ، کتیرا چھ ماشہ ملا کر اور پیس کر گولیاں بنالیں اور حسب ضرورت ایک سے دو گولی بھینس کے دودھ میں گھس کر مہاسوں پر لگائیں۔ انشاء اللہ مہاسوں کا خاتمہ ہو جائے گا۔



## باب۔68

# جوئیں پڑنا (Pedsiculosis)

## جوؤں کا علاج

**جوؤں کے خاتمہ کے لیے مجرب نسخہ:**

بدن کو پاک صاف رکھیں۔ کپڑے سفید اور نئے پہنیں، غسل کریں۔ طب یونانی کے نظریہ کے مطابق ریشمی کپڑوں کا استعمال جوؤں کو دور کرنے کے لیے مجرب ہے، فینائل کی گولیاں (جو کپڑوں میں رکھنے کے لیے استعمال ہوتی ہیں) باریک کر کے تیل سرسوں میں ملا کر لگائیں اور گرم پانی میں نہالیں، مناسب مقدار میں پارہ کو اُپلے کی راکھ میں ملا کر اور تیل سرسوں میں حل کر کے سر پر ملیں، اس سے سر کی جوئیں مر جاتی ہیں۔

**نوٹ:** بعض دفعہ پارہ کا بیرونی استعمال زہریلا اثر پیدا کرتا ہے، اس کے استعمال کے بعد فوراً سر کو دھو دینا چاہیے۔ اس علاج میں احتیاط برتنے کی بہت ضرورت ہے۔

باب۔69

# پاگل پن

## پاگل پن کا یونانی علاج (Insanilty)

### مفرح یاقوتی کا نسخہ:

نیندلانے کے لیے روغن کاہو، روغن خشخاش، روغن کدو، شیرہ ختران ہموزن میں کپڑا تر کرکے ہروقت سر پر رکھیں اور بیج کاہو، بیج کاسنی، بیج خشخاش سفید، دھنیاں، مغز بیج کھیرا، بیج مغز کدو ہر ایک تین ماشہ، مغز بادام سات دانہ سب کو پیس کر شیرہ نکالیں اور شربت بنفشہ تین تولہ ملا کر صبح وشام پلائیں، تقویت کے لیے مفرح عنبری یا مفرح یاقوتی کا استعمال کریں۔

### پاگل پن کی اکسیری دوا

خشک دھنیا کوٹ چھان کے آٹا بنایئے اور 6 ماشہ صبح 6 ماشہ شام کو بکری یا گائے کے تازہ دودھ میں پلاتے رہیے۔ دودھ نہ ملے تو پانی سے بھی کھلا سکتے ہیں۔ اسے کم از کم ڈیڑھ مہینہ کھلانا چاہیے تاکہ پوری طرح صحت ہو جائے۔

### مالیخولیا کے مریضوں کے لیے مجرب دوا:

بکری یا گائے کا تازہ دوہا ہوا دودھ مصری اور گھی ملا کر پلانا جنون و مالیخولیا کے مریضوں کے لیے دوا بھی ہے اور طاقتور غذا بھی۔ بسا اوقات اسی چیز سے پاگل لوگ درست ہو جاتے ہیں۔

۔۔۔۔



باب۔70

# بلغم

### بلغمی واعصابی مرض کا علاج

گھونگچی سفید وسرخ مقشر در صر بستہ در شیر گاؤ جوش دے کر شب کو وہی جما دیں، حتیٰ کہ بترکیب معروف روغن حاصل کرکے شیشی میں رکھیں، امراض بلغمی واعصابی کے لیے نہایت مفید چیز ہے۔ اسے 3 بوند تک صبح مکھن تازہ میں ملفوف کرکے کھلائیں۔

### لنگڑا کر چلنے کا علاج

سورنجاں شیریں ڈیڑھ تولہ، شیطرح ہسدی 9 ماشہ زعفران ڈیڑھ ماشہ۔ سب دواؤں کو باریک پیس کر ہموزن مصری ملا کر سفوف بنائیں۔ خوراک چار سے چھ ماشہ تک روزانہ نیم گرم پانی سے استعمال کریں۔ لنگڑاہٹ دور ہو جائے گی۔

### بلغم کے لیے سفوف

مسور مسلم ایک تولہ، ہڈی تلی بز ایک تولہ، سورنجان شیریں ایک تولہ زنجبیل ایک تولہ اسگندنا گوری ایک تولہ۔ ازراقی مدبر ایک تولہ، بیش مدبر 6 ماشہ کوٹ چھان کر سفوف بنا لیں۔ مقدار خوراک صبح وشام 2 - 2 ماشہ ہمراہ عرق سونف 10 تولہ سے دیں۔ بلغم کی کثرت سے آرام ملے گا۔

### بلغم کے غلبہ کا علاج

یہ عرق بہت مصفی خون ہے۔ شاہترہ، چرائتہ، سرپھوکہ، صندل سرخ، صندل سفید، منڈی، ہرڑ سیاہ ہر ایک تین تولہ، چھلکا جڑ کچنال، چھلکا اندرونی درخت نیم، تخم نیم، چھلکا مولسری، جوانسہ، دودھی کلاں، برادہ شیشم سرخ، افتیموں، چھلکا بیرہ، چھلکا

ہرز، چھلکا بکائن ہر ایک چھ تولہ پانی پندرہ سیر میں بھگو کر چھ سیر عرق نکالیں۔ چھ تولہ صبح و شام دیں۔

## بلغمی و اعصابی مرض کا ایک اور نسخہ

چھلکا ہرز زرد، مصبر زرد (مدبر) سورنجاں شیریں ہر ایک دس گرام کو سفوف کر لیں۔ ایک ایک گرم صبح اور شام تازہ پانی سے استعمال کرائیں۔ نہایت مفید ہے۔

## بلغم کی کثرت

بلغم کی کثرت ہو تو بڑی الائچی کام میں لائیے۔ جی ہاں! وہی بڑی الائچی جس کا الائچی دانہ مسالے میں پڑتا ہے اس کو موٹا موٹا کوٹ لیں۔ چھلکے سمیت پھر پانی میں پکا کر صاف کریں اور میٹھا ڈال کر پئیں۔

---



باب۔71

# پھیپھڑے

## پھیپھڑوں کی سل کا علاج

تپ دق کے علاج میں داخلی اور خارجی سرد ادویہ کا استعمال کریں مریض کے بدن پر روغن کدو، روغن خشخاش، روغن بنفشہ، روغن نیلوفر کی مالش کریں مریض کو چلنے پھرنے سے سخت پرہیز کرائیں۔

یونانی طریقہ علاج میں سرطان سوختہ سے ایک قسم کا حیوانی کیلسیم چونہ حاصل ہوتا ہے۔ جو اس مرض میں نہایت مفید ہے۔

## پھیپھڑے کا زخم

پھیپھڑے میں زخم ہو جانے کو سل کہتے ہیں۔ مسلول کو تازہ گلقند بہت کھلائیں کیونکہ اس سے زیادہ مفید اس کے لیے کوئی چیز نہیں بلکہ خوراک کی جگہ بھی گلقند ہی کھلائیں اور جب خون نکلنا شروع ہو تو باسلیق کی فصد کریں اور قرص کہربا اور شربت حب الاس پلائیں۔

## پھیپھڑے کے ورم کا علاج

خمیرہ بنفشہ میں کشتہ بارہ سنگا ایک رتی دن میں دو تین بار دیں۔ اور درد کی جگہ تیل نرگس پانچ تولہ میں کافور تین ماشہ حل کر کے نیم گرم مالش کریں۔ اور اوپر سے پرانی روئی کا پھاہا باندھ کر سینک کریں اگر بخار و بے چینی زیادہ ہو تو تسکین حرارت کے لیے بھی دانہ تین عناب پانچ دانہ، لسوڑیاں 9 دانہ، تخم خطمی پانچ ماشہ، تخم خبازی پانچ ماشہ، گاؤزبان پانچ

ماشہ کو پانی میں جوش دے کر شیرہ تخم کاہو تین ماشہ کا اضافہ کریں اور شربت بنفشہ دو تولہ ملا کر خاکسی سات ماشہ چھڑک کر پلائیں۔ پانچویں روز جب گرمی و خشکی رفع ہو جائے تو اس نسخہ سے بھی دانہ گاؤزبان اور شیرہ تخم کاہو نکال کر مویز منقی 9 دانہ انجیر زرد تین دانہ ملٹھی چھلی ہوئی چھ ماشہ اضافہ کریں پیاس لگے تو عرق گاؤزبان نیم گرم پلائیں کمزوری دور کرنے کے لیے لطیف اور مقوی غذائیں دیں۔

## پھیپھڑوں سے خون آنے کی دوا

بانسہ کے تازہ پھول تین گنا کھانڈ میں ڈال کر اچھی طرح مسل کر چوڑے منہ کے مرتبان میں ڈال کر رکھ دیں۔ دن میں دو تین بار اچھی طرح ہلا دیا کریں۔ ایک ہفتہ میں دوا تیار ہو جائے گی۔ مقدار خوراک ایک سے دو تولے۔

یہ دوا پھیپھڑوں سے خون آنا دھیما دھیما بخار رہنا پرانی کھانسی سانس مشکل سے آنا دمہ کا تشنجی دورہ ہتھیلیوں اور پاؤں کی جلن کی مجرب دوا ہے۔

## پھیپھڑوں میں پیپ

موٹے گیہوں لے کر پانی میں پکائیں۔ یہاں تک گل کر پانی میں گھل مل جائیں اور حریرہ سا بن جائے اسے میٹھا ملا کر چاٹنا منفث صدر ہے اور پھیپھڑوں میں پیپ جم گئی ہو اور اس کی وجہ سے مسلول تنگی نفس کی شکایت ہو تو اس سے وہ خارج ہو کر تکلیف جاتی رہتی ہے۔ بڑا آزمودہ نسخہ ہے۔

## پھیپھڑے میں ورم و سوجن

ریوند چینی کا میدہ کی طرح باریک سفوف 100 گرام دو پونڈ کی خالی بوتل میں ڈالیں اور اوپر سے 600 گرام میٹھی لیڈیڈ سپرٹ ڈال کر مضبوط ڈاٹ لگا کر رکھ دیں اور



روزانہ ایک دو مرتبہ زور سے ہلا دیا کریں۔ دس پندرہ روز کے بعد کھدر کے موٹے کپڑے سے چھان کر اس میں 50 گرام سلاجیت مدبر ملا کر بوتل میں ڈال کر رکھ دیں۔

کہیں بھی چوٹ لگنے پر یا چاقو کلہاڑی کے زخموں پر، جسم کے کسی بھی حصہ پر سوجن، ورم یا نئے پھوڑے پھنسی پر روئی کی پھریری سے لگائیں ٹنکچر آیوڈین سے بہت زیادہ فائدہ دے گا۔ یہ ٹنکچر ریوند چینی تیار ہے۔

## ورم تحلیل کا علاج

فصد کریں۔ جونکیں لگائیں اور لعاب بہدانہ۔ شیرہ عناب۔ شاہترہ اور عرق کاسنی اور عرق مکوہ میں نکال کر شربت نیلوفر داخل کر کے خاکسی دھوڑ کر پلائیں۔

یہ ضماد درد کو ٹھہراتا اور ورم کے مادہ کو تحلیل کرتا ہے تخم خشخاش باریک کر کے گائے کے دودھ میں پکا دیں جب فرنی کی طرح ہو جائے تو اس میں گلسرخ اور قدرے زعفران و موم زرد و گل روغن داخل کر کے رگڑیں جب مرہم کی طرح گاڑھا ہو جائے تو لیپ کریں۔ اس کے لگانے سے ورم تحلیل ہو جائے گی۔

## پھیپھڑوں کی کمزوری رفع

دودھ کی تازہ نرم ملائی کھانے سے پھیپھڑوں کی کمزوری رفع ہوتی ہے مسلول کے لیے بھی یہ موافق غذا ہے۔ اسے مصری یا کھانڈ ملا کر کھانا مفید ہے۔

## پھیپھڑے کے ورم کا ہومیو پیتھک علاج (Pneumonia Lober)

کمفرا کوناٹ، نکس وامیکا، اپی کاک بیلا ڈونا، کھانسی زیادہ ہو تو اموینم کارب بہترین ادویات ہیں۔

**نوٹ:** علامات دیکھ کر ہی ادویات تجویز کی جاتی ہیں۔

## پھیپھڑے میں ورم کا ایک اور علاج

ورم گرم جو پھیپھڑے میں پیدا ہوتا ہے علامت اس کی کھانسی اور ضیق النفس، سینہ کی اگلی طرف درد ہوتا اور چہرہ ور خسار کی سرخی اور نبض کا عظیم اور موجی ہوتا۔ علاج فصد باسلیق کی کھولیں اور تلیین طبع کے واسطے گل بنفشہ۔ گل نیلوفر۔ عناب۔ سپستاں تخم خطمی۔ پانی میں جوشا کر صاف کر کے شیر خشت حل کر کے پلائیں۔ غذا ماء الشعیر دیں۔ اور کبھی پھیپھڑے میں ورم نرم بلغمی عارض ہوتا ہے۔ علامت اس کی ضیق النفس کی شدت اور منہ سے لعاب بکثرت آنا اور زکام و سرفہ علاج منضج اور مسہل بلغم کا دیں۔ انشاء اللہ بہت جلد ورم تحلیل ہو جائے گا۔

---



**باب۔72**

# پسلی

## درد پسلی کا آسان چٹکلہ

ہلدی کی گانٹھ کو حقہ میں بجائے تمباکو کے ڈال کر مریض کو پلائیں۔ اس سے معمولی پسلی درد کو آرام ہو جاتا ہے۔ آزمودہ چٹکلہ ہے۔

## درد پسلی کی خوراکی دوا

نیم کی نرم نرم کونپلیں لے کر گرم گرم خاکستر میں دبا دیں اور گرم ہوتے ہی نکال پانی میں پیس کر مریض کو پلا دیں۔ اس سے درد پسلی بند ہوگا۔ انشاء اللہ۔

## لیپ درد پسلی کا نسخہ

تخم سویا سرکے میں نیم گرم لیپ کریں اس سے درد پسلی کو آرام آجائے گا اور جسم کو سکون حاصل ہوگا۔

## درد پسلی کا عجیب راز کا نسخہ

ایک مرغی کا انڈا لے کر کسی محفوظ جگہ میں سنبھال کر رکھئے۔ ایک سال گذرنے پر جو کچھ انڈے میں سے نکلے باریک پیس لیجئے۔ بس دوا تیار ہے جو کہ نمونیا ذات الجنب وغیرہ کے لیے نہایت ہی مفید اور لا ثانی دوا ہے۔ خوراک صرف ایک چاول تک طباشیر یا منقی وغیرہ میں کھلا کر گرم پانی یا کوئی مناسب عرق پلائیں۔ عجیب راز کا نسخہ ہے۔ فوری طور پر آزما

کر دیکھ لیں۔

## پسلی درد کے لیے کڑوی دوا کا نسخہ

کچلہ حسب ضرورت لے کر گھی میں اتنا بریاں کریں کہ سرخی مائل ہو جائے تب فوراً آگ سے اتار کر گرم حالت میں باریک پیس کر سفوف بنالیں۔ اس میں پپلی کالی مرچ، سونٹھ، دار چینی، سہاگہ بریاں ہر دوا کچلے کے برابر علیحدہ علیحدہ پیس کر ملالیں۔ اس کی مقدار خوراک نصف سے ایک رتی ہے۔ چونکہ دوا کافی کڑوی ہوتی ہے۔ اس لیے منقہ یا کیپسول میں ملا کر ہی کھلائی جائے۔ پسلی کا درد رفع ہو جاتا ہے۔

—❖❖❖—



باب 73.

# تپ دق

## تپ دق میں منہ سے خون آنا

کیکر کے نرم پتے' انار کے نرم پتے' آملہ خشک ہر ایک چار ماشہ' دھنیاں خشک دو ماشہ۔ تمام کو نیم کوب کر کے رات کو پاؤ پانی میں بھگو کر رکھیں۔ صبح مل چھان کر مصری ڈال کر پلائیں۔ تپ دق کا خون آنا بند ہو جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ العزیز۔

## تپ دق کے لیے راکھ کا نسخہ

پتھر کا کوئلہ جو چولہے میں جل کر راکھ ہو کر سفید رنگ کا ہو گیا ہو کہ پیس کر کپڑے سے چھان کر رکھیں۔ ایک رتی دوا شہد میں ملا کر صبح و شام چٹائیں۔ یہ دوا تپدق جیسی موذی مرض کے لیے بہت ہی مفید ثابت ہوئی ہے۔ بہت ہی زود اثر نسخہ ہے۔

## تپ دق کی آزمودہ دوائیں

**خالص طباشیر کا نسخہ:**

پتھر کے کوئلے کی سفید راکھ۔ خالص طباشیر۔ ہر دو ہم وزن پیس کر آپس میں ملالیں۔ ایک ماشہ دوا شہد 6 ماشہ میں ملا کر صبح و شام کھلائیں۔

**زود اثر نسخہ:**

جوان بکرے کا پھیپھڑہ جلایا ہوا چار رتی۔ رودنتی پھل کا سفوف دو رتی طباشیر اصلی دو رتی۔ ست گلو اصل 3 رتی یہ ایک خوراک ہے دواؤں کو اسی نسبت سے پیس کر ضرورت کے مطابق پڑیاں بنا کر مریض کو صبح دوپہر اور شام کو ایک ایک پڑیا بکری کے دودھ سے

کھلاتے رہیں۔

## تپ دق کے لیے عرق

تخم کاسنی 5 تولہ، گاؤزبان 3 تولہ، گل گاؤزبان 2 تولہ تخم خیارین 5 تولہ، چرائتہ 5 تولہ گلوسبز 20 تولہ، گل غافث تولہ، افسنتین تولہ، مکوسبز 20 تولہ، مویز 4 تولہ، اجوائن دیسی 3 تولہ، برگ اڑوسہ تازہ 20 تولہ، بیخ اڑوسہ 20 تولہ، ملٹھی مقشر 5 تولہ، سب کو چار سیر پانی میں بھگو رکھیں اور بعدہ صبح کدو شیریں سبز کا پانی یا ویسے ہی ٹکڑے کر کے، پیٹھ کا پانی یا ویسے 30 تولہ، گرمقشر تازہ یک سیر اگر خشک ہو تو صرف 20 تولہ، تربوز کا پانی یک سیر 12 بوتل عرق کشید کریں اور ایک بوتل روزانہ تین دفعہ دن میں پلائیں، انشاء اللہ بہت فائدہ کرے گا۔

—⁂—



باب 74

# کھانسی

## کھانسی کا علاج

### بلغم کی حالت میں عرق گاؤزبان کا نسخہ:

بلغم کی زیادتی کی حالت میں پھول گاؤزبان، گاؤزبان، ملٹھی (چھلی ہوئی) ہر ایک پانچ ماشہ، عناب پانچ دانہ، کھانڈ دانہ دو تولہ پانی میں جوش دے کر صبح و شام پلائیں، سوتے وقت لعوق سپستان ایک تولہ، لعوق معتدل ایک تولہ، عرق گاؤزبان دس تولہ میں جوش دے کر پلائیں، چھاتی اور دماغ کو سردی سے بچائیں۔

## کھانسی کے لیے مفید گولیاں

الائچی کلاں ایک تولہ، لونگ ایک تولہ، بہیڑہ کی چھال ایک تولہ، گوند کیکر ایک تولہ کالی مرچ ایک تولہ، کتھا ایک تولہ، پھلی ببول ایک تولہ سب کو ملا کر پانی کے ہمراہ بقدر دانہ نخود گولیاں بنائیں، دن میں آٹھ گولیاں منہ میں رکھ کر چوسا کریں۔ کھانسی سے آرام ملے گا۔

## کھانسی سرما کا نسخہ

فلفل گرد ایک تولہ، فلفل دراز ایک تولہ، خولنجان ایک تولہ، بھوسی اجوائن دیسی یعنی اجوائن دیسی کو مکوب کر کے پھٹکنے سے جو چھلکا حاصل ہو وہ ڈالا جائے وزن 2 تولہ، زنجبیل ایک تولہ، تخم دھتورہ سوا تولہ، بزرالنج ایک تولہ، تخم کتائی پونے دو تولہ، خشخاش سفید 2 تولہ، صمغ عربی ایک تولہ، کتیرا ایک تولہ، مرکی چھ ماشہ، کاکڑا سنگی ایک تولہ تمام چیزوں کو علیحدہ کوٹ

چھان کر بقدر اندازہ شہد ملا کر گولیاں بقدر نخود بنائیں، خوراک یک حب صبح یک حب شام ہمراہ بدرقہ مناسب ایک گولی بوقت شب منہ میں رکھ کر چوس لیں۔ اللہ شفا دے گا۔

## کھانسی کی چیدہ چیدہ دوائیں

**ملٹھی کے ٹکڑے کا نسخہ:**

ملٹھی بقدر ضرورت ملٹھی کا ایک ٹکڑا لے کر گرم راکھ میں دبائیں یہاں تک کہ نرم ہو جائے دن میں دو تین بار چبائیں۔

**کاکڑاسنگی کا سفوف:**

کاکڑاسنگی، پوست ہلیلہ ہموزن ادرک کا رس بقدر ضرورت پہلی دو دواؤں کو باریک سفوف بنالیں اور ادرک کے رس کے ساتھ چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ دن میں دو تین بار منہ میں رکھ کر چوسیں۔ کھانسی سے آہستہ آہستہ افاقہ ہوگا۔

**ادرک کے رس کا نسخہ:**

ادرک کا رس 12 ملی لیٹر، شہد 12 گرام ادرک کو کچل کر اس کا پانی حاصل کرلیں۔ پھر اس میں شہد ملالیں۔ دن میں دو تین بار لیں۔

**ملٹھی میں شکر کا نسخہ:**

برگ گاؤزبان 4 گرام، ملٹھی 4 گرام، خطمی 6 گرام، سپستان 10 عدد، عناب 5 عدد 25 ملی لیٹر پانی میں اتنا جوش دیں کہ آدھا رہ جائے۔ پھر چھان کر شکر ملالیں۔ دن میں دو بار لیں۔ بہت افاقہ ہوگا۔ انشاء اللہ۔

## زود اثر ٹکیوں سے کھانسی کا علاج

ست ملٹھی ایک رتی، ست پودینہ $\frac{1}{8}$ رتی، جڑ پان ایک رتی، کاکڑاسنگی ایک رتی

کتھا خالص $\frac{1}{4}$ رتی، کافور $\frac{1}{4}$ رتی، چینی ایک رتی۔



یہ ایک ٹیبلٹ کا وزن ہے۔ اسی مقدار سے آپ جس قدر چاہیں۔ علیحدہ علیحدہ ہر ایک جز کا باریک کپڑ چھان کر کے سفوف تیار کریں۔ لیکن کافور اور ست پودینہ کھرل میں الگ پیس کر فوراً ملا دیں اور بذریعہ مشین ٹکیاں بنالیں، ایک دو ٹکیہ دن میں دو چار دفعہ منہ میں رکھ کر چوسیں۔ چوسنے سے کھانسی دور ہو جاتی ہے۔

## کھانسی کے لیے مجرب چٹنی

طباشیر نقرہ 8 ماشہ، مصری کالپی 6 ماشہ، ملٹھی 8 ماشہ، مگھاں 4 ماشہ، الائچی سبز 3 ماشہ، دارچینی 6 ماشہ، شکر تیغال 4 ماشہ، کاکڑاسنگی 4 ماشہ، چھل بیزہ 4 ماشہ، گھی گاؤ $1\frac{1}{2}$ تولہ، شہد خالص 10 تولہ سب خشک دواؤں کو کوٹ کر گھی میں بھون لیں پھر شہد ملا کر چٹنی بنائیں۔ تین تین ماشہ صبح دوپہر اور شام استعمال کریں۔ اور دنوں میں اس کا اثر دیکھیں۔

## کھانسی کا حیرت انگیز چٹکلہ

سرسوں کا تیل دن میں دو تین بار مقعد کی اندرونی جانب اور اوپر لگانے سے ہر قسم کی کھانسی کو آرام ہو جاتا ہے۔ آزمایا ہوا نسخہ ہے۔

## کھانسی کی میٹھی پڑیا سے پرانی کھانسی دور

پھٹکڑی بریاں ایک تولہ۔ کھانڈ دیسی دس تولہ دونوں کو باریک پیس کر چودہ پڑیاں بنالیں اور ایک پڑیا خشک کھانسی والے کو دودھ سے اور تر کھانسی والے کو پانی سے کھائیں۔ اس سے پرانی سے پرانی کھانسی بلکہ معمولی دمہ بھی دور ہو جاتا ہے۔

## ہر قسم کی کھانسی کے لیے گولیاں

لونگ تولہ۔ کالی مرچ تولہ۔ چھلکا بیزہ تولہ۔ کتھا سفید تولہ ان ادویہ کو نہایت باریک پیس کر کیکر کی چھال کے جوشاندہ کے ہمراہ برابر تین چار روز کھرل کریں اور بقدر دانہ چنے کے گولیاں بنالیں۔ اگر بلغمی کھانسی ہو تو دن بھر کے اندر دو تین گولیاں چوسائیں۔ اگر خشک کھانسی ہو تو کوزہ مصری کے ہمراہ گولی رکھ کر چبائیں۔ اکثر اقسام کھانسی کا علاج ہے۔

## کھانسی کی شدت

حب نزلہ:۔ سرفہ نزلی اور بےخوابی میں معمول ہے بزرالبنج۔ زعفران۔ افیون۔ تخم کاہو۔ صمغ عربی۔ اصل السوس مقشر۔ کندر کتیرا۔ مرکی۔ بہدانہ مساوی باریک کر کے کالی مرچ کے برابر گولیاں بنائیں اور سونے کے وقت دو تین گولیاں کھایا کریں اور کھانسی کی شدت کے وقت ایک گولی منہ میں رکھ لیا کریں۔ کھانسی کی شدت میں بتدریج کمی واقع ہوگی۔

## کھانسی کے لیے عرق کا ادنیٰ کرشمہ

گل بنفشہ اسیر، گلو سبز گل نیلوفر اسیر، خاکسی اسیر، گاؤزبان آدھ سیر بادیان آدھ سیر، گل سرخ 3 پاؤ، آب تازہ 20 سیر، عرق کشید کریں، یہ عرق کھانسی کہنہ جدید ساتھ جس کے کھانسی بھی ہو اس کو دور کرنا اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔

## کھانسی کے لیے حبِ نخودی

تخم کتاں بریاں 2 تولہ، سہاگہ خام 3 ماشہ، ربّ السوس ایک تولہ، قند سیاہ ایک تولہ باریک دستی پیس کر حب نخودی بنالیں۔ مقدار خوراک 4 تا 6 گولی دن میں تین مرتبہ کھانسی میں بہت مفید ہے۔

## خشک کھانسی کا شربَت خشخاش

خشک کھانسی اور سل اور نزلات کے سر سے اُترنے کو نہایت مفید ہے۔ تخم کاہو بزر البنج ہر یک 30 درم۔ خشخاش سفید و سیاہ ہر ایک درم۔ اصل السوس 12 درم پانچ درم پانی میں پکائیں یہاں تک کہ دو سو درم رہ جائے صاف کر کے لعاب اسبغول 50 درم مصری سو درم داخل کر کے شربت کا قوام پکائیں۔ خشک کھانسی بالکل دور ہو جاتی ہے۔

## مدتوں کی کھانسی کا سفوف

مدتوں کی دورتی یہ سفوف شربت اعجاز کے ہمراہ پانی ملا کر استعمال کرنے سے



کھانسی دو دن کے اندر اندر دور ہو جائے گی۔

## شدید کھانسی کے لیے نخودی گولیاں

کاکڑا سنگی، بہارنگی، طباشیر اصلی، کتیرا، صمغ عربی، شکر تیغال، رب السوس بھی اصل السوس مقشر ہر ایک ایک تولہ، الائچی خورد 6 ماشہ، مصری کوزہ 2 تولہ نخودی گولیاں بنائیں، شدید کھانسی میں منہ بند کر کے چوسیں۔ شدید کھانسی سے آرام ملے گا۔

## پرانی کھانسی کے لیے بانسہ کا کھار پانی

بانسہ مشہور عام پودا ہے جو برصغیر پاک و ہند میں ملتا ہے۔ اس کا نمک یعنی کھار پانی سے پرانی کھانسی کو چند دن کے استعمال سے فائدہ پہنچاتا ہے۔ دق میں بھی یہ اپنا اچھا اثر جلدی دکھاتا ہے۔ پرانے بخاروں میں نافع ہے۔ مخرج بلغم مانا گیا ہے۔ اس لیے کھانسی دمہ میں اچھا کام کرتا ہے۔ کالی کھانسی کو بھی اسی طرح مفید ہے۔ جیسا کہ عام کھانسی میں۔ خوراک آدھا گرام سے ایک گرام شہد میں دیں۔ پرانی کھانسی کا زبردست توڑ ہے۔

## پرانی کھانسی کے لیے دیسی دوا

پرانی کھانسی کے واسطے معمول ہے السی بریاں 2 تولہ، اصل السوس مقشر 9 ماشہ، زیرہ سفید 9 ماشہ، کاکڑا سنگی علیحدہ علیحدہ باریک کر کے وزن کر کے اور شہد صاف 12 تولہ ملا کر بقدر 6 ماشہ صبح و شام استعمال کریں۔ دیسی دوا کا نسخہ ہے۔ جلد اثر دکھاتا ہے۔

## بلغمی کھانسی کی زود اثر دوا

بلغمی کھانسی جس سے کھانستے کھانستے قے ہو جائے مفید ہے، قے کو روکتی ہے انار دانہ 12 تولہ، دار فلفل 6 تولہ، مرچ سیاہ 4 تولہ، جوا کھار اصلی ایک تولہ، قند سیاہ کہنہ 14 تولہ سب چیزوں کو علیحدہ علیحدہ باریک کر کے قند سیاہ میں ملائیں، بقدر نخود دن میں 4 بار کھانسی کے لیے کھلا سکتے ہیں۔ انشاء اللہ فائدہ حاصل ہوگا۔

## بلغمی کھانسی کے لیے ملٹھی کا سفوف

سہاگہ بریاں میں دوگنا ملٹھی کا سفوف ملا کر شہد میں ملا کر چٹانے سے بلغمی کھانسی کو آرام آجاتا ہے۔ سینہ بلغم سے صاف ہو جاتا ہے۔

## بلغمی کھانسی کے لیے گیہوں کا چھان

گیہوں کا چھان ڈیڑھ تولہ لے کر ڈیڑھ پاؤ پانی میں پکائیں۔ جب چار پانچ ابال آجائیں تو مل چھان کر مصری یا چینی سے میٹھا کریں اور چائے کی طرح نیم گرم پئیں۔ بلغمی کھانسی بلکہ دمہ تک کو مفید ہے۔ کھانسی خشک ہو تو اس میں ایک تولہ گائے کا گھی ملا کر نوش کریں۔ بہت نافع ہے۔ بلغمی کھانسی سے مکمل آرام آجائے گا۔

## کالی کھانسی کا علاج

کیلا کے پتوں کی راکھ کا شہد میں ملا کر چٹانا مفید ہے، یا پھٹکوی سفید ایک تولہ کیلے کے پتوں کا رس دس تولہ، پھٹکوی کو توے پر رکھ کر آگ جلائیں اور تھوڑا تھوڑا کیلے کے پتوں کا رس ڈالتے رہیں، جب تمام عرق جذب ہو جائے تو پھٹکوی کو پیس لیں اور چوتھائی سے آدھی رتی تک شہد میں ملا کر دن میں دو سے تین بار دیں۔

**بچوں کی کالی کھانسی کی دوا:**

بچوں کی کالی کھانسی کے لیے ازحد مفید ہے، اتیس، کاکڑا سنگی، فلفل دراز ہموزن پیس کر شہد میں ملا کر محفوظ رکھیں۔ دن میں چار بار معمولی مقدار میں چٹائیں۔

**کالی کھانسی کا نسخہ:**

کالی کھانسی کے لیے ازحد مفید ہے۔ اجوائن دیسی حسب ضرورت لے کر توے پر رکھ کر نیچے آگ جلائیں اور ہلا ہلا کر راکھ بنالیں اور برابر شہد ملا لیں۔ ایک ماشہ سے تین ماشہ تک بلحاظ عمر دیں۔ دو چار دن میں دورے کم ہو جاتے ہیں اور کچھ عرصہ متواتر استعمال کرنے سے کھانسی ختم ہو جاتی ہے۔



**چرچٹہ کے نمک سے کالی کھانسی کو آرام:**

بچے کو ایک رتی سے دو رتی ہمراہ شہد دن میں دو تین بار چٹانے سے کالی کھانسی کو آرام آجاتا ہے یا چرچٹہ بوٹی کی جڑ کی راکھ کو شہد میں ملا کر استعمال کرنے سے بھی یہی فائدہ ہوتا ہے۔ بچے کو علیحدہ گرم اور ہوادار کمرے میں رکھیں۔

**بچوں کے لیے سیال قسم کی غذا کا نسخہ:**

کیلا خشک کے پتے ایک تولہ، رب السوس چھ ماشہ، نمک سیاہ، مرچ سیاہ چھ ماشہ، سہاگہ، پھٹکوی سفید، کاکڑا سنگی ہر ایک تین ماشہ سب کو کوٹ کر ایک کوری کلیہ میں رکھ کر گل حکمت کریں اور پانچ سیر اپلوں کی آگ دیں، خاکستر کو پیس کر محفوظ رکھیں، خوراک آدھی رتی ہمراہ مکھن دیں۔

## کالی کھانسی کے لیے گل کنڈیاری کا زیرہ

گل کنڈیاری کا زرد رنگ کا زیرہ خشک کر کے پیس کر شہد خالص 2 تولہ ملا کر چٹائیں، مجرب ہے۔

## کالی کھانسی کی کامیاب دوا

لہسن تشنجی قسم کی کھانسی و کالی کھانسی کے لیے بہت ہی مفید ہے۔ لہسن کی تری کا چھلکا اتار کر کوٹ کر خالص گھی میں گھوٹ کر چھاتی اور کندھوں پر مالش کرنے اور تھوڑی سی دوا نسوار کی طرح سنگھانے اور لہسن کا رس 10 پندرہ قطرے گرم پانی میں ملا کر مریض کو دیتے رہنے سے کالی کھانسی کا سخت جوش اور تکلیف کم ہو جاتی ہے اور یہ مرض جلد ہی دور ہو جاتی ہے۔

## کالی کھانسی کے تین آزمودہ ٹوٹکے

**پہلا ٹوٹکہ:**

لہسن کی تریاں بھون کر پیس کر شہد میں ملا کر ناریل کا تیل ملا کر مثل چٹنی بنالیں۔

کالی کھانسی میں چٹانے سے فوراً مرض کا جوش کم ہو جاتا ہے اور متواتر استعمال سے مرض دور ہو جاتا ہے۔

دوسرا ٹوٹکہ:

دیسی اجوائن 50 گرام کو توے پر رکھ کر اور ہلا ہلا کر راکھ کر لیں۔ پھر اس میں شہد 50 گرام ملا کر حل کر لیں۔ ایک سال سے پانچ سال کے بچوں کو ایک گرام چٹائیں۔ بلغمی کھانسی اور بلغمی دمہ کے لیے بہت مفید ہے۔ کالی کھانسی سے جلد آرام آتا ہے۔

تیسرا ٹوٹکہ:

سونٹھ نیم بریاں، کاکڑا سنگی نیم بریاں، پپلا مول ہر ایک ایک گرام، شہد 30 گرام مناسب مقدار میں چٹائیں۔ کالی کھانسی کا جلد خاتمہ ہوگا۔

## کالی کھانسی کا ایک اور مفید علاج

کیلا کے پتوں کی راکھ کا شہد میں ملا کر چٹانا بہت مفید ثابت ہوا ہے۔ اس سلسلہ میں کاکڑا سنگی چھ ماشہ، سونٹھ، چھ ماشہ، پپلی چھ ماشہ سفوف بنا کر ایک ماشہ سفوف چھ ماشہ شہد میں ملا کر دن میں دو تین بار استعمال کرائیں۔

## کالی کھانسی کی چیدہ چیدہ دوائیں

روغن ناریل یا روغن بادام 6 ملی لیٹر 60 ملی لیٹر دودھ میں ملا کر سوتے وقت لیں۔

1۔ حب شقیقہ ایک گولی دن میں تین بار لیں۔

2۔ لعوق تربوز والا 6 گرام سوتے وقت لیں۔

کرنج کے بیج 12 گرام باریک سفوف بنا لیں اور تھوڑا سا پانی میں ملا کر مونگ کے برابر گولیاں بنا لیں۔ ایک گولی دن میں دو بار لیں۔

خشخاش، گوند ببول، نشاستہ ہموزن باریک سفوف بنا لیں اور تھوڑا سا پانی ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنا لیں۔ ان نسخوں سے جلد آرام آ جائے گا۔



## شدید کھانسی کا علاج

دار چینی چار ماشہ بی دانہ چار ماشہ ملٹھی مقشر ایک تولہ دو ماشہ زوفا ایک تولہ دو ماشہ انجیر دس عدد خشخاش تین ماشہ مصری دو تولہ آدھا سیر پانی میں جوشاندہ بنائیں اور صاف کر کے بقدر چار تولہ استعمال کریں۔ دن میں تین بار استعمال کیا جائے ہر قسم کی کھانسی کے لیے مفید ہے۔

خشک و تر کھانسی کی بہترین دوا:

خشک و تر کھانسی کے لیے شربت اعجاز دیسی طب کی بہترین دوا ہے۔

## شدید کھانسی کے لیے سیرپ

بانسہ کے پتے ایک کلو، گاؤزبان 250 گرام، گل نیلوفر 250 گرام، خوب کلاں پوست خشخاش، سرطان نہری ہر ایک 100 گرام، کافور 5 گرام۔

آٹھ کلو پانی میں بھگو کر چھ بوتل عرق کشید کریں۔ عرق کشید کرتے وقت کافور قرع انبیق کے منہ میں رکھیں۔ چھ بوتل لائم واٹر ملا کر 13 کلو چینی ملائیں اور آگ پر چڑھا کر شربت تیار کریں۔ کلر (رنگ) شربتوں والا حسب ضرورت 4 گرام اور ست لیموں چینی ڈالتے وقت شامل کریں۔

دوسرا نسخہ:

پوست خشخاش، اجوائن خراسانی، کاہو ہر ایک 100 گرام، لسوڑیاں 250 گرام، انجیر آدھا کلو، خشخاش، ملٹھی مقشر، خوب کلاں، عناب ہر ایک آدھا کلو، بانسہ کے پتے ایک کلو، کافور 6 گرام، چھ بوتل عرق کشید کریں، چھ بوتل لائم واٹر ملا کر چودہ کلو چینی ملا کر شربت تیار کریں اور ایک سے دو چمچہ دیں۔ شدید کھانسی دور کرنے کا یہ بہترین شربت ہے۔

## باب۔75

# ہچکی

## ہچکی کا علاج

امرت دھارا (ست پودینہ، کافور، اجوائن ہموزن ملالیں) ایک سے دو بوند بتاشہ میں ڈال کر استعمال کرنا ہچکی کو فوراً بند کر دیتا ہے یا ست پودینہ آدھی رتی سے ایک رتی گلقند دو تولہ میں ملا کر کھانے سے ہچکی بند ہو جاتی ہے۔

**ریشہ ناریل کی راکھ کا نسخہ:**

ریشہ ناریل (جس سے رسے اور تانگوں کے گدے بنائے جاتے ہیں) جلا کر راکھ بنالیں، بس دوا تیار ہے، بقدر آدھے سے ایک ماشہ ہمراہ پانی دیں، فوراً آرام آ جائے گا۔

**لیموں کے رس سے ہچکی بند:**

لیموں کاٹ کر رس چٹائیں، ہچکی بند ہو جائے گی یا پودینہ کی پتیاں 3 ماشہ کھلانا مفید ہے۔

## ہچکی ہٹانے کا ٹوٹکہ

دیر تک سانس کو روکے رہنے سے بھی ہچکی کو آرام ہو جاتا ہے۔

## ہچکی بند کرنے کے لیے چیدہ چیدہ دواؤں کے 7 نسخے

**کلونجی کا سفوف**

کلونجی 6 گرام، مکھن یا گھی 6 گرام کلونجی کا سفوف کر کے مکھن یا گھی ملالیں۔ ہچکی



کے وقت استعمال کریں۔

**بھنگ کے پتوں سے ہچکی بند:**

بھنگ کے پتے 2 گرام، الائچی ایک گرام پانی میں پیس لیں اور شکر سے میٹھا کر لیں۔

**چھوٹی الائچی کے چھلکوں کا نسخہ:**

چھوٹی الائچی کے چھلکے بقدر ضرورت چلم میں بھر کر حقہ کی طرح پئیں۔

**سرکہ سے ہچکی ختم:**

سرکہ 12 ملی لیٹر ہچکی کے وقت لیں۔

**مغز بادام شیریں کی چٹنی:**

مغز بادام شیریں 5 عدد، کالی مرچ 5 عدد، شکر 12 گرام پانی میں پیس کر چٹنی بنا لیں۔ دن میں تین بار لیں۔

**ہلدی کے سفوف کا نسخہ:**

ہلدی ایک گرام، شہد 6 گرام ہلدی کا سفوف بنا کر شہد میں ملا کر لیں۔

**بڑی اور چھوٹی الائچی کے چھلکے کی دوا:**

بڑی یا چھوٹی الائچی کے چھلکے 6 گرام 25 ملی لیٹر پانی میں جوش دے کر چھان لیں۔ اس کی تین خوراکیں دن میں تین بار لیں۔

## حبِ انگوزہ ہچکی کو مفید

بد ہضمی، ہیضہ، نمونیہ، درد شکم، درد ریح، قولنج، ہچکی کو مفید ہے۔ ہینگ، میٹھا تیلیہ، ،، پوست ہلیلہ، پوست بلیلہ، آملہ، سہاگہ بریاں، مصبر، فلفل دراز، فلفل گرد، زنجبیل، شنگرف ،، مالکنگنی، قند سیاہ کہنہ ہموزن آب گھیکوار میں کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا کر صبح وشام

ہمراہ بدرقہ مناسب دیں۔ بہت مفید دوا ہے ہچکی سے جلد آرام آ جاتا ہے۔

## ہچکی سے دس منٹ میں آرام

جوکھار، قلمی شورہ، سہاگہ سفید بریاں، مرچ سیاہ ہر ایک چیز برابر وزن لے کر عرق سا اجوائن کے عرق میں چار یوم کھرل کر کے گولی بقدر گٹھلی بیر کے بنائیں، خوراک ایک گولی ہمراہ نیم گرم پانی کھلائیں اور ایک گولی منہ میں رکھیں ہچکی سے دس منٹ میں آرام آ جاتا ہے۔

## ہچکی کے لیے گلقند کا سفوف

ہچکی معدہ میں طعام کی خرابی سے ہو اُس میں پہلے اچھی طرح قے کرا کر گلقند، سکنجبین ہمراہ گلاب کے پلائیں اور چند روز طعام کم کھلائیں اور ہضم کی تجوید میں کوشش کریں

## زیرہ کرمانی کا نسخہ:

یہ سفوف نہایت مناسب ہے۔ زیرہ کرمانی۔ نانخواہ انیسون۔ تخم کرفس مساوی باریک کر کے دو گرام کھلایا کریں

## چند زود اثر دواؤں کا مرکب نسخہ:

جوارش مصطگی اور کمونی کبیر ہر ایک 7 ماشہ کھلائیں اور شیرہ بادیان 7 ماشہ۔ شیرہ صعتر۔ شیرہ انیسون ہر ایک 5 ماشہ۔ شیرہ زیرہ سفید 3 ماشہ۔ شیرہ الائچی کلاں 5 عدد گلاب 6 تولہ عرق اجوائن۔ عرق الائچی۔ عرق پودینہ گلقند ہر ایک 2 تولہ ملا کر پلائیں۔

## ہچکی اور الائچی کا چھلکا

الائچی خورد یا بڑی کا چھلکا پانچ گرام یا ایک اونس پانی میں ابال کر چھان کر دیں۔ ہچکی رک جائے گی۔



## ہچکی سے آرام کے لیے علاج کے مفید نسخے

بعض دفعہ ایک دو منٹ تک سانس روک لینے یا ایک گلاس سرد پانی تیزی کے ساتھ ایک ہی گھونٹ کر کے پی لینے کبھی گرم گرم چائے کا ایک کپ پی لینے سے بھی ہچکی رک جاتی ہے۔

بیرونی طور پر رائی کو پانی میں حل کر کے پندرہ منٹ فم معدہ کے اوپر ضماد کریں۔ فوراً ہچکی بند ہو جائے گی ہچکی کو بند کرنے کے لیے دوا اور آسان و آزمودہ نسخے ذیل میں درج ہیں۔

1۔ سونٹھ 5 ماشہ، مرچ سیاہ 5 دانہ پانی میں جوش دے کر صاف کر کے دن میں دو بار پلائیں ہچکی کے لیے مفید ہے۔

2۔ مغز بادام چار عدد، کالی مرچ چار عدد چینی ایک تولہ پانی میں پیس کر چٹنی بنا کر دن میں دو تین بار دیں۔ ہچکی کے لیے بہترین نسخہ ہے۔

## ہلدی سے ہچکی بند

ہلدی کی گرہ لے کر باریک پیسیں (بازار کی پسی ہوئی ہلدی نہ لیں کہ اس میں ملاوٹ ہوتی ہے) پھر تمباکو کی چلم میں دو چٹکی بھر رکھ کے اوپر آگ ڈالیں اور بیمار زور سے کش لگائے۔ دھواں اندر جاتے ہی ہچکی تھم جائے گی۔

## آرد ملٹھی (چھلی ہوئی) سے ہچکی کو فوراً آرام

آرد ملٹھی (چھلی ہوئی) کی تین تین گرام کی پڑیاں بنوا کر ہر گھنٹے بعد ہمراہ پانی دیں۔ فوراً آرام آ جائے گا۔

## مربہ ہریڑ کلاں سے ہچکی بند

مربہ ہریڑ کلاں 2 عدد پر مور کی راکھ ایک تولہ، شہد کف گرفتہ میں ملا کر کھائیں ہچکی فوراً بند ہو جائے گی۔

## ہچکی بند کرنے کے تین آزمودہ نسخے

**رس لیموں سے ہچکی بند:**

رس لیموں 12 گرام، شہد اصلی 12 گرام، سفوف چہار نمک ایک گرام یہ ایک خوراک ہے۔ سب کو باہم ملا کر مریض کو پلا دیں۔ ضرورتاً گھنٹہ بعد اسی کی دو تین خوراک دے سکتے ہیں۔

**ہچکی کے لیے انوکھا نسخہ:**

انسان کے سر کے بال باریک کپڑے کی پوٹلی میں باندھیں اور توے پر گرم کر کے مریض فواق (ہچکی) کو سنگھائیں۔ ہچکی بند ہو جائے گی۔



باب۔76

# قبض

## قبض کا علاج

0 دودھ، گھی، تازہ اور خشک پھل آڑو، آلوچہ، انگور، امرود، سنگترہ، انجیر، آلو بخارا، کشمیری ناشپاتی آم، خربوزہ، شلجم، سرسوں اور پالک سرسوں کا ساگ، سبز ماکولات بکثرت کھائیں،

0 تازہ لیموں کا رس، دو چمچہ ایک گلاس گرم پانی میں ملا کر چار بجے شام پئیں۔

0 ورزش کرنا اور پیادہ پا چار یا پانچ میل روزانہ چلنا یا دس یا بارہ میل گھوڑے کی سواری کرنا ضروری ہے۔

0 اسبغول ایک تولہ روزانہ دودھ کے ساتھ پھنکا دیں۔

0 روغن بادام ایک تولہ گرم دودھ میں ملا کر پلانا۔

0 اطریفل زمانی 9 ماشہ رات کو سوتے وقت کے ہمراہ کھلانا اکثر مفید ثابت ہوتا ہے

## قبض کے لیے زود اثر مجربات

**قبض کشا دوا کا نسخہ:**

چھلکا ہرڑ زرد دو تولہ، مصبر مدبر ایک تولہ دونوں کو کھرل کر کے پانی کی مدد سے چنے کے برابر گولیاں بنا لیں۔ دو گولیاں رات کو گرم دودھ یا پانی سے کھلائیں، قبض کشا ہے۔ پاخانہ نرم کر کے لاتی ہے۔ اس کے دینے سے دَاب نہیں لگتے بلکہ ایک بار حاجت محسوس ہوتی ہے اور طبیعت صاف ہو جاتی ہے۔

### سفوف بنفشہ سے طبیعت صاف:

عمدہ بنفشہ کے پھول، مصری برابر لے کر کوٹ لیں اور چھان کر سفوف بنالیں، خوراک ایک تولہ لے کر دودھ یا گرم پانی سے دیں۔ یہ سفوف نہایت آرام سے پاخانہ لا کر طبیعت صاف کرتا ہے اور قبض کھل جاتی ہے۔

### گل قند آفتابی سے قبض دور:

پھول گلاب ایک سیر تازہ لے کر چینی سفید دو سیر ملا کر پھول کی پتیوں کو ہاتھ سے مل کر دھوپ میں رکھ دیں۔ تین چار روز کے بعد استعمال کے قابل ہے۔ خوراک دو سے چار تولہ ہمراہ عرق سونف دس تولہ یا پانی سے دیں۔ دیرینہ قبض رفع دفع ہو جاتی ہے۔

نوٹ: سفید دیسی گلاب کا گل قند تیز اثر رکھتا ہے۔

### سفوف ہرڑ سیاہ سے علاج:

کالی ہرڑوں کا سفوف بنا کر بمقدار ذائقہ نمک سیاہ ملا لیں، سفوف کالی ہرڑ تیار ہے، خوراک تین ماشہ ایک دن ناغہ کر کے بوقت خواب ہمراہ تازہ پانی کھلائیں، قبض دائمی، ریاحی تکالیف اور معدہ و جگر کی خرابی سے پیدا ہونے والے فاسد مادے دُور ہو جاتے ہیں۔

### مربہ ہرڑ سے بال سیاہ:

قبض کو دُور کرتا ہے، قوت حافظہ اور قوت بینائی کو بڑھاتا ہے، متواتر استعمال سے بال سیاہ رہتے ہیں۔ خوراک ایک سے دو عدد پانی سے دھو کر رات کو سوتے وقت کھائیں۔

### حب تنکار:

سہاگہ سات ماشہ، اجوائن خراسانی پونے نو ماشہ، مرچ سیاہ ساڑھے تین تولہ، مصبر مدبر چار تولہ آٹھ ماشہ، گھیکوار کے رس میں چنے کے برابر گولیاں بنائیں، خوراک ایک سے تین گولی سوتے وقت پانی سے استعمال کریں۔ سدے بھی بآسانی خارج ہو جاتے



### ارنڈی کا تیل:

اسے روغن بید انجیر اور کیسٹر آئیل بھی کہتے ہیں۔ تمام فاسد مواد کو بذریعہ اسہال خارج کرتا ہے، خوراک دو سے چار تولہ تک نیم گرم دودھ میں استعمال کرائیں۔

### قبض کشا کا عجیب تحفہ:

سناء کے پتے (شدھ) گل گلاب (مصفا) ہموزن سفوف بنا کر دونوں کے برابر چینی ملا لیں، بقدر چھ ماشہ رات کو سوتے وقت نیم گرم دودھ سے لیں۔ قبض دور کرنے کے لیے عجیب تحفہ ہے اور خوشبودار ہے۔

### اسبغول سے علاج:

قبض کی معمولی حالت میں اسبغول سالم ایک تولہ روزانہ ہمراہ پانی دیں یا جب ضرورت ہو استعمال کرائیں، قبض کے لیے آسان علاج ہے، اس سے آدمی عادی بھی نہیں ہوتا۔

### قبض دائمی کا مفید نسخہ:

سناء کے پتے ایک تولہ، دانہ الائچی خورد ایک تولہ، شہد خالص چار تولہ، بادام اصلی دو تولہ سناء اور الائچی کا سفوف بنا کر بادام روغن سے چرب کر کے شہد میں ملا کر معجون بنالیں خوراک چار سے نو ماشہ، رات کو سوتے وقت ہمراہ نیم گرم دودھ دیں، دائمی قبض کے لیے سب سے بہتر اور مفید نسخہ ہے، جس کے کچھ عرصہ کے استعمال سے آنتوں کی خشکی زائل ہو کر قبض کی شکایت بالکل دور ہو جاتی ہے۔

### اطریفل زمانی کا بہترین استعمال:

روغن بادام ایک تولہ، گرم دودھ میں ملا کر پلانا یا اطریفل زمانی نو ماشہ رات کو سوتے وقت دودھ کے ہمراہ کھلانا اکثر مفید ہوتا ہے۔

### قبض دائمی کا ایک اور منفرد نسخہ:

پیٹ پر گھی، کیسٹر آئیل یا روغن بادام کی مالش کرنے سے بھی دائمی قبض دور ہو جاتی ہے۔

### دائمی قبض دور کرنے کے دو پراثر نسخے:

سناء، سونف، سونٹھ، نمک سیندھا باریک سفوف بنالیں، چھ گرام پانی کے ساتھ سوتے وقت لیں۔ اطریفل ملین دس گرام ہلکے گرم پانی سے رات کو سوتے وقت لیں۔

## تھوم کا وقت پر استعمال

تھوم بھی دافع قبض ہے مگر یہ عام لوگوں کے موافق نہیں۔ اس کا استعمال اس وقت مناسب ہے۔ جب بدن سے بلغمی رطوبات خارج کرنا مقصود ہوں۔ چنانچہ اس کی پوتھیاں چھیل کر سات ماشہ کی مقدار میں لیں اور ایک تولہ شہد یا شیرہ قند میں پیس کر کھالیں۔ اوپر سے دو چار گھونٹ گرم پانی پی لیں۔ سدے بڑی آسانی سے خارج ہو جاتے ہیں۔

## قبض دائمی کے لیے معجون ملین

معجون ملین قبض دائمی کو دور کرنے میں نہایت عجیب ہے۔ گل بنفشہ۔ گل نیلوفر۔ گل سرخ۔ تربد مجوف ہر ایک 10 درم ترنجبین 30 درم۔ کشمش۔ شہد ہر ایک ایک پاؤ ترنجبین کو گلاب میں بھگو کر صاف کر کے شہد میں قوام کریں اور خشک ادویہ کو کوٹ کر بادام روغن سے چرب کر کے اور کشمش کو گھس کر ملائیں خوراک 4 درم تا 5 درم۔ دائمی قبض جلد دور ہو جائے گی۔

## قبض دائمی کے چیدہ چیدہ نسخے

### اجوائن دیسی سے قبض دور:

فلفل گرد، فلفل دراز، تنکار بریاں، برگ سداب، اجوائن دیسی، جو کھار بادیان، صبر، انیسوں، رومی مصطگی، نمک لاہوری، نمک سیاہ، ہر ایک بر ماشہ، شیرہ گنوار گندل بقدر ضرورت میں ڈال کر حب بمقدار نخود بنائیں خوراک 2 حب ہمراہ آب گرم صبح و شام استعمال کرائیں سہال کے واسطے 5 حب۔



### عرق گلاب سے تیار نسخہ:

جلابہ ہڑ تولہ، حب النیل بریاں تولہ، سقمونیا انگریزی 6 ماشہ مصبر تولہ، جملہ ادویات باریک پیس کر کپڑہ میں چھان کر بادام روغن 6 ماشہ سے چرب کریں اور قدرے عرق گلاب اضافہ کر کے حبوب بقدر نخود بنادیں۔ بقدر خوراک 2 سے 4 حبوب وقت شب ہمراہ پانی یا دودھ۔

### روغن بادام سے قبض کا مفید چٹکلہ:

شربت بنفشہ (عمدہ) 4 تولہ، عرق گلاب 3 تولہ، عرق بادیان 3 تولہ، لعاب بہدانہ 3 ماشہ روغن بادام 6 ماشہ، صبح خالی معدے روزانہ پئیں، کچھ عرصے کے بعد قبض ہمیشہ کے لیے دور ہو جائے گی۔

### بل بوٹی سے تیار گولیاں:

بوٹی بیل 4 تولہ، مرچ سیاہ تولہ، نمک 3 ماشہ ملا کر گولی بمقدار نخود بنائیں، بعد از غذائے شب ایک گولی گرم دودھ یا گرم پانی سے نوش کریں۔

### شہد خالص سے معجون کا ٹوٹکہ:

گل بنفشہ 3 تولہ، گل نیلوفر 3 تولہ، گل سرخ 3 تولہ، تربد سفید مجوف کوٹ چھان کر روغن بادام میں چرب کر کے اور کشمش 20 تولہ کو پیس کر اور ترنجبین 2 تولہ کو گلاب 20 تولہ میں حل کر کے صاف کر کے 20 تولہ شہد خالص ڈال کر معجون بنالیں، خوراک ایک تولہ گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ قبض پھر کبھی نہیں ہوگی۔

## پرانی قبض ہمیشہ کے لیے دور

دانہ الائچی سبز 2 تولہ، سونٹھ و مغز سونف ایک ایک تولہ، مصبر 2 ماشہ، گلقند 6 ماشہ

باریک کر کے گلقند میں ملا کر گولیاں بنالیں۔ خوراک 1 تا 2 گولی رات کو نیم گرم دودھ یا پانی سے دیں۔ دائمی قبض کو دور کرتی ہے۔ ہاضمہ درست رکھتی ہے اور پرانی قبض ہمیشہ کے لیے دُور ہو جاتی ہے۔

## معروف شربت کا قبض کشا نسخہ

شربت سنا نہایت قابل ذکر ہے قبض کشائی اور امعا کی یبوست دور کرنے میں تریاق کا کام کرتا ہے۔ تخم کاسنی 4 درم۔ گل سرخ۔ گل گاؤزبان۔ گل بنفشہ۔ گل نیلوفر ہر ایک 5 درم تخم خیارین 6 درم سنا کی مصفا 20 درم آلو بخارا 15 دانہ۔ عناب 30 دانہ۔ لسوڑیاں 20 دانہ ترنجبین خراسانی مصفٰی 3 پاؤ بطریق معروف شربت تیار کریں۔

## شربت دافع قبض

یہ شربت قبض کو دور کرتا اور صفرا کو نکالتا اور حرارت کی تسکین کرتا ہے۔ گل گاؤزبان۔ گل بنفشہ۔ شاہترہ ہر ایک 10 مثقال۔ تمر ہندی 40 مثقال۔ زرشک 40 مثقال۔ آلو بخارا۔ آلو سیاہ ہر ایک 100 عدد سب کو ایک سیر پانی میں جوش دیں جب آدھا رہ جائے مل کر صاف کر کے شیر خشت 100 مثقال۔ ترنجبین خراسانی 150 مثقال داخل کر کے قوام کریں یہ شربت دس خوراک ہے ہفتہ میں ایک روز دیا کریں۔

## قبض کے لیے لاجواب چیز

مویز منقہ $2\frac{1}{2}$ تولہ، سقمونیا ولایتی $1\frac{1}{4}$ تولہ، بادام مقشر $2\frac{1}{2}$ تولہ، حبوب نخودی تیار کریں۔ دو حبوب ہمراہ شیر گرم دیرینہ قبض کے لیے لاجواب چیز ہے۔

## تھوڑی مقدار کی قبض کشا دوا

دوا تھوڑی مقدار میں کھلانے سے قبض کو دور کرتی ہے۔

تربد (تروی) مد اسفوف دو حصہ کھانڈ ایک حصہ دونوں کو ملالیں آٹھ رتی سے چار ماشہ دودھ یا پانی سے کھلایا کریں۔ قبض دور ہو جائے گی۔



## بغیر دوا قبض کھلنا

آک کی جڑ کو پانی میں پیس کر پیٹ پر لیپ کرنے سے قبض کھل جاتی ہے۔ انشاء اللہ۔

## قبض توڑنے والی کراماتی گولیاں

عصارہ ریوند شدہ ہر ایک 20 گرام، مصطگی 10 گرام باریک کر کے گولیاں بقدر نخود بنائیں۔ دو گولی رات کو پانی سے دیں۔ قبض کو توڑ دیتی ہے۔ پاخانہ بافراغت لاتی ہے۔

## نیم گرم پانی سے قبض دور

کھانا کھانے کے بعد نیم گرم پانی کچھ عرصہ پینے سے قبض دور ہو جاتی ہے۔ معدہ کی کمزوری دور ہو جاتی ہے۔ بھوک زیادہ لگتی ہے اور سات وسنا مکی 20 گرام، دونوں کو پیس کر شہد سے بیر کے برابر گولیاں بنالیں اور دودھ کے ساتھ دو گولیاں استعمال کریں۔ قبض جلد دور ہو جائے گی۔

## قبض کا جنم گھٹی سے علاج

جنم گھٹی کا استعمال مفید ہے یا سونف ایک ماشہ، گلاب کے پھول ایک ماشہ، ریوند چینی تین رتی، گل قند چار ماشہ سب ادویہ کو چار تولہ پانی میں جوش دے کر جب ڈیڑھ تولہ رہ جائے تو مل چھان کر بچے کو چمچہ چمچہ پلائیں۔

**جنم گھٹی کا مفید نسخہ:**

گاؤزبان کے پتے، گل بنفشہ، ملٹھی چھلی ہوئی، منقیٰ، عناب، پھول گلاب، سناء کے پتے ہر ایک ایک ماشہ پانی میں جوش دے کر گرم گرم حالت میں گودہ املتاس چھ ماشہ، ترنجبین چھ ماشہ بھگو کر حل کریں، صاف کر کے بچہ کو چمچہ چمچہ پلائیں۔ مفید نسخہ ہے اور ہر قسم کی قبض کے لیے بے ضرر ہے۔

## قبض کھولنے کے لیے حب عصارہ

معمولی قبض کو دور کرنے کے لیے بہت اچھی چیز ہے۔ بچے، جوان اور بوڑھے سب استعمال کر سکتے ہیں۔

### شیر خوار بچے کے لیے قبض کی گولی:

ایلوا ایک تولہ، عصارہ ریوند ایک تولہ، مصطگی رومی 6 ماشہ سب کو باریک پیس کر چھان کر دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنائیں۔ بوقت خواب 2 گولی سے 4 گولی تک (عمر کے مطابق) کھلائیں۔ اگر تین چار دست لانے کی ضرورت ہو تو جوانوں کو آٹھ سات گولی تک دے سکتے ہیں۔ شیر خوار بچے کو ایک گولی کافی ہوتی ہے۔

## قبض کے لاجواب نسخے

### روغن بادام سے تیار شدہ گولیاں:

چھلکا ہرڑ زرد 27 گرام، چھلکا بہیڑہ 27 گرام، آملہ 27 گرام، تربد مجوف 27 گرام ہرڑ سیاہ 27 گرام، ریوند چینی 45 گرام، سونف 45 گرام، مصطگی 45 گرام، اسطخودوس 45 گرام، سقمونیا ولائتی شدہ 135 گرام، کھانے کا نمک 32 گرام۔

سب کو باریک کر کے روغن بادام چرب کر کے چار چار رتی کی ہاتھ یا مشین سے گولیاں بنائیں۔

### پھولوں کی گلقند کا نسخہ:

جلابہ ہرڑ کو کھرل میں باریک پیس کر مثل غبار بنا لیں۔ یہ سفوف 40 گرام ہو۔ اس سفوف کو 250 گرام خالص گلاب کے پھولوں کی گلقند میں چمچے سے ملا کر حل کریں اور ساتھ ہی 10 گرام عرق گلاب خالص اس میں ڈال دیں اور کسی صاف شیشے کے ڈھکنا دار مرتبان میں ملا کر محفوظ رکھ دیں۔



### چھلکا ہرڑ زرد کا سفوف:

چھلکا ہرڑ زرد، سناء کے صاف پتے، ہر ایک دس گرام پھول گلاب 5 گرام، سفوف تیار کریں۔ خوراک 3 گرام سے 6 گرام ہمراہ پانی دیں۔

## السی سے قبض دور

السی بھی بہترین ملین ہے۔ تخم السی کوٹ کر رکھ لیں اور رات کو سوتے وقت ایک تولہ آب نیم گرم پھانک لیا کریں قبض جاتی رہے گی۔

## گڑ لال شکر سے قبض کھولنا

رات کو کھانا کھانے کے بعد دو تین تولے گڑ یا لال شکر کھا لی جائے تو قبض کھل جاتی ہے۔

## نیم گرم دودھ میں میٹھا ملا کر پینے سے قبض دور

رات کو سوتے وقت آدھ سیر نیم گرم دودھ میں میٹھا ملا کر پی لیں اور کچھ روز اس پر مداومت کریں تو قبض جاتی رہتی ہے۔ اگر یہ شکایت آنتوں کی خشکی کی وجہ سے ہو اور دائمی قبض ٹھہر جائے تو دودھ میں گھی ملا کر پیا کریں۔

### ٹھنڈا و نیم گرم پانی سے قبض دور:

صبح خالی معدہ دو تین گلاس گھڑے کا پانی یا ایک گلاس نیم گرم پانی پینے سے بھی قبض ٹوٹ جاتی ہے۔

—❖❖❖—

باب.77

# اپھارہ (FLatulence)

## اپھارہ کا علاج

قبض نہ ہونے دیں۔ غذا کے بعد حب کبد نوشادری دو دو عدد ہمراہ عرق سونف دیں۔ مندرجہ ذیل نسخہ جات اس مرض میں مفید ہیں۔

## دوائے اپھارہ کا زود اثر سفوف:

سونٹھ چھ ماشہ، انیسون ایک تولہ، پودینہ خشک ایک تولہ، نمک سیاہ ایک تولہ، زیرہ سفید ایک تولہ، سونف ایک تولہ، نمک لاہوری دو تولہ سب کا سفوف بنا کر رکھیں اور صبح و شام کھانا کھانے کے بعد چار سے چھ ماشہ ہمراہ پانی استعمال کریں، اس سلسلہ میں جوارش کمونی اور جوارش جالینوس کا استعمال بھی مفید ہے۔

## تریاق معدہ سے اپھارہ دور کرنے کا نسخہ

نوشادر ٹھیکری، دار فلفل، نمک سیاہ، الائچی خورد معہ پوست کوٹ چھان کر سفوف بنائیں، خوراک تین تین رتی ہمراہ پانی بعد از غذا دیں، جملہ امراض معدہ کے لیے تریاق ہے۔ آزمودہ نسخہ ہے۔

## ہینگ سے اپھارہ سے آرام

اگر پیٹ میں اپھارہ ہو جائے تو ہینگ کو تھوڑے پانی میں گھول کر اور اس میں روئی



بھگو کر ناف پر رکھیں، اپھارہ دور ہو جائے گا۔

## سفوف ریاح سے اپھارہ دور

ریوند خطائی، سونٹھ، سوڈا بائیکارب ہموزن سفوف بنائیں اور چار رتی تا ایک ماشہ ہمراہ تازہ پانی صبح و شام کھلائیں۔ سفوف ریاح پُر اثر ہے۔ جلد آرام آ جاتا ہے۔

—— ❖❖❖ ——

باب۔78

# سرطان

## سرطان کا پھوڑا

مسور کو سرکہ انگوری میں پکائیں۔ جب مسور خوب گل جائیں اور تمام سرکہ جذب ہو جائے تو پیس کر لیپ لگاتے رہیں۔ اس سے سرطان ایسا ہٹیلا پھوڑا بھی تحلیل ہو جاتا ہے۔

## سرطان محرق (جلانے) کی ترکیب

صاف تانبے کی دیگ کو آگ پر رکھ کر اس کے درمیان میں سرطان ڈال دیں اور نیچے آگ تیز کر دیں۔ جب سرطان جل کر مانند خاکستر ہو جائیں۔ تو باریک کر کے محفوظ رکھیں اور استعمال میں لائیں۔

—⁘⁘⁘—



باب۔79

# مقعد کی بیماریاں

## مقعد کے کیڑے

### چنونے کیڑوں کا خاتمہ

یہ سفید رنگ کے باریک باریک سرکہ کے کیڑوں کی مانند ہوتے ہیں اور یہ چھوٹی آنتوں کے آخری حصہ پر پیدا ہوتے ہیں۔

نیم کے پتوں کا پانی نچوڑ کر دن میں دو تین بار بچہ کے پاخانہ کی جگہ پر ملتے رہیں۔ اس سے تمام کیڑے ہلاک ہو جاتے ہیں۔

### کرم کش کا جادو اثر علاج

جوانوں کے لیے دو رتی بھر کونج پھلی کے اوپر زرد رنگ بال سے باریک رواں کیپسول میں بھر کر صبح نہار شکم کھلائیں۔ اگر دوا سے قبل ایک تولہ بھر قند سیاہ کھالے تو زیادہ بہتر ہوگا۔ کیپسول کھا کر اوپر سے 2 تولہ املی کا زلال پلا دیں۔ شام تک اکثر کیڑے مر کر براستہ پاخانہ خارج ہو جائیں گے۔ ایک دن ناغہ کر کے صرف ایک ہی بار کیپسول کھلانے سے عمر بھر کے لیے چھٹکارا ہو جائے گا۔

### مسوں کا پھولا پن

مسوں کے پھولا پن اور سختی و تناوٹ دور کرنے کے لیے یہ تدبیر بھی نہایت موثر ہے کہ جو کا آٹا گائے کے دودھ میں پکائیں جب لئی سی بن جائے تو مسوں پر ضماد کر دیں۔ تکلیف دور ہو جائے گی۔ انشاءاللہ۔

## مقعد کے زخموں کے لیے سفوف

السی کو لوہے کے برتن میں جلا لیں کہ سیاہ ہو جائے۔ اسے باریک پیس کر رکھ لیں اور مقعد کو کڑوے تیل یا گھی سے چپڑ کر یہ سفوف اس پر چھڑکا کریں۔

## مرغی کے تازہ انڈے سے فائدہ:

مرغی کا تازہ انڈا لے کر ظرف آہنی میں بند کر کے آگ میں رکھیں کہ جل کر خاک ہو جائے۔ اسے مقعد پر دھوڑنے سے اس کے زخم چھوٹ جاتے ہیں اور بھگندر (ناسور مقعد) کو بھی فائدہ پہنچتا ہے۔



باب 80

# کانچ نکلنا

## کانچ نکلنا کا علاج

پھٹکری ایک ماشہ، پانی اڑھائی تولہ میں ملا کر روئی تر کر کے کانچ پر لگا کر آہستہ سے داخل کریں، لنگوٹ بندھوائیں، یا مازو سبز ایک ماشہ، چھلکا انار ایک ماشہ، پھول انار ایک ماشہ، بالکل باریک کر کے کانچ پر چھڑکیں اور لنگوٹ بندھوائیں یا مازو سبز 6 ماشہ، پھٹکری چھ ماشہ، پانی ایک پاؤ میں حل کر کے روئی اس میں تر کر کے کانچ پر لگا کر آہستہ آہستہ اندر داخل کر کے لنگوٹ بندھوا دیں، یا ببول (کیکر) کی چھال آدھا کلو کو پانچ لیٹر پانی میں جوش دے کر چھان کر ٹب میں ڈال اس میں پانچ سے دس منٹ اس طرح بیٹھیں کہ کانچ ڈوب جائے اور پھول گلاب، پھول انار، کتھ ہموزن سفوف بنا کر کانچ پر چھڑکیں اور اندر دبا دیں۔ بہت زود اثر اور کارآمد نسخے ہیں۔

## کانچ کا اکسیری علاج

سرمہ سفید ایک تولہ، مردار سنگ ایک تولہ، مازو $\frac{1}{2}$ تولہ، کندر 10 بہمن ایک تولہ، پھٹکری سفید 2 ماشہ سب کو باریک پیس کر اور ریشمی کپڑے سے چھان کر رکھیں۔ جب کانچ نکلے تو اس پر گھی چپڑ کر یہ دوا چھڑک دیا کریں اور مقعد کو اوپر کر دیا کریں۔

## سفوف کے پھایہ سے کانچ کو آرام

گلنار انار کا چھلکا، پھلی کیکر خام، مازو پھل تمام ہموزن لے کر سفوف بنا لیں اور پانی میں قدرے پھٹکری حل کر کے آب دست کرائیں پھر تھوڑے آب پھٹکری میں سفوف مذکورہ تین ماشہ حل کر کے انگلی یا روئی کے پھایہ سے کانچ پر لگائیں۔ دو روز سے زیادہ لگانے

کی ضرورت نہ پڑے گی۔ انشاءاللہ لاجواب سفوف فائدہ دے گا۔

## لوہے کی چیزوں کو سرخ کرنے والے پانی سے کانچ کو آرام

لوہے کی چیزیں آگ میں سرخ کرکے بہت سے پانی میں کئی بار بجھائیں۔ جب یہ پانی ٹھنڈا ہو جائے تو اسے کسی ناند یا ٹب میں بھر کے بیمار کو اس میں تا بہ کمر بٹھائیں۔ اس سے بواسیر کا خون تھم جاتا ہے۔ کانچ نکلنے کو فائدہ ہوتا ہے اور بہت جلد آرام آ جاتا ہے۔

———❖❖❖———



باب۔81

# بچوں کی بیماریاں

## بچوں کے سوکھا پن کا علاج

مروارید ناسفتہ ایک ماشہ، ورق سونا ایک ماشہ دونوں کو روح بید مشک میں سات دن کھرل کرکے خشک کریں، خوراک ½ سے ایک چاول ہمراہ دودھ گائے دیں۔

## بچوں کے سوکھا پن کے لیے گولیاں:

مروارید ناسفتہ چار رتی، زہر مہرہ، حجر الیہود، تار جیل دریائی، چھلکا ہرز زرد، مغز کنول گٹہ، طباشیر، دانہ الائچی خورد، زیرہ گلاب (زرد ورد) ہر ایک چھ ماشہ سب کو پیس کر عرق گلاب کے ہمراہ مونگ کے دانہ کے برابر گولیاں بنائیں، خوراک ایک سے دو گولی ماں کے دودھ میں گھس کر بچے کو دیں۔

قے، دست، بخار، پیاس، سوکھا وغیرہ تمام امراض کے لیے مفید ہیں۔

## پان کی پیک سے سوکھا مسان کا علاج

دو تین بنگلہ پان پر اچھی طرح چونا و کتھہ لگا کر سپاریاں ڈال کر دو تین کلو کے ہرے پتوں کے ساتھ منہ میں چبائیں۔ اس کی پیک بچے کی ریڑھ کی ہڈی پر گرا کر جلد جلد مل دیں، ریڑھ کی ہڈی اور شانوں کے درمیان چھوٹے چھوٹے کرم نظر آئیں گے۔ ان کو فوراً چن لیں۔ پھر پیک گرا کر اس طرح ملیں اور کرم نکالیں۔ تین چار روز یہ عمل متواتر کرنے سے بچے کا سوکھا (مسان) دور ہو جاتا ہے۔

### انڈے کی زردی سے سوکھا پن کا خاتمہ:

بچے کے مرض سوکھا پن میں انڈے کی زردی نہایت مفید چیز ہے۔ یوں تو ادھ کچی زردی کا کھلانا بھی فائدہ سے خالی نہیں، انڈے کی زردی نکال کر ہتھیلی پر رکھیں اور اس پر بچہ کو بٹھائیں۔ یہ زردی پاخانہ کے راستے جذب ہو جائے گی۔ اگر یہ عمل کرنے سے زردی جذب نہ ہو تو سمجھ لینا چاہیے کہ مرض سوکھا نہیں ہے بلکہ اس کو کوئی اور مرض ہے۔

### کچھوے کی کھوپڑی سے سوکھا پن کا علاج:

کچھوے کی کھوپڑی پانی سے پتھر پر تھوڑی گھس کر چٹائیں۔ دو تین مہینے کے استعمال سے سوکھا پن دور ہو کر بچہ موٹا تازہ ہو جاتا ہے۔ مجرب المجرب ہے۔

### انار کی چھال کے کاڑھے کا نسخہ:

انار کی چھال کا کاڑھا بنا کر دینے سے بچہ کا سوکھا روگ دور ہو جاتا ہے۔

## مرض سوکھا کی دوا

کچھوے کی پشت کی ہڈی خالص عرق گلاب میں گھس کر اتنا کھرل کریں کہ گولیاں بنانے کے قابل ہو جائے۔ اب اس میں لعاب گوند کیکر ملا کر مٹر کے برابر گولیاں تیار کر لیں۔ اس دوا سے ہڈیوں کے پنجر سوکھا مرض میں مبتلا بچے موٹے تازے ہو جاتے ہیں۔ معصوم بچے کو چوتھائی سے نصف گولی ماں کے دودھ میں گھس کر صبح و شام پلاتے رہیں۔ بڑی عمر کے مریضوں کو ایک ایک گولی صبح و شام کھلائیں، ان گولیوں کے استعمال سے مریضوں میں کیلشیم کی کمی بھی دور ہو جاتی ہے۔

## بچوں کا ہاضمہ درست نہ ہونا

بدہضمی کو دور کرنے کے لیے سفوف ایک ماشہ، پودینہ ایک ماشہ پانی میں جوش دے کر چھان کر پلائیں۔ اس سے دودھ ہضم ہونے لگتا ہے اور بدہضمی دور ہو جاتی ہے۔



### شہد سے بدہضمی دور:

معمولی بدہضمی صرف شہد چٹا دینے سے ہی دور ہو جاتی ہے۔

## بچوں کی پسلی چلنے کے چند نسخے

### لہسن اور شہد سے آرام:

لہسن بقدر ضرورت، شہد 12 گرام لہسن کچل کر اس کا 3 ملی لیٹر پانی نکال لیں اور شہد ملا لیں۔ دن میں تین بار چٹائیں۔

### کارآمد نسخہ:

1. حب ذہب اطفال ایک گولی دن میں دو بار لیں۔
2. حب عصارہ ریوند ایک گولی دن میں دو بار لیں۔
3. شربت صدر 6 ملی لیٹر دن میں دو بار لیں۔
4. قیروطی آرد کرسنہ سینہ پر ملیں۔

### روغن تارپین سے علاج:

روغن تارپین 12 ملی لیٹر، کافور 2 گرام کافور کو روغن میں حل کر لیں۔ سینہ پر آہستہ آہستہ ملیں۔

### زوداثر دواؤں کا سفوف:

لوبان ایک گرام، نوشادر ایک گرام، شہد 6 گرام پہلی دو دواؤں کا سفوف بنا کر شہد میں ملائیں۔ 125 ملی گرام دن میں تین بار چٹائیں۔

### میتھی اور السی سے علاج:

میتھی ایک گرام، السی ایک گرام، شہد 6 گرام پہلی دو دواؤں کو 60 ملی لیٹر پانی میں جوش دے کر چھان لیں اور شہد ملا لیں۔ دن میں دو تین بار پلائیں۔

### بخار اور سخت خشک کھانسی سے علاج:

بچے کو صاف کمرے میں لٹائے رکھیں۔ اگر ضرورت ہو تو انگیٹھی جلا کر اس کو گرم کریں۔ لیکن دھواں بالکل نہ ہونے دیں۔ روغن تارپین ایک تولہ میں کافور دو ماشے حل کر کے بچہ کے سینہ پر مالش کریں، یا ایک انڈے کی زردی میں ایلوا تین ماشے، زعفران ایک ماشہ کھرل کر کے ململ کے دو ٹکڑوں پر لگا کر ہلکا گرم پسلیوں پر دونوں طرف لگائیں۔ اوپر سے روئی گرم کر کے باندھ دیں۔ اندرونی طور پر دست کے لیے ارنڈی کا تیل چھ ماشے شہد میں ملا کر دیں۔ اس کے علاوہ ملٹھی، زوفا خشک، السی ہر ایک ایک ماشہ، انجیر ایک عدد کو پانی میں جوش دے کر ذرا سا شہد ملا کر دیں۔ بچے کو بخار اور سخت خشک کھانسی سے بہت افاقہ ہوگا۔

## بچوں کے دانت نکلنے کا علاج

مکھن چھ ماشہ اور شہد چھ ماشہ ملا کر مسوڑھوں پر ملیں، کیلشیم کی کمی کے لیے کشتہ صدف مناسب مقدار میں دیں یا نارجیل دریائی ایک تولہ، طباشیر ایک تولہ، زہر مہرہ ایک تولہ، عرق گلاب پانچ تولہ، عرق کیوڑہ دس تولہ، عرق بید مشک پانچ تولہ پتھر کے کھرل میں کھرل کر لیں، خوراک ایک رتی دیں، اس سے بچہ بآسانی دانت نکال لیتا ہے۔ تکلیف بھی زیادہ نہیں ہوتی۔

## بچوں کو کانچ نکلنا

دست اور پیچش کی زیادتی کی وجہ سے بچہ کو کانچ نکلنے لگتی ہے اور یہ زیادہ تر دو تین سال کے بچوں کو نکلا کرتی ہے۔

### زود اثر نسخہ:

پھٹکری تین ماشہ کو ایک چھٹانک پانی میں حل کر کے رفع حاجت کے بعد آب دست کرانے سے کانچ کا نکلنا بند ہو جاتا ہے۔



## بچوں کے کان سُوجنا

بچوں کے کان سوج جائیں تو یوں کریں کہ گائے کا گھی گرم کر کے کان کے گرد لگاتے رہیں اور اس کے چند قطرے کان کے اندر بھی ڈال دیں۔ انشاء اللہ دو تین روز میں صحت ہو جائے گی۔ انشاء اللہ۔

## بچوں کو اپھارہ

کبھی دودھ ہضم نہ ہونے کی وجہ سے بچے کے پیٹ میں سڑ جاتا ہے اور اس سے ہوائیں پیدا ہو کر بچہ کا پیٹ پھولا ہوا نظر آتا ہے۔ بچہ کے پیٹ پر تارپین کا تیل مل کر روئی گرم کر کے سینکیں، یا اجوائن اور نمک ہر ایک دو تولے کو پوٹلی میں باندھ کر توے پر گرم کر کے اس سے سینکیں، جب تک بچہ کا اپھارا دور نہ ہوا سے دودھ نہ پلائیں۔ اس کے بعد دودھ پلائیں تو اس میں سونف پکا کر دیں یا چونے کا پانی ملا کر پلائیں۔ اپھارہ دور ہو جائے گا۔

## بچوں کو قبض

بچوں کو پچاس فی صدی قبض اور بد ہضمی کی بیماریوں میں مبتلا ہونا پڑتا ہے۔ لہٰذا ہر ایک بچہ کو جس کو قبض کی شکایت ہو کم از کم ہر ہفتہ ایک چمچہ کسٹر آئل استعمال کرانا چاہیے۔

### گلیسرین سے قبض دور:

اگر بچہ کو فوراً دست لانا چاہیں تو سن لائٹ صابن کا ایک ٹکڑا لے کر اس کو تراش کر چھوہارے کی گٹھلی کے برابر بنائیں اور گھی یا تیل سے چکنا کر کے بچہ کی پاخانہ کی جگہ میں رکھیں یا اگر گلیسرین مل سکے تو اس کا شافہ استعمال کریں۔ بہت جلد قبض دور ہو جائے گا۔

### بچوں کے دست کے لیے بے ضرر نسخہ:

گل قند 15 گرام، سونف 3 گرام، پھول گلاب 3 گرام، پھول بنفشہ 3 گرام، جوش دے کر اس میں صرف ایک چمچہ نیم گرم پلائیں۔ نسخہ بالکل بے ضرر ہے۔ بچہ دو تین دست آنے کے بعد تندرست ہو جاتا ہے۔

## بچوں کی خارش کے لیے مفید نسخہ

رسونت، چاکسو، منڈی، برہم ڈنڈی، نیلوفر، نیل کنٹھی، شاہترہ، سرپھوکہ، صندل سفید، مہندی کے پتے ہرایک 3 گرام، جوانسہ، نیم کے پتے ہرایک 6 گرام، کیکر کے پتے، کرنجوے کے پتے ہرایک 9 گرام، مرچ سیاہ 3 گرام کوٹ چھان کر شاہترہ کے رس سے گولیاں بقدر نخود بنالیں۔

خوراک ایک گولی صبح وشام ہمراہ عرق شاہترہ اور یہ گولی مع گیرو سرخ چھال نیم پانی سے گھس کر ضماد کریں۔ بچوں کی خارش کے لیے مفید ہے۔

## بچوں کی ہچکی

بعض بچوں کو ہضم کی خرابی یا اپھارہ کی وجہ سے ہچکیاں آنے لگتی ہیں۔ ان کو دور کرنے کے لیے اجوائن اور نمک ہرایک دو تولے کو ایک پوٹلی میں باندھیں اور توے پر گرم کر کے اس سے پیٹ کو سینکیں اور سونف، اجوائن ہرایک ایک تولہ، سہاگہ بھنا ہوا، نمک سیاہ ہر ایک تین ماشے کو باریک پیس چھان کر دو رتی سے چار رتی تک بچہ کی عمر کے مطابق پانی میں گھول کر پلائیں اور 3 - 3 گھنٹے کے بعد پلاتے رہیں ہچکی آنے سے رُک جائے گی۔

## بچوں کی کالی کھانسی کے لیے مجرب دوا

پھٹکڑی سفید دس گرام توے پر ڈال کر پگھلائیں اور کیلے کے پانی کا چوپہ دیتے رہیں۔ اس طرح 100 گرام پانی جذب کر دیں اور باریک کر کے محفوظ رکھیں۔ ایک برس کے بچے کو دو چاول، دو برس کے بچے کو ایک رتی، تین برس کے بچے کو تین رتی، عرق اجوائن کے ساتھ صبح اور شام دیں۔ بہت جلد فائدہ کرتا ہے۔ یہ دوا بچوں کی کالی کھانسی کے لیے بہت ہی مجرب ہے۔

**شہد میں ملی دوا:**

بانسہ کے پتے، اتیس، کاکڑا سنگی، فلفل دراز ہم وزن پیس کر رکھ لیں۔ شہد میں ملا کر تھوڑی تھوڑی دوا دن میں تین چار بار چٹائیں۔



**کھانسی کی لاجواب دوا:**

سیاہ رنگ کے بکرے کی تلی حاصل کر کے 14 عدد فلفل دراز گاڑ دی جائیں، پھر کوزہ میں بند کر کے دس پندرہ سیر اُپلوں کی آگ دیں۔ ٹھنڈا ہونے پر نکال کر پیس کر رکھ لیں۔ اس میں قدرے شہد ملا کر چٹائیں۔ بچوں کی کالی کھانسی کی لاجواب دوا ہے۔

**کالی کھانسی والے بچے کے لیے لہسن کی پوتھی:**

لہسن کی پوتھیوں کو چھیل کر دھاگے میں پرولیں اور کالی کھانسی والے بچے کے گلے میں ڈالیں۔ کیونکہ لہسن میں سے ایک خاص کا جوہر نکل کر ہوا میں شامل ہو جاتا ہے اور ہوا سانس کے ذریعہ جب اندر پھیپھڑوں میں جاتی ہے تو اس سے کالی کھانسی کو آرام ہو جاتا ہے۔

## بچوں کو موٹا تازہ بنانا

جب بچہ چار ماہ کا ہو جائے تو اسے تازہ مکھن گائے 3 ماشہ، قدرے کھانڈ ملا کر (جس کا ذائقہ بدل جائے) ہر روز کھلایا کریں اور ہر ہفتہ کے بعد ایک ماشہ مکھن بڑھا دیا کریں۔ چند روز میں ہی بچہ بہت موٹا تازہ ہو جائے گا۔

## بچے کا پیشاب بند ہونا

نوشادر، جوکھار ہموزن پیس کر دو رتی سے چار رتی تک ہمراہ گرم پانی کے دیں۔ پیشاب جاری ہو جائے گا۔

**مولی کے پانی سے پیشاب کا کھلنا:**

مولی کا پانی نکال کر پلائیں۔ پیشاب کھل کر آ جائے گا۔

## بچے کے سُرخ بادہ کا علاج

رسونت مصفا ایک تولہ، مغز تخم نمولی (نیم) ایک تولہ، صندل سرخ، چرائتہ، شاہترہ، مغز چاکسو، نرکچور، نیم کے پتے، بکائن کے پتے، نیم کے پھول، مہندی کے پتے، کوڑ سفید، مرچ سیاہ، ہلدی ہرایک تین ماشہ سب کو باریک پیس کر شہد خالص کے ساتھ نخود

کے برابر گولیاں بنائیں، ایک ایک گولی دن میں تین بار دیں۔ سرخ باد، فساد خون، پھوڑے پھنسی کے لیے نہایت مفید ہے۔

## ننھے بچوں کے لیے دھپڑ کا نسخہ:

بعض اوقات ننھے ننھے بچوں کو یہ شکایت اکثر برسات کے موسم میں یا شدت گرمی کی وجہ سے بدن پر دھپڑ پڑ جاتے ہیں۔ سوزش، بخار اور پیاس بہت زیادہ ہوتی ہے۔ اس کا حملہ رخساروں اور منہ پر زیادہ اور باقی جسم پر کم ہوتا ہے۔ رسوت مصفی بچے کو بقدر ایک رتی ماں کے دودھ میں حل کر کے دن میں دو دفعہ دیں۔

## جلن اور سرخی دور کرنے کا نسخہ:

دھنیا خشک، گیرو، صندل برادہ سرکہ میں حل کر کے بار بار لگاتے رہیں۔ اس سے جلن اور سرخی دور ہو جاتی ہے۔

## بچوں کا خسرہ

زعفران نصف رتی تک عرق گلاب میں گھس کر بچے کو پلا دیں۔ اس سے دانے اچھی طرح نکل آتے ہیں اور خسرہ بھی کم ہو جاتا ہے۔

## بچوں کے دست کا علاج

عناب پانچ دانہ، مویز منقیٰ تین دانہ، خوب کلاں (خاکسی) ایک ماشہ، انجیر نصف بقدر ضرورت پانی میں خفیف جوش دے کر بچہ کو پلاتے رہیں اور جب بخار شروع ہی ہوا ہو تو مروارید یعنی سچے موتی کا ایک ایک دانہ بچے کو نگلوا دیا کریں۔ جب دانے خوب کھل نکل آئیں تو مندرجہ ذیل نسخہ پلاتے رہیں۔

## زود اثر نسخہ:

دانہ عناب، عرق گلاب میں بھگو رکھیں جب بچے کو پیاس لگے تو اس میں سے پلاتے رہیں۔ یا عرق گاؤزبان اس کو دیں۔



بعض اوقات بچوں کو دست شروع ہو جاتے ہیں۔ ایسے دستوں کے لیے یہ نسخہ مفید اور مجرب ہے۔ زہر مہرہ دو رتی، مروارید دو چاول، کہربا شمعی 4 چاول، مصطگی تین ماشہ، دانہ الائچی چھوٹی تین ماشہ، تخم بارتنگ تین ماشہ تمام ادویات کو باریک کوٹ چھان کر سفوف بنالیں اور ایک ایک رتی عرق سونف سے دیتے رہیں منڈی بوٹی کا پھول ایک عدد کھلانا بھی مفید ہے۔

## بچوں کے دست کا چیدہ چیدہ دوائیوں سے علاج

زرنبور 12 گرام، ترکیب تیاری۔ زرنبور کو کچل کر 250 ملی لیٹر پانی میں جوش دے کر چھان لیں۔ دن بھر میں 4 خوراکوں میں دیں۔

## مرکبات کے لاجواب نسخے:

1. سفوف زرنباد 500 ملی گرام پانی کے ساتھ دن میں دو بار دیں۔
2. حب زرنبور ایک گولی پانی کے ساتھ دن میں تین بار دیں۔
3. حب زہر مہرہ ایک گولی پانی کے ساتھ دن میں تین بار دیں۔
4. جوارش مصطگی 2 گرام دن میں دو بار دیں۔
5. خمیرہ خشخاش 2 گرام دن میں دو بار دیں۔

## زرنبور کا سفوف

زرنبور بقدر ضرورت باریک سفوف کر لیں۔ 500 ملی گرام پانی کے ساتھ دن میں دو بار لیں۔

## سہاگہ بریاں کے سفوف کا نسخہ:

موچرس 12 گرام، سہاگہ بریاں 12 گرام، بہدانہ بریاں 6 گرام، باریک سفوف بنالیں۔ ایک گرام پانی کے ساتھ دن میں دو بار لیں۔

### وج ترکی کے سفوف سے آرام:

وج ترکی بقدر ضرورت ہلکا سا بھون کر سفوف کر لیں۔ 250 ملی گرام سفوف پانی کے ساتھ دن میں دو بار دیں۔

### عرق گلاب کی آمیزش کی گولیاں

پوست آملہ 120 گرام، مصطگی 60 گرام، عرق گلاب بقدر ضرورت پہلی دو دواؤں کا باریک سفوف کر لیں اور عرق گلاب میں ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنا لیں۔ 2 گولیاں دن میں دو بار لیں۔

### سونٹھ اور زیرہ سے دست دور

سونٹھ، زیرہ، تیزپات ہر ایک 20 گرام باریک سفوف بنا لیں۔ 3 گرام دن میں دو بار لیں۔

### گولر کے پتوں سے علاج:

گولر کے پتے 10 عدد 6 ملی لیٹر پانی میں پیس کر چھان لیں۔ دن میں 2 بار لیں۔

### اتیس شہد میں ملا نسخہ:

کاکڑا سنگی 20 گرام، اتیس 20 گرام لے کر کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ ایک گرام کی مقدار میں شہد میں ملا کر دن میں دو بار بچے کو چٹائیں۔

## زرینہ بچوں کے نسخہ جات

### کشتہ صدف سے علاج:

زہر مہرہ، خطائی 3 گرام، ناریل دریائی 3 گرام، کشتہ صدف 3 گرام، کشتہ مرجان 3 گرام، مروارید ایک گرام، ورق چاندی ایک گرام۔

عرق کیوڑہ میں کھرل کر کے گولیاں چھوٹے نخود کے برابر بنا لیں۔ ایک گولی صبح



اور ایک گولی شام ہمراہ پانی استعمال کرائیں۔

رال سفید 20 گرام، گل دھاوا 20 گرام، سفوف بنا کر 2 گرام دہی کی لسی کے ساتھ استعمال کرائیں۔

### شربت حب آلاس کا نسخہ:

بیل گری بریاں، مازو سبز بریاں پیس کر بقدر ایک سے دو گرام تک بلحاظ عمر شربت حب آلاس کے ساتھ دیں۔ بچوں کے دستوں کے لیے ازحد مفید ہے۔

### رب جامن کا سفوف:

خستہ انبہ، بیل گری، اندر جو شیریں، گل دھاوا ہر ایک 10 گرام سفوف بنائیں۔ خوراک ایک گرام ہمراہ رب جامن دیں۔

### اندر جو شیریں سے دست بند:

خس، بیل گری، اندر جو شیریں ہموزن سفوف بنا لیں۔ خوراک ایک گرام ہمراہ تازہ پانی دیں۔

### پوست خشخاش سے دستوں کو آرام:

بل کھو، پوست خشخاش، ہموزن لے کر باریک کر لیں ایک تا 2 رتی دن میں 3 یا 4 بار پانی سے کھلائیں۔ دستوں کو فوراً بند کر دیتا ہے۔

### آم کی چھال کا لیپ:

آم کی چھال لے کر دہی کے پانی کے ساتھ پیس کر لیپ تیار کریں اور مریض کی ناف کے گرد لیپ کر دیں دست فوراً بند ہو جائیں گے۔

## بچوں کے لیے گھٹی

جوتے اور دستوں کے بند کرنے میں اکسیر ہے۔ زہر مہرہ خطائی 3 ماشہ، مازو 2

ماشہ، پیپتا 3 ماشہ سفوف بنا کر چٹکی دیں۔

## بچوں کے ہرے پیلے دستوں کے دوالا جواب نسخے

**پہلا نسخہ:**

بچوں کے ہرے پیلے دستوں میں مفید ہے اور صرع اطفال کو مؤثر ہے ایک ماشہ سے لے کر تین ماشہ تک ہمراہ پانی۔

**دوسرا نسخہ:**

چھلکا ہلیلہ زرد، تروی مجوف، پودینہ خشک ہر ایک ہموزن سب ادویات کو باریک پیس کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

## ضعف معدہ سے آنے والے دست

بیر مشہور میوہ ہے۔ جو بیری پر لگتا ہے۔ جب یہ پک جائیں۔ تو اچھی طرح سکھا کر باریک پیس لیں اور ایک تولہ صبح۔ دوپہر۔ شام کو چھاچھ یا پانی سے کھائیں ضعف معدہ سے آنے والے دست بند ہو جائیں گے۔

## بچوں کے دست کے دوا اور نسخے

اگر دست بکثرت آتے ہوں تو نارجیل دریائی دو رتی، طباشیر دو رتی، زہر مہرہ اصلی دو رتی، گھس کر دیں یا نارجیل دریائی ایک تولہ، طباشیر اصلی ایک تولہ، زہر مہرہ سبز رنگ ایک تولہ، عرق گلاب پانچ تولہ، عرق کیوڑہ دس تولہ، عرق بید مشک پانچ تولہ، چینی کے کھرل یا نہ گھسنے والے کھرل میں کھرل کر کے رکھیں، خوراک ایک رتی سے دو رتی تک، اس سے بچہ دانت آسانی سے نکالتا ہے، ہر قسم کے دست و قے و پیاس کے لیے ازحد مفید ہے۔

**بدہضمی کے دستوں کے لیے سفوف:**

ریوند خطائی، چھلکا ہرڑ زرد، نرکچور ہر ایک ایک تولہ، سوڈا بائیکارب چھ ماشہ سب کو پیس کر سفوف بنائیں، ایک چٹکی دودھ میں حل کر کے بچے کو پلائیں، خراش دار و بدہضمی کے



دستوں کے لیے مفید ہے۔

**پیچش کے لیے لعاب ریشہ:**

پیچش کی حالت میں لعاب ریشہ خطمی ایک ماشہ، لعاب بی دانہ ایک ماشہ، شربت بنفشہ یا شربت انجبار چھ ماشہ ملا کر پلائیں۔

**بال گھٹی کا سفوف:**

کاکڑا سنگی، ناگر موتھا، اتیس، پپلی، طباشیر، الائچی خورد، نارجیل دریائی برابر سفوف بنا کر کپڑ چھان کر چھان لیں، جتنے مہینے کا بچہ ہو اتنی رتی یہ دوا شہد میں ملا کر دن میں تین بار چٹائیں۔

**اسہال کا زود اثر نسخہ:**

خستہ انبہ، بیل گری، اندر جو شیریں، گل دھاوا ہر ایک ایک تولہ سفوف بنائیں، خوراک ایک ماشہ جامن کے رُب کے ساتھ دیں۔

**یونانی گرائپ واٹر سے علاج:**

سوئے آدھا سیر، کشمش آدھا سیر، پانی پانچ سیر ان کا چار بوتل عرق نکالیں، اس میں ایک تولہ سوڈا بائیکارب ملائیں، پھر اس عرق میں سکرین ایک رتی میٹھا کرنے کے لیے ملا دیں۔

بچوں کی بدہضمی، پیچش، مروڑ، ہرے پیلے دست، کھانسی و آنتوں وغیرہ کی تکلیف کے لیے ازحد مفید ہے، گرائپ واٹر کی طرح ایک چھوٹا چمچہ صبح اور ایک چھوٹا چمچہ شام کو دیں۔

**دانت نکلنے میں آسانی کا نسخہ:**

ناگر موتھا، کاکڑا سنگی، مگھاں، طباشیر، چھوٹی الائچی، زہر مہرہ خطائی، دریائی نارجیل ہر ایک چھ ماشہ، خوراک چھ ماہ کے بچے کو چار رتی، ایک سال کے بچے کو ایک ماشہ صبح و شام دیں، بچوں کی بدہضمی، بخار، کھانسی، دست قبض، دانت نکلنے میں آسانی کے علاوہ کمزور بچے

مضبوط ہوتے ہیں۔

## بچوں کے شربت کے لیے بال شربت:

چونا اَن بجھا تین پاؤ، پانی دو سیر، رنگ لال (سوڈا واٹر والا) تین ماشہ، ست پودینہ ایک رتی، چینی تین پاؤ۔ کسی مرتبان میں پانی دو سیر ڈال کر چونا ڈال دیں، دو دن بھیگا رہے، دن میں دو یا تین بار ہلا دیا کریں، تیسرے دن آدھ سیر اس کا نتھار لے کر صاف برتن میں آگ پر رکھیں اور چھ ماشہ سوڈا بائیکارب ملا دیں، بعد میں چینی ملا کر قوام کریں، جب ٹھنڈا ہو جائے تو ست پودینہ پیس کر ملا دیں، رنگ کم و بیش ملا سکتے ہیں۔ بچوں کے دستوں کے لیے مفید ہے۔

**نوٹ:** اگر چونے کے مقطر پانی میں چکھنے پر تیزی محسوس ہو تو اس میں پانی دگنا یا تین گنا کر لیں۔

## بار بار دستوں کے لیے مفید علاج:

جب بار بار دست آتے ہوں تو گل دھاوا ایک تولہ، رال سفید ایک تولہ برابر وزن کر کے سفوف کریں، خوراک دو سے تین ماشہ دہی میں ملا کر دیں یا دہی کی لسی سے دیں یا بیل گری کا سفوف بنا کر دو سے تین ماشہ تک ہمراہ شربت انار دو تولہ دن میں دو سے تین بار دیں، ہر قسم کے دستوں کو بند کرنے کے لیے نہایت مفید علاج ہے۔

## دستوں کو روکنے کے لیے دوائے اسہال:

بیل گری چھ ماشہ، موچرس 9 ماشہ، گل دھاوا ایک تولہ، اندر جو شیریں چھ ماشہ، اسارون سات ماشہ، برگ بھنگ دو تولہ، خستہ انبہ چھ ماشہ، جامن چھ ماشہ، ناگرموتھا چھ ماشہ، گل انار چھ ماشہ، افیون تین ماشہ۔ تمام کو کوٹ چھان کر بقدر نخود گولیاں بنائیں، خوراک ایک سے دو گولی ہمراہ تازہ پانی دیں۔ دست خواہ کسی قسم کے ہوں، اس دوا سے بند ہو جاتے ہیں اور کسی قسم کا مضر اثر نہیں ہوتا۔



## سفوف مویائے دست بند:

ہرڑ سیاہ، پوست خشخاش سفوف شدہ ہر ایک چھ ماشہ، گائے کے گھی میں بریاں کر کے سب کو کوٹ کر سفوف بنائیں۔ خوراک چھ ماشہ ہمراہ آب تازہ دیں۔ معدہ و آنتوں کی کمزوری سے جو دست آتے ہوں اُن کو روکنے کے لیے مفید ہے۔

## مربہ بیل گری:

بیل پختہ کلاں جس کا چھلکا باریک ہو، لے کر چھلکا دور کر کے چاقو سے گول گول قاشیں تراش لیں اور قاشوں سے بیجوں کو نکال دیں، چینی سفید کا قوام بنائیں اور جب قوام تیار ہونے لگے تو قاشوں کو قوام میں ڈال کر اس قدر پکائیں کہ قوام درست ہو جائے۔ مقدار ایک تولہ روزانہ صبح دیں، دستوں و پیچش کے لیے ازحد مفید ہے۔

## قابض دستوں کو بند کرنے کا سفوف:

موچرس، مائیں، گل دھاوا، بل کتھ، پوست، رال سفید ہر ایک ایک حصہ، مصطگی دو حصہ سب دواؤں کا سفوف بنالیں، خوراک آدھا ماشہ دن میں تین بار دیں، نہایت قابض ہے اور دستوں کو بند کرتا ہے۔

## بچوں کے لیے شربت حب آلاس کا نسخہ:

بیل گری بریاں، مازوئے سبز بریاں ہموزن پیس کر ایک سے دو ماشہ بلحاظ عمر ہمراہ شربت حب آلاس دیں۔

## ہاضمہ خراب ہونے والے بچوں کا نسخہ:

پیپل کی چھال کو جلا کر کوئلہ کر لیں اور باریک پیس کر اس میں سے ایک چٹکی پانی سے دیں۔

## کیکر کے دہکتے ہوئے انگاروں کا نسخہ:

کیکر کے دہکتے ہوئے انگارے کو تھوڑے سے پانی میں بجھا کر اور پھر پانی کو

صاف کر کے بچے کو پلائیں۔ چند بار کے پلانے سے دست بند ہو جائیں گے۔

گوند کیکر کی گولیاں:

رال سفید گوند کیکر ہر ایک 6 گرام پیس کر پانی کی مدد سے گولیاں چار چار رتی کی بنائیں اور غذا کے بعد ایک گولی دیں، پیچش اور اسہال (دستوں) کے لیے از حد مفید ہے۔

مازو سبز کا نسخہ:

مازو سبز تولہ، مائیں تولہ، افیون 6 ماشہ، گوند کیکر 3 ماشہ حب بقدر فلفل برابر خوراک 3 حب دن میں استعمال کریں۔

## پرانے دست کا علاج

یونانی طریقہ علاج میں کڑا چھال اس مرض کا نہایت مفید علاج ہے۔ اس سلسلہ میں کڑا چھال پانچ تولہ لے کر دو گھنٹہ تک باریک پیس کر بارہ خوراک بنائیں۔ ایک پڑیا گائے کے دودھ کی دہی کے ساتھ کھلائیں اور تمام دن دہی پلاتے رہیں، اگر بھوک لگے تو دہی چاول دیں۔ ہفتہ بھر میں پرانے دستوں سے چھٹکارا مل جائے گا۔

دست دور کرنے کے لیے مفید چیز:

زیرہ سفید، بیل گری، طباشیر، مصطگی رومی سب برابر وزن کوٹ کر مقدار خوراک چار سے چھ ماشہ دن میں تین بار ہمراہ سرد پانی دیں۔ چند دنوں میں ہر قسم کے دست دور ہو جائیں گے، نہایت ہی مفید چیز ہے۔

کوڑی زردے علاج:

کوڑی زرد دس تولہ لے کر آگ میں گرم کر کے رس لیموں میں بجھا دیں، حتیٰ کہ نرم قابل پینے کے ہو جائیں، بعد باریک پیس کر رس لیموں میں ایک دن کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر کوزہ گلی میں رکھ کر دس سیر اُپلوں کی آگ دیں، سفید برآمد ہوگا۔

خوراک: ایک سے تین رتی تک ہمراہ سرد پانی، بچوں کو چوتھائی رتی سے آدھی رتی عمر کے



مطابق دیں۔ یہ کشتہ پرانے دستوں کے لیے مفید ہے۔

پرانے دستوں کی دوا:

کڑا چھال پانچ تولہ، پھول گلاب اڑھائی تولہ، دانہ الائچی کلاں سوا تولہ سب کا سفوف تیار کریں، خوراک دو سے تین ماشہ گرمیوں میں دہی کی لسی (چھاچھ) اور سردیوں میں تازہ پانی سے دیں۔

گیہوں کی روٹی سے پرانے دست دور:

پرانے دست معدے کی کمزوری سے آتے ہیں۔ اس کا بڑا آسان علاج یہ ہے کہ گیہوں کی روٹی تھوڑے سرکہ اور تھوڑے پانی میں بھگو دیں۔ جب گل جائے تو چمچے سے کھا لیں۔ صبح و شام یہی روٹی کھائیں اور چند روز اس پر عمل کریں آرام ہو جائے گا۔

## گھٹی جو بچوں کے قے و دست دور کرے

زہر مہرہ خطائی ایک تولہ، نارجیل دریائی 6 ماشہ، مازو بے سوراخ سفوف بنالیں، حسب عمر و حسب ضرورت 3 رتی تک ہمراہ پانی دیں، بچوں کے ہر قسم کے قے اور دست بند کر دے گی۔ بہت ہی مفید گھٹی ہے۔

## خونی دست میں مفید اور علاج

خونی بواسیر کے لیے مفید سفوف:

آم کی گٹھلی کا مغز اور جامن کی گٹھلی کا مغز برابر وزن لے کر سفوف بنائیں، خوراک پانچ ماشہ ہمراہ تازہ پانی استعمال کرائیں، خونی دستوں اور خونی بواسیر کے لیے از حد مفید ہے۔ ذیابیطس اور جریان کو بھی فائدہ مند ہے۔

سفوف سے مفید علاج:

کتھ سفید سفوف چھ ماشہ، الائچی خورد سفوف تین ماشہ، اسبغول سالم ایک تولہ، مگی سفید سفوف ایک تولہ، ملا لیں، چھ چھ ماشہ کی پڑیا ہمراہ دہی استعمال کریں۔ نہایت

آسان اور مفید علاج ہے۔

**حب آلاس کا نسخہ:**

سماق پانچ ماشہ، حب آلاس پانچ ماشہ، جزانجبار 9 ماشہ جوش دے کر صاف کر کے دم الاخوائن ایک ماشہ، سنگ جراحت (سفوف شدہ) ایک ماشہ چھڑک کر دن میں تین بار پلائیں۔ اس نسخہ کا پھوگ دوسرے وقت دے سکتے ہیں۔

**کھیر خونی دستوں کے لیے مفید نسخہ:**

بکری کے دودھ میں چاول پکائیں کہ کھیر بن جائے۔ اس میں ذائقہ کے مطابق کھانڈ ملا کر ٹھنڈی کر کے کھائیں۔ خونی دستوں میں مفید ہے۔

## بچوں کے نئے اور پرانے دستوں کا نسخہ

مسور کو پانی میں ابال لیں اور چھان کر اس پانی میں قدرے نمک ملائیں۔ پھر ٹھنڈا کر کے پئیں۔ قابض ہے۔ پرانے اور نئے دستوں کا کامیاب علاج ہے۔

## صفراوی اسہال کے لیے تازہ چھاچھ کا چٹکلہ

تازہ بتازہ چھاچھ یا دہی میں چینی ملا کر استعمال کرنے سے صفراوی اور دموی اسہال کو فائدہ ہوتا ہے۔

## پھنسیوں کے لیے عمدہ مرہم

نیم کے سبز پتوں کو پیس کر سرسوں کے تیل میں جلائیں اور خوب گھوٹ کر مرہم بنا لیں۔ بچوں کی پھنسیوں کے لیے عمدہ مرہم ہے۔ لگائیں اور فائدہ اُٹھائیں۔

## بچوں کا تالو بیٹھ جانے کی مجرب دوا

کشتہ ابرک سیاہ 10 تولہ، مصری کوزہ 10 تولہ، الائچی خورد $2\frac{1}{2}$ تولہ، شورہ قلمی 2 تولہ، بدستور سفوف بنائیں۔

خوراک: 2 تا 4 رتی دودھ یا شربت سے صبح شام استعمال کریں۔ بچوں کا تالو بیٹھ جانا کی



مجرب دوا ہے۔

**زود اثر ادویات کا نسخہ:** طباشیر فقرہ، برادہ ملٹھی مقشر، ست گلو، دانہ الائچی چھوٹی ہر ایک ایک تولہ، کاکڑا سنگھی، دانہ بڑی الائچی ہر ایک دس ماشہ، دار فلفل، دار چینی ہر ایک 6 ماشہ، نبات سفید 2 تولہ مندرجہ بالا ادویات کو کوٹ چھان کر رکھ لیں۔ یہ خاص خیال رکھیں کہ جتنا باریک پسا ہوا ہوگا اتنا ہی اچھا اور زود اثر ہوگا۔ بچے کو پہلے دن ہی آرام بخشے گا۔ 4 رتی سے ایک ماشہ تک استعمال کرائیں۔ اوپر کے بدرقہ کے ساتھ۔

## بچوں کو مرگی پڑنا

مرگی پڑنے کی حالت حالت میں بچہ کو حقنہ کریں اور ہینگ ایک چاول دودھ کے ساتھ دیں اور ہاتھ پاؤں تلوؤں پر رائی کو باریک کر کے اس کی مالش کریں۔

**کالی مرچ شہد کا نسخہ:**

جو بچوں کی مرگی میں مفید ہے۔ کالی مرچ نہایت باریک پیش کر چار گنا شہد میں ملا لیں اور عمر کے مطابق ایک ماشہ سے چار ماشہ تک دن میں دو تین بار چٹا دیا کریں۔ اگر اس چٹنی میں دسواں حصہ ہینگ بھی شامل کریں تو اس کا اثر بڑھ جائے گا اور جلدی فائدہ ہوگا۔

**کالی مرچ کا زود اثر نسخہ:**

بچے کو (مرگی) کا دورہ پڑ جائے تو یوں کریں کہ ایک کالی مرچ ذرا سے گھی میں گھس کر بچے کی ناک میں لگائیں۔ انشاء اللہ چھینک آ کر دورہ موقوف ہو جائے گا۔

**تازہ مکھن سے مرگی دور:**

تازہ مکھن کو گرم پانی میں حل کریں اور دورے کے وقت مریض بچے کو اس سے نہلائیں اور تمام بدن پر خوب ملیں، انشاء اللہ مرگی کا دورہ جاتا رہے گا۔ نوبت رفع ہونے پر بچے کو ایک رتی ہینگ ذرا سے دودھ میں گھول کر پلاتے رہیں۔ خدا چاہے تو پھر دورہ نہ ہوگا۔

بچوں کا درد پسلی:

اس کے استعمال سے بچے مضبوط اور تندرست رہتے ہیں۔ قبض، درد پسلی اور دانت نکلتے وقت کی تکالیف رفع ہو جاتی ہیں۔ زہر مہرہ خطائی، الائچی خورد، ناریل دریائی، طباشیر، ناگر موتھا، کاکڑا سنگی، مگھاں ہر ایک 6 ماشہ، جدا جدا پیس کر ملا کر رکھیں، 6 ماہ کے بچہ کو 4 رتی یک سالہ بچہ کو ایک ماشہ صبح اور شام دیں۔

## بچوں کے پیٹ کے درد کا علاج

اگر ریح کے سبب سے درد ہو تو پیٹ پر سینک کریں، نمک سلیمانی دو رتی، عرق سونف میں حل کر کے دیں۔ اگر پیٹ میں ہوا کی وجہ سے یہ عارضہ ہو، تو عرق سونف، عرق سویہ، عرق الائچی برابر وزن ملا کر تھوڑا تھوڑا بچے کو پلاتے رہیں یا نمک سیاہ، نوشادر ٹھیکری ہر ایک ایک تولہ، پودینہ ایک تولہ، ریوند چینی چھ ماشہ، سہاگہ بریاں نو ماشہ، سفوف بنائیں، خوراک ایک رتی سے ایک ماشہ حسب عمر دیں۔

پیٹ درد کے لیے مفید نسخہ:

بچے کا پیٹ درد، بدہضمی، نفخ اور قبض وغیرہ کے لیے مفید ہے، بادیان، سہاگہ بریاں، نوشادر، نرکچور، بائے بڑنگ، نمک سیاہ، نمک طعام، انیسون اصل السوس مقشر، زیرہ سیاہ، زیرہ سفید، دانہ الائچی خورد، دانہ الائچی کلاں، گل سرخ، چاکسو، آملہ خشک، پوست ہلیلہ زرد، پوست ہلیلہ کابلی، ہلیلہ سیاہ، پوست بہیڑہ ہر ایک 3، 3 ماشہ سب کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں، ایک دو چٹکی دن بھر میں تین چار مرتبہ پانی میں حل کر کے دیں۔

## بچوں کی کمزوری کا لاجواب سفوف

کلیجی پوڈر 10 تولہ، طباشیر اصلی $\frac{1}{2}$ تولہ، دانہ الائچی خورد $\frac{1}{2}$ تولہ، سوڈا بائیکارب ایک تولہ سفوف تیار کریں یہ سفوف بچوں کے سوکھا روگ میں بے حد مفید ثابت ہوا ہے۔ اس کے متواتر استعمال سے بچوں کی کمزوری جلد دُور ہوتی ہے اور بچہ چند دنوں میں توانا و تندرست



ہو جاتا ہے۔ مقدار خوراک 2 رتی سے 4 رتی دن میں 2 سے 3 بار ماں کے دودھ میں یا پانی میں گھول کر پلائیں۔

## بچوں کے ہیضہ کا علاج

شروع میں عرق گلاب و عرق سونف ملا کر تھوڑا تھوڑا پلائیں، چوبیس گھنٹے تک بچے کو کھانے کے لیے کچھ نہ دیں۔

مندرجہ ذیل نسخہ جات اس مرض کا مؤثر علاج ہیں:

نسخہ نمبر 1۔ زہر مہرہ خطائی، طباشیر اصلی، نارجیل دریائی سب ادویہ کو ایک ایک رتی عرق کیوڑہ میں گھس کر شربت انار ملا کر بچہ کو پلائیں۔

نسخہ نمبر 2۔ چھلکا الائچی خورد تین ماشہ عرق گلاب میں جوش دیں اور صاف کر کے بچہ کو پلائیں۔

نسخہ نمبر 3۔ زہر مہرہ خطائی تین رتی، عرق گلاب میں جوش دیں اور صاف کر کے بچہ کو پلائیں۔

## بچوں کے ورم دماغ کا علاج

والدہ کے دودھ کی اصلاح کریں، گرم غذاؤں کے کھلانے سے قطعی پرہیز کرائیں، بچے کے سر اور تالو پر سرد اور قابض ادویہ کا لیپ کریں۔ اس سلسلہ میں آملہ خشک، تخم خرفہ سیاہ ہر ایک چھ ماشہ سب ادویہ کو سبز بارتنگ کے پانی میں پیس کر سفیدی بیضہ مرغ اضافہ کر کے حسب ضرورت تالو کی ہڈی پر لیپ کریں۔

کھانے کے لیے سچے موتی، طباشیر، زہر مہرہ خطائی، زرورد ہر ایک ایک رتی پیس کر بچے کو کھلائیں، اُوپر سے شیرہ خرفہ، شیرہ بیج کھیرا ہر ایک آدھا ماشہ، عرق بارتنگ، عرق کیوڑہ، عرق گلاب، عرق بید مشک میں نکال کر شربت انار ملا کر پلائیں، بچے کے ہاتھ پاؤں ٹھنڈے رکھیں یا گل گڑھل، بی دانہ، گل نیلوفر، عناب ہر ایک تین ماشہ پانی میں تر کر کے صاف کریں اور شربت بزوری ملا کر دن میں چند بار پلائیں اور بیرونی طور پر زردی بیضہ مرغ

اور روغن گل ہر دو ملا کر چند یا پر لگائیں۔ انشاء اللہ دماغ کا ورم دور ہو جائے گا۔

## بچوں کے دمہ اطفال کا علاج

اجوائن دیسی، اجوائن خراسانی، مرچ سیاہ، اجمود، پپلا مول، سونٹھ، نمک سنگ، نمک خوردنی برابر وزن لے کر لعاب گھیکوار سب ادویہ کا سہ چند، برتن گلی میں گل حکمت کر کے مناسب اُپلوں کی آگ میں جلائیں۔ خوراک بقدر ایک رتی شہد میں ملا کر بچے کو چٹائیں۔

## چھوٹے بچوں کا جریان

عام طور پر پانچ سال تک کے بعض بچے پیشاب کرتے ہیں تو سفید ہو کر جم جاتا ہے اس کو جریان تو نہیں کہہ سکتے بلکہ یہ بچوں کی بدہضمی کی وجہ سے ہوتا ہے، بناری آملے کر اس کی گٹھلی لے کر ایک یا دو عدد دوری میں گھوٹ کر تھوڑا پانی ملا کر چار پانچ دن پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ پیشاب ٹھیک ہو جائے گا۔

## ڈبہ اطفال کا علاج

کشتہ بارہ سنگھا ایک ماشہ، کاکڑا سنگی دو ماشہ، سونٹھ ایک ماشہ سب کا سفوف بنا کر رکھیں اور ایک رتی سے دو رتی بلحاظ عمر عرق گاؤزبان میں حل کر کے ہر چار گھنٹہ کے بعد دیں اور پینے کے لیے عناب دو دانہ، گل بنفشہ دو ماشہ، انجیر $\frac{1}{2}$ عدد، لسوڑیاں تین دانہ سب کو جوش دے کر شہد سے میٹھا کر کے تھوڑا تھوڑا پلائیں۔

### لونگ، ہینگ کا نسخہ:

لونگ، ہینگ ہر ایک چھ گرام، عاقر قرحا جاوتری ہر ایک 4 گرام سب کو باریک پیس کر دانہ موٹھ کے برابر گولیاں بنائیں، ایک گولی صبح اور شام ماں کے دودھ کے ساتھ دیں۔

### کشتہ بارہ سنگھا سے علاج:

کشتہ بارہ سنگھا (مدار میں تیار کیا گیا ہو) بھی شہد میں مناسب مقدار میں بلحاظ عمر



بڑی عمر کے بچوں کو چٹانا مفید ہے۔

## دانتوں کی تکلیف کا کامیاب علاج

سوئے آدھا کلو، کشمش سبز یا انگور سبز آدھا کلو، پانی پانچ کلو حسب دستور چار بوتل عرق کشید کریں۔ پھر ان میں 12 گرام سوڈا بائیکارب ملائیں۔ اگر چاہیں تو بچہ کو یہ گرائپ واٹر پلاتے وقت شہد خالص حسب ضرورت ملا کر میٹھا کر کے دے سکتے ہیں۔ بچوں کے دانتوں کی تکلیف کا کامیاب علاج ہے۔

## دانتوں کی تکلیف کے نسخے

### خالص شہد سے علاج:

خالص شہد، گائے یا بھینس کے قدرے مکھن میں ملا کر دن میں دو تین مرتبہ بچہ کے مسوڑھوں پر مل دیا کریں۔

### تخم سرس کے ہار سے علاج:

سرس کے بیج کی مالا بنا کر بچے کے گلے میں ڈالنا بچے کے دانت نکلنے میں مددگار ہے۔

### تانبہ جست کی تار کا نسخہ:

تانبہ جست کی تار کو آپس میں لپیٹ کر دیر فلالین وغیرہ کپڑا لپیٹ کر بچے کے گلے میں ڈالنا مفید ہے۔

### تھوم سے دانتوں کی تکلیف کا علاج:

دانت مسوڑھوں کو چھوڑ کے بڑھنے لگیں اور اپنی جگہ سے ہل جائیں تو تھوم کو چھیل کر گھی میں بھون لیں جب سرخ ہو جائے تو اسی گھی میں پیس کر مرہم سا بنا لیں اور دانتوں پر ملا کریں علاوہ بریں تھوم کا غذا میں بکثرت استعمال کرنا اور گھی میں بریاں کر کے کھانا بھی مفید ہے۔

### مسوڑھوں پر شہد ملنے کا نسخہ:

بچوں کے مسوڑھوں پر شہد ملا جائے تو ان کے دانت آسانی سے نکل آتے ہیں۔

### شہد اور مکھن کا ٹوٹکہ:

شہد اور مکھن ملا کر بچوں کے مسوڑھوں پر طلا کرنا اور بھی مفید ہے کہ اس سے مسوڑھے نرم ہو کر دانت جلدی اگ آتے ہیں۔

## بچوں کی کھانسی کا علاج

### شہد سے بلغم خارج:

اگر سینہ پر بلغم جمی ہوئی ہو تو قدرے السی اور زیرہ سیاہ پیس کر شہد میں ملا کر بچے کو چٹائیں، اس طریقہ سے بچے کو تے ہو کر اس کا بلغم خارج ہو جاتا ہے۔

### کاکڑا سنگی کی خوراک سے کھانسی دور:

کاکڑا سنگی ایک ماشہ باریک پیس کر شہد خالص چھ ماشہ میں ملا کر چار خوراکیں بنا لیں اور ہر ایک خوراک ہر چھ گھنٹہ کے بعد بچہ کو چٹائیں۔

### مفید نسخہ:

کاکڑا سنگی، پپلی، اتیس، اصل السوس، گوند کیکر ہر ایک ایک ماشہ باریک پیس کر شہد ایک تولہ میں ملائیں، رات کو چند بار ایک ایک انگلی بچہ کو چٹائیں۔

### اکسیر گل بنفشہ سے علاج:

ملٹھی چھلی ہوئی، پرسیاؤشاں، زوفہ، لسوڑیاں، گل بنفشہ، مویز منقیٰ ہر ایک ایک ماشہ پانی میں جوش دے کر صاف کر کے چینی 3 ماشہ ملا کر بچے کو چٹائیں۔

### ماں اور بچہ کے لیے پُراثر چٹکلہ:

گاؤزبان، گل گاؤزبان ہر ایک تین ماشہ، عناب پانچ دانہ، مصری دو تولہ ملا کر پانی



میں جوش دے کر صاف کر کے بچہ اور اُس کی ماں دونوں کو پلائیں۔

### پھٹکڑی سفید سے کھانسی کا خاتمہ:

پھٹکڑی سفید دو تولہ کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے کسی مٹی کے کورے سکورہ میں رکھ کر منہ بند کر کے دو سیر اُپلوں کی آگ دیں، سرد ہونے پر باریک پیس لیں، خوراک ایک رتی عمر کے مطابق ماں کے دودھ میں حل کر کے دیں۔

### بانسہ کے پتوں کا نسخہ:

کاکڑا سنگی، رب السوس، بانسہ کے پتے، منقیٰ ہموزن باریک پیس کر شہد میں حل کر کے تھوڑا تھوڑا بچہ کو چٹائیں۔

### کھانسی کے لیے مفید گولیاں:

ملٹھی (چھلی ہوئی) کا سفوف 6 گرام، کاکڑا سنگی کا سفوف 6 گرام، طباشیر سفوف 6 گرام، پیپر منٹ 6 گرام، چینی 6 گرام سب کو گوند کے پانی سے چنے کے برابر گولیاں بنا لیں۔ کھانسی اور گلے کی خرابی کے لیے منہ میں رکھ کر چوسنے سے کھانسی کے لیے ازحد مفید ہے۔

### کھانسی کے لیے مغز بادام کی گولیاں:

گوند کیکر 10 گرام، نشاستہ 10 گرام، خشخاش 10 گرام، ست ملٹھی 20 گرام آرد باقلا 10 گرام، مغز بادام 20 گرام۔

تمام ادویات کو کوٹ کر نخودی گولیاں بنائیں۔ دو گولی دن میں تین بار دیں۔ ہر قسم کی کھانسی کے لیے مفید ہے۔ بہت ہی پُراثر اور مفید علاج ہے۔

## بچوں کی کھانسی کے لیے مفید ٹوٹکے

**حب عجیب:**

سہاگہ بریاں، کالی مرچ ہموزن لے کر سفوف بنائیں اور گھیکوار کے گودے میں پیس کر جوار کے دانہ کے برابر گولیاں بنالیں اور ایک گولی سے دو گولی تک گرم پانی میں گھس کر پلائیں۔ ہر قسم کی کھانسی دور ہوگی۔

**کھانسی کا جادو اثر علاج:**

شیر خوار بچوں کی کھانسی کے لیے چاہیے کہ اس کی والدہ پھٹکڑی بریاں کو پانی میں حل کر کے اپنے پستانوں کی بھٹنیوں پر لگا لے اور پھر بچہ کو دودھ پلائے اس سے سخت کھانسی جاتی رہے گی۔ جادو اثر ہے۔

**مجرب مرکبات کا نسخہ:**

طباشیر کبود، الائچی خورد، گل سرخ، ست گلو، ست ملٹھی، مصطگی، کنول ڈوڈہ، زرشک ہر ایک ایک تولہ باریک پیس کر سفوف بنالیں، مناسب بدرقات سے دیں، بچوں کی کھانسی کے لیے بہت مجرب چیز ہے۔

## بچوں کے منہ کے چھالے

بنسلوچن ایک تولہ، دانہ ہیل ایک تولہ، کول ڈوڈے ایک تولہ، خاک آملہ باریک پیس کر رکھ لیں، ضرورت کے وقت تقریباً 4 رتی منہ میں ڈال کر بکری کے دودھ کی دھاریں ماریں، مجرب ہے۔

———❖❖❖———



**باب۔82**

# ہیضہ

## ہیضہ کا علاج (Cholera)

پپیتا ولایتی ایک رتی، جدوار خطائی ایک رتی، نارجیل دریائی ایک رتی، زہر مہرہ خطائی ایک رتی، عرق گلاب میں کھرل کر کے اس کی ایک گولی بنائیں، ایسی ایک ایک خوراک ایک ایک گھنٹہ بعد سکنجبین یا لیموں کے ہمراہ دو یا تین بار دیں یا افیون ایک ماشہ، کافور دو ماشہ، آک کی جڑ کا چھلکا تین ماشہ سفوف بنا کر دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنائیں اور ایک گولی پانی میں حل کر کے دیں۔

جائفل چھ ماشہ، تلوں کا تیل پانچ تولہ میں جلا کر چھان لیں اور نیم گرم روغن کی ہاتھ پاؤں پر مالش کریں۔

**ہیضہ کے لیے مفید گولیاں:**

ہینگ خالص ایک ماشہ، کافور $\frac{1}{4}$ ماشہ، افیون $\frac{1}{4}$ ماشہ، مرچ سیاہ ایک ماشہ، سونٹھ ایک ماشہ کھرل کر کے بقدر ایک رتی گولیاں بنائیں اور ایک گولی ہمراہ تازہ پانی یا عرق سونف ہر چار گھنٹہ بعد دیں۔ بہت مفید نسخہ ہے۔

**ہیضہ کا لاجواب علاج امرت دھارا:**

ست پودینہ، ست اجوائن، کافور ہموزن شیشی میں ڈال کر چند منٹ دھوپ میں رکھیں محلول بن جائے گا۔ ایک سے دو بوند بتاشہ میں ڈال کر دیں، بدہضمی و ہیضہ کے لیے از حد مفید ہے۔

**عرق ہیضہ کا ٹوٹکہ:**

پودینہ ڈیڑھ تولہ، الائچی کلاں چار عدد، منقیٰ آٹھ دانہ، نیم کوب کرکے ایک سیر پانی میں جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے تو دو دو تولہ وقفہ سے دیتے رہیں، پیاس، قے، دست وغیرہ رُک جائیں گے۔ ایک بار ضرور آزمائیں۔

**حب ہیضہ کا چٹکلہ:**

کافور دو رتی، افیون آدھی رتی، سرخ مرچ تین رتی، یہ ایک خوراک ہے، ہر ڈیڑھ گھنٹہ بعد ہمراہ عرق پودینہ، سونف الائچی استعمال کراتے رہیں، یاد رہے کہ جب کمزوری شروع ہو جائے تو افیون کا استعمال مضر ہوتا ہے۔

**عرق کافور سے علاج:**

کافور دو تولہ، سرکہ خالص چھ تولہ، شیشی میں ملا کر ایک ماہ دھوپ میں رکھیں، شیشی کو ہر روز ہلا دیا کریں، ایک ماہ کے بعد چھان کر محفوظ رکھیں، خوراک ہیضہ کے مریض کو چار بوند عرق گلاب دو تولہ میں ملا کر ہر نصف گھنٹہ بعد دیں۔ وبا کے دنوں میں صرف ایک سے دو بوند بتاشے یا مصری پر ڈال کر روزانہ کھلانا ہیضہ کے حملہ سے محفوظ رکھتا ہے۔ نہایت کارآمد نسخہ ہے۔

**ہیضہ سے ہر حالت میں آرام:**

چھلکا جڑ آک ایک تولہ، مرچ سیاہ نو ماشہ، ست پودینہ تین ماشہ، ادرک کے رس میں یا عرق سونف میں چھوٹے نخود کے برابر گولیاں بنائیں، ایک گولی دن میں تین بار دیں، ہیضہ خواہ کسی حالت میں ہو آرام آ جاتا ہے۔

**ست پودینہ کی گولیاں:**

سونٹھ، مرچ سیاہ، پپلی، آک کی جڑ کا چھلکا ہر ایک ایک تولہ، ست پودینہ تین ماشہ باریک پیس کر شہد کی مدد سے گولیاں بقدر نخود بنائیں، ایک گولی گرم پانی سے دیں۔



**ہیضہ کے لیے سیاہ گولیوں کا ٹوٹکہ**

سرخ مرچ، افیون، ہینگ ہموزن، بقدر مرچ سیاہ گولیاں بنائیں، ایک گولی گرم پانی سے دیں، ایک گھنٹہ بعد دوسری خوراک دیں۔

**عرق گلاب سے تیار گولیاں:**

مدار (آک کی جڑ) تین ماشہ، کالی مرچ تین ماشہ، ادرک کے پانی حسب ضرورت میں کھرل کرکے گولیاں کالی مرچ کے برابر تیار کریں، ایک گولی عرق گلاب دو تولہ سے لیں، ہر تین گھنٹہ بعد دیں۔

**تلسی کے تازہ پتوں کا عرق:**

تلسی کے تازہ پتے پانچ عدد، کالی مرچ پانچ عدد، ایک اونس پانی میں پیس کر چھان لیں اور پلائیں۔

**ہیضہ کے زہریلے مادے کے لیے عرق گلاب:**

ہیضہ کے زہریلے مادے کو دور کرنے کے لیے عرق گلاب بہترین شئے ہے، یہ مریض ہیضہ کی پیاس کو بھی دُور کرتا ہے۔

## ہیضہ کا پُر اثر علاج

سلفہ جو سادھو لوگ حقہ میں ڈال کر پیتے ہیں۔ صرف مونگ کے دانہ کے برابر عرق پودینہ کے ساتھ دیں۔ مریض کو آرام ہو جائے گا۔

## ہیضہ کے لیے اکسیر صفت دوا

تخم مرچ سرخ 3 ماشہ۔ کافور ڈیڑھ ماشہ۔ افیون ڈیڑھ ماشہ۔ مدار کی جڑ کی چھال 3 ماشہ سب کو گھوٹ کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں ایک گولی حسب ضرورت عرق گلاب کے ہمراہ کھائیں۔ ہیضہ کے لیے اکسیر صفت دوا ہے۔ قے اور دستوں میں فوراً کمی آجاتی ہے۔

## پیاز کے پانی سے ہیضہ کا علاج

پیاز کا رس نکال لیجئے اور بیمار کو چمچہ بھر یہ پانی بغیر کوئی دوسری چیز ملائے پلا دیجئے۔ اسی طرح ہر نصف گھنٹے بعد پلاتے رہیے اور یہ سلسلہ اس وقت تک جاری رکھیے کہ تے اور دست بند ہو کر مریض کو پانی وغیرہ ہضم ہونے لگے۔

## حبوب دافع ہیضہ

آرد پوست بیخ آک 4 ماشہ، گل سرخ تولہ، ادرک 9 ماشہ، مویز تولہ، حب بقدر دانہ مسور بنائیں، ہر سہ گھنٹہ کے بعد ایک ایک گولی ہمراہ چائے دیں۔ انشاء اللہ شفا ہوگی۔

## ہیضہ میں شربت انار کا نسخہ

سفوف خستہ انار جو ہیضہ میں اسہال روکنے کی ضرورت پر استعمال کرتے ہیں۔ دانہ الائچی سفید۔ مغز خستہ انار۔ مغز خستہ آملہ۔ صندل سفید۔ کشنیز مقشر۔ طباشیر۔ پوست درخت بڑھل۔ برنج ساٹھی ہر ایک ایک دام۔ انار دانہ ترش 4 دام سفوف کرکے شربت انار کے ہمراہ کھلائیں۔

## ہیضہ کا شافی علاج

افیون نصف حصہ، لال مرچ بمعہ بیج ایک حصہ، ہینگ دو حصہ تمام ادویات کو سرمہ کی مانند کھرل کرکے گوند کیکر کے لعاب سے ایک ایک رتی کی گولیاں تیار کرلیں۔ ہیضہ کے مریض کو جب کئی اسہال آ چکے ہوں تو ایک ایک گھنٹہ بعد ایک گولی دیتے رہیں۔ کھانے کو کچھ نہ دیں۔ کامیاب علاج ہے۔

## ہیضہ کا زہریلا اثر

حب بیخ عشر۔ ہیضہ کے زہریلے اثر کو دور کرنے میں عجیب الاثر اور بے نظیر ہے۔ پوست بیخ آک۔ فلفل گرد مساوی ادرک کے پانی میں کھرل کرکے گولی بقدر ماش گولی تیار کرلیں مقدار خوراک ایک حب ہمراہ پانی یا عرق سونف کے، چند دنوں کے



استعمال سے صحت ہوگی۔

## ہیضہ میں متلی

جب نارجیل ہیضہ میں جب تے اور متلی بند نہ ہو یا اسہال زکین اور ضعف بڑھتا جاتا ہو تو یہ جب حفظ صحت وتقویت معدہ اور تے واسہال کو روکنے کے لیے مفید ہے۔ نارجیل تازہ ایک درم۔ کہربائے شمعی۔ مرجان۔ عقیق۔ عود ہندی۔ عود صلیب۔ ارسا۔ مصطگی۔ قرنفل۔ دارچینی۔ قاقلہ صغار۔ جدوار خطائی۔ زعفران ہر ایک نیم درم۔ صندل سرخ۔ صندل سفید۔ طباشیر۔ تخم ترنج۔ تخم خرفہ۔ ورق نقرہ محلول ہر ایک نیم مثقال باریک کر کے عرق بید مشک میں گولیاں بقدر نخود کے بنائیں۔ تین یا چار گولیاں ہمراہ گلاب و بید مشک کے کھلائیں۔ ہیضہ کے لیے از حد مفید ہے۔

## ہیضہ کے لیے قریب المرگ مریض کو نئی زندگی بخشنے والا نسخہ

کافور بھیم سینی ایک رتی آب پیاز 5 تولہ میں حل کرکے مصری ملا کر چمچہ چمچہ ہمت دیتے رہیں، نئی زندگی نصیب ہوتی ہے۔ اس نسخہ میں ضرور فائدہ اُٹھائیں۔

## ہیضہ کے آخری درجہ میں مجرب

سفید پیاز کا پانی ڈیڑھ ماشہ، آک کے پھول کا زیرہ جو اس کے اندر ہوتا ہے۔ دو رتی، دونوں کو پیس کر دو دو گھنٹہ بعد مریض ہیضہ کو دیا جائے۔ آخری درجہ ہیضہ میں انتہا درجہ مفید اور ننانوے فیصدی مجرب ہے۔ یہ دوا اللہ کی مہربانی سے بہت فائدہ کرے گی۔

## ہیضہ کا مہلک مرض دور

لال مرچ عمدہ و تلخ لے کر بیجوں سمیت ذرا ذرا پانی ڈال کر گھوٹیں۔ جب چھلکا اور تخم پیس کر یک ذات ہو جائے تو اس کی چار چار رتی کے ہم وزن گولیاں بنالیں اور مریض ہیضہ کو ایک گولی تازہ پانی کے گھونٹ سے کھلا دیں۔ اگر الٹ دے فوراً دوسری گولی کھلائیں۔ دو تین بار کھلانے سے ہضم ہونی شروع ہو جائے گی۔ اس کے بعد ہر آدھ گھنٹے

بعد ایک گولی کھلاتے رہیں اور جوں جوں قے و دست میں تخفیف ہوتی جائے تو گولی دینے کا وقفہ لمبا کرتے جائیں۔ انشاء اللہ پانچ سات دفعہ کھلانے سے یہ موذی و مہلک مرض دور ہو جائے گا۔ یہ سادہ و سہل علاج ہیضہ میں نہایت پُر تاثیر ہے اور خدا کے حکم سے اکثر ایک ہی روز میں شفا ہو جاتی ہے۔

## ہیضہ کے لیے زود اثر گولیاں

آک کی جڑ کا چھلکا، مرچ سیاہ، لونگ ہر ایک چیز برابر وزن لے کر عرق ادرک میں کھرل کر کے مونگی کے دانہ کے برابر گولیاں بنالیں۔

ایک گولی پودینہ اور کشمش کے کاڑھے کے ساتھ یا صرف گرم پانی سے ہی استعمال کرائیں۔ ہیضہ میں فائدہ مند ہے۔ جب کہ مریض کے ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہو رہے ہوں۔ اس وقت یہ گولیاں ضرور دیں اور خدا کا حکم دیکھیں کہ کس طرح شفا ہوتی ہے۔

## گولی عرق گلاب کے ساتھ

چھلکا جڑ انار 10 گرام، مرچ سیاہ 10 گرام دونوں کو پیس کر ادرک کے پانی میں گولیاں نخودی بنالی جائیں۔ ہر دست کے بعد ایک گولی عرق گلاب کے ساتھ کھلائی جائے۔ حالت جلد درست ہو جائے گی۔

## ہیضہ میں گیس ٹربل کی بیماری دور

غنچہ مدار 4 تولہ، اجوائن دیسی 2 تولہ، پودینہ خشک 2 تولہ، فلفل سیاہ 2 تولہ، نمک لاہوری ایک تولہ، پوست ہلیلہ زرد 2 تولہ باریک کوٹ پیس کر آب ادرک تازہ میں حب بقدر کنار دشتی بنائیں۔ خوراک 1 تا 2 حب بعد طعام، ہیضہ میں تین تین گھنٹہ سے ہاضم و مشتہی ہے اور کاسر ریاح ہے۔ ہیضہ میں بھی مفید ہے۔ خاص طور سے گیسٹک ٹربل میں بہت مفید ثابت ہوئی ہیں۔



## ہیضہ کے لیے تیر بہدف نسخہ

چوب صندل سفید، زہر مہرہ، نارجیل دریائی، زرچوب، تمام کو پتھر پر عرق گلاب میں حل کر کے دو دو تولہ تھوڑے تھوڑے وقفہ پر دینے سے کلی صحت حاصل ہو جاتی ہے جس جگہ آزمایا تیر بہدف ثابت ہوا۔

## گولیاں ہمراہ سکنجبین سرکہ و عرق گلاب

پاپیتہ، پیارانگ، نارجیل دریائی، زہر مہرہ خطائی، جدوار خطائی، تخم نارنج، مغز تخم کرنجوہ، زنجبیل، پوست بیخ مدار، مرچ سیاہ، کافور، جملہ مساوی الوزن لے کر آب ادرک میں کھرل کر کے گولیاں بقدر دانہ نخود تیار کر لیں، ایک سے تین گولیاں ہمراہ سکنجبین سرکہ و عرق گلاب گھنٹہ گھنٹہ بعد (بقدر قوت مریض)۔ گولیاں پُر اثر ہیں۔

## ہیضہ کے لیے اکسیری صفات کا نسخہ

ہینگ، کافور، پیپر منٹ، زعفران ایک ایک ماشہ، تخم لیموں، مصبر چھ چھ ماشہ، زنجبیل، فلفل گرد، فلفل دراز، عقرقرحا، اجوائن خراسانی، افیون ماشہ، پپیتہ، نارجیل دریائی ہر ایک 4 ماشہ، تخم دھتورہ سیاہ، مرکی، مصطگی رومی ہر ایک 3 ماشہ، میٹھا تیلیہ مدبر، گوند ناگوری ہر ایک $1\frac{1}{2}$ ماشہ، جملہ اشیاء عرق گلاب میں کھرل کر کے گولی بقدر ایک رتی بنائیں ایک گولی ہمراہ سکنجبین لیموں یا جوشاندہ الائچی خورد دیں۔ ہر قے و دست کے بعد ایک گولی دیتے جائیں۔ اگر کمی ہو جائے تو پھر گھنٹہ گھنٹہ کے وقفہ سے دیں۔

## ہیضہ میں ادویہ مرکبہ

افیون۔ کافور۔ ہینگ مساوی وزن لے کر تینوں گھس کر یک ذات کریں اور گولی بقدر نخود کے باندھیں جب خوب قے سے معدہ پاک ہو جائے اُس وقت ایک گولی کھلائیں۔ ہیضہ میں یہ گولیاں بہت نافع ہیں۔

## ہیضہ کے لیے عرق سونف کی دوا

خالص برانڈی بڑھیا 60 گرام، افیون ایک گرام، کافور 6 گرام یہ دونوں چیزیں برانڈی میں حل کر کے 2 سے 5 قطرے عرق سونف میں دیں۔ پہلی خوراک سے آرام ہوگا۔ بہت مفید چیز ہے۔

## ہیضہ کے لیے عجیب الاثر نسخہ

کافور، ست پودینہ، ست اجوائن دس دس گرام، ست دار چینی 5 گرام، خوراک 5 سے 10 بوند، بدہضمی، دست، ہیضہ، زکام پیٹ کا درد وغیرہ کے لیے از حد مفید ہے۔

## ہیضہ کے لیے چیدہ چیدہ دوائیوں کے نسخے

**عرق گلاب کا نسخہ:**

نیم کے پتے 5 عدد، کالی مرچ 5 عدد، عرق گلاب 20 ملی لیٹر پہلی دونوں دواؤں کو عرق گلاب میں پیس کر چھان لیں اور پلائیں۔

**آب پیاز سے ہیضہ دور:**

آب پیاز 25 ملی لیٹر، اَن بجھے چونے کا پانی 25 ملی لیٹر، شہد 50 گرام سب دواؤں کو ملا لیں۔ 6 ملی لیٹر تھوڑی تھوڑی دیر بعد دیں۔

**مدار کی چھال کا لاجواب نسخہ:**

مدار کی جڑ کی چھال، کالی مرچ ہموزن، آب ادرک بقدر ضرورت پہلی دو دواؤں کو آب ادرک میں پیس لیں اور کالی مرچ کے برابر گولیاں بنا لیں۔

**عرق گلاب سے ہیضہ دور:**

ایک گولی 12 ملی لیٹر عرق گلاب کے ساتھ تھوڑی تھوڑی دیر بعد دیں۔

## چونے سے بچوں کے سب امراض دور

آٹھ رتی چونا کی ڈلی لے کر ایک پونڈ صاف پانی میں ملا کر 12 گھنٹے تک پڑا رہنے دیں۔ پھر فلٹر پیپر یا چار تہہ کیے ہوئے صاف کپڑے سے چھان کر ہرے رنگ کی بوتل میں رکھ دیں۔ بچوں کے سب امراض بفضل باری تعالیٰ جلد دور ہوں گے۔



**سوکھا روگ کا مفید نسخہ:**

بدہضمی، دست ہرے پیلے، درد پیٹ، دودھ، اُلٹنا، بچوں کا سوکھا میں جب کیلشیم کی کمی ہو تو اس کا استعمال از حد مفید ہے۔ بڑوں کو 6 گرام دو بار، بچوں کو 30 سے 40 بوندیں ایک سے تین بار دیں۔

## باب.83

# کھجلی

## چھوت دار کھجلی کا علاج

خوراکی طور پر شاہترہ چرائیتہ، منڈی، سرپھوکہ صندل سفید، ہرڑ سیاہ ہر ایک پانچ ماشہ، عناب سات دانہ سب ادویات کو سوا پاؤ پانی میں بھگو کر صبح مل چھان کر اور شربت عناب دو تولہ ملا کر پلائیں اور بیرونی طور پر گندھک آملہ سار ایک تولہ، پارہ ایک تولہ، بابچی ایک تولہ، کمیلا ایک تولہ، مردہ سنگ ایک تولہ نیلا تھوتھا چھ ماشہ مرچ سیاہ چھ ماشہ پہلے پارہ اور گندھک کی کجلی بنائیں۔ پھر دوسری ادویات ملا کر سفوف بنا لیں اور سوا پاؤ مکھن (جسے تین بار دھویا گیا ہو) مرہم بنائیں تھوڑی سی مرہم جسم پر مل کر چند منٹ بعد بھینس کا گوبر مل کر اور صابن و نیم گرم پانی سے نہا لیں اور جسم پر سرسوں کا تیل مل لیں۔ دو تین دن میں مکمل آرام آ جائے گا۔ خارش کے لیے مرہم گندھک کا لگانا بھی بہت مفید ہے۔

## خشک اور تر کھجلی کی مجرب دوا

سرسوں کے تیل میں دو قطرے بھلاوہ کا تیل ملا لیں۔ لوہے کی مضبوط زنبور کو آگ میں گرم کر کے اس سے بھلاوہ کو پکڑ کر زور سے دبائیں تیل کی بوندیں نکلنے لگ جاتی ہیں۔ مگر اس بات کا خیال رکھیں کہ تیل نکالتے وقت بھلانوں کا دھواں چہرہ کو نہ لگنے پائے ورنہ چہرا اور ہاتھ پاؤں سوج جائیں گے۔ تیل نکالتے وقت چہرہ ہاتھوں اور جسم کو اچھی طرح کپڑے سے ڈھک لیں۔ اس تیل کو لگانے سے خشک تر کھجلی اور چھپاکی کو آرام آ جاتا ہے۔



### خشک کھجلی کے لیے کارگر دوا:

خشک کھجلی ہو تو اس کے لیے یہ علاج بہت کارگر ہے کہ پانی میں سوئے پیس کر جسم پر طلا کریں۔ دو چار روز میں آرام ہو جائے گا۔

### خشک خارش دور:

آش جو میں قدرے سرکہ ملا کر طلا کرنے سے بھی خشک خارش دفع ہو جاتی ہے۔

### کڑوے تیل سے کھجلی دفع:

ماش کا آٹا پانی میں گھول کر اور کڑوا تیل ملا کر ملنے سے بھی تر اور خشک کھجلی دور ہوتی ہے۔

## سخت سے سخت کھجلی کی دوا

ہلدی 5 تولہ باریک پیس کر چار سیر پانی میں ڈال کر نرم آنچ پر پکائیں۔ جب ایک سیر پانی باقی رہ جائے تو اتار کر مل چھان کر ٹھنڈا ہونے پر بوتل میں ڈال کر رکھیں۔ رات کے وقت اس پانی کو کھجلی کی جگہ پر مل کر سو رہیں۔ صبح اُٹھ کر صابن سے نہا لیں۔ ایسا کرنے سے کھجلی تین چار روز میں دور ہو جاتی ہے۔ کھجلی کے لیے خاص دوا ہے۔

## چاول کے چھلکے سے کھجلی دور

کھجلی کا ایک عجیب و غریب علاج پڑھیے کہ چاول چھڑنے پر جو چھلکا اترتا ہے۔ اسے پانی میں خوب پکائیں کہ اچھی طرح اثر نکل آئے۔ اب اسے چھان کر بدن پر ملیں، تو کھجلی غائب ہو جائے گی اور پھر کبھی کھجلی نہیں ہو گی۔

## تناسلی اعضاء کی کھجلی دور

(2) تناسلی اعضاء کی کھجلی دور کرنے کے لیے مذکورہ بالا نسخہ کے لوشن میں (ایک حصہ سہاگہ بیس حصہ پانی) کپڑے کی گدی تر کر کے تناسلی اعضاء پر رکھ دیں۔

باب۔84

# پت دانے

## گرمی میں پت کے دانوں کا علاج

صاف شدہ ملتانی مٹی کا بدن پر ملنا گرمیوں میں پت کے دانوں کا بہترین علاج ہے، لیکن ملتانی مٹی (گاچنی) مل کر جسم پر سوکھنے دیں، بطور دوا شربت عناب و عرق مصفی خون کا استعمال کریں، ٹھنڈی ترکاریاں و سبزیاں استعمال کریں اور گرم چیزوں سے پرہیز کریں۔ آرام آجائے گا۔

## مسور سے پت دانوں کا علاج

مسور کو پانی میں پکالیں کہ خوب گل کر مرہم سا بن جائے۔ اس میں قدرے سرکہ ملا کر بدن پر ضماد کریں۔ گرمی دانوں میں مفید ہے۔

## نکلی ہوئی پت کے لیے گولیاں

مردار سنگ کو باریک کر کے دھوتے جائیں۔ جب بالکل سفید ہو جائے تو اس میں ہینگ اور کافور ہموزن ملا کر بقدر دانہ موٹھ گولیاں بنالیں۔ ایک گولی روزانہ پانی سے نگل لیں پت نہ نکلے گی اور نکلی ہوئی دفع ہو جائے گی۔ انشاءاللہ

## گرمی دانوں کے لیے شربت

کونپل مدار، گندھک، کونپل نیب ہر ایک ایک تولہ، عرق چوب چینی میں حب بقدر نخود بنائیں، مقدار خوراک 2 تا 4 حب ہمراہ شربت صندل 2 تولہ۔

یہ شربت گرمی دانوں کے لیے مفید ہے۔ آنتوں کے فعل کو درست کرتا ہے۔



باب۔85

# برص (پھلبہری)

## برص کا علاج

ہڑتال ورقیہ ایک حصہ، باپچی چار حصہ سفوف بنا کر پانی میں رگڑ کر سفید داغوں پر لیپ کریں، پندرہ دن کے اندر تمام داغ دُور ہو جائیں گے۔ یہ دوا آنکھوں پر نہ لگنے دیں،

**خوش رنگ تیل کا نسخہ:**

باپچی ایک سیر لے کر کوزہ گلی میں ڈال کر پتال جنتر کے ذریعہ تیل نکالیں، خوش رنگ سنہری تیل برآمد ہوگا۔ روزانہ بُرش سے داغوں پر دن میں دو تین بار لگائیں۔ یا روغن چال موگرا ایک اونس اور تیل بنولہ تین اونس لے کر بُرش سے داغوں پر لگائیں۔

**برص کے لیے مجرب نسخہ:**

چاکسو، تخم پنواڑ، باپچی مصفی، انجیر درخت کا چھلکا، درخت نیم کی اندرونی چھال ہر ایک دو تولہ سب کو کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔ چھ ماشہ سفوف رات کو پانی میں بھگو رکھیں، صبح اس کا نتھار پلائیں اور پھوگ پیس کر داغوں پر لیپ کریں، سوائے بیسنی روٹی کے اور وہ بھی بغیر نمک کے ہو اور کوئی غذا نہ دیں۔ برص کے ہٹانے کے لیے یہ نسخہ مفید و مجرب ہے۔

**پھلبہری دور کرنے کا سفوف:**

سفوف کول ڈوڈہ (کول ڈوڈہ مصفا کریں) ایک سیر، سفوف الائچی خورد پندرہ تولہ، خوراک تین ماشہ ہمراہ تازہ پانی صبح و شام لیں، بیرونی استعمال کے لیے سفوف باپچی $\frac{1}{4}$ سیر، سفوف سرسوں سفید ایک تولہ، ہر دو کو ملا لیں اور تُرش دہی کے ساتھ داغوں پر لگائیں۔ اس سے پھلبہری دور ہو جائے گی۔

**پھوگ سرکہ کا سفوف:**

باوچی مصفی، تخم پنواڑ، انجیر، چاکسو برابر وزن لے کر سفوف بنائیں، خوراک ۳ ماشہ، پوٹلی میں باندھ کر رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح اس کا نتھار پئیں اور اس کا پھوگ سرکہ میں پیس کر داغوں پر لگائیں، غذا صرف بیسنی روٹی بغیر نمک دیں، گھی زیادہ دیں، تیل، گڑ اور لال مرچ سے پرہیز کریں۔

**برص کے لیے زود اثر دوا**

نیل دیسی، باوچی، شیطرج ہندی ہر ایک دو دو تولہ سب کو باریک پیس کر سرکہ خالص میں کھرل کر کے مازو کے برابر گولیاں بنائیں، ایک گولی پانی میں گھس کر دن میں دو تین بار لیپ کریں۔

**تخم بکائن کی دوا:**

تخم باوچی پانچ تولہ، تخم بکائن تین تولہ دونوں کو علیحدہ علیحدہ باریک کر کے رکھ لیں، پھر ادرک بقدر ضرورت رات کو بھگو رکھیں، صبح عرق گلاب مناسب میں گھس کر رکھ لیں، برص کے مقام کو کھردرے کپڑے یا گائے کے خشک اُپلا سے رگڑ کر خراش سی پیدا کریں۔ پھر اس پر دوا مذکور لگا کر قدرے آگ کی گرمی پہنچائیں، کچھ دیر کے استعمال سے فائدہ ہوگا۔

**برص کے لیے باوچی کا سفوف:**

باوچی لے کر ادرک کے پانی میں ایک ہفتہ تک بھگوئے رکھیں، اس کے بعد خشک کر لیں اور برابر چینی ملا کر سفوف بنائیں اور برص کے لیے ایک ماشہ کھلائیں۔

**سفوف برص کا نسخہ:**

سمندر سوکھ ایک تولہ، پھول مُنڈی دو تولہ سفوف بنا کر چھ ماشہ کی مقدار میں ہمراہ دودھ دیں۔



**برص کے داغوں کے لیے لیپ کا نسخہ:**

کمیلہ شدہ، بیج پنواڑ دو تولہ، باوچی شدہ دو تولہ، کتھ چھ ماشہ، مغز بیج نیم چھ ماشہ، کونپل نیم چھ ماشہ تمام ادویات کو باریک کر کے کونپل نیم سبز کے رس میں خوب کھرل کریں اور گولیاں کوکن بیر کے برابر بنالیں، خوراک ایک گولی ہمراہ پانی صبح دیں، ان گولیوں میں سے ایک گولی یا زیادہ کو پانی میں گھس کر داغوں پر لیپ کریں، خوراک بیسنی روٹی گھی کے ساتھ کھائیں۔

**عرق سے برص کا علاج:**

ہلدی کچی، چھال درخت نیم، پھول مُنڈی بوٹی، گڑ برابر وزن، مٹکے میں ڈال کر پانی بقدر مناسب داخل کریں اور گھوڑے کی لید میں دو ہفتہ دفن کریں۔ بعد ازاں عرق نکالیں، پانچ سے دس تولہ صبح و شام پیتے رہیں۔ تین ماہ میں مکمل آرام ہو جائے گا۔

**تخم مولی سے برص دور**

باوچی، تخم مولی، سہاگہ ہم وزن باریک کر کے دہی میں ملا کر داغ والی جگہ پر (نازک جگہ پر نہ ہوں) لگائیں اور دھوپ میں بیٹھیں۔

**برص کے لیے آب ادرک کا نسخہ:**

انبہ ہلدی ایک تولہ، گندھک آملہ سار ایک تولہ، پنواڑ ایک تولہ، گیرو ایک تولہ، باوچی ایک تولہ، نوشادر ایک تولہ، ہڑتال ورقیہ ایک تولہ، بچ سفید ایک تولہ، آب ادرک سے کھرل کر کے گولیاں بنائیں لعاب دہن سے رگڑ کر برص پر لگا دیجیے۔

**بھنگرہ کا پانی برص کے لیے مفید**

پوست بیخ عشر (آک) 2 تولہ، تخم دھتورہ 3 تولہ، مشک 2 ماشہ سب کو علیحدہ علیحدہ کوٹ چھان کر وزن کر کے زنجبیل کے پانی میں بہت اچھی طرح دو یوم تک کھرل کریں اور گولی بقدر باجرہ خورد تیار کریں۔ ہر روز ایک گولی استعمال کریں، پرہیز ترش اشیاء دہی و

اجارو غیرہ۔ برص کے لیے اکسیر نسخہ ہے۔

## بھنگرہ کے پانی کا نسخہ:

بھنگرہ کا پانی برص کی جگہ پر ملنا اکثر فائدہ کرتا ہے۔

## صندل سرخ کے سفوف سے برص دور:

کالے دانہ کا سفوف ایک تولہ، صندل سرخ کا سفوف ایک تولہ دونوں کو ہڑ شہدی کے عرق میں ملا کر گولیاں پانی میں گھس کر مقام برص پر لگائیں، مفید ہے۔

## برص کے لیے طلا:

گندھک آملہ سار ایک ماشہ، گیرو ایک ماشہ، گلنار ایک ماشہ، باپچی ایک ماشہ ان کو پانی میں بھگو کر صبح آب زلال پئیں اور پھوک کو پیس کر طلا کریں۔

## بیری کے چھلکے سے برص کے داغ دور

بیری کے درخت کا چھلکا اتار کے جلائیں کہ راکھ بن جائے پھر اسے سرکہ انگوری میں حل کرکے برص کے داغوں پر لگاتے رہیں، داغ زائل ہو جائیں گے۔ انشاء اللہ۔

## تھوم کے لیپ سے برص کا مرض دور

تھوم کو کوٹ لیں اور داغوں پر لگا کر اوپر پٹی باندھ دیں۔ اگر پٹی نہ بندھ سکے تو یوں ہی لیپ کرتے رہیں اور چالیس روز تک یہ عمل جاری رکھیں تو برص بالکل جاتا رہے گا۔

## پھلبہری کا ایک اور طریقہ علاج

باپچی کا تیل بذریعہ پتال جنتر نکال کر داغوں پر لگائیں اور خوراکی طور پر ساوی اجوائن ہموزن لے کر سفوف بنائیں اور چھ ماشہ کی مقدار میں ہمراہ نیم گرم دودھ استعمال کریں۔ مرض ہٹیلا بھی ہو تو اس علاج سے جلد شفا ہوتی ہے



## نسخہ خاص مجرب برص

چوب چینی، تخم پنواڑ، باپچی، سیاہ مرچ، میٹھا تیلیہ، کونین سلفاس، عقرقرحا، جملہ مساوی الوزن لے کر کوٹ چھان کر عرق گل نیم تازہ میں پیس کر گولیاں چنے برابر بنائیں اور بعد مسہل کے ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ عرق منڈی دیں، انشاء اللہ بیحد مفید ثابت ہوگا۔ مجرب نسخہ ہے۔

## پھلبہری کی لاثانی دوا

تخم باپچی کو برابر سات روز تک سونف کے پانی میں بھگو رکھیں۔ بعد ازاں باپچی کا چھلکا دور کرکے خوب باریک پیس لیں اور خشک کرکے اس کے برابر وزن گندھک مصفی آمیز کرکے محفوظ رکھیں۔ مقدار خوراک 3 ماشہ تا 6 ماشہ شہد میں ملا کر استعمال کرائیں مرض پھلبہری کی ایک لاثانی دوا ہے۔

## روہو مچھلی کے چانوں سے برص دور

روہو مچھلی کے چانوں کو پیس کر داغوں پر لگانا برص کو مفید ہے۔

## لیپ سے برص دور کرنے کا نسخہ

گندھک آملہ سار ایک تولہ، مردہ سنگ ایک تولہ، نوشادر تولہ، چھال انجیر ایک تولہ، تخم پنواڑ ایک تولہ، باپچی ایک تولہ، سرمہ سیاہ ایک تولہ، در آب زنجبیل حب سازند، بجائے برص در آب ادرک یا سرکہ انگوری حل کردہ طلا کنند۔

## پچاس سالہ برص کے لیے آزمودہ ٹوٹکہ

برص جو کہ تیس سالہ خواہ پچاس سالہ ہو، مجرب ہے کئی بار کا آزمودہ ہے، سفوف ریوند چینی 6 ماشہ ہمراہ آب باسی 10 تولہ شہد ایک تولہ حل کرکے ہر روز بوقت صبح دیں، حد استعمال تین ماہ سے ایک سال تک۔

## ہلیلہ سیاہ کی گولیاں:

پوست ہلیلہ زرد۔ ہلیلہ سیاہ۔ مصبر۔ انزروت۔ سکنجبین کو گندنا کے پانی میں ڈال کر ایک برتن میں رکھ کر سخت دھوپ میں رکھیں کہ حل ہو جائیں پھر باقی دواؤں کو باریک کر کے ملائیں اور بقدر فلفل کے گولیاں بنائیں خوراک ایک مثقال ہے۔ غذا پرندوں کا گوشت اور تمام بلغم کے مولدات سے پرہیز لازم ہیں۔

## برص کے لیے مفید دوا:

ہلیلہ کابلی۔ پوست ہلیلہ۔ آملہ منقی۔ افتیمون۔ تخم گندر جنگلی ہر ایک 5 درم۔ جزبوا۔ عاقر قرحا۔ شیطرج ہندی ہر ایک 2 درم دار فلفل قرفہ ہر ایک 4 درم باریک کر کے سرجونہ میں اطریفل بنائیں خوراک 2 درم سے 3 درم تک اندھیری راتوں میں استعمال کریں یعنی جب چاند کی روشنی کم پڑ جاتی ہے۔ برص کے لیے نہایت مفید دوا ہے۔

## برص کے لیے عجیب نسخہ:

بابچی۔ کنجد سیاہ ہر ایک نیم پاؤ۔ تخم پنواڑ ایک چھٹانک۔ پوست بیخ کٹائی خورد 2 تولہ۔ پوست بیخ انجیر 2 تولہ سب کو باریک کر کے شہد میں تین تین ماشہ کی گولی بنائیں ایک گولی صبح اور ایک گولی شام کو کھایا کریں برص اور جذام دونوں کے لیے مفید ہے۔

## بدن کی سفیدی دور کرنے کا عرق:

ہلدی خام 10 سیر پوست درخت نیم 5 سیر۔ قند سیاہ 10 سیر ایک بڑے خم میں ڈال کر پانی سے بھر دیں اور توڑی میں خم کو دفن کریں 3 ہفتہ کے بعد خم کو نکالیں اور اس کا عرق کھینچیں۔ نیم پاؤ صبح اور نیم پاؤ شام پلایا کریں اور ترشی و بادی سے پرہیز کریں چالیس روز تک اس عرق کے استعمال کرنے سے تمام بدن کی سفیدی دور ہو گی۔

## عجیب طلا کا نسخہ:

چونہ آب نارسیدہ برابر باہم گھس کر داغ کی جگہ طلاء کریں جب خشک ہو جائے تو



بار پھر خشک سے رات کو چھیل کر دور کریں اور پھر طلاء کریں اسی طرح چند دفعہ کرنے سے چمڑا دور ہو جائے گا پھر تلوں کے تیل سے چرب رکھیں کہ اصلی رنگ پر آ جائے گا۔

## روغن نافع برص:

چوب دیودار کا بورہ ایک سیر 3 سیر پانی میں جوش دے کر صاف کریں اس پانی میں ایک پاؤ روغن زرد ڈال کر آگ پر چڑھائیں جب پانی جل جائے اور روغن رہ جائے تو اس کی مالش کریں۔

## سفید داغ کے لیے مجرب نسخہ:

بابچی۔ غنچہ انار برابر پانی میں رگڑ کر صبح اور شام داغ سفید پر لیپ کریں۔ پانچ روز کے بعد آبلہ پڑ جائے گا اور اس سے پانی جاری ہو کر صحت نصیب ہو گی۔

## مجرب دوا کا چٹکلہ:

شورہ سفید 2 جزو۔ زاج قبرسی ایک جزو ملا کر شیشہ کے قرع انبیق میں اس کا تیز آب نکالیں اور برص کی جگہ پر اس کی مالش کریں فی الحال آبلہ ہو کر آب رقیق جاری ہو گا اور بالکل صحت ہو جائے گی۔

## اندھاہولی کا لیپ:

جو داغ سفید ہونٹوں پر ہو جاتا ہے اس کے لیے اندھاہولی پانی میں گھس کر لیپ کریں۔ بہت جلد ہونٹ اصلی حالت پر آ جائیں گے۔

❖❖❖

باب۔85

# شب کوری (اندھاپن) (Hemeralopia)

## شب کوری کا یونانی علاج

### اندھے پن کا سرمے سے علاج

مرچ سفید، مرچ سیاہ، مگھاں تینوں ادویہ ہموزن لے کر سرمہ کی طرح باریک سفوف تیار کریں اور ہلکی سلائی سے آنکھ میں لگائیں، رتوندا کے لیے مفید ہے۔ تمام تک آرام آجائے گا۔

### ادرک کے پانی کا نسخہ:

آنکھوں میں پیاز یا ادرک کا پانی سلائی سے لگانا بھی مفید ہے۔

### شب کوری کے لیے نوشادر چھلی کا سرمہ:

نوشادر چھلی چھ ماشہ، پھٹکری سفید بریاں چھ ماشہ، سرمہ کی طرح پیس کر سلائی سے ہلکی مقدار میں آنکھ میں لگائیں۔ مقوی بصر ہے۔ اس سے اچھا نسخہ ملنا مشکل ہے۔

### بکرے کی کلیجی شب کوری کے لیے مفید

بکرے کی کلیجی کو چھری سے گود کر اس پر فلفل ایک عدد سرمہ کی طرح باریک پیس کر چھڑک دیں اور آگ پر رکھ کر گرم کریں، جو رطوبت نکلے، اُسے سرمہ کی طرح سلائی سے لگائیں، شب کوری کے لیے مفید ہے۔ یہ سرمہ کسی معجزے سے کم نہیں۔

### بکرے کے جگر سے مریض صحت یاب:

شب کوری کے مریض کو بکرے وغیرہ کا جگر کھلانا نہایت مفید ہے، رات کو کھلا دینے سے بھی مریض کو آرام ملتا ہے۔ از حد مفید اور مجرب ہے۔



باب۔87

# بال لمبے اور گھنے

## تلوں کے پانی سے بال لمبے اور گھنے

تلوں کو کوٹ کر پانی میں جوش دیں۔ پھر اس پانی سے بالوں کو دھوتے رہیں تو وہ لمبے اور گھنے ہو جائیں گے۔

باب۔88

# بواسیر (Piles)

## بواسیر کا یونانی علاج

قبض نہ ہونے دیں۔ اس سلسلہ میں کیسٹر آئیل یا روغن بادام یا اسپغول استعمال کرائیں مقعد کو صاف رکھیں۔

## بواسیر کے چیدہ چیدہ نسخے

**مہندی کے پتوں کا نسخہ:**

مہندی کے تازہ پتے 12 گرام، سہاگہ بھنا ہوا 125 ملی گرام مہندی کے پتوں کو پانی میں پیس کر چھان لیں اور سہاگہ ملا لیں۔ دن میں دو بار لیں۔ بواسیر سے آرام ملے گا۔

**ریٹھے کے چھلکے کا سفوف:**

ریٹھے کا چھلکا جلایا ہوا، کتھا ہموزن باریک سفوف بنا لیں۔ $\frac{1}{2}$ تا ایک گرام دن میں دو بار لیں۔

**حبوب بواسیر مجرب المجرب:**

پوست ریٹھہ۔ رسوت ہم وزن کابلی چنے برابر گولیاں بنا لیں 2,2 صبح، دوپہر، شام کو لیں۔

**بکائن کے پتوں کی ٹکیوں سے علاج:**

بکائن کے پتے، بھنگ کے پتے بقدر ضرورت دونوں کو پیس کر ٹکیہ بنا لیں۔ ٹکیہ



مسوں پر رکھ کر باندھ دیں۔ چند روز استعمال سے فائدہ ہو جاتا ہے۔

**مسوں کے لیے کچلے کا نسخہ:**

کچلہ بقدر ضرورت پانی کے ساتھ ایک پتھر پر گھس کر مسوں پر لگائیں۔ بواسیر دور کرنے کے لیے مفید علاج ہے۔

**دھنیا کے تازہ پتوں کا لیپ**

دھنیا کے تازہ پتے 2 گرام، گیرو ایک گرام دونوں کو پیس کر لیپ بنا لیں۔ مسوں پر لگائیں۔

**اسپغول کی بھوسی کا نسخہ:**

اسپغول یا اسپغول کی بھوسی 6 گرام سوتے وقت پانی کے ساتھ لیں۔

**بواسیر کے لیے مرکبات کے چند لاجواب نسخے:**

1۔ معجون مقل 10 گرام پانی کے ساتھ سوتے وقت لیں۔
2۔ اطریفل مقل 10 گرام پانی کے ساتھ سوتے وقت لیں۔
3۔ حب رسوت ایک گولی پانی کے ساتھ دن میں دو بار لیں۔
4۔ حب مقل ایک گولی دن میں دو بار لیں۔
5۔ مربہ ہلیلہ 25 گرام سوتے وقت لیں۔ آزمودہ نسخے ہیں۔

## بواسیر کے لیے دو نسخے

**جریان خون کا زبردست نسخہ:**

شنگرف رومی ایک تولہ، خرمہرہ زرد سوختہ ایک تولہ دونوں کو متواتر چوبیس گھنٹہ کھرل کر کے رکھیں بس تیار ہے۔ خوراک 1 تا 2 رتی معہ مکھن صبح شام، جریان خون فوراً بند ہو جاتا ہے۔ پندرہ دن متواتر کھلانے سے چھوٹے سے چھوٹے مسے مرجھا جاتے ہیں۔

## سے نابود کرنے کا پراثر علاج:

لگانے والا: طوطیا سبز 2 تولہ، شب یمانی سفید 2 تولہ دونوں کو باریک کر کے سلور کی دیگچی میں ڈیڑھ سیر پانی ڈال کر پاؤڈر مذکور اوپر چھڑک دیں، ڈیڑھ گھنٹے کے بعد احتیاط سے پانی گرا کر جو ہر جو دیگچی کے پیندا میں لگا ہوگا کھرچ کر کاغذ پر رکھ کر سایہ میں خشک کر لیں بوقت ضرورت پوڈر مذکور ایک ماشہ، تیزاب شورہ 2 ماشہ سلور کی کٹوری میں ملا کر روئی کے پنبہ سے مسّوں پر ہر پانچ منٹ کے بعد لگا دیں۔ پندرہ منٹ بعد مسّوں کو برف کے پانی سے جو بہت ٹھنڈا کیا گیا ہو، دھو دیں پندرہ منٹ تک مسّوں پر پانی گرائیں بعد میں مشک کافور 3 ماشہ مکھن شستہ $2\frac{1}{2}$ تولہ میں ملا کر جو پہلے ہی تیار کر کے رکھا ہوگا تین چار یوم تک لگائیں مسے نابود ہو جائیں گے۔ انشاءاللہ۔

## بواسیر کی بے مثال گولیاں

زمین قند خشک آٹھ تولہ، پوست چترا چار تولہ، سونٹھ دو تولہ، کالی مرچ تولہ، گڑ چار تولہ پہلے تمام ادویات کو کوٹ چھان کر گڑ ملا کر خوب کوٹیں۔ گرم ہونے پر گولیاں رتی رتی کی بنالیں۔ اگر اچھی طرح قوام نہ ہو تو قدرے پانی ملا کر زم کریں۔ خوراک 4 گولی صبح 4 گولی شام تازہ پانی سے کھلایا کریں ہر قسم کی بواسیر کو ختم کرنے میں از حد موثر اور نفیس چیز ہے۔ متواتر استعمال کرنی چاہئیں۔

## بواسیر کی خوش ذائقہ دوا

نوشادر پانچ تولہ کو مٹی کے پیالہ میں دس تولہ سانبھر نمک کے درمیان رکھ کر دوسرا پیالہ اوندھا کر کے جوڑوں کو کپڑ مٹی کر کے آگ پر رکھیں اوپر والے پیالے پر ٹھنڈے پانی میں کپڑا بھگو کر رکھ دیں۔ جب یہ کپڑا گرم ہو جائے تو ٹھنڈے پانی کی گدی بدل دیا کریں۔ اس طرح کئی گھنٹہ تک حرارت پہنچانے سے دوا کا جوہر اڑ کر اوپر والے پیالے کے اندر لگ جائے گا اس کو چاقو سے کھرچ کر رکھ لیں۔ ایک رتی یہ دوا دہی کی بالائی میں لپیٹ کر کھلائیں۔ نچلے پیالے میں بچی دوا میں کالی مرچ کا سفوف ملا لینے سے خوش ذائقہ ہاضم دوا بن جائے



گی۔ بواسیر کے لیے بہترین دوا ہے۔

## بواسیر کی لاجواب دوا

ایک مولی جو آدھ سیر وزن کی ہو لے کر اس کے پتوں کے نزدیک کے موٹے حصے میں ایک گڑھا بنالیں۔ اب اس میں چار تولہ رسوت اور دو تولہ شہد قلمی بھر کر اوپر سے مولی کا نکالا ہوا گودہ رکھ کر مولی کو کپڑے اور گیلی مٹی سے اچھی طرح بند کر لیں اور مٹی خشک ہو جانے پر تین سیر اُپلوں کے درمیان رکھ کر آگ لگا دیں۔ جب مولی گل جائے تو نکال کر دوا بمعہ مولی کو باریک پیس کر کھرل کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں تیار کر لیں۔ بواسیر کی مرض میں کم از کم تین ہفتہ تک دوا کا استعمال کرنا ضروری ہے۔ انشاءاللہ فائدہ ہوگا۔

## بواسیر کو جڑ سے اکھاڑنے کی دوا

سبز مہندی ایک پاؤ کا لُدہ بنا کر درمیان 5 تولہ سونا مکھی رکھ کر 10 عدد خانگی اُپلوں کی آگ دیں۔ خوراک ایک رتی ہمراہ مکھن دوائی استعمال کریں۔ مکھن اور دہی بکثرت استعمال کرائیں۔ بواسیر کو جڑ سے اکھاڑ دیتی ہے۔ پہلی ہی خوراک سے خون بند ہو جاتا ہے۔ انشاءاللہ۔

## بواسیر کے لیے اکسیر اعظم دوا

کشتہ فولاد سرد 2 تولہ، گندھک آملہ سار مصفیٰ $2\frac{1}{4}$ تولہ دونوں باہم ملالیں مقدار خوراک ایک رتی ہمراہ دہی یا مکھن۔

یہ دوا بواسیر کے لیے اکسیر اعظم ہے دوران استعمال دہی اور مکھن بکثرت استعمال کریں۔

## بواسیر کے لیے تیر بہدف نسخہ

ایک تولہ رسکپور پر ایک سیر گھی گائے کا چو یہ دیں پھر سحق کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔ چوری کھلا کر اوپر دو چاول شہد میں ملا کر کھلا دیں۔

بواسیر کے لیے اکسیر پُرتاثیر ہے۔ طریقہ معروف ہے۔

## بواسیر کے لیے دوسرا تیر بہدف نسخہ

نسخہ بواسیر کے لیے تیر بہدف کا مصداق ہے۔ برس تا برس کا مرض چند روز میں ہی نابود ہو جاتا ہے۔

مغز تخم نیم ایک تولہ، مغز تخم بکائن ایک تولہ، رسونت عمدہ ایک تولہ، آب گکروندہ (گکر چھڈی) ایک تولہ کھرل میں سحق بلیغ کریں اور حب کو کناری بنائیں خوراک ایک عدد ہمراہ آب تازہ صبح شام دوپہر۔

## بواسیر کے چند شرطیہ نسخے

### تخم ہارسنگھار سے علاج:

تخم ہارسنگھار 2 تولہ، فلفل گرد 6 ماشہ ساختہ یک ماشہ تا یک ہفتہ مجرب، بمساوی الوزن کوٹ کر ایک ماشہ صبح پانی سے کھلا دیں۔

### مسوں کے لیے زود اثر گولیاں:

بند ہندی 2 تولہ، عرق طوطی معروف کنگھی بوٹی ایک بوتل میں کھرل کریں۔ جب گولی بنانے کے قابل ہو جائے تو گولیاں کنار دشتی کے مقدار بنالیں خوراک ایک گولی ہمراہ آب تازہ، غذا مرغن استعمال کریں، 14 یوم میں سے بلا ضرر گر جائیں گے۔

### چند مرکبات کی تیار شدہ گولیوں کا نسخہ:

کتھا سفید 6 گرام، راکھ چھلکا ریٹھا 6 گرام، مغز بیج نیم 12 گرام، مغز بیج بکائن 12 گرام، رسونت مصفا 12 گرام، سنوف چاکسو 6 گرام، گوگل شدہ 6 گرام سب کو کوٹ پیس کر اس میں مولی کا پانی 250 گرام تھوڑا تھوڑا ڈال کر کھرل کریں اور 4 گرین کی گولی تیار کریں۔ ایک گولی صبح، ایک گولی شام ہمراہ مکھن یا بالائی دیں۔



### فلفل گرد کی گولیاں

عصارہ برگ گکروندہ 50 گرام، فلفل گرد (پپلی) 6 گرام، ہینگ 3 گرام، شیرہ گھیکوار حسب ضرورت، گولیاں بقدر نخود بنائیں۔

روزانہ ایک گولی صبح، ایک گولی شام ہمراہ پانی دیں۔ گھی اور دودھ کا خوب استعمال کرائیں۔ انشاءاللہ گولیاں بہت فائدہ دیں گی۔

### مشک بالا سے علاج:

مشک بالا، سونٹھ، ہموزن، خوراک ایک گرام ہمراہ پانی دیں۔

### حب رسوت

رسونت مصفا، قلمی شورہ، ہموزن، مولی کے پانی کے چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

ایک گولی ہمراہ پانی دیں۔

### بواسیر کے لیے معجون کا نسخہ:

معجون خبث الحدید۔ جو ضعف معدہ اور بواسیر کو نفع دیتی ہے۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ پوست ہلیلہ زرد۔ آملہ مقشر۔ گل سرخ ہر ایک 10 درم۔ اصل السوس۔ جوز بوا۔ سنبل الطیب۔ اذخر۔ مصطگی ہر ایک 7 درم۔ خبث الحدید مدبر 100 درم باریک کر کے شہد میں معجون بنائیں۔ خوراک 3 درم۔ مسے جلد ختم ہو جائیں گے۔

### آب مولی میں تیار نسخہ:

صفتہ، مقل ارزق 2 تولہ، مغز بکائن 2 تولہ، مغز نیم 2 تولہ، رسوت 2 تولہ، مویز منقہ 2 تولہ، حب بقدر نخود آب مولی میں تیار کریں، دو حب علی الصباح ہمراہ آب سرد تناول فرمائیں، اکتالیس یوم۔ سرخ مرچ، گوشت عظیم الجثہ جانور مثلاً گائے وغیرہ سے پرہیز کریں۔

### مسے خشک کرنے کالاجواب نسخہ:

بوٹی دودھی کلاں ایک تولہ، مرچ سیاہ 6 عدد دونوں کو خوب اچھی طرح گھوٹ کر شیرہ نکالیں۔ کشتہ مذکور سنکھ کا بقدر ایک سرخ اس کے ہمراہ دیں اور بوٹی دودھی کلاں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر مسّوں پر باندھیں، مسے خشک ہو کر گر جاتے ہیں۔

### بواسیر بادی کے لیے تیر بہدف علاج:

بواسیر بادی، گھر چھڈی کا پانی نکال کر آگ پر جوش دیں جب گاڑھا ہو جائے تو کھرل میں ڈال کر اس کا دسواں حصہ کالی مرچ اور بیسواں حصہ ہینگ ڈال کر کھرل کریں، پھر اور پانی گھر چھڈی کا ملا کر کھرل کریں، یعنی 8 پہر کھرل کریں، جب خشک ہو جائے تو گولیاں بقدر کنار جنگلی کے بنا دیں، ایک گولی صبح اور ایک شام ہمراہ پانی کے استعمال کریں۔

### کشتہ سنکھ:

سنکھا ہولی بوٹی، پا پختہ، سنکھ تولہ، بوٹی کا نغدہ بنا کر سنکھ اس میں لپیٹ کر ایک من اُپلوں کی آگ دیں، خوراک ایک سرخ ہمراہ بدرقہ مناسب۔

### بواسیری خون بند کرنے کے لیے:

حابسات خون بواسیر کے لیے شیرہ بیخ انجبار۔ خرفہ۔ کشنیز بارنگ۔ شربت صندل۔ انجبار۔ قرص کہربا ہیں۔

### مسوں کا علاج:

لعاب ریشہ خطمی 4 ماشہ، شیرہ بیخ انجبار 4 ماشہ، شربت بنفشہ 2 تولہ، بارتنگ 4 ماشہ دتوڑ کر پلائیں۔

### گل ارمنی کی گولیوں سے بواسیر کا خاتمہ:

حب مقل ایک تولہ بھوکاٹ کے پانی میں حل کریں، بلیلہ کابلی۔ پوست بلیلہ



زرد۔ پوست بلیلہ۔ آملہ۔ بلیلہ سیاہ ہر ایک 2 ماشہ۔ گلنار۔ مائیں۔ دم الاخوین۔ گل ارمنی۔ کہربائے شمعی ہر ایک ایک ماشہ باریک کر کے بقدر نخود گولیاں بنائیں اور ہر روز چار گولیاں کھایا کریں۔

### صندل سفید سے تیار شدہ نسخہ:

حب دافع اسہال بواسیری۔ طراشیت شیریں۔ دم الاخوین۔ اقاقیا۔ گل ارمنی۔ طباشیر۔ صندل سفید ہر ایک ایک دانگ کافور نیم دانگ افیون خالص ایک رتی زعفران نیم رتی میں گولیاں بقدر فلفل کے بنائیں خوراک 2 گولی۔

### بواسیر روکنے کے لیے معجون کا نسخہ:

معجون خون بواسیر وضعف معدہ اور اسہال بواسیر کے روکنے کے لیے اکسیر کی تاثیر رکھتی ہے۔ تخم حماض۔ حب آلاس۔ بلیلہ سیاہ۔ طباشیر۔ دانہ الائچی خورد۔ بریاں آملہ۔ پوست بیرون پستہ۔ خبث الحدید مدبر مساوی شہد اور رب بہی سے گوندھ کر معجون بنائیں، خوراک 2 درم۔

## بواسیر کا خون بند کرنے کی جادو اثر دوا

پوست ریٹھہ 5 تولہ لے کر شیشی میں بند کر کے خوب سیمنٹ کریں اور دس سیر اُپلوں کی آنچ دیں، سرد ہونے پر نکال لیں کھرل کر کے رکھیں، صبح و شام 4۔4 رتی بدرقہ مناسبہ سے دیں۔ بواسیر خونی میں جادو اثر ہے۔

## بواسیر کا خون بند ہونا

اگر بواسیر کا خون بند ہو جائے مسے پھول کر سخت ہو جائیں تو اس حالت میں خون کو جاری کرنا بہت مناسب ہے۔ جس کی آسان تدبیر یہ ہے کہ پیاز کو گھی میں پکا کر مقعد پر باندھ دیں۔ خون چل پڑے گا۔ بواسیر کے خون کو بند کرنے، نیز نفث الدم کے لیے نہایت مفید ہے، خردل سیاہ (تارامیرا) سنگجراحت مساوی الوزن باریک پیس کر تین ماشہ صبح، تین

ماشہ شام ہمراہ شربت انجبار 4 تولہ دیں۔ یہ دوا بواسیر کا خون بند کرنے میں جادو کا اثر رکھتی ہے۔

## مکئی کے بھٹے کی راکھ کا نسخہ:

مکئی کا بھٹا جس کے دانے اتار لیے گئے ہوں۔ اس کو جلا کر راکھ بنا کر چھان لیں۔ یہ راکھ ایک ایک ماشہ صبح و شام کھلاتے رہنے سے کثرت بواسیر کا خون آنا کم ہو جاتا ہے۔

## بواسیر ہمیشہ کے لیے دور

تلوں کو لوہے کے برتن میں بھون لیں اور باریک پیس رکھیں۔ پھر اس میں ساڑھے دس ماشے روزانہ گائے کے مکھن کے ساتھ کھایا کریں تین دن میں انشاء اللہ بواسیر دور ہو جائے گی۔ انشاء اللہ۔

## بواسیر کی شدت کم کرنے کی دوا

گھی کو ذرا گرم کر لیں اور دو تولہ سے پانچ تولہ تک صبح نہار منہ پی لیں اس سے بواسیر کی شدت کم ہو جاتی ہے۔ قبض کھلتی ہے اور مسوں کی کھجاوٹ وغیرہ بھی جاتی رہتی ہے۔

## حب بواسیر کے لیے لاجواب گولیاں

رسوت ایک تولہ، مغز تخم نیب ایک تولہ، کشنیز خشک 6 ماشہ، ست لوبان 6 ماشہ تخم السی 2 تولہ تمام ادویات کو پیس کر آب ترب سے گولیاں بقدر کنار صحرائی بنائیں۔ ہمراہ آب تازہ کے ایک گولی یومیہ کھلا دیں۔

## بواسیر کے لیے کشتہ بارہ سنگھا

اجوائن دیسی، قلمی شورہ ہر ایک دس گرام، عرق اجوائن کے ساتھ پیس لیں۔ اس کا دس گرام بارہ سنگا پر لیپ کریں اور دو گلوئیلوں کی آگ دیں۔ سفید ہو جائے گا، پیس لیں۔ بواسیر کے لیے مفید ہے۔ اس بیماری سے بہت جلد چھٹکارا مل جائے گا۔



## بلا آپریشن بواسیری مسے دور کرنا

ریٹھہ کے مغز کی گریاں لے کر باریک پیس لیں اور نیم کے تیل یا پانی میں پیس کر مسوں پر لگائیں۔

خوردنی طور پر کسٹر آئل دیں تا کہ پاخانہ نرم ہو کر خارج ہو کیونکہ سخت پاخانہ مسوں کو تکلیف دیتا ہے۔ ایک بار ضرور آزمائیں۔

## پرانی سے پرانی بواسیر کا خاتمہ

گوگل مغز، تخم ریٹھہ، قلمی شورہ، رسونت ہموزن کو برگ نیم کے جوشاندے میں پکائیں جب قوام درست ہو جائے اس میں دو یا تین تولہ بادام روغن ڈال دیں اور نخود کی گولیاں بنالیں ایک ایک گولی دن میں تین بار تازہ پانی سے کھلائیں اس کے ساتھ ہی روغن مذکور مسوں پر لگائیں۔

## پرانی بواسیر کے لیے سفوف گل

سفوف گل پرانے بواسیری اور صفراوی دستوں کے لیے نہایت مفید اور مجرب ہے۔ مصطگی۔ عود قماری ہر ایک ایک مثقال۔ طباشیر۔ گل مختوم ہر ایک 2 مثقال۔ گل سرخ۔ صمغ عربی بریاں۔ سماق ہر ایک 3 مثقال گل ارمنی۔ انار دانہ بریان۔ تخم انگور بسرکہ پروردہ بریان ہر ایک 5 مثقال سفوف بنائیں خوراک 2 مثقال۔ یہ امراض بواسیر میں بہت مفید اور مقوی نسخہ ہے۔

## بواسیر خونی کا علاج

شروع مرض میں اس قدر علاج کافی ہے کہ قبض نہ ہونے دی جائے، دودھ، مرغن غذائیں، تازہ پھل بکثرت کھائیں، گرم اغذیہ سے سخت پرہیز کریں۔ قبض کے لیے چھلکا اسپغول ایک تولہ روزانہ دودھ سے پھانکتے رہیں۔ کھلی ہوا میں معتدل ورزش، پیدل ہوا خوری نہایت ہی مفید ہیں۔

**بواسیر خونی کے لیے گگروندہ بوٹی:**

گیرو دو تولہ، رسونت مصفّٰی ایک تولہ دونوں کو سبز گگروندہ بوٹی کے پانی میں یا سبز بسکھپرا بوٹی کے پانی میں پیس کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں اور روزانہ دو گولی صبح، دو گولی شام ہمراہ تازہ پانی کھلائیں۔

**بواسیر خونی کے لیے مفید دوا:**

رسونت مصفّٰی ایک ماشہ کی گولی بنا کر پہلے کھلائیں، اوپر سے لعاب ریشہ خطمی چار ماشہ، شیرہ چھلکا جڑ انجبار چھ ماشہ، شربت بنفشہ دو تولہ ملا کر اسبغول چھ ماشہ چھڑک کر پلائیں بواسیر خونی کے لیے نہایت ہی مفید ہیں۔

**بواسیر خونی کے لیے سیپی دریائی کی راکھ:**

سیپی دریائی لے کر کوئلوں کی آگ پر جلا کر راکھ بنالو، بقدر چار رتی گائے کی لسی کے ساتھ کھلائیں، بواسیر خونی کے لیے مفید ہے۔

**لاجواب ادویہ کا نسخہ:**

گگروندہ بوٹی چھ ماشہ، برگ گیندا چھ ماشہ، مرچ سیاہ تین دانہ سب ادویہ کو ذرا پانی میں گھوٹ لیں اور چھان کر پلائیں، اللہ کی مہربانی سے دو ہفتہ کے استعمال سے ہر قسم کی بواسیر کو آرام آجائے گا۔

**ببول کی چھال کا مفید نسخہ:**

ببول کی چھال چھ ماشہ دہی کے ساتھ کھلانا از حد مفید ہے۔

**خونی بواسیر کے لیے برگ گگر چھڈی کی دوا:**

برگ گگر چھڈی ایک تولہ، کالی مرچ سات دانہ دونوں کو گھوٹ کر چند روز پلائیں، بواسیر خونی کے لیے از حد مفید ہے۔



**کثرت سیلان خون بند**

ساق دانہ سالم صاف کر کے بقدر چار سے چھ ماشہ ہمراہ باسی پانی دیں۔ کثرت سیلان خون کو ایک دم بند کرتا ہے، خونی بواسیر کو دور کرتا ہے۔

**بواسیر کے مفید علاج کا نسخہ:**

مرچ سیاہ، رسونت مصفّٰی، مغز بیج نیم، مغز بیج بکائن، ہموزن گولیاں بقدر چار رتی بنائیں، دو گولی صبح، دو گولی شام ہمراہ آب تازہ دیں، بواسیر کا نہایت مفید علاج ہے۔

**ہر قسم کی بواسیر کے لیے پُر اثر گولیاں:**

نرکچور، رسونت ہر ایک پانچ تولہ، مولی سبز کا پانی چھنا ہوا 25 تولہ ان ہر دو کو مولی کے پانی میں تر رکھیں، اس کے بعد تمام اشیاء کو کھرل کر کے حبوب نخودی تیار کریں، دونوں وقت ایک ایک گولی ہمراہ پانی دیں اور ایک سے دو گولی بیرونی طور پر پانی سے گھس کر مسّوں پر لگائیں۔ یہ دوا قدرت کی مہربانی سے ایک ہفتہ کے اندر ہر قسم کی بواسیر اندرونی، بیرونی، خونی و بادی کو دور کر دیتی ہے، استعمال کے دوران غذا سادہ اور نہانے سے پرہیز کریں۔

**بواسیر کو رفع کرنے میں لاجواب گولیاں:**

کافور بھیم سینی تین ماشہ، ناگ کیسر، مغز بیج نیم، رسونت مصفّٰی، مویز منقّی ہر ایک چھ ماشہ پہلے چاروں ادویات کو سفوف بنالیں، پھر ان میں مویز منقّی ڈال کر خوب کھرل کریں اور جنگلی بیر سے ذرا کم گولیاں بنالیں۔ ایک گولی صبح اور ایک شام ہمراہ تازہ پانی نگل لیں، بواسیر کو رفع کرنے میں لاجواب ہیں۔ یہ گولیاں بواسیر خونی کے لیے از حد مفید ہیں۔

**بواسیر کے لیے مربہ مولی کا نسخہ:**

مولی کو قدرے چھیل کر قتلہ قتلہ کر لیں اور روغن زرد میں بریاں کریں کہ بہت زیادہ سرخ نہ ہونے پائیں۔ پھر اگر مولی بریاں کا وزن آدھ سیر ہو تو سوا سیر مصری کا قوام پکائیں اور چولہے سے اُتار کر مولی کے قتلے اس میں ڈال کر ڈھانپ دیں، سرد ہونے پر کسی

مرتبان وغیرہ میں بحفاظت رکھیں، تین روز بعد دو دو یا تین تین قتلے روزانہ تھوڑے سے قوام کے ساتھ کھائیں، بواسیر کے لیے تنہا چیز ہے، پانی مطلق نہ ڈالیں، مولی کے عرق میں ہی قوام بنائیں، تین روز کے استعمال سے فائدہ ظاہر ہونے لگتا ہے۔

### خون کی روانی کو بند کرنے کی دوا:

گیرو، سنگجراحت ہم وزن پیس کر محفوظ رکھیں اور بوقت ضرورت دو سے تین ماشہ صبح، دوپہر اور شام کو دیں، یہ خون کی روانی کو خواہ کسی وجہ سے جاری ہو، بند کرتا ہے، خون بواسیر کا ہو یا ایام کا، منہ سے آتا ہو یا قے الدم یا نفث الدم یا اسہال دموی ہوں، اس کے لیے مفید ہے، تین یا چار خوراکوں میں آرام آ جاتا ہے۔

### بواسیر خونی کے لیے زوداثر گولیاں:

رسونت مصفیٰ خالص، مغز بیج نیم، مغز بیج، سرس تینوں چیزیں ہموزن لے کر گولی بقدر نخود تیار کریں، خوراک دو سے تین گولی روزانہ استعمال کرائیں۔

### گکروندہ کے پانی سے تیار نسخہ:

رسونت مصفیٰ، مغز بیج نیم ہر ایک دو تولہ، بیج مولی ایک تولہ، زیرہ سفید، دانہ الائچی خورد ہر ایک ڈیڑھ تولہ سب کو کوٹ پیس کر گکروندہ کے پانی میں آٹھ روز بھگو دیں، پھر گیندے کے پھول دو تولہ ملا کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالیں، خوراک ایک گولی صبح و شام ہمراہ پانی دیں۔ بواسیر کے لیے نہایت مفید گولیاں ہیں۔

## بواسیر خونی کے چیدہ چیدہ نسخے

### عرق بادیان سے خونی بواسیر کا خاتمہ:

مغز تخم نیم 3 ماشہ، مغز تخم بکائن 3 ماشہ، مغز تخم سنبھالو 3 ماشہ، رس عمدہ 10 تولہ، گوگل مصفا ایک تولہ، فلفل سیاہ 3 ماشہ تمام ادویہ کو کوٹ کر آب مولی ککر چھڈی میں گوندھ کر گولیاں بقدر نخود بنائیں، دو گولی سے لے کر چار گولی تک عرق بادیان کے ساتھ سوتے



وت نوش فرمائیں، بفضل خدا چند روز میں مرض کا قلع قمع ہو جائے گا۔

### بواسیر خونی کے لیے مجرب نسخہ:

رسونت، ہلیلہ زرد، گوگل، نرکچور، جملہ مساوی الوزن باریک کر کے پہلے آب زب اور بعد ککر چھڈی میں کھرل کریں، یہ نسخہ بواسیر خونی کے لیے نہایت ہی مجرب ہے۔

### حب خاص:

رسونت مصفیٰ، مغز ثمر بکائن ایک تولہ، مغز ثمر نیم ایک تولہ، مصطگی رومی اصلی ایک تولہ، مقل ارزق 3 ماشہ، نرکچور 3 ماشہ، ہرمچی 3 ماشہ، گیری 3 ماشہ، چاکسو 3 ماشہ، ہلیلہ زرد۔ ککر چھڈی کے پانی سے یا مولی کے پانی سے حبوب بقدر جنگلی بیر بنائیں، خوراک ایک حب ہمراہ عرق گاؤزبان۔ بہت ہی آزمودہ اور بے نظیر علاج ہے۔

### جادو اثر نسخہ:

بندق ہندی 2 تولہ کی گٹھلی نکال کر پوست بیرونی کو کوٹ کر کپڑہ میں چھان کر قند سیاہ کہنہ چالیس سالہ میں محفوظ کر کے (مساوی وزن) حبوب بقدر نخود بنائیں، دن میں 2 یا 3 حب ہمراہ پانی استعمال کریں۔

### سنگ جراحت کی گولیاں:

رسونت 24 گرام، کتیرا 71 گرام، مازو سبز، سنگ جراحت، گیرو ہر ایک ساڑھے چار گرام سب کو کوٹ چھان کر نخود کے برابر گولیاں بنالیں۔ دو گولی ہمراہ تازہ پانی دیں۔ رسونت مصفیٰ کر کے استعمال کریں۔ چند روز میں صحت ہوگی۔

### بواسیر خونی کے لیے مجرب گولیوں کا نسخہ:

رسونت اصلی 10 گرام، چھلکا ہرڑ زرد 10 گرام، نرکچور 10 گوگل مدبر، نہلہ ہر ایک 10 گرام تمام ادویات کو ایک دن مولی کے پانی اور ایک دن گکروندہ (ککر چھڈی) کے مقطر پانی میں کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔ ایک گولی صبح اور ایک

گولی شام کو ہمراہ باسی پانی۔ تیز مرچ، بینگن وغیرہ سے پرہیز کرایا جائے بہت ہی مفید و مجرب نسخہ ہے۔

## گکروندہ سبز کے پانی سے علاج:

چاکسو مقشر 10 گرام، مغز بیج نیم 10 گرام، مغز بیج بکائن، رسونت مصفی 20 گرام، گوگل مصفی 10 گرام، مرچ سیاہ 2 گرام تمام ادویات کو گکروندہ سبز کے پانی میں پیس کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔ ایک گولی صبح، ایک شام کو مناسب بدرقہ سے دیں۔

## کتھا پاپڑیا سے خونی بواسیر کا خاتمہ:

چھلکا ہرڑ کابلی 10 گرام، چھلکا ہرڑ زرد 10 گرام، آملہ خشک 10 گرام، ہرڑ کالی 10 گرام، مغز بیج نیم 10 گرام، مغز بیج بکائن 10 گرام، کتھا پاپڑیا 10 گرام، کالی مرچ 10 گرام، صبر زرد مدبر گرام، مقل ارزق 5 گرام، تربد سفید 5 گرام تمام ادویات کو باریک پیس کر گکروندہ کے پانی میں کھرل کر کے گولیاں بقدر جنگلی بیر بنا کر ایک گولی صبح، ایک شام ہمراہ مناسب بدرقہ۔

## مغز تخم مولی کا جادو اثر ٹوٹکہ:

مغز بیج مولی، مغز بیج بکائن، مغز بیج نیم تمام ہموزن مولی کے پانی میں کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ دو گولیاں صبح اور دو گولیاں شام دیں۔

## خونی بواسیر کے لیے سفوف کا نسخہ:

دم الاخوین، جڑ انجبار، گل ارمنی، سنگ جراح ہموزن سفوف تیار کریں اور بقدر تین گرام مناسب بدرقہ کے ساتھ دیں۔

## مسوں کے لیے روغن کنجد کا چٹکلہ:

رال 10 گرام، روغن کنجد (تلوں کا تیل) 50 گرام، رال کو باریک پیس کر



روغن کنجد میں ملالیں اور اجابت کے بعد مسوں پر لگائیں۔

## خونی بواسیر کے لیے مفید گولیاں:

کافور خالص 3 گرام، ناگ کیسر، مغز بیج نیم، رسونت مصفی، مقل شدہ ہر ایک 6 گرام۔ پہلی چاروں دواؤں کو باریک کر لیں۔ پھر مقل مصفی ڈال کر گولیاں بیر کے برابر بنا لیں۔ ایک گولی صبح و شام پانی کے ہمراہ نگل لیں۔ بواسیر خونی کے لیے مفید گولیاں ہیں۔ اکثر 20 دن میں آرام آجاتا ہے۔

## خون بند کرنے کا نسخہ:

برگد کی کونپل دو تولہ کو آدھ پاؤ پانی میں گھوٹ چھان کر صبح و شام پلائیں۔ ایک دو بار استعمال کرانے سے خون کا آنا بالکل بند ہو جائے گا۔

## خونی بواسیر کی مجرب دوا

رسوت خالص، نیم کی نبولوں کے گری، مغز تخم سرس، ہر دو بصورت سفوف ہموزن کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔ دو سے چار گولی تازہ پانی کے ساتھ کھلاتے رہیں۔ بواسیر خونی کے لیے نہایت مجرب ہے۔

## خونی بواسیر میں جادو اثر ٹوٹکہ:

مغز تخم آم، مغز تخم جامن ہموزن کوٹ پیس کر سفوف بنالیں، تین سے چار ماشے دوا تازہ پانی کے ساتھ صبح و شام کھلائیں۔ خون کے دست آنے اور خونی بواسیر میں جادو اثر ٹوٹکہ ہے۔

## اکسیر صفت دوا کا نسخہ:

ریٹھہ کا چھلکا جلایا ہوا، کتھا سفید ہر دو ہموزن ایک ماشہ یہ دوا مکھن یا ملائی میں ملا کر کھائیں۔ خونی بواسیر کے لیے یہ نسخہ اکسیر صفت دوا ہے۔

## خونی بواسیر کا رُک جانا

ہارسنگھار کے پھول پیس کر ایک ماشہ سے تین چار تولہ پانی میں بھگو کر رکھ دیں۔ دن کو مریض کو پلا دیں۔ بواسیر کا خون رک جاتا ہے۔

## ہر قسم کی بواسیر کو دور کرنے کا چٹکلہ

بوقت صبح بعد از قضائے حاجات ضروریہ تین ماشہ دیسی کھانڈ ہمراہ لی جائے اور اس میں پہلے دن دس قطرے برگد کا دودھ اس کھانڈ میں تازہ ٹپکا کر کھالے اور دوسرے روز علیٰ ہذا القیاس ایک قطرہ بڑھایا جائے جب پچیس قطرہ پر پہنچ جائے تو پھر کم کرنے لگے اور دس قطروں پر لا کر چھوڑ دے۔ اس سے ہر قسم کی بواسیر کے پنجے سے رہائی نصیب ہوگی۔

## بادی بواسیر کا علاج

0 نمک سلیمانی چار رتی یا سفوف اجوائن دونوں وقت کھانا کھانے کے بعد استعمال کریں۔

0 قبض کے لیے مربہ ہرڑ دو عدد ہمراہ عرق سونف کھلائیں۔

0 اس سلسلہ میں اطریفل صغیر، جوارش جالینوس، اطریفل کشنیزی، جوارش کمونی وغیرہ بہترین ادویات ہیں۔

**بواسیر خونی کے لیے مجرب دوا:**

حب مقل بواسیر خونی کو بہت مفید ہے، مقل ایک تولہ، آب گندنا، گر چھتا میں حل کیا ہوا ہو، پوست ہلیلہ زرد، پوست ہلیلہ کابلی، ہلیلہ سیاہ، پوست ہلیلہ آملہ ہر ایک 2 ماشہ، دم الاخوین گلنار کہربائے شمعی، گل ارمنی ہر ایک ایک ماشہ سب کو باریک کرکے چنے کے برابر گولیاں بنائیں، ہر روز سوتے وقت غذا کے 2 گھنٹے بعد 3 گولی ہمراہ پانی استعمال کریں، مجرب ہے۔



## بادی بواسیر کے لیے سفوف خطا

بواسیر بادی، ریاحی امراض، درد شکم میں بہت نافع ہے۔

ریوند خطائی، سونٹھ، سوڈا بائیکارب ہموزن کوٹ چھان کر سفوف بنائیں، خوراک دو ماشہ ہمراہ آب تازہ صبح و شام دیں۔

## بادی بواسیر کی عجیب دوا

مولی کے پتے لے کر سائے میں خشک کر لیں اور اس کے برابر کھانڈ ملا کر رکھیں، بس دوا تیار ہے۔ ایک تولہ روزانہ باسی پانی سے دیں۔ چالیس روز میں بادی بواسیر کو یعنی جس میں خون نہ آتا ہو بالکل آرام ہو جاتا ہے۔

## بادی بواسیر کے چند اور نسخے

**حب بواسیر بادی:**

رسونت اصلی پانچ تولہ، مغز بیج نیم پانچ تولہ، بیج بکائن پانچ تولہ، گولیاں بقدر نخود (چار رتی) بنائیں، دو گولی صبح و شام استعمال کرائیں۔ انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

**خونی بواسیر میں مجرب گولیاں:**

رسونت، مقل ازرق، گیرو، مغز بیج نیم، مغز بیج بکائن، بیج گندنا ہر ایک برابر وزن، برگ گندنا کے پانی میں چنے کے برابر گولیاں بنائیں، بواسیر بادی میں صبح و شام ایک ایک گولی اور خونی بواسیر میں دو دو گولیاں استعمال کریں۔ بہت زود اثر گولیاں ہیں۔

**حب بواسیر کا بے نظیر نسخہ:**

ہرڑ سیاہ ایک تولہ، چھلکا ہرڑ زرد ایک تولہ، چاکسو کا آٹا ایک تولہ، مغز بیج نیم ایک تولہ سب کو گھیکوار کے گودہ میں کھرل کر کے حبوب بقدر نخود (چار رتی) بنائیں، خوراک دو سے چار گولی صبح و شام دیں۔

**خونی اور بادی بواسیر کا خاتمہ:**

تخم مولی، ریوند خطائی ہموزن لے کر چھان لیں اور قدرے شہد کی مدد سے دانہ نخود کے برابر گولیاں بنائیں۔ رات کو دو یا تین گولیاں ہمراہ دودھ نیم گرم استعمال کرائیں، اس کے متواتر استعمال سے بواسیر خونی اور بادی کو آرام آجاتا ہے۔

**بواسیر اور گیندا بوٹی کا لاجواب نسخہ:**

صد برگ (گیندا) کیلن ڈیولا (Calendual) کے پھول سایہ میں خشک شدہ، رسونت مصفی، مغز بیج نیم، مغز بیج بکائن، چھلکا نیم، بیج مولی ہر ایک پاؤ سیر علیحدہ علیحدہ، پیس کر ملائیں اور چار سیر دودھ گائے میں پکائیں، جب قوام درست ہو تو گولیاں بقدر نخود بنائیں۔ بواسیر کے واسطے معمول مطب اور از حد مفید ہیں۔ چالیس روز کے استعمال سے اس نامراد مرض کا قلع قمع کرتی ہیں، خوراک چار گولی ہر روز پانی کے ساتھ کھلاتے رہیں اور پانی سے پیس کر مسوں پر ضماد کریں۔

**بلا آپریشن بواسیری مسوں کا علاج:**

ریٹھا کے مغز کی گریاں لے کر باریک پیس لیں اور نیم کے تیل یا پانی میں پیس کر مسوں پر لگائیں خوراکی طور پر کیسٹر آئیل دیں تا کہ پاخانہ نرم ہو کر خارج ہو، چند دنوں میں آرام آجاتا ہے۔ شرطیہ علاج ہے۔

**بادی بواسیر کے لیے بھسم کا نسخہ:**

گیندا کے پھول جو کہ سایہ میں خشک کیے گئے ہوں 50 گرام، مغز ریٹھا 50 گرام دونوں کو ایک ہانڈی میں ڈال کر گل حکمت کر کے دس کلو اُپلوں کی آگ دیں، بھسم تیار ہو جائے گی۔ آدھا گرام بھسم مکھن میں ڈال کر استعمال کریں۔ بعد میں دہی کی لسی استعمال کرنے سے بادی بواسیر چند دنوں میں ختم ہو جاتی ہے۔ دس پندرہ دن کے بعد مسے ختم ہونے شروع ہو جاتے ہیں۔ ایک بار ضرور آزمائیں۔



**گگروندہ بوٹی کے رس کا نسخہ:**

رسونت، مغز تخم نیم، مغز تخم بکائن، ہرڑ سیاہ، نر کچور، مرچ سیاہ مصطگی، گگروندہ بوٹی کے رس میں کھرل کر کے نخود کے برابر گولیاں بنائیں۔ ایک گولی صبح اور ایک گولی شام ہمراہ پانی دیں۔

**اندر جو شیریں کی گولی سے آرام:**

اندر جو شیریں، عرق گلاب میں حل کر کے حسب بقدر نخود بنالیں، ایک گولی صبح اور ایک شام ہمراہ تازہ پانی دیں۔ بادی بواسیر کے لیے مفید گولیاں ہیں۔

———❖❖❖———

## باب۔89

# باؤ گولہ

## باؤ گولہ کا علاج

نمک سولی، سہاگہ بریاں، لونگ، اجوائن، عقر قرحا، پودینہ، زیرہ سیاہ، سونف، نمک لاہوری، نمک سوچر، نمک سانبھر، جوکھار ہر ایک 20 گرام، دانہ الائچی کلاں، دانہ الائچی خورد ہر ایک دس گرام تمام ادویہ کو باریک کر کے آب لیموں 21 عدد میں کھرل کر کے آدھا گرام کی گولیاں تیار کر لیں۔ ایک سے دو گولی صبح وشام ہمراہ تازہ پانی دیں۔ مریض کے دونوں پاؤں کے انگوٹھوں میں چاندی یا جست کے چھلے پہنائیں۔

## باؤ گولہ کے لیے اثر دکھانے والی گولیاں

مرکی 3 ماشہ، گٹھی جلابہ ایک تولہ، ہلیلہ زرد ایک تولہ، عصارہ ریوند 9 ماشہ، مصطگی رومی ایک تولہ، سہاگہ 6 ماشہ، زنجبیل 6 ماشہ، سقمونیا 3 ماشہ سب کا مجموعہ کریں، کوٹ چھان کر عرق سونف میں گولیاں بنائیں۔ جو نخود کے برابر ہوں دو گولی سوتے وقت آب گرم سے استعمال کریں، قبض دائمی اور عارضی درد شکم، باؤ گولہ کے لیے مفید ہے۔

## باؤ گولہ کا جادو اثر ٹوٹکہ

آم کے خشک پتے بطور تمباکو حقہ میں بھر کر پلائیں۔ دھواں اندر جانے کی دیر رفع ہو جائے گا۔ گرم خشک اور قابض غذا سے پرہیز کریں، بہت مفید ٹوٹکہ ہے۔

## پیٹ کی گیس کے لیے ہیر اہینگ کا نسخہ:

مرچ سیاہ چار ماشہ، ہیر اہینگ دو ماشہ، نمک سیاہ دو ماشہ، ست پودینہ ڈیڑھ ماشہ، لیموں کے رس کے ہمراہ مٹر کے دانہ کے برابر گولیاں بنائیں، خوراک ایک سے دو گولی ہمراہ عرق سونف یا پانی دیں۔

نوٹ: ہیر اہینگ ملانے سے پہلے اسے گھی گائے میں بھون لیں، کیونکہ ہیر اہینگ میں سلفر (گندھک) ہوتی ہے، اس لیے اس پر ورق چاندی چڑھانا منع ہے، کیونکہ چاندی اور گندھک مل کر کیمیائی عمل رکھتی ہیں، اس لیے گولیاں سادہ بنائی جائیں۔ یہ گولیاں پیٹ کی گیس، ہسٹیریا اور پیٹ درد کے لیے نہایت مفید ہیں۔

باب۔90

# چھپاکی (پِتی اُچھلنا)

## چھپاکی کا علاج

روغن گل ایک تولہ، عرق گلاب پانچ تولہ، سرکہ انگوری آدھا تولہ سب کو ملا کر و
ایک نمی شامل کر کے مقام خارش پر لگائیں، فوراً سکون ہوگا۔

0 ناگ کیسر چھ ماشہ سفوف کر کے شہد دو تولہ میں ملا کر صبح و شام چٹائیں۔

0 گیرو دو ماشہ، شہد خالص دو تولہ میں ملا کر چٹانا مفید ہے۔ چھپاکی کو جلد فائدہ
ہوگا۔ انشاءاللہ۔

**دوائے چھپاکی:**

پودینہ سبز ایک تولہ، شکر تری دو تولہ، بقدر ضرورت پانی ملا کر چھان کر ایک د
گھونٹ ایک ہی بار پلائیں۔ ایک بار میں چھپاکی کو فائدہ ہوگا۔ آرام نہ آئے تو بارہ گھنٹہ بعد
دوبارہ دے سکتے ہیں۔

**چھپاکی و خارش کے لیے مفید گولیاں:**

جل نیم بوٹی چار تولہ، مرچ سیاہ آٹھ تولہ ہر دو کا سفوف بنا کر پانی کی مدد سے چنے
کے برابر گولیاں بنائیں۔ ایک ایک گولی ہمراہ پانی دن میں تین بار دیں، چھپاکی و خارش
کے لیے ازحد مفید ہے۔

**چھپاکی کے لیے مفید سفوف:**

رال برو ھیا لے کر باریک سفوف بنا لیں، خوراک آدھے سے ایک ماشہ دن میں



تین بار دیں، چھپاکی کے لیے ازحد مفید ہے۔ ذائقہ کے لیے برابر کھانڈ ملا سکتے ہیں، پیچش
کے لیے بھی نہایت زود اثر ہے۔

**ترپھلہ اور چھپاکی:**

ترپھلہ چھ گرام سفوف بنا کر رات کو 75 گرام پانی میں بھگو کر صبح چھان لیں اور
اسی طرح یا تھوڑا سا شہد ملا کر لیں، یا سفوف کو ہلکے گرم پانی سے لیں۔

## پِتی اُچھلنا کے چیدہ چیدہ نسخے

**جوارش جالینوس کا نسخہ:**

شہتوت کے پتے بقدر ضرورت سرکہ میں پیس لیں۔ پتی کی جگہ پر لگائیں۔

1۔ جوارش بسابہ 7 گرام سوتے وقت لیں۔

2۔ جوارش جالینوس 6 گرام دن میں دو بار بعد غذا لیں۔

3۔ جوارش تمر ہندی 7 گرام سوتے وقت لیں۔

**گائے کے دودھ کا ٹوٹکہ:**

گائے دودھ $\frac{1}{2}$ لیٹر دودھ کو جوش دے کر چند قطرے لیموں کا رس ملا لیں تا کہ وہ
پھٹ جائے۔ پھر چھان کر پانی الگ کر لیں۔ صبح یہ پانی پئیں۔

**کالی زیری سے علاج:**

کالی زیری 3 گرام، ابہل 3 گرام 180 ملی لیٹر پانی میں اتنا جوش دیں کہ پانی
آدھا رہ جائے۔ پھر چھان لیں صبح لیں۔

**ترپھلہ کے سفوف کا نسخہ:**

ترپھلہ 6 گرام باریک سفوف کر کے 120 ملی لیٹر پانی میں رات بھر بھگو کر صبح
چھان لیں۔

1۔ اسی طرح تھوڑا شہد ملا کر لیں۔

2۔ سفوف کو ہلکے گرم پانی سے سوتے وقت لیں۔

**صندل سرخ کے برادہ سے علاج:**

صندل سرخ کا برادہ 3 گرام، عناب 5 عدد، سونف 6 گرام، منقٰی 6 گرام، مویز منقٰی 7 عدد 180 ملی لیٹر پانی میں جوش دے کر شکر سے میٹھا کر لیں، دن میں دو بار لیں۔

## ہینگ سے چھپاکی دور

گائے کی چھاچھ پینے سے خون کا جوش و فساد ٹھنڈا ہو جاتا ہے اگر اس کو بدن پر ملا جائے تو چھپاکی اور گرمی دانے دب جاتے ہیں۔

پتی یعنی چھپاکی بگڑ جائے اور بار بار نکلتی رہے تو ماشہ ڈیڑھ ماشہ ہینگ چند روز پانی سے کھائیں۔ آرام ہو جائے گا۔

## چھپاکی کے لیے اجزائے نسخہ

سنا مکی، پیپل، مرچ سیاہ، سونٹھ، پرانا گڑ سب ادویات کو علیحدہ علیحدہ کوٹ چھان کر گڑ میں ملا دیں اور کوکن بیر کے برابر گولیاں بنا کر ایک گولی 24 گھنٹہ بعد گرم دودھ سے دیں۔ چھپاکی سے آرام ہو جائے گا۔ انشاءاللہ۔

## چھپاکی کو تین خوراکوں سے آرام

**پہلا نسخہ:**

ناگ کیسر 20 گرام کو کوٹ چھان کر شہد خالص 60 گرام میں ملائیں۔ یہ کل چار خوراکیں ہیں۔ ایک ایک خوراک دوا صبح و شام کھلائیں۔ پتی، چھپاکی کو اگر تین روز گزر جائیں اور کسی دوا سے آرام نہ ہو۔ تو اس دوا کی چند ہی خوراکوں سے آرام آ جاتا ہے۔

**دوسرا نسخہ:**

سوڈا کپڑے دھونے والا ایک تولہ لے کر آٹھ تولے پانی میں حل کر کے بدن پر



خوب ملیں اور ملنے کے پندرہ منٹ بعد ٹھنڈے پانی سے غسل کریں۔ چھپاکی شرطیہ دور ہو گی۔ آزمائیں اور فائدہ اٹھائیں۔

**تیسرا نسخہ:**

پہلے جلاب دے کر دودھ میں پانی ملا کر اور اس میں کپڑا بھگو کر بدن پر مالش کرنی چاہیے۔ انشاءاللہ فائدہ ہوگا۔

## چھپاکی کی خوراکی دوا

رال سفید ایک ماشہ سرد پانی سے دیں۔ چند منٹ میں خون کا جوش ختم ہو کر آرام ہو جائے گا۔

## چھپاکی کا ایک اور علاج

روغن گل بارہ گرام، عرق گلاب پچاس گرام، سرکہ انگوری چھ گرام، کافور ایک ٹکیہ سب کو ملا کر مقام مرض پر بیرونی لگائیں۔ چھپاکی سے آرام ہو جائے گا۔

## باب۔91

# ہائی بلڈ پریشر (خون کے دباؤ کی زیادتی)

## ہائی بلڈ پریشر کا علاج

مسکن اور عروق کو پھیلانے والی ادویات استعمال کی جائیں، جوش خون کو کم کرنے کے لیے چھوٹی چندن (اسرول) کا سفوف بمقدار تین رتی دن میں تین بار ہمراہ دودھ گائے یا عرق گلاب کھلائیں۔

**نسخہ:**

شیرہ مغز تربوز اس مرض میں بہت مفید ہے، 75 فیصدی اشخاص میں اس کے استعمال سے دل کا بوجھ کم یا بالکل زائل ہو جاتا ہے۔

**نسخہ:**

اسرول۔ فلفل دراز ہم وزن، مقدار خوراک 4-4 رتی دن میں تین بار۔

**نسخہ:**

اسرول 2 تولہ۔ فلفل سیاہ 2 تولہ۔ صندل سفید 1 تولہ۔ گل نیلوفر 1 تولہ۔ دانہ الائچی خرد 6 ماشہ سفوف کر لیں۔ 4-4 رتی دن میں دو بار دیں۔ انشاء اللہ افاقہ ہوگا۔

دل کی تقویت کے لیے دواء المسک معتدل یا بارد کھلائیں۔

## خون بند کرنے کا یونانی علاج

شیاف قابض (جو خون کو بند کرتا ہے) پھول انار، پھول گلاب ہر ایک چھ ماشہ، کندر، کہربا ہر ایک تین ماشہ سب کو باریک پیس کر اور جوشاندہ مازو میں گوندھ کر بتیاں بنا کر



ایک بتی یونی (مہبل) میں رکھیں اور کھانے کے لیے مندرجہ ذیل نسخہ جات میں سے کسی ایک کا استعمال کریں۔

1۔ گل ارمنی، دم الاخوین، کہربا، صدف سوختہ، سنگ جراحت ہر ایک ایک ماشہ، باریک پیس کر پہلے کھلائیں اور اوپر سے شیرہ جز انجبار چار ماشہ، عرق گلاب دو تولہ، عرق گاؤ زبان دو تولہ میں نکال کر تخم بارتنگ چھ ماشہ چھڑک کر پلائیں۔

2۔ گیرو، سنگ جراحت ہر ایک ایک ماشہ دونوں کو پیس کر پہلے کھا لیں۔ اُوپر سے شیرہ حب الآس، شیرہ بیج خرفہ سیاہ، شیرہ بیخ انجبار ہر ایک تین ماشہ، عرق گاؤ زبان بارہ تولہ میں نکال کر شربت انار تین تولہ میں ملا کر تخم بارتنگ تین ماشہ چھڑک کر پلائیں۔

## خون تھوکنا کا علاج

گیرو، سنگ جراحت، ہموزن باریک پیس کر محفوظ رکھیں اور بوقت ضرورت تین ماشہ صبح، تین ماشہ دوپہر اور تین ماشہ شام کو ہمراہ مناسب بدرقہ دیں۔ یہ خون کی روانی کو خواہ کسی وجہ سے ہو، فوراً بند کرتا ہے۔ خون حیض ہو، خواہ خونی بواسیر، منہ سے آتا ہو، قے الدم ہو یا نفث الدم یا اسہال دموی ہوں۔ سب کے لیے مفید ہے۔ خون خواہ کسی جگہ سے آتا ہو، مناسب بدرقہ کے ساتھ دیں تو تین یا چار خوراک میں خون بند ہو جاتا ہے۔ یہ ایک آسان اور مجرب نسخہ ہے۔ بنا کر فائدہ اُٹھائیں۔

## خون تھوکنا کے چیدہ چیدہ نسخے

**پہلا نسخہ:**

خرفہ کے پتے یا 12 گرام، خرفہ کے بیج 6 گرام 6 ملی لیٹر پانی میں پیس کر چھان لیں۔ دن میں دو بار لیں۔ بہت افاقہ ہوگا۔

**دوسرا نسخہ:**

کونپل ببول یا ببول کے پھول 10 گرام 120 ملی لیٹر پانی میں جوش دے کر

چھان لیں اور شکر سے میٹھا کرلیں۔ دن میں دو تین بار لیں۔ زود اثر نسخہ ہے۔

**تیسرا نسخہ:**

گیرو، سنگجراحت، گوند ببول ہموزن باریک سفوف بنالیں۔ 4 گرام دن میں دو بار لیں۔ نہایت مجرب و مفید نسخہ ہے۔

**چوتھا نسخہ:**

ریش برگد (بڑ کی داڑھی) 6 گرام، گلنار 6 گرام 60 ملی لیٹر پانی میں پیس کر چھان لیں۔ دن میں 2 بار لیں۔

## خون کو روکنے کے لیے اکسیر اور مجرب دوا

کشتہ سنگ جراحت ایک چھٹانک لے کر ایک پاؤ پختہ برگ نیم تازہ لے کر نغدہ بنا کر درمیان سنگ جراحت رکھ کر 10 سیر اُپلوں کی آگ دیں، بعد میں نکال کر 2 سیر دودھ گاؤ تازہ ڈال کر آگ پر خشک کریں، بعدہٗ نکال کر صاف کریں اور بعد میں ڈھائی تولہ کافور دیسی 2 تولہ طباشیر کبود ملا کر کھرل میں خوب زور سے کھرل کریں، بعد میں شیشی میں ڈالیں خوراک 4 رتی صبح اور 4 رتی دوپہر اور 4 رتی شام ہمراہ شیرہ انجبار اور لعاب بہدانہ کے استعمال کریں، خون کے روکنے کے لیے اکسیر اور مجرب ہے۔ چند روز کے استعمال سے آرام ہو جائے گا۔

## کمی خون کا نسخہ

عرق سنگترہ 4 چمچہ، رس انگور سیاہ شیریں یا بے دانہ انگور 6 چمچہ، رس ٹماٹر سرخ شریں 8 چمچہ، رس گاجر 5 چمچہ (موسم ہو تو لے سکتے ہیں) رس ادرک 3 چمچہ، شہد خالص آدھا چمچہ، نمک دو چٹکی بھر، (پانی تازہ 20 سے 40 گرام میں پانچواں حصہ ملا کر دیں) اکسیر اور مجرب نسخہ ہے۔



**ترکیب تیاری و استعمال:**

تمام رسوں کو ملا کر پانچ خوراک بنا دیں اور پانچ مریضوں کو استعمال کرائیں، بوقت صبح و شام، بہترین مقوی ٹانک ہے افزائش خون کرتا ہے۔ بھوک لگاتا ہے اور جگر کو قوی کرتا ہے۔ مصفی خون و اعضائے جگر۔ ورم جگر کی حالت میں ہمراہ حب کبد نوشادری 2 رتی تا 4 رتی استعمال کرائیں۔

❖❖❖

## باب۔92

# زخم

## زخم کا علاج (ULeesirs)

ذیل کی ادویہ ہر قسم کے زخموں کے لیے مفید ہیں۔

### کیکر کے پتوں کا نسخہ:

کیکر کے پتے زیرہ سفید کے ساتھ پیس کر زخم پر باندھیں، زخم کو صاف کر کے اچھا کر دیتے ہیں۔

### زخم کے لیے جامع سفوف:

کندر، صبر، انزروت، دم الاخوائن ہموزن باریک پیس کر زخم پر چھڑکیں۔ یہ گوشت کو پیدا کرتا ہے اور زخم کو اچھا کرتا ہے۔

### سریع الاثر نسخہ:

گل انار، زرورد، کندر، مرکی ہموزن باریک پیس کر زخم پر چھڑکیں، نہایت سریع الاثر ہے۔

### زخم پڑنے پر روغن نیم سے علاج:

اگر زخم میں کیڑے پڑ جائیں تو افسنتین باریک پیس کر نمک ملا کر چھڑکیں اور روغن نیم پھریری سے لگائیں۔

### زخموں کے لیے عجیب و غریب سفوف:

یہ سفوف آیوڈوفارم سے بھی زیادہ مفید ہے، آک کے پتے سایہ میں خشک کر کے



(کچھ زہوں) ہنڈیا میں ڈال کر نیچے اُوپر پانچ سیر اُپلوں کی آگ دے کر نکال لیں، اب سیاہ رنگ کی راکھ کو پیس لیں اور کپڑے سے چھان لیں، ہر قسم کے زخموں پر پوڈر کی طرح چھڑک دیں، زخموں کو مندمل کر کے بھرلاتی ہے، کبھی نہیں بیٹھتی۔ آزمودہ علاج ہے۔

### پرانے زخم کے لیے سودیشی آیوڈین:

شراب خالص ایک پونڈ، کمیلہ دس تولہ۔ کمیلہ کو شراب دیسی میں ڈال کر چار دن تک مضبوط کارک لگا کر بوتل کو دھوپ میں رکھیں، اس کے بعد کھدر کے کپڑے سے چھان کر محفوظ رکھیں۔ زرد رنگ کا سودیشی ٹنکچر آیوڈین تیار ہے، اگر شراب کے بجائے سپرٹ میتھی لیٹڈ ڈال دیں، تو بھی پورا فائدہ حاصل ہوتا ہے۔

ولایتی ٹنکچر آیوڈین سے بہتر ہے۔ پھوڑے، پھنسیاں، تازہ زخم اور پرانے زخم پر لگائیں، خون بند کرنے میں ٹنکچر سٹیل سے بھی زیادہ سریع الاثر ہے۔

### مرہم نیم کا نسخہ:

موم سفید سات ماشہ، گھی گائے چھ تولہ، گھی کو آگ پر رکھیں۔ پھر نیم کی تازہ پتی مناسب مقدار میں گھوٹ کر ٹکیہ بنا کر اس گھی میں ڈال دیں، یہاں تک کہ پتے جل جائیں اور سیاہ رنگ کا گھی رہ جائے، پھر موم داخل کر کے مرہم بنا کر محفوظ رکھیں۔ ہر قسم کے زخموں و ناسور کے لیے مفید ہے۔

### آگ سے جلے زخم کے لیے مفید فارمولا:

جست پھلا ہوا پانچ تولہ، تیل السی بیس تولہ، کافور ایک تولہ، رال سفید پانچ تولہ، موم سفید پانچ تولہ پہلے تیل و موم کو پگھلا لیں، چھان کر رال حل کریں۔ اس کے بعد باقی اشیا ملا کر مرہم بنائیں اور زخموں پر لگائیں، آگ سے جلے زخم کے لیے مفید ہے اگر رنگین کرنا ہو تو تیل میں ملانے والا کوئی رنگ ملا لیں۔

## زخم میں کیڑا کا علاج

جب ناردا کا شبہ ہو تو اس کو نشتر سے چیر کر ناردا کا سر باہر نکالیں اور اس کو موم کی باریک بتی پر رکھیں اور اسے لپیٹتے رہیں، ٹوٹنے نہ پائے، اس کے بعد گندم کا آٹا ایک تولہ، زردی بیضہ مرغ ایک عدد، گل روغن ایک تولہ ملا کر اس کا لیپ کریں۔

مندرجہ ذیل نسخے اس مرض کے لیے نہایت مفید ہیں۔

### ناروا کے لیے ٹکیہ کا نسخہ:

ہینگ خالص تین ماشہ، گندم کا آٹا چھ ماشہ، اجوائن دیسی تین ماشہ سب کو ملا کر پیس کر ٹکیہ بنا کر ناروا کے اُوپر باندھیں۔

## تلوں کے تیل کا مرہم

رال چودہ ماشہ، صابون 28 ماشہ، افیون دس ماشہ باریک پیس کر تلوں کا تیل چودہ تولہ، مرہم بنا کر اور پان کے پتے پر لگا کر ناروا پر باندھیں۔

### دودھ آک سے ناروا کا علاج:

نمک خوردنی میں قدرے دودھ آک ملا کر ناردا پر باندھیں۔

### زخم سے کیڑا نکالنے کا نسخہ:

چربی بھیڑ ڈیڑھ تولہ۔ لہسن پوتھی تین عدد پیس کر زخم پر باندھیں۔ اس سے زخم کھلا ہو کر کیڑا آسانی باہر نکل جائے گا۔

## زخم کے لیے تیل کا آزمودہ نسخہ

بیج دھتورہ کچے 50 گرام، تیل سرسوں 50 گرام، بیجوں کا پانی نکال کر تیل میں شامل کریں اور نرم آگ پر پکائیں۔ جب تیل رہ جائے تو چھان لیں، چوٹ خوردہ یا زخم تازہ یا پرانے پر لگانے سے زخم بغیر پیپ پڑے فوراً بھر جاتا ہے، آزمودہ ہے۔



## زخم تحلیل کرنے کا جلاب

دانہ الائچی بڑی، کباب چینی ہر ایک ایک تولہ، قلمی شورہ تین ماشہ سب کو ڈیڑھ سیر پانی میں بھگو دیں۔ دو گھنٹے کے بعد چھان کر پیٹ بھر کر پلائیں پیاس لگنے پر یہی پانی پلاتے رہیں اور اس دن سوائے دودھ چاول کے اور کوئی غذا کھانے کو نہ دیں۔ اس سے پیشاب بکثرت آتا رہے گا اور زخم تحلیل ہو کر بالکل صاف ہو جائے گا۔ آزما کر دیکھ لیں۔

## پرانے زخموں کے لیے جادو اثر دوا

ایک عدد گرگٹ کو تلوں کے تیل دس تولہ میں جلائیں۔ پھر کچھوے کی ہڈی جلی ہوئی۔ انسان کھوپڑی کی ہڈی جلی ہوئی۔ گائے کے کھر کی جلی ہوئی راکھ پرانے جوتے کے چمڑے کی راکھ۔ ہر دو اچھ ماشہ۔ سفیدہ کاشغری۔ مردہ سنگ سیندور۔ شنگرف۔ کالے سانپ کی کینچلی۔ ہر دوا تین ماشہ سب دواؤں کو کھرل کر کے مرہم تیار کر لیں۔ یہ مرہم پرانے زخموں کو بھرنے کے لیے نہایت جادو اثر ہے۔

## بہتے ہوئے خون کا نسخہ

کدو کے چھلکے لے کر آگ میں جلا دیں کہ کوئلہ ہو جائیں ان کو باریک پیس کر زخموں پر دھوڑتے رہیں۔ خدا چاہے تو بہت جلد ٹھیک ہو جائیں گے۔ یہ دوا آگ سے جلے ہوئے کو بھی مفید ہے۔

### بیضہ مرغ کے چھلکے سے خون بند:

بیضہ مرغ کا چھلکا جلا کر خاکستر بنا لیں اور زخموں پر چھڑکیں تو ان کا خون فوراً بند ہو جاتا ہے اور وہ جلدی مندمل ہو جاتے ہیں۔

### بہتے خون کے لیے چھلے ہوئے تھوم سے علاج:

چھلے ہوئے تھوم کو باریک کوٹ کر زخم میں بھر دیا جائے تو بہتا ہوا خون تھم جاتا ہے۔

## پرانے زخموں کا مرہم

یہ مرہم پرانے زخموں کو جلد مندمل کر دیتی ہے۔ان کی پیپ خشک کرتی۔گندے سڑے زخم جن سے سخت بد بو آتی ہو۔اس مرہم سے ٹھیک ہو جاتے ہیں۔

کتھ سوا دو ماشہ، نیلا تھوتھا 5 رتی، ویسلین اڑھائی تولہ ٹھوس دواؤں کو پیس کر ویسلین میں گھوٹ کر رکھ لیں۔مرہم تیار ہے۔کپڑے پر لگا کر پٹی باندھ دیں۔

## تازہ زخم جوڑنے کا سفوف

گوشت پیدا کرتا ہے اور تازہ زخم کو جوڑتا ہے، خون کو زخم سے حکماً روک دیتا ہے، سفوف زود اثر ہے۔

### زخم کے لیے کندر کا ٹوٹکہ:

کندر تولہ، انزروت تولہ، صبر زرد تولہ، دم الاخوین تولہ باریک کر کے پارچہ بیز کر کے شیشی میں رکھو استعمال کرنے پر اثر جلد کرتا ہے۔

### زخموں کو خشک کرنے کے لیے اکسیر:

لاجونتی کی جڑ کا سفوف کر کے زخموں پر چھڑکیں۔زخموں کو بہت جلد خشک کرتا ہے۔



باب۔93

# ہاتھ پاؤں پھٹنا

## ہاتھ پاؤں پھٹنے کا علاج

موم اصلی ایک تولہ، تیل سرسوں یا تلوں کا تیل چار تولہ دونوں کو گرم کریں، جب ویزلین کی طرح ہو جائے تو پھٹی ہوئی بوائی اور جلد پر لگائیں، موسم سرما میں اگر گرم پانی کا استعمال کیا جائے تو یہ عارضہ پیدا ہی نہیں ہوتا۔

## ہاتھ پاؤں پھٹنے کا مرہم سے علاج

رال ایک درم۔موم پاؤ درم۔گھی ایک درم۔اول گھی کو خوب گرم کریں۔پھر موم ملا دیں۔بعد رال ڈال کر اچھی طرح حل کر کے نیچے اتار کر کسی ڈبیہ میں محفوظ کریں اور زخموں میں وقت ضرورت مرہم بھر دیں۔بہت مفید علاج ہے

### ہاتھ پاؤں پھٹنے کا مفید مرہم:

رال سفید 10 گرام، موم دیسی 10 گرام، تلوں کا تیل 40 گرام۔رال کو باریک پیس کر موم اور تلوں کے تیل کے ساتھ ایک کڑچھے میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔جب جوش آ چکے، کڑچھے کو فوراً کسی پانی سے بھرے ہوئے گہرے برتن میں اُلٹ دیں۔اس کے بعد پانی کے اوپر سے مکھن کی مانند تیرتا ہوا مرہم اُتار کر کسی چینی یا شیشے کی ڈبیہ میں رکھیں۔بوقت ضرورت مرہم کو آگ پر زم کر کے بوائی میں بھر دیں اور تھوڑی دیر آنچ کے سامنے رکھیں۔تا کہ مرہم اچھی طرح بوائی میں جذب ہو جائے۔روزانہ اسی طرح

کریں۔ چند روز کے استعمال سے آرام ہو جائے گا۔

## ناخن کا پتلا پڑنا کا علاج

اگر کیلشیم کی کمی سے یہ عارضہ ہو تو کشتہ موتی سیپ (صدف مرواریدی) ایک رتی ہمراہ شہد یا مکھن دیں۔ یہ ایک مفید کیلشیم ہے اور ناخنوں کے علاوہ ہڈیوں کو مضبوط کرتا ہے، امیر مریضوں کو کشتہ موتی (مروارید) آدھی رتی ہمراہ شہد یا مکھن یا بالائی یا مربہ آملہ دیں یہ نہایت اعلیٰ درجہ کا نفیس کیلشیم ہے۔ جو ناخنوں کی کمزوری کے علاوہ دل کی تقویت کے لیے بھی از حد مفید ہے۔ کئی بار تجربے میں آ چکا ہے۔

---



باب-94

# ناسور (Fistula)

## ناسور کا علاج

**بچھو سے ناسور کا خاتمہ:**

بچھو ایک عدد، گائے کا خالص گھی اڑھائی تولہ میں جلا کر چھان کر محفوظ رکھیں اور ناسور میں لگائیں۔

**کشتہ سنکھیا سے ناسور کا علاج:**

اگر عارضہ آتشک سے ہو تو کشتہ سنکھیا سفید آدھا چاول بقدر مزاج و عمر مریض کو دیں، بیرونی طور پر ناسور کے علاج میں اس کو صاف کرنا اور انٹی سپٹک ادویات کا استعمال مفید ہے۔

**ناسور کے لیے مفید چٹکلہ:**

گھونگچی لال لے کر اونٹ کے پیشاب میں گھس کر بتی بنا کر ناسور میں رکھیں، اگر سوراخ کا منہ تنگ ہو تو چاول اور مونگ کی کھچڑی پکا کر باندھیں، جب ناسور کا منہ کھل جائے تو اس کے بعد بتی کو اندر رکھیں۔ ناسور کے لیے بہت مفید ہے۔

**گیہوں کے دلیہ سے مواد خارج:**

گیہوں کا دلیہ پانی میں پکائیں کہ پانی خشک ہو جائے، متواتر روزانہ ناسور پر باندھیں مواد کو خارج کر کے زخم کو بھر لائے گا۔

## کنگھی بوٹی سے علاج:

کنگھی بوٹی کے پتے ٹکیہ بنا کر باندھیں، ایک ہفتہ میں فائدہ ہو جائے گا۔

## تلوں کے تیل سے ناسور کا علاج:

تلوں کا تیل چار تولہ، بورک ایسڈ ایک تولہ، کاربالک ایسڈ 20 قطرے، تیل آگ پر رکھیں، جب جھاگ آنی بند ہو جائے تو تیل اُتار لیں اور بورک ایسڈ شامل کر کے ڈنڈے سے خوب گھوٹیں، پھر 20 قطرے کاربالک ایسڈ ملا کر شیشی میں رکھیں اور بوقت ضرورت استعمال کریں۔

## ناسور کے لیے مفید گولیاں:

نیم کے پتے، اکائن کے پتے، چنبیلی کے پتے، مہندی کے پتے، زیرہ سفید، آنبہ ہلدی، رسونت ہر ایک ایک تولہ لے کر پہلے رسونت کو پانی میں حل کر کے اس کے پانی کو نتھار کر باقی اجزاء کو اس میں گوندھ کر گولیاں بقدر نخود بنائیں، خوراک ایک گولی ہمراہ تازہ پانی دیں، ناسور کے لیے مفید ہیں۔

## روغن ناسور کے لیے اعلیٰ چیز:

تیل تارپین ڈیڑھ اونس، آیوڈوفارم ایک ڈرام دونوں کو ملا کر بتی بنا کر ناسور کے اندر داخل کریں، نہایت مفید اور اعلیٰ چیز ہے۔

## تیل سرسوں کے قطروں سے ناسور ختم:

عمدہ خشک تمباکو پاؤ بھر لے کر اس میں ایک سیر پانی ڈالیں اور نرم آگ پر پکائیں جب ایک پاؤ پانی رہ جائے تو اس میں دس تولہ تیل سرسوں ڈال کر نرم آگ پر پکائیں، جب



پانی جل کر تیل رہ جائے تو ٹھنڈا کر کے چھان کر محفوظ رکھیں۔ روزانہ تیل کے دو یا تین قطرے لگانے سے فائدہ ہوگا۔

## روغن ناسور کے لیے نافع

روغن کنجد (تل کا تیل) جل نیم کا پانی ہم وزن لے کر آگ پر چڑھائیں جب پانی جل جائے اور صرف تیل رہ جائے تو چھان لیں ناسور کو نافع ہے۔

## پرانے ناسور کے لیے روغن

پارود 20 گرام کو تلوں کے تیل 50 گرام میں کھرل کر کے شیشی میں رکھیں۔ اگر ناسور کا منہ کشادہ ہو تو پچکاری کے ذریعہ سے اس کے اندر پہنچائیں یا اس میں پھایہ بھگو کر ناسور کے اوپر رکھیں۔

یہ ایک روغن ہے۔ پرانے سے پرانے ناسور کو بھرتا ہے۔

## پرانے ناسور کے لیے مرہم

مرہم اعلیٰ جو پرانے ناسور اور آتشک کے زخم اور سرطان اور بدھ رسولی اور دوسرے زخموں اور مہلک پھوڑوں کے لیے مجرب ہے۔ سیماب۔ نیلا تھوتھا۔ شنگرف۔ رال۔ مردار سنگ۔ پیاز۔ برگ نیم سبز۔ صدف سوختہ۔ موم سفید ہر ایک 4 ماشہ روغن گاؤ 5 تولہ پہلے گھی کو گرم کر کے موم کو اس میں پگھلا کر دوائیں داخل کریں اور خوب گھس کر حل کریں کہ مرہم بن جائے۔ بوقت ضرورت کام میں لائیں۔

## پیپ سے بھرے زخم کے لیے مرہم

جو زخم کہ پیپ سے بھر کر بہتا رہتا ہو اور مندمل نہ ہوتا ہو اس کے واسطے یہ مرہم

نہایت مفید ہے۔ مصطگی 3 مثقال۔ کندر۔ کف دریا ہر ایک دو مثقال سفیدہ ایک مثقال، صمغ عربی 10 مثقال سب کو باریک کرکے گل روغن وموم اور انڈے کی سفیدی میں ڈال کر مرہم تیار کریں۔ زخم بہت جلد مندمل ہو جائے گا۔

## عام ناسور کہنہ کے لیے روغن

روغن ناسور مقعد اور عام ناسور کہنہ کے لیے عجیب الخاصیت ہے۔ مسور مقشر، کافور دونوں مساوی لے کر کھرل کریں کہ سرمہ کی طرح ہو جائیں۔ پھر روغن زرد اور شہد ڈال کر کھرل کریں جب خشک ہو جائے تو گولیاں باندھ کر سایہ میں خشک کریں اور آتشی شیشہ میں ڈال کر پتال جنتر میں روغن نکالیں وقت حاجت مقعد کی ناسور میں لگائیں۔ جس قسم کی ناسور ہو اس سے مندمل ہو جاتی ہے۔ بیماروں پر بارہا کا آزمودہ نسخہ ہے۔

### ناسور کے لیے خاص الخاص مجرب نسخہ:

یہ نسخہ قروح خبیثہ باطنی اور پرانے کٹے پھٹے زخموں اور امعاء کی ٹی بی میں مفید موثر ہے۔

طزون مدبر در آب لیموں، گندھک آملہ سار۔ 5-5 تولہ دونوں کو کوٹ کر گل حکمت کرلیں 4 سیر اپلوں کی آنچ دیں نکال کر کھرل کرلیں اور 10 تولہ میں سے جتنا وزن کم پڑ جائے اتنی گندھک اور شامل کردیں۔ پھر آنچ دیں اس طرح 40 تا 50 آنچوں میں 10 تولہ با وزن برآمد ہوگا، مقدار خوراک ایک رتی۔ آزمودہ ہے۔

---



باب۔95

# تپ محرقہ

## تپ محرقہ کے لیے اکسیر نسخہ

پھٹکری سفید سات تولہ، کافور دیسی دو تولہ، ہر دو کو لیموں کے رس 10 تولہ میں کھرل کرکے خشک کریں اور کوزہ گلی میں بند کرکے گل حکمت کریں اور تین سیر اپلوں میں آگ دے کر کشتہ کرلیں۔ خوراک 2 رتی تازہ پانی سے دن میں تین بار دیں۔ تپ محرقہ کے شدید اضطراب یا سرسامی عوارضات کے لیے مخصوص چیز ہے۔

## تپ بلغمی کے لیے عمدہ کشتہ

بارہ سنگھا کو توڑ کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے بنالیں اور کوزہ گلی میں ڈال کر اس پر آک (مدار) کا دودھ اس قدر ڈالیں، کہ خوب تر ہو جائے۔ پھر کوزہ کا منہ بند کرکے پندرہ کوئلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر پیس لیں اور بدستور آگ دیں۔ نہایت عمدہ کشتہ تیار ہوگا۔ باریک پیس کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔ خوراک ایک سے دو چاول تک۔ اوجاع مفاصل وتپ بلغمی میں نہایت مفید ہے۔

## شربت دافع تپ محرقہ

لعاب بیدانہ 9 ماشہ، لعاب اسبغول 9 ماشہ، گاؤزبان 2 تولہ، بنفشہ 2 تولہ، گل سرخ 2 تولہ، عناب 20 عدد، لسوڑیاں 6 عدد، اصل السوس مقشر 6 ماشہ پانی میں جوش دے کر لعاب مذکور ڈال کر ترنجبین 20 تولہ، گلاب 30 تولہ میں حل کرکے صاف کرکے 40 تولہ مصری ملا کر بدستور معروف شربت بنالیں، شربت 5 تولہ اور ایک تولہ بادام روغن ملا کر بوقت صبح پئیں۔ تپ محرقہ سے بہت جلد آرام مل جائے گا۔

## تپ محرقہ کا علاج

مویز منقیٰ 9 دانہ، عناب پانچ دانہ، انجیر زرد دو دانہ، خاکسی سات ماشہ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح کو جوش دے کر مل چھان کر دو تولہ چینی (کھانڈ) ملا کر پلا دیا کریں، گھبراہٹ دے چینی میں عرق گاؤزبان پلائیں، دست آنے لگیں تو حب آلاس سات ماشہ، ساق چھ ماشہ، پوست خشخاش چار ماشہ جوش دے کر پلائیں، جلاب بالکل نہ دیں، جب دانے نکل آئیں تو خمیرہ مروارید دیں۔

## تپ محرقہ کا دیسی دواؤں سے علاج:

منقیٰ پانچ عدد، انجیر ولایتی دو عدد، خوب کلاں چھ ماشہ، عناب سات دانے، پرسیاؤ شاں تین ماشہ، گاؤزبان چار ماشہ، پانی ایک سیر تمام چیزوں کو پانی میں جوش دیں، آدھا رہ جائے اتار لیں، خوب مل چھان کر صاف کر کے اس کو دن میں تین بار مصری ملا کر پلائیں۔



باب۔96

# تپ دق

## تپ دق کا خاص نسخہ

کتیرا 5 تولہ، گوند کیکر 5 تولہ، موصلی سفید 2 تولہ، بہیدانہ 2 تولہ، چار مغز 2 تولہ، الائچی سفید ایک تولہ، مغز بادام 5 تولہ، خشخاش 10 تولہ، مصری سنگ 3 تولہ، کے قوام میں کوٹ کر ڈالیں اور کشتہ صدف صادق، کشتہ عقیق، کشتہ مرجان ایک ایک تولہ ملا دیں خوراک ½ تولہ رات کو بعد از طعام صبح کو نہار منہ، غذا چار پائے بز غالہ کی یخنی، دودھی گندم گھی کھانڈ ملا کر پکائیں اور کھلائیں، آلو بخارے اور جامنیں بھی کھلائیں، بار بار دیں، تپ دق کے لیے بہت ہی مفید ہے۔ بہت جلد اس بیماری سے نجات مل جاتی ہے۔

باب۔97

# ذیابیطس

## ذیابیطس کے لیے زود اثر دوائیں

### حب جامن

تخم جامن (گٹھلی جامن) 10 گرام، افیون خالص ایک گرام، ہر دو اجزا کو باریک کر لیں، یہاں تک کہ اس میں لیس پیدا ہو جائے، تو اس کی 32 گولیاں بنا لیں۔ خوراک دو گولی نہار منہ قبل از غذا دو گولی بوقت شام، مرض کہنہ و جدید کے لیے مفید ہے۔

### مرکب خاص:

چھلکا انڈہ مرغ، کشتہ چاندی، کشتہ مرجان، کشتہ فولاد، کچلہ مدبر، جملہ ادویات کو باریک پیس کر رکھیں۔ خوراک ایک ایک رتی جوارش زرعونی دو گرام کے ہمراہ تین بار صبح، دوپہر اور شام کو کھلا دیں۔

### گڑمار بوٹی کے رس سے علاج:

گڑمار بوٹی کا رس $\frac{1}{2}$ اونس، نمک کی چٹکی ملا کر استعمال کریں، ذیابیطس میں کسرت کرنا، سائیکل کی سواری کرنا مفید ہے۔

### جامن کے پتوں کا جوشاندہ

جڑی بوٹی علاج میں کچے کریلے کا رس اور جامن کے پتوں کا جوشاندہ اور جامن کے بیجوں کا استعمال مفید ہے۔



### ذیابیطس کے لیے زود اثر دوا:

ذیابیطس کے لیے بہترین اور زود اثر ہے۔ ہو الشافی، کشتہ چاندی 6 ماشہ، کشتہ قلعی 6 ماشہ، کشتہ شاخ مرجان 6 ماشہ، طباشیر نیلگوں تولہ، کہربا شمعی 6 ماشہ، ورق نقرہ 50 عدد تمام ادویات کو یک جان کر لیں اور محفوظ رکھیں، اس کے بعد لاجونتی 15 تولہ بھی اضافہ کر کے محفوظ رکھیں خوراک 6 ماشہ سے ایک تولہ تک پانی یا مناسب شربت سے دن میں تین مرتبہ نوش کریں۔

### معجون فلاسفہ کا نسخہ:

معجون فلاسفہ 7 گرام، کشتہ پوست بیضہ مرغ، ایک رتی ملا کر کھلائیں۔

### کریلا کے رس کا فائدہ:

جن لوگوں کو پیشاب کے ساتھ شکر آتی ہو، انھیں صبح و شام دو میل سیر کرنے کے واپس ہونے کے آدھا گھنٹہ بعد کریلا کا رس 12 گرام استعمال کرنا چاہیے۔ ایک ہفتہ میں فائدہ معلوم ہو جاتا ہے۔

### خستہ جامن کا عرق:

گڑمار، خستہ جامن، گلو، کریلا ہموزن آٹھ گنا پانی ڈال کر رات بھر بھگوئیں۔ صبح عرق کشید کریں۔ خوراک 25 گرام ہمراہ کشتہ سنگ جراحت ایک رتی دیں۔

### ذیابیطس کو جڑ سے اکھاڑنے کی دوا:

آم کے پتے جو خود جھڑ جائیں اکٹھے کر کے سایہ میں خشک کر کے باریک کریں بس دوائی تیار ہے ڈیڑھ ماشہ صبح و شام ہمراہ تازہ پانی سے دیں۔ ایک یا دو ہفتہ تک استعمال کرائیں۔ ذیابیطس شکر کے لیے نافع ہیں۔

### کریلہ پکا کا سفوف:

کریلہ پکا ہوا شگاف دے کر بیج الگ کر دیں اور سایہ میں خشک کر کے سفوف بنا

کر محفوظ کر لیں۔ روزانہ سات ماشے کی خوراک نہار منہ ہمراہ تازہ پانی استعمال کرائیں۔ ایک مہینے سے دو مہینے تک۔ پرہیز، غذا شیرینی دار، نشاستہ دار چاول وغیرہ سے از حد لازمی ہے۔

**مغز تخم نیلوفر کے چھلکا سے علاج:**

تخم نیلوفر کا اوپر کا سیاہ چھلکا اور اندر کا پتہ دور کر کے مغز کو اچھی طرح باریک کر لیں۔ خوراک 3 ماشہ صبح وشام پانی سے دیں۔ شکر کا آنا موقوف اور پیاس و خشکی رفع ہوگی اور پیشاب اپنی اصلی حالت پر آجائے گا۔ چند روز استعمال کرائیں۔ میٹھی اور میٹھا نشاستہ دار اشیاء ٹھنڈا پانی اور برف کا استعمال نہ کریں۔ دودھ، مکھن، گھی، بیضہ نیم برشت، خمیری روٹی ہمراہ سبزی استعمال کر سکتے ہیں۔ جامن کا موسم ہو تو پکے ہوئے جامنوں کا رس 5 تولہ، دن میں سہ بار پیا کریں۔ دودھ اور چھاچھ کا استعمال خوب کریں۔ یہ نسبت اناج کے یہی غذا زیادہ مفید ہے۔

## ذیابیطس سادہ کا علاج

کشتہ فولاد آدھی رتی، کشتہ زمرد آدھی رتی ہمراہ پنبہ دانہ دن میں دو بار دیں یا معجون خبث الحدید دو ماشہ صبح وشام دیں۔ بہت ہی اچھا اور سستا علاج ہے۔

## ذیابیطس کے چیدہ چیدہ نسخہ جات

**کریلا کے رس کا نسخہ:**

کریلہ بقدر ضرورت کریلہ کو کچل کر رس نچوڑ لیں۔ 25 ملی لیٹر رس دن میں دو بار لیں۔

**نیم کی کونپلوں سے ذیابیطس کا خاتمہ:**

نیم کی کونپلیں 6 گرام 60 ملی لیٹر پانی میں پیس کر چھان لیں۔ صبح لیں۔



**بیل کے پتوں کا زود اثر پانی:**

بیل کے پتے 60 ملی لیٹر پانی میں پیس کر چھان لیں۔ صبح لیں۔

**خشک ککورہ کا سفوف:**

ککورہ ایک عدد کچل کر رس نکال لیں اور صبح وشام لیں۔ خشک ککورہ سفوف کر کے دن میں دو بار لیں۔

## ذیابیطس کے لیے چند مرکبات

1. جوارش جالینوس 6 گرام دن میں دو بار لیں۔
2. جوارش زرعونی 7 گرام سوتے وقت لیں۔
3. کشتہ بیضہ مرغ 250 ملی گرام پانی کے ساتھ صبح لیں۔
4. کشتہ زمرد 125 ملی گرام پانی کے ساتھ صبح لیں۔
5. قرص سلاجیت ایک قرص پانی کے ساتھ دن میں دو بار لیں۔
6. قرص ذیابیطس ایک قرص پانی کے ساتھ دن میں دو بار لیں۔

## مقوی گردہ

بعض لوگ بنولوں کی معجون بناتے ہیں یعنی ان کی گریاں نکال کر باریک پیس لیتے ہیں۔ پھر دوگنے شہد میں ملا کر دو تولہ صبح دو تولہ شام کو کھاتے ہیں۔ یہ بھی مفید چیز ہے۔ مقوی گردہ ہے۔ ذیابیطس شکری کو نفع دیتی ہے۔

**مقام گردہ پر لیپ کا نسخہ:**

مسور کا آٹا پانی میں گھولیں اور مقام گردہ پر لیپ کرتے رہیں۔ اس سے بھی

پیشاب کی زیادتی اور ذیابیطس شکری کو فائدہ ہوتا ہے۔

## ذیابیطس شکری کا علاج

گڑمار بوٹی طب یونانی میں ذیابیطس شکری کی خاص دوا ہے۔اس سلسلہ میں گڑمار بوٹی چار تولہ، مغز جامن چار تولہ سفوف بنا کر رکھیں اور تین ماشہ کی مقدار میں صبح وشام ہمراہ پانی لیں یا مغز بنولہ ایک تولہ آدھ سیر پانی میں بھگوئیں، صبح جوش دیں، آدھ پاؤ رہنے پر چھان کر سرد کر کے پلائیں یا گنگھی بوٹی کا سفوف ایک تولہ کھلا کر چھاچھ دس تولہ اُوپر سے پلائیں۔یا جامن کے پتوں کا جوشاندہ صبح، دوپہر اور شام نمک ملا کر پلائیں۔

### گری تخم جامن:

گری تخم جامن 10 گرام، افیون ایک گرام ان کو باہم ملا کر 32 گولیاں بنائیں اور صبح وشام ایک ایک گولی تازہ پانی سے دیں۔

### ذیابیطس سادہ کے لیے گائے کی ترش لسی

ذیابیطس سادہ میں جب مریض کو سخت پیاس لگے اور تسکین نہ ہوتی ہو تو گائے کی ترش لسی بقدر تشنگی پلاتے رہیں۔بہت مفید ہے۔

———◆◆◆———



باب 98

# غشی

## غشی کا علاج

اگر غشی کا مریض گرم مزاج ہو تو اُسے سرد مقام پر رکھیں اور شربت صندل، گلاب و شربت نیلوفر و عرق بید مشک میں ملا کر اُس کے حلق میں ٹپکائیں اور سرد مزاج ہو تو مشک و عنبر، زعفران وغیرہ سنگھائیں، دواء المسک معتدل جواہر والی، عرق گاؤزبان یا عرق دارچینی میں حل کر کے حلق کے اندر ڈالیں، اگر مزاج سرد ہو تو سرد چیزیں بالکل نہ دیں، بلکہ مریض کو چوبہ نوشادر ملا کر اس کی ہوا سنگھائیں، عرق ماء اللحم میں سیب کا پانی حل کر کے حلق میں ٹپکائیں۔

### مفید نسخے

0 گلاب اور ٹھنڈے پانی سے منہ پر زور سے چھینٹیں مارنا جلدی ہوش لاتا ہے۔
دونوں کندھوں کے درمیان اور پنڈلیوں پر پچھنے کے سوا سینگی لگانا نہایت مفید ہے۔

0 عنبر، کستوری اور فادزہر کو عرق گلاب اور عرق بید مشک اور سیب کے پانی میں حل کر کے پلائیں اور دواء المسک۔معتدل۔عرق کیوڑہ اور عرق گاؤزبان میں حل کر کے گلے میں ٹپکائیں۔

0 شربت انار کا عرق بید مشک میں حل کر کے ٹپکائیں اور گلاب خالص پلانا اور سونگھانا مجرب ہے۔

0 کافور وصندل گلاب میں ملا کر لخلخہ سونگھانا اور ہاتھ پاؤں کی مالش اور ان کا گرم کرنا اور گرم روغن فم معدہ پر ملنا جب حرکت دینے سے بیمار ہوش میں نہ آئے تو سوئی چبھوئیں۔

0 ورنہ اطراف پر داغ دیں۔

0 کندش اور کرم ابریشم خام و بیخ پان کی نسوار ناک میں پھونکیں اللہ نے چاہا تو ہوش آجائے گا۔ بہت ہی مجرب علاج ہے۔

❖❖❖



باب۔99

# خراش

## آنتوں کی خراش دور

جو کا آٹا دو تولہ لے کر ایک تولہ گھی میں بھونیں۔ پھر پانی ڈال کر پتلا پتلا حریرہ بنائیں اور میٹھا ڈال کر پئیں۔ اس سے مروڑ اور آنتوں کی خراش دور ہوتی ہے۔

❖❖❖

## باب۔100

# نیند (بے خوابی)

## نیند کا علاج

**دماغ میں تری پیدا کرنے والا روغن:**

مغز فندق، مغز پستہ، مغز بادام شیریں، کنجد مقشر، مغز تخم کدوئے شیریں، مغز اخروٹ، ہموزن کوٹ کر گرم کر کے بطریق معروف نچوڑ کر روغن حاصل کریں اور ہر روز تھوڑا سا تیل سر پر خوب مالش کر کے جذب کریں۔ یہ روغن دماغ میں تری پیدا کر کے خشکی کو دور کرتا ہے۔ ناک کے زخموں کو بھرتا ہے، سہر اور بے خوابی کو دور کر کے گہری نیند لاتا ہے۔

**دماغی امراض میں مفید دوا:**

سفوف سرپ گنڈھا (چھوٹی چندن) $\frac{1}{4}$ سے ایک ماشہ عمدہ مسکن دوا ہے۔ دماغی امراض، بے خوابی، سر درد، درد شقیقہ میں مفید ہے یا سرپ گنڈھا وٹی ایک گولی صبح و ایک شام نیند آور ہے۔ دماغی امراض میں مفید ہے۔

## نیند زیادہ آنا

پیاز کے بیجوں کی چائے بنا کر پلائیں نیند زیادہ نہیں آئے گی۔

## نیند کا غلبہ دور کرنے کا سفوف

اگر نیند بہت آتی ہو اور اس کا سبب معدے کی خرابی ہو تو یوں کیجئے کہ خشک دھنیا کوٹ کر سفوف بنا لیجئے اور دونوں وقت کھانا کھانے کے بعد چار ماشہ کی مقدار میں تازہ پانی سے پھانکتے رہیے۔ دو تین روز میں نیند کا غلبہ دور ہو گا۔



## نیند کا نہ آنا

**کاہو کے بیج کا نسخہ:**

خشخاش، کدو کے بیج کی گری، کاہو کے بیج ہر ایک 4 گرام 120 ملی لیٹر پانی میں پیس کر شکر سے میٹھا کر لیں۔ دن میں تین مرتبہ لیں۔

**دارچینی سے نیند کا علاج:**

دارچینی 3 گرام 120 ملی لیٹر پانی میں جوش دے کر چھان لیں اور شکر سے میٹھا کر لیں۔ دن میں دو بار لیں۔

**مہندی کے پتوں کے سرہانے سے نیند لانا:**

سرہانے میں روئی کی جگہ مہندی کے پتے بھر دو یہ سرہانہ سر کے نیچے رکھ کر سو جاؤ نیند آ جائے گی۔

◆◆◆

باب۔101

# حافظہ

## حافظہ کی تیزی

برگد کا چھلکا سائے میں خشک کر کے باریک پیس لیں اور اس میں کھانڈ دوگنا ملا کر سفوف بنائیں۔ یہ سفوف بقدر چھ ماشہ صبح اور چھ ماشے رات کو سوتے وقت کھلائیں۔ حافظہ تیز ہو جاتا ہے اس کے دوران استعمال میں ترش اشیاء سے پرہیز کریں۔ ہفتہ یا دو ہفتہ استعمال کرائیں۔ بہت کارآمد سفوف کا نسخہ ہے۔



باب۔102

# وہم

## وہم کا علاج

اطریفل صغیر، خمیرہ ابریشم وغیرہ کا استعمال اور تفریح وتقویت قلب کے لیے دواء المسک معتدل جواہر والی مفید ادویات ہیں یا حالات کے مطابق بعد تنقیہ کا مل شربت گڑھل (جو مالیخولیا اور جوشِ جنون میں بہت مفید ہے) کا استعمال بھی مفید ہے۔

باب۔103

# کپکپی (Chorea)

0 اگر رعشہ کے ساتھ سر درد ہو تو اسطوخودوس تین ماشہ کا سفوف بنا کر استعمال کرنا مفید ہے۔

0 تقویت اعصاب کے لیے حب کچلہ کا نسخہ کا استعمال بہت مفید ہے۔

0 اس کے علاوہ معجون کچلہ، معجون فلاسفہ، کشتہ سونا اور دواء المسک معتدل جواہر والی اس مرض میں بہت مفید ہے۔ اس سے کپکپی کا لرزہ جلد ختم ہو جاتا ہے۔

———❖❖❖———



باب۔104

# بھوک کا ہوکا

## بھوک کا ہوکا علاج

یونانی طریقہ علاج میں دواء المسک معتدل جواہر والی چھ ماشہ کھلا کر اُوپر سے عرق گاؤزبان 9 تولہ، عرق گلاب پانچ تولہ، شربت انار شیریں دو تولہ ملا کر پلائیں۔ مرغ یا بکری کا شوربہ خوب گھی ڈال کر چپاتی کے ساتھ دیں۔ مغز پستہ، مغز بادام، مغز چلغوزہ، مغز اخروٹ، مغز کاجو، مغز ناریل وغیرہ دیں اور نمکین، تیز، کسیلی اور ترش غذاؤں سے پرہیز کریں۔

## بھوک کی کمی کا علاج

کچلہ 50 گرام کو 21 روز لیموں کے رس میں غرق رکھیں، پھر سایہ میں خشک کر کے باریک پیس لیں، دو رتی ہمراہ پانی استعمال کرائیں از حد مفید ہے۔

———❖❖❖———

باب۔105

# سرعت انزال

## سرعت انزال کے لیے طلسمی تیر

عنبر ایک تولہ، مصطگی رومی خالص 3 ماشہ، موصلی سفید 3 تولہ، ثعلب دانہ 3 تولہ، طباشیر اصلی 2 تولہ، زعفران 6 ماشہ (خالص) مغز پنبہ دانہ 3 تولہ تمام ادویہ کا سفوف بنائیں، مقدار خوراک 3 ماشہ ہمراہ دودھ آدھ سیر جوش دیا ہوا کے ساتھ علی الصبح نوش کریں۔

سرعت انزال کے لیے طلسمی تیر ہے گئے گزرے انسان اس سے فائدہ حاصل کریں۔

## سرعت انزال کا سفوف

موچرس ایک تولہ، بھوپھلی ایک تولہ، سمندر سوکھ، سنگ جراحت ہر چار بیج برگ 2 تولہ، چھال ثمر درخت کیکر 2 تولہ، کشتہ قلعی 6 ماشہ، گوند ڈھاک ایک تولہ، ستاور ایک تولہ، خیارین ایک تولہ، تخم تمر ہندی، مقشر تولہ، کھانڈ دیسی کل وزن سے $\frac{1}{2}$ حصہ سفوف تیار کریں بقدر سر شام ہمراہ شربت نیلوفر بنفشہ استعمال کریں۔

## سفوف برائے دافع سرعتِ انزال

ہڑتال گئودنتی 5 تولہ لیں اس کو کیکر کی کچی پھلیوں کے ایک سیر کے نغدہ میں رکھ کر پانچ سیر جنگلی اُپلوں کی آپ دیں۔ کشتہ سفید برآمد ہوگا۔ کشتہ مذکورہ تولہ، کشتہ قلعی $1\frac{1}{2}$ تولہ، ستاور باریک شدہ 5 تولہ، مصری 10 تولہ ملا کر سفوف تیار کرلیں، خوراک ایک ایک ماشہ صبح وشام نیم گرم دودھ سے استعمال کریں ترش اشیاء سے پرہیز لازمی ہے۔



## سرعت انزال کے لیے عجیب الاثر دوا

برگ و تخم لاجونتی کوٹ کر ہمراہ آب تازہ 3 ماشہ روزانہ کھانا سرعت انزال کے لیے عجیب الاثر ہے۔ دوا بہت جلد اثر کرتی ہے۔

## معجون برائے رقت منی و سرعت انزال

مغز تخم کونچ مغز تخم تمر ہندی، موصلی سیاہ کشنیز، مقشر کلہ 10 تولہ، خار خسک 2 تولہ، کشتہ فولاد، کشتہ قلعی جو کسی ترش شے سے نہ کیے گئے ہوں۔ 6 ماشہ، 9 ماشہ مصری، مصری کا قوام کرکے معجون بنائیں، 3 ماشہ صبح 3 ماشہ شام دودھ سے دیں اور تماشا دیکھیں۔ نہایت مجرب نسخہ ہے۔

## اکسیر سرعت انزال

عقرقرحا 3 ماشہ، تخم ریحان 2 تولہ، کھانڈ 2 تولہ باریک کرکے بقدر 3 ماشہ جماع سے دو گھنٹہ پیشتر دودھ سے استعمال کریں۔ ان تین اجزاء کے نسخہ میں قدرت نے عجیب و غریب تاثیر بھر دی ہے۔ اس کی قدر آزمائش پر معلوم ہوگی۔

## سرعت انزال رفع کرنے کا سفوف

حسب ضرورت کچے آم جن میں ابھی تک گٹھلی نہ پڑی ہو لے کر سائے میں خشک کرکے پیس کر بحفاظت رکھیں۔ ہر روز صبح کے وقت نہار منہ اس میں سے 14 ماشہ سفوف لے کر قدرے کھانڈ ملا کر مریض کو کھلائیں۔ چندروز میں سرعت انزال رفع دفع ہو جائے گا۔

## سفوف حقانی

ست اسبغول، ست سلاجیت، بہمن سرخ، بہمن سفید، ستاور، تودری سرخ، تودری سفید، موصلی سرخ، موصلی سفید، شقاقل، تخم اٹنگن، تالمکھانہ، پکھان بید، خار خسک، دارچینی، ثعلب مصری کندر، جفت بلوط، گلنار، مصطگی رومی، دانہ الائچی خورد، بیج بند، چھال، مجٹھ ہیری، اندر جو شیریں ہر ایک ایک تولہ، کشتہ مرجان، کشتہ قلعی بھنگ والا، کشتہ فولاد، آب

جامن والا ہر ایک 9 ماشہ، ورق نقرہ 6 ماشہ، پوٹاشیم برومائیڈ 2 تولہ، کشتہ صدف 2 تولہ۔ کوٹنی ادویات کو کوٹ کر مثل غبار باریک کر لیں اور بعد میں کشتہ جات اور ورقیات کا اضافہ کر کے 5 تولہ کھانڈ ملا لیں۔ صبح و شام و دوپہر 3-3 ماشہ دودھ کے ساتھ کھلائیں۔ سرعت انزال، جریان منی، احتلام، جریان مذی اور رقت منی وغیرہ امراض منی وغیرہ۔

## پُر اثر معجون مغلظ ومقوی منی

ثعلب مصری 6 تولہ، قرنفل 5 عدد، فلفل دراز 5 ماشہ، کشنیز خشک 5 ماشہ، روپ رس یعنی کشتہ نقرہ 5 ماشہ، طباشیر کبود 5 ماشہ، کوزہ مصری 2 ماشہ میں حل کر کے کھویا روغن زرد میں بریاں کر کے مصری یک سیر ملا کر بدستور معروف معجون بنالیں، خوراک ایک تولہ تا 2 تولہ ہمراہ شیر گائے، غذا، گوشت گوسفند ہمراہ نان گندم۔

## منی کو گاڑھا کرنے کے لیے سفوف

شقاقل مصری۔ ثعلب مصری۔ موصلی سیاہ۔ موصلی سفید۔ موصلی سیمبل۔ بیج بند۔ کرکس۔ تج۔ بھوسی اسبغول۔ تالمکھانہ۔ مغز املی۔ مغز تخم جامن ہر ایک ایک تولہ لے کر سب کو کوٹ چھان کر سفوف بنالیں اور روزانہ علی الصبح ایک تولہ سفوف بکری کے تازہ دودھ سے استعمال کریں۔ ترشی بادی اشیاء اور سرخ مرچ سے پرہیز لازمی ہے۔ اس سفوف سے مردہ رگوں میں خون پہنچتا ہے اور منی نہایت گاڑھی ہو جاتی ہے۔

## اعضاء رئیسہ کے لیے معجون

ثعلب۔ شقاقل۔ زراوند مدحرج۔ دارچینی۔ دار فلفل۔ فلفل سیاہ۔ بلیلہ آملہ۔ تخم بابونہ۔ گل بابونہ۔ شیطرج ہندی ہر ایک ایک تولہ مغز نارجیل۔ مغز چلغوزہ۔ مغز پستہ ہر ایک 2 تولہ۔ مغز بادام۔ مغز اخروٹ۔ مویز منقیٰ ہر ایک 3 تولہ۔ زردی بیضہ مرغ 40 عدد۔ قند اور شہد سہ چند بدستور معجون صبح اور شام ایک تولہ کھایا کریں۔ یہ معجون اعضاء رئیسہ کی تقویت اور گردہ و پشت اور تغلیظ و تولید منی میں اعلیٰ درجہ کی دوا ہے اور نعوظ شدید کی برانگیختگی میں عجیب کمال دکھلاتی ہے۔



## سرعت انزال ورقت منی کے لیے

ببول کی نرم کونپلیں 2 تولہ برگد کی نرم کونپلیں 2 تولہ، پیپل کی نرم کونپلیں 2 تولہ، گولر کی نرم کونپلیں 2 تولہ، دودھی خورد 2 تولہ دو سیر پانی میں اس قدر جوش دیں کہ آدھ سیر پانی باقی رہے صاف کر کے مصری ملا کر قوام کریں اور مغز تخم املی 2 تولہ، مغز بنولہ 2 تولہ، چھلکا اسپغول 3 تولہ باریک پیس کر چھان کر قوام میں شامل کریں، خوراک 2 تولہ۔ موصلی سفید مسلم 5 تولہ کو ایک پوٹلی میں باندھ دیں اور ببول کی کچی پھلیاں آدھ سیر لے کر کوفتہ کریں اور چھ سیر شیر لیش تازہ میں ملا دیں اور پوٹلی کو اس میں ڈال کر آگ پر پکائیں، جب دودھ کھویا بن جائے تو پوٹلی نکال کر موصلی کو سایہ میں خشک کریں اور باریک پیس کر ادویہ ذیل اس میں شامل کریں، طباشیر کبود 2 تولہ، تالمکھانہ 2 تولہ، مغز املی 2 تولہ، پوست اسبغول 2 تولہ تخم بھنگ تولہ، کمرکس 2 تولہ، بہمن 2 تولہ، تخم لاجونتی تولہ، مصری کوزہ 5 تولہ، خوراک 4 ماشہ ہمراہ دودھ صبح شام، دورانِ استعمال میں حموضات اور جماع سے اجتناب لازم ہے۔

### حب زعفرانی:

زعفران (کیسر) جائفل، مشک خالص سب ہموزن باریک پیس کر اور شہد خالص بقدر ضرورت میں گوندھ کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں اور کھانے سے دو گھنٹہ پہلے ایک گولی کھائیں۔ اوپر سے پان کا بیڑہ کھالیں۔ ترشی اور تیز مرچ سے پرہیز کریں۔ شادی سے پہلے و بعد کی کمزوری میں بھی مفید ہے۔

## سرعت انزال کا علاج

### گوند گولر کا سفوف:

چھال ڈھاک، چھال مولسری، چھال گولر، گوند سنبل، موصلی سنبل، مجیٹھ، گوند ببول، گوند گولر، گوند ڈھاک، نخود بریاں برابر وزن لے کر سفوف بنائیں اور بقدر آدھا تولہ صبح و شام ہمراہ دودھ استعمال کریں۔ نشہ والی چیزوں سے سخت پرہیز کریں۔

بے ضرر و آزمودہ نسخہ:

مغز تخم کونچ پانچ تولہ، تال مکھانہ پانچ تولہ کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں، خوراک تین ماشہ سے چھ ماشہ تک صبح و شام دودھ نیم گرم کے ساتھ استعمال کریں، بے ضرر و آزمودہ نسخہ ہے۔

پھول سپاری کی گولیاں:

تال مکھانہ، گوند کیکر، بیج بند، الائچی، پھول سپاری، موصلی سیاہ، بیج خرفہ ہر ایک ایک تولہ، بیج تمر ہندی (شدھ) چھ تولہ سب کو بڑ کے دودھ میں تر کر کے سایہ میں خشک کر لیں، روزانہ دو گولی ہمراہ دودھ گائے استعمال کریں۔ گولی بقدر دانہ نخود بنائیں۔

کثیر الاثر دواؤں کا سفوف:

جائفل، جاوتری، افیون، مازو، حرمل، مصطگی، زعفران، ناگ کیسر، گوگل، سپاری، دانہ الائچی خورد، طباشیر، اجوائن خراسانی تمام دوائیں برابر وزن لے کر سفوف بنائیں اور پان کے پتوں کے رس میں گوندھ کر دانہ نخود کے برابر گولیاں بنائیں، ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ دودھ استعمال کریں مباشرت سے دو گھنٹہ پہلے ہمراہ دودھ نیم گرم استعمال کریں۔

حب عاقر قرحا:

جائفل، شنگرف مدبر، عاقر قرحا، افیون، دار چینی ہر ایک دو ماشہ سب کو کوٹ چھان کر شہد کی مدد سے نخود دی گولیاں بنائیں..... دو گھنٹہ پہلے ایک گولی کھا کر اوپر سے دودھ پئیں۔

سرعت کے لیے مجرب نسخہ:

سنگھاڑا خشک، چنیا گوند ہر ایک چھ ماشہ، تال مکھانہ، ثعلب مصری ہر ایک چار ماشہ، مازو سبز تین ماشہ، مصری ہموزن ادویہ کا سفوف بنالیں، خوراک چار سے چھ ماشہ ہمراہ دودھ نیم گرم دیں، مقوی ہے اور سرعت کے لیے مفید ہے۔



سرعت کے لیے مفید سفوف:

اسپند (حرمل) بریاں دو تولہ، پوست خشخاش ایک تولہ ہر دو کو باریک کریں اور چار چار رتی دوا صبح و شام دودھ کے ساتھ کھائیں، سرعت کو دور کرنے کے لیے مفید ہے۔

باکمال نسخہ:

سنگھاڑا خشک، گوند کتیرا ہر ایک چھ ماشہ، نشاستہ، تال مکھانہ، ثعلب مصری ہر ایک چار ماشہ، مصطگی ہر ایک تین ماشہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور مصری ہموزن ملا کر رکھیں چھ ماشہ یہ سفوف صبح و شام کھائیں، سرعت کے لیے مفید ہے۔

طاقتور لڈو:

جاوتری چھ ماشہ، جائفل چھ ماشہ، زعفران خالص چھ ماشہ، چھلکا اسبغول ایک تولہ، ناریل (گولہ) ایک عدد، ناریل کو لے کر اس میں سوراخ کر لیں، چاروں مندرجہ بالا اشیاء ڈال دیں اور سوراخ پر وہی ناریل کا ٹکڑا دے کر وہاں ذرا سا آٹا لگا دیں اور پانچ سیر دودھ میں اس ناریل کو ڈال دیں اور ساتھ ہی چھوہارے، چرونجی، مغز اخروٹ، مغز بادام، مغز ناریل ہر ایک پانچ تولہ ڈال دیں، جب کھویا بن جائے، تو اُتار کر سب کو پیس لیں اور باریک ہونے پر دو سیر گھی خالص میں بھون لیں اور دو سیر کے قریب مصری پیس کر ملا دیں اور چھٹانک چھٹانک کے لڈو بنالیں، آدھا یا ایک لڈو روزانہ دودھ کے ساتھ کھایا کریں، جریان، ذکاوت حس اور سرعت کو دُور کرتا ہے، طاقت بخشتا ہے۔

نئی زندگی بخشنے والا بے نظیر تحفہ:

عقر قرحا، شنگرف مدبر، لونگ، زعفران خالص، دار چینی، جائفل، افیون، مشک خالص سب چیزیں ہموزن لے کر باریک کر کے ہمراہ شہد چھوٹے چنے کے برابر گولیاں بنائیں، خوراک ایک گولی ہمراہ دودھ نیم گرم استعمال کریں، موسم سرما کا بے نظیر تحفہ ہے، نئی زندگی بخشنے والی خاص الخاص چیز ہے۔

## حب کچلہ:

کچلہ دو تولہ گیارہ ماشہ کو دودھ میں اس قدر جوش دیں کہ اس کا چھلکا آسانی سے دور ہو جائے، پھر اس کا چھلکا دور کر کے مرچ سیاہ، فلفل دراز ہر ایک ایک تولہ $3\frac{1}{2}$ ماشہ، عنبر سائیدہ $3\frac{1}{2}$ ماشہ سب ادویہ کو کوٹ کر ایک جگہ کر لیں اور چھوٹے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں، ایک گولی صبح و شام ہمراہ دودھ نیم گرم استعمال کریں۔ یہ ایک مشہور نسخہ ہے۔ سرعت کو دور کرتا ہے، نہایت اعلیٰ اور مقوی چیز ہے۔

## سرعت کو نفع دینے والا معجون:

مشہور قرابادینی نسخہ ہے، رقت اور سرعت کو نفع دیتی ہے اور مقوی ہے، گوند کیکر بریاں، آرد خرما، سنگھاڑا خشک ہر ایک آدھ سیر کوٹ چھان کر اور مغز بادام شیریں، مغز چلغوزہ، مغز فندق ہر ایک پانچ تولہ علیٰحدہ علیٰحدہ پیس کر ترنجبین و شہد خالص ہر ایک اڑھائی سیر کا قوام کر کے مذکورہ دواؤں کو شامل کریں اور بعد ازاں مغز پنبہ دانہ ایک تولہ، لونگ چھ ماشہ، جاوتری اور جائفل ہر ایک تین ماشہ کوٹ چھان کر ملائیں، خوراک ایک تولہ ہمراہ دودھ گائے استعمال کریں۔

## سرعت کے لیے گولیاں:

مغز تمر ہندی پانچ تولہ، تال مکھانہ ہر ایک ایک تولہ، مصری کوزہ دو تولہ تمام ادویہ کو پیس کر دودھ برگد سے کھرل کریں اور بیر کے برابر گولیاں بنائیں، سرعت کے لیے ایک گولی ہر روز بوقت شام کھلائیں، پانچ روز کے بعد ایک گولی بوقت شام اور ایک بوقت رات کو استعمال کریں اور رات کو مباشرت کے لیے ازحد مفید ہیں۔

موچرس جس قدر چاہیں، چینی کے پیالہ میں رکھ کر اوپر دودھ برگد اس قدر ڈالیں کہ دو انگل دوا سے اوپر رہے، اسے سایہ میں رکھ دیں اور کسی باریک کپڑے سے ڈھک دیں۔ جب خشک ہو جائے اور ڈال دیں، یہ عمل چالیس بار کریں، اس کے بعد موچرس کا



وزن کر کے چار گنا دودھ برگد کے ہمراہ کھرل کریں اور گولیاں بقدر نخود بنائیں، نہایت مفید ہے، مباشرت سے دو گھنٹہ قبل ایک گولی ہمراہ دودھ کھلائیں، حسب منشا فائدہ ہوگا۔

## اکسیر خرما:

الائچی خورد، لونگ ہر ایک سات عدد، افیون ایک ماشہ، جائفل ایک عدد کوٹ چھان کر سات حصے بنائیں اور سات عدد چھوہاروں کی گٹھلی نکال کر ہر حصہ ایک ایک چھوہارے میں بھر دیں اور چھوہاروں کے باقی حصہ کو دودھ برگد سے بھر کر ایک عدد کو علیٰحدہ علیٰحدہ آٹے میں لپیٹ دیں اور بھوبل میں بریاں کر کے پیس لیں، اس کے بعد دو عدد چڑے ذبح کر کے پیٹ صاف کریں اور تمام دوا کو اُن کے پیٹ میں بھر کر سی دیں اور خالص گھی میں بریاں کر لیں، بعدہٗ کوٹ کر گولیاں بقدر نخود بنائیں، ایک گولی دودھ کے ساتھ کھلائیں۔

## مباشرت کا لطف دوبالا:

0 اسپند (حرمل) اڑھائی تولہ، پوست خشخاش سات ماشہ، تل کالے سات ماشہ، گڑ پرانا بقدر ضرورت، سات گولیاں بنائیں، ایک گولی مباشرت سے دو گھنٹہ پہلے کھلائیں۔

0 مشک (کستوری) خالص ایک رتی، حرمل تین ماشہ پیس کر گولیاں بقدر دانہ ماش بنائیں اور ایک گولی ہمراہ دودھ ہم بستری سے دو گھنٹہ پہلے کھلائیں۔

## باکمال لوگ لاجواب دواء

ایک عدد مغز ناریل سالم لے کر اس میں ایک طرف سے سوراخ کریں اور تال مکھانہ دو تولہ، افیون تین ماشہ پیس کر اس میں ڈال دیں اور دودھ برگد سے پُر کریں، اس کے بعد اُتارا ہوا ٹکڑا اوپر رکھ دیں اور اس پر کپڑے کی دھجیاں لپیٹ کر غلہ گندم کے انبار میں دفن کریں، چالیس روز کے بعد نکال کر اچھی طرح پیس کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا لیں، ہر روز ایک گولی دودھ گائے کے ساتھ کھائیں، ایک ہفتہ کے استعمال سے فائدہ بدرجہا کمال

ہوگا، ہم بستری سے دو گھنٹہ پہلے ایک گولی دودھ گائے کے ساتھ کھلائیں۔

### تخم ریحان سے لطف دوبالا:

دیگر: عقرقرحا تین ماشہ، تخم ریحان دو تولہ، قند سفید اڑھائی تولہ، تینوں کو کوٹ کر پانی سے تین ماشہ کے برابر گولیاں بنائیں، دو گھنٹہ پہلے آدھ سیر دودھ گائے سے استعمال کریں۔

### حبِ نشاط:

کشتہ چاندی ساڑھے چار ماشہ، جاوتری، زعفران، ریگ ماہی ہر ایک ڈیڑھ تولہ جائفل، سمندر سوکھ ہر ایک 9 ماشہ، زہر مہرہ سوا ماشہ، مشک ڈیڑھ ماشہ سب دواؤں کو پیس کر رس پان میں جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔ ایک گولی ایک پاؤ دودھ کے ہمراہ شام کے وقت استعمال کریں۔ مقوی ہے۔

### حب کستوری

زعفران، جائفل، مشک خالص سب ہموزن باریک باریک پیس کر اور شہد خالص میں گوندھ کر چنے سے ذرا کم گولیاں بنالیں، دو گھنٹہ پہلے ایک گولی ہمراہ دودھ نیم گرم استعمال کریں، اُوپر سے پان کا بیڑہ کھالیں، مفید ہے۔



باب۔106

# جنسی بیماریاں اور اُن کا علاج

## معجون تقویت باہ

معجون تقویت باہ اس میں قوت نعوظ اس قدر ہے کہ بعض مزاجوں میں حاجت سرد کرنے کی پڑتی ہے۔ زردی بیضہ مرغ 20 عدد۔ شہد خالص 120 درم۔ عاقرقرحا۔ قرنفل دارچینی۔ زنجبیل۔ خولنجان ہر ایک ایک اوقیہ جملہ دواؤں کو باریک کر کے بدستور معجون بنائیں خوراک 3 درم صبح اور شام ہمراہ شیر گاؤ ایک پاؤ کے لیکن یہ نسخہ مرطوب مزاجوں میں استعمال کرنا چاہیے۔ بہت جلد اثر کرتا ہے۔

### مقوی دماغ کا نسخہ:

شقاقل 6 ماشہ، الائچی 6 ماشہ، فلفل دراز 6 ماشہ، خولنجاں 6 ماشہ، دارچینی 6 ماشہ، سونٹھ 6 ماشہ، جاوتری 6 ماشہ، بہمنین ہر دو ایک تولہ، تودریان ہر دو ایک تولہ، مغز خربوزہ ایک تولہ، مغز پستہ ایک تولہ، تخم پیاز 6 ماشہ، تخم شلغم 6 ماشہ، تخم مولی 6 ماشہ، تمام اشیاء کو کوٹ کر باریک کریں روغن بادام سے چرب کر کے دو چند شہد خالص ڈال کر آمیز کریں اور مرتبان میں ڈال کر منہ بند کر کے پندرہ دن کے بعد نکال کر استعمال کریں، اس کے استعمال سے بھوک خوب لگتی ہے رنگت کو سُرخ کرتی ہے خون اور طاقت کو بڑھاتی ہے، مقوی دماغ ہے گردوں کو طاقت دیتی ہے درد کمر اور کمزوری کو رفع کرتی ہے۔

## بوڑھے بھی جوان

ادرک کا پانی آدھ سیر۔ پیاز کا پانی آدھ سیر۔ گاجر کا پانی آدھ سیر۔ زردی بیضہ مرغ 20 عدد۔ روغن پنبہ دانہ ایک پاؤ پختہ شہد 3 پاؤ پختہ سب کو پاتیلہ میں ڈال کر نرم آنچ پر

پکائیں جب غلیظ القوام ہو جائے تو چینی کے برتن میں ڈال کر نگاہ رکھیں حسب حاجت 10 تولہ سے 5 تولہ تک خوراک ہے۔ مایوس بوڑھوں کے لیے نہایت مفید اور مجرب ہے۔

## مقوی باہ تحفہ

چوزہ مرغ نر، خانگی، جس نے جفتی نہ کھائی ہو۔ اس کو اکیس روز تک مالکنگنی چار ماشہ یومیہ جو عرق برگ سبز بھنگرہ میں تین روز بھگو کر خشک کر لی گئی ہو، کھلائیں اس کے علاوہ چنے جو سفید پیاز کے پانی میں ایک روز بھگو کر خشک کر لیے گئے ہوں بقدر ضرورت 21 روز تک کھلاتے رہیں بعد 21 روز کے بند کر دیں۔ پھر پانچ روز تک غلہ گندم یا چنے کھلا کر مرغ کو ذبح کر کے اس کا گوشت گائے کے گھی میں باقاعدہ پکا کر روٹی کے ساتھ کھلائیں۔ گوشت میں تیل یا چربی نہ ڈالی جائے۔ ترشی اور گرم اشیاء سے پرہیز کریں۔ 21 روز تک ایک ایک مرغ روزانہ استعمال کریں۔ قوت باہ بہت زیادہ پیدا ہو گی اور تمام اعضائے رئیسہ اور شریفہ دل و دماغ میں نمایاں قوت پیدا ہو گی۔

## سفوف بیضہ مرغ کا کمال:

خراطین صاف کر کے خشک کیے ہوئے ایک تولہ، دارچینی 6 ماشہ، دانہ ہیل 3 ماشہ ثعلب مصری نبات تولہ تولہ باریک کر کے رکھیں اس میں سے ایک ماشہ سفوف بیضہ مرغ کی کچی زردی میں ڈال کر آگ پر پکائیں، جب قدرے بستگی ہونے لگے تو اس کو ٹھنڈا کر کے کھائیں اور ہر روز ایک بیضہ بڑھاتے جائیں۔ یہاں تک کہ سات بیضہ تک پہنچے، پھر ایک ایک گھٹاتے جائیں حتیٰ کہ ایک بیضہ پر آ جائیں، اس اثناء میں ترشی سے پرہیز کریں۔

## حب ماہی:

زعفران، دارچینی، جائفل، افیون، مشک، شنگرف، عقرقرحا، قرنفل ہر ایک ایک ماشہ، مروارید 2 ماشہ، روغن سم الفار 2 ماشہ سب کو باریک پیس کر باہم ملا کر شہد خالص مصفیٰ کی مدد سے ایک ایک رتی کی گولیاں بنائیں، خوراک ایک گولی ہمراہ روغن ماہی، ایک بوند کھانا کھانے کے بعد استعمال کریں۔



## بیضہ مرغ کی پہلی خوراک کا اثر:

پارہ مصفیٰ تولہ، گندھک آملہ سار تولہ، سم الفار سفید 3 ماشہ، قرنفل تولہ، مشک خالص 2 تولہ، کات سفید تولہ، ہر سہ اول اشیاء کو کھرل میں کجلی کر کے ہر سہ آخری ادویہ ملا کر چار پہر کھرل کریں۔ بعدہٗ زردی بیضہ مرغ ملا کر حب بقدر فلفل سیاہ بنا دیں خوراک ایک حب یا دو حب بوقت خواب ہمراہ شیر۔

## قوت باہ کے لیے مجرب گولیاں:

زعفران افیون ایک ایک تولہ اور چھوہارے دو عدد، دو تولے بوہڑ کے دودھ میں کھرل کر کے وقت سے پہلے دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ بہت مجرب ہے۔ گولی چنے کے برابر بنائیں، قوت باہ کے لیے صبح و شام دو گولیاں ہمراہ دودھ دیں، مجرب ہے۔

## قوت باہ کا بے نظیر نسخہ:

تخم حرمل ایک پاؤ، مالکنگنی ایک پاؤ، بھلانوہ ایک پاؤ، شیر مدار تین پاؤ میں ایک ہفتہ تر کر کے بطریق معروف روغن حاصل کریں، اب شنگرف حسب ضرورت لے کر ہمراہ روغن مذکور صبح تا شام کھرل کریں، رات کو دو پیالیوں میں بند کر کے برائے تشویہ گرم بھوبل میں دبا دیں، صبح بدستور کھرل کر کے وہی عمل تشویہ کریں۔ اسی طرح سات روز تک کھرل و تشویہ کا عمل ختم کر کے رکھیں۔ خوراک ایک رتی ہمراہ مسکہ، ملائی و حلوہ، دوران استعمال دودھ گھی کا استعمال کثرت سے کریں۔

## قوت باہ کا عمدہ نسخہ:

زرد پتے برگد دس سیر لے کر چوبیس گھنٹے تک ایک دیگچہ میں پانی میں تر رکھیں صبح کو آگ پر جوش دے کر پتے پھینک دیں اور اس جوشاندہ کو بیری کی لکڑی کی آگ دھیمی دھیمی دیتے رہیں تاکہ مواد پختہ ہو جائے، پھر اڑھائی تولہ سلاجیت اصلی شامل کر کے اس کو خوب حل کریں پھر ایک گھنٹہ کے بعد نخود کے برابر گولیاں بنا لیں۔

خوراک ایک گولی صبح ایک دوپہر اور ایک شام کو پانی یا دودھ سے استعمال کرائیں قوت باہ کے لیے ایسا آسان اور عمدہ نسخہ آپ کو کہیں نہیں ملے گا۔

## تقویت باہ کے لیے بہترین دوا:

بیخ اسگندھ ناگوری 10 تولہ، نشاستہ ایک تولہ، مغز بادام 3 عدد، مرچ سیاہ ایک تولہ چنیا گوند 3 تولہ، نبات سفید، ہموزن آدھ سیر گھی میں تمام ادویات کا سفوف بھون کر نبات سفید ملائیں۔ مقدار خوراک 5 سے 7 ماشے تک ہمراہ شیر گاؤ۔ مسمن بدن ہونے کے ساتھ ساتھ تقویت باہ کے لیے بہترین دوا ہے۔

## سرعت انزال کے لیے مجرب دوا:

اسپند سوختہ، نصف بریاں اور نصف خام، پوست خشخاش، کنجد سیاہ ہر ایک ایک تولہ، قند سیاہ 4 تولہ ملا کر گولیاں جنگلی بیر کے برابر تیار کریں۔ گیارہ روز استعمال کریں عجب چیز ہے۔ سرعت انزال کے لیے اکسیر مجرب ہے۔

## سات روز میں نامرد مرد کامل:

قرنفل 2 تولہ، شیر مدار میں سات روز تر رکھیں پھر سات روز کے پھل دھتورہ میں بند کر کے آرد گندم میں گل حکمت کر کے آگ میں سوختہ کریں بعد سرخ ہونے کے نکال کر نصف قرنفل سردیوں میں استعمال کریں، سات روز میں نامرد مرد کامل ہو جائے گا۔

## ہمبستری کے لیے ناقابل برداشت نسخہ:

عنب الثعلب، تخم اوٹنگن، موچرس، سلاراس ہر ایک ایک تولہ، لونگ 4 ماشہ، جلوتری 5 ماشہ، جائفل 3 ماشہ، اکسیر ایک ماشہ سب ادویات کو کوٹ چھان کر شہد ملا کر گولیاں بقدر دانہ ماش بنالیں، صبح ناشتہ کے بعد 2 گولیاں ہمراہ دودھ گاؤ تازہ کھائیں، پرہیز ترش و بادی اشیاء سے پرہیز کریں۔ آزمودہ نسخہ ہے۔



## قوت باہ کا مجرب چٹکلہ:

کیسر، مصطگی، سلاجیت، مروارید، قرنفل، بسباسہ، جوز بوا، بہمن سرخ، بہمن سفید، دار چینی، شقاقل، مصری، زنجبیل درونج، عقرقرحا، عود ہندی، ثعلب مصری، جدوار خطائی ہر ایک تولہ، مشک ایک ماشہ، روغن پستہ بقدر 9 ماشہ، ورق طلا 5 عدد، دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنائیں۔ ایک ایک گولی صبح و شام دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ قوت باہ اور اعضائے رئیسہ کو مفید ہے، کئی بار کی مجرب ہے۔

## قوت باہ کے لیے مفید نسخہ:

معجون اعضائے رئیسہ کی تقویت اور قوت باہ کے لیے نہایت مفید نسخہ ہے۔ ثعلب مصری۔ شقاقل۔ تج۔ جائفل۔ خولنجان۔ دار چینی۔ عاقر قرحا۔ زنجبیل بے ریشہ۔ موصلی سیاہ ہر ایک نیم دام۔ مغز نارجیل۔ مغز بادام۔ مغز چلغوزہ۔ مغز پستہ ہر ایک نیم پاؤ مصری سہ چند پہلے پانچ سیر شیر گاؤ کا کھویہ پکا کر مصری بقدر حاجت ملا کر آمیز کریں پھر مغزیات باریک کر کے ملائیں پھر سب دوائیں ملا کر خوب کفچہ سے آمیز کریں صبح ناشتا دو دام کھایا کریں۔

## برقی گولیاں:

سٹرکنیا (جوہر کچلہ) دو رتی، سم الفار پانچ رتی، مصطگی رومی ایک تولہ، تالمکھانہ ایک تولہ جملہ ادویات اچھی طرح باریک مثل غبار کے باریک کر کے پچاس عدد گولیاں تیار کریں۔ ایک ایک گولی صبح و شام دودھ نیم گرم سے کھلائیں، غذا مرغن دیں۔

## قوت باہ کے لیے مفید نسخہ

دال ماش رات کو بھگو کر صبح کو چھلکا دور کر کے پیس کر حسبِ ضرورت میں بھون کر اور پاؤ بھر دودھ ڈال کر کھیر بنالیں اور حسبِ ضرورت کھانڈ ملا کر اور ذیل کا سفوف بقدر 1½ تولہ اس پر چھڑک لیں۔

طباشیر، ثعلب مصری، تالمکھانہ، چھلکا اسبغول دو تولہ، کشتہ قلعی ایک ماشہ یہ وزن

6 دن کا ہے، اس حساب سے چالیس یوم کا سفوف تیار کریں، دوپہر کا کھانا بلا ضرورت نہ کھائیں یہی کافی ہے، جماع سے پرہیز ضروری ہے۔

## قوت باہ کے لیے نہایت مجرب حلوا

حلوائے بیضہ مرغ جو قوت باہ کے لیے نہایت مجرب ہے۔ منہ میں خوشبو پیدا کرتا ہے۔ زردی بیضہ مرغ ایک سو عدد، آرد برنج 5 سیر، روغن گاؤ 5 سیر، مصری سفید 5 سیر پہلے زردی اور برنج کے آٹے کو کڑاہی میں ڈال کر ملائیں پھر گھی ڈال کر بھونیں پھر مصری داخل کر کے حلوا پکائیں جب حلوا پک جائے تو مفصلہ ذیل دواؤں کو پیس کر ڈالیں مغز بادام ایک پاؤ۔ موچرس۔ کباب چینی۔ دار چینی۔ جائفل۔ جلوتری۔ تخم کونچ۔ تخم پیاز۔ ثعلب مصری۔ شقاقل۔ تودری زرد۔ تودری سفید ہر ایک 10 تولہ۔ خوراک 10 تولہ صبح و شام کھایا کریں۔

## شہوت زائیلہ کا عود کر آنا

مصطگی رومی۔ قرنفل۔ آک کا دودھ۔ ریگ ماہی۔ عاقر قرحا۔ جائفل ہر ایک 5 درم۔ روغن گاؤ 4 دام پہلے دواؤں کو باریک کر کے کڑچھی میں ڈال لیں اور ایک دام روغن زرد ڈال کر نیم کی لکڑی سے سارا دن رگڑتے رہیں پھر چھ دن تک فی یوم نیم دام روغن ڈال کر رگڑا کریں ساتویں دن استعمال کے لائق ہوگا۔ اس دوا کو اکیس روز تک استعمال کرنے سے شہوت زائیلہ عود کرتی ہے اور بالکل بیکار شدہ بھی ازالہ بکارت پر قادر ہو سکتا ہے۔

## ممسک بغیر دوا

اندرائن یعنی تمتہ کا تازہ پھل دو پھانک کر کے پاؤں کے تلوؤں میں اس قدر ملیں کہ منہ میں کڑواہٹ کا اثر معلوم ہو جائے تو مشغول ہوں بیحد ممسک ہے۔

## ایک اور ممسک بغیر دوا

تخم جوز ماثل کا تیل یعنی کالے دھتورے کا تیل، تلوؤں ہتھیلیوں اور پیڑو پر اس قدر ملیں کہ جذب ہو جائے۔ بعد مشغول ہوں بہت ممسک ہے۔



## مردانہ کمزوری کے لاجواب نسخے

**شنگرف سفید:**

شنگرف رومی شدہ 10 گرام، لہسن تازہ جو تقریباً پختگی پر ہو، اس کا پانی 100 گرام ملا کر کھرل کریں۔ جب پانی بالکل خشک ہو جائے تو ٹکیہ بنا کر سوت کچا 50 گرام اس کے گرد لپیٹ دیں۔ اب ہوا سے بچا کر کسی محفوظ جگہ اس پر سلگتا ہوا کوئلہ رکھیں۔ جب سرد ہو جائے تو نکال لیں، سفید رنگ کا کشتہ ہوگا۔ اسے پیس لیں، آدھا چاول بھر مکھن کے ہمراہ دن میں ایک بار کھلائیں۔

**بے نظیر گولیوں کا تحفہ:**

کچلہ 100 گرام کو دودھ میں 24 گھنٹہ بھگو رکھیں۔ دوسرے دن یہ دودھ پھینک دیں اور دوسرا دودھ ڈال کر پھر اس کچلہ کو 24 گھنٹہ بھگو دیں۔ یہ عمل 14 یوم دہرائیں۔ پھر کچلہ کا چھلکا اور پتہ نکال دیں۔ اب کستوری 4 رتی، کیسر 21 گرام، تج 3 گرام، موصلی سفید 12 گرام، بیج بند 3 گرام، درخت سنبل کی جڑ 12 گرام، موچرس 12 گرام، تخم ریحان 12 گرام، تال مکھانہ 12 گرام، ثعلب مصری 12 گرام ان سب ادویات کو باریک پیس کر کچلہ شامل کر کے خوب کھرل کریں اور ہمراہ شہد نخودی تیار کر لیں۔ آدھی گولی روزانہ ہمراہ مکھن یا بالائی دیں۔ اگر آدھی گولی سے فائدہ نہ تو ایک گولی کھلائیں۔ دودھ اور گھی خوب کھلائیں۔ یہ دوا موسم سرما میں 14 دن کھلانا کافی ہے۔

**حب موچرس:**

موچرس حسب ضرورت کو دودھ برگد ہموزن میں آٹھ دن کھرل کریں اور پھر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا لیں۔ ایک گولی ہمراہ دودھ روزانہ کھلائیں۔

**کستوری خالص سے تیار گولیاں:**

شقاقل مصری 24 گرام، جند بیدستر اصلی، سلاجیت کیسر، دار چینی، لونگ ہر ایک

تین گرام، کشتہ فولاد خالص، کستوری خالص ہر ایک ڈیڑھ گرام، ورق چاندی، ورق سونا ہر ایک ایک گرام جملہ ادویات باریک کر کے عرق بید مشک بقدر حاجت کھرل کر کے نخود کے برابر گولیاں بنائیں۔ ایک گولی صبح اور گولی شام ہمراہ دودھ نیم گرم دیں۔

## مردانہ کمزوری کے لیے جنرل ٹانک:

تراشہ گندر چار کلو، شیر گاؤ چار کلو۔ تراشہ گندر کو دودھ میں اس قدر پکائیں کہ وہ بالکل گداز ہو کر کھویہ کی طرح بن جائے۔ پھر روغن زرد خالص میں اس قدر بریاں کریں کہ دودھ اور گاجروں کی مائیت جذب ہو جائے۔ پھر اس میں حسب ذیل اجزاء ملا کر محفوظ رکھیں۔

مغز بادام، مغز پستہ، مغز فندق، مغز چلغوزہ ہر ایک 50 گرام ڈال کر کھانڈ حسب ذائقہ ملا کر ورق چاندی 120 عدد، مشک خالص 3 گرام ملا دیں۔ خوراک 20 گرام سے 25 گرام تک۔ موسم سرما کا جنرل ٹانک اور مردانہ کمزوری کے لیے از حد مفید ہے۔

## کمزوری کے لیے مفید معجون:

مغز بادام شیریں، مغز پستہ، مغز فندق، مغز چلغوزہ، مغز اخروٹ، مغز نارجیل، کنجد سیاہ، تراشہ خرما ہر ایک 25 گرام، دارچینی، خولنجان شیریں، شقاقل مصری، بہمن لال، بہمن سفید، ثعلب مصری، سونٹھ، جاوتری، تودری سرخ، تودری سفید، موصلی سفید، موصلی سیاہ ہر ایک 10 گرام، زعفران (کیسر) خالص 6 گرام، مشک خالص ایک گرام، ورق چاندی 3 گرام، ورق سونا 3 گرام، شہد خالص دو چند معجون بنالیں۔ خوراک 6 گرام سے 9 گرام تک ہمراہ دودھ دیں۔ کمزوری کے لیے از حد مفید ہے۔

## کمزوری کو رفع کرنے میں مفید گولیاں:

زردی بیضہ مرغ اُبالی ہوئی بریاں کردہ 40 عدد، زنجبیل 3 تولہ، فلفل دراز 3 تولہ، قرنفل 3 تولہ، جاوتری 3 تولہ، زعفران اعلیٰ قسم ایک تولہ، خولنجان 3 تولہ، آب پیاز 10 تولہ، آب ادرک 10 تولہ باریک پیس کر شہد سہ چند ملا کر معروف طریق سے معجون بنائیں۔



علی الصبح ایک تولہ ہمراہ شیر گاؤ۔ یہ گولیاں جسم کو تقویت پہنچانے میں بڑی مفید ہیں۔ خاص طور پر امراض مزمنہ کے بعد کمزوری کو رفع کرنے میں مفید موثر ہیں۔

## حب فولادی:

کشتہ فولاد ایک حصہ، ہرڑ سیاہ بریاں 4 حصے۔ بدستور معروف گولیاں بقدر نخود بنالیں۔ خوراک ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ دودھ دیں۔

## کمزوری دور کرنے کا گھریلو علاج:

مغز بادام 8 عدد، مغز بنولہ کا سفوف 9 ماشہ، آردسنگھاڑہ 9 ماشہ، خشخاش 9 ماشہ ان سب کو باریک کر کے دودھ میں پکا کر حریرہ بنا کر کھلائیں۔ اس سے کمزوری دور ہوتی ہے نیز یہ ایک آسان اور گھریلو علاج بھی ہے۔

0 سلاجیت دورتی۔ گائے کے نیم گرم دودھ سے شام کو استعمال کریں۔ موسم سرما میں یہ بہت ہی مفید ہے۔

## زعفرانی تحفہ:

زعفران (کیسر) 10 گرام، کبابہ 10 گرام، دارچینی 10 گرام، عقرقرحا 10 گرام، ریگ ماہی 10 گرام، جڑپان 10 گرام تمام دواؤں کو پیس کر ان میں منقیٰ صاف ملا کر کھرل کر کے گولیاں بقدر نخود بنائیں۔ دو گولی صبح اور شام ہمراہ دودھ کھلائیں۔

تل سیاہ 50 گرام، دارچینی اصلی 50 گرام، شہد سے گولی بقدر 6 گرام باندھیں، حسب ضرورت استعمال کریں۔

## حب کیسر

سفوف بہوپھلی 3 گرام ہمراہ دودھ صبح و شام کھانا، آٹھ دن میں کمزوری دور کرتا ہے۔

## اکسیر شقاقل

زوفا خشک 50 گرام، زعفران (کیسر) 10 گرام، ثعلب دانہ بڑا 25 گرام، عقرقرحا خالص 13 گرام، دارچینی 9 گرام، عرق بید مشک میں رگڑ کر چار رتی کی گولیاں بنا لیں۔ حسب ضرورت عرق انگور 100 گرام سے استعمال کرائیں۔

## زود اثر ادویہ کا سفوف:

سنگھاڑہ، آسگندھ ناگوری، خولنجان، ثعلب مصری، شقاقل مصری ہر ایک چھ گرام، مازو سبز، دانہ الائچی کلاں، مصطگی ہر ایک 4 گرام ان سب ادویہ کا سفوف تیار کرنے کے بعد اس کے مساوی وزن چینی سفید باریک پیس کر شامل کریں۔ چھ گرام دودھ گائے کے ساتھ کھلائیں۔

## تخم لاجونتی سے تیار نسخہ:

تال مکھانہ صاف 50 گرام لے کر دودھ میں ڈال کر خشک کر لیں۔ اب اس میں موچرس 50 گرام، تخم لاجونتی 50 گرام، ثعلب پنجہ، نک چھکنی، تخم شلغم، تخم گاجر ہر ایک دس گرام شامل کریں۔

خوراک 9 گرام سے 12 گرام دودھ کے ساتھ حسب ضرورت لیں۔ اس نسخہ میں خوبی یہ ہے کہ اس میں افیون وغیرہ کوئی نشئی دوا نہیں ہے۔

## مردانہ کمزوری کے لیے مفید سفوف:

کچلہ شدھ 24 گرام، گاؤزبان کے پتے 18 گرام، اسطوخودوس، کتیرا، ناریل (کھوپرا) گری، چلغوزہ ہر ایک دس گرام، دانہ الائچی خورد، زرنباد، شقاقل مصری، صندل سفید، آملہ، منقی، ہرڑ کالی ہر ایک 9 گرام، عود ہندی، لونگ ہر ایک ساڑھے چار گرام سفوف بنا کر سہ چند شہد کے قوام میں ملا کر معجون بنائیں۔ ایک سے دو گرام کھانا کھانے کے بعد دیں۔ مردانہ کمزوری، منہ ٹیڑھا ہو جانے اور ٹانگ مارے جانے کے لیے مفید ہے۔



## زود اثر مرکبات سے کمزوری کا علاج:

1- حب عنبر مومیائی ایک گولی دودھ کے ساتھ سوتے وقت لیں۔
2- لبوب اعظم 5 گرام دودھ کے ساتھ سوتے وقت لیں۔
3- لبوب کبیر 5 گرام دودھ کے ساتھ سوتے وقت لیں۔
4- معجون آرد خرما 10 گرام دودھ کے ساتھ سوتے وقت لیں۔
5- معجون ثعلب 10 گرام دودھ کے ساتھ سوتے وقت لیں۔
6- حلوائے گزر مغز سر کنجشک والا 25 گرام دودھ کے ساتھ صبح لیں۔
7- حلوائے بیضہ مرغ 25 گرام دودھ کے ساتھ صبح لیں۔
8- تل سفید یا مغز بادام مقشر، شکر سفید کے ہمراہ کھانا فائدہ دیتا ہے۔ مقدار خوراک دس گرام۔
9- موصلی سفید اور کھانڈ ملا کر بقدر 6 گرام ہمراہ دودھ دیں۔
10- کل مغزیات، دودھ، گھی، بالائی، ربڑی مقوی ہیں۔
11- مغز بنولہ 20 گرام کو دودھ میں پیس کر بطور حریرہ پکا کر کھانا مفید ہے۔
12- گوند چھوہارا دس گرام دودھ میں اُبال کر کھانڈ ملا کر نیم گرم پیا کریں۔
13- چھوہارے سات عدد کی گٹھلی نکال کر مغز بنولہ سے پُر کر کے دودھ میں جوش دیں۔ چھوہارے مع مغز کھا لیں اور دودھ میں میٹھا ملا کر پی لیں۔ اسی طرح پانچ سات چھوہارے حسب برداشت ہر روز کھائیں۔
14- جڑ پان کو باریک پیس کر شہد میں ملائیں اور بقدر چھ چھ گرام صبح اور شام چٹانا مفید ہے۔ ستاور کا سفوف بنا کر ہم وزن کھانڈ ملائیں۔ بقدر چھ گرام ہر روز دودھ کے ساتھ کھانا تقویت بخشتا ہے۔
15- چنے 12 گرام رات کو دودھ میں بھگوئیں۔ صبح چنے کھا کر اوپر سے دودھ پئیں۔
16- ادرک کو باریک کتر کر گھی میں بھنیں اور گڑ ملا کر کھلائیں۔

**معجون کاشباب آور نسخہ:**

لہسن 180 گرام چھیل کر ایک کلو دودھ میں پکائیں، حتیٰ کہ دودھ کا کھویا ہو جائے، پھر خالص گھی ڈال کر بھونیں، تا کہ سرخ ہو جائے۔ پھر شہد ایک کلو ملا کر معجون بنا لیں اور 12 گرام روز کھایا کریں۔

## جنسی کمزوری کے شرطیہ نسخے

**حب مشکی:**

کستوری خالص ایک رتی، جند بیدستر ایک رتی، کیسر دو رتی، شہد دو گرام پیس کر دو گولیاں بنائیں اور ورق نقرہ میں لپیٹ کر ایک گولی صبح و ایک شام دیں۔ شادی سے پہلے، بعد کی کمزوری میں ازحد مفید ہے۔

**حب زنجفر:**

افیون، شنگرف شدہ، عاقرقرحا، جائفل، شہد ہم وزن ایک ایک رتی کی گولیاں بنائیں اور ایک گولی۔۔۔۔ ہمراہ دودھ نیم گرم سے استعمال کریں۔

موصلی سیاہ، ثعلب مصری، جڑپان ہر ایک ایک گرام سفوف بنائیں۔ خوراک ایک گرام دودھ نیم گرم دیں۔

**حب برگد:**

عنبر ایک گرام، موصلی سفید، ثعلب مصری، طباشیر ہر ایک چار گرام، چینی سفید برابر لے کر سفوف بنائیں۔ خوراک ایک گرام دودھ نیم گرم کے ساتھ دیں۔

**کمزوری کے لیے مخصوص گولیاں:**

مشک خالص، جاوتری، خولنجان، درونج عقربی، جند بیدستر ہموزن سب کو کوٹ چھان کر شیر برگد یا شہد خالص میں حب بقدر دانہ مونگ بنالیں دو گولیاں صبح کھانا کھانے کے



بعد دودھ گائے ایک پاؤ لیں۔ دل اور پٹھوں کو متقوی کرتی ہیں۔ کمزوری کے لیے مخصوص ہیں۔

**مردانہ ٹکور:**

بیر بہوٹی 12 گرام، برادہ ہاتھی دانت، مالکنگنی، لونگ، دارچینی ہر ایک 15 گرام زاطین شدہ 12 گرام باریک کر کے کپڑے میں تین پوٹلیاں بنالیں، ذرا پانی سے نم کر کے توے پر رکھ کر گرم کر کے حشفہ وسیون چھوڑ کر عضو پر سینک کریں۔ سستی، سرد، استرخائے عضو کو دور کرنے میں مفید ہے۔ کمزوری دور کرتی ہے۔ مقوی اعصاب ہے۔

## طلائے شباب آور کے مجرب نسخہ جات

**مقوی اور ممسک طلا:**

نہایت مقوی اور ممسک بلکہ ملذذ اعلیٰ درجہ کا ہے، سفیدی بیتخال کبوتر صحرائی 3 ماشہ زنفل 5 عدد، افیون خالص 2 ماشہ، شہد خالص ایک تولہ، عقرقرحا ایک ماشہ، نمک سنگ ایک ماشہ، سہاگہ 4 سرخ، مشک خالص 2 سرخ، دارچینی ایک ماشہ، کبابہ ایک ماشہ، وج ترکی ایک ماشہ، بیر بہوٹی 2 ماشہ، عطر گلاب 3 ماشہ تمام ادویات کو حل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں، بوقت ضرورت 20 منٹ پہلے طلا کریں۔

مجلوق کے تمام عوارض کے لیے ایک خاص شے ہے اور لطف یہ کہ بالکل آسان اور زوداثر ہے۔

**زوداثر عجیب طلا:**

کلاہ قرنفل 6 ماشہ، شنگرف رومی 6 ماشہ، عقرقرحا 6 ماشہ، مغز جمالگوٹہ 1 تا 3 دانے موم 2 تولہ سب دوائیں باریک پیس کر موم ملائیں اور تقریباً دو اڑھائی گھنٹہ تک خوب زور دار ہاتھوں سے کھرل کریں تا کہ بالکل یکذات ہو کر نرم ہو جائے بس طلا عجیب تیار ہو گیا، بوقت ضرورت تین رتی کے قریب حشفہ وسیون بچا کر خوب مالش کریں، تا کہ جذب ہو جائے پھر پان کا یا ارنڈ کا پتہ باندھیں جب تیسرے چوتھے روز دانے نکل آئیں طلاء کا

استعمال چھوڑ کر روغن چنبیلی یا گھی سے دن میں دو بار چپڑ دیں، دانے درست ہونے کے بعد پھر طلا کا استعمال شروع کرائیں۔ رات کو طلا کر باندھ دیا کریں اور صبح کو کھول دیں، سرد پانی سے دھونے اور جماع کا پرہیز ہے۔

## شباب لانے کا طلاء:

خون کبوتر صحرائی 2 تولہ، کینچوا 6 ماشہ، مغز حب الملوک 3 عدد، بیر بہوٹی 12 عدد ادویہ باریک کھرل کر کے خون کبوتر میں ملائیں اور حشفہ وسیون چھوڑ کر طلا کریں اور پان کا پتہ باندھیں، دو گھنٹہ رکھ کر گرم پانی سے دھو ڈالیں۔

## لاغری دور کر کے قضیب کو بڑھانے کا طلاء:

بیر بوٹی کا تیل ایک تولہ، خراطین (کینچوے) کا تیل ایک تولہ، سیاہ سانپ کا تیل ایک تولہ، گوہ (سوسمار) کی چربی 6 ماشہ، سؤر کی چربی 6 ماشہ، لونگ گلداء 5 عدد، جائفل ایک عدد، دار چینی 3 ماشہ، عقر قرحا 3 ماشہ، زعفران ایک ماشہ، افیم ایک ماشہ، پیسنے والی چیزوں کو پیس کر سب کو ملا کر خوب کھرل کر کے یکذات کر لیں اور بوقت ضرورت تھوڑا سا طلاء حشفہ و سیون بچا کر مالش کریں، عضو کا ٹیڑھا پن، کجی، لاغری دور کر کے ایک خاص طاقت پہنچاتا ہے نیز قضیب کو بڑھاتا ہے، امساک اور لذت پیدا کرتا ہے۔ عجیب طلا ہے۔ اس سے آبلہ وغیرہ نہیں پڑتا۔ دوران استعمال طلا قضیب کو سرد پانی سے بچائیں۔

## نامردی دور کرنے کا طلاء:

جلق، نامردی، وجع المفاصل، درد اعصاب وغیرہ کے لیے نافع ہے سم الفار 6 ماشہ، شنگرف رومی ایک تولہ، زردی بیضہ مرغ ایک عدد، برگ مغیلاں $1\frac{1}{2}$ سیر، پختہ تمام اشیاء کو کونڈی ڈنڈا سے یک جان کر کے گولیاں دراز بنائیں اور بذریعہ پاتال جنتر روغن کشید کریں۔

نامردی کے واسطے روٹی گندم میں گھی ڈال کر چرب کریں اور اس پر ایک یا دو قطرہ روغن ہذا ڈال کر تناول کریں، اسی طرح ایک ہفتہ تک پھر ہفتہ کا وقفہ دے کر ایک ہفتہ



استعمال کریں، خدا چاہے، بہت جلد شفا ہوگی۔

پرہیز، ترش و بادی چیز سے اور نیز تیل میں پکی ہوئی اشیاء سے۔

## مشک خالص سے قضیب کی مالش:

ایک ڈلی سم الفار سفید کی 2 تولہ، سات روز شیر آک میں تر رکھیں، بعد سات یوم کے پانی سے صاف کر کے اس ڈلی کو 5 تولہ مکھن میں کھرل کریں، تین یوم تک اچھی طرح بعد میں ایک پیک میں روئی ڈال کر اوپر اس کے مکھن ڈال دیں اور تیز دھوپ میں رکھیں، سم الفار اوپر پیک میں رہ جائے گا۔ خالص مکھن نیچے چلا جائے گا، بحساب فی تولہ 2 رتی زعفران مشک خالص 2 رتی اور ایک ماشہ بیر بہوٹی ملا کر ایک روز برابر کھرل کریں، حشفہ کو چھوڑ کر اوپر کے حصہ پر آہستگی سے مالش کریں عرصہ 7 یوم کے بعد پھنسیاں نکل آئیں گی، پھر اس کو ترک کر دیں بعد میں گھی میں پیاز جلا کر لگائیں، 15 یوم کے بعد پھر یہ عمل کریں، یہ عمل کرنے کے لیے نہایت تیز سردی کی ضرورت ہے، گرمی میں اس کا استعمال مضر ہے۔

## ٹیڑھا پن دور کرنے کا نسخہ:

شنگرف، ہڑتال ورقیہ، بیر بہوٹی، زعفران ہر ایک 9 ماشہ، سم الفار سفید 3 ماشہ، مغز جمالگوٹہ ہر ایک 7 ماشہ، روغن زرد، موم سفید، چربی بکرا، روغن چنبیلی ہر ایک 5 تولہ۔ کوفتنی ادویات کو مثل غبار باریک کریں اور تر ادویات شامل کر کے 72 گھنٹہ تک کھرل کریں اور محفوظ رکھیں۔ آلہ تناسل (عضوِ مخصوص) کو بالوں سے صاف کر لیں پھر رات کو سوتے وقت کسی کھردرے کپڑے سے آلہ تناسل کو مالش کریں، جب آلہ تناسل منتشر (پھیل) ہو جائے تب طلاء مذکور میں سے ایک ماشہ لے کر حشفہ (سپاری) اور سیون چھوڑ کر مالش کریں، بعدۂ پان کا پتا رکھ کر پٹی باندھ دیں اسی طرح سات روز عمل کریں۔

یہ طلاء صرف رات کو ایک ہی بار لگانا چاہیے۔ کجی (ٹیڑھا پن) کو دور کرنے کے لیے بہت ہی مفید ہے۔ علاوہ اس کے آلہ تناسل کی رگوں سے غلیظ مواد کو خارج کرتا ہے اور دوران خون کو تیز کرتا ہے نیز آلہ تناسل کو طبعی طوالت تک پہنچا دیتا ہے۔

طلاء نامردی کجی دور:

طلا نامردی جاوتری 3 ماشہ، زعفران 3 ماشہ، لونگ 3 ماشہ، بیر بہوٹی 3 ماشہ، مغز تخم جمالگوٹہ ایک ماشہ، مغز تخم ارنڈ 3 ماشہ، گائے کا گھی ایک تولہ میں حل کریں، عرصہ 3 یوم متواتر کھرل کریں، جب خوب کھرل ہو جائے تو شیشی میں نگاہ رکھیں، بقدر رتی حشفہ چھوڑ کر اوپر کی جلد پر لگا دیں، آہستگی سے لگائیں زور سے ملنے کی ضرورت نہیں ہے، عرصہ چار یوم تک متواتر لگائیں، اوپر پان باندھ لیں، اوپر پان کے دھاگہ باندھیں۔ اس سے باریک باریک ثبور نکلیں گی، بعد میں گھی میں پیاز جلا کر لگائیں۔ یا دیسلین لگائیں کجی سب دور ہو جاتی ہے،

مجرب ہے۔

بے حد مفید طلاء:

گندھک آملہ سار 10 تولہ، تخم ڈھاک 20 تولہ، زرنیخ طبقی 2 تولہ، گھونگچی سفید مقشر 10 تولہ، گھونگچی سیاہ مقشر 10 تولہ، سم الفار سفید تولہ، سم الفار زرد تولہ، سم الفار سیاہ تولہ، شنگرف رومی 2 تولہ، مال کنگنی آدھ سیر پختہ، جوز مائل سیاہ 10 تولہ، پوست بیخ کنیر سبز 10 تولہ، کنجد سفید 10 تولہ پیس کر بذریعہ پتال جنتر تیل کشید کریں، حشفہ و زیریں حصہ چھوڑ کر برگ پان نیم گرم باندھیں۔

طلاء عروسک:

روسک 6 ماشہ، عقرقرحا 6 ماشہ، بیخ کنیر سفید 6 ماشہ، رتک سفید 3 ماشہ، شنگرف 2 ماشہ، قرنفل 2 ماشہ، میٹھا تیلیہ 2 ماشہ، جوز بوا 2 ماشہ تمام ادویات کو باریک کر کے ہمراہ زہرہ ماہی رہو دو پاس کھرل کریں، جب خشک ہو جائے روغن کنجد اس میں ڈال کر دو پاس کھرل کریں، بعدہٗ بقدر 3 رتی مادوں حشفہ طلا کریں اور برگ پان باندھیں۔

اعلیٰ درجہ کا طلاء:

مغز پستہ 5 تولہ، مغز حب الملوک 2 ماشہ ہر دو کو کوٹ کر کپڑے میں پوٹلی باندھ کر گرم طباق پر رکھیں اور دبا دے کر روغن نکالیں اور چھ ماہ تک کسی گندم والی کوٹھڑی میں دفع



رکھیں، بعد ازاں سردیوں بچا کر طلا کریں، صبح گرم پانی سے دھو ڈالیں، اعلیٰ درجہ کا طلا ہے۔

مجلوق کے لیے مفید طلاء:

شیر مدار ایک تولہ، روغن زرد ایک تولہ میں ملا کر آتش پر رکھیں، جب شیر جل جائے اور روغن باقی رہے کھرل میں ڈال کر سم الفار $\frac{1}{2}$ ماشہ، میٹھا تیلیہ $\frac{1}{2}$ ماشہ، بیر بہوٹی $\frac{1}{2}$ ماشہ، خراطین خشک $\frac{1}{2}$ ماشہ، مغز گھونگچی سفید ایک ماشہ، جند بید ستر ایک ماشہ ملا کر خوب کھرل کریں اور کسی چینی کے برتن میں محفوظ رکھیں اور قدرے نیم گرم کر کے طلاء کریں اوپر پان کا پتہ باندھیں، مجلوق کے لیے بہت مفید ہے۔

قدرت کا کرشمہ:

روغن کنجد، روغن دار چینی، روغن لونگ، روغن مال کنگنی، روغن بیضہ مرغ، روغن مونگ پھلی، روغن اخروٹ، چربی شیر، چربی ریچھ، چربی سانڈا، چربی بطخ، چربی بزر، چربی مینڈک ہر ایک چھ ماشہ، شنگرف، زعفران، جند بید ستر، عقرقرحا ہر ایک تین ماشہ، مشک خالص، عنبر اشہب ہر ایک ڈیڑھ ماشہ۔ کوفتنی ادویات کو باریک کر کے تر ادویات میں ایک ہفتہ متواتر کھرل کر کے ایک شیشی میں محفوظ رکھیں۔

حشفہ اور سیون چھوڑ کر بقدر ایک ماشہ مالش کریں۔ پٹی وغیرہ کچھ نہ باندھیں۔

نامرد کو مرد بنانے کا سنی من آئل:

1۔ سنی من آئل (یعنی روغن دار چینی) نامرد کو مرد بنانے میں از حد مفید ہے استرخا بڑھاپن سستی دور کر کے برانگیختی پیدا کرتا ہے مزید برآں یہ کہ وقت جماع بہت لطف و مزا پیدا کرتا ہے 2۔ یوکے لپٹس آئل 3۔ کروٹن آئل یعنی روغن جمال گوٹہ 4۔ آئل آف پیپر منٹ 5۔ لانگوار الیپاسٹک (یہ جسم پر چھالہ یعنی آبلہ ڈال دیتا ہے) 6۔ آئل شنگرف 3 تولہ زردی بیضہ مرغ 20 عدد، عقرقرحا ایک تولہ، خراطین 10 تولہ۔ تین روز متواتر کھرل کر کے بذریعہ پتال جنتر تیل نکالیں اور بطریق معروف استعمال کروائیں، کجی، لاغری اور کمزوری مجلوق کے لیے بہترین چیز ہے۔

## مجلوق کے لیے فائدہ مند طلاء:

کنیر کی جڑ 5 تولہ سفید و سرخ پھول والی، اشق مصبر یعنی ایلوا ز روانہ مدحرج تخم ترب (مولی) خردل (رائی) مقل ازرق (گوگل) نوشادر ٹھیکری والا، شب یمانی ہر ایک عرق برگ سوہانجنہ و سرکہ، افیون خالص $4\frac{1}{2}$ ماشہ، زعفران ایک ماشہ 4 رتی، مشک خالص 6 رتی، روغن یاسمین $1\frac{1}{2}$ تولہ اشیاء باریک پیس کر روغن میں ملا کر جوش دیں، طلاء تیار ہے۔ جو مریض مجلوق کو بہت فائدہ دیتا ہے۔

## آلہ تناسل میں مضبوطی پیدا کرنے کا طلاء:

جند بیدستر، زعفران، بیر بہوٹی، ریگ ماہی، ہڑتال سرخ، ہیرا ہینگ، خراطین مصفی، عقرقرحا ہر ایک چھ ماشہ، روغن دارچینی، روغن قرنفل، روغن مال کنگنی، روغن بیضہ مرغ، روغن کنجد، روغن چنبیلی ہر ایک 5 تولہ، چربی شیر، چربی ریچھ، چربی سانڈا، چربی بلخ، چربی مینڈک، چربی بکرا، چربی مرغ ہر ایک 2 تولہ۔

تمام کوفتنی ادویات کو باریک مثل غبار کریں اور تر ادویات ملا کر 72 گھنٹہ تک زور دار ہاتھوں سے کھرل کریں، تیار ہے۔ رات کو سوتے وقت آلہ تناسل پر بقدر ضرورت مالش کریں۔ اور پٹی وغیرہ کچھ نہ باندھیں، صبح کو صابن سے دھو دیا کریں۔ مقوی اعصاب اور محرک ہے۔ آلہ تناسل میں مضبوطی پیدا کرتا اور اس کی قوتوں کو دیر تک قائم رکھتا ہے۔ ڈھیلا پن کو دور کرتا ہے۔

## عضو کو فربہ کرنے کا آزمودہ تیل:

بہت نایاب اور کمیاب ہے۔ یہ عضو کو فربہ اور طویل کرتا ہے، پرانی سوختی لکڑی کو جب پھاڑو تو اس میں سے اکثر موٹے موٹے سفید کچھ سنہرے رنگ کے کیڑے چھوٹے بڑے نکلتے ہیں، ان کو جمع کرکے اگر زندہ رہیں تو بہتر ہے اور اگر مر جائیں تب بھی کوئی حرج نہیں، کم سے کم دس ہوں لو، اس میں لونگ اور بیر بہوٹی ایک تولہ کوٹ کر آتشی شیشی میں پاتال جنتر سے تیل نکال لیں، اس تیل میں حنا کا تیل اصلی 6 ماشہ ملا کر بطور طلاء استعمال



کریں، بے حد مجرب و آزمودہ ہے۔

## عضو کی سستی دور کرنے کا طلاء:

یہ طلاء ایک ہی ہفتہ میں عضو کی سستی دور کر دیتا ہے۔ اجزاء آک کا دودھ ایک تولہ، گائے کا خالص گھی ایک تولہ، شہد خالص ایک تولہ کسی چینی کے عمدہ کھرل میں تینوں ادویہ کو چار چار گھنٹے تک خوب زور دار ہاتھوں سے کھرل کریں بس طلائے شباب آور تیار ہے۔ رات کو سوتے وقت عضو کی پشت کو کسی کھردرے کپڑے سے خوب رگڑیں حتی کہ سرخ ہو جائے پھر یہ طلاء ایک ماشہ کی مقدار میں مالش کریں۔

## نسخہ برائے مجلوق و مجرب آزمودہ

12 عدد مغز جمالگوٹہ پتہ سے پاک کیا ہوا، شنگرف ایک تولہ، سم الفار 3 ماشہ، بیر بہوٹی 2 تولہ، مکھن گائے 6 تولہ، ادویہ بالا کو باریک کرکے مکھن ملا لیں، اس میں سے حشفہ چھوڑ کر طلا کریں، برگ پان اس پر لپیٹ لیں، پانی لگانے سے پرہیز کریں۔

اس طرح تین روز لگائیں تین روز کے بعد چھوڑ دیں، جب خشک ہو جائے جماع کیا کریں۔ آزمودہ نسخہ ہے۔

## مالش کرنے کا روغن

گندھک ایک تولہ، سیماب ایک تولہ، اول ان دونوں کو ڈیڑھ پاؤ شیر لیش میں کھرل کریں، بعد ازاں سم الفار سفید ایک تولہ، قرنفل ایک تولہ، جوز بوا ایک تولہ، شنگرف ایک تولہ، دارچینی، کلونجی ایک تولہ ملا کر 10 عدد، زردی بیضہ مرغ ڈال کر خوب کھرل کریں اور حسب بقدر نخود گولیاں تیار کرکے سایہ میں خشک کریں، گولیاں خشک ہونے پر بذریعہ پاتال جنتر روغن کشید کریں۔ ایک رتی بھر سر اور سیون بچا کر مالش کریں اور اوپر برگ پان باندھیں اور صبح نیم گرم پانی سے دھو ڈالیں۔

## مادہ تولید پیدا کرنے کے لیے خاص دوا

تالمکھانہ، بیج بند، تخم اونگن ہر ایک ایک تولہ، شقاقل مصری، موصلی سفید، موصلی سیاہ ہر ایک 2 تولہ، پھول مکھانہ آرد سنگھاڑہ ہر ایک چار تولہ، کمر کس چھ تولہ، کھانڈ سب کے برابر علیحدہ علیحدہ باریک کر کے یک جان کریں۔ خوراک 9 ماشہ ہمراہ دودھ گاؤ صبح وشام استعمال کریں۔

اس کے استعمال سے مادۂ تولید بکثرت پیدا ہوتا ہے۔ قوت مردی از سر نو عود کر آتی ہے۔ مرد صحیح معنوں میں قابل اولاد ہو جاتا ہے۔ اس کے استعمال سے نہ صرف تازہ مادہ بکثرت پیدا ہوتا ہے، بلکہ حدت ورقت بھی دور ہو جاتی ہے اور قدرتی طور پر مادہ قوام کی مانند گاڑھا ہو جاتا ہے۔ اخراج جلد نہیں ہوتا۔

## طلا برائے مجلوق

سم الفار، شنگرف، ہڑتال طبقی، گندھک آملہ سار سب ادویہ ہموزن لے کر زردی بیضہ مرغ 10 عدد میں ملا کر گولیاں بنائیں اور سایہ میں خشک کر کے بطریق معروف تیل نکالیں اور استعمال میں لائیں۔

## لاغری دور کرنے والا طلاء

مجلوق کو مفید ہے۔ لاغری اور کوتاہی دور کرتا ہے، بقدر ایک ماشہ روزانہ سب کو حسب دستور استعمال کریں، جونک 3 عدد، ناریل خام ایک عدد میں سوراخ کر کے ڈال دیں 10 روز تک چھوڑ دیں، جب ناریل کا پانی خشک ہو جائے اس وقت جونکیں نکال کر سفوف کر کے روغن مالکنگنی میں جلالیں۔

## طلا لطیف کی مالش

عنبر ایک درم، عطر گل موتیا خالص ایک تولہ، موم زرد 2 ماشہ عنبر اور موم کو گلا کر عطر میں ڈال کر نگاہ رکھیں حسب حاجت مالش کریں۔ مالش کے دنوں میں ہفتہ تک جماع نہ



کریں اور نعوظ پر صابر رہیں۔

## عضو خاص کی بیماریاں دور کرنے کا طلاء

ایک ماز وبینگن جو درخت میں پک کر زرد ہو گیا ہو۔ اس میں پچاس عدد فلفل دراز داخل کر کے سایہ میں خشک کر لیں۔ جب خشک ہو جائے تو پچیس تولہ روغن کنجد میں جوش دیں۔ پھر خشک کیچوے 2 تولہ، لہسن 2 تولہ ڈالیں۔ جب سب اشیاء جل جائیں۔ تو اتار کر سب کو اسی تیل میں باریک پیس کر محفوظ کر لیں حشفہ اور سیون بچا کر لیپ کریں۔ دو ہفتہ کے استعمال سے عضو خاص کی اکثر خرابیاں دور ہو جائیں گی اور کجی کے لیے تو اس سے بہتر اور آسان مشکل سے دستیاب ہوگا۔ نہایت مجرب طلاء ہے۔

**طلاء سانڈہ:**

بیر بہوٹی، عقر قرحا دس دس گرام، خراطین شدہ وخشک جونک 10 گرام، تیل سرسوں 70 گرام، چربی سانڈہ 10 گرام خوب کھرل کر کے تیار کریں۔ دو رتی سے چار رتی تک عضو کا منہ و جڑ چھوڑ کر استعمال کریں، اوپر سے پان کا پتہ لپیٹ دیں۔

**لاجواب طلاء:**

سم الفار ایک تولہ سات روز آک کے دودھ میں کھرل کریں۔ پھر پانچ دن روغن زرد 5 تولہ میں کھرل کر کے ایک پلیٹ میں رکھ دیں اور وہ برتن جس میں دوائی ہو اونچی دھوپ میں رکھیں کہ گھی پگھل کر الگ ہو جائے (گھی کو اس طریق پر نتھار لیں کہ سم الفار ذرات نہ آنے پائیں) اس میں فی تولہ کے حساب سے ایک ایک رتی مندرجہ ذیل ادویات ڈال کر ہفتہ تک گھوٹ کر محفوظ رکھیں۔

زعفران اصلی لونگ مشک بیر بہوٹی، جاوتری، خراطین، حشفہ و سیون چھوڑ کر اس طلا کی مالش کریں اور اوپر سے بھوج پتر یا پان کا پتہ یا ارنڈ کا پتہ باندھ دیں۔ سات دن کے بعد جب بہت سی نکل آئے تو چھوڑ دیں۔

## بوڑھوں کو بیتاب کرنے والی گولیاں

کشتہ شنگرف 5 ماشہ، کستوری اصلی، عنبر اشہب اصلی مروارید ناسفتہ، ورق چاندی لونگ کلاہ دار، جائفل، زعفران، ریگ ماہی، بسباسہ کافور ہر ایک $2\frac{1}{2}$ ماشہ، ورق سونا ایک ماشہ، آب ادرک وآب برگ بھنگرہ میں سب کو ملا کر خوب کھرل کر کے گولیاں بقدر سیاہ مرچ بنالیں۔ کھانے کے دو گھنٹہ بعد بیتاب کردیتی ہیں طاقت اس قدر پیدا کرتی ہیں کہ اگر ضعیف آدمی بھی باپرہیز چالیس یوم تک استعمال کرے تو کسی دوا کی ساری عمر حاجت نہیں رہے گی۔

## ٹکور کا مفید نسخہ

تخ کنیز سفید اسگند ناگوری۔ پھکر مول۔ کچلہ، خراطین خشک۔ برادہ دندان فیل۔ مالکنگنی۔ بیر بہوٹی۔ قرنفل۔ کنجد سیاہ۔ میدہ لکڑی۔ انبہ ہلدی۔ عاقر قرحا۔ اسپند ہر ایک ایک تولہ خوب باریک کر کے پارچہ بیز کریں اور عرق پیاز سفید میں گوندھ کر تابہ آہنی کو آگ پر چڑھائیں اور 2 تولہ، روغن کنجد تابہ پر ڈالیں دواؤں کو تین چار پوٹلیوں میں ڈال کر گرم شدہ روغن پر رکھیں ایک ایک پوٹلی سے ٹکور کرتے جائیں جب وہ سرد ہوجائے تو دوسری سے اسی طرح پیڑو کنج ران اور تمام اعصاب اور رگوں کو 2 گھنٹہ تک بخوبی ٹکور کر کے ادویہ کو کپڑے پر بچھا کر آلت وخصیتین پر لنگوٹ سے باندھ لیں دو ہفتہ تک ایک ٹکور کے استعمال سے مایوس مخلوق قوتِ اصلی پر آسکتا ہے۔ کماحقہ ٹکور نہایت مفید نسخہ ہے۔

## حد درجہ طاقت مردانہ پیدا کرنے کا نسخہ

ایک چھٹانک فلفل دراز کو ایک سیر دودھ گائے تازہ میں جوش دیں حتی کہ دودھ جذب ہوجائے۔ تب انہیں خشک کر کے کوٹ کر باریک کرلیں اور مصری ملا کر روزانہ 9 ماشہ صبح دودھ گائے کے ہمراہ دیں۔ اس سے حد درجہ طاقت مردانہ پیدا ہو کر چہرہ سرخ ہوگا۔ خوراک ہضم ہو کر طحال وجگر اپنا فعل درست رکھیں گے اور بلغم بھی ختم ہوگی۔



## قوت باہ کے لیے روغن سے علاج:

کلونجی نصف سیر، پیاز $2\frac{1}{2}$ سیر، پانی 10 سیر بطریق معروف عرق کشید کریں ازاں بعد مزید نصف سیر کلونجی، ڈھائی سیر پیاز عرق مذکور میں شامل کر کے عرق کشید کریں۔ عرق کو کسی مٹی کے برتن میں ڈال کر کلونجی ایک پاؤ مزید، پیاز سوا سیر، شہد خالص ایک سیر۔ گڑ بھی سفید دو تولہ باریک شدہ شامل کر کے سرکہ تیار کرلیں۔ جب سرکہ تیار ہو جائے تو بذریعہ فلٹر پیپر صاف کر کے محفوظ رکھیں ایک تولہ صبح وشام۔ ہڑتال ورقیہ، شنگرف رومی، سیم الفار سفید، جلوتری، جائفل، ہموزن تمام ادویات (کل چھ اجزاء)۔

مذکورہ بالا تمام ادویات کو علیحدہ علیحدہ پیس کر مکسچر (آمیزہ) بنالیں۔ بعد آٹھ عدد انڈوں کی زردی میں کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنا کر بذریعہ پتال جنتر آتشی میں ڈال کر اور اس کے منہ پر تاریں تانبہ کی فٹ کر کے روغن کشید کریں اور یہ روغن کشید ہوجانے کے بعد محفوظ کرلیں۔

قوت باہ اور ہر قسم کی کمزوری کے لیے ایک قطرہ مکھن یا مناسب بدرقہ کے ساتھ استعمال کریں۔ انشاء اللہ العزیز فوائد کثیر حاصل ہوں گے۔

## کمزوری دور کرنے کا معجون:

مغز بادام۔ مغز پستہ۔ مغز فندق۔ مغز چلغوزہ۔ مغز کھوپرہ۔ سیاہ تل ہر ایک تین تولہ۔ فلفل سیاہ دو تولہ۔ حب الزلم دو تولہ۔ تخم گاجر۔ مصطگی رومی۔ زراوند حرج۔ تخم پیاز۔ تخم میتھی۔ تخم گندنا۔ عقرقرحا ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ فرفیون۔ جدوار۔ تخم کرفس ہر ایک 9 ماشہ تمام ادویات کو باریک کر کے سفوف بنالیں اور روزانہ علی الصبح دو تولہ معجون، دو عدد سونے کے ورق ملا کر چالیس یوم تک استعمال کریں۔ اس سے ہر قسم کی کمزوری دور ہو کر جسم طاقتور ہوجائے گا اور کسی قسم کی کمزوری کی شکایت باقی نہ رہے گی۔ دن کو سونا۔ مباشرت تیل۔ کھٹائی۔ سرخ مرچ اور نشہ والی چیزوں سے پرہیز کریں۔ نہایت کامیاب اور مفید علاج ہے۔

**حبوب مقوی باہ:**

بیر بہوٹی ایک تولہ، شنگرف رومی ایک تولہ، عقرقرحا ایک تولہ، تخم تنکھی ایک تولہ، میٹھا جیلیہ ایک تولہ، ازراقی مدبر ایک تولہ، بھلاواں ایک تولہ، قند سیاہ کہنہ ایک تولہ، افیون خالص 6 ماشے کوٹ چھان کر قند سیاہ میں حل کر کے نخودی گولیاں بنالیں۔ مقدار خوراک و ترکیب استعمال، بوقت خواب 2 عدد ہمراہ شیر نیم گرم، دیے جماع سے تین گھنٹے قبل 2 عدد۔

**روغن بادام سے مردانہ کمزوری دور:**

ہلیلہ سیاہ، ہلیلہ کابلی، پوست بلیلہ، آملہ مقشر، فلفل، دار فلفل ہر ایک 5 تولہ، زنجبیل بسباسہ، بوزیدان، شیطرج ہندی، شقاقل، تودرین، لسان العصافیر، کنجد مقشر، خشخاش ہر ایک 2 تولہ، بہمنین ہر ایک 5 تولہ باریک کر کے روغن بادام سے چرب کر کے ترنجبین 8 تولہ، شہد کے قوام میں ملا دیں خوراک 9 ماشہ سے تولہ تک۔

**شہوت کے لیے:**

بلیلہ ہندی، بلیلہ کابلی، آملہ، ہلیلہ ہر ایک 7 تولہ، زنجبیل، دار چینی، دار فلفل، خولنجان سنبل الطیب، ساذج، سلیخہ، الائچی خورد و کلاں، قرنفل، شیطرج، لسان العصافیر، بہمن سرخ و سفید ہر ایک 2 تولہ، خشخاش سفید، کنجد مقشر، ہر ایک 2 تولہ، مغز بادام شیریں و تلخ ہر ایک 6 ماشہ، جوز بوا، بادیان، شبت، نیسون، مصطگی ہر ایک 2 تولہ، پودینہ 6 ماشہ، تربد مجوف 2 تولہ، قند سفید 34 تولہ، روغن بادام 7 تولہ، شہد سفید سہ چند کل ادویہ سب کو علیحدہ علیحدہ باریک کر کے روغن بادام سے چرب کر کے شہد کی جھاگ اتار کر مصری ملا کر قوام کر کے اس میں ملا لیں ایک ہفتہ کے بعد استعمال کریں، خوراک 7 ماشہ سے ایک تولہ تک۔ کمزوری کے لیے از حد مفید ہے۔

**کمزوری کے لیے:**

کچلہ مدبر کے باریک سفوف میں پانچ گنا مغز بنولہ ڈال کر اتنا کوٹیں کہ گولیاں بنانے کے قابل ہو جائے۔ تب شہد ملا کر چنے کے برابر گولیاں تیار کر لیں۔ ایک ایک گولی صبح و شام گائے کے دودھ کے ہمراہ استعمال کرائیں



**قوت باہ پیدا کرنے کے لیے لاجواب:**

سم الفار سفید ایک تولہ لے کر کھرل کریں، مگر کھرل گھسنے والا نہ ہو، اب تین سو ہندی لیموں کا پانی اس میں جذب کریں جب تمام پانی خشک ہو جائے پھر ثعلب مصری، آرد سنگھاڑہ ہر ایک 2 تولہ سم الفار مذکور میں ملا دیں اور حبوب بقدر دانہ مونگ بنائیں۔ ایک گولی ہمراہ دودھ کھلائیں اور گھی وغیرہ جس قدر کھا سکیں کھلائیں، اشتہا، بے باہ انتہا پیدا کرتا ہے، قوت باہ پیدا کرنے کے لیے نہایت لاجواب دوا ہے۔

**جماع سے قبل حبوب خاص:**

عقرقرحا 5 ماشہ، شنگرف 5 ماشہ، افیون خالص 5 ماشہ، موصلی سفید 5 ماشہ، شیر بڑ 5 ماشہ، شہد خالص 5 ماشہ، بھنگرہ سیاہ 5 ماشہ، مشک خالص 2 ماشہ، روغن بہروزہ 5 ماشہ، حبوب بقدر نخود کے تیار کریں اور ایک گھنٹہ قبل از جماع ہمراہ شیر گاؤ استعمال کرائیں۔

**حب اسپند:**

افیون ایک رتی، اجوائن خراسانی، جائفل 2 رتی، تخم حرمل 6 رتی ان کو پیس کر ہمراہ آب دو گولیاں تیار کریں، ایک گولی قبل از وقت ایک گھنٹہ ہمراہ دودھ۔

**شنگرفی ایٹم بم:**

زنجفر رومی ایک تولہ، شراب برانڈی ایک بوتل بذریعہ سحق تمام بوتل خرچ کر کے پھر شنگرف کا غلولہ بنا کر باریک ململ میں لپیٹ کر بیضہ مرغ کی سفیدی دور کر کے غلولہ بیضہ میں داخل کر کے منہ بند کر کے آرد ماش سے ضماد کر کے گھی میں سرخ کر کے نکال لیں، اسی طرح اسی انڈے صرف کریں، پس شنگرف نکال کر باریک پیس کر شیشی میں اکیس یوم گندم میں دفن کر کے کام میں لائیں، خوراک ایک خس، دودھ گھی بکثرت استعمال کریں، بہت عجیب چیز ہے۔

**مقوی و ممسک:**

افیم خالص 6 ماشہ، کتھ سفید 6 ماشہ، سنکھیا سفید ایک ماشہ سب کو عرق گلاب قسم

اعلیٰ میں کھرل کیا جائے پھر دانہ الائچی سفید پیس کر ملا کر کھرل کریں اور گولیاں بقدر دانہ باجرہ باندھ کر شیشی میں باحتیاط رکھیں اور دو تین گولیاں ضرورت سے ایک گھنٹہ پہلے گائے کے دودھ کے ساتھ نگل جائیں۔ کمزوری میں مفید ہے۔

## امساک کے لیے مفید علاج:

شیر بھینس لے کر بوزن 7 سیر کڑاہی میں ڈالیں، گوند چھوہارا 10 تولہ دودھ میں ڈالیں اور نیچے دھیمی دھیمی آنچ جلائیں، جب گوند مذکور دودھ میں حل ہو جائے تو اتار کر دودھ چھان لیں اور دوبارہ آگ پر رکھیں، سفوف تیار شدہ و زعفران خالص ایک تولہ ڈال کر تیز آنچ پر کھویہ بنائیں اور کھویہ تیار ہونے کے بعد آگ کم کر دیں اور کھویہ کو یہاں تک ہلائیں کہ دانہ دانہ ہو جائے اب آگ پر سے نیچے اتار لیں اور ٹھنڈا کر کے کھانڈ دیسی سوا سیر ملائیں اور ورق نقرہ 30 عدد ورق طلا 10 عدد ڈال کر اس قدر ملیں کہ یک جان ہو جائے کسی برتن میں ڈال کر محفوظ رکھیں اور ہر شب بلا ناغہ سونے کے وقت ہمراہ دودھ استعمال کریں، مغلظ منی ہے اور جریان و امساک کے لیے بہت مفید ہے۔

## باہ کو بڑھانے کے لیے تازہ بالائی:

تازہ بالائی دار دودھ شہد ڈال کر پیتے رہیں اور اس پر مداومت رکھیں تو یہ بھی باہ کو بڑھاتا ہے۔

## مقوی باہ گھی:

گھی بھی مقوی باہ ہے لیکن یہ مشکل سے ہضم ہوتا ہے۔ اس لیے یا تو اسے نیم گرم دودھ میں ڈال کر پئیں۔ یا اس میں شہد ملا کر کھائیں۔ اس سے بھی اچھی ترکیب یہ ہے کہ گیہوں کی روٹی گھی اور کھانڈ ڈال کر چوری کوٹ لیں اور غذا کے طور پر کھائیں۔

## بیسن کی روٹی سے بے پناہ قوت:

بیسن یعنی چنے کی روٹی پکوائیں اور گھی میں گوندھ کر چینی ملا کے کھاتے رہیں۔



خوب قوت پیدا ہوگی۔

## چاول کی کھیر سے کمزوری دور:

چاول کی کھیر گائے یا بھینس کے دودھ اور کھانڈ کے ساتھ پکائی جائے اور کچھ روز اسی کے کھانے پر کفایت کی جائے تو قوت باہ بہت پیدا ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ بدن بھی موٹا تازہ ہو جاتا ہے۔

## دار چینی سے قوت میں اضافہ:

چھ ماشہ دار چینی باریک پیس کر تین پاؤ دودھ اور ایک پاؤ پانی میں پکائیں اور کفگیر سے ہلاتے رہیں۔ جب دودھ ذرا گاڑھا ہو جائے تو اس میں چینی ملا کر نہار منہ پئیں۔ سات روز میں بے انتہا قوت پیدا ہوگی۔

## یخنی بے حد مقوی باہ:

دیسی مرغے مرغی کا گوشت کھاتے رہنا یا ان کی یخنی پینا بھی بے حد مقوی باہ ہے۔

## تقویت باہ اور امساک کے لیے:

سم الفار سفید 3 ماشہ، افیون خالص 3 ماشہ، زعفران کشمیری اصلی 3 ماشہ، مصطگی رومی اصلی مصفیٰ 2 تولہ، ورق طلاء 3 ماشہ، آب پیاز 5 تولہ، آب گذر مصفیٰ 5 تولہ، شیر برگد 2 تولہ کھرل میں ڈال کر باریک کریں، مگر لگاتار کھرل کریں، حب بقدر دانہ موٹھ بنائیں، خوراک یک حب بعد غذا ہمراہ شیر گاؤ تازہ نہار منہ بالکل نہ دیا جائے۔

**نوٹ:** جب بدن پر کھجلی ہونے لگے تو استعمال بند کر دیا جائے۔

## مردانہ طاقت کے لیے مرغی کے تازہ انڈے:

مردانہ طاقت پیدا کرنے کے لیے دیسی مرغی کے تازہ انڈے اس قدر قوت بخش ہیں کہ کوئی قیمتی سے قیمتی قوت بخش چیز ان کا مقابلہ نہیں کرسکتی۔

0 انڈے استعمال کرنے کے مختلف طریقے ہیں۔ بعض لوگ کچے انڈے پیتے

ہیں۔ جن کے پینے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ انڈا توڑ کر اس کی زردی و سفیدی نگل جائیں۔ پھر وہی انڈا گھی سے بھر کے پی لیں۔ اس کے بعد اسی کو شہد سے پر کرکے نوش فرمائیں تو چند روز میں سخت طاقت پیدا ہوتی ہے۔

0 دودھ میں انڈے پھینٹ کر پینے سے بھی خوب قوت و فربہی حاصل ہوتی ہے۔

0 نیز ابلے ہوئے انڈے بھی مفید ہوتے ہیں لیکن انہیں زیادہ ابالا جائے تو سخت و ثقیل ہو جاتے اور دیر سے ہضم ہوتے ہیں۔ اس لیے بہتر ہے کہ انہیں ہلکا سا ابال کر کھائیں۔

0 جس کی ترکیب یہ ہے کہ انڈوں کو ململ کی پوٹلی میں باندھ لیں۔ جب پانی کھولنے لگے تو اس پوٹلی کو پانی میں جلدی جلدی سو بار غوطے دیں۔ اس طرح ان کی سفیدی تو جم جاتی ہے مگر زردی جوں کی توں رہتی ہے اور اس قسم کے انڈے ایک تو جلدی ہضم ہو جاتے ہیں دوسرے قوت بھی زیادہ بخشتے ہیں۔

## بلا افیون ممسک گولیاں

موچرس 5 تولہ، عقرقرحا 6 ماشہ، برگد کا دودھ 20 تولہ کھرل کرکے بقدر چنے کے گولیاں بنائیں۔ بلا افیون ممسک گولیاں ہیں جن کی لوگوں کو تلاش ہے۔ دو گولیاں سرِ شام دودھ نیم گرم سے استعمال کریں اور نمکین و ترش چیز کوئی نہ کھائیں۔

## اعصابی کمزوری

مشک خالص 8 گرین، کافور 24 گرین دونوں کو خوب ملا کر یک جان کرکے آٹھ گولیاں بنالیں، یہ دوا جنرل کمزوری کے لیے جادو کا اثر رکھتی ہے۔

## حب طاقت کا کرشمہ

سم الفار سفید $\frac{1}{2}$ تولہ، دانہ الائچی کلاں عمدہ 2 تولہ، لونگ تولہ، مغز بادام شیریں 3 تولہ خوب رگڑیں اور گولی بقدرے فلفل سیاہ ایک گولی بعد از غذا 5 تولہ مسکہ کے ساتھ کھلائیں، ہفتہ عشرہ میں کچھ کا کچھ بنادے گی، آزمائش شرط ہے۔



## بے پناہ طاقت

ایک پودے کی جڑ بقدر $1\frac{1}{2}$ ماشہ استعمال کرنے سے بے حد قوت پیدا ہوتی ہے۔ لہٰذا مرغن استعمال کی جائے، 40 سال سے کم عمر کے جوان استعمال نہ کریں اور اس حاصل شدہ قوت کو تماش بینی یا عیش و عشرت میں صرف نہ کریں وہ پودا اونٹ کٹارا ہے۔ ہفتہ عشرہ استعمال کرنے سے بے پناہ قوت حاصل ہو سکتی ہے۔

### کشتہ سفید سے نایاب چیز:

ٹانک شاہی پیسہ لے کر صاف کریں اور جڑ کنیر سفید 250 گرام لے اس کو کوٹ کر اس کے وسط میں پیسہ رکھ کر اوپر کپڑ وٹی کریں، پھر 30 عدد جنگلی اُپلوں کی آگ دیں۔ اس سے کشتہ سفید حاصل ہوگا۔ نایاب چیز ہے۔ مقوی ہے۔ شادی سے پہلے و بعد کی کمزوری میں مفید ہے۔ خوراک $\frac{1}{2}$ سے ایک چاول بالائی میں دیں۔

### نامردی کے لیے:

ایک تولہ برادہ تانبہ لے کر ہرن کھری جسے پنجابی زبان میں لہلی کہتے ہیں۔ کے پانی ایک چھٹانک میں کھرل کریں اور لہلی کے تازہ نغدہ آدھ پاؤ میں قرص بنا کر رکھیں اور گل حکمت کرکے دو سیر کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر مزید ایک چھٹانک پانی ہرن کھری میں کھرل کریں اور ہرن کھری کے آدھ پاؤ نغدہ میں رکھ کر 4 سیر اُپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر کھرل میں ڈال کر پیسیں اور سیماب مصفیٰ ڈال کر کھرل کریں اور بوٹی مذکور کا پانی کھرل کریں۔ جب سیماب جذب ہو جائے تو آدھ پاؤ نغدہ بوٹی مذکور میں رکھ کر آگ دیں اور ہونے پر نکالیں، نامردی اور ضعف بادہ کے لیے ایک خس سے ایک چاول تک استعمال کریں اور دودھ گھی کا استعمال کریں۔ جب پیاس لگے تو گھی دودھ میٹھا ڈال کر پئیں انشاء اللہ تین روز میں نامرد مرد ہو جاتا ہے۔

## اعلیٰ درجہ کا کشتہ:

امراض باردہ خاص کر لقوہ، فالج اور نامردی کے لیے بے حد مفید ہے۔ بھلانوہ، کچلہ ہر ایک 10 تولہ، شہد خالص پاپختہ، روغن گاؤ پاپختہ، شنگرف رومی 2 تولہ، پہلے تھوڑا سا روغن کڑاہی میں ڈال کر اوپر آدھے بھلانوے ڈال دیں۔ پھر آدھے کچلہ نیم کوفتہ کر کے ڈال دیں، پھر شہد، پھر باقی ماندہ روغن ڈال کر شنگرف کی ڈلی رکھ کر اسی طرح لحاف دے کر آگ پر رکھ دیں، نیچے تیز آنچ دیں، دو گھنٹہ بعد خود بخود آگ لگ جائے گی جب آگ بجھ جائے اُتار لیں، خوراک دو چاول ہمراہ بدرقہ مناسب برادۂ فولاد 2 تولہ، شنگرف 6 ماشہ، سیماب 3 ماشہ، آب کنوار 10 تولہ میں حل کر کے ٹکیہ بنا کر برگ مدار میں لپیٹ کر 10 سیر پختہ اُپلوں کی آنچ دیں۔ اسی طرح ہر دفعہ 6 ماشہ شنگرف اور 10 تولہ آب کنوار ڈال کر حل کر کے اکیس آنچ پوری کریں، نہایت اعلیٰ درجہ کا کشتہ تیار ہوگا۔ خوراک ایک چاول۔

نوٹ: ہر ایک ایک سکورہ میں ٹکیہ رکھ کر گل کر کے دینی چاہیے۔

## برسوں کا نامرد مرد کامل:

ایک تولہ شنگرف لے کر ثمر دھتورہ میں بند کر کے اُس پر دو تولہ آرد گندم لپیٹ کر روغن زرد میں بریاں کریں اسی طرح سو ثمر دھتورہ میں بند کر کے روغن زرد میں بریاں کرنے کے بعد حسب ذیل اشیاء شامل کر کے ایک ٹکیہ بنائیں۔ زعفران کشمیری 3 ماشہ، افیون 6 ماشہ، لونگ $1\frac{1}{2}$ ماشہ، بھیڑ کا دودھ حسب ضرورت۔

زعفران اور افیون کو بھیڑ کے دودھ میں حل کر کے لونگ اور شنگرف کو کھرل کر کے ایک ٹکیہ سی بنا لیں اور ایک پاؤ روغن زرد گاؤ میں بریاں کریں جب لال رنگ پر آجائے تو تیار سمجھیں چکنائی دور کر کے کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔ ایک چاول بھر مکھن میں لپیٹ کر کھائیں۔ سات خوراک کھانے سے برسوں کا نامرد مرد کامل بن جائے گا۔

## طاقت بڑھانے کی بے مثل چیز

برادہ طلاء شدہ ایک تولہ کو بن تلسی کے رس میں اس قدر کھرل کریں تا کہ پاؤ بھر



پانی جذب ہو جائے۔ بعد ازاں ٹکیہ بنا کر مٹی کے دو کوزوں میں رکھ کر گل حکمت کریں اور پانچ سیر اُپلوں کی آگ دیں۔ خوراک ایک چاول مکھن یا بالائی میں دیں، مقوی ہے، جسمانی طاقت بڑھانے کے لیے بے مثل چیز ہے۔

## طاقتور اور جوان بنائے

سنکھیا 6 ماشہ، تازہ کٹائی کا پکا ہوا پھل دو عدد اگر یہ پھل بہت چھوٹے ہوں تو چار عدد، دونوں دواؤں کو دو دن تک لیموں کے رس میں کھرل کر کے خشک کریں۔ مقدار دو چاول دوا، 5 تولہ گھی کے ساتھ کھلائیں۔ یہ دوا طاقت مردی و امساک کا خزانہ ہے۔

## عیش کی گھڑیاں طویل

سیماب مصفی، گندھک آملہ سار مصفی، جائفل، جاوتری، قرنفل کلاہ دار، دار چینی، کباب چینی، تخم جوز ماثل، افیون، زعفران، مرچ سیاہ، عاقر قرحا، عطر کشمیری (چرس) مشک خالص مساوی الوزن 3-3 ماشہ سب کو باریک پیس کر آب برگ پان سے سحق کریں اور شہد خالص کی مدد سے حبوب نخودی بنائیں۔

مقدار خوراک ایک تا دو حبوب ہمراہ شیر، وقت سے 2 ساعت قبل نوش کریں۔

افعال و منافع عیش کی گھڑیوں کو طویل کرتی ہیں۔

## ضعف باہ کے لیے بہترین دوا

کشتہ فولاد 6 ماشہ، سم الفار ایک ماشہ، کچلہ مدبر 3 ماشہ، کتھ سفید ایک تولہ سب کو پیس کر شہد میں ایک رتی کے برابر گولیاں بنائیں۔ کھانا کھانے کے بعد ایک ایک گولی کھائیں۔ ضعف باہ وغیرہ کے لیے بہترین دوا ہے۔

## مغلظ منی:

موصلی سیاہ 2 تولہ، موصلی سفید 2 تولہ، ریش برگد ایک تولہ، پھلی ببول نورستہ ایک تولہ، تخم تمر ہندی کلاں ایک تولہ، تخم خرما ایک تولہ، کشتہ قلعی 6 ماشہ، مصری کوزہ 10 تولہ، کلابجست 6 ماشہ، رومی مصطگی 3 ماشہ سفوف بنائیں، خوراک تولہ ہمراہ شیر گاؤ تازہ۔

## حبِ شباب آور

کشتہ فولاد 5 تولہ، ست سلاجیت 5 تولہ، کچلہ مدبر 5 تولہ، مرچ سیاہ 2 تولہ، زعفران ایک تولہ، سم الفار 6 ماشہ حب نخودی بنائیں۔ ایک گولی صبح بعد از غذا دودھ کے ساتھ ایک شام۔ ضعفِ جگر، کمی خون، ضعفِ اعصاب، مغلظ منی اور مقوی باہ ہے۔

## سرعت انزال کے لیے بے نظیر حبوب

جدوار خطائی 4 تولہ، ست سلاجیت 4 تولہ، زعفران اصلی ایک تولہ، ریگ ماہی 2 تولہ، کشتہ فولاد 3 تولہ، کچلہ مدبر 3 تولہ، کشتہ شنگرف 6 ماشہ، افیون 6 ماشہ، مشک خالص 6 ماشہ، ورق نقرہ 9 ماشہ، ورق طلاء 3 ماشہ سب کو باریک پیس کر شہد کی مدد سے دورتی کی حبوب بنائیں۔

ایک صبح ایک شام ہمراہ شیر مادہ گاؤ۔ نفع خاص، ضعف بادہ اعضائے کسل مندی جسم وسستی، کاہلی، سرعت انزال، جریان، احتلام کے لیے بے نظیر حبوب ہیں۔ ان حبوب کے استعمال سے نئی جوانی اعادہ شباب و جوش محسوس ہوتا ہے، سرمائی تحفہ ہیں۔

## احتلام کے لیے مفید کشتہ

12 گرام قلعی اینٹ مصفی لے کر اسے ڈلی کریں۔ پھر کیکر کے سبز پتے 40 گرام لے کر اسے خوب رگڑیں کہ کوئی پتی نظر نہ آئے اور لئی سی بن جائے۔ اس میں پانی وغیرہ بالکل داخل نہ کریں، پھر اس نغدہ کو لے کر اس میں قلعی کی ڈلی رکھ کر چاروں طرف سے خوب دبائیں، کہ اچھی طرح مضبوط ہو جائے پھر اس کے اُوپر 250 گرام صاف کپڑا مضبوطی سے لپیٹ دیں۔ کپڑا جتنا زیادہ مضبوط لپٹا ہوا ہوگا۔ اُتنا ہی کشتہ اچھا تیار ہوگا۔ کپڑے کا صاف ہونا ضروری ہے پھر اسے کسی جگہ پر تھوڑے تنکوں کی آگ لگائیں۔ تنکے اتنے ہوں کہ جس سے معمولی سی آگ لگ جائے۔ جب اچھی طرح سرد ہو جائے۔ تو احتیاط سے سفید رنگ کا کشتہ نکال لیں۔ دورتی یہ کشتہ مکھن یا بالائی میں دیں احتلام کے لیے بیحد مفید ہے۔

---



باب 107

# دمہ

## دمہ کا علاج (Asthma)

0 دورہ کے وقت گرم پانی کی بوتل سے پاؤں کو سینک دے کر گرمی پہنچائیں اور مریض کو گرم پانی یا قہوہ یا چائے (بلا دودھ) پلائیں۔

0 دھتورہ کے پتے دو ڈرام، انیسون ایک ڈرام، قلمی شورہ ایک ڈرام سفوف بنا کر ایک پلیٹ میں رکھ کر جلائیں اور دھونی دیں۔

0 سوما کلپا لتا (ایفیڈرا) کی تیلی اور بغیر پتوں کی شاخوں کا سفوف دس گرین کھلائیں۔ اس سے مریض کو فوری آرام آجاتا ہے۔

## دمہ کو جڑ سے اُکھیڑنے کی دوا

عنصل ایک پاؤ پختہ کو بریاں کریں، افیون 2 تولہ، مویز منقی 40 دانہ، انجیر ولایتی 7 تولہ، شہد خالص نیم سیر پختہ، عنصل کو پیاز کی طرح اوپر سے چھیل کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے مذکورہ بالا ادویات میں ملا کر رات بھر پانی میں بھگوئیں۔ صبح جوش دے کر چھان کر شہد ملا کر قوام کریں۔ خوراک ایک تولہ ہمراہ عرق گاؤزبان 10 تولہ صبح اور شام دیں، بفضل خدا دمہ کو جڑ سے اکھیڑ دے گا۔

### روغن زردے دمہ کو آرام:

اول تے کرا کر آذاراقی یعنی کچلہ روغن بادام یا روغن زرد میں سوختہ کر کے باریک پیس کر رکھ چھوڑیں ایک رتی تا دورتی صبح اور رات کو پانی سے یا دودھ سے دیتے رہیں، انشاء

اللہ دمہ کو آرام آ جائے گا، لیکن 3۔4 مرتبہ خوب تے کرائیں۔

## سفوف دمہ

میٹھا سوڈا، گیرو، ست لوبان ہموزن لے کر یک جان کر لیں۔ دو رتی سے چار بار یخنی یا چائے سے کھلائیں۔

## دمہ کا ہومیو پیتھک علاج

بلاٹا اورینٹالس (Blattaorienalls) اس مرض کی موثر دوائی ہے خواہ مرض شدید ہو یا پرانا ہو۔ ہر دو حالتوں میں یہ دوائی اکثر کیسوں میں کامیاب اثر رکھتی ہے۔ خاص طور پر مریضوں کے لیے مفید ہے۔

## دمہ کے عارضہ کا علاج:

بایوکیمک علاج میں شدید دورہ کی حالت میں کالی فاس، پیٹ میں گیس کی وجہ سے ہو تو میگ فاس اور برساتی موسم میں دمہ کا عارضہ ہو تو نیٹرم سلف بہترین ادویات ہیں۔

## دمہ خشک کی گولیاں

کچلہ مدبر، عرق کریلہ میں گھسا ہوا ـــــــ 60 حصہ

فلفل دراز ـــــــ 24 //

فلفل سیاہ (سیاہ مرچ) ـــــــ 24 //

فلفل ابیض (سفید مرچ) ـــــــ 24 //

سونٹھ ـــــــ 24 //

دار چینی ـــــــ 24 حصہ

سب ادویات کو پیس کر دو دو رتی کی گولیاں بنا لیں جو امراض اسہال رطوبتی، امساک، احتلام، افیم چھڑاؤ، قوت باہ، جریان، دمہ بلغمی، دمہ خشک، ذات الجنب، ریحی بیماریاں، سنگرہنی، ضعف جگر، دافع قبض، فالج، بلغمی کھانسی، خشک کھانسی، لقوہ، مولد خون، وجع



المفاصل کے واسطے صحیح معنوں میں تریاق اعظم ثابت ہوتی ہے۔

## دمہ رفع کرنے کا نسخہ

ایک پان ثابت لے کر اس کی اگلی پچھلی نوک کو نہ توڑیں کتھ چونہ حسب ضرورت لگا کر صرف سرسوں کے دانہ کے برابر سکرین ڈال کر بغیر تمباکو و چھالیہ کے کھائیں۔ صبح نہار منہ اور رات کو سوتے وقت جو عرق نکلے، نگل جائیں، یہ عمل کم از کم تین یوم تک کریں۔ دمہ کے لیے مفید علاج ہے۔

## دمہ نابود کرنے کے لیے سفوف

رانگ، نوشادر، گندھک آملہ سار، پارہ، ہموزن ملا کر کھرل کریں اور ایک آبخورہ گلی میں ڈال کر آگ پر رکھیں جب تمام دوائی سرخ ہو جائے جیسے اینٹ تو باہر نکال لیں مرکب بنانا مقصود نہیں ہے سفوف بنا کر خوراک ایک رتی صبح کو ملائی میں رکھ کر کھلائیں ہر تیسرے یوم ایک خوراک دینا صرف تین خوراک سے دمہ نابود ہو گا۔

## اکسیر دمہ

سم الفار ایک تولہ، بابچی ایک تولہ، پوست بیخ آک ایک تولہ، نمک زقوم خانہ ساز ایک تولہ کل اجزاء 4۔ یکے بعد دیگرے علیحدہ علیحدہ کھرل کریں۔ بعد ازاں برگ بانسہ ملٹھی مالکنگنی ہر 8 تولہ دو سیر پانی ڈال کر پکائیں جب نصف رہ جائے ادویہ کو اس پانی کے ساتھ کھرل کریں۔ اس طرح دوسری دفعہ پھر تیسری دفعہ موٹھ کے برابر گولیاں بنا کر ایک گولی صبح ایک شام بکری کے دودھ کے ہمراہ، چاول اور ثقیل چیزوں سے پرہیز کریں۔

## دمہ کے لیے چیدہ چیدہ نسخے

### بہمن سفید کا جوشاندہ:

گاؤزبان 5 گرام، پھول گاؤزبان 4 گرام، ابریشم (کتر کر صاف کیا ہوا) 4 گرام، عناب 5 دانے، بادرنجبویہ 5 گرام، بہمن سفید 4 گرام جوشاندہ بنا کر مصری ملا کر

استعمال کریں۔

**جوشاندہ دمہ:**

گاؤزبان 5 گرام، گل گاؤزبان 3 گرام، عناب 5 دانہ، ابریشم مقرض 5 گرام، چھان گندم 25 گرام، چینی سفید 35 گرام جوشاندہ پلائیں۔

**تریا خشک کھانسی دور:**

تریا خشک کھانسی تنگ کرتی ہو، پتھر کا کوئلہ جلا کر راکھ کر لیں۔ بعدۂ ہموزن شوگر آف ملک ملا کر ایک رتی خوراک ہمراہ مکھن صبح وشام۔

## دمہ کے لیے مفید شربت

گاؤزبان 250 گرام، گل گاؤزبان 60 گرام، ملٹھی مقشر 120 گرام، بانس کے پتے ایک کلو، گل نیلوفر 250 گرام، سرطان نہری 36 گرام۔

بارش کے مصفی تین کلو پانی میں یہ ادویہ رات کو بھگو دیں، صبح جوش دیں۔ جب پانی آدھا کلو رہ جائے تو اس میں ایک کلو چینی ملا کر شربت بنا لیں۔ 25 گرام شربت صبح وشام دیں، دمہ کے لیے ازحد مفید ہے۔

## دمہ کی اکسیر

شنگرف رومی۔ ایک تولہ۔ فلفل دراز دو تولہ دونوں کو تین دن تک زور سے کھرل کرتے رہیں۔ تب گائے کے تازہ دودھ میں گوندھ کر ٹکیاں بنائیں اور دس تولہ خالص گھی میں اس کو خوب بھونیں یہاں تک کہ دوا سے بلبلے نکلنے بند ہو جائیں تو باریک پیس کر شیشی میں بحفاظت رکھ لیں۔ ایک رتی دوا پان میں رکھ کر کھائیں دو رتی کلپا بوٹی بھی ملا کر پان



میں لپیٹ کر مریض کو چوسنے کی ہدایت کریں۔ اس سے بہت جلد صحت ہو جاتی ہے۔

## دمہ کا دورہ کی دوا

سوم کلپا بوٹی 5 تولہ، تلسی کے پتے 6 ماشہ، چھوٹی چندن 3 ماشہ باریک پیس کر رکھ لیں۔ 5 سے 10 رتی دوا اگرم پانی سے کھائیں۔ اس دوا کو کھلاتے ہی دمہ کے دورہ کا جوش کم ہو جاتا ہے۔

**دمہ کا دورہ روکنے کی دوا:**

دس عدد مویز منقیٰ کچل کر آدھ پاؤ دودھ گائے اور دس تولہ پانی میں ملا کر اس قدر ابال لیں کہ پانی جل کر محض دودھ باقی رہے۔ اب گرم گرم چھان کر پلائیں۔ اس سے دمہ کا دورہ رک جائے گا۔

## دمہ کی مجرب دوا

میٹھا تیلیا مدبر تین ماشہ، آک کی جڑ کی چھال چھ ماشہ دونوں کو علیحدہ علیحدہ پیس کر دونوں، ادرک کا رس ڈال کر کھرل کر کے اُڑد کے دانہ کے برابر گولیاں تیار کر لیں۔ ایک ایک گولی صبح وشام کھلائیں۔ گھی دودھ کا زیادہ استعمال کریں۔ مرض دمہ کے لیے بہت مفید و مجرب ہے۔ بہت جلد آرام آ جاتا ہے۔

## دمہ کے لیے مفید شربت

گولر خام 10 تولہ، سوما چکنا 5 تولہ، گل بنفشہ 5 تولہ، تخم کتاں 5 تولہ رات کو تمام دواؤں کو جوکوب کر کے تین سیر پانی میں بھگو دیں اور صبح کو اس قدر جوش دیں کہ ڈیڑھ پاؤ رہ جائے۔ نیچے اتار کر خوب مل چھان کر ایک سیر کھانڈ شامل کر کے شربت تیار کریں۔ مقدار

خوراک صبح وشام ورات کو سوتے وقت 2-2 تولہ گرم پانی میں شامل کر کے پئیں۔

## دمہ کے لیے ایک اور جوشاندے کا نسخہ

تخم میتھی (میتھرے) بقدر 7 ماشہ لے کر پانی میں پکالیں جب اچھی طرح گل جائیں تو مل چھان کر اس جوشاندے میں مصری یا کھانڈ ڈال کر نیم گرم پلائیں۔ ہوائی نالیوں میں جما ہوا بلغم رقیق ہو کر نکل جاتا ہے۔ اگر دمہ کے مریض اس پر مدت تک مداومت کریں تو اکثر اوقات اس موذی مرض سے نجات مل جاتی ہے اور دورے کے وقت اس کو پلانا حیرت انگیز فائدہ دیتا ہے۔ اس سے اعضائے سینہ کا تشنج رفع ہو کر طبیعت جلد ہی بحال ہو جاتی ہے۔

## دمہ کے لیے آسان چٹکلہ

تمباکو کے پھول سلورے میں بند کر کے بہت سی آگ جلادیں۔ تاکہ راکھ سفید ہو جائے اور روزانہ 2 رتی پان میں رکھ کر کھلاتے رہیں۔ دس بارہ روز کافی ہے۔

## سخت سے سخت دمہ کے لیے گھیکوار کا گودہ

گھیکوار کا گودہ ایک پاؤ مٹی کے کوزہ میں ڈال کر اوپر نمک لاہوری باریک پسا ہوا تین تولہ ڈالیں اور بند کر کے چار سیر اپلیوں میں ہوا سے بچا کر آگ دیں اور آگ کے سرد ہونے پر نمک نکال لیں اور پیس کر محفوظ رکھیں۔ دو ماشہ صبح دو ماشہ شام کو منقی یا بتاشہ میں رکھ کر کھائیں۔ سخت سے سخت دمہ اس دوا سے ختم ہو جاتا ہے۔ ایک یا دو ہفتہ تک استعمال کرائیں۔

## دمہ کے لیے چٹنی کا نسخہ

تخم میتھی 5 تولہ لے کر پانی میں پکائیں۔ کہ گل کر خوب نرم ہو جائیں اور پانی



سب کا سب جذب ہو جائے۔ اب ان کو خوب گھوٹ لیجئے کہ کوئی دانہ ثابت نہ رہے۔ پھر اس میں پاؤ بھر شہد یا چینی کا گاڑھا شیرہ ڈال کر گھوٹیں۔ چٹنی تیار ہے۔ صبح نہار منہ اور رات کو سوتے وقت ایک تولہ چٹنی کھا کر اوپر سے دو گھونٹ گرم پانی کے پی لیں۔

## دمہ کے دورہ کے لیے لعوق

دمہ کا دورہ ہو گیا ہو تو ہر تین گھنٹہ بعد تولہ ڈیڑھ تولہ لعوق کتاں آب گرم سے اس وقت تک کھلاتے رہیں کہ مرض رفع ہو جائے۔

❖❖❖

باب۔108

# سینہ کی بیماریاں

## سینہ کی عضلاتی درد کا علاج

یونانی علاج میں کشتہ بارہ سنگا کا استعمال مفید ہے۔

## سفوف برائے صفائی سینہ

کالی مرچ ایک تولہ، مصری یا چینی 5 تولہ دونوں کو باریک پیس کر دن میں تین چار بار دو تین ماشہ کھاتے رہیں۔ ضرورت ہو تو اوپر سے گرم پانی کا گھونٹ بھی بھر سکتے ہیں۔ بڑی مفید اور سادہ دوا ہے کھانسی کو نفع بخشتی ہے۔

## کمزوری سینہ کے لیے تازہ انڈے

مرغی کے تازہ انڈے پانی میں اس طرح ابالیے کہ سفیدی تو جم جائے مگر زردی جوں کی توں رہے ایسے انڈوں کو ذرا سے نمک اور کالی مرچ کے ساتھ بقدر مناسب کھانا کمزوری سینہ میں بہت مفید اور زود اثر ہے۔

## تھوم سے درد سینہ کی مالش

لہسن یعنی تھوم کو گھی میں بھون لیں اور پانی ڈال کر پکائیں۔ جب گل جائے تو مل چھان کر چینی ملا کے پلائیں۔ نیز تھوم ہرا کو گھی میں جلا کر سینے پر مالش کریں اور اوپر روئی سینک کر باندھ دیں۔ سردی سے عارض ہونے والے درد سینہ کو دور کرتا ہے۔

## گاجروں کے پانی سے درد بند

گاجریں چھوٹی چھوٹی لے کر ان کو کسی ہانڈی وغیرہ میں ڈال کر آگ پر رکھ دیں۔ جب گرم ہو کر نرم ہو جائیں تو کسی صاف کپڑے میں ڈال نچوڑ دیں اور گرم گرم حالت ہی



میں اس میں شہد دو تولہ ملا کر پلائیں۔ گاجروں کا پانی دو تولہ کافی ہے۔ اس سے سینہ کا درد بند ہو جاتا ہے۔

## سینہ کی جلن دور کرنے کا نسخہ

پیپل کا پھل اگر تازہ مل جائے تو اچھا ہے۔ تازہ نہ ملے تو سائے میں خشک کیے ہوئے میں سے ایک کف دست روزانہ بوقت صبح دیا کریں اس سے سینہ کی جلن دور ہوگی۔

## سانس کی تنگی کا آسان علاج

اس کا آسان ترین علاج یہ ہے کہ چھٹانک بھر کھانڈ کو پانی پاؤ ڈیڑھ پاؤ میں گھول لے۔ پھر دیگچی میں دو تولہ گھی چھوڑ دیجئے۔ جب کڑک ہو جائے تو یہ شربت اس میں ڈال کر دس پندرہ منٹ پکائیے۔ اس کے بعد مریض کو نیم گرم پلائیے۔ بحکم خدا بلغم تحلیل ہو کر نکلنے لگے گا۔ دم کشی جاتی رہے گی۔ انشاء اللہ۔

باب۔109

# آنکھ دکھنا کے چیدہ چیدہ نسخے

پہلا نسخہ:

گل منڈی 6 گرام، عناب 5 عدد، پوست ہلیلہ زرد 4 گرام 180 ملی لیٹر پانی میں جوش دے کر چھان لیں اور شکر سے میٹھا کر کے دن میں دو بار لیں۔

دوسرا نسخہ:

رسوت، پھٹکڑی، چاکسو ہموزن پانی میں پیس کر لیپ بنا لیں۔ سوتے وقت پپوٹوں پر لگائیں۔

تیسرا نسخہ:

سہاگہ بقدر ضرورت بھون کر کھرل میں خوب کر لیں۔ دن میں دو بار آنکھ میں لگائیں۔

چوتھا نسخہ:

سہاگہ 2 گرام، ہلدی 6 گرام باریک سفوف بنا لیں اور 250 ملی لیٹر پانی میں جوش دے کر چھان لیں۔ ایک صاف کپڑے کا ٹکڑا اس جوشاندہ میں بھگو کر آنکھ کی سنکائی کریں۔

1۔ قطور رمد ایک یا دو قطرے دن میں کئی بار آنکھ میں ڈالیں۔

2۔ حب سیاہ چشم تھوڑے سے پانی میں گھس کر آنکھ میں لگائیں۔

3۔ شیاف ابیض تھوڑے سے پانی میں گھس کر آنکھ میں لگائیں۔



پانچواں نسخہ:

پھٹکڑی 3 گرام، شورہ قلمی 3 گرام، عرق گلاب 60 ملی لیٹر پہلی دو دواؤں کو عرق گلاب میں اچھی طرح حل کر کے چھان لیں اور ایک صاف شیشی میں رکھ لیں۔ دو دو قطرے صبح و شام آنکھ میں ڈالیں۔

## آنکھ کا درد کا علاج

اس مرض میں قبض نہ ہونے دی جائے۔ اس سلسلہ میں مربہ ہرڑ ایک عدد یا اطریفل زمانی کشنیز یا اطریفل صغیر 9 ماشہ سے لے کر ایک تولہ تک رات کو استعمال کرائیں۔

## آنکھوں کا چندھا پن

بھنگ کے تازہ پتوں کو گھوٹ کر لیپ کریں۔ کچھ گرم کر کے آنکھوں کے اوپر باندھنے سے چندھا پن دور ہو جاتا ہے۔ آزمودہ علاج ہے۔

## آنکھوں کی کھٹک دور

آنکھوں کے دکھنے آنے میں تربوز کے بیج دودھ میں پیس کر پپوٹوں پر لیپ کرتے ہیں۔ یہ بھی مفید چیز ہے۔ سرخی کاٹتی اور چبھک کھٹک کو زائل کرتی ہے۔

## نظر کی کمزوری دور

نظر کی کمزوری دور نمک شیشہ ایک تولہ کالی مرچ دو ماشہ دونوں کو بہت باریک اور کپڑ چھان کر کے سلائی سے لگایا کریں۔ لگے گا بہت مگر چند روز میں ان ہٹیلی بیماریوں سے نجات دلائے گا۔

## آنکھوں کی بینائی تیز

اجوائن دیسی بریاں۔ سونٹھ ہر ایک 3 ماشہ، ہلدی کی گرہ 7 ماشہ، نمک 2 ماشہ سب کو سرمے کی طرح باریک پیس لیں اور سر مچو سے صبح شام لگایا کریں۔ بینائی کو بہت تیز کرتا ہے۔ رگوں کے اُبھرنے اور غبار میں نافع بخش ہے۔

## نگاہ کو تیز کرنے والا سفوف

عمدہ سونف ایک پاؤ۔ مصری یا کھانڈ ایک پاؤ دونوں کو خوب باریک پیس کر گائے کے آدھ پاؤ گھی سے چرب کر لیں اور ایک تولہ صبح ایک تولہ شام کو دودھ سے کھائیں۔ یہ سفوف نگاہ کو تیز کرتا ہے۔

## آنکھوں کی خارش دور

سرمہ کی ڈلی بوزن 12 گرام لے کر نیم کے تازہ پتوں کے رس میں کھرل کرتے ہیں۔ جب مثل غبار ہو جائے تب محفوظ رکھیں۔ آنکھوں کی خارش اور پڑبال کے لیے مفید ہے۔

## آنکھوں کا نیلا پن دور کرنے کا نسخہ

جن بچوں کی آنکھیں نیلی ہوں ان کو سیاہ بنانے کے لیے ریٹھہ کے چھلکے کو جلا کر زیتون کے تیل میں ملا کر بچہ کی کھوپڑی پر لگایا کریں تو آنکھیں سیاہ ہو جائیں گی۔

## آنکھوں کی چبھن سے آرام

بھیڑ کا دودھ مل جائے تو اس میں پسی ہوئی ہلدی ملا کر روئی کا پھویہ بھگو دیں۔ جب خوب تر ہو جائے تو آنکھوں پر باندھ دیں۔ انشاءاللہ چبھن کو ایک ہی روز میں آرام ہو جائے گا۔

## گرمی سے پیدا ہونے والے امراض چشم

تازہ مکھن کو 101 بار پانی سے دھوئیں۔ پھر اسے آنکھوں کے گرداگرد چپڑتے رہیں۔ گرمی سے پیدا ہونے والے کل امراض چشم کو اس سے فائدہ پہنچتا ہے اور نئے گرے بھی رفع ہو جاتے ہیں۔

## پلکوں کے بال جھڑنا

سلاق کی بیماری میں پلکوں کے بال جھڑ جاتے ہیں۔ پپوٹے سرخ ہو جاتے اور



گل جاتے ہیں۔ خارش اور چبھن سی ہوتی رہتی ہے۔ اس کے لیے یہ علاج بڑا موثر ہے کہ تازی مچھلیاں پکڑ کے ان کے سر دور کریں اور پانی میں پیس کر پپوٹوں پر لگاتے رہیں۔ چار پانچ روز میں شفا ہو جائے گی۔

## پلکوں کی سختی کے لیے مفید

پرانا گھی مل جائے تو چار گنا بھیڑ کے دودھ میں ڈال کر آگ پر رکھیں کہ گاڑھا ہو جائے اسے آنکھوں پر بار بار لگاتے رہیں۔ پلکوں کی سختی کے لیے مفید ہے۔

## آنکھوں کی سوجن کو فائدہ

آنکھوں پر نیم گرم ملائی باندھی جائے اور دن میں تین چار بار اس عمل کو دوہرایا جائے تو سوجن کو بہت فائدہ ہوتا ہے۔

## آنکھوں کا ہمیشہ آنسوؤں سے تر رہنا

جو دمعہ کسی مرض کے تابع ہو وہ اس مرض کے دور ہونے سے دور ہوگا اور اگر غدہ چشم کے گوشت کم ہونے سے ہو تو غذائیں عمدہ صالح الکیموس مثل گوشت چوزہ اور بزغالہ کے کھلائیں اور آنکھوں کو شراب انگوری سے دھو کر مصبر رگڑ کر گوشہ چشم میں رکھیں اور جو آنسو دماغ کی حرارت و برودت سے بہتے ہوں اس کے معدلات استعمال کریں اور گل سرخ گلنار صدف سوختہ نیلا تھوتھا نشاستہ بریاں آنکھوں میں لگانا گرمی کے دمعہ کو مفید ہے۔

## آنکھوں کے لیے سرمہ کے نسخے

### آنکھوں سے پانی بہنا بند:

رسونت شدہ 57 گرام، پھٹکڑی بریاں 27 گرام، افیون 12 گرام، نیم کے پتے 5 عدد، زعفران (کیسر) 5 رتی، بطریق معروف گولیاں بنائیں، ایک گولی پوست خشخاش کے ساتھ پانی میں گھس کر پپوٹوں پر لیپ کریں۔ آنکھوں کے گکروں و پانی بہنے کے لیے از حد مفید ہے۔

## عرق گلاب سے آنکھیں روشن:

رسوت 2 تولہ، املی 2 تولہ، اناردانہ 2 تولہ رات کو پانی میں بھگو دیں، صبح صاف کر کے اس میں پھٹکوی بریاں ایک تولہ، افیون 2 ماشہ ملا کر ظرف آہنی میں اس قدر پکائیں، کر غلیظ القوام ہو جائے اس میں سے بقدر 3 ماشہ لے کر عرق گلاب 5 تولہ میں حل کر کے شیشی میں رکھیں 2۔3 قطرے صبح دوپہر شام آنکھوں میں ٹپکائیں۔

## رمد چشم کے لیے پھٹکوی کا نسخہ:

پھٹکوی 3 گرین مقطر، پانی ایک اونس ملا کر رمد چشم میں استعمال کریں۔

## آنکھوں کو ٹھنڈک بخشنے والا سرمہ:

سرمہ سیاہ مدبر 250 گرام، ست پودینہ 2 رتی دونوں کو مثل غبار کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔ آنکھوں کو ٹھنڈک بخشتا ہے۔

## لاجواب سرمہ اصفہانی:

سرمہ اصفہانی تولہ، پتہ چیل ایک عدد، تخم نیل 6 ماشہ، سیماب 6 ماشہ کھرل میں ڈال کر سب کو یکجان کر لیں۔

## نیم کے پتوں کے رس کا نسخہ:

زنگ اوکسائیڈ ایک ماشہ، بورک اکسائیڈ 2 تولہ، سلفیٹ آف کاپر 4 رتی، سرمہ سیاہ 10 تولہ، پھٹکوی 4 رتی، افیون خالص ایک ماشہ، عرق گلاب دو آتشہ میں کھرل کریں، پھر نیم کے پتوں کے رس میں کھرل کریں، جب خشک ہو جائے پارچہ بیز کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں، ایک سلائی صبح ایک دوپہر ایک شام کو آنکھ میں لگائیں۔

## اعلیٰ درجہ کا مقوی نسخہ:

جست شیریں 2 تولہ، لوہے کی کڑچھی لیں ڈال کر کوئلوں کی آگ پر رکھیں، لوہے کی سیخ سے ہلاتے جائیں، نوشادر کی چٹکی ڈالیں، بہت دیر کے بعد جست پھولنا شروع ہوگا۔



جب پھول جائے عرق گلاب میں 2۔3 دن کھرل کر کے رکھیں۔ اعلیٰ درجہ کا مقوی بصر نسخہ ہے، دھند، سرخی، ککرے، چبھن و دیگر امراض چشم میں مفید ہے۔

## آنکھوں کی جملہ بیماریوں کے لیے اکسیر:

سرمہ سیاہ 5 تولہ، سرمہ سفید $2\frac{1}{2}$ تولہ، سرد چینی 6 ماشہ، الائچی سفید کا دانہ 6 ماشہ، شورہ قلمی 6 ماشہ، آرد تخم سرس ایک تولہ، سمندر جھاگ ایک تولہ تمام اشیاء کو ترپھلہ کے کاڑھے میں جو کہ عرق میں پکایا گیا ہو اکیس روز تک گرد و غبار سے بچا کر کھرل کریں، اس کو ململ کے کپڑے سے تین مرتبہ کپڑ چھان کر کے شیشی میں بحفاظت رکھیں، روزانہ ایک ایک سلائی آنکھوں میں لگائیں آنکھوں کی جملہ بیماریوں کے لیے اکسیر ہے، اس کا باقاعدہ استعمال کیا جائے۔

## آنکھوں کے لیے سفید رنگ کا سرمہ:

دھند، غبار سرخی کے لیے اکسیر، نوشادر ڈلیکر ایک تولہ، شورہ قلمی مصفی ایک تولہ، نمک لاہوری مصفی ایک تولہ، پھٹکوی مصفی ایک تولہ ان چاروں اشیاء کو علیحدہ علیحدہ باریک کر کے ایک کوزہ صاف میں ڈال کر ایک سیر پختہ کوئلہ لکڑی میں آگ لگا کر کوئلہ کے اندر کوزہ کو رکھیں، منہ کوزہ کا کھلا رکھیں، جب آگ تمام سرد ہو جائے سب اشیاء کا سفید رنگ کا کشتہ تیار ہوگا، شیشی میں حفاظت سے باریک پیس کر رکھیں، کاک شیشی کا ہرگز نہ کھلنے پائے ورنہ تمام دوائی پانی ہو جاتی ہے، یہ سرد دھند غبار معمولی پھولہ کو اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔

## عینک کی عادت چھڑانے والا نسخہ:

مامیراں چینی ایک ماشہ، کافور بھیم سینی ایک ماشہ، کاجل ایک ماشہ کو آب پیاز میں کھرل کر کے شہد ایک تولہ ملا کر قطرہ قطرہ آنکھوں میں ڈالیں، شب کو بوقت خواب اس کے استعمال سے سرخی چشم، جلن، دھند، جالا، سفیدی، ناخونہ ڈھلکا، ککرے، گوہانجنی، پڑبال وغیرہ امراض بہت جلد رفع ہو جاتے ہیں۔ عینک کی عادت چھڑا دیتا ہے، ضعف بصر، اندھراتا وغیرہ کے لیے بہت مفید ہے۔

## ہر مرض میں اکسیر سرمہ:

مشک کافور ڈلی شورہ قلمی عمدہ ہر ایک 10 تولہ، کشتہ سنکھ جوست لیموں کے ذریعہ کیا ہو، کشتہ یعنی سفید جست ہر ایک 5 تولہ، عرق گلاب دو آتشہ ایک بوتل سحق کریں خشک ہونے پر رکھ دیں، صبح شام آنکھ میں اس طرح لگائیں کہ اول میل کو اپنے لعاب دہن سے ذرا گیلا کر کے سرمہ سے آلودہ کریں اور لگائیں، انشاء اللہ ہر مرض چشم میں اکسیر ثابت ہوگا۔

## سرمہ روح گلاب:

سرمہ سیاہ ایک تولہ، بیج سرس سیاہ ایک تولہ، سفید مرچ ایک تولہ، قلمی شورہ ایک تولہ، ورق طلا 20 عدد روح گلاب 5 تولہ۔ تمام چیزوں کو کھرل میں ڈال کر کھرل کریں اور 20 روز تک روح گلاب ختم کریں جب تمام گلاب ختم ہو جائے تو شیشی میں محفوظ رکھیں۔ رات کو سوتے وقت سلائی آنکھوں میں ڈال کر سو جائے دوسرے روز آپ دیکھیں کہ اس کا کیا اثر ہوا ہے۔ بہت ہی مجرب ہے۔

## آنکھوں کی دھندلاہٹ دور کرنے کا نسخہ

پھٹکری سفید 2 تولہ، قلمی شورہ 2 تولہ، جوکھار 2 تولہ، کافور 3 ماشہ عرق گلاب ایک بوتل۔ تمام ادویات کو علیحدہ علیحدہ باریک کرلیں اور کافور کو پھٹکری سفید میں اچھی طرح ملانے کے بعد باری باری عرق گلاب میں ملاتے جائیں، دوائی تیار ہے۔ نسخہ بظاہر معمولی ہے لیکن فوائد کے لحاظ سے اعلیٰ نسخوں سے افضل و برتر ہے۔ تجربہ شاہد ہے۔

دھندلاہٹ، سرخی، رمد، ناخونہ، سبل وغیرہ کی صورت میں دوائی مذکور ایک حصہ اس میں دو گنا مزید عرق ملا کر دن میں چار پانچ دفعہ ڈراپر کی مدد سے آنکھ میں ڈالیں اور فوائد سے سرشار ہوں۔

## عرق گلاب سے دھند دور:

دھند، جالا، سرمہ سیاہ 2 تولہ، پھول جست $1\frac{1}{2}$ تولہ، زنگار 3 ماشہ، سفیدہ کاشغری



4 ماشہ، کف دریا 4 ماشہ، افیون 3 ماشہ، قلمی شورہ 3 ماشہ، دانہ الائچی 3 ماشہ نصف بوتل عرق گلاب میں کھرل کریں اور استعمال کریں۔

## آنکھوں کی طاقت کا راز

گل منڈی 5 تولہ، نبات سفید 5 تولہ سفوف بنا کر بقدر 9 ماشہ تازہ پانی سے یہ سفوف استعمال کریں، تقویت بصر کے لیے یہ سفوف بہت مفید ہے۔

## آنکھ کی رگیں سرخ ہونا

اس مرض میں آنکھ کی رگیں سرخ اور پھول جاتی ہیں اور آنکھ میں خارش رہتی ہے بس اگر آنسو بہیں تو اس کا نام سبل رطب ہے ورنہ سبل یابس۔

فصد سرور کریں پھر رگ پیشانی کا فصد کریں اور گردن کی پیچھے حجامت کریں اور کانوں کے پیچھے جونکیں لگانا عظیم النفع ہے اور نضج کے بعد تنقیہ حب ایارج سے کریں اور اس مرض میں مطبوخ افتیمون معہ غاریقون بہت مفید ہے غلیظ اور بخار انگیز غذاؤں سے پرہیز کریں۔

## آنکھ کی سُرخی کے لیے مفید نسخہ

آنکھ کی سرخی، جلن اور دھند کے لیے بہت مفید ہے۔ عرق گلاب 2 گرام، بورک ایسڈ 3 گرام سب کو ملا کر حل کرلیں اور ڈراپر سے آنکھ میں ڈالیں۔

## پپوٹوں کی سختی دور

میتھی کے بیج (میتھرے) بھی عام ملنے والی چیز ہے۔ آم کے اچار میں ان کو ڈالتے ہیں۔ اکثر عورتیں گھر میں رکھتی ہیں کہ وقت پر کام لیا جاسکے۔ پپوٹوں کی سختی کو دور کرتے ہیں۔

## آنکھ کے پپوٹے پر پھنسی تحلیل کرنے کا علاج

گوہانجنی یا انجن ہاری ایک قسم کی تکلیف دہ پھنسی ہے جو آنکھ کے پپوٹے پر نکل

آتی ہے۔ گاہے اس سے بخار بھی ہو جاتا ہے۔

اس کا علاج یہ ہے کہ گیہوں کے پانچ سات دانے نہار منہ چبانا شروع کریں۔ جب دانتوں میں خوب پس جائیں تو گوہانجنی پر باندھ دیں۔ انشاء اللہ تین بار لگانے سے یہ پھنسی تحلیل ہو جائے گی اور دوبارہ پھنسی نہیں نکلے گی۔

## آنکھ کے ککرے

رسوت 6 ماشہ، پھٹکڑی بریاں 6 ماشہ، سوہاگہ بریاں 2 ماشہ، افیم 6 رتی سنوف ہلیلہ زرد 3 ماشہ، آدھ پاؤ عرق گلاب میں بھگو چھوڑیں اور نتھار لیں، دن میں چار دفعہ چار قطرے آنکھ میں ٹپکائیں۔

## خالص شہد سے نئے ککرے تحلیل

خالص شہد کو سلائی سے لگانا آنکھ کے بہت سے امراض میں مفید ہے۔ اس سے خفیف اور تازہ پھولا بھی کٹ جاتا ہے اور نئے ککرے بھی تحلیل ہو جاتے ہیں۔

## انڈے کی سفیدی سے پرانے ککرے تحلیل

انڈے کی سفیدی میں ذرا سی پسی ہوئی ہلدی ملا کر پپوٹوں پر لیپ کریں۔ اس سے پرانے ککرے بھی تحلیل ہو جاتے ہیں۔

## آنکھوں کے پھولا کے لیے

شب یمانی 3 تولہ، نیلا تھوتھا 2 تولہ، رسوت مصفّٰی 5 تولہ، عرق لیموں کاغذی 20 تولہ میں ایک شب تر کر کے صبح حل کر کے پارچہ بیز کریں اور ظرف آہنی میں پکائیں۔ جب گاڑھا ہو جائے اتار لیں، سرد ہو جانے پر شیاف بنا رکھیں، ہر روز صبح چند قطرے پانی میں حل کر کے سلائی سے آنکھوں میں لگائیں، پھولے، جالے وغیرہ امراض چشم میں نہایت مفید دوا ہے، ہزار ہا پھولوں والوں کو اس سے صحت کلی ہوگئی۔



## آنکھوں کا جالا پھولا

دریائی ناریل، توتیا گجراتی، سمندر جھاگ، پھٹکڑی ہر ایک ایک ماشہ، ناخن فیل 3 ماشہ سرمہ بنالیں، شیشی میں رکھ لیں۔ بہت ہی مفید ثابت ہوا۔ عرصہ کا جالا پھولا ایک ماہ میں کٹ جاتا ہے۔

## پھولا کاٹنے کی دوسری دوا

ارہر ایک مشہور غلہ ہے جس کی دال پکا کے کھاتے ہیں۔ کماد اور کپاس کاشت کرتے وقت کسان اس کو کھیتوں کے کنارے کنارے بو دیتے ہیں۔ اس کی پرانی جڑ مل جائے تو اسے لعاب دہن میں گھس کر سلائی سے لگاتے رہیں تو پھولا کٹ جاتا ہے۔

## پھولے کی عجیب دوا

کبوتر کی بیٹ کی سفیدی لے لیں اور بہت باریک کر کے ایک رتی بھر پھولے کے اوپر دھوڑ دیں۔ دن میں تین بار ڈالا کریں۔ باندھنے کی ضرورت نہیں۔ صرف آنکھیں بند کر کے پندرہ بیس منٹ پڑے رہیں اور چند روز ذرا صبر سے دوا ڈالتے رہیں۔ خدا چاہے تو پھولا کٹ جائے گا۔ بہت مجرب دوا ہے۔

## بینگن کی تازہ جڑ کا نسخہ

بینگن جسے بتاؤں کہتے ہیں ایک مشہور سبزی ہے۔ اگر اس کی تازہ جڑ پانی میں گھس کر آنکھوں میں لگائیں۔ تو پھولا کاٹ دیتی ہے۔

## پھولا کا گلاب سے علاج:

افیون مدبر، رسونت مصفی، پھٹکڑی سفید ہر ایک دس دس گرام، مصری 55 گرام کانسی کے برتن میں گلاب کے ساتھ گھس کر قدرے آنکھ میں ٹپکائیں۔

## آنکھ کا پھولا غائب

نوشادر ایک تولہ ایلوا، سیندھا نمک ایک ایک تولہ، سرمہ سیاہ تین تولہ سب کو کھرل

کرکے شیشی میں محفوظ رکھیں اور سلائی سے صبح وشام پھولا پر لگائیں۔ چند روز میں پھولا رفع ہو جائے گا۔ بشرطیکہ چوٹ یا چیچک کی وجہ سے نہ ہو۔

## چیچک کا پھولا قطع

کہتے ہیں اگر اسے گھوڑے کے لعاب دہن یا روزہ دار کے تھوک میں حل کرکے استعمال کیا جائے تو بیاض، غلیظ حتیٰ کہ چیچک کا پھولا بھی قطع ہو جاتا ہے۔

## آنکھ کا آبلہ زائل

اگر آنکھ کا آبلہ نکل آئے تو ہلدی کی عمدہ گرہ پانی یا تھوک میں گھس کر سلائی سے لگاتے رہیں۔ خدا چاہے تو زائل ہو جائے گا۔

## لیپ برائے آشوب چشم

انار دانہ ترش تولہ، ہلدی پٹنہ $2\frac{1}{2}$ تولہ، پوست خشخاش سفید تولہ، شب یمانی تولہ برگ نیم خشک تولہ، سونف اصلی 5 تولہ، پانی سادہ مصفی 30 تولہ سب اجزاء کوزدہ کوب کرکے پانی میں چار روز بھگوئیں بعد اس کے جوش دے کر ایک حصہ جلائیں۔ نیچے اُتار کر سرد کرکے اچھی طرح چھان مل کر تیار شدہ جوشاندہ آگ پر رکھیں گاڑھا ہونے پر محفوظ کرلیں۔ بوقت ضرورت آنکھ کی پلکیں اُلٹا کر لگائیں یا اُوپر ہی لیپ کریں آہستہ آہستہ آنکھیں کھولیں یومیہ 2 دفعہ کریں، انشاءاللہ چند دنوں میں صحت ہو جائے گی۔

## دکھتی آنکھوں کا معجزہ نما علاج

اگر سیدھی آنکھ میں کھٹک اور درد ہو تو بائیں پاؤں کے ناخن میں اور اگر بائیں آنکھ میں کھٹک ہو تو دائیں پاؤں کے ناخن میں آک کا دودھ بھر دیں نہایت مجرب ہے۔

## ہرا دھنیا اور دُکھتی آنکھ

آنکھیں دکھنے آ جائیں تو شروع ہی میں ہرے دھنیے کا پانی دو دو چار چار قطرے



آنکھوں میں ڈالتے رہیں اور اسی کو آنکھوں پر لگاتے رہیں۔ بہتر ہے کہ اس پانی میں کپڑا تر کرکے بار بار رکھیں۔ اس سے سرخی، جلن، درد، کھٹک، ٹیس، چبھن وغیرہ کو ایک ہی روز میں آرام ہو جاتا ہے۔ بہت آزمودہ علاج ہے۔

## آنکھ سے پانی بہنا

21 عدد روزانہ وقت صبح مغز بادام ویسے ہی چبا لیا کریں تھوڑے روز کے استعمال سے پانی آنا بالکل بند ہو جاتا ہے۔

### بڑی ہڑ سے بینائی تیز:

بڑی ہڑ کو پانی میں گھس کر سلائی سے آنکھوں میں لگانے سے آنکھوں میں ٹھنڈک پڑتی اور بینائی تیز ہوتی ہے۔ اگر آنکھوں سے پانی بہتا ہو یا ڈھلکا یا آنکھوں میں سرخی ہو تو وہ بھی دور ہو جاتی ہے۔

### مفید آئی لوشن:

ایک صاف شیشی میں آدھ پاؤ تازہ پانی ڈالیے۔ پھر دو ماشہ پھٹکڑی اس میں حل کرلیجیے۔ بس آئی لوشن بن گیا۔ دو دو چار چار قطرے دن میں چند بار آنکھوں میں ڈالتے رہیں۔ اکثر ایک ہی روز میں کافی فائدہ معلوم ہوتا ہے۔ آشوب سرخی، پانی بہنے آنے میں بہت مفید ہے۔ تیار کرکے گھر میں رکھیے۔ بڑا کام دے گا۔

## آنکھ کا درد رفع

نصف لیموں پر سندھور چھڑک کر اس طرف کے پیر کے انگوٹھے پر باندھنا۔ جدھر کی آنکھ میں درد ہو۔ ایک رات میں آنکھ کا درد رفع ہو جاتا ہے۔

## آنکھ دکھنے کے دو علاج

### پھٹکڑی سفید سے علاج:

قبض دُور کریں اور غذا میں کمی کر دیں۔ آنکھوں کو روشنی سے بچائیں، معمولی

تکلیف میں پھٹکوی سفید ایک ماشہ عرق گلاب دو تولہ کو آپس میں گھول کر آنکھوں میں دونوں وقت ڈالا کریں، خوراکی طور پر اطریفل صغیر 9 ماشہ سے ایک تولہ کھلائیں۔ بنا کر استعمال کریں۔ آنکھ دکھنا بند ہو جائے گی۔

## آشوب چشم کے لیے مفید گولیاں:

پھٹکوی بریاں دو تولہ تین ماشہ، رسونت مصفی چار تولہ نو ماشہ، افیون ایک تولہ دو ماشہ، برگ نیم پانچ عدد، زعفران پانچ رتی بطریق گولیاں بنائیں ایک رتی پوست خشخاش کے پانی میں گھس کر پپوٹوں پر لیپ کریں۔ آنکھ کے درد سرخی جالا اور آشوب چشم کے لیے مفید ہے۔

---



باب۔110

# ہسٹیریا

## ہسٹیریا کا علاج

### اعضائے مخصوصہ کے لیے تیل چنبیلی:

خوشبودار چیزیں مثلاً جند بیدستر جاؤشیر لہسن پیاز سنگھانے کے لیے اور خوشبودار چیزیں مثلاً کستوری اور عنبر وغیرہ مناسب مقدار میں تیل چنبیلی میں ملا کر اعضائے مخصوصہ پر ملنے کی ہدایت کریں۔

### ہسٹیریا کے لیے عرق عنبر

اسطوخودوس 20 تولہ، برنجاسف 20 تولہ، مویز منقی 20 تولہ، سنبل الطیب 20 زرا، عشبہ 20 تولہ، افتیمون ولائتی 20 تولہ رات کو 6 سیر آب میں تر کر کے صبح عرق 3 سیر کشید کریں اور قرع کے منہ پر عنبر اشہب کی پوٹلی اثنائے کشید عرق میں اگر عنبر کی توفیق نہ ہو تو 1 ماشہ مرکی صاف باندھ لیں، خوراک 3 سے 5 تولہ تک بینظیر ہے۔

### ہسٹیریا کے لیے تریاق گولیاں

مصبر مدبر، بال چھڑ، پھول بابونہ، جند بیدستر، ہینگ ہموزن باریک پیس کر گولیاں بقدر وزن دو رتی ہمراہ لعاب گوند ببول بنائیں۔ ایسی ایک ایک گولی دن رات میں تین بار اٹھ جو کے ساتھ کھلائیں۔

### حب کیسر:

کیسر 3 گرام، جاوتری 3 گرام، جائفل 3 گرام، پیپلی 6 گرام، ادرک 12

گرام، اسگندھ ناگوری 12 گرام سب کو پیس کر پانچ عدد پان کے پتے پیس کر ملائیں اور گولیاں بقدر نخود بنائیں۔ ایک گولی پان میں رکھ کر کھلائیں۔

## کستوری خالص سے تیار گولیاں:

جند بیدستر، عود صلیب، کستوری خالص ہموزن لے کر مرچ سیاہ کے برابر گولیاں بنائیں۔ ایک گولی ہمراہ عرق سونف دیں۔

## ہسٹیریا کے لیے جوشاندہ

دورے کے وقت نوشادر 3 گرام، چونا 3 گرام ملا کر سنگھائیں۔ اگر ایام کی تکلیف ہو تو مشکطرامشیع، پرسیاؤشاں ہر ایک 5 گرام، سونف 9 گرام، مصری 30 گرام کا جوشاندہ بنا کر پلائیں۔ سائنٹیفک نسخہ ہے۔

## ہسٹیریا کے لیے سفوف

ہینگ تین تولہ، نمک طعام۔ نمک دریا۔ نمک سونچل، سونٹھ، فلفل دراز ہر ایک ایک تولہ تمام ادویات کو باریک پیس کر آدھ سیر رس لیموں میں کھرل کر کے سفوف بنالیں 3 ماشہ صبح اور 3 ماشہ تیسرے پہر کو پانی تازہ کے ساتھ دیا کریں۔ بہت مجرب اور زود اثر نسخہ ہے۔

## موم کی ٹکیوں کا چٹکلہ:

موم کی دو چھوٹی ٹکیاں بنا کر قدرے گرم کر کے دائی کے ذریعہ رحم میں رکھی جائیں اور اس طرح دو تین بار عمل کیا جائے۔

## ہسٹیریا کے لیے جوشاندہ کا عجیب الاثر نسخہ

امراض رحم میں دار چینی بھی عظیم النفع ہے۔ چنانچہ اس کو کوٹ چھان کر شہد یا ماء العسل کے ہمراہ پھانکنا یا اس کا جوشاندہ پینا اختناق الرحم میں عجیب الاثر ہے۔



## ہسٹیریا کے لیے چیدہ چیدہ دوائیں

**اکسیر جدوار:**

جدوار 500 ملی گرام، عود صلیب ایک گرام باریک سفوف بنالیں۔ 2-2 رتی دن میں دو بار لیں۔

**کرشماتی نسخہ:**

دھنیا 12 گرام، اسرول 4 گرام باریک سفوف بنالیں۔ 3 گرام پانی کے ساتھ سوتے وقت لیں۔

**سنگھانے کا نسخہ:**

نوشادر، چونا ہر ایک 2 گرام اچھی طرح ملا کر محفوظ کر لیں۔ دورہ کے وقت مریضہ کو سنگھائیں۔

**ٹوٹکہ:**

ہینگ، پیاز، کافور یا جند بیدستر کا سنگھانا بھی مفید ہے۔ منہ پر پانی چھڑکنا بھی بیہوشی کو دور کرتا ہے۔

## زود اثر مرکبات

1. ترص حلتیت 2 قرص پانی کے ساتھ سوتے وقت لیں۔
2. خمیرہ گاؤزبان عنبری، جدوار عود صلیب والا 6 گرام سوتے وقت لیں۔
3. معجون نجاح 7 گرام سوتے وقت لیں۔
4. تریاق اربعہ 3 گرام سوتے وقت لیں۔

## ہسٹیریا کے لیے چھوٹی چندن کا سفوف

چھوٹی چندن (اسرول) بوٹی ایک تولہ، کالی مرچ ایک تولہ ہر دو کوٹ پیس کر

سفوف بنالیں، خوراک $\frac{1}{2}$ سے ایک ماشہ، صبح وشام پانی سے دیں۔ ہسٹیریا کے لیے نہایت مفید ہے۔

## ہسٹیریا کے لیے زعفرانی گولیاں

زعفران، جاوتری ہر ایک تین ماشہ، فلفل دراز، جائفل ہر ایک چھ ماشہ، ادرک ایک تولہ، اسگندھ 6 ماشہ، برگ پان 6 عدد سب کو پیس کر دانہ مونگ کے برابر گولیاں تیار کریں، ایک ایک گولی پان میں رکھ کر دن میں دو بار دیا کریں۔

### ہیراہینگ سے علاج:

ہیراہینگ ایک ماشہ، دونوں وقت مریضہ کو کھلائیں اور گلے میں باندھیں۔ مفید ہے۔

### عطر گلاب ہسٹیریا کے لیے مفید:

عطر گلاب کا شافہ کرانا اس مرض کے لیے نہایت مفید ہے۔ بیرونی طور پر استعمال کیا جائے۔

## معجون ہسٹیریا

مروارید ناسفتہ، مرجان، کہربا، درونج، ابریشم مقرض، زرنجور، بہمن سفید، بہمن سرخ ہر ایک سات ماشہ، لونگ تین ماشہ، سنبل الطیب، دانہ الائچی خورد، دارچینی، جند بیدستر ہر ایک $3\frac{1}{2}$ ماشہ، طباشیر، مصطگی رومی، صندل سفید، صندل سرخ، دھنیا خشک ہر ایک سات ماشہ، عنبر اشہب 3 ماشہ، کستوری 2 ماشہ، مصری دیسی 16 تولہ، شہد خالص 17 تولہ بطریق معروف معجون تیار کریں۔ دو ماشہ سے تین ماشہ ہمراہ عرق گلاب و گاؤزبان استعمال کریں۔ یہ معجون مرگی، ہسٹیریا اور کمزوری دل کے لیے نہایت مفید ہے۔

### بال چھڑ سے ہسٹیریا کا علاج:

سنبل الطیب (بال چھڑ) جسے طب جدید میں ویلیرین (Valerin) کہتے ہیں



دو درام لے کر دس اونس پانی میں ایک گھنٹہ تک ہلکی آگ پر پکائیں، پھر چھان لیں، خوراک دو تولہ صبح وشام دیں۔

### صلیبی وار:

جدوار ایک ماشہ، عود صلیب ایک ماشہ باریک پیس کر خمیرہ گاؤزبان میں ملا کر روزانہ دیں۔

## ہسٹیریا کا ایک اور علاج

ہینگ ایک ماشہ، پھول بابونہ ایک ماشہ، بال چھڑ ایک ماشہ، ملٹھی شدہ ایک تولہ سب کو باریک پیس کر چنے کے برابر گولیاں بنالیں، خوراک ایک گولی صبح اور دو پہر کو دیں۔

### ہینگ خالص سے تیار گولیاں:

جند بیدستر 7 ماشہ، ہینگ خالص، کستوری، عود صلیب ہر ایک $4\frac{1}{2}$ ماشہ، عرق سونف سے گولیاں بقدر دانہ ماش بنا کر دو گولی روزانہ صبح کے وقت پانی سے کھلائیں۔

—❖❖❖—

باب۔111

# آگ یا گرم پانی سے جل جانا

## جلی ہوئی جگہ کا علاج

**لگانے کے لیے مفید مرہم:**

لائم واٹر (چونے کا پانی) دس تولہ، تلوں کا تیل تین تولہ دونوں کو ملا کر کھرل کر لیں سفید مرہم بن جائے گی، جلے ہوئے مقام پر لگانے کے لیے از حد مفید ہے۔

**زخموں کے لیے مرہم:**

لائم واٹر پانچ تولہ، روغن زیتون پانچ تولہ دونوں کو آپس میں ملا کر کھرل کر لیں اور مرہم بن جانے پر زخموں پر لگائیں، نہایت مفید ہے۔

**جلے زخموں کے لیے مفید:**

2 چٹکی کافور، سفیدی بیضہ مرغ ہر دو کو ملا کر جلے ہوئے مقام پر لگائیں، گرم تیل، بجلی اور آگ سے جلے زخموں کے لیے نہایت مفید ہے۔

**مرہم آرام جان:**

آگ یا بارود، کھولتے پانی یا تیل وغیرہ سے جل جائے، چمڑہ جل کر گوشت نکل آئے، خواہ کیسی ہی ردی حالت ہو، مریض کیسا ہی تڑپ رہا ہو۔ اس دوا کے لگاتے ہی فوراً ٹھنڈک پڑ جاتی ہے۔

**زخم کے لیے مفید نسخہ:**

رال سفید چار تولہ، تیل سرسوں تین تولہ، دانہ الائچی خورد ایک ماشہ، سیندور چھ



ماشہ، روغن کے سوا باقی اشیاء کو الگ الگ خوب پیس لیں، پھر ایک بڑے برتن میں رال ڈال کر انگلی سے زور زور سے ہلائیں، بعد ازاں ان میں ایک پاؤ پانی ڈال کر خوب ہلائیں، اب رال پھول جائے گی۔ برتن اوندھا کر کے یہ پانی نکال دیں، جب تک رال پھولتی رہے، اسی طرح پانی بدلتے رہیں، دس پندرہ دفعہ پانی نکالنا پڑے گا۔ اب پانی اچھی طرح نچوڑ دیں اور سفوف الائچی و سیندور ملا کر اچھی طرح حل کریں اور بطور مرہم کے لگائیں۔ اگر زیادہ ردی حالت ہو تو باریک کپڑے پر لگا کر آہستہ سے زخم پر چمٹا دیں، صبح و شام دونوں وقت لگائیں، نہایت آسان و مفید نسخہ ہے۔

**تیل ناریل سے جلد آرام:**

تیل ناریل میں چونے کا پانی بقدر ضرورت ملا کر پھینٹیں اور کافور کی تھوڑی سی مقدار شامل کر کے چینی کے پیالے میں رکھیں دن میں دو بار زخم پر لگائیں، جلد آرام آ جائے گا۔

**دھوپ سفید کا سفوف:**

دھوپ سفید (رال) کو باریک پیس کر سفوف کر کے گائے کے مکھن (سو بار پانی سے دھویا ہوا) میں ملا کر رکھیں، دو یا تین بار کا استعمال کافی ہے۔

**مرہم......سفیدی بیضہ مرغ:**

سفیدی بیضہ مرغ (مرغ کے انڈے کی سفیدی) تیل ناریل، سفیدہ کاشغری، ہر سہ کا مرہم بنا کر جلے ہوئے مقام پر لگائیں، فوراً آرام ملے گا۔

**گھیکوار بوٹی کے گودہ سے جلن بند**

جلے ہوئے مقام پر فوراً ہی گھیکوار بوٹی کا گودہ مل دیا جائے تو جلن اُسی وقت بند ہو جائے گی، چھالے وغیرہ پڑنا یا زخم بننے کا خطرہ نہیں رہے گا۔

## آلو کا محلول مجرب

☆ آلو کو محلول کر جلی ہوئی جگہ پر لگا دیں۔ فوراً آرام ہو جائے گا۔ مجرب ہے۔

☆ مسور کو جلا کر باریک کریں اور گائے کے گھی میں حل کر کے جلی ہوئی جگہ پر لگایا کریں۔ بہت فائدہ پہنچے گا۔

## آگ سے جلے کا علاج

کیلے کے نازک ملائم پتوں پر کیسٹر آئل چھڑک کر آگ کے جلے حصہ پر اور پھپھولوں کا پانی نکال کر فوراً ان پتوں کو رکھ کر نرمی سے پٹی باندھ دیں آگ اور ابلتے پانی یا دودھ وغیرہ کے زخم جلد ہی مندمل ہو جاتے ہیں۔ درد اور جلن کو فوراً آرام ہو کر ٹھنڈک محسوس ہونے لگتی ہے۔

جست پھلا ہوا 50 گرام، تیل السی 200 گرام، کافور 10 گرام، رال 60 گرام، سفید موم 50 گرام۔ مقام ماؤف پر لگانا چاہیے۔ آگ سے جلے مقام پر لگانے کے لیے بے نظیر مرہم ہے، جلن کو دور کر کے زخم کو جلد بھر دیتی ہے۔ عام زخموں کے لیے بھی ہے۔

## جل جانے کے علاج کے لیے چیدہ چیدہ نسخے

### ناریل کے تیل کا نسخہ:

چونے کا پانی، ناریل کا تیل ہموزن دونوں کو ملا کر اتنا پھینٹیں کہ سفید ہو جائے۔ جلے ہوئے حصہ پر لگائیں۔

### جلے ہوئے حصہ کے لیے آلو کا استعمال:

آلو بقدر ضرورت پیس کر جلے ہوئے حصہ پر لگائیں۔

### انار کے پتوں کا لیپ:

انار کے پتے بقدر ضرورت پانی میں پیس کر لیپ بنالیں۔ جلے ہوئے حصہ پر لگائیں۔



### املی کی چھال کا سفوف:

املی کی چھال جلا کر باریک سفوف بنالیں۔ جلے ہوئے حصہ پر سفوف چھڑک دیں اور اس پر تل کا تیل ٹپکائیں۔

### شکر کے شیرے کا نسخہ:

شکر بقدر ضرورت شکر کو پانی میں جوش دے کر شیرہ بنالیں۔ ٹھنڈا ہونے پر جلے ہوئے حصہ پر لگائیں۔

### انڈے کی سفیدی سے علاج:

انڈے کی سفیدی جلے ہوئے حصہ پر لگائیں۔

### جلے ہوئے حصہ کے لیے کافور کا سفوف:

رال سفید 60 گرام، تل کا تیل 500 ملی لیٹر، کتھہ 12 گرام، کافور 6 گرام، رال کا باریک سفوف بنائیں اور تیل میں ملا کر تھوڑا تھوڑا سا پانی ملاتے جائیں اور اتنا رگڑیں کہ سفید ہو جائے۔ پھر کتھہ اور کافور کا سفوف اچھی طرح ملا کر شیشی میں رکھ لیں۔ جلے ہوئے حصہ پر لگائیں۔

باب۔112

# جنون

## جنون کے لیے مشہور بوٹی

چھوٹی چندن (اسرول) ایک مشہور بوٹی ہے۔کو سایہ میں خشک کرکے سفوف بنا لیا جائے۔صبح وشام بمقدار چار رتی دو بار ہمراہ پانی دیں۔

جنون کے لیے نہایت ہی مفید اثر پائی گئی ہے۔

## جنون کے لیے معجون کا نسخہ

شاہترہ، دانہ الائچی خورد، سلیخہ، مصطگی ہر ایک یک درم، گل سرخ، ملٹھی مقشر ہر واحد 9 ماشہ، ہلیلہ سیاہ، پوست بلیلہ، پوست آملہ، ہر واحد 18 ماشہ، پوست ہلیلہ زرد، تربد سفید، تراشیدہ ہر واحد 9 ماشہ، باروغن بادام ایک تولہ، چرب کردہ بسفائج، گل گاؤزبان، بادرنجبویہ، اسطوخودوس ہر ایک 3 ماشہ، بعد شامل کردہ در سہ چند عسل کف گرفتہ معجون ساختہ بدارند، 9 ماشہ تا ایک تولہ۔بارہا کا مجرب نسخہ ہے۔

## دوا جنون اکسیر بے نظیر

پھٹکری لوہے کے توے پر رکھ کر پھول کر لیجئے اور اس کا باریک سفوف تیار کیجئے۔یہ ہے اکسیر جنون! ترکیب استعمال یہ ہے کہ ایک ماشہ سفوف ایک چھٹانک مکھن میں رکھ کر صبح نہار منہ مریض کو کھلا دیجئے۔شام کے چار پانچ بجے پھر اسی قدر دوا اتنے ہی مکھن میں رکھ کر کھلایئے اور ایک ہفتہ اسی مقدار سے کھلاتے رہیے، دوسرے ہفتے دو ماشہ پھٹکری کا سفوف دو چھٹانک مکھن میں کھلائیں اور صبح وشام اس پر عمل کرائیں۔تیسرے ہفتے 3 ماشہ سفوف 3 چھٹانک مکھن میں صبح وشام دیں اور چوتھے ہفتے چار ماشہ سفوف 4



چھٹانک مکھن میں کھلانا شروع کریں۔جب چار ہفتے پورے ہو جائیں تو چھوڑ دیں۔ دوران استعمال میں کوئی مسہل ہرگز نہ دیں۔ہاں! دودھ، مکھن گھی، ملائی، آش جو، تازہ پھل اور ترکاریاں بقدر ہضم ضرور دیں۔یہ دوا جنون میں بہت بے نظیر ہے۔اللہ کی مہربانی سے مریض کامل طور پر شفایاب ہو جائے گا۔

باب۔113

# قولنج

## قولنج کے علاج کے تین نسخے

### قولنج صفراوی کا لاجواب نسخہ:

قولنج صفراوی میں اگر طبیعت قے کی طرف مائل ہو تو قے کے لیے گرم پانی میں لیموں نچوڑ کر پلائیں۔ اس کے بعد عرق مکو پانچ تولہ، عرق کاسنی پانچ تولہ، شربت بزوری معتدل تین تولہ ملا کر پلائیں، اس کے بعد جگر کو اصلاح کرنے والی ادویات دیں۔ مقام درد پر سینک دیں یا مونگ کا آٹا آدھ پاؤ عرق سونف میں گوندھ کر تخم سویہ چھ ماشہ، ہینگ تین ماشہ، اجوائن چھ ماشہ ملا کر ٹکیہ پکائیں، جس کی ایک طرف کچی رہے۔ اس پر روغن گل ایک تولہ چپڑ کر گرم گرم باندھیں۔

### قولنج کے لیے سوڈا خوردنی کی دوا:

ہینگ، بھنگ، اجوائن، سونٹھ، نوشادر ڈلی، سوڈا خوردنی، نمک خوردنی سب کو سفوف بنا کر ایک ماشہ کی پھنکی ہر ایک گھنٹہ کے بعد استعمال کریں۔

### قولنج کے لیے پانچ زود اثر مرکبات:

کیسٹر آئیل پانچ تولہ میں لیموں کاغذی کا رس نصف عدد ملا کر پلائیں۔

جوارش کمونی تین ماشہ صبح و شام کھلائیں۔

کشتہ بارہ سنگا جو آک کے دودھ کی مدد سے بنایا گیا ہو۔ اس مرض میں بھی ایک سے دو رتی دن میں دو یا تین بار دیں۔



ہینگ بقدر ضرورت سفوف بنا لیں، 125 ملی گرام ہلکے گرم پانی سے لیں یا قرص حلتیت (ہینگ) دو گولی دن میں دو بار دیں۔

اطریفل زمانی 9 ماشہ سے ایک تولہ تک ہمراہ عرق گاؤزبان بارہ تولہ استعمال کرائیں۔

### مویز منقی سے علاج:

سویا ایک ماشہ، سونف ایک ماشہ، دھنیا خشک ایک ماشہ، مویز منقی دو دانے سب کو پانی میں جوش دے کر شہد سے میٹھا کر کے چمچہ چمچہ پلائیں۔

### ہینگ خالص سے کامیاب علاج:

کیسٹر آئیل پانچ تولہ، آب لیموں کاغذی آدھا عدد، عرق سونف بارہ تولہ میں ملا کر پلائیں بوتل میں گرم پانی ڈال کر پیٹ پر ٹکور کریں۔ ہینگ خالص تین رتی گڑ میں لپیٹ کر اوپر سے نمکین پانی کے چند گھونٹ پی لیں یا گودہ حنظل 5 ماشہ پانی 10 تولہ میں جوش دے کر چھان کر پلانا بھی کامیاب علاج ہے۔

### ناریل کے تیل کا نسخہ:

صابن سن لائٹ بڑے چھوہارے کی گٹھلی کے برابر کاٹ کر تیل تلی یا ناریل کے تیل میں تر کر کے پاخانہ کی جگہ (مقعد گدا) کے اندر بتی کی طرح رکھیں۔

### مقام درد پر روٹی کی ٹکور:

مقام درد پر آرد ماش، سونٹھ 3 ماشہ، نمک خوردنی 3 ماشہ، ہینگ 3 ماشہ کی روٹی کی ٹکور بھی مفید ہے۔

# قولنج کے لیے چیدہ چیدہ نسخے

## ہینگ کے سفوف سے علاج:

ہینگ بقدر ضرورت باریک سفوف بنالیں۔125 ملی گرام ہلکے گرم پانی کے ساتھ لیں۔ ہینگ کو تیل یا سرسوں کے تیل میں ملا کر ارنڈ یا پان کے پتے پر لگائیں اور اس پتے کو تھوڑا گرم کر کے پیٹ پر لگائیں۔

## بھنگرہ کے تازہ پتوں کا رس:

بھنگرہ کے تازہ پتے 12 گرام، نمک ایک گرام 60 ملی لیٹر پانی میں پیس کر چھان لیں۔ دن میں دو بار لیں۔

## کرنجوہ کی گری سے علاج:

کرنجوہ کی گری $\frac{1}{2}$ عدد، کالی مرچ 5 عدد باریک سفوف بنالیں۔ پانی کے ساتھ دن میں ایک یا دو بار لیں۔

## کھانے کے تیل سے قولنج کو افاقہ:

صابن بقدر ضرورت چھوہارے کی گٹھلی کے برابر صابن کاٹ کر کسی کھانے کے تیل سے تر کر لیں۔

ترکیب: اس کو پاخانہ کی جگہ اندر بتی کی طرح رکھیں۔

# قولنج کے لیے جوارش شہریاراں

قولنج کھولتی اور سدوں کو ہٹاتی ہے۔ زنجبیل۔ قرفہ۔ دارچینی۔ قرنفل۔ سلیخہ۔ بار مشک۔ سنبل الطیب۔ دانہ الائچی خورد و کلاں۔ مصطگی رومی۔ ساذج۔ نانخواہ۔ تخم کرفس۔ انیسون ہرایک 6 درم۔ شیطرج۔ زعفران ہرایک 4 درم۔ سقمونیا مشوی۔ تربد موصوف روغن بادام سے چرب کر کے افتیمون۔ حب النیل ہرایک 8 درم۔ بسفائج 5 درم۔ نمک ہندی 3 درم۔ قند سفید 30 درم سہ چند شہد ملا کر معجون بنائیں۔



## قولنج کو کھولنے میں مجرب دوا:

جوارش اُسقف بلغم خام کو امعا اور معدہ سے نکال کر قولنج کے کھولنے میں مجرب ہے۔ تربد سفید مجوف، سقمونیا ہرایک 7 ماشہ، فلفل، زنجبیل ہرایک 4 ماشہ، دارچینی، آملہ مقشر، بسباسہ، مصطگی، جوز بوا ہرایک 2 ماشہ، قند سفید 20 ماشہ کوٹ چھان کر شہد میں معجون بنائیں خوراک ہضم کے واسطے 2 درم اور اسہال کے واسطے 6 درم کھلائیں۔ اس سے بہتر قولنج بلغمی کے لیے کوئی دوسری دوا نہیں ہے۔

# قولنج ریحی کا علاج

مطبوخ مسہل، پوست بیخ بادیان، بیخ کاسنی، بسفائج ہرایک 7 ماشہ، تخم کرفس، درونج ہرایک 5 ماشہ، انجیر 5 عدد، مویز منقی 2 تولہ، تخم قرطم ایک تولہ، صعتر، انیسون ہرایک 4 ماشہ، تربد سفید 9 ماشہ، زنجبیل 3 ماشہ، سنامکی 2 تولہ جوشا کر صاف کر کے مغز خیار شنبر 7 تولہ، گلقند 4 تولہ مل کر پھر صاف کر کے شربت دینار 4 تولہ، روغن بادام 7 ماشہ داخل کر کے دیں اور قولنج ریحی میں معجون کمونی اور حلوائے مغز بیدانجیر نافع ترین ادویہ ہیں۔

# حلوائے مغز تخم بیدانجیر

جو شخص قولنج کا عادی ہو گیا ہو اس حلوا کو ہمیشہ کھایا کرے مغز تخم بیدانجیر ایک پاؤ پیس کر 4 سیر دودھ گائے کا ڈال کر آگ پر کڑاہی میں نرم آنچ سے پکائیں یہاں تک کہ کھویا ہو جائے۔ پھر شکر سفید ملا کر حلوا بنائیں خوراک ایک تولہ اور اگر قدرے زنجبیل کا آٹا بھی ملا لیں تو زیادہ مفید ہو جائے گا۔ اللہ اس بیماری سے نجات دے گا۔

# علاج قولنج صفراوی

صفراء کا تنقیہ کریں اور اگر اخلاط اذعما امعا کی تجویف میں بند ہوں تو سقمونیا اور

حب مصبر دیں اور اگر امعا کی جھلیوں میں بند ہوں تو ایارج فیقرا اور ماء الشعیر پلائیں اور اگر درد کے ساتھ تپ بھی ہو تو مغز خیار شنبر کاسنی سبز کے پانی میں ملا کر پلائیں یا شربت بنفشہ ہمراہ عرق گلاب کے دیں۔ غذا پالک روغن بادام میں پکا کر کھلائیں۔

## قولنج سوداوی میں سفوف لاجورد:

قولنج سوداوی میں اگر مزاج حار ہو تو قولنج بلغمی والا علاج کافی ہے اور اگر حرارت احتراقی مانع استعمال ادویہ حارہ کے ہو تو جو کچھ قولنج صفراوی میں تحریر ہوا استعمال کریں اور نضج مادہ کے بعد سودا کے مسہل سے تنقیہ کریں اور استعمال ماء الجبن کا ہمراہ سفوف لاجورد اور شربت مسہل دیں، مجرب ہے۔

## قولنج مرکب کی مجرب گولیاں

قولنج مرکب کے علاج میں ماء الاصول ہمراہ ایارج کے دیں اور یہ گولی مجرب ہے۔ سکبینج ایک درم، جاوشیر، سقمونیا ہر ایک ثلث درم، ایارج فیقرا نیم درم، جند بیدستر 2 دانگ، سکبینج اور جاوشیر کو گندنا کے پانی میں حل کریں اور دوسری دوائیں باریک کر کے پلائیں اور مثل فلفل کے گولیاں بنائیں اور سایہ میں خشک کر کے 2 درم صبح نہار منہ کھایا کریں اور اوپر سے آب گرم جس میں قدرے روغن بنفشہ ملایا ہو پی لیں۔

ضروری نوٹ: فائدہ یہ قولنج خلط غلیظ اور ریح غلیظ و پاخانہ سے مرکب ہوتی ہے۔ اس کے اعراض شدید ہوتے ہیں جب مستحکم ہو جائے تو فی الفور ہلاک کر دیتا ہے۔ اس لیے علاج میں نہایت چستی درکار ہے۔

## قولنج وبائی کا علاج

قولنج وبائی کی علامت یہ ہے کہ اکثر لوگوں کو عارض ہوتا ہے اس کے ساتھ پیاس



شدید التہاب اور خفقان ہوتا ہے اور کبھی ایک ساعت میں ہلاک کر دیتا ہے۔

علاج نقوع آلو ہمراہ شیر خشت 5 تولہ و خیار شنبر 7 تولہ کے آدھ سیر گائے کے دودھ میں ملا کر پلائیں اور قبض کشائی کے بعد وبا کی تدبیر میں مشغول ہوں۔

## قولنج عرضی

قولنج عرضی جو ورم جگر یا طحال یا حجاب یا گردہ یا مثانہ یا رحم یا سنگ گردہ کی مشارکت سے عارض ہو اس کی علاج میں جو کچھ امراض مذکورہ میں موقع بموقع بیان ہوا استعمال کریں۔

## قولنج کے لیے زود اثر سفوف

اجوائن، سیندھا نمک، ہینگ، ہرڑ، پپلی ہموزن لے کر سفوف بنائیں۔ خوراک بقدر 5 رتی غذا کے بعد کھلائیں۔ قولنج اور سوء ہضم میں مفید ہے۔

## ہاضم اور قولنج میں مفید سفوف:

اجوائن 6 گرام، دانہ الائچی کلاں 12 گرام، مرچ سیاہ 6 گرام، سونٹھ 6 گرام سفوف بنالیں اور بقدر 3 گرام استعمال کریں۔ ہاضم اور قولنج میں مفید ہے۔

## تھوم قولنج کے لیے زبردست طاقت

تھوم میں ہر قسم کے قولنج کو زائل کرنے کی زبردست طاقت ہے۔ اس کا چھلکا اتارلیں اور ایک تولہ لے کر 6 ماشہ نمک کے ہمراہ پانی میں خوب پکائیں۔ پھر مل چھان کر تھوڑا سا گھی ملا کر مریض کو گرما گرم پلائیں۔ پلانے کے تھوڑی دیر بعد خارج ہو جائیں گے۔

## صابون بھی دافع قولنج

صابون بھی دافع قولنج ہے۔ دیسی ہو یا انگریزی۔ ذرا عمدہ قسم کا ہو، اس کا شافہ بنا

کر گھی سے چیڑ کے مقعد میں انگلی سے دبادیں تاکہ دور تک چلا جائے۔ چند منٹ میں اجابت ہو جائے گی۔

### صابن کے حقنہ سے سدے خارج:

صابن کا حقنہ کرنا بھی بے حد مفید ہے۔ چنانچہ دو تین تولہ صابن کو دو سیر پانی میں حل کریں اور نیم گرم انیما کر دیں۔ پانچ دس منٹ میں سدے خارج ہو جائیں گے۔

## کالی مرچ سے قولنج کے دورے ختم

جس شخص کو ہمیشہ قولنج کے دورے پڑتے رہتے ہوں۔ اگر وہ غذا میں ہمیشہ کالی مرچ شامل کر لیا کرے تو وہ اس مہلک و پریشان کن مرض سے محفوظ رہے گا۔ بشرطیکہ ساتھ ہی وہ قابض و دیر ہضم اشیاء سے پرہیز بھی کرے۔ قولنج کے دورے جلد ختم ہو جائیں گے۔



باب۔114

# پیچش

## پیچش کا علاج

### پیٹ کا سدہ خارج کرنے کا جلاب

اگر پیٹ کے اندر سدہ ہو تو اسے خارج کرنے کے لیے تین تولہ کیسٹر آئیل کا جلاب دے کر پھر مندرجہ ذیل نسخوں میں سے کسی ایک کا استعمال کرائیں۔

### سفوف پیچش:

سونف، سونٹھ، ہرڑ کالی، خشخاش ہر ایک پانچ تولہ سفوف کر کے خالص گھی گائے میں چرب کر کے تین ماشہ دن میں تین بار ہمراہ عرق سونف دیں۔

پیچش سدی، غیر سدی، بلغمی و خونی وغیرہ کے لیے از حد مفید ہے۔

### اسبغول کے چھلکے سے پیچش دور:

جب آنتوں میں ورم کی ابتداء ہو، آنتوں میں درد، مروڑ و پیچش شروع ہی ہو، تو اس وقت چھلکا اسبغول چھ ماشہ ہمراہ شربت سادہ دن میں تین بار استعمال کریں، اس کے استعمال سے ایک دن میں ہی پیچش کو آرام آجاتا ہے، بعد میں گرم مصالحہ اور لال مرچ سے پرہیز ضروری ہے۔

### پیچش کا خون بند کرنے کے لیے:

سونف پانچ تولہ، بیل گری ایک تولہ، دھنیا ایک تولہ، مصری تین تولہ سفوف بنائیں،

خوراک چھ ماشہ دن میں تین بار دیں، پیچش کا خون بند کرنے کے لیے بہت مفید ہے۔

## ہر قسم کی پیچش کے لیے مفید سفوف:

سونف پانچ تولہ، بیل گری پانچ تولہ، مصری دس تولہ تمام باریک کر کے سفوف بنائیں، خوراک چھ ماشہ ہمراہ تازہ پانی دیں۔ ہر قسم کی پیچش خصوصاً خونی پیچش کے لیے از حد مفید ہے۔

## شربت انجبار:

اس میں خوبی یہ ہے کہ قبض پیدا نہیں کرتا۔ پوست جڑ انجبار اڑھائی تولہ، آقاقیا ۹ ماشہ، صندل سفید پونے دو تولہ، صندل سرخ پونے دو تولہ سب کو ایک سیر پانی میں رات کو بھگو رکھیں، صبح جوش دیں، جب نصف پانی رہ جائے، تو شکر سفید آدھا سیر ملا کر شربت کے قوام پر لے آئیں، خوراک دو تولہ پانی میں ملا کر پلائیں۔ خون تھوکنے اور خونی دستوں کو روکتا ہے اور حرارت کو تسکین دیتا ہے۔

## شربت حب الآس:

حب الآس ایک پاؤ کو پانی میں آدھا گھنٹہ جوش دے کر چھان لیں، اس میں ڈیڑھ سیر چینی ملا کر دو بوتل شربت تیار کریں۔ خوراک دو تولہ پانی میں ملا کر پلائیں۔ دستوں کو بند کرنے کے لیے بہت مفید ہے۔

بچوں کی پیچش میں مندرجہ ذیل مجربات نہایت مفید ہیں۔ بارہا کا آزمودہ ہیں۔

1۔ چھلکا اسبغول ایک ماشہ، شربت انجبار چھ ماشہ ملا کر چٹائیں۔

2۔ لعاب ریشہ خطمی، لعاب بی دانہ ہر ایک ایک ماشہ نکال کر شربت انجبار یا شربت خشخاش چھ ماشہ ملا کر دن میں دو یا تین بار پلائیں۔

3۔ ریشہ خطمی، تخم کنوچہ، تخم بارتنگ، حب الآس، سونف، پھول گلاب ہر ایک ایک ماشہ، گل قند تین ماشہ پانی میں جوش دے کر پلائیں اور چھلکا اسبغول چار رتی چھڑک کر پلائیں، اگر خون آتا ہو تو جڑ انجبار ایک ماشہ کا اضافہ کریں۔



4۔ سونف، بیل گری، سونٹھ ہر ایک تین ماشہ، مصری پانچ ماشہ سفوف بنائیں پہلے روز ایک ماشہ، دوسرے روز ڈیڑھ ماشہ، تیسرے روز دو ماشہ، بچے کو عمر کے مطابق دیں۔

## سادہ پیچش کے لیے مفید دوا:

ہرڑ سیاہ دس تولہ گھی خالص میں چرب کر کے کوٹ چھان لیں اور چینی دس تولہ ملا کر سفوف بنا لیں، خوراک چھ ہمراہ چھ تولہ برنجی چاول ساٹھی کے پانی سے استعمال کرائیں، بڑوں کی پیچش کے لیے مفید ہے۔

## پیچش دور کرنے کے چیدہ چیدہ نسخے

## بیل گری کے سفوف کا نسخہ:

بیل گری خشک بقدر ضرورت باریک سفوف بنا لیں۔ 3 گرام پانی کے ساتھ دن میں دو بار لیں۔

## سنگجراحت سے پیچش کو آرام:

سنگجراحت، شکر ہموزن باریک سفوف بنا لیں۔ 3 گرام پانی کے ساتھ دن میں دو بار لیں۔

## گلاب کے ہرے پتوں سے علاج:

گلاب کے ہرے پتے 12 گرام 6 ملی لیٹر پانی میں پیس کر چھان لیں۔ دن میں دو بار لیں۔

## چھوٹی ہڑ سے پیچش دور:

ہلیلہ سیاہ خورد، شکر ہموزن ہلیلہ کو گھی میں بھون کر باریک سفوف بنا لیں اور شکر ملا لیں۔ 6 گرام پانی کے ساتھ دن میں دو بار لیں۔

**انار کے پتوں سے تیار نسخہ:**

انار کے پتے 10 عدد 6 ملی لیٹر پانی کے ساتھ پیس کر چھان لیں۔ دن میں دوبار لیں۔

## معجون آملہ مقوی معدہ کا نسخہ

معجون آملہ مقوی معدہ اور اسہال کے لیے نہایت مفید ہے۔ شیرہ آملہ 6 درم۔ گل سرخ 3 درم۔ دانہ قاقلہ۔ سعد کوفی۔ زرشک ہر ایک 2 درم۔ زرنباد۔ سنبل الطیب۔ سکیلہ۔ صمغ عربی ہر ایک ایک درم۔ بیل گری۔ پوست بیرون پستہ ہر ایک ایک درم باریک کرکے سہ چند قند سفید میں قوام کر کے ملائیں۔ معجون آملہ اللہ کی مہربانی سے بہت فائدہ کرے گی۔

## سفوف نشاستہ

نشاستہ۔ صمغ عربی۔ تخم کنوچہ بریاں۔ تخم خرفہ ہر ایک 5 ماشہ۔ گل ارمنی 7 ماشہ۔ اسبغول بریاں ایک تولہ۔ تخم ریحان بریاں۔ تخم حماض ہر ایک 15 ماشہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور کنوچہ و تخم ریحان اور اسبغول کو ثابت ملائیں اور روغن بادام سے چرب کرکے استعمال کریں۔ صفراوی اسہال کے بند کرنے میں بہت مجرب ہے۔

## پیچش کے لیے حب سرخ

حب سرخ معمول مطب حکیم کلو ہیں۔ پچھناک سفید مدبر بہ شیر مادہ گاؤ کالی مرچ۔ فلفل دراز سوہاگہ۔ شنگرف مساوی باریک کرکے لیموں کاغذی کے پانی میں دو روز تک کھرل کریں اور بمقدار دانہ جوار کے گولیاں بنا کر سایہ میں خشک کریں ہیضہ کے لیے ادرک کے پانی سے اور پیچش کے لیے شکر سرخ سے اور اسہال میں افیون کے ساتھ دیں۔ پیچش کے لیے بہت مفید ہے۔

## پیچش کے لیے عجیب الاثر

کتیرا گوند، کتھ گلابی، ہموزن لے کر باریک کرلیں۔ اس میں سے دو ماشہ سفوف



دہی میں ملا کر کھلائیں۔ پیچش کے لیے عجیب الاثر ہے۔ حیاتین بخش ہے۔

## پیچش کے مزید چند نسخے

**سفوف گٹھلی جامن سے آرام:**

سفوف گٹھلی جامن 3 گرام دہی کی لسی کے ساتھ دن میں تین بار دیں، ہر قسم کی پیچش کو آرام آجائے گا۔ سردیوں میں لسی کی بجائے شہد میں ملا کر دیں۔

**پیچش کے لیے مفید:**

ہڑ کالی، مغز سوف، انار دانہ، ہموزن سفوف تیار کریں۔ خوراک چھ گرام ہمراہ تازہ پانی پیچش کے لیے مفید ہے۔

**بیل گری سے تیار خوراک:**

ناگر موتھا، بیل گری، آمیں، اندر جو مساوی وزن سفوف کرکے خوراک ایک گرام ہمراہ شہد دیں۔

**عرق گلاب کا نسخہ:**

کیسٹر آئیل 20 گرام، عرق گلاب 100 گرام، مصری 10 گرام ملا پلائیں۔

**بارتنگ سے پیچش رفع:**

بارتنگ 4 گرام، عرق گلاب 51 گرام، جوش دے کر مصری 30 گرام ملا کر پلائیں۔

## پیچش خونی ہو یا بادی دونوں کے لیے اکسیر نسخہ

گٹھلی آم کی چھلی دور کرکے ایک ماشہ حاصل کریں اور 2 تولہ شوگر آف ملک یا دانہ دار کھانڈ میں کھرل کرکے نگاہ رکھیں اور اگر اس میں سے ایک ماشہ لے کر دو تولہ شوگر آف ملک ملا کر کھرل کریں اور نمبر 2 تیار کرلیں تو اور زیادہ مفید ہو جائے گا، دست ہوں یا پیچش پیٹ

میں درد موجود ہو کڑل پڑ رہے ہوں تین چار خوراک تک کھلائیں، مرض میں خاطر خواہ کامیابی ہوگی۔ پیچش خونی ہو یا بادی ہر دو حالتوں کے لیے اکسیر ہے۔

## تازہ آم چوسنے سے مرض ختم:

مریض صرف آم تازہ ہی چوستے رہیں تو انشاء اللہ نیا ہو یا دیرینہ مرض حتمی طور پر زائل ہو جائے گا۔

## بخار کے ساتھ پیچش کی شکایت

ہلیلہ زنگی کو روغن بادام اگر میسر نہ آسکے تو روغن گاؤ میں بریاں کر کے سفوف بنالیں اور اس کے ہموزن زیرہ سفید پیس کر شامل کر کے نگاہ رکھیں۔

## بواسیر کو روکنے والی گولیاں:

افیون خالص، سہاگہ بریاں، مصطگی رومی، شنگرف ہر ایک 2 ماشہ جملہ دواؤں کو کھرل کر کے پانی سے بقدر دانہ نخود گولیاں بنالیں، ایک گولی صبح اور ایک شام کو ہمراہ 2 تولہ لعاب ریشہ خطمی کے ساتھ دیں، یہ گولیاں اسہال کبدی اور اسہال بواسیر کو روکتی ہیں۔ زحیر صادق کے لیے خاص چیز ہیں۔ اگر سدہ نہ ہو تو اکثر ایک ہی دن میں دور ہو جاتی ہے۔

## کالی دوا پیچش والی

سیماب ایک تولہ، گندھک ایک تولہ، افیون ایک تولہ، اندر جو شیریں ایک تولہ، بیلگری ایک تولہ، سعد کوفی ایک تولہ عقرقرحا ایک تولہ، پہلے گندھک اور سیماب کو کجلی کر کے باقی ادویات باریک اس میں ملا کر خوب کھرل کریں، سب کی سب سیاہ ہو جائیں گی، خوراک دو رتی سے چار رتی تک، دہی آدھ پاؤ میں ملا کر خوراک دہی چاول۔ دوا جلد اثر کرے گی۔

## مسور سالم پیچش میں مفید

سالم مسور پانی میں پکائیں کہ خوب گل جائیں۔ زائد پانی نچوڑ دیں اور مسور میں بقدر ذائقہ نمک ملا کر کھالیں۔ پیچش کو بہت فائدہ ہوتا ہے۔ مکمل فائدہ کے لیے تین بار کھانے



چاہئیں۔

## مرکب عجیب

اول باریک چاول لے کر بھون لیں اور کوٹ پیس کر چھان لیں۔ پھر آم اور جامن کے پوست کا کاڑھا کر کے اس میں ملا کر پلائیں۔ نہایت مجرب ہے۔

## نئی اور پرانی پیچش کے لیے نسخہ

ناگرموتھا، اندر جو، بیل گری، لودھ پٹھانی، گوند سنبل، گلو دھاوا تمام ہموزن لے کر سفوف بنائیں۔ ایک تا تین گرام ہمراہ لسی (چھاچھ) دیں۔ پیچش نئی اور پرانی، اسہال خونی و سادہ اور سنگرہنی کے لیے بہت ہی مفید اور کارآمد ہے۔

## وبائی پیچش کا علاج

اونٹنی کے دودھ کا کھویا بنالیں اور بقدر ایک ماشہ بھر دن میں تین بار دیں آرام ہوگا۔

## خونی پیچش

تخم بارتنگ، تخم کنوچہ، تخم ریحاں، تخم بالنگو ہر ایک 3، 3 ماشہ، کاہو 6 ماشہ، کلفہ 6 ماشہ، صمغ عربی 3 ماشہ، کتیرہ 3 ماشہ، آرد بیخ بھنڈی توری 6 ماشہ، بھوپھلی 6 ماشہ۔ تخموں کو بھون لیں، کوٹنے کی چیزوں کو کوٹ چھان کر سفوف بنا رکھیں۔ بقدر 9 ماشہ ہمراہ لعاب ریشہ خطمی 2 تولہ استعمال کرائیں۔ بہت زود اثر ہے۔

## ہلیلہ زرد سے پیچش دور:

ہلیلہ زرد چھ ماشہ، ہلیلہ سیاہ چھ ماشہ، سونٹھ 6 ماشہ، سونف 6 ماشہ۔ اول ہلیلہ جات گھی میں بھون لیں اور پیس کر ملا لیں اور باقی دونوں چیزوں کو پیس کر ملا لیں بس تیار ہے۔

## خونی پیچش ختم:

گلنار فارسی، صمغ عربی، دارچینی قلمی، بیلگری ہر ایک ایک تولہ سب اشیاء کو کوٹ کر سفوف بنالیں خوراک 3 ماشہ سے 6 ماشہ تک ہے ہر قسم کے خونی پیچش میں نہایت مفید ہے۔

### جامن کی جڑ سے خونی پیچش بند:

جامن کی جڑ کے تے ریشے 3 تولہ کو قدرے کوٹ کر رات کو پانی میں بھگو کر صبح چھان کر پلانا خونی پیچش کو ایک دو دن میں بند کر دیتا ہے۔

## پیچش کے لیے انڈے کی سفیدی کا پانی

انڈے کی سفیدی کا پانی بچہ کی پیچش میں بہت مفید چیز ہے یہ بہت جلد ہضم ہو کر غذائیت بھی دیتا ہے اور مرضوں کو بھی دور کرتا ہے۔ ایک کچے انڈے کی سفیدی لے کر اس کو خوب پھینٹیں، اس کے بعد ڈیڑھ پاؤ پانی (جو پہلے سے اُبال کر ٹھنڈا کیا گیا ہو) ایک برتن میں ڈالیں اور اس میں انڈے کی سفیدی شامل کر کے خوب ہلائیں۔ دونوں چیزیں اچھی طرح مل جائیں گی۔ مزے کے لیے ان میں نمک یا چینی ملائیں اور تھوڑا تھوڑا بچہ کو پلائیں۔ بچے کو پیچش سے جلد آرام آئے گا۔ انشاء اللہ۔

## پرانی پیچش میں مفید عرق

پوست ہلیلہ 10 تولہ، پوست بلیلہ 10 تولہ، آملہ خشک 10 تولہ پانی 2 لٹر میں ایک رات بھگو دیں۔ آئندہ صبح چھان کر صاف بوتل میں ڈال دیں، خوراک جوان کے لیے 5 تولہ دن میں 3، 4 بار پلا دیں۔ خواہ کیسی ہی شدید پیچش ہو، فوراً فائدہ ہوتا ہے۔ پرانی پیچش میں بھی بہت مفید ہے۔

## پیچش کے چند پُر اثر نسخے

1۔ چھلکا اسبغول ایک ماشہ، شربت انجبار چھ ماشہ میں ملا کر چٹائیں۔

2۔ لعاب ریشہ خطمی، لعاب بہی دانہ ہر ایک ایک ماشہ نکال کر شربت انجبار یا شربت خشخاش چھ ماشہ ملا کر چٹایا جائے۔

3۔ سونف، بیل گری، سونٹھ ہر ایک تین ماشہ، مصری پانچ ماشہ سفوف بنائیں، ایک ماشہ کی مقدار عمر کے مطابق دیں۔



باب۔115

# یاد نہ رہنا (نسیان)

## قوت یادداشت تیز

کلونجی کا سفوف 1 تا 2 ماشہ، شہد سے چٹاتے رہنے سے پڑھا یا لکھا یاد رہنے لگ جاتا اور نسیان دور ہو جاتا ہے۔ بھول جانے والے طالب علموں کے لیے بہت مجرب نسخہ ہے۔

### برہمی بوٹی خشک کے سفوف سے دماغ طاقتور:

برہمی بوٹی خشک چار رتی، شنکھا ولی بوٹی چار رتی، ہر دو کا سفوف گھی و کھانڈ ملا کر چٹاتے رہنے سے دماغ طاقتور ہو جاتا اور قوت یادداشت بہت بڑھ جاتی ہے۔ بہت مجرب دوا ہے۔

## نسیان دور

پڑھا لکھا یا اپنی رکھی ہوئی چیز بھول جانا وغیرہ کے لیے سرو کا درخت جو عام باغوں میں پایا جاتا ہے اس کا پھل باریک کر کے بقدر دو ماشہ ہمراہ دودھ گائے دیں۔ چند روز کے استعمال سے نسیان دور ہو جائے گا۔

## لاجواب گولیاں

مروارید ناسفتہ 3 گرام، ست گلو، دانہ الائچی خورد، طباشیر، نیلگوں ہر ایک دس گرام لے کر اعلیٰ قسم کے کھرل میں عرق گلاب و روح کیوڑہ سے کھرل کر لیں۔ گولیاں بقدر دانہ ماش برابر بنا کر ایک گولی ہمراہ دودھ شیر گرم چند روز کھلائیں۔ نسخہ سہل الحصول اور سہل

الترکیب ہے۔ بھول جانے یعنی نسیان کی بیماری میں مفید ہے۔

## نسیان کا توڑ

مریض کو مقوی ادویات دیں۔ دماغ کی خشکی سے ہو تو لبوب سبعہ کی مالش کریں یا روغن بادام ملیں، دماغی ہیجان سے ہو تو مریض کو آرام سے لٹائیں اور برشعشا دورقی ہمراہ عرق گاؤزبان کھلائیں۔ بھول جانے میں مجرب علاج ہے۔



باب۔116

# انتڑیوں کی بیماری

(intes Tinal worms)

## انتڑیوں کے کیڑوں کا علاج

کمیلہ مصفیٰ تین ماشہ، دہی دس تولہ میں ملا کر روزانہ صبح وشام دو روز متواتر کھلائیں، اس کے بعد تیسرے روز کیسٹر آئیل چار تولہ پلائیں اور جب تک ایک دو دست نہ آ جائیں، کوئی غذا نہ کھلائی جائے تا کہ کیڑے نکل جائیں، چند روز کا وقفہ دے کر دوبارہ یہی علاج کریں۔

پیٹ کے کیڑوں پر خرفہ کا ساگ، کریلہ، انار، شفتالو، آڑو، پپیتہ اور شریفہ مہلک اثر کرتے ہیں، اس لیے انہیں غذائی علاج کی صورت میں ضرور استعمال کیا جائے۔ کیڑوں کو دور کرنے کا مجرب علاج ہے۔

### چھلکا انار ترش کا نسخہ:

چھلکا درخت شہتوت چھ تولہ، چھلکا انار ترش دو تولہ دونوں کو پکا کر اُبال کر صاف کر کے پلائیں۔

### بابڑنگ و چینی کا سفوف:

بابڑنگ و چینی ہر ایک چھ ماشہ باریک پیس لیں اور چھ ماشہ کی مقدار میں کھلائیں۔

### کیڑوں کے لیے کامیاب دوا:

کمیلہ مصفی تین ماشہ تھوڑے گڑ میں ملا کر کھلائیں اور اُوپر سے چار تولہ کیسٹر آئیل پلائیں۔ بڑی عمر کے اشخاص کے لیے یہ دوا نہایت ہی کامیاب ہے۔

### چھوٹے بچوں کے لیے گولیوں کا نسخہ:

رسونت مصفی، چاکسو مدبر، ہینگ مدبر، مصبر مدبر ہر ایک ایک ماشہ، مرچ سیاہ آدھا ماشہ، نیم کے پتے پانچ عدد سب کو پیس کر بقدر جوار گولیاں بنائیں، چھوٹے بچوں کو ایک اور بڑوں کو دو گولیاں ہمراہ پانی رات کو کھلائیں۔

### کیڑوں کو نکالنے والا نسخہ:

ہرن کھری بوٹی کا پانی دو تولہ کیڑوں کو نکالنے والا ہے۔ ایک دن میں فائدہ دیتا ہے۔

### کھوپرا سے کیڑے خارج:

گری (کھوپرا) ہفتہ، ڈیڑھ ہفتہ تین تولہ کی مقدار میں کھانے سے کیڑے مر کر خارج ہو جاتے ہیں۔

### نیم مردہ کیڑے خارج کرنے کا نسخہ:

"اطریفل دیدان" نو ماشہ سے ایک تولہ تک تین روز تک استعمال کر کے بعد کوئی ہلکا سا جلاب دیں۔ اس سے نیم مردہ کیڑے خارج ہو جائیں گے۔

### حب دیدان:

افسنتین، کمیلہ، بابڑنگ، نیم کے پتے سبز، پلاس پاپڑا ہر ایک تین ماشہ باریک



پیس کر شفتالو کے پانی میں گوندھ کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں، خوراک ایک گولی صبح اور ایک شام کھلائیں۔

### کریلے کے چھلکے کے سفوف کا نسخہ:

کریلے کا چھلکا 30 گرام، دہی 60 گرام، کریلے کا اوپری چھلکا چھیل کر سکھا لیں، باریک پیس کر دہی میں ملا لیں اور استعمال کریں۔

### انار کی جڑ کا سفوف:

انار کی جڑ کی چھال بوقت ضرورت لے کر سایہ میں سکھا کر سفوف بنائیں، تین ماشہ پانی کے ساتھ سوتے وقت لیں۔

### اخراج دیدان:

کمیلہ مصفی، بابڑنگ، پودینہ خشک، چھلکا ہرڑ زرد، تربد سفید شدہ ہر ایک ایک تولہ کوٹ چھان کر گولیاں بنائیں، خوراک چار سے چھ ماشہ تک رات کو گرم پانی سے کھلائیں، پھر صبح کو کیسٹر آئیل ڈیڑھ تولہ پلائیں، اگر ایک بار یہ عمل کرنے سے مردہ کیڑے پاخانہ کے راستے خارج نہ ہوں تو چار یا پانچ روز کا وقفہ دے کر یہ نسخہ دوبارہ سہ بارہ استعمال کر سکتے ہیں۔

### انتڑیوں کے مرض کے لیے سفوف:

سینڈھا نمک ایک حصہ، اجمود تین حصہ، اجوائن خراسانی دو حصہ، فلفل دراز چار حصہ، سونٹھ پانچ حصہ، ہرڑ زرد 15 حصہ ہر دوا کا سفوف لکھے وزن کے مطابق بنا لیں۔ آٹھ رتی سے چار ماشہ دوا دن میں دو بار کھلائیں۔

## نارنگی کے خشک چھلکے سے کیڑے مردہ

علاج اول تین روز تک مریض کو دودھ میں شکر ملا کر پلاتے رہیں تا کہ تمام کیڑے معدے میں جمع ہو جائیں، چوتھے روز نارنگی کا خشک چھلکا باریک کر کے بقدر چھ ماشہ تازہ پانی سے صبح و شام کھلائیں۔ اس سے تمام کیڑے مر جائیں گے۔ بعد میں کسٹرائل پلائیں کیڑے مردہ خارج ہو جائیں گے۔ انشاءاللہ۔

## آنتوں میں درد

آنتوں میں بار بار مروڑ اٹھنے اور درد و کرب کی شکایت ہو تو اس کی تدبیر یہ ہے کہ باجرہ کی پوٹلی میں باندھ کر توے پر سینک کر ناف کے نیچے اور اس کے پہلوؤں پر ٹکور کریں بحکم خدا آرام ہو جائے گا۔ مروڑ اٹھنے کی شکایت دور ہو جائے گی۔

## آنتوں کا ڈھیلا پن

مریض کو روزانہ صبح کے وقت نہار منہ آم کی سینکی ہوئی گٹھلی کی مینگ کھلایا کریں۔ ایک ہفتہ کے استعمال سے آنتوں کا ڈھیلا پن دور ہو جاتا ہے۔

## انتڑیوں کے کیڑوں کا چیدہ چیدہ علاج

### گروندہ کے اکسیری پتے:

گروندہ کے پتے 12 گرام 6 ملی لیٹر پانی میں پیس کر چھان لیں۔ سوتے وقت لیں۔

### تیار شدہ دواؤں سے مرکب نسخے:

1۔ اطریفل دیدان 6 گرام ہلکے گرم پانی کے ساتھ سوتے وقت لیں۔



قرص دیدان 1 تا 2 قرص پانی کے ساتھ سوتے وقت لیں۔

2۔ حب حلتیث 2 گولیاں پانی کے ساتھ دن میں دو بار بعد غذا لیں۔

3۔

ہدایات: ہضم کی خرابی سے بچیں۔ ایسے بچوں کو مٹی کھانے سے روکیں۔ مٹھائیوں سے پرہیز کریں۔

## انتڑیوں کے کیڑوں کا ایک اور علاج

1۔ ہلدی (سالم) بابڑنگ ہر ایک دو رتی باریک پیس کر شکر ملا کر چٹائیں۔

2۔ رسونت، چاکسو مدبر، ہینگ اصلی ہر ایک دو ماشہ، صبر ایک ماشہ، مرچ سیاہ ½ ماشہ نیم کے پتے 5 عدد سب ادویہ کو پیس کر گولیاں بقدر دانہ جوار بنائیں، چھوٹے بچے کو ایک گولی اور بڑے کو دو یا تین گولیاں رات کے وقت کھلائیں۔

3۔ رسونت، کمیلہ ہر ایک ڈیڑھ ماشہ پانی کے ساتھ دیں۔

✧✧✧

باب۔117

# تلی کی بیماریاں

## تلی کا بڑھ جانے کا علاج

(Enlargement of the spleen)

### دوائے طحال:

مصبر مدبر چھ ماشہ، اجوائن تین ماشہ، نوشادر ڈلی تین ماشہ، گودا گھیکوار تین تولہ، گولیاں بقدر نخود بنائیں۔ ایک گولی صبح وشام ہمراہ تازہ پانی لیں۔ دوا تلی کو دور کرنے کے لیے بہت مجرب ہے۔

### نوشادر محلول کا آزمودہ علاج:

دو تین پتے گھیکوار بوٹی کے لیں اور ان کے درمیان میں شگاف دے کر نوشادر ڈلی بھر دیں اور دھاگے سے باندھ کر دھوپ میں لٹکا دیں، نیچے ایک چینی کا پیالہ رکھ دیں، تا کہ نوشادر کا محلول پیالہ میں آ جائے۔ اس محلول کے تین یا چار قطرے روزانہ بتاشہ میں ڈال کر پانی یا عرق سے نگل لیں، یہ نوشادر گھول بڑھی ہوئی تلی کو تحلیل کرنے میں آسان و بغیر خرچ کے آزمودہ علاج ہے، چند روز کے استعمال سے بڑھی ہوئی تلی کو آرام آ جاتا ہے۔

### عوارضات تلی (طحال)

نوشادر، مصبر مدبر، قلمی شورہ، سوہاگہ ہر ایک ایک تولہ، سرکہ انگوری چار تولہ میں کھرل کر کے گولیاں بقدر نخود بنائیں۔ خوراک ایک گولی صبح وشام ہمراہ تازہ پانی استعمال کریں، تلی کے بڑھ جانے سے جتنے عوارض پیدا ہو گئے ہوں، ان گولیوں کے استعمال سے رفع ہو جاتے ہیں۔



### چٹنی برائے طحال:

مولی اڑھائی تولہ، ارنڈ خربوزہ (پپیتا) اڑھائی تولہ، ادرک سوا تولہ، انجیر زرد سوا تولہ، پودینہ خشک تین ماشہ، کلونجی تین ماشہ، سوہاگہ بریاں تین ماشہ، نوشادر تین ماشہ، مرچ سیاہ تین ماشہ، نمک لاہوری تین ماشہ سب کو سرکہ انگوری میں پیس کر چٹنی تیار کریں اور کھانا کھانے کے بعد تین ماشہ استعمال کریں۔

### اکسیری اجوائن:

اجوائن، گھیکوار کا گودا، اجوائن کو گھیکوار کے گودے میں تر کر کے سکھا لیں، دو گرام دن میں دو بار تازہ پانی سے دیں۔

## تلی بڑھ جانے کے چیدہ چیدہ نسخے

### نوشادر و مولی سے تلی تحلیل:

نوشادر 2 گرام، مولی 25 گرام مولی کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر لیں ان پر نوشادر چھڑک کر رات بھر شبنم میں رکھیں۔ صبح لیں۔

### اکسیری نوشادر:

نوشادر، گھیکوار بقدر ضرورت گھیکوار میں ایک چھوٹا شگاف لگائیں اور اس کو نوشادر سے بھر دیں۔ پھر اس کو باندھ کر اس طرح لٹکا دیں کہ اس سے ٹپکنے والا پانی نیچے ایک برتن میں جمع ہو جائے۔ 10 قطرے 60 ملی لیٹر پانی میں ملا کر دن میں دو تین بار لیں۔

### تلی کی جگہ پر لگانے کے لیے لیپ:

انجیر، سرکہ بقدر ضرورت انجیر کو سرکہ کے ساتھ پیس کر لیپ تیار کر لیں۔ یہ لیپ ایک صاف کپڑے پر پھیلا کر تلی کی جگہ پر لگائیں۔

### تلی تحلیل کرنے کے لیے چند مرکبات کا نسخہ:

1۔ معجون دبید الورد 7 گرام سوتے وقت لیں۔

2۔ دواء المسک معتدل سادہ 6 گرام صبح لیں۔

3۔ حب کبریت 2 گولیاں پانی کے ساتھ دن میں دو بار لیں۔

4۔ ضماد سنبل الطیب تلی کی جگہ پر لگائیں۔

5۔ ضماد جالینوس تلی کی جگہ پر لگائیں۔

### تلی اصلی حالت پر لانے کا سفوف:

مولی کے بیج 3 تولہ، نمک طعام 2 تولہ دونوں کو باریک کر کے سفوف بنالیں اور 4-4 ماشہ صبح وشام آب تازہ سے کھائیں۔ نیز مولی ہی کے بیج پانی میں گھوٹ کر مقام طحال پر لیپ کریں۔ بڑھی ہوئی تلی گھل کر اصلی حالت پر آجائے گی۔

## مزمن طحال

یہ گولیاں پرانے سے پرانے طحال کو بھی دور کر دیتی ہیں۔ انہیں جو آزمائے گا تمام نسخہ جات سے بے نیاز ہو جائے گا۔ پھٹکڑی، نوشادر سہاگہ، لوٹا سجی شورہ ہر ایک ایک تولہ، نائیٹرک ایسڈ یعنی شورہ کا تیزاب دو تولہ پہلے ہر ایک کو الگ الگ باریک پیس کر کسی مٹی کے برتن میں ڈال دیں اور ان ادویات پر چھاچھ (لسی) ڈال دیں اور اوپر سے تیزاب ڈال دیں تمام پکنے لگیں گی۔ اوپر کوئی سرپوش دے کر کھلی جگہ میں رکھ دیں اور پورے اکیس روز کے بعد جو کچھ برتن میں سے نکلے، لے کر خوب ملا کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالیں۔ خوراک ایک گولی بوقت صبح تازہ کنوئیں کے پانی سے دیں۔ چند روز میں ہی پورا فائدہ ہو جائے گا۔

## تلی کی خرابی کا علاج

خوب کلاں مصفا 7 تولہ، ریوند چینی 7 تولہ، شورہ قلمی 7 تولہ، خربق ابیض ایک تولہ سفوف بنا کر قند سفید برابر ملالیں، چالیس دن کے بعد اکسیر کا کام دیتا ہے، خوراک 2 رتی،



ایک دن میں تین خوراک صبح، دوپہر شام دیں۔ تلی خرابی کے لیے بے حد مفید ہے۔

## تلی اصلی حالت پر لانے کے لیے مفید مجربات

### گیہوں کے خمیر سے تلی کو گھٹانا

گیہوں کا خمیر جو بہت ترش اور تعفن کے قریب ہو گیا ہو، تلی کے مقام پر لگاتے رہنا اس کو گھٹاتا اور اس کے سدہ کو نکالتا ہے۔

### کالی مرچ اور طحال:

کالی مرچ کو غذا میں بکثرت استعمال کرنا تلی کے عظم سدہ اور صلابت میں مفید ہے۔

## مولی کھانے سے تلی تحلیل

بکثرت مولیاں کھانے سے بھی تلی تحلیل ہو جاتی ہے۔ اگر انہیں نہار منہ مرچ اور نمک لگا کے کھایا جائے تو بہترین فوائد مرتب ہوتے ہیں۔ آزمودہ علاج ہے۔

❖❖❖

باب۔118

# یرقان

## یرقان کا علاج

مولی کے سبز پتوں کا پانی (پھاڑا ہوا) سات تولہ، شکر سرخ چار تولہ ملا کر روزانہ پلائیں یا کٹھی بوٹی ایک تولہ لے کر ایک پاؤ پانی میں پیس کر روزانہ پلائیں یا کاسنی، جڑ کاسنی، مغز تخم خربوزہ، مغز تخم کھیرا ہر ایک چار ماشہ، مصری دو تولہ پانی میں شامل کر کے رگڑ چھان کر صبح وشام پلائیں۔

## یرقان کے چیدہ چیدہ نسخے

**یرقان کے لیے سفوف کا نسخہ:**

سہاگہ بریاں، شورہ قلمی، نوشادر، پھٹکڑی ہموزن باریک سفوف بنالیں۔ ایک گرام پانی کے ساتھ دن میں دو بار لیں۔

**مہندی کے پتوں سے علاج:**

مہندی کے پتے 12 گرام کچل کر 180 ملی لیٹر پانی میں جوش دے کر چھان لیں صبح لیں۔

**تازہ گلوئے نیم کا لاجواب نسخہ:**

تازہ گلوئے نیم 35 گرام، شہد 12 گرام گلو کو کچل کر 120 ملی لیٹر پانی میں جوش دیں۔ یہاں تک کہ آدھا رہ جائے۔ چھان کر ٹھنڈا ہونے پر شہد ملا لیں۔ دن میں دو بار لیں۔



**نوشادر و مولی کے پانی سے علاج:**

مولی کا پانی 25 ملی لیٹر، نوشادر 250 ملی لیٹر مولی کو کچل کر اس کا پانی نکال لیں اور اس میں نوشادر ملا لیں۔ دن میں دو بار لیں۔

**یرقان کے لیے مرکبات کے زود اثر نسخے:**

اکٹرین 2 صبح 2 شام دیں۔

1۔ شربت کاسنی 25 ملی لیٹر پانی کے ساتھ دن میں دو بار لیں۔

2۔ شربت دینار 25 ملی لیٹر پانی کے ساتھ دن میں دو بار لیں۔

3۔ شربت بزوری معتدل 25 ملی لیٹر پانی کے ساتھ دن میں دو بار لیں۔

4۔ سکنجبین 25 گرام دن میں دو بار لیں۔

## چند نسخوں سے یرقان میں فائدہ

تخم کاسنی، تخم خیارین نیم کوفتہ، تخم خرفہ، مغز کول ڈودھ، زرشک، صندل سفید، کشنیز خشک، گوکھرو نیکوفتہ، گل نیلوفر ہر ایک 5 ماشہ ڈیڑھ پاؤ کھولتے پانی میں رات کو بھگو کر صبح چھان لیں اور سکنجبین بزوری 4 تولہ ملا کر پلائیں، نہایت ہی مفید اور مؤثر ہے چند نسخوں سے ہی یرقان میں فائدہ ہوتا ہے۔

## یرقان زرد کا علاج

یرقان زرد کے لیے مفید و معمول ہے۔

آب کاسنی سبز مروق 4 تولہ، آب مکوے سبز مروق 4 تولہ میں خمیرہ بنفشہ 4 تولہ ملا کر پلائیں اور دوسری مناسب تدبیریں مریض اور مرض کے مطابق کام میں لائیں۔

## یرقان کا موثر علاج

قلمی شورہ 20 گرام، نوشادر 10 گرام، افسنتین 30 گرام، ریوند خطائی 40

گرام تمام ادویات کو کوٹ کر سفوف بنائیں۔ چار رتی صبح اور چار رتی شام ہمراہ آب مکو آب کاسنی، یرقان، کمی خون اور صفراء کے لیے بہت مفید ہے۔ جلد آرام ہو گا۔

## پھٹکڑی سفید یرقان میں مفید

پھٹکڑی سفید حسب ضرورت بریاں کر کے اور پیس کر کپڑ چھان کر لیں۔ ایک چٹکی دوا دہی کے ساتھ کھلائیں۔ یرقان میں نہایت مفید ہے۔

## یرقان کے مزید نسخے

### بحرانی یرقان میں زردی زائل:

بحرانی یرقان میں طبیعت کی امداد کریں اور وہ یہ ہے کہ مریض کو گرم پانی میں بٹھائیں اور سکنجبین سبز کاسنی کے پانی میں ملا کر پلائیں۔ بحران ختم ہونے کے بعد زردی خود بخود زائل ہو جائے گی۔

### حرارت جگر کے لیے:

قرص زرشک صغیر ہمراہ آب کاسنی سبز کے اور شربت بزوری و سکنجبین بزوری نافع ہے جو یرقان کے سب قسموں میں معمول ہے اور یہ شربت حرارت جگر کے لیے نافع اور یرقان کا دافع ہے اور مقوی جگر بھی ہے۔ برادۂ صندل 2 تولہ، زرشک، تخم کاسنی، تخم خیارین ہر ایک ایک تولہ، گل سرخ، الائچی خورد ہر ایک 2 درم، قند سفید نیم رطل شربت بنائیں۔

### جگر کی گرمی کا نافع علاج:

سکنجبین ہمراہ شیرہ کاسنی کے پلائیں اور دوسری تدابیر جو جگر کی گرمی کو نافع ہوں استعمال کریں۔ پانچواں قسم تمام بدن اور تمام رگوں کی گرمی سے ہوتا ہے۔ اس کی علامت بدن کی ملمس گرم اور قبض اور بدن پر خارش کا ہونا اور تمام آثار گرمی کے موجود ہونا۔



### یرقان کے لیے معجون کا نسخہ:

پانچ چھ روز نضج مادہ کے لیے بیخ کاسنی گل بنفشہ، تخم کاسنی، تخم خطمی، گل نیلوفر، گاؤ زبان، گل سرخ سبز کاسنی کے پانی میں رات کو بھگو رکھیں صبح مل کر صاف کر کے پلائیں جب مادہ کا نضج ہو جائے تو مغز خیار شنبر، ترنجبین، گلقند روغن بادام اسی مطبوخ میں اضافہ کر کے دیں اور دوسرے مسہل میں سنا مکی اور تیسرے مسہل میں ریوند خطائی، مویز منقی، مغز خیارین کوٹ کر ملائیں۔ پھر یہ معجون کھلائیں۔ کشنیز مقشر 3 درم، گل سرخ 10 درم، طباشیر ایک درم کوٹ چھان کر شربت سیب میں معجون بنائیں خوراک ایک مثقال۔

## یرقان کی طلسمی مالا

اٹ سٹ بوٹی کی جڑیں نکال کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے بنائیں اور دھاگہ میں ہار کی طرح پرو کر مریض کے گلے میں باندھیں۔ جوں جوں یرقان کم ہوتا جائے گا ہار نیچے سرکتا جائے گا۔

## یرقان کا علاج بغیر دوا

یرقان کے مریض کڑی جو کہ دہی کی لسی میں بیسن گھول کر اور تیل سرسوں کے بگھار سے بنائی گئی ہو۔ صبح و شام ہمراہ روٹی گندم دیں۔ بالکل آرام ہو گا۔ چند روز کھلائیں مجرب ہے۔

———✲✲✲———

باب۔119

# دماغ

## ورم دماغ کا علاج

سر کو اونچا رکھیں اور بال کٹوا دینے چاہئیں۔ مزاج کے مطابق گلاب، سرکہ اور روغن گل میں پارچہ تر کر کے رکھیں، صندل، کافور، گلاب وغیرہ کا لخلخہ سنگھائیں اور مونگ کے آٹے کو شیر گائے میں گوندھیں اور اس کی موٹی روٹی بنا کر توے پر ایک طرف سے پکائیں۔ دوسری کچی طرف کو روغن گل سے چپڑ لیں۔ سر پر روغن گل لگا کر کچی طرف سے روٹی کو سر پر باندھ دیں۔ جب روٹی سرد ہو جائے تو اسے بدل دیں، لیکن روٹی اتنی گرم نہ ہو کہ سر جل جائے، رفع قبض کے لیے حقنہ کریں۔ پاؤں کی ہتھیلیوں کو گیہوں کی بھوسی کو کپڑے میں باندھ کر سہلانا چاہیے۔ دماغ کا ورم جلد تحلیل ہونا شروع ہو جائے گا۔ انشاءاللہ۔

## حریرہ بادام برائے ضعف دماغ

مغز بادام 11 عدد، مغز کدو 7 ماشہ، مغز تربوز 7 ماشہ، الائچی سبز 3 ماشہ، نشاستہ 3 ماشہ، خشخاش 7 ماشہ دودھ پاؤ بھر میں شیرہ نکال کر 2 تولہ گھی کا داغ دے کر مصری 2 تولہ ڈال کر پئیں۔ گرم کر کے پلائیں۔

## پیپل کی کونپلوں سے ضعف دماغ کا علاج

پیپل کی دس عدد کونپلیں، دودھ آدھ سیر میں جوش دے کر دودھ نوش کرنے یا اس کے نازک پتے سائے میں خشک کر کے بقدر چار ماشہ چائے کی طرح پکا کر دودھ اور کھانڈ ملا کر پینے سے ضعف دماغ دور ہو جاتا ہے۔ چند روز استعمال کریں۔ بڑا آزمودہ نسخہ ہے۔



## مقوی دماغ

مغز خندق 11 عدد، مغز بادام 11 عدد، کالی مرچ 3 عدد، صبح کو خوب چبا کر کھایا جائے اوپر سے دودھ پی لیا جائے۔

باب 120

# پیٹ کا درد

## اکسیری دارچینی

دارچینی بھی سردی اور بلغم سے عارض ہونے والے درد شکم میں زوداثر ہے چاہے اسے جوشاندہ کے طور پئیں۔ یا سفوف بنا کر گرم پانی سے پھانکیں۔ ہر طرح مفید و موثر ہے۔ نیز اس کو پانی میں پیس کر ذرا گرم کر کے پیٹ پر ضماد کرتے رہنا بھی درد کو دور کرنے والا ہے۔

خصوصی نوٹ: جدید ترین ریسرچ میں یہ سامنے آیا ہے کہ دارچینی ذیابیطس کے لیے تیر بہدف ہے۔

## اجوائن پیٹ درد کے لیے مفید

اجوائن ہر حالت میں مسکن درد ہے۔ اس کو سالم ہی گرم یا سرد پانی سے یا نمک کے ساتھ پیس کر کھائیے۔ فوراً اثر کرے گی۔ علاوہ ازیں اس کا جوشاندہ نہ صرف درد شکم کو دور کرتا ہے بلکہ زبردست کاسر ریاح ہے۔

☆ اجوائن، سونف ہر ایک 2 تولہ، نمک ایک تولہ کوٹ چھان کر چورن بنالیں اور تین ماشہ سے سات ماشہ نیم گرم پانی سے کھائیں۔

## درد شکم کا موثر نسخہ

الائچی خورد معہ پوست 2 تولہ، دانہ الائچی کلاں ایک تولہ، پوست ترنج ایک تولہ، دارچینی ایک تولہ، پوست سنگدانہ مرغ ایک تولہ، زیرہ سیاہ ایک تولہ، زیرہ سفید ایک تولہ، ساذج ہندی ایک تولہ، فلفل سیاہ ایک تولہ، فلفل دراز ایک تولہ، زنجبیل ایک تولہ، پودینہ خشک ایک تولہ، عودغرقی ایک تولہ، سماق دانہ ایک تولہ، مصطگی رومی اصلی ایک تولہ ک



لیموں کے پانی میں تر کریں، بعدہٗ نمک سیاہ ایک تولہ، نمک لاہوری ایک تولہ، نمک ترب خانہ ساز 5 تولہ، جوکھار خانہ ساز 5 تولہ، سہاگہ بریاں ایک تولہ، گل آک تازہ 10 تولہ، ادرک تازہ پسا ہوا 6 تولہ، گودہ گھیکوار 2 تولہ، حب بقدر کوکنی بیر بنائیں، خوراک ایک حب صبح بعد غذا ایک حب شام۔

## پیٹ کی تمام بیماریوں کے لیے مفید روغن

ست اجوائن، سب پودینہ اور کافور ہم وزن ایک شیشی میں ڈال کر دھوپ میں ایک گھنٹہ رکھ دیں، تیل تیار ہو جائے گا، پیٹ کی تمام بیماریوں کے لیے نہایت ہی مفید روغن ہے۔ سوڈا بائیکارب 4 رتی تا ایک گرام پر 3-4 قطرہ ڈال کر پیٹ کے درد سے تڑپتے ہوئے مریض کو کھلا دیں۔ پانچ منٹ میں صحت ہو جاتی ہے۔ مریض کو پیٹ کے درد سے سکون محسوس ہوگا۔

## تریاق شکم

آک کی جڑ کا چھلکا ایک تولہ، کالی مرچ 4 تولہ، ادرک تازہ کا رس پانچ تولہ دونوں دواؤں کو پیس کر ادرک کا رس ڈال کر کھرل کرتے جائیں۔ یہاں تک کہ تمام رس خشک ہو جائے۔ تب موٹھ کے دانہ کے برابر گولیاں تیار کر لیں۔ ایک سے دو گولی گرم پانی یا مناسب بدرقہ سے استعمال کریں۔

## چھاچھ اور پیٹ کا درد

چھاچھ جسے لسی بھی کہتے ہیں۔ مشہور عام چیز ہے۔ اس کے پینے سے پیٹ کا درد رفع ہو جاتا ہے جو گرمی اور صفرا کے غلبے سے لاحق ہو لیکن چھاچھ جتنی ترش ہوگی۔ اتنی ہی مفید ہوگی۔ اس میں ٹھنڈا پانی ڈال لیجیے۔ طبیعت چاہے تو نمک بھی گھول لیں اور بقدر تشنگی پئیں۔

## اکسیر شکم

نوشادر 2 تولہ، نمک سیاہ 2 تولہ، مرچ سیاہ ایک تولہ، الائچی کلاں 2 تولہ، گیرو 2 تولہ، ہرمچی 2 تولہ، ست پودینہ 3 ماشہ، پیٹ کے ہر قسم کے امراض کے لیے اکسیر ہے۔

## پیٹ کے جلنے کا علاج

اگر درد معمولی ہو تو مریض کو سوڈا واٹر (لیمن) کی ایک بوتل پلائیں، نمک سلیمانی یا حب کبد نوشادری دو عدد ہمراہ عرق سونف کھلائیں۔

### دوائے درد معدہ کے لیے پُراثر گولیاں:

نمک لاہوری، نمک سیاہ، نمک سانبھر ہر ایک چار تولہ، نوشادر ٹھکری دو تولہ، مرچ سیاہ چار تولہ، زیرہ پھول آک 9 تولہ سب کو باریک پیس لیں۔ پھر رس لیموں ڈال کر 24 گھنٹے تک پیستے رہیں۔ پھر نخودی گولیاں بنائیں، خوراک ایک گولی ہمراہ گرم پانی دیں۔ خوش ذائقہ، دافع درد معدہ، ہاضم طعام و کاسر ریاح ہیں۔

### مفید امرت دھارا:

ست پودینہ، ست اجوائن، کافور برابر وزن لے کر شیشی میں ڈال لیں، گھل جانے پر 3-4 بوند بتاشہ میں ڈال کر دیں۔ اس مرض میں خاص طور پر مفید ہے۔

### گیس دور:

دانہ الائچی خورد دو تولہ، سونٹھ ایک تولہ، دارچینی 9 ماشہ، لونگ چھ ماشہ، زیرہ سیاہ کشمیری تین ماشہ سب کو علیحدہ علیحدہ کوٹ چھان کر ملا لیں، خوراک ایک تا دو ماشہ نیم گرم پانی یا عرق سونف سے دیں۔ درد جگر کے لیے لاجواب ہے۔ ریاح کو خارج کرتا ہے۔

### جملہ امراض معدہ کے لیے:

نوشادر ٹھکری تین تولہ، الائچی خورد سالم دو تولہ، سیاہ مرچ ایک تولہ، نمک سیاہ پندرہ تولہ، پیپرمنٹ کرسٹل ایک رتی تمام کو باریک کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں، خوراک ایک



رتی منہ میں ڈال کر رس چوسیں۔ یہ تمام امراض معدہ کا مفید اور اعلیٰ علاج ہے۔ درد پیٹ کے لیے حلق سے اُترتے ہی فائدہ شروع ہو جاتا ہے۔

### زود اثر نسخہ جات:

نمک لاہوری، نوشادر ٹھکری، مرچ سیاہ ہر ایک ایک تولہ، دار فلفل چھ ماشہ، نمک سیاہ چار ماشہ، سوہاگہ بریاں تین ماشہ، ہینگ بریاں دو ماشہ سب کو باریک پیس کر سفوف بنائیں۔ خوراک دو ماشہ استعمال کریں۔

### خوش ذائقہ چورن:

سونف، سونٹھ، اجوائن، کالی مرچ، فلفل دراز، پودینہ خشک، سہاگہ خام، نمک سونچل، نمک طعام ہر ایک اڑھائی تولہ، دارچینی سوا تولہ، نوشادر ٹھکری پانچ تولہ سب کو کوٹ پیس کر سفوف بنا کر چھان لیں۔ خوراک چار رتی سے ایک ماشہ، غذا کے بعد ہمراہ پانی، معدہ کی تمام شکایات کے لیے از حد مفید ہے، طب یونانی کا خوش ذائقہ چورن ہے۔

### پیٹ کے امراض کی بہترین دوا:

گھیکوار کا گودہ 20 تولہ، ادرک کا رس 30 تولہ، کالا نمک 5 تولہ، نوشادر ٹھکری اڑھائی تولہ پہلے نمک اور نوشادر کو باریک پیس کر گھیکوار کا گودہ ملا کر ایک بوتل میں بھر لیں اور دو ہفتہ تک مضبوط کارک لگا کر دھوپ میں پڑا رہنے دیں۔ تب مل اور چھان کر ادرک کا رس ملا کر دوبارہ تین دن تک دھوپ میں پڑا رہنے دیں۔ بعد میں چھان کر کام میں لائیں۔ ایک تولہ یہ دوا بعد از غذا پلائیں۔ پیٹ کی امراض کی بہترین دوا ہے۔ پرانی قبض کے لیے بھی بہت مفید ہے۔

## پیٹ کی گیس

مغز سونف 50 گرام، مغز دھنیا 50 گرام سفوف بنائیں۔ تین گرام ہمراہ تازہ پانی دیں۔ پیٹ کی گیس دور ہوگی۔ انشاءاللہ۔

## پیٹ کے کیڑے مارنے کے لیے کھجور کے پتے

کھجور کے پتے چار تولہ کچل کر آدھ سیر پانی میں جوش دیں اور چوتھائی حصہ پانی رہنے پر اس کو خوب مل کر چھان لیں اور اس مریض کو پلا جس کے پیٹ میں کیڑے ہوں چند روز کے استعمال سے کیڑے مر جاتے ہیں۔

## پیٹ کی خرابی دور

آک کے پھولوں کے حسب ضرورت لونگ اور نمک سیاہ کالی مرچ تینوں چیزیں برابر وزن لے کر خوب پیسیں اور ادرک یا لیموں کے پانی میں کھرل کر کے رتی رتی کی گولیاں بنالیں۔ یہ گولیاں دو سے چار تک پانی سے دیں۔ پیٹ درد، بھوک نہ لگنا، ہیضہ، کھٹے ڈکار آنا، بدہضمی کے لیے تیر بہدف دوا ہے۔

## اکسیری عرق

مغز گھیکوار، رس ادرک ایک ایک پاؤ، کالا نمک، لاہوری نمک، سہاگہ خام، نوشادر ہر ایک $2\frac{1}{2}$ تولہ دواؤں کو پیس کر رکھیں، مغز گھیکوار، نمک ملا کر بوتل میں بند کر کے دھوپ میں رکھیں حل ہو جائے تو باقی دوائیں ملا کر دھوپ میں رکھیں یک جان ہو جائیں تو رس ادرک ملا کر رکھیں حل ہو جانے پر چھان کر کسی شیشی میں محفوظ رکھیں۔

خوراک ایک تولہ دن میں تین بار دیں۔



## آب لیموں سے درد شکم دور

ہیراہینگ، فلفل سیاہ ہر ایک 4 ماشہ، نمک سیاہ 2 ماشہ، آب لیموں میں کھرل کر کے بقدر نخود حبوب تیار کریں۔ درد شکم کے لیے مفید ہے۔ جلد آرام آئے گا۔ ایک تا دو گولی ہمراہ عرق بادیان استعمال کریں۔

ہیراہینگ کا نسخہ:

ہیراہینگ، روغن زرد یا روغن بادام میں بریاں کر کے استعمال کریں۔ 2 تا 4 رتی اس نسخہ کے استعمال سے بھی پیٹ کا درد دور ہو جاتا ہے۔

———❖❖❖———

# شریانوں کی سختی

## شریانوں کی سختی کا علاج
(Arterio Sclerosis)

☆ مغز تربوز، مغز خربوزہ، مغز کھیرا ہر ایک چھ ماشہ، مویز منقی سات دانہ پانی میں پیس کر موسم سرما ہو تو قدرے گرم کر کے اور اگر موسم گرم ہو تو ٹھنڈا پلائیں۔

☆ اسرول (چھوٹی چندن) بوٹی چار رتی، مرچ سیاہ چار رتی سفوف بنائیں اور دن میں دو بار ہمراہ تازہ استعمال کرائیں۔ شریانوں کی سختی جلد دور ہو جائے گی۔

———❖❖❖———



# دل کی بیماریاں

## دل کے غلاف کی سوجن کا علاج

درد کو دور کرنے کے لیے "معجون برشعشا" دیں۔ اگر دل کمزور ہو تو خمیرہ مروارید یا خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر والا یا جواہر مہرہ عرق گاؤزبان اور عرق مکو کے ساتھ دیں دواء المسک معتدل جواہر والی کا استعمال بھی مفید ہے۔

**مقام دل کے لیے ضماد کا نسخہ:**

اکلیل الملک، بابونہ، سورنجاں، عنب الثعلب ہر ایک دو ماشہ سب کو گرم پانی میں پیس کر ضماد کریں۔

**تریاقی نسخہ:**

پھول گاؤزبان، پھول سیوتی، بادرنجبویہ، پھول گلاب، عنب الثعلب، میٹھی سورنجاں ہر ایک چار ماشہ سب کو جوش دے کر شربت بزوری دو تولہ ملا کر پلائیں۔

## دردِ دل کا علاج

**دردِ دل کے لیے مفید:**

☆ کشتہ بارہ سنگا (گھیکوار والا) انسداد شرائن قلب کے لیے نافع ہے سہ آتشہ سفید رنگ ایک سے دو رتی منقی میں رکھ کر کھلائیں، ہر قسم کے دردِ دل کے لیے مفید ہے

☆ ہیرا ہینگ ایک رتی منقیٰ میں ڈال کر کھلانا بھی دردوں کے لیے مفید ہے۔

☆ بیرونی طور پر سہاگہ ایک تولہ، ہلدی ایک تولہ باریک پیس کر گھیکوار کے پات پر

چھڑک کر اور توے پر گرم کر کے مقام دل پر ٹکور کریں۔

## دواء المسک:

☆ مرض پرانا ہو جائے تو دواء المسک معتدل جواہر والی پانچ پانچ ماشہ صبح و شام کھلائیں۔

☆ درد دل کے لیے عرق دارچینی بھی مفید ہے، کیونکہ دارچینی مفرح مقوی ہونے کے ساتھ ہاضم اور کاسر ریاح بھی ہے۔ اس لیے اس کا عرق نہایت فائدہ مند ہے۔

☆ پپلی ایک حصہ، بارہ سنگا بھسم دو حصہ سفوف بنائیں، خوراک دو رتی شہد میں ملا کر دیں۔

## کمزوری دل کا علاج

خمیرہ مروارید تین سے پانچ ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان یا خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر والا پانچ ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان بارہ تولہ دیں۔

موسم گرما ہو تو شربت گڑھل کا استعمال کرائیں۔ دواء المسک معتدل جواہر والی کا استعمال بھی مفید ہے۔

## دل کی دھڑکن کا علاج

☆ تقویت دل کے لیے مربہ بہی، مربہ آملہ ہمراہ عرق گاؤزبان دیں۔

☆ خمیرہ مروارید پانچ ماشہ یا خمیرہ گاؤزبان عنبری چار ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان و روح کیوڑہ دیں۔

☆ دواء المسک معتدل جواہر والی چار ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان دیں۔

## حب مقوی قلب:

طباشیر نقرہ تین ماشہ، ورق چاندی پندرہ عدد، مروارید ناسفتہ خالص ایک ماشہ،



روح کیوڑہ دس تولہ تمام ادویات کو روح کیوڑہ تھوڑا تھوڑا ڈال کر کھرل کیا جائے اور بقدر دانہ مسور گولیاں تیار کر لی جائیں۔ دل کی طاقت کے لیے سیکنڈوں میں فائدہ دینے والی مفید گولیاں ہیں۔

## دل کی دھڑکن کا آسان علاج:

مربہ آملہ دو عدد پانی سے دھو کر ورق چاندی لگا کر کھلانا یا گل گاؤزبان تین ماشہ ہمراہ دودھ گائے دینا بھی دل کی دھڑکن کا آسان علاج ہے۔

## صفرادی امراض کے لیے کامیاب علاج:

زہر مہرہ خطائی، سچے موتی، کشتہ عقیق، کشتہ سنگ یشب، دانہ الائچی خورد، مغز کنول گٹہ، ورق چاندی، سب برابر وزن سب سے پہلے زہر مہرہ و موتیوں کو عرق کیوڑہ میں کھرل کر لیں، پھر باقی ادویات کوٹ چھان کر ملائیں اور لگاتار تین دن روح کیوڑہ میں کھرل کریں، خوراک دو سے تین رتی خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر والا کے ساتھ دیں، کمزوری دل کے علاوہ تمام صفرادی امراض کا کامیاب علاج ہے۔

## قلب کی تقویت کے لیے بہترین ادویات:

تقویت قلب کے لیے مفرح اعظم، مفرح شیخ الرئیس، کشتہ مروارید، کشتہ یشب، کشتہ عقیق، کشتہ سونا بہترین ادویات ہیں، طباشیر، زہر مہرہ ہر ایک دو رتی، مروارید اصلی ایک رتی باریک پیس کر شربت انار شیریں چھ ماشہ ملا کر چٹائیں۔

## دل کا بڑے زور سے دھڑکنا

عرق شیر مربائے سنگترہ و مربائے آملہ و مربائے پیٹھ ہر ایک 6 ماشہ ہمراہ 5 تولہ عرق مذکور کے کھلائیں۔ چند روز کے استعمال سے انشاء اللہ فائدہ حاصل ہوگا۔

## دل کی دھڑکن کا تیار شدہ دواؤں سے علاج

**تخم ریحان کا نسخہ:**

تخم ریحان 12 گرام، عرق گلاب 135 ملی لیٹر، شہد 25 گرام، تخم ریحان کو عرق گلاب میں ایک گھنٹہ کے لیے بھگو دیں اور پھر شہد ملا دیں۔ دن میں دو بار لیں۔

**پُر اثر نسخہ:**

دھنیا 6 گرام، کشمش 10 گرام 60 ملی لیٹر پانی میں رات بھر بھگوئیں۔ صبح پیس کر پئیں۔

## لاجواب مرکبات

1. خمیرہ گاؤزبان عنبری 6 گرام صبح لیں۔
2. خمیرہ مروارید 6 گرام صبح لیں۔
3. جوارش آملہ 6 گرام دن میں دو بار بعد غذا لیں۔
4. شربت گڑھل 20 ملی لیٹر دن میں دو بار پئیں۔
5. عرق بید مشک 50 ملی لیٹر دن میں دو بار لیں۔
6. عرق گلاب 50 ملی لیٹر دن میں دو بار لیں۔
7. عرق کیوڑہ 50 ملی لیٹر دن میں دو بار لیں۔

## دل کی پھڑکن دور کرنے کا نسخہ

الائچی سبز بھی دل کو طاقت دیتی ہے۔ پھڑکن کو دور کرتی ہے اس کو ذرا کوٹ کر پانی میں پکا لیں۔ پھر میٹھا ملا کر نوش کریں اور چند الائچیاں پانی میں پیس کر دل کی جگہ ملا کر دیں۔

## دل کی طاقت کے لیے دھنیے کو سونگھنا

دھنیے کو سونگھنا بھی مفید ہے۔ اس سے دل کو طاقت اور فرحت حاصل ہوتی ہے۔



ہو ابال آجائے تو اسے ہاتھوں میں مل کر سونگھتے رہیں۔ سبز رنگ ختم ہو جائے پانی میں بھی گر
ہمت کی شیشی میں ڈال لیں اور بار بار سونگھا کریں۔ اگر اس میں دو چار الائچیاں بھی پیس کر ملا لیں تو زیادہ مفید ہے۔ بہت آسان علاج ہے۔

## دل کو طاقت دینے والی سستی دوا

درخت ارجن کی چھال کو پیس کر کپڑے سے چھان کر شیشی میں بند کر کے رکھیں دل کے امراض میں اس دوا کا اثر انجکشن سے بھی جلد محسوس ہوتا ہے اور زبان پر رکھ کر چوستے ہی مرض کم ہونے لگ جاتا ہے۔ دل زیادہ دھڑکنے نبض کی رفتار بہت کم ہو جائے پر اس کو مریض کی زبان پر رکھ دیں۔ اس کے اثرات فوراً خون میں مل جاتے ہیں اور نبض میں فوراً طاقت محسوس ہونے لگ جاتی ہے۔ اس دوا کا فائدہ مستقل ہوتا ہے اور یہ دوا کسی قسم کا نقصان نہیں پہنچاتی۔ یہ دوا دل کو طاقت دیتی اور دل کے سکڑنے کی طاقت Diastole کو بڑھاتی ہے۔ بلڈ پریشر کے سبب اگر دل پر ورم پیدا ہو گیا ہے تو اس کو بھی دور کرتی ہے۔ اس کے استعمال سے دل جسم کو آسانی سے خون پمپ کر سکتا ہے۔ ارجن کی چھال کے سفوف کی مقدار خوراک دس رتی سے دو ماشہ تک ہے۔ چھال کو دودھ میں ابال کر بھی مریض کو پلا سکتے ہیں۔

## دل کی کمزوری کے چند نسخے

**مقوی قلب**

طباشیر اصلی، زہر مہرہ سبز، کہربا شمعی، صندل سفید، دانہ الائچی خورد، کشنیز مقشر (چھلا ہوا) ہر ایک 25 گرام، نارجیل دریائی 25 گرام، کشتہ عقیق 20 گرام، کشتہ شاخ مونگا (مرجان) 10 گرام، ورق چاندی اڑھائی گرام تمام ادویہ کا سفوف تیار کر کے محفوظ رکھیں۔

ایک سے دو گرام تک مربہ سیب یا رب انار شیریں دن میں دو یا تین بار دیں۔

یہ ایک مشہور و معروف مسکن اور مفرح سفوف ہے۔ کمزوری دل بوجہ حرارت کے

علاوہ غشی، اسہال، قے، پیچش، ضعف دماغ اور دھاتو روگ میں مفید ہے۔

### دھنیا سے دل کی کمزوری دور:

دھنیا بھی امراض دل میں تاثیر رکھتا ہے۔ اس کا پانی نچوڑ کر بقدر دو چمچ مریض کو پلائیں اور السی کو پیس کر دل کے مقام پر لیپ کریں۔ اس کے استعمال سے دل کی کمزوری دور ہوتی ہے۔

## تقویت وتفریح قلب

درخت ارجن کی چھال دو ماشہ، طباشیر اصلی چار رتی، دانہ الائچی خورد چار رتی، یہ ایک خوراک ہے۔ صبح وشام ایسی ایک ایک پڑیا گائے کے دودھ کے ساتھ کھلاتے رہیں۔

## دل کی پھڑکن کے لیے مجرب

دھنیا خشک، برادہ صندل سفید، گل سرخ، گڑھل کے پھول خشک سب دواؤں کا سفوف، ہموزن ملا لیں۔ ایک سے دو ماشہ دوا صبح وشام کشمش کے ساتھ کھلائیں۔ دل کی بے چینی۔ زیادہ دھڑکنا۔ دل کی پھڑکن اور بے قاعدہ حرکت کے لیے بہت مجرب ہے۔

### ضعف قلب کے لیے مفید دوا:

خفقان اور ضعف قلب کے لیے مفید ہے۔ عقیق دس گرام لے کر عرق گلاب میں آٹھ بار آگ پر گرم کر کے ڈبوئیں۔ پھر گلاب 250 گرام کے نغدہ میں رکھ کر دس کلوئیلوں کی آگ دیں، کشتہ تیار ہوگا۔ ایک رتی ہمراہ شربت صندل استعمال کرائیں۔

## دل کی دھڑکن کے دو نسخے

### خمیرہ مروارید کا نسخہ:

دل کی تقویت کے لیے خمیرہ مروارید پانچ ماشہ یا خمیرہ گاؤزبان عنبری چار ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان وروح کیوڑہ دیں تقویت قلب، دل کا دھڑکنا کی اصلاح کرنے میں



بہت ہی مجرب ومفید ہے۔

### اکسیر زہر مہرہ:

آملہ مقشر 4 تولہ، کشنیز خشک 4 تولہ، گاؤزبان 4 تولہ، صندل سفید 2 تولہ، گل سرخ 2 تولہ، بہمن سفید 2 تولہ، دانہ الائچی خورد ایک تولہ، طباشیر، پوست نارنج ایک تولہ، زہر مہرہ خطائی محلول ایک تولہ، نبات سفید، ہموزن ادویہ بہت باریک کوٹ پیس کر محفوظ رکھیں۔ 1 ماشہ سے 3 ماشہ تک حسب حالات ومزاج مریض، دن میں 3 بار پانی شربت صندل، عرق بادیان وغیرہ کسی مناسب بدرقہ سے استعمال کرائیں۔

## دل کی دھڑکن کے دو نسخے

### مربہ آملہ سے تقویت قلب کو آرام:

شجری عقیق کو 15 بار عرق گلاب میں بجھا کر گلاب کے پھولوں کے نغدہ میں رکھ کر 20 کلوئیلوں کی آگ دیں ایک سے دو رتی ہر صبح مربہ آملہ میں رکھ کر کھلایا کریں۔

### دل کی دھڑکن کے لیے برگد کے پتے:

برگد کے وہ پتے جو بہت سخت نہ ہو چکے ہوں۔ بلکہ نرم نرم اور سبز ہوں۔ ایک تولہ لے کر پندرہ تولہ پانی میں خوب گھوٹ چھان کر اس میں قدرے مصری ملا کر صبح وشام پلائیں۔ دل کی دھڑکن کو چند روز کے استعمال سے آرام ہو جائے گا۔

## دل کی دھڑکن کو پہلی خوراک سے آرام

نیم کے پتے، مہندی کے پتے، مغز کنول دوڈا، دانہ الائچی چھوٹی، گیرو تمام ہموزن لے کر باریک کریں۔ خوراک ایک ماشہ، پانی سے صبح کے وقت استعمال کرائیں۔ یہ دوا دل کی گھبراہٹ کے لیے جادو اثر ہے اس کی پہلی ہی خوراک سے فائدہ معلوم ہونے لگتا ہے۔

## تقویت دل کے لیے شہد کا چٹکلہ

شہد تقویت دل کے لیے ایک نعمت غیر مترقبہ ہے۔ آپ اپنی غذا کے ساتھ شہد کا

ایک بڑا چمچہ کھالیا کریں۔

## دل کی کمزوری اور مربہ گاجر:

عمدہ زمرد لے کر عرق گلاب دو آتشہ میں کھرل کر کے باریک کر لیں۔ بعد ازاں نقرہ گھیکوار میں رکھ کر دو پیالوں میں بطریق مشہور گل حکمت کریں اور دس کلو اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکالیں۔ خوراک دو چاول مکھن یا مربہ گاجر میں دیں۔

## ضعف قلب:

الائچی خورد، زہر مہرہ، مغز کشنیز (دھنیاں) طباشیر اصلی، صندل سفید، کہربا، مارجان دریائی برابر وزن لے کر کوٹ پیس لیں۔ مقدار خوراک ایک سے دو گرام ہمراہ شربت صندل استعمال کرائیں۔

خفقان القلب، ضعف قلب، مقوی معدہ و مقوی دماغ ہے۔

## دل کی کمزوری کے لیے قیمتی نسخہ:

گلاب کے پھولوں کا گلقند ایک تولہ، مشک کافور 2 تا 4 چاول چاندی کے ورق میں لپیٹ کر کھلا کر اوپر سے عرق گلاب، عرق گاؤزبان اور روح کیوڑہ ملا کر پلائیں۔ یہ نسخہ بڑا قیمتی ہے اور بارہا کا آزمودہ ہے۔

———❖❖❖———



باب۔123

# سکروی

## سکروی کا علاج

لیموں، سنگترہ، انار کا رس، انناس کا رس نچوڑ کر پلائیں، سیب، گاجر، ٹماٹر، مولی، شلغم، چقندر، پالک، سبز توری، کدو، کریلے وغیرہ کھلائیں۔

———❖❖❖———

باب۔124

# اُنگل وہیڑھا (Onychia)

## اُنگل وہیڑھا کا یونانی علاج

شروع مرض میں اُنگلی کو ٹھنڈے پانی میں رکھیں، السی کے بیج کوٹ کر سرکہ میں پکائیں اور جو کا آٹا و زردی بیضہ مرغ شامل کر کے اچھی طرح پلٹس بنائیں، درد کو دور کرنے اور ورم کو تحلیل کرنے کے لیے نہایت مفید ہے۔



باب۔125

# جسم کی کمزوری

## ہڈیوں کی کمزوری

صدف مروارید، اصلی خرمہرہ زرد، سنکھ ہر ایک 250 گرام لیموں کے رس میں ایک ہفتہ تر رکھیں، بعد ایک ہفتہ لیموں کے رس میں کھرل کریں۔ خشک ہونے پر ٹکیہ بنا کر 40 کلو اپلوں کی آگ دیں، بعد میں چھان کر تین تین رتی کی گولیاں بنالیں۔ ہڈیوں کی کمزوری دور ہوگی۔

## پٹھوں کی کمزوری (Neuras Thenia)

مریض کی بیماری کا حال ہمدردی سے سنیں اور اصل سبب کے مطابق علاج کریں۔ مریض کو فکر و غصہ سے بچائیں جسم پر مالش کرائیں، خمیرہ عنبری پانچ ماشہ کشتہ سونا آدھا چاول تک استعمال کرائیں۔ پٹھوں کی کمزوری سے جلد افاقہ ہوگا۔ انشاءاللہ۔

## دھڑ کا مارا جانا

کچلہ مدبر، مرچ سیاہ ہر ایک دس گرام، ادرک کے رس کے ساتھ مونگ کے دانہ کے برابر گولیاں بنائیں۔ ایک گولی بعد از غذا ہمراہ دودھ نیم گرم دیں۔ تنقیہ کے بعد مفید ہیں۔

باب۔126

# پانی وات (Egzema)

## پانی وات کا علاج

پہلے کڑوا تیل لگا کر پھر کمیلہ صاف کیا ہوا ایک تولہ، مائیں ایک تولہ سفوف بنائیں، ہر دو کو ملائیں اور تھوڑا سا چھڑکیں، دو تین روز میں مکمل آرام آجائے گا، پینے کے لیے عرق مرکب مصفی خون یا شربت عناب وغیرہ استعمال کرائیں۔

## مقام مرض کے لیے مرہم

مردار سنگ، کتھ، کمیلہ، رال، مہندی کے پتے مساوی وزن کوٹ کر گائے کے مناسب مکھن میں ملا کر مقام مرض پر لگانا مفید ہے۔

## کراماتی بوٹی:

گورکھ پان بوٹی ایک تولہ رات کو ایک گلاس پانی میں بھگو دیں صبح کو چھان کر پی لیں۔ موسم سرما میں صبح کے وقت جوش دے کر چھان کر پی لیں۔

مجرب اور سستا اور اعلیٰ علاج ہے۔



باب۔127

# چیچک (Samal Pox)

## چیچک کا علاج

عناب چار دانہ، مویز منقیٰ پانچ دانہ، انجیر زرد تین دانہ، خاکسی تین ماشہ، چینی ایک تولہ پانی میں جوش دے کر صاف کر کے پلائیں، اگر کمزوری زیادہ ہو تو خمیرہ مروارید تین ماشہ اس نسخہ کے ساتھ کھلایا کریں۔ مریض کے بستر پر خاکسی چھڑک دیں اور پانی پینے کے برتن میں بھی خاکسی ایک تولہ پوٹلی میں باندھ کر ڈال دیں۔

## داغ مدھم کرنے کا تیل:

بیرونی طور پر آبلوں پر کاربالک گلیسرین کا استعمال کریں۔ مریض کو سردی سے بچائیں، چیچک کے آرام آنے پر چیچک کے داغوں کو دور کرنے کے لیے پپیتہ (ارنڈ خربوزہ) کے بیجوں کو تلوں کے تیل میں جلا لیں اور چھان کر رات کو سوتے وقت یہ تیل مل دیا کریں، چند روز میں داغ مدھم پڑ جاتے ہیں، یا بانس کی خشک جڑ، باقلا کا آٹا، تخم خربزہ، چاول، انڈے کی سفیدی، مردار سنگ، نشاستہ، بادام شیریں، بادام تلخ وغیرہ کا بیرونی طور پر استعمال کیا جائے۔

## چیچک سے بچاؤ کے لیے نیم کا تازہ چھلکا

نیم کا تازہ چھلکا آدھ پاؤ پانی دو سیر میں جوش دیں جب آدھ سیر رہ جائے تو چھان کر اس سے ایک تولہ سے دو تولہ تک عمر کے لحاظ سے بچے کو پلائیں۔ چیچک سے امن رہے گا۔ تندرست بچے کو مریض بچہ کے پاس نہ جانے دیں۔

## چیچک سے بچاؤ کے چند چیدہ چیدہ نسخہ جات

### پیپ دار آبلوں کے لیے سفوف:

برگ گل (گلاب کی پتیاں) خشک کر کے سفوف بنالیں۔ پیپ دار آبلوں پر اس سفوف کو چھڑکیں۔

### افسنتین کا نسخہ:

افسنتین 3 گرام 12 ملی لیٹر پانی میں جوش دیں۔ دن میں دو بار لیں۔

### تل کے تیل سے داغ دور:

گائے کا گھی یا تل کا تیل بقدر ضرورت کھرنڈ پر لگائیں۔

### داغوں پر لیپ کرنے کا نسخہ:

سمندر جھاگ اس کو ناریل کے پانی میں گھس کر داغوں پر لیپ کریں۔

### چیچک سے بچاؤ کے لیے مفید مرکبات کا استعمال:

1۔ خمیرہ مروارید 3 گرام دن میں دو بار لیں۔

2۔ خمیرہ گاؤزبان سادہ 4 گرام دن میں دو بار لیں۔

3۔ شربت خاکسی 30 ملی لیٹر پانی کے ساتھ دن میں دو بار لیں۔

4۔ شربت عناب 30 ملی لیٹر پانی کے ساتھ دن میں دو بار لیں۔

## چیچک کے لیے زود اثر مرہم

چھلکا درخت سرس، چھلکا درخت لسوڑہ، چھلکا درخت پیپل، چھلکا درخت گولر ہموزن باریک پیس کر گائے کے گھی میں ملا کر مرہم بنائیں اور دانوں پر لگائیں۔

—— ❖❖❖ ——